کراچی یونیورسٹی
بروشسکی - اردو لغت
جلد اول
[الف تا ڎ]
شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ، جامعہ کراچی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بروشسکی ۔ اردو لغت

جلدِ اول

[الف تا څ]

مؤلفہ

بروشسکی ریسرچ اکیڈمی

شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ، جامعہ کراچی

BURUSHASKI - URDU DICTIONARY
***VOL.I* (ا تا خ)**

A research project under the auspices of Burushaski Research Academy Karachi and Bureau of Composition, Compilation & Translation, University of Karachi.

Published by the Director, Bureau of Composition, Compilation & Translation, University of Karachi

ISBN: 969-404-66-0

اشاعت اوّل :- ۲۰۰۶ء

قیمت :- ۳۰۰ روپے

تقسیم کنندگان:

[۱] فضلی سنز اردو بازار، کراچی

فون نمبر: ۰۲۱_۲۲۱۲۹۹۱

[۲] دار الکتاب: کتاب مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار، لاہور

فون: نمبر: ۰۴۲_۷۲۳۵۰۹۴

[۳] کتاب سرائے: پہلی منزل، الحمد مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار، لاہور

فون نمبر: ۰۴۲_۷۳۲۰۳۱۸

[۴] انٹرنیشنل بک ہاؤس، گلگت

ناشر: ناظم، شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ، جامعہ کراچی، کراچی

فیکس نمبر: ۹۲۴۳۱۸۶ فون نمبر: ۴۹۶۹۲۳۷، ۹۲۶۱۳۰۰-۶ توسیع: ۲۲۴۳، ۲۳۰۱-۲۲۳۱

مندرجات

جریدہ بائیس [۲۲]

مرتبہ سید خالد جامعی / عمر حمید ہاشمی

قدیم لسانیات و کتبات نمبر

جریدہ کا شمارہ ۲۲ موئن جودڑو کے رسم الخط اور مہروں پر دنیا میں اپنی نوعیت کی پہلی تحقیق پر مشتمل ہے۔

شمارہ ۲۲ کی اہم جھلکیاں

☆ وادیٔ سندھ کے رسم الخط پر تحقیقات کا ایک جائزہ

☆ وادیٔ سندھ کا رسم الخط

☆ بادِ امن کی تہذیب اور رسم الخط کا جائزہ

☆ دیار ہند و سند

☆ قدیم سندھی مہریں

☆ نقش سلیمانی

☆ نقوش صحرا

☆ پیکران بے سخن

☆ سندھی ظروف پر نقوش

☆ بلوچی ظروف پر نقوش

☆ ہڑپہ اسکرپٹ پڑھی جائے تو کیسے؟

☆ انسان نے لکھنا کیسے سیکھا؟

☆ ضمیمہ جات

کل صفحات: ۱۹۹ (ایک سو ننانوے)　　　قیمت: ۱۰۰/- روپے

جریدہ تیئیس [۲۳]

مرتبہ سید خالد جامعی / عمر حمید ہاشمی

فلسفۂ لسان نمبر

''جریدہ'' ۲۳ ممتاز محقق ماہر آثار قدیمہ مولانا ابوالجلالؒ ندوی کے تختہ نقوش پر مشتمل ہے۔ اس تختۂ نقوش کے ذریعے موئن جودڑو سے ملنے والے کتبات مہروں کو پڑھا جاسکتا ہے۔ مولانا کا دعویٰ ہے کہ انھوں نے پندرہ سو مہریں پڑھ لیں ہیں۔

شمارہ ۲۳ کی جھلکیاں

کل صفحات: ۱۹۲ (ایک سو بانوے)　　　قیمت: ۔/۱۰۰ روپے

جریدہ چوبیس [۲۴]

مرتبہ سید خالد جامعی / عمر حمید ہاشمی

قدیم لسانیات وادبیات نمبر

عالمی ادبیات ولسانیات پر منفرد تحقیقی مقالات کا نادر مجموعہ

☆ چوتھی صدی ہجری میں وادئ سندھ کا رسم الخط زندہ تھا
☆ اقوامِ عرب وعجم کا اسلوب تحریر اور فن لغت نویسی
☆ وادئ سندھ کے لوگوں کا اصل مذہب!
☆ زبانوں کے آغاز کے بارے میں مذہبی روایات کا تحقیقی جائزہ
☆ دنیا بھر میں موجود زبانوں کی تقسیم وتفہیم
☆ کتابوں سے محبت کی اسلامی روایات
☆ مغرب کے عالمی ادبی شہ پارے مذہبی شہ پارے ہیں
☆ آل سام کی قدیم ترین زبان عربی
☆ ہسپانوی، اطالوی اور فرانسیسی کی پیدائش میں عربی کا حصہ
☆ پہلا چھاپہ خانہ مسلمانوں نے ایجاد کیا
☆ ارض ہند کے علوم وفنون میں مسلمانوں کا استغراق
☆ ولیم ہنٹر کی مطبوعات وخدمت
☆ قدیم زبانیں، باشندے اور برطانوی سیاست
☆ مولانا حسن مثنیٰ ندویؒ
☆ نیاز فتح پوری کی "ترغیبات جنسی" مولانا سید حسن مثنیٰ ندوی ہیولاک ایلیس کی کتاب کا سرقہ ہے
☆ مکتوبات ابراہیم جلیس مرحوم بنام رئیس احمد جعفری مرحوم

کل صفحات: ۳۵۴ (تین سو چون)　　　　قیمت: ۱۰۰/- روپے

جریدہ پچیس [۲۵]

مرتبہ سید خالد جامعی / عمر حمید ہاشمی

متروکات کی لغت (جلد اوّل 'ا' تا 'ث')

اردو زبان کے متروکات کی لغت پر مشتمل اس شمارے میں دنیا بھر کی زبانوں میں متروکات کی تاریخ کا تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے اور برطانوی (British)، امریکی (American)، المانوی (German)، ہندو (Hindu)، پرتگالی (Portuguese)، خلیج (Belgian)، ولندیزی (Dutch)، فرانسیسی (French) استعماری طاقتوں کی نوآبادیات میں زبانوں کے استحصال سے لے کر قتلِ عام تک کی تاریخ تحریر کی گئی ہے۔ اس تاریخی جائزے میں ایران اور ترکی میں متروکات کی تحریکوں کا جائزہ بھی لیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل مباحث پر روشنی ڈالی گئی ہے:

- ☆ اردو میں ترکی الفاظ کی تعداد کم کیوں ہے؟
- ☆ ۱۳۴۷ء میں اردو سرکاری زبان کہاں بنی تھی؟
- ☆ متروکات اور استعماری طاقتوں کا فطری تعلق۔
- ☆ جنوب میں فارسی کے بجائے اردو کے فروغ کی وجوہات
- ☆ اردو چھٹی صدی کی زبان، جب اسلام کا آغاز ہوا تھا۔ اس غلط نظریہ کی تردید کہ اردو مسلمانوں کی زبان ہے۔
- ☆ اسلام، سندھی، فارسی، بنگالی، اردو اور انگریزی ہم عمر ہیں۔
- ☆ اسلام کا رویہ غیر عربی زبانوں کے ساتھ
- ☆ ہندوؤں کی تحریک متروکات کا جائزہ

کل صفحات: ۴۱۲ (چار سو بارہ) قیمت: ۱۰۰/- روپے

جریدہ چھبیس [۲۶]

مرتبہ سید خالد جامعی رعمر حمید ہاشمی

متروکات کی لغت جلد دوم 'ج' سے 'ق'

اس شمارے میں اردو زبان میں متروکات پر دستاویزات کی روشنی میں بحث کی گئی ہے۔

☆ اردو زبان اور دنیا کی دیگر اہم زبانوں کا تقابلی مطالعہ
☆ اردو کے نظام اصوات پر عربی فارسی کا اثر
☆ بہادر شاہ ظفر کے بھانجے کی زبانی اردو زبان کی سات اقسام کا بیان
☆ کوریائی، چینی، جاپانی زبانوں کی مشکلات
☆ اردو، عربی، فارسی کا تقابل
☆ انگریزی زبان پر اردو کے اثرات
☆ اردو رومن رسم الخط میں نہیں لکھی جا سکتی
☆ دبستانوں کے ضمن میں اردو کا اختصاص
☆ دکنی دبستان کا ارتقاء کیوں نہ ہوا؟
☆ اردو کے ۷۰ فی صد الفاظ مغیرات ہیں
☆ قرآن میں ۱۴۹ الفاظ عجمی ہیں
☆ اردو کی نو لاشیں ان کے فوائد!
☆ اردو، جاپانی، روسی، ہسپانوی، فرانسیسی، جرمن حروف تہجی کا تقابلی جائزہ
☆ انگریزی لکھنے کے لیے ۷۸ حروف کا سیکھنا ضروری ہے جب کہ اردو کے لیے صرف ۱۵ حروف کا جاننا کافی ہے۔

صفحات: ۳۶۲ (تین سو باسٹھ)　　　　قیمت:۔ ۱۰۰/روپے

جریدہ ستائیس [۲۷]

مرتبہ سید خالد جامعی/عمر حمید ہاشمی

چہ دلاور است

مشرق و مغرب میں سرقہ بازی کی تاریخ پر اردو زبان و ادب میں اپنی نوعیت کا پہلا تحقیقی کام۔

اس شمارے کی جھلکیاں

- ☆ سراغ رساں کے قلم سے ''مہر نیم روز'' کے شہرہ آفاق تحقیقی سلسلے ''چہ دلاور است'' کے تمام مضامین پہلی مرتبہ یک جا صورت میں
- ☆ فارسی، عربی، اردو اور یوروپی زبانوں میں سرقوں کی مختصر تاریخ
- ☆ ابوالجلالؒ ندوی اور مولانا مودودیؒ کا توارد
- ☆ غالب نے فغاں دہلوی کے سو مصرعے لفظ بہ لفظ سرقہ کیے
- ☆ حافظ شیرازی اور سلمان ساوجی کے کلیات میں ایک ہی غزل لفظ بہ لفظ موجود ہے
- ☆ سرقے کے خلاف رسالہ الناظر لکھنؤ کا جہاد اور آل انڈیا مجلس احتساب کا قیام
- ☆ ملک الشعراء امیر مقری نے فارسی میں سب سے پہلے سرقے کی روایت ڈالی
- ☆ پنڈت کیفی نے سرقہ بازوں کے خوف سے منشورات نظرِ ثانی، ترمیم اور اضافے کے بغیر شائع کرادی۔
- ☆ ابن عربیؒ کی تصانیف سے دانتے کے سرقے، قاضی ابو یعلیٰؒ کا سرقہ
- ☆ دانتے، محمد حسین آزاد، نیاز فتح پوری، مولوی عبدالحق، ڈاکٹر احمد امین مصری، ظفر عمر زبیری، علامہ اسلم جیراج پوری، مرزا غلام احمد قادیانی، ڈاکٹر سرادھا کرشن، عصمت چغتائی، کرشن چندر، قاضی عبدالغفار، مفتی انتظام اللہ شہابی، دانتے، ڈاکٹر میر ولی الدین، پروفیسر آل احمد سرور، یونس بٹ کے سرقوں کی سرگزشت۔

صفحات: ۶۲۲ (چھ سو بائیس)   قیمت: ۲۰۰ روپے

جریدہ اٹھائیس [۲۸]

متروکات کی لغت جلد سوم

لغت کے اہم مباحث

سید خالد جامعی / عمر حمید ہاشمی

متروکات اردو کی تاریخ ایک نیا زاویہ

عروج و زوال کے فلسفہ نو کا جائزہ

ناسخ پہلواں کے کل متروکات کی تعداد ۱۲۶ ہے۔

اردو کے کل متروکات کی تعداد چند سو سے زیادہ نہیں

اصلاح زبان کا فطری ادارہ............اساتذہ کرام کی اصلاح

اردو کے ارتقاء میں مشاعروں کا حصہ

دور حاضر میں ترک و اخذ کے اصول

انگریزی زبان میں متروکات کی روایت

اردو کی اصلاحی تحریکیں فطرت کا عمل تھیں

انجیل کا ترجمہ اور متروک الفاظ

اصلاح کی تحریکوں کا مقصد ہندی دشمنی نہیں تھا

ناسخ نے صرف چودہ ہندی الفاظ کو ترک کیا اور ۲۲ عربی فارسی الفاظ متروک قرار دیے۔

متروکات کے لیے ناسخ کے چودہ اصول

جوش ملیح آبادی کا کلام کیوں متروک ہو گیا۔

متروکات کو رائج کرنے کے لیے مشتاق احمد یوسفی کی کوششیں۔

لغت متروکات کے سنسکرت الفاظ

پاکستانی ہندوستانی اردو میں مستعمل اور متروک الفاظ کی فہرست

متروک الفاظ کی لغت ک تا ی

خالد حسن قادری

کل صفحات ۳۹۱

زر تعاون سو روپے

جریدہ انتیس [۲۹]

ایک تاریخی دستاویز

اس شمارے میں شامل اہم مباحث کی تفصیل

حصہ انگریزی

صفحات ۱۳۰۰ — قیمت تین سو روپے

جریدہ تیس [۳۰]

ایک تاریخی دستاویز

اس شمارے میں شامل اہم مباحث کی تفصیل

قیمت تین سو روپے

صفحات ۱۳۰۰

جریدہ اکتیس [۳۱]

اردو کی اشتقاقی لغت

ڈاکٹر سہیل بخاری

اردو زبان میں اپنی نوعیت کا پہلا کام

اس کے علاوہ

معروضات

سید خالد جامعی

مشفق خواجہ کے غیر مطبوعہ کام کے سلسلے میں نادر

معلومات اور اطلاعات

جھوٹا ہے سب سنسار حرف آخر

مشفق خواجہ مرحوم

حرفے چند اشتقاقی لغت

مشفق خواجہ مرحوم

صفحات ۷۵۰

قیمت: ۲۰۰ روپے

جریدہ بتیس [۳۲]

☆مشفق خواجہ — سید خالد جامعی

☆والد محترم سید اقبال عظیم: چند تاثرات — شاہین اقبال

☆پروفیسر اقبال عظیم کا مختصر سوانحی خاکہ — شکیل مدنی

☆خودنوشت — پروفیسر سید اقبال عظیم

☆پروفیسر عظیم کا مکمل نعتیہ کلام

☆''اسلام اور جدید معیشت وتجارت'' پر ناقدانہ نظر — مفتی حبیب اللہ

☆تاریخ عالم کے خونی اوراق کی تاریخ، جدید سائنس اور جدید فلسفہ کیا ہے؟

☆جدیدیت پسند مسلم مفکرین کی اصل غلطی، کیا عروج کا انحصار صرف اور صرف سائنس وٹیکنالوجی پر ہے؟

☆جدید سائنس کا اعتراف عجز، سائنس وٹیکنالوجی کا سرمایہ داری سے خاص تعلق!

☆کیا سرمایہ دارانہ نظام کے بغیر جدید سائنس وٹیکنالوجی کی مسلسل ترقی ممکن ہے۔

☆ٹیکنو سائنس کیا ہے؟ کیا جدید سائنس کی ترقی نوآبادیات سے لوٹی گئی دولت پر رکھی گئی ہے؟ مسلمان کے زوال کی اصل وجہ کیا ہے؟ اندلس سائنسی ترقی کے باوجود کیوں تباہ ہوگیا؟ کیا اندلس ماڈل ہے یا مدینۃ النبیؐ ماڈل ہے اور دیگر اہم مباحث

کل صفحات ۳۸۵ — زرتعاون سو روپے

جریدہ تینتیس [۳۳]

کل صفحات ۵۶۸

زرِ تعاون تین سو روپے

جریدہ چونتیس [۳۴]

کل صفحات ۱۱۵۲ — زرتعاون تین سو روپے

جریدہ پینتیس [۳۵]

اندلس میں علم حدیث کا ارتقاء	محمد احمد زبیری
دہشت گردی: تاریخ و تحقیق کی روشنی میں	سید خالد جامعی / عمر حمید ہاشمی
معیشت اور سائنسی ترقی: جدیدیت و روایت کے تناظر میں	سید خالد جامعی / عمر حمید ہاشمی
عالم اسلام معرکہ ایمان و مادیت	سید خالد جامعی / عمر حمید ہاشمی
امت مسلمہ: وحدت اُمت کی تاریخ	سید خالد جامعی / عمر حمید ہاشمی
بہمنی سلطنت کا اثر فارسی ادب وتمدن	ڈاکٹر عبدالمنان
تاریخ ادب ہندوستانی	گارسیں دتاسی
خواتین کے اخبارات ورسائل پہلا تاریخی وتحقیقی جائزہ	ڈاکٹر نسیم آرا
برعظیم پاک وہند کی تاریخ کا ایک گم شدہ باب	حفصہ صدیقی

کل صفحات ۱۳۲۹

زر تعاون تین سو روپے

لسانی اور ثقافتی استعماریت

اشاعت خصوصی

- ☆ مشرق و مغرب میں دہشت گردی کی تاریخ
- ☆ بیس کروڑ انسانوں کا قتل عام کس نے کیا؟
- ☆ کیا لبرل ازم اور نسل کشی میں فطری تعلق ہے؟
- ☆ دنیا میں زبانوں کے قتل عام کی تاریخ
- ☆ براعظم افریقہ اور امریکہ میں زبانوں کو درپیش خطرات
- ☆ کیا آبادی میں تیزی سے کمی زبانوں کے خاتمے میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے؟
- ☆ ایشیا میں بروشسکی بولی سے زبان کیسے بنی؟
- ☆ تحریک تنویر اور تحریک خرد افروزی نے کتنی زبانوں کو جنم دیا؟
- ☆ امریکہ، افریقہ، یورپ، آسٹریلیا میں مٹنے والی زبانوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات پر مشتمل حیرت انگیز انکشافات پر مبنی تحقیقی مضمون۔

۲۷ زبانوں کے لسانیاتی مطالعے

مرتبہ سید خالد جامعی رعمر حمید ہاشمی

جریدہ کا شمارہ خصوصی

پرویش شاہین، ناظم مرکز تحقیقات لسانیات منگلور سوات نے شمالی علاقہ جات کی ۲۷ منفرد زبانوں پر جو تحقیقی مطالعات پیش کیے ہیں ان پر مشتمل جریدہ کا خصوصی شمارہ عنقریب شائع ہو رہا ہے۔ ان زبانوں کے نام درج ذیل ہیں:

۱) بروشسکی (Burushaski)،
۲) ڈوماکی (Dumaki)،
۳) شینا (Shina)،
۴) واخی (Wakhi)،
۵) کوہستانی (Kohistani)،
۶) چیلسو (Chilso)،
۷) گیاری (Gyari)،
۸) بنیڑی (Baneri)،
۹) پہاڑی (Pahari)،
۱۰) کشمیری (Kashmiri)،
۱۱) گاردی (Gardi)،
۱۲) توروالی (Torwali)،
۱۳) قاشقادی (Qashqadi)،
۱۴) گوجری (Gojri)،
۱۵) داشوی (Dashwi)،
۱۶) کنڈیری (Kanderi)،
۱۷) بدیشی (Badeshi)،
۱۸) اجڑی (Ajri)،
۱۹) قسائی (Qasai)،
۲۰) کلاشہ (Kalasha)،
۲۱) پشتو (Pushto)،
۲۲) ہندکو (Hindko)،
۲۳) پشائی (Pushai)،
۲۴) گواربتی (Gawarbati)،
۲۵) تیراہی (Terahi)،
۲۶) ارمڑی (Armari)،
۲۷) بدگی (Badgi) وغیرہ۔

مستقبل کے اہم منصوبے

بروشسکی اردو لغت	چار جلدیں
سرائیکی اردو لغت	چار جلدیں

آٹھ زبانوں پر مشتمل بنیادی لغت (۶۵۰۰ الفاظ)

(انگریزی، اردو، ہندی، فارسی، المانوی، فرانسیسی، عربی، ہسپانوی)

اردو کے متروک الفاظ کی لغت	خالد حسن قادری
اردو لغت برائے ذرائع ابلاغیات	پروفیسر سرور نسیم

اس لغت میں ان انگریزی الفاظ کے خوبصورت متبادل اردو الفاظ پیش کیے جائیں گے جو کثرت سے ذرائع ابلاغ میں مستعمل ہو گئے ہیں۔

چہ دلاور است	سید حسن مثنیٰؒ ندوی
خودنوشت	سید حسن مثنیٰؒ ندوی
بہمنی عہد کا فارسی ادب وتمدن پر اثر	ڈاکٹر عبد المنان
کشکول برکاتی	حکیم محمود احمد برکاتی
دائرۃ المعارف حیوانات	پروفیسر احمد الدین مارہروی
بنیادی کتابیات بینکاری	سعادت جلیلی
وادیٔ سندھ کا رسم الخط	ابو الجلالؒ ندوی
خطبات	ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی
پاکستان میں تعلیم (اردو ترجمہ)	ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی
تحقیق	نثار زبیری

Jareeda. 27

Special issue on "History of Plagiarism in East & West"
Research journal of Bureau of Composition,
Compilation & Translation,
Compiled by Syed Khalid Jamaee, Director
&
Umar Hameed Hashmi, Deputy Director

Previous Issues

Jareeda. **26** On "Dictionary of Obscure Words of Urdu Language" Vol. II, as well as a research article on "comparative study of Urdu language with other languages of the world in context of historical references"

Jareeda. **25** On "Dictionary of Obscure Words of Urdu Language" Vol. I, as well as an elaborated research article on "Obsolete words, research and movements"

Jareeda. **24** On "Ancient Linguistic & Literature" Contains various informative and research essays on different topics.

Jareeda. **23** On "Philosophy of Languages". This issue contains table of signs and symbols of Indus valley seals and script deciphered by Abul Jalal Nadvi which showed the liaison between ancient Sindhi script with Arabic and Hebrew languages. Other worth essays on the evolution of the primitive language renders useful information on the subject.

Jareeda. **22** "Ancient linguistics and Inscriptions".
This special issue carries nine essays of a renowned archaeologist Maulana Abul Jalal Nadvi on ancient Indus scripts and seals as well three other research essays.

Jareeda. **21** Special issue on "Linguistics "encircles a milestone research article of Khalid Hasan Qadri on the birth & place of origin of Urdu language. The essays on Burushaski language render worth information. Grammar and phonetic system of Burushaki language compiled by Naseer uddin Hunzai is a major part of the issue.

Special Issue No. 27 Rs. 200/-   Rs. 100/- each

Jareeda. 28

Special issue on "Dictonary of Obscure Words of Urdu Language" Vol.III

Research journal of Bureau of Composition, Compilation & Translation,

Compiled by Syed Khalid Jamaee, Director

&

Umar Hameed Hashmi, Deputy Director

Previous Issues

Jareeda. **27** On History of Plagiarism in East and West" encircles of renowned scholars on plagiarism and literary larceny in Urdu, Arabic, Persian and European languages.

Jareeda. **26** On "Dictionary of Obscure Words of Urdu Language" Vol. II, as well as a research article on "comparative study of Urdu language with other languages of the world in context of historical references"

Jareeda. **25** On "Dictionary of Obscure Words of Urdu Language" Vol. I, as well as an elaborated research article on "Obsolete words, research and movements"

Jareeda. **24** On "Ancient Linguistic & Literature" Contains various informative and research essays on different topics.

Jareeda. **23** On "Philosophy of Languages". Contains table of signs and symbols of Indus valley deciphered by Abul Jalal Nadvi which showed the liaison between ancient Sindhi script with Arabic and Hebrew languages. Other essays on the primitive language renders useful information on the subject.

Jareeda. **22** "Ancient linguistics and Inscriptions".
This special issue carries nine essays of Maulana Abul Jalal Nadvi on ancient Indus scripts and seals.

Jareeda. **21** Special issue on "Linguistics "encircles a milestone research article of Khalid Hasan Qadri on the origin of Urdu. Grammar and phonetic system of Burushaki language compiled by Naseer uddin Hunzai is a major part of the issue.

Rs. 100/- each

اظہارِ تشکر

بروشسکی ریسرچ اکیڈمی، جامعۂ کراچی کے شعبۂ تصنیف وتالیف وترجمہ کے علمی تعاون کے لیے اس کی ممنون واحسان مند ہے۔ اس شعبے کی قیادت گزشتہ کئی سالوں سے علم وادب کی معروف، انتہائی قابل، ولولہ خیز اور باعمل شخصیات کے پاس رہی ہے۔ یہ شعبہ اب تک تحقیقی کاموں کو آگے بڑھاتے ہوئے کئی اہم علمی خدمات انجام دے چکا ہے۔ علمی وتحقیقی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ یہ شعبہ اہم علمی شخصیات کے ساتھ باقاعدہ نشستیں بھی منعقد کرتا ہے اور اصطلاحات سازی کا کام بھی جاری ہے۔ نیز شعبے سے شائع ہونے والا ''جریدہ'' اہل علم میں بہت مقبول ہے اور اس سے تحقیق کے نئے افق سامنے آرہے ہیں۔ ہم شعبے کے سابق ناظم اور شعبۂ اردو کے صدر نشین ڈاکٹر معین الدین عقیل، ناظم سیّد خالد جامعی اور نائب ناظم عمر حمید ہاشمی کا دلی شکریہ ادا کرتے ہیں جن کی علم وتحقیق سے خصوصی دلچسپی کی وجہ سے بروشسکی ریسرچ اکیڈمی اور شعبۂ تصنیف و تالیف وترجمہ کے مابین ایک مضبوط رابطہ قائم ہوگیا ہے اور انہوں نے اس زبان کو اپنے معروف شعبے سے متعارف کرانے کا اہتمام کیا ہے، جس کے نتیجے میں شموٗل بوق اور جواہر پارے جیسی اہم اور بنیادی کتابوں کی اشاعت کے بعد اب اولین بروشسکی-اردو لغت بھی اسی شعبے سے چھپ کر منظرِ عام پر آرہی ہے۔ ہمیں امید ہے کہ اس زبان سے دلچسپی کا یہ رشتہ صرف اسی ایک منصوبے تک محدود نہیں رہے گا بلکہ یہ کام مستقبل کے دیگر کئی مشترکہ تعلیمی اور تحقیقی منصوبوں کی بنیاد ثابت ہوگا۔

شعبۂ تصنیف وتالیف وترجمہ کے علاوہ اس لغت کے دوسرے بڑے محسن ڈاکٹر رؤف پاریکھ، مدیر اعلیٰ، اردو لغت بورڈ ہیں۔ موصوف سے ہمارا رابطہ جامعہ کراچی کے مذکورہ شعبے کے توسط سے ہوا، آپ از راہ کرم نہ صرف لغت کی تیاری کے لیے اکیڈمی کے منعقد کردہ اجلاسوں میں باقاعدہ تشریف لاتے رہے، بلکہ ہمیں اردو لغت بورڈ کے دورے کی دعوت بھی دی۔ بروشسکی ریسرچ اکیڈمی کے منتظمین کے لیے وہ دن ہمیشہ کے لیے یادگار رہے گا جب وہ علم وادب کے اس عظیم ادارے سے آشنا ہوئے جو گزشتہ نصف صدی سے اردو زبان میں لغت سازی کی خدمت انجام دیتا رہا ہے اور جو اب تک اردو زبان کی جامع ترین لغت کی ۲۰ جلدیں شایع کر چکا ہے، جس کی نظیر پورے پاکستان اور ہندوستان میں نہیں ملتی۔ بورڈ کے موجودہ مدیر اعلیٰ ڈاکٹر رؤف پاریکھ کی بروشسکی-اردو لغت کے لیے خصوصی توجہ، بروقت رہنمائی اور مستقل اشتراکِ علمی سے اس لغت کی پیش رفت میں بڑی مدد ملی ہے۔

بروشسکی-اردو لغت کی تکمیل میں ہمیں ڈاکٹر عزیز اللہ نجیب ہونزائی، جو خود علاقے کے ایک معروف مصنف، شاعر اور دانشور ہیں، کا علمی تعاون بھی حاصل رہا ہے۔ موصوف نے ہمیں اپنی قیمتی آراء سے نوازا اور الفاظ کے لیے تفصیلی معنی تحریر کرنے میں وسیع پیمانے پر ہماری مدد کی۔ لغت کے لیے رہنما خطوط فراہم کر دینے اور اور اپنی عالمانہ آراء کے لیے ہم علاقے کے دیگر دو نامور سکالرز ڈاکٹر فقیر محمد ہونزائی اور جناب غلام عباس ہونزائی کے بھی ممنون واحسان مند ہیں۔

ساتھ ہی ساتھ ہم بروشسکی-اردو لغت کے مشیروں اور سرپرستوں، جن کا دائرہ علامہ بزرگوار کے امریکہ اور کینیڈا کے شاگردوں تک پھیلا ہوا ہے، اور دانشگاہ خانۂ حکمت کی شرق وغرب کی تمام ہیونلی ڈاٹرز برانچز Heavenly Daughters Branches کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں جن کے مفید مشورے، دلسوز دعا، غمخواری اور عملی مدد و سرپرستی ہمارے لیے باعثِ تقویت رہی ہے۔ ان تمام افراد نے بہت ہی مشکل وقت میں جب کہ اس کام کو آگے بڑھانا بہت دشوار لگ رہا تھا اپنے بھرپور تعاون سے ہمارا حوصلہ بڑھا دیا، اور خصوصاً سرپرستوں نے ہر قسم کے وسائل مہیا کر کے ایک ناممکن امر کو ممکن بنا دیا۔ ان شاء اللہ ان کا یہ کارنامہ قرطاسِ علم وادب پر آبِ زر سے رقم کیا جائے گا۔

بروشسکی ریسرچ اکیڈمی کراچی، اسلام آباد اور شمالی علاقہ جات کو ۱۹۸۰ سے اب تک ترقی کے راستے پر گامزن کرنے اور اسے ولولہ انگیز قیادت مہیا کرنے پر میں سابق صدور صاحبان جناب محی الدین صوفی، جناب بابر خان، جناب شیر باز خان، جناب وارث کریم، جناب علی داد (مرحوم)، جناب شاہین خان، سابقہ چیرپرسن ڈاکٹر پروین اشرف، سابقہ چیرپرسن ڈاکٹر نورانی نیک عالم، سابق سیکریٹری صاحبان جناب مہر علی لغری خان اور جناب جاوید اقبال کی کوششوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ یہ ادارہ آج اس مقام پر انہی افراد کی انتھک محنت اور لگن کی وجہ سے پہنچا ہے۔ نیز میں اسلام آباد برانچ کے موجودہ صدر ڈاکٹر میجر انعام اللہ بیگ، گلگت برانچ کے موجودہ صدر جناب سیر امان ہونزائی اور ہونزا برانچ کے موجودہ صدر ڈاکٹر شاہد اللہ بیگ کی مخلصانہ کوششوں کے لیے ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔

مزید برآں میں غلام قادر بیگ صاحب، چیف ایڈوائزر ٹو علامہ صاحب اور فاتح ایورسٹ جناب نذیر صاحب کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ اس ادارے کو شمالی علاقہ جات میں پچھلے دو عشروں میں فعال رکھنے اور اس کے انتہائی اہم منصوبوں کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے آپ دونوں نے ایک کلیدی کردار ادا کیا ہے۔

میں بروشسکی ریسرچ اکیڈمی کی اپنی ٹیم کے تمام ارکان ڈاکٹر شاہناز سلیم ہونزائی، پروجیکٹ ڈائریکٹر اور مدیر؛ ایس۔ ایم شاہین خان، فیلڈ ریسرچ آفیسر برائے علامہ صاحب؛ محمد یار بیگ ابن حرمت اللہ، ایڈمنسٹریٹر؛ فدائے مک ابن امتیاز حسین، ریسرچ آفیسر و معاون مدیر؛ برکت علی ابن غلام قادر، ریسرچ آفیسر و معاون مدیر؛ یاسمین فدا پرسنل سیکریٹری ٹو علامہ صاحب برائے بروشسکی لٹریچر؛ رضوان اللہ ابن علی مدد، ریسرچ آفیسر و سوفٹ ویر انجینیر؛ عاشق حسین ولد امتیاز حسین، معاون اور عیسیٰ محمد معاون کا ان کی مشقت شاقہ اور شاندار کام کے لیے تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں، یہ لغت اور کارنامہ ان ہی کی جان نثارانہ خدمات کی مرہون منت ہے۔

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

غلام محی الدین
صدر نشین
بروشسکی ریسرچ اکیڈمی
کراچی، جنوری ۲۰۰۵ء

کچھ اس لغت کے بارے میں

شہناز سلیم ہونزائی

بروشسکی زبان دنیا کی ایک عجیب وغریب اور قدیم زبان شمار ہوتی ہے۔اس وقت یہ زبان پاکستان کے شمالی علاقہ جات کی تین وادیوں یعنی ہونزا، نگر اور یاسین میں بولی جاتی ہے۔ بنیادی طور پر زبان ایک ہی ہے مگر تینوں وادیوں میں لہجے اور بعض الفاظ میں کسی حد تک فرق پایا جاتا ہے۔گلگت کے گردونواح میں بھی بروشسکی بولنے والے افراد کی ایک بڑی تعداد موجود ہے۔ مجموعی طور پر بروشسکی زبان بولنے والوں کی تعداد ڈیڑھ لاکھ سے زیادہ نفوس پر مشتمل ہے۔ بروشسکی زبان دنیا کی ان عجیب وغریب زبانوں میں سے ہے جس کا رشتہ آج تک زبانوں کے کسی خاندان سے نہیں جوڑا جاسکا ہے۔ ماہرین لسانیات کے مطابق دنیا کی بارہ زبانیں ایسی ہیں جن کو''تنہا زبان'' (Language Isolate) کہا جاتا ہے اور بروشسکی بھی انہی میں سے ایک ہے۔ بروشسکی زبان کے بارے میں بعض تفصیلی مضامین جامعۂ کراچی کے شعبۂ تصنیف وتالیف و ترجمہ کے تحقیقی مجلّے ''جریدہ'' میں شایع ہو چکے ہیں۔[1]

بروشسکی زبان کی منفرد خصوصیات کے پیش نظر بعض مستشرقین نے ۱۹۳۰ء کے عشرے سے اسے محفوظ کرنے کے لیے کوششیں کی ہیں، تاہم اہل زبان نہ ہونے کے باعث ان کے کاموں کے بعض پہلوؤں میں تشنگی باقی رہی ہے۔ بروشسکی زبان کے ممتاز شاعر، دانشور، ماہر لسانیات اور عالم دین پروفیسر علامہ نصیر الدین نصیر ہونزائی (ستارۂ امتیاز) نے اس زبان اور اس کے ادب کے تحفظ اور فروغ کے لیے پہلی بار نثر ونظم کے میدان میں بے مثال خدمات انجام دی ہیں۔ آپ نے بروشسکی کے حروف تہجی وضع کر کے اسے مقامی لوگوں کے لیے تحریر کرنا ممکن بنا دیا اور ساتھ ہی ساتھ اس کے صرف ونحو کے اہم پہلوؤں کو بھی ضبط تحریر میں لا کر اس زبان پر مزید تحقیق کے لیے بنیادی مواد بھی فراہم کر دیا ہے۔ نیز ۱۹۸۰ء کے عشرے کی ابتداء میں آپ نے بروشسکی ریسرچ اکیڈمی کی بنیاد رکھی، جس کی شاخیں اسلام آباد، گلگت اور ہونزا میں قائم کی گئیں، جبکہ کراچی ہیڈ کوارٹر رہا۔ اکیڈمی کے تحت آپ نے تحقیق وتدقیق اور اشاعت کا کام جاری رکھا۔ بروشسکی شاعری اور بروشسکی قواعد کے مختلف پہلوؤں پر موصوف کی اب تک تقریباً نو تصانیف شایع ہو چکی ہیں، نیز سینکڑوں صفحات پر مشتمل غیر مطبوعہ مواد بھی موجود ہے۔ پروفیسر ہونزائی کی دوربین نگاہ نے ۱۹۸۱ء ہی میں بروشسکی۔اردو لغت کی ضرورت وافادیت کا ادراک کرتے ہوئے ایک ایسی لغت کی تدوین کے منصوبے کے لیے رہنما خطوط فراہم کر دیے تھے، جس کے تحت گزشتہ دو عشروں کے دوران گلگت و ہونزا میں بروشسکی ریسرچ اکیڈمی کے اولین سیکریٹری اور فیلڈ ریسرچ آفیسر جناب علی مدد ابن دولت شاہ نے بہت تحقیق وتدقیق سے اپنے کچھ ساتھیوں کے ساتھ ۶۰ ہزار الفاظ کے کارڈز تیار کر لیے۔

بروشسکی۔اردو لغت کے مختلف الفاظ کا احاطہ کرنے کے لیے بابائے بروشسکی نے اس زبان کی مثال ایک عظیم درخت سے دی ہے جس کی چھوٹی بڑی مندرجہ ذیل آٹھ شاخیں ہیں:

(۱) زمینداری (۲) چوپانی (۳) شکاریات (۴) پیشے (۵) کھیل تماشے (۶) قومی تہوار (۷) کھانے پینے کی چیزیں (۸) متفرقات[2]۔ انہوں نے بروشو قوم کو مشورہ دیا کہ اس زبان پر تحقیق کے لیے بہت سے قدیم الفاظ انہی شاخوں میں مل سکتے ہیں کیوں کہ ہر زبان کا اوّلین تعلق قوم کی ابتدائی تاریخ وثقافت ہی سے ہوتا ہے۔ بروشسکی۔اردو لغت کے الفاظ کی جمع آوری کے لیے بھی اسی ہدایت پر عمل کیا گیا، انہی شاخوں کی مزید تقسیم بندی کے طور پر پھل دار و بے ثمر درختوں، مختلف پھولوں، پرندوں اور پالتو جانوروں وغیرہ کی فہرستیں تیار کی گئیں، نیز

گھوڑے اور گھوڑے سے متعلقہ سامان، لکڑی، چمڑے اور لوہے سے بننے والی اشیاء وغیرہ کی فہرستیں تیار کی گئیں۔ ہر فہرست کو ذخیرۂ الفاظ کہا گیا اور اس طرح لغت کے لیے ذخیرۂ ذخائر تیار کر لیا گیا۔

۲۰۰۳ء میں جامعہ کراچی کے شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ کے محققین نے بروشسکی زبان پر کچھ کام کرنے کا فیصلہ کیا اور اس سلسلے میں انہوں نے بروشسکی ریسرچ اکیڈمی سے رابطہ کیا۔ شعبے نے نہ صرف اپنی ادبی نشستوں اور اپنے سہ ماہی جریدے کے ذریعے ملک کے اہل علم و ادب کو اس زبان سے متعارف کروایا، بلکہ زبان کے قواعد پر مشتمل اولین کتاب "شـمو ل ہـوق" کو بھی شائع کیا جو ملکی سطح پر اس زبان کا پہلا باضابطہ تعارف تھا۔ شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ نے اکیڈمی کے مستقبل کے تحقیقی منصوبوں خصوصاً بروشسکی۔اردو لغت میں بہت ہی دلچسپی لی اور اس سلسلے میں اکیڈمی کے اراکین کو اردو لغت بورڈ کے مدیر اعلیٰ ڈاکٹر رؤف پاریکھ سے مدد اور رہنمائی حاصل کرنے کا مشورہ دیا۔

اسی سال گلگت سے لغت کے کارڈز کو کراچی منتقل کیا گیا۔ گو کہ ڈکشنری کے ادبی پہلو پر حاوی ہونے کے لیے علامہ بزرگوار کی مختلف بروشسکی تصانیف اور غیر مطبوعہ مواد میں ذخیرۂ الفاظ کے ساتھ ساتھ بڑی حد تک بنیادی اصول فراہم کر دیے گئے ہیں، تاہم فن لغت نویسی کی باریکیوں سے آگاہی اور تالیف کے مراحل سے اچھی طرح واقف ہونے کے لیے اسی سال کی آخری سہ ماہی میں جامعہ کراچی کے شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ کے ناظم سیّد خالد جامعی، سابق ناظم اور صدر نشین شعبۂ اردو ڈاکٹر معین الدین عقیل، نائب ناظم عمر حمید ہاشمی، اردو لغت بورڈ کے مدیر اعلیٰ ڈاکٹر رؤف پاریکھ اور سابق مدیر اعلیٰ ڈاکٹر یونس حسنی کے ساتھ اہم نشستوں کا انعقاد ہوا، جس میں کارڈز کی ترتیب اور لغت کے مختلف مراحل کے بارے میں لائحۂ عمل طے کیا گیا۔

ان اجلاسوں میں دیگر امور کے ساتھ یہ طے پایا کہ بروشسکی۔اردو لغت تین جلدوں پر مشتمل ہوگی اور ہر جلد میں تقریباً ۲۰،۰۰۰ ہزار الفاظ شامل ہوں گے۔ بروشسکی زبان کے کل ۴۵ حروف تہجی میں سے پہلی جلد میں بارہ (۱۲)، دوسری جلد میں اٹھارہ (۱۸) اور تیسری جلد میں پندرہ (۱۵) حروف تہجی کا احاطہ کیا جائے گا۔

بروشسکی حروف تہجی

۱۹۴۰ء میں بابائے بروشسکی نے پہلی بار بروشسکی شاعری کا آغاز کیا تو اس کو ضبط تحریر میں لانے کی ضرورت محسوس ہوئی، اسی موقعے پر آپ نے زبان کو تحریری شکل میں لانے کا فیصلہ کیا۔ اس ضمن میں آپ نے ان حروف سے کام لیا جو اردو میں مستعمل تھے لیکن آپ کو یہ احساس بھی تھا کہ یہ حروف بروشو لہجے کی کماحقہ ترجمانی نہیں کر سکتے، اس لیے آپ نے ایسے لہجے کی صحیح ترجمانی کے لیے آٹھ نئے حروف وضع کیے۔ اضافی آوازوں کے لیے آپ نے اردو حروف تہجی ہی میں نقاط و علامات کا اضافہ کیا۔ یہ بات ملحوظ نظر رہے کہ اصل بروشسکی الفاظ کے لیے "ث"، "ص"، "ح"، "ط"، "ذ"، "ظ"، اور "ض" کی آوازوں کی ضرورت نہیں ہوتی ہے جب کہ ان آوازوں کے لیے "ز"، "س"، "ت" اور "ہ" موجود ہیں، تاہم مذکورہ بالا حروف کی شمولیت کا مقصد یہ ہے کہ عربی و فارسی کے دخیل الفاظ کو ان کے درست املا کے ساتھ تحریر کیا جائے۔ علامہ صاحب کے وضع کردہ ان حروف کی تعداد ۴۵ ہے۔[۳]

اسی طرح سے مستشرقین نے رومن بروشسکی حروف وضع کیے ہیں جن میں برٹش پولیٹیکل ایجنٹ کرنل لاری مر اور ہنڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ ہائیڈل برگ یونیورسٹی جرمنی کے سابق ہیڈ پروفیسر ہرمن برگر (مرحوم) قابل ذکر ہیں۔ چونکہ پروفیسر ہرمن برگر کے حروف ادبی و تحقیقی دنیا میں زیادہ مشہور ہوئے لہٰذا بروشسکی ریسرچ اکیڈمی نے انہی حروف کو اپنایا ہے، اس طرح بروشسکی اردو اور رومن دونوں تحریروں میں لکھی جاتی ہے اور بابائے بروشسکی کا تحقیقی کام دونوں تحریروں میں پایا جاتا ہے۔ ذیل میں اردو حروف تہجی اور رومن حروف تہجی دونوں قارئین کی آسانی کے لیے ساتھ ساتھ لکھے گئے ہیں۔

حروف تہجی کی ترتیب

ا a	ب b	پ p	ت t	ٹ ṭ	ث s	ج j	ڃ ć	ح h	ڇ ċh
خ qh	ݗ ç	د d	ڈ ḍ	ذ z	ڎ ċ	ر r	ڑ ṛ	ز z	ڙ ż
س s	ش ś	ݜ ṣ	ص s̱	ض z	ݼ çh	ط t	ظ z	ع ạ	غ ġ
ف f	ق q	ک k	ݣ ṅ	گ g	ل l	م m	ن n	ں ṇ	و w
ہ h	ء a	ی y	ݷ ẏ	ے y					

اردو سے زائد حروف / آوازیں

ڇ ċh	ݗ ç	ڎ ċ	ڙ ż	ݜ ṣ	ݣ ṅ	ݷ ẏ	ݼ çh

لغت کی تیاری کے مختلف مراحل

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس لغت کی ترتیب، تدوین، تسوید اور تنقیح کے مختلف مراحل کا ذکر بھی مختصراً کر دیا جائے۔ ستمبر ۲۰۰۳ء میں شمالی علاقہ جات گلگت سے وہ تمام کارڈز کراچی منگوائے گئے جو گزشتہ دو عشروں کے دوران وہاں تیار کیے گئے تھے۔ یہ کارڈز صرف رومن بروشسکی میں تحریر کیے گئے تھے۔ ان کارڈز کو ''اوریجنل کارڈز'' کا نام دیا گیا۔ چونکہ یہ منصوبہ بروشسکی۔اردو لغت بنانے سے متعلق تھا لہٰذا ان کارڈز کے تمام الفاظ کو اردو حروف تہجی میں تحریر کرنا ضروری ہوا، جو ایک بہت بڑا چیلنج تھا۔ انگریزی کے تمام حروف علت (vowels) سے شروع ہونے والے الفاظ کو حرف الف کی سیریز میں لانا پڑا جب کہ ان میں سے بعض منتخب الفاظ کو ''ع'' کی سیریز کے لیے الگ کیا گیا۔ نیز انگریزی حرف "S" کو "ث" "س" ور "ص" میں اور حرف "H" کو "ح" اور "ہ" میں؛ حرف "T" کو "ت" اور "ط" میں اور حرف "Z" کو "ز"، "ذ"، "ض" اور "ظ" میں تقسیم کرنا پڑا۔ "F" اور "PH" کو ''ف'' اور ''پھ'' میں بڑی احتیاط سے تقسیم کیا گیا۔ بابائے بروشسکی کی ہدایت کے مطابق تمام بنیادی بروشسکی الفاظ کو اور بڑی حد تک بروشسکی میں رچ بس جانے والے الفاظ کو "پھ" اور دخیل الفاظ کو "ف" کے تحت رکھا گیا۔

لغت کے تمام الفاظ کو از سر نو نئے کارڈز پر منتقل کیا گیا جس میں رومن بروشسکی کے ساتھ انہیں اردو سکرپٹ میں بھی تحریر کیا گیا۔ ان کارڈز کو Burushaski-Urdu Dictionary Master Cards کا نام دیا گیا۔ تیسرے مرحلے پر تشریحی کارڈز تیار کیے گئے جن پر بروشو سکالرز نے ہر لفظ کے ایک یا ایک سے زیادہ معنی تحریر کرتے ہوئے ان کی تشریح بھی کی۔ چوتھے مرحلے پر تشریح کے ان کارڈز کو Pre Dictionary Format میں ڈھالا گیا۔ اس چوتھی صورت کو بار بار تنقیح و نظر ثانی کے بعد طباعت کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

بروشسکی۔اردو لغت کی یہ پہلی جلد انہی مختلف مراحل سے گزر کر آپ کے سامنے آئی ہے۔ اس جلد میں بیس ہزار سے کچھ کم الفاظ شامل ہوئے ہیں اور جو الفاظ رہ گئے ہیں ان کے لیے اکیڈمی کے تحت ایک ضمیمہ تیار کیا جا رہا ہے۔ ساتھ ساتھ دوسری جلد کا کام بھی جاری ہے۔

مختصرات و مخففات

ار	اردو	عبر	عبرانی
انگ	انگریزی	ہ	ہندی
ع	عربی	ش	شنا
بر	بروشسکی	مص مر	مصدر مرکب
س	سنسکرت	فعل مر	فعل مرکب
ف	فارسی	مص	مصدر
ت	ترکی	صف	صفت
وخی	وخی		

ذیل میں بروشسکی۔اردو لغت کی نمایاں خصوصیات درج کی گئی ہیں جن کے ذریعے لغت میں موجود چند اشارات کو سمجھنا سہل ہوگا۔
لغت کے ہر لفظ کو اردو اور رومن دونوں تحریروں میں درج کیا گیا ہے۔
ہر لفظ کا اشتقاق اور قواعدی حیثیت تحریر کر دی گئی ہے۔
معنی اور تشریح کے لیے جہاں جہاں ممکن ہے علامہ بزرگوار کے بروشسکی دیوان اور دیگر کتب سے سند پیش کی گئی ہے۔
اسماءالاعلام صرف وہی دیے گئے ہیں جو تاریخی طور پر اہم ہیں یا جو محاورۃً استعمال ہونے لگے ہیں۔
ایک سے زیادہ معنوں کی صورت میں نمبر ادرج نہیں کیا گیا ہے۔
ایسے صیغے جو انسانوں کے ساتھ ساتھ حیوانوں کے لیے بھی استعمال ہوتے ہیں وہاں صرف واحد غائب یا جمع غائب لکھا گیا ہے جبکہ صرف انسانوں کے لیے استعمال ہونے والے صیغوں میں مذکر یا مونث بھی لکھا گیا ہے۔
کچھ لفظوں کے لیے دو طرح کا املا بھی استعمال ہوا ہے مثلاً ہاَ (*ha*) کو ہہ بھی لکھا گیا ہے اور اسی طرح اِغُلَس (*igúlas*) کو اِغُو لس بھی لکھا گیا ہے۔
تلفظ کی آسانی کے لیے ہر لفظ پر اعراب لگا دیے گئے ہیں اور رومن تحریر بھی ساتھ لکھ دی گئی ہے۔
دوسری زبانوں مثلاً سنسکرت، ہندی، اردو، فارسی، ہندی، ترکی، انگریزی وغیرہ کے دخیل الفاظ بھی تحریر کیے گئے ہیں۔
دخیل الفاظ میں اگر بگاڑ یا ترمیم زیادہ ہے تو وہاں اصل اشتقاق کے علاوہ بروشسکی بھی لکھا گیا ہے۔
شمالی علاقے میں دین اسلام کی روشنی پھیلنے کے بعد چونکہ زبان میں اسلامی اصطلاحات بھی داخل ہوگئیں لہٰذا ایسی تمام اصطلاحات کا، نیز قبل از اسلام کی کچھ اصطلاحات کا بھی احاطہ کیا گیا ہے۔
انگریزوں کا علاقے میں داخل ہونے کے بعد انگریزی الفاظ خصوصاً مختلف فوجی اصطلاحات بھی داخل زبان ہوگئیں ہیں جن کا احاطہ کیا گیا ہے۔
کسی عربی یا فارسی دخیل لفظ کے ساتھ اس کا اشتقاق بھی تحریر کیا گیا ہے مگر ایسے الفاظ کے ساتھ اگر بروشسکی الفاظ مثلاً ایتَس (*étas*) (کرنا) اور مَناس (*manáas*) (ہونا) شامل ہوگئے ہیں تو ان الفاظ کے اشتقاق میں بروشسکی تحریر کیا گیا ہے۔
بروشسکی صیغوں میں اِ (*i*) واحد غائب مذکر اور اُ (*u*) جمع غائب کی علامت ہے، ابتداءً ہر ایسی علامت کی وضاحت کی گئی ہے تاہم کبھی کبھار اسے چھوڑ دیا گیا ہے۔
زبان کے بیشتر محاوروں اور کہاوتوں کو شامل کیا گیا ہے۔
کوئی لفظ اگر اپنے لفظی معنی کے علاوہ محاورۃً بھی استعمال ہوتا ہے تو بیشتر مقامات پر لفظی معنوں کا اندراج الگ اور محاورۃً معنی الگ سے تحریر کیے گئے ہیں تاہم کبھی صرفی حیثیت میں محاورہ لکھ کر تمام معنوں کا اندراج ایک جگہ پر ہی کر لیا گیا ہے۔
کسی معنی کے لیے ایک سے زیادہ الفاظ مستعمل ہیں تو تشریح ایک ہی مقام پر کی گئی ہے اور باقی مقامات پر صرف حوالہ دیا گیا ہے۔ کوشش یہ کی گئی ہے کہ زیادہ مستعمل لفظ کے تحت معنی لکھے جائیں تاہم کبھی کبھار ایسا کرنا ممکن نہیں ہو سکا ہے۔
کچھ بروشسکی الفاظ کے تلفظ کی ادائیگی میں کسی ایک مقام پر خاص زور پڑتا ہے، عموماً یہ زیر، زبر اور پیش کی تین حرکات یا حروف علت کے مقامات ہوتے ہیں۔ رومن بروشسکی میں پروفیسر ہرمن برگر نے اس کی نشاندہی اس حرف پر ایک ترچھی لکیر سے کی ہے جس کی وجہ سے اس لفظ کی درست ادائیگی ممکن ہے تاہم اردو تحریر میں اس کی نشاندہی ممکن نہیں ہے۔

بروشسکی اعداد

بروشسکی اعداد کا نظام قدرے پیچیدہ ہے، اگر اعداد کو حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق لغت کے متن میں شامل کیا جاتا تو یہ اعداد پوری لغت میں

پھیل جاتے اوران کو یکجا کر کے ان سے اعداد کا صحیح نقشہ ذہن میں مرتب کرنا نہایت دشوار ہوتا، اس لیے لغت میں اعداد کا ایک علیحدہ جدول فراہم کیا گیا ہے جس کا فائدہ یہ ہوگا کہ بنیادی اعداد اور اعداد ترتیبی کو الگ الگ ذہن نشین کرنا ممکن ہوگا، نیز ان میں انسان، حیوان اور اشیاء کے لیے مستعمل جداگانہ اعداد کو معلوم کرنا اور ان کے درمیان فرق کرنا بھی آسان ہوگا، نیز بعض اشیاء مثلاً کپڑے وغیرہ کے جوڑوں کی گنتی اور غلہ جات کی تول اور پیمائش کے لیے مستعمل مختلف اعداد کو پہچاننا ممکن ہوگا۔

بروشسکی زبان کے لہجے اور بروشسکی - اردو لغت

چونکہ اس لغت کے لیے الفاظ کی جمع بندی بروشسکی ریسرچ اکیڈمی کے تحت وادیٔ ہونزا کے کچھ کارکنان کی نگرانی میں ہوئی ہے، جنہوں نے ماحول اور لہجے سے نزدیک ترین الفاظ مہیا کیے ہیں، اس لیے بنیادی طور پر یہ لغت بروشسکی کے ہونزائی لہجے پر مشتمل ہے، تاہم کہیں کہیں یاسینی اور نگری لہجے کی مثالیں بھی دی گئی ہیں۔ ہونزا، نگر اور یاسین کی تینوں وادیوں کے لہجے میں موجود فرق کو کسی ایک لغت میں واضح کرنے کے لیے تینوں وادیوں کے اہلِ علم کے ایک مستعد گروپ کو مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے، جو ان شاءاللہ مستقبل کا ایک اجتماعی منصوبہ ہوسکتا ہے۔ تاہم ہماری امید ہے کہ یہ اولین بروشسکی - اردو لغت مستقبل کے کسی نگری لہجے یا یاسینی لہجے کی انفرادی لغت یا تینوں لہجوں پر مبنی کسی اجتماعی لغت کے لیے رہنما خطوط اور ایک ایسا سانچہ فراہم کردے گی، جس سے کسی نئے منصوبے پر عمل درآمد آسان ہوسکے گا، جیسا کہ بابائے بروشسکی ایک انٹرویو میں فرماتے ہیں کہ ''ہونزا، نگر اور یاسین میں بروشسکی زبان بولی جاتی ہے، اگر ان علاقوں کے آپس میں کچھ لہجے اور الفاظ کا فرق ہے تو یہ اس زبان کی وسعت کی دلیل ہے، مثال کے طور پر شکل (صورت) عربی کا ایک لفظ ہے جس سے زمانہ قدیم میں بروشسکی لفظ اِشکِل (*iškil*) (اس کا چہرہ) بنا، جو نگر میں اپنی اصلیت کے ساتھ محفوظ ہے اور ہونزا میں اس کی تھوڑی سی ترقی ہوئی اور یہ یہاں اِسکِل (*iskil*) (اس کا چہرہ) ہو گیا اور اسی طرح بعض مسائل یاسین کے طرزِ گفتگو سے حل ہوجاتے ہیں، ان شاءاللہ مستقبل قریب میں ہونزا، نگر اور یاسین سے ایسے باکمال سکالرز پیدا ہوں گے جو آپس کے تعاون سے مشترکہ لغات اور گرامر کو مکمل کرلیں گے اور یہ بھی ممکن ہے کہ کسی غیر بُرُشِن یا غیر بُروشو کو اس عظیم منصوبے سے کامل دلچسپی پیدا ہوجائے'' ؎

بابائے بروشسکی نے اس زبان کے کئی بنیادی اصولوں پر تحقیق کی ہے اور اس کے قواعد بھی مرتب کیے ہیں جو اس لغت کے لیے رہنما اصول بلکہ بنیاد بن گئے ہیں۔ تاہم یہ بھی حقیقت ہے کہ بروشسکی زبان وقواعد کی تمام تفصیلات اب تک مرتب نہیں ہوئی ہیں، بابائے بروشسکی نے مختلف اصولات وضع کرتے ہوئے نوجوان بروشو سکالرز کو ان پر مزید تحقیق کی دعوت دی ہے۔ بہر حال ہمیں امید ہے کہ آنے والے زمانے میں محققین اس جانب بھی توجہ دیں گے۔ ہم نے لغت کی ضرورت کی حد تک اسماء وافعال وغیرہ کی صرفی حیثیت بیان کی ہے، اس سے آگے جانے کی کوشش نہیں کی ہے۔

آخر میں اس حقیقت کی طرف اشارہ کرنا ضروری ہے کہ چونکہ بروشسکی - اردو لغت اردو زبان میں بروشسکی کی پہلی لغت ہے، اس لیے یہ دعویٰ کسی بھی صورت میں نہیں کیا جاسکتا ہے کہ یہ کام ہر لحاظ سے جامع اور مکمل ہے۔ اس زبان کی باریکیوں اور پیچیدگیوں سے لسانیات کے ماہرین بخوبی واقف ہیں اور جب کسی ایسی زبان پر کام کرنا ہو جس میں منظوم ومنثور کتب کی شکل میں تحریری ادب وافر مقدار میں موجود نہ ہو اور نہ ہی لغات کا کوئی سابقہ نمونہ موجود ہو تو یہ کام زیادہ دشوار ہوتا ہے۔ مغرب کے بعض دانشوروں نے اس میدان میں کچھ تحقیقات ضرور کی ہیں، مگر یہ بھی ابتدائی کوششیں ہیں اور ان کے حالیہ کارناموں میں بھی بہت بڑا اشتراکِ علمی بابائے بروشسکی علامہ نصیر ہونزائی ہی کا ہے۔ بنا بریں اس لغات کی تکمیل کے لیے بابائے بروشسکی کی تحقیقات کو ہی بنیاد بنایا گیا ہے ہر چند کہ دوسری تحقیقات کو بھی مدنظر رکھا گیا ہے۔ ان تمام مشکلات اور دشواریوں کی موجودگی میں مقدور بھر کوشش کی گئی ہے کہ اس کام میں لغت کے ضروری لوازمات کا احاطہ ہو، مگر کمی، خامی اور لغزش کا امکان بہر صورت

باقی ہے اس لیے ارباب علم اور خاص طور پر بروشسکی زبان سے تعلق رکھنے والے اور اس کے ساتھ دلچسپی رکھنے والے علماء اور دانشوروں سے التماس ہے کہ اس لغت میں انہیں جو بھی غلطی یا خامی وغیرہ نظر آئے اس سے نہ صرف بروشسکی ریسرچ اکیڈمی کو مطلع فرمائیں بلکہ اس کی اصلاحی صورت بھی تجویز کریں۔ ایسی تمام اصلاحات/تجاویز کا خیر مقدم کیا جائے گا اور انہیں آنے والی جلدوں میں یا کسی ضمیمے کی شکل میں منظر عام پر لایا جائے گا۔

حواشی

۱۔ ''جریدہ'' شمارہ ۲۱، شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ، جامعہ کراچی، ۲۰۰۳۔
۲۔ اَسقُر کِٹے بَسی، ص ۳۰، بروشسکی ریسرچ اکیڈمی، کراچی، ۱۹۹۸۔
۳۔ دیوان نصیری (بُروشسکی)، خانۂ حکمت، حکمت پرنٹنگ پریس کراچی، ۲۰۰۰۔
۴۔ جنگ خصوصی انٹرویو، دانشگاہِ خانۂ حکمت، کراچی، نومبر ۱۹۹۴۔

بروشسکی زبان کی بعض خصوصیات اور بروشسکی لغت

شہناز سلیم ہونزائی

السنۂ اقوامِ عالم قدرت کی عجیب وغریب نشانیوں میں سے ہیں، اور کسی قوم کی زبان کی اہمیت کے بارے میں یہ آیت قابل غور ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَمِن اٰیٰتِہٖ خَلقُ السَّمٰوٰتِ وَ الاَرضِ وَ اختِلافُ اَلسِنَتِکُم وَ اَلوَانِکُم ط اِنَّ فِی ذٰلِکَ لَاٰ یٰتٍ لِّلعٰلِمِینَ ۳۰: ۲۲۔

اوراس کی نشانیوں میں سے ہیں آسمان وزمین کی پیدائش، اور تمہاری بولیوں اور رنگوں کا اختلاف، بے شک جاننے والوں کے لیے ان میں نشانیاں ہیں۔

اس آیۂ کریمہ سے پتہ چلتا ہے کہ ساری زبانیں خدا ہی کی پیدا کردہ ہیں اور مختلف زبانوں کے اختلاف میں دانشمندوں کے لیے نشانیاں ہیں۔
بابائے بروشسکی فرماتے ہیں:

''۔۔۔کسی پس ماندہ بولی پر تمسخر کرنا، یا اسے لغو، مضحکہ خیز اور خالی از حکمت قرار دینا، ان دانشمندوں اور شریفوں کا شیوہ نہیں جنھیں ہر چیز میں خدا کی توانائی دیکھنے کی بصیرت ملی ہے۔ گو کہ قوموں کی لسانی ترقی یا پس ماندگی کا کچھ سطحی فرق بھی نظر آتا ہے لیکن ہر زبان خدا کی پیدا کردہ ہے اور اس میں علم گیری، معنی خیزی، ترقی پذیری اور تعلیم وتفہیم کی اتنی قدرتی صلاحیت موجود ہے جتنی کسی عالمی زبان میں ہوسکتی ہے۔ بہت سی چیزیں ایسی ہیں جن کو خدا نے یکساں طور پر پیدا کر کے دنیا کی مختلف قوموں کو عطا کیا، پھر ان چیزوں کی ترقی وتنزل کا جو فرق وامتیاز پیدا ہوا وہ دراصل ان قوموں کی جدوجہد یا تساہل کے فرق وامتیاز کے سوا کچھ نہیں۔'' [۱]

زبانوں کی اس ربانی تعریف کے پس منظر میں بروشسکی زبان کیسے پیچھے رہ سکتی ہے، اس زبان میں بھی زبردست صلاحیت موجود ہے جس کا ثبوت یہ ہے کہ اس میں حمد خدا، نعتِ رسول، عارفانہ کلام، مجازی شاعری، مزاحیہ ڈرامے سے لے کر سنجیدہ سے سنجیدہ موضوعات مثلاً ترجمۂ قرآن کی اتنی ہی صلاحیت موجود ہے جتنی کہ کسی اور اہم زبان میں، بلکہ اپنی بعض منفرد خوبیوں کی وجہ سے اس زبان میں ادائیگی بہتر ہوسکتی ہے۔

بُروشسکی زبان کی کچھ منفرد خصوصیات

بروشسکی اور دوسری مقامی زبانوں مثلاً وخی، شنا، کھوار وغیرہ میں ایک قدر مشترک یہ ہے کہ ان زبانوں کے حروف تہجی یا ابتدائی لہجوں کی تعداد زیادہ ہے۔ ان زبانوں میں حروفِ علت کا ایک جداگانہ طریقہ ہے جو اردو میں موجود نہیں ہے، مثلاً ان زبانوں میں واوٴ مجہول مقصورہ اور یائے مجہول مقصورہ کا ایک خاص لہجہ ہے جن کو اردو حروفِ علت سے ظاہر نہیں کیا جاسکتا۔ اس کے لیے بابائے بروشسکی نے حرف ''واوٴ'' اور ''یا'' پر ''۲'' کا اضافہ کر کے ان کے صحیح تلفظ کی ادائیگی ممکن بنا دی ہے اور اردو حروف تہجی پر ان اضافی نقاط وعلامات کے بعد اردو رسم الخط میں اب اس زبان کی نوشت وخواند لہجے کی صحت کے ساتھ ممکن ہوگئی ہے۔ [۲]

شمالی علاقہ جات کی دوسری مقامی زبانوں کی طرح بروشسکی بھی ایک کثیر الحروف زبان ہے جس کی وسعت کے بارے میں بابائے بروشسکی فرماتے ہیں:

""علم السنہ کے ماہرین اس حقیقت سے بخوبی واقف ہیں کہ جن اہل زبان کے حروف تہجی یا ابتدائی آوازیں زیادہ ہوں وہ کسی بھی زبان کو اس کے صحیح تلفظ کے ساتھ آسانی سے بول سکتے ہیں، اور جن اہل زبان کے حروف تہجی نسبتاً کم ہوں وہ کسی بھی کثیر الحروف زبان کو اس کے درست لہجے کے ساتھ آسانی سے سیکھ اور بول نہیں سکتے ہیں۔ مثلاً اہل عرب فارسی کے حروف خالص (پ، چ، گ، ے) مشمول الفاظ صحیح تلفظ کے ساتھ نہیں بول سکتے ہیں، اسی طرح اہل فارس اردو کے خالص حروف (ٹ، ڈ، ڑ، تھ، ٹھ، چھ، کھ) کے لہجوں کو بچپن میں مشق کیے بغیر صحیح طور پر ادا نہیں کر سکتے، ہماں گونہ اہل یورپ وغیرہ اردو گفتگو میں جہاں ت، خ، غ، ق، ٹھ، چھ، اور کھ جیسے حروف شامل شدہ الفاظ آجائیں وہاں انہیں ان حروف کی اصلی آواز کی وقت پڑتی ہے اور وہ ان کے قرائن حروف سے مطلب پورا کر لیتے ہیں۔""[3]

""۔۔۔عربی، فارسی، ترکی اور انگریزی وغیرہ کی نسبت اردو ہی کثیر اللہجہ لسان مانی جا سکتی ہے، کیوں کہ اس کی ابتدائی آوازیں یا حروف تہجی مذکورہ زبانوں کے حروف کی نسبت زیادہ ہیں، پھر بھی اردو ان پر حاوی ہو سکتی ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کے اہل زبان ان ساری زبانوں پر آسانی سے حاوی ہو سکتے ہیں، گویا کسی بھی زبان کا تلفظ ان کے لیے رکاوٹ نہیں ڈال سکتا ہے، لیکن پھر بھی اردو بروشسکی زبان کے خالص حروف (ڃ، ځ، ڎ، ڗ، ش، ݣ، ݷ وغیرہ) پر حاوی نہیں ہو سکتی ہے، بلکہ بروشسکی زبان اپنے عجیب الصوت حروف کی زیادتی سے اردو پر حاوی ہے۔""[4]

""اب ہر دانش مند یہ قیاس کر سکتا ہے کہ گلگت، ہونزا اور نگر وغیرہ کی بولیوں میں بظاہر بگاڑ بباطن اصلاح سے جو قدرتی زاید لہجے پیدا ہو گئے ہیں، وہ کتنی اہمیت رکھتے ہیں، وہ دنیا کی ہر بڑی زبان پر حاوی ہو سکتے ہیں، اور اگر اس ملک کی اس زبان (بروشسکی) کی حفاظت نہ ہو سکی تو اس ملک والوں میں وہ ہمہ گیر لہجہ بھی نہ رہے گا جواب ہے، جس کی مدد سے وہ ہر زبان کو اہل زبان کے لہجے کی طرح سیکھ اور بول سکتے ہیں۔""[5]

کسی بھی دوسری زندہ زبان کی طرح بروشسکی زبان کے ارتقاء میں بھی دوسری زبانوں مثلاً فارسی اور سنسکرت وغیرہ کے الفاظ داخل ہو گئے ہیں، یہاں تک کہ اس میں عربی اور عبرانی کے الفاظ بھی پائے جاتے ہیں۔

فارسی زبان سے دخیل الفاظ کی مثالیں: گلاب سے بروشسکی میں غُلاپ (guláap) (گلاب کا پھول)، چراغ سے چِرَق (ĉiráq) (چراغ)، شاباش سے شَبَش (ŝábaṣ) (شاباش)، مبارک باد سے بُمبَرکی (bumbaráki) (مبارکباد) وغیرہ۔[6]

سنسکرت سے دخیل الفاظ کی مثالیں: سوم (چاند) سے سوٚموٚ (sómo) (چاند، دوست، محبوب)، بھاشا سے باش (báaṣ) (زبان)، گرام سے گِرَم (girám) (گاؤں، بستی)، ادت وار سے اَدِت (adít) (اتوار)، شالہ سے شال (ŝáal) (جگہ، علاقہ) وغیرہ۔[7]

اردو سے دخیل الفاظ کی مثالیں: ڈر سے دَر (dar)، بہت سے بُٹ (buṭ)، پھونک سے پُھو (phúu)، بھوت سے پُھت (phuṭ)، بس سے بوٚس (bos)؛ ہندی سے دخیل الفاظ کی مثالیں: وچن سے بَچَن (bacán) (عہد)، سروپ سے سُرُپ (surúp) (خوبصورت، حسین)، ورک سے اُرک (urk) (بھیڑیا)، کُٹی سے گُٹی (guṭí) (غریب خانہ) وغیرہ۔[8]

ترکی سے دخیل الفاظ کی مثالیں: آچا سے آچوٚ (áço) (بڑی بہن)، اکا سے کاکوٚ (kaáko) (بڑا بھائی)، چپان سے چَپَن (ĉapán) (چوغہ) وغیرہ۔[9]

عربی سے دخیل الفاظ کی مثالیں: فخر سے دُفوٚغُرس (dufóguras) (فخر کرنا) کا مصدر بن گیا ہے جس میں 'خ' 'غ' میں تبدیل ہو گیا اور پھر اس مصدر سے مزید کئی الفاظ پیدا ہو گئے۔ غم (اندوہ، رنج، ملال، الم) بھی ضمائر متصل کے ساتھ بروشسکی میں مستعمل ہو گیا جیسے اَغم (ágam)، گوٚغم (gógam)، میغم (mégam) وغیرہ جس میں غم چھپا ہوا ہے۔ اسی طرح بروشسکی کا مین بان ؟ (men

(کون ہیں) (báan) عربی کے من (کون) سے ہے جو کلمۂ استفہام ہے، عربی شیء سے سے (se) (چیز) جیسے اَمِس (ámis) (کون سی چیز)، اِسے (isé) (وہ چیز) اور شکل سے ضمائر متصل کے ساتھ اِشکل یا اِسکل (iskil) (اس کی شکل) وغیرہ۔[10]

بروشسکی زبان میں دخیل الفاظ کی تحقیق کے بارے میں ایک انتہائی عجیب وغریب دریافت اس زبان میں عبرانی زبان کے الفاظ کی موجودگی سے متعلق ہے۔اس کی ایک حیرت انگیز مثال یہ ہے کہ بروشسکی زبان میں ئیلِکنَس (iilikinas) یا اِئیلِکنَس (iilikinas) اگرچہ ایک عام بروشسکی مصدر لگتا ہے مگر اس میں عبرانی زبان کا ایک لفظ چھپا ہوا ہے۔عبرانی زبان میں خدا کو "ئیل" کہتے ہیں جیسے جبرائیل کے معنی ہیں مردِ خدا یا بندۂ خدا، پس اسی ئیل (iil) سے بروشسکی کا لفظ ئیلِکنَس (iilikinas) بنا، جس کے معنی ہیں عبادت، پرستش، تعریف اور اظہار عقیدت مندی۔ بابائے بروشسکی نے اسے ایک بہت ہی عجیب وغریب اور غیر معمولی دریافت قرار دیا ہے۔[11]

بروشسکی زبان میں انگریزی زبان کے دخیل الفاظ کی بھی ایک تعداد ہے۔اس علاقے میں انگریزوں کے تسلط اور وہاں برٹش پولیٹکل ایجنٹ کی تقرری ان الفاظ کو اس زبان میں لانے کا ذریعہ بنا ہے۔اس سلسلے میں علامہ صاحب کی تحقیق کے مطابق پہلا انگریزی لفظ جو داخل زبان ہوا ہے وہ "لیوی" levy ہے جو بروشسکی میں آکر "لِبی" (libi) بن گیا ہے، ابتدائی دخیل انگریزی الفاظ زیادہ تر سکاؤٹس اور آرمی سے متعلق ہیں، بعداً مدرسہ اور اس کے لوازمات وغیرہ بھی شامل ہوتے آئے اور یہ سلسلہ اب تک جاری ہے۔[12]

بروشسکی زبان کی وسعت کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ اس میں کچھ چیزوں کے لیے متعدد اسماء موجود ہیں جیسے بروشسکی میں دوست یا معشوق کے لیے دوست (dóost)، یار (yáar)، یَران (yaráan)، سوَمو (sómo) یا سوَمی (sómi)، شُگلو (śugúlo)، شُلگوئن (śulgúyn)، دِنار (dináar)، دَلتَسو (daltáso)، شُل بَلِکس (śul bálikiṣ)، گری (garí)، مِلی (mili)، اَسے چِرَق (áse ċiráq)، اَسے پَھموَل (áse phamól)، لَعلے کان (láale káan)، مُک (muk)، اَسقُرکُرے بَٹو (asqúriṅe báṭo)، شَکرے چِل (śákare ċhil)، سا (sa)، ھَلَنْدٗ (halánċ)، بُلبُل (bulbúl)، مَیوَن (mayón) وغیرہ۔[13]

اس زبان کی ایک عجیب خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس میں کسی لفظ کے معنی میں زور پیدا کرنے کے لیے اسی لفظ میں کچھ اضافہ کرتے ہیں، مثلاً: تَق ایتَس (taq étas) (توڑنا) سے تَقُم تَق ایتَس (táqum taq étas) (ریزہ ریزہ کرنا) پَھر ایتَس (phar étas) (گھمانا یا پھیرنا) سے پَھرُم پَھر ایتَس (phárum phar étas) (بالکل پھیر دینا یا گھما دینا) وغیرہ۔[14]

بروشسکی حروف میں "ک" تبعیض کے لیے آتا ہے جیسے ھِر (hir) (مرد) واحد ہے جس کی جمع ہِری (hirí) ہے اور ھرِیک (hiríyik) تبعیض ہے یعنی بعض مرد۔[15]

اس زبان میں کچھ الفاظ خیالی ہیں جیسے بَرائی مو مُتھوغُیَک (baráay mo muthóguyaṅ) (زلفِ پری)، پُھتے مَلتَس (phúte maltáṣ)، لگرمتا، پُھتے خَمُلُٹ (phúte qhamúluṭ) ایک قسم کی روٹی وغیرہ۔[16]

اسی طرح اس میں کئی اسماء تاریخی اور جغرافیائی ہیں مثلاً کشمیر کو گیاکو (gyáko) کہتے ہیں اسی مناسبت سے گیاکُم بِرَنْغ (gyákum blránç) (کشمیری توت) اور گیاکُم مَرُچ (gyákum máruċ) یعنی کشمیری مرچ اسی طرح لُٹکُو چُگدَر (luṭkú ċúgudar) کا نام چترال کے لوٹ کوہ سے ہے یعنی لوٹ کوہ کے آڑو، شارُم بالت (śáarum báalt) اور شارُم گِنڈوَر (śáarum gindáwar) کاشغر سے ہیں کیونکہ بروشسکی میں کاشغر کو شہر (śahr) یا شار (śáar) کہتے ہیں، اس طرح دونوں کے معنی بالترتیب کاشغر کے سیب اور کاشغر کے گل سنجد کے ہوں گے۔نیز بَدخشی ھَغُر (badaśi hagúr) (بدخشانی گھوڑا) کا نام اس لیے ایسا ہوا کہ یہ بدخشان سے آیا تھا اور اسی طرح کئی چیزوں کے نام کے نمونے بلتستان سے تعلق رکھتے ہیں جیسے بَلوسکی چَرَک (balóoski ċháraṅ)، بلتستان کے چوکٹ، بلوسکی گلی (balóoski guli) بلتستان کے گری والے سوکھے ہوئے خوبانی وغیرہ۔[17]

اس زبان کی ایک اور منفرد خصوصیت یہ ہے کہ اس میں اسماء بالعموم ضمائر متصل کے ساتھ آتے ہیں۔ ہرچند کہ زبان کی آغوش میں وہ اسماء

ضمائر کے بغیر بھی موجود ہیں مگر ان کا استعمال صرف اور صرف ضمائر متصلہ کے ساتھ ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ہاتھ کہنے کے لیے "رِیک" موجود ہے مگر لفظ کی یہ شکل مستعمل نہیں ہے، بلکہ یہ لفظ سات مختلف ضمائر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ واحد متکلم کے لیے "اَ" جمع متکلم کے لیے "مِ"، واحد حاضر کے لیے "گُ" جمع حاضر کے لیے "اُ" استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً اَرِیک (ariiṅ) (میرا ہاتھ)؛ مَرِیک (mariiṅ) (آپ سب کا ہاتھ)؛ اِرِیک (iriiṅ) (اُس مرد کا ہاتھ)؛ گُرِیک (guriiṅ) (تمہارا ہاتھ)؛ مُرِیک (muriiṅ) (اُس عورت کا ہاتھ)؛ اُرِیک (uriiṅ) (اُن سب کا ہاتھ)۔[18]

جب کہ زیادہ تر اسماء ضمائر متصلہ کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں، ایسی صورت حال میں اگر لغت میں ضمائر کی مذکورہ بالا شکلیں دے دی جائیں (جو ہر مرتبہ یکساں بھی نہیں ہوتیں) اور اسماء (جو زیادہ تر اسی حالت میں استعمال نہیں ہوتے) الگ دے دیے جائیں تو ایک غیر بُرُشو ان دو چیزوں کو ملا کر اس سے ایک بامعنی اور درست کلمہ نہیں بنا سکے گا، اور نہ ہی لغت کے ان الگ الگ الفاظ کو اسی طرح استعمال کر سکے گا۔ بالفرض محال اگر وہ ضمائر متصلہ کی تفصیل کو سمجھ کر ایسی ابتدائی کوشش میں کامیاب بھی ہو جائے تو ضمائر متصلہ کی ایک سے زیادہ صورتوں کے استعمال کی وجہ سے یہ کام ناممکن ہوگا کیوں کہ اسے یہ معلوم نہیں ہوگا کہ ضمائر کی کونسی صورت کس اسم کے ساتھ آئے گی۔ نیز کچھ اسماء یک حرفی ہیں اور ان کو ضمائر کے بغیر استعمال ہی نہیں کیا جا سکتا جیسے "س" بمعنی دل، "ش" بمعنی گردن وغیرہ۔[19]

کچھ اسماء میں ضمائر کے دیگر تمام صیغے استعمال ہوتے ہیں مگر ضمیر واحد غائب ضمیر متصل کے بغیر بھی مستعمل ہے مثلاً سر کے لیے "یَٹِس (yáṭis)" استعمال ہوتا ہے اور میرا سر کہنے کے لیے "اَیَٹِس (ayáṭis)" کہا جاتا ہے اور اسی طرح دیگر تمام صیغوں کے لیے ان کے مقررہ ضمائر آئیں گے مگر اس شخص کا سر کہنے کے لیے صرف "یَٹِس (yáṭis)" کہا جاتا ہے۔[20]

ان مسائل کی وجہ سے قارئین کی آسانی کی خاطر کچھ اسماء ضمیر متصل کے ساتھ لغت میں شامل کیے گئے ہیں جیسے "اِچَھر (ićhár)" اس کی آواز؛ "اُغَت (uqhát)" اُن کا منہ وغیرہ۔ یہ کلمات عام طور پر لغت کے لیے نہیں بلکہ قواعد کی کتابوں کے لیے مخصوص سمجھے جاتے ہیں تاہم ہمیں تشویش یہ تھی کہ اگر ایک غیر بُرُشو قاری اس لغت میں لفظ "آواز" یا لفظ "مُنھ" کو دیکھنا چاہے تو اس کی کچھ اس قسم کے الفاظ سے ملیں گے جیسے "غَت (-qhát)" اور "چَھر (-ćhár)" وغیرہ جو زبان میں اس طرح مستعمل ہی نہیں ہیں۔ اس لیے سوچا گیا کہ اس کے لیے ایسے نمونے لغت میں موجود ہوں جس سے وہ ان الفاظ کا استعمال سمجھ سکے۔ چونکہ ضمیر واحد غائب، جمع غائب اور واحد متکلم کے لیے متصل ضمائر الف ہی سے شروع ہوتے ہیں لہٰذا اس حرف میں اس کی مثالیں زیادہ دی گئی ہیں۔ تاہم یہ نہیں کہا جا سکتا کہ تمام اسماء کے لیے ان ضمائر کی تینوں صورتوں کا یہاں احاطہ کر لیا گیا ہے۔ چونکہ ایسا کرنا ہمارے لیے ممکن نہ تھا، اس لیے یہاں صرف کچھ چیدہ نمونے درج کیے گئے ہیں۔ ضمائر کی تفصیلات اور نمونے علامہ صاحب کی کتابوں میں موجود ہیں۔[21]

اس لغت میں شامل الفاظ کی ایک خاص قسم منفی مصادر ہیں۔ منفی مصادر بھی عام صورتوں میں لغت کا حصہ نہیں سمجھے جاتے مگر بروشسکی زبان میں مصادر کو منفی بنانے کے لیے عام طور پر اَ، او اور اے کا اضافہ کیا جاتا ہے، یہ حرف مصادر سے پہلے لگائے جاتے ہیں جیسے بَلاس (baláas) سے اَپَلَس (apálas)؛ مَناس (manáas) سے اوَمَنَس (oómanas)؛ ہیَرس (héras) سے اووَرَس (oówaras)؛ ایتَس (étas) سے اَییتَس (ayétas) وغیرہ۔ تاہم یہ علامات لگانے سے کچھ مصادر میں بعض حروف بدل جاتے ہیں مثلاً "گ" کی جگہ "ک"، "د" کی جگہ "ت"، "ہ" کی جگہ "و" اور "کھ" اور "ب" کی جگہ "پ" لگ جاتا ہے۔ مثلاً دُمَرَس (dúmaras) سے اَتُمَرَس (atúmaras)، بَلتانَس (baltáanas) سے اَپَلتَنَس (apáltanas)، گارڈس (gáarćas) سے اکارڈس (akáarćas)، ہینَس (hénas) سے اکھینَس (akhénas) وغیرہ۔ چوں کہ بروشسکی میں منفی مصادر کا قاعدہ اردو اور فارسی منفی مصادر (ہونا سے نہ ہونا، اور کردن سے نکردن وغیرہ) کی طرح سادہ نہیں ہے، اس لیے منفی مصادر کے کچھ نمونے بھی لغت کا حصہ بن چکے ہیں تا کہ قارئین اور محققین کو ان کی تلاش کرنے میں کسی قسم کی دقت پیش نہ آئے اور اس کا استعمال سمجھنا بھی آسان ہو۔

حواشی

۱۔ میزان الحقائق، دانشگاہ خانہ حکمت، ۲۰۰۰، کراچی۔

۲۔ بروشسکی جواہر پارے، ص۴ شعبۂ تصنیف وتالیف وترجمہ، جامعۂ کراچی اور بروشسکی ریسرچ اکیڈمی، کراچی، ۲۰۰۵۔

۳۔ ایضاً ص۵۔

۴۔ ایضاً ص۵۔

۵۔ ایضاً ۶۔

۶۔ اسقر کٹے بسی، ص۸۰۔۸۳، بروشسکی ریسرچ اکیڈمی، کراچی، ۱۹۹۸۔

۷۔ ایضاً، ص ۸۷۔۸۹۔

۸۔ ایضاً، ص ۶۹۔۷۹، ۸۴۔۸۶۔

۹۔ ایضاً، ص ۹۰۔۹۲۔

۱۰۔ دیَکرَن، ص۷۔۹، بروشسکی ریسرچ اکیڈمی، کراچی، ۱۹۹۸۔

۱۱۔ ایضاً، ص۷۔

۱۲۔ بابائے بروشسکی کے ایک لیکچر سے ماخوذ۔

۱۳۔ اسقر کٹے بسی، ص ۲۹۔

۱۴۔ ایضاً، ص۱۷۔

۱۵۔ دیَکرن، ص۶۱۔

۱۶۔ اسقر کٹے بسی، ص۱۸۔

۱۷۔ ایضاً، ص۱۹۔۲۰۔

۱۸۔ بُروشوٗ بِرِکِش، ص۶۴۔۷۳، بروشسکی ریسرچ اکیڈمی، ۱۹۹۴۔

۱۹۔ شموٗل بوق، ص۵۳، ۵۸، شعبۂ تصنیف وتالیف وترجمہ و بروشسکی ریسرچ اکیڈمی، ۲۰۰۳۔

۲۰۔ ایضاً، ص۵۳۔

۲۱۔ دیَکرن، ص۷۱۔۷۹۔

لسانیات اور لغت کے مسائل

بروشسکی زبان ولغت کی تحقیق

سید خالد جامعی رعمر حمید ہاشمی

زبانوں کی تاریخ محض بھول بھلیوں میں گم ہوجانے اور مسلسل گم رہنے کی تاریخ ہے جس میں ہر لمحہ نئے موڑ آتے ہیں اور ہر لحظہ قدیم تحقیقات یکسر مسترد کردی جاتی ہیں۔ نئے قیاسات مفروضات قائم کیے جاتے ہیں اور نئے نظریات کے سہارے محقق کا سفر جاری رہتا ہے۔ زبانوں پر ایک زمانہ وہ بھی گزرا جب سنسکرت کو زبانوں کی ماں قرار دیا گیا اور بے شمار زبانوں کے رشتے اسی سے جوڑ دیے گئے حتیٰ کہ سنسکرت شمالی ہند کی تمام زبانوں کی ماں قرار دی گئی اور اردو زبان کو سنسکرت کی بگڑی ہوئی شکل کہا گیا لیکن مولانا ابوالجلال ندوی" [۱،۲،۳]؛ اور ڈاکٹر سہیل بخاری [۴] نے ام الالسنہ کے حوالے سے نت نئے انکشافات کیے، جس کے نتیجے میں ایک ہلچل پیدا ہوئی، یہ ہلچل ابھی علمی حلقوں میں تسلیم نہیں کی گئی مگر ان لہروں نے فکر ونظر کے بعض نئے دریچے روشن کیے۔ ان انکشافات کی بنیاد پر ڈاکٹر خالد حسن قادری نے "اردو کا آغاز اور مولد" کے عنوان سے بعض نئے خیالات پیش کیے [۵]۔

آریاؤں کی آمد پر لسانی نقشہ کیا تھا؟

اب تک تقریباً سبھی نامور علمائے لسانیات ہند کے خیال میں سنسکرت شمالی ہند کی تمام زبانوں کی ماں سمجھی جاتی ہے لیکن ایک سادہ سا سوال جو اکثر اس لیے نہیں پوچھا جاتا کہ اس کا نظرانداز کرنا آسان ہے لیکن اس کا جواب فراہم کرنا مشکل، کہ آریائی قوم نے جب ہندوستان کی سرزمین پر قدم رکھا تو اس وقت ہندوستان کا لسانی نقشہ کیا تھا؟ کیا وہ لوگ جو شمالی ہند کے اس وسیع، زرخیز اور تہذیب یافتہ علاقے میں رہتے تھے اور حملہ آور آریاؤں کے ساتھ جن کا واسطہ پڑا کیا وہ گویائی سے محروم تھے یا ان کی کوئی زبان ہی نہیں تھی؟ اگر ایسا نہیں ہے تو پھر وہ کون سی زبان یا زبانیں تھیں جنھیں وہ استعمال کرتے تھے؟ ظاہر ہے آریاؤں کی آمد سے قبل ہندوستان کے لوگ گونگے

بہرے نہیں تھے۔ ڈاکٹر سہیل بخاری نے تو اس ضمن میں بہت بڑی زقند لگائی ہے اور قدیم ترین زبانوں میں اردو زبان کے الفاظ کو شامل دکھایا ہے جس پر تبصرہ کرتے ہوئے ڈاکٹر شمس الرحمان فاروقی نے لکھا ہے۔

''سب سے پہلی بات یہ کہ اردو زبان کی قدامت کے موضوع پر بلکہ اردو لسانیات کے میدان میں کسی موضوع پر مرحوم ڈاکٹر سہیل بخاری کی کوئی بات معتبر نہیں۔ اور ان کا یہ ارشاد تو واقعی تعجب انگیز ہے کہ اردو کے الفاظ سنسکرت، ویدی سنسکرت اور ژندو پاژند میں موجود ہیں۔ یعنی ڈاکٹر صاحب کے خیال میں مندرجہ بالا زبانیں یا کتابیں اردو کے بعد یا اردو کے ساتھ ساتھ وجود میں آئیں۔ ظاہر ہے کہ یہ بات غلط محض ہے۔ لیکن بنیادی سوال یہ ہے کہ کس لفظ یا الفاظ کو اردو کے لفظ قرار دیا جا سکتا ہے؟ ظاہر ہے کہ اردو میں جو الفاظ غیر زبانوں سے لے لیے گئے ہیں وہ تو ان ہی زبانوں کے ہیں اردو کے نہیں ہیں۔ پھر ہزاروں الفاظ ایسے ہیں جو سنسکرت سے آئے ہیں اور اردو میں آتے آتے یا اردو میں آنے کے بعد ان کی شکل بدل دی گئی ہے۔ مثلاً سنسکرت میں دگدھ [Dugdh] ہے جو اردو میں دودھ ہو گیا اس طرح کے ہزاروں الفاظ ہیں جو اصلاً اردو نہیں ہیں۔ یہ جس زبان سے آئے ہیں وہ زبان اردو سے تقدم زمانی رکھتی ہے یا پھر اردو کے ساتھ ساتھ پیدا ہوئی۔'' [۶]

تاریخی افسانے:

خالد حسن قادری کے خیال میں ''آریاؤں کے ورود کا سال ۱۵۰۰ ق م ہے ویدوں کا زمانہ تقریباً ایک ہزار سال پر محیط فرض کر لیا گیا ہے، آخری وید ''اتھروو وید'' کی تصنیف ۴۰۰ ق م کے آس پاس ہوئی، پہلی وید کی تخلیق ۱۴۰۰ ق م بتائی گئی۔ مگر یہ تمام تاریخیں واضح طور پر محض الل ٹپ نظریات ہیں۔ یہ بھی اندازہ لگایا گیا ہے کہ تقریباً ایک ہزار سال تک یہ وید اور بالخصوص پہلے تین وید ضبطِ تحریر میں نہیں آئے اور رسم الخط کی ایجاد و دریافت سے پہلے تقریباً ایک ہزار سال کی مدت تک یہ تمام وید صرف زبانی اور سماعی روایات کے طور پر منتقل ہوتے رہے۔ [۷]

سنسکرت اصلی نہیں رہی:

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ ویدوں کی زبانوں نے مقامی زبانوں کا گہرا اثر قبول کیا تھا جس کی وجہ سے یہ زبان اُس ایک ہزار سال پہلے والی سنسکرت سے بہت زیادہ مختلف تھی جو حملہ آور آریہ اپنے ساتھ لے کر آئے تھے، سنسکرت کے بہت سے ماہرین اب اس نقطۂ نظر پر متفق ہو چکے ہیں۔ ویدوں کی سنسکرت کے بہت سے اجزاء اس کی ہم ماخذ یورپی زبانوں میں موجود نہیں۔ مثال کے طور پر زبان کے پچھلے حصے سے نکلنے والی آوازا ور الفاظ کی ایک کثیر تعداد جو کہ ویدوں کی سنسکرت میں تو موجود ہے لیکن یورپی شاخ کی دوسری آریائی زبانوں سے غائب ہے۔ [۸] یہ بھی ایک تاریخی حقیقت ہے کہ سنسکرت بغیر رسم الخط کے زبان تھی لہذا ایک ہزار سال تک محض زبانی روایات کے بل بوتے پر اس کا خالص رہنا محال صورت تھی۔

پاننی کی سنسکرت اصل سے مختلف ہے:

پاننی نے جب پشاور میں اپنی لافانی قواعد مرتب کرنا شروع کی تو جس زبان سے وہ واقف تھا وہ حملہ آور آریوں کی اصل زبان سے واقعی مختلف تھی۔ صرف یہی نہیں بلکہ پاننی کی سنسکرت بھی ویدوں کی سنسکرت سے بہت مختلف تھی۔ قواعد کی کچھ شکلیں ایسی بھی ہیں جو رگ وید میں تو ہیں مگر جدید سنسکرت میں ان کا وجود نہیں۔ اس بات کو بھی یاد رکھنا چاہیے کہ سنسکرت کو خود تبدیلیوں کے بے شمار مراحل سے گزرنا پڑا ہے جس کا بالعموم اعتراف نہیں کیا جاتا۔[۹]

آریاؤں کا دیسی زبانوں سے رویہ:

چوں کہ آریہ مفتوح لوگوں کی زبان سمجھنے سے قاصر تھے لہٰذا انھوں نے مفتوحین کی زبانوں کو ''وِبھاشا'' [غیر زبان] یا ''اسُور بھاشا'' [بھوتوں کی زبان] یا پھر ''ناگ وانی'' [ناگ، سانپ اور ناگ قوم کی زبان] کہتے تھے۔ یہ سارے نام ایک بیرونی زبان کو ظاہر کرتے ہیں۔ لفظ بیرونی سے ان کی مراد ایک ایسی زبان تھی جو نا قابلِ فہم ہو، کیوں کہ ان کے نزدیک ان زبانوں میں نہ کوئی ربط تھا نہ منطق اور نہ قابلِ فہم قواعد۔ اسی وجہ سے ان زبانوں کو ''غیر زبان'' [یعنی کوئی زبان نہیں] کا درجہ دیا گیا۔ جیسا کہ ہر مادری زبان بولنے والے کو اپنی زبان معقول، مدوّن اور منظم لگتی ہے، کانوں میں شیرینی گھولتی ہے، اس وجہ سے آریہ بھی اپنی زبان کو خالص، تہذیب یافتہ زبان'' سانسکرت'' اور، دیوتاؤں اور دیویوں کی زبان ''دیواوانی'' [دیوابانی] کہتے تھے۔[۱۰]

اردو ہندی؛ ہند آریائی زبانیں نہیں:

ڈاکٹر خالد حسن قادری نے اس مفروضے کو رد کرتے ہوئے کہ تمام ہند آریائی زبانیں سنسکرت سے نکلی ہیں، لکھا ہے ''اوّلاً مجھے بہ بانگِ دہل یہ کہنا ہے کہ تمام زبانیں سنسکرت سے نہیں نکلی ہیں۔ اُردو اور اس کے ساتھ ہندی اپنے وجود کے لیے سنسکرت کی مطلق محتاج نہیں اور جن معنوں میں ہند آریائی زبانوں کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے، ان معنوں میں اردو اور ہندی ہند آریائی زبانیں بھی نہیں کہی جا سکتیں۔ نیز یہی نظریہ دوسری ہندوستانی زبانوں کا بھی احاطہ کرسکتا ہے جن کی اب تک بغیر حیل وحجت ہند آریائی زبان کے ساتھ گروہ بندی کی جاتی تھی۔''[۱۱]

وادیٔ سندھ کی تہذیب سے سنسکرت کا تعلق:

سب سے پہلے سر الیگزنڈر کننگھم، ڈاکٹر کے پی جیسوال اور رائے بہادر بشن سروپ نے براہمی حروف کی مدد سے موئن جودڑو کی مہروں اور تصویری نشانات کو سنسکرت میں پڑھنے کی کوشش کی۔ ان کا دعویٰ تھا کہ براہمی حروف اور اس کا رسم الخط براہِ راست وادیٔ سندھ کی لکھائی سے ماخوذ ہے۔ اس طرح سنسکرت زبان کا وادیٔ سندھ کی تہذیب سے خاص تعلق قائم کیا گیا جس کا فطری نتیجہ یہی تھا کہ اس تہذیب کا تعلق

ہندومت سے جوڑ دیا جائے۔ فادر ہیراس (Father Rev. H. Heras) نے اپنی کتاب Studies in Proto Indo-Mediterranean Culture (Bombay 1953) میں ثابت کیا کہ مہروں کی اصل زبان دراوڑی دور سے پہلے کی زبان (Proto-Dravidian) ہے اور اسی سے ہندوستان کی تمام دراوڑی زبانیں نکلی ہیں۔ آریاؤں کی آمد کے بعد درواڑیوں نے ہندومت اختیار کر لیا تھا لہٰذا اس نقطہ نظر سے بھی وادیٔ سندھ کے لوگوں کا تعلق ہندو دھرم سے قائم کیا جا سکتا ہے۔

بنارس ہندو یونیورسٹی کے محقق اور مشہور ماہرِ آثارِ قدیمہ ڈاکٹر پران ناتھ نے اپنے دو مضامین میں جو Indian Historical Quarterly Vol.VII & VIII (Calcutta 1931-32) اور روزنامہ پائنیر Pioneer (Lucknow 1957), Feb. 03, 10, 17, 24, March 03, 10, 17, 24, اور April 07 میں شائع ہوئے۔ وادیٔ سندھ کے لوگوں کو ہندومت سے وابستہ قرار دیا۔ ان کے دو معرکہ آراء مضامین کے عنوانات درج ذیل ہیں:

1- The Scripts on the Indus valley seals. (Quarterly)

2- Decipherment of Mohenjodaro and Harappa Inscriptions. (Pioneer)

ان مضامین میں وادیٔ سندھ کی تہذیب کو ہندو تہذیب ثابت کرنے کی کوشش کی گئی۔ ان کی تحقیقات کا خلاصہ درجِ ذیل ہے:

۱۔ وادیٔ سندھ کا رسم الخط ''الف بائی'' ہے۔ اس کے حروف کا علم سندھی نشانات کا تجزیہ کرنے سے حاصل ہوتا ہے جو براہمی حروف سے مشابہت رکھتے ہیں۔

۲۔ مہروں پر دیوی اور دیوتاؤں کے نام پائے جاتے ہیں۔

۳۔ بعض دیوی دیوتاؤں کا تعلق سومیری قوم سے ہے اور بعض ہندوستان کی ''پورانک'' روایات اور تانترک مذہب سے تعلق رکھتے ہیں۔

۴۔ ہڑپہ موئن جو دڑو کے تین بڑے راجا تھے: شورسین، نر اور ہری۔

۵۔ ہندوستانی روایات میں انھیں سوراشٹر (گجرات) کے راجا ظاہر کیا گیا ہے۔

۶۔ ان راجاؤں کا زمانہ دو ہزار سات سو پچاس قبل مسیح تھا۔ ان کی زبردست حکومت ہندوستان سے لے کر بحیرہ روم کے ساحل تک پھیلی تھی۔

۷۔ بعض مہروں پر ''شِو جی''، ''گوشنکر'' لکھا ہوا ملتا ہے اور بعض پر سومیریہ کے کش (Kish) اور مشہور حکمران سارگون کے نام پائے جاتے ہیں۔

۸۔ ہندوستانی روایات کا ''شورسین'' ہی عراق میں سارگون کہلاتا تھا۔

۹۔ سومیری لوگ آریہ تھے اور سارگون بھی آریہ تھا۔ وادیٔ سندھ کے خط کا تعلق ان علامات سے ہے جو جنوبی ہند کے مٹی کے تابوتوں پر پائی جاتی ہیں۔

ڈاکٹر پران ناتھ کا یہ دعویٰ کہ سومیری لوگ آریہ تھے اور سارگون (شورسین) آریہ تھا، عجیب و غریب ہے۔ یہ دعویٰ خود اپنی تردید ہے۔ شورسین سنسکرت کا لفظ ہے اور یہ وہ گروہ ہے جو کمتر ذات سے تعلق رکھتا تھا اور اشور قوم کے ساتھ مل کر دیوؤں سے جنگیں کیا کرتا تھا۔ ہندومت میں سب سے کم تر طبقہ شودر (اکشودر) ہے۔ یہ سنسکرت کا لفظ ہے جس کے لفظی معنی ''لاوجود'' (Non-existent) کے ہیں۔ یعنی ایسی چیز جس کی کوئی حقیقت نہ ہو، یا اس کی کوئی حیثیت نہ ہو یا اس کا کوئی وجود نہ ہو، اسی وجہ سے کائنات جہاں کچھ بھی نہ ہو اس کے لیے بھی سنسکرت کا یہی لفظ ''اکشونیہ'' استعمال کیا جاتا ہے اور ''اکشونیہ'' لفظ صفر کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

حیرت انگیز بات یہ ہے کہ شورسین قوم ہندوستان میں تو اتنی ذلیل و حقیر ہے کہ اگر اس کے کان میں ویدوں کے اشلوک چلے جائیں تو آریہ یا براہمن ان کے کانوں میں پگھلا ہوا سیسہ ڈال دیتے ہیں اور اگر اشرافیہ کے کسی کنویں سے یہ لوگ پانی پی لیں تو وہ کنواں ناپاک ہو جاتا ہے اور اگر برہمن کو چھولیں تو اذیت ناک سزا کے مستحق ہوتے ہیں۔

لیکن یہی نیچ، کمتر، حقیر و فقیر ''شورسین'' دنیا کی عظیم الشان تہذیب کے شہر کش کی تخت نشینی کے وارث قرار پاتے ہیں۔ آریہ (سنسکرت زبان بولنے والے) شورسینی زبان کو پراکرت یا وِبھاشا کا درجہ دے کر حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ یہ اپنی زبان کو سنسکرت کہتے ہیں جس کا مطلب ہے ''تہذیب یافتہ''۔ پراکرت اور وِبھاشا سنسکرت کے لفظ ہیں جس کے معنی ''قدرتی'' یا ''خودرو'' اور وِبھاشا کے معنی ''نہیں زبان'' کے ہیں۔ اسی طرح دیگر مقامی زبانوں کو بھی جو غیر سنسکرت تھیں، یا آریاؤں کی زبانیں نہ تھیں، انھیں ناگ بانی، ناگ بھاشا اور اشور بھاشا کہا جاتا تھا۔ جس کا مطلب سنسکرت زبان میں ناگوں کی زبان یا اشور (خراب) لوگوں کی زبان ہے۔ دنیا میں کوئی ایسا مذہب اور کوئی ایسی الہامی تہذیب نہیں ہے جہاں نہ صرف یہ کہ دوسروں کو ذلیل سمجھا جائے۔ انسانوں کو طبقات میں تقسیم کیا جائے۔ ان کی زبانوں کو زبان ماننے سے انکار کر دیا جائے اور اسے سانپوں کی زبان کہا جائے بلکہ علی الاعلان اس کا اعتراف بھی کیا جائے نہ صرف غیر مذہب اور غیر زبان کے لوگوں سے حقارت آمیز رویہ رکھا جائے بلکہ اپنے ہم مذہب لوگوں کو بھی شودر اور شورسین سمجھا اور کہا جائے۔

سنسکرت زبان والوں اور ہندو مذہب کے پیروکاروں کا دوسری زبانوں سے تحقیر آمیز رویہ تاریخ میں اپنی نوعیت کا پہلا رویہ نہیں، مختلف اقوام تاریخی طور پر ان رویوں کا شکار ہو چکے ہیں مثلاً یہودی اپنے آپ کو ''اللہ کی

محبوب ترین قوم ظاہر کرتے ہیں، اور اسی بنیاد پر نجات اور جنت کا حقدار صرف اپنے آپ کو سمجھتے ہیں، اسی روپے کے نتیجے میں ان کے یہاں نسل پرستی پیدا ہوئی تا کہ خدا سے محبت، آخرت میں کامیابی اور جنت کا حصول صرف اور صرف ان کی قوم کے لیے خاص ہو جائے۔ لہٰذا ان کے یہاں تبلیغ کا کوئی تصور نہیں، جو یہودی نسل میں پیدائش سے محروم رہا وہ دائمی طور پر جنت سے بھی محروم رہے گا۔

قرآن نے اسی نسل پرستی کی مذمت کی اور یہودیوں سے فرمایا ''اگر تم سچے ہو تو موت کی تمنا کیوں نہیں کرتے''۔ وجہ یہ ہے کہ ''اللہ کی یہ محبوب قوم'' اپنے ادعاء کے باوجود موت سے بہت ڈرتی تھی جب کہ موت قرب الٰہی کا ذریعہ ہے پھر اپنے محبوب حقیقی سے دوری کے کیا معنی۔ قرآن نے اپنے معجزانہ اسلوب میں یہود کی دنیاداری پر زبردست طنز کیا ہے۔

اہل عرب بھی رسول اکرمؐ کی آمد سے قبل پوری دنیا کو عجم یعنی گونگا کہتے تھے اور دنیا کی تمام زبانوں کو اسی حقارت سے دیکھتے تھے جس حقارت سے سنسکرت زبان والے دوسری زبانوں کو دیکھتے اور پکارتے تھے لیکن رسول اکرمؐ نے خطبہ حجتہ الوداع میں اہلِ عرب کے اس ادعاء اور قومی افتخار کو ریزہ ریزہ کر دیا جب آپؐ نے یہ فرمایا کہ کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر کوئی فوقیت حاصل نہیں۔ اللہ کے نزدیک وہی بہتر ہے جو تقویٰ میں سب سے بہتر ہے۔

ڈاکٹر پران ناتھ کا دعویٰ کہ ہندو مت وادیٔ سندھ کا دھرم تھا اہمیت کا حامل ہے خصوصاً انھوں نے گجرات کے ہندو راجاؤں کی حکومت کا ذکر کیا ہے یہ ایک تاریخی حکومت تھی۔ گجرات میں صنعت وحرفت کی عالی شان ترقی کے بارے میں تاریخ تفصیل سے بیان کرتی ہے۔ گجرات کی تاریخ اکتشافات، ایجادات و کمالات کی تاریخ ہے حتیٰ کہ وہاں مغل دور اور اس سے پہلے بھی کاغذ کی صنعت کے شواہد ملتے ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس خطے پر کسی زبردست تہذیب کا سایہ ماضی میں رہا ہے۔ یہ سایہ وادیٔ سندھ کی تہذیب کے سوا کوئی اور سایہ نہیں ہو سکتا۔ لیکن مولانا ابوالجلالؒ ندوی اس تہذیب کو مذہب ابراہیمؑ سے ملاتے ہیں۔ اور ڈاکٹر پران ناتھ اسے ہندو مذہب کا مظہر قرار دیتے ہیں۔ ہڑپہ وموئن جودڑو سے ایک عالی شان مجسمہ بھی دریافت ہوا ہے جس نے احرام کی طرح کا لباس زیب تن کر رکھا ہے جو ابراہیمی مذہب کی یادگار ہے اور مسلمان آج بھی سنتِ ابراہیمی کی پیروی میں حج وعمرے کے دوران احرام یعنی غیر سلا کپڑا ملبوس کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ مذہب ابراہیمی کا لباس حج وعمرہ احرام پہننے والا مجسمہ سازی اور بت گری کیسے کرسکتا ہے؟ حضرت ابراہیمؑ نے تو آذر ونمرود کے بتوں کو ریزہ ریزہ کر دیا تھا۔

ابوالجلالؒ ندوی کا یہ دعویٰ درست ہو سکتا ہے کہ ہڑپہ وموئن جودڑو والے حضرت ابراہیمؑ کی ملت میں شامل تھے لیکن یہ ممکن ہے کہ وقت گزرنے کے ساتھ ان میں شرک کے آثار پیدا ہو گئے ہوں جس طرح

کہ بنی اسرائیل میں حضرت موسیٰؑ اور حضرت ہارونؑ کی موجودگی کے باوجود گوسالہ پرستی کا مرض بڑی شدت سے پیدا ہوا اور انبیاء کی رحلت کے بعد بنی اسرائیل میں دیگر امراض مثلاً قوم پرستی نسل پرستی بھی مذہبی رویہ بن گئے۔ لہٰذا اس بات پر تحقیق کی ضرورت ہے کہ ہڑپہ وموئن جودڑو میں آباد ملت ابراہیمی کے لوگوں نے توحید سے شرک کا سفر کب شروع کیا اور اس شرک کو مجسمے اور بت کی صورت اختیار کرنے کے باوجود وادیٔ سندھ کے لوگوں نے حضرت ابراہیمؑ کے لباس ''احرام'' کو ترک کیوں نہیں کیا؟ ہڑپہ، موئن جودڑو، کوٹ ڈیجی، ڈیرہ اسماعیل خان، چولستان اور مہر گڑھ کی کھدائیوں سے ابھی تک کوئی مندر برآمد نہیں ہوا۔ لہٰذا سوال یہ ہے کہ مندروں کے بغیر وادیٔ سندھ کی تہذیب کا تعلق ہندومت سے کیسے جوڑ دیا جائے؟ البتہ موئن جودڑو میں ایسا کمرہ دریافت ہوا ہے جس کے بارے میں خیال ظاہر کیا گیا ہے کہ یہ عبادت کے لیے استعمال ہوتا تھا۔ اس لیے ڈاکٹر پران کے دعویٰ کی تحقیق مختلف پہلوؤں سے ضروری ہے۔

تاریخ بتاتی ہے اور قرآنِ کریم کی امثال اس کی تصدیق بھی کرتی ہیں کہ مشرکانہ افکار رکھنے والی قوموں اور ان کے بعض طبقات میں بھی توحید کی کچھ نہ کچھ علامتیں باقی رہتی ہیں۔ نیز یہ کہ پیغمبروں کے پیروکاروں میں بھی الہامی کتابوں میں تحریف کے بعد شرک کے زبردست آثار ومظاہر پیدا ہوجاتے ہیں۔ یہودیوں اور عیسائیوں کی تاریخ اس سلسلے میں تفصیلات بیان کرتی ہیں، لہٰذا ڈاکٹر پران ناتھ کا دعویٰ درست بھی ہو تب بھی ابوالجلالؒ ندوی کا یہ دعویٰ بھی بالکل درست ہے کہ وادیٔ سندھ کے لوگ ملتِ ابراہیمی سے تعلق رکھتے تھے۔ ابوالجلالؒ کے پہلے دعویٰ کا تعلق اسلام کے دور سے ہے اور دوسرے دعویٰ کا تعلق جو ہندومت سے متعلق ڈاکٹر ناتھ کا ہے لازماً شرک کے دور سے ہے لہٰذا دونوں دعودں میں مطابقت تلاش کی جاسکتی ہے اور یہی اس مسئلے کا مناسب حل ہے۔

مولانا ابوالجلالؒ ندوی نے اپنے مضمون ''فن کتابت'' میں یہ موقف اختیار کیا ہے کہ مہروں کو پڑھنے سے معلوم ہوجائے گا کہ وادیٔ سندھ کے قدیم باشندے عربوں کے ہم نسل اور ہم زبان تھے۔ وہ نہ دراوڑی تھے اور نہ ہی پروٹو انڈو یورپین تھے۔ قدمائے سندھ دیس تھا عربوں کا جو کہ اپنے زمانے میں ماروت کہلاتے تھے۔ جنوبی عرب، جنوبی عراق، جنوبی فارس، بلوچستان، سندھ، پنجاب اور ایک حصہ راجستھان کا ۲۰۰۰ء تا ۳۰۰۰ء قبل مسیح قوم ماروت کا دیس تھا جہاں عربی جیسی زبان بولی اور لکھی جاتی تھی۔ یہاں کے باشندے ''ادیوا'' تھے یعنی کسی نبی یا دیوتا کے قائل نہ تھے۔ وہ الا اللہ کے بغیر یا الا اللہ کے ساتھ لا الہ کے قائل تھے۔ (جریدہ شمارہ ۲۳ صفحہ ۱۰۲)

دوسری جانب مولانا ابوالجلالؒ ندوی کا ایک مختلف موقف جو جریدے کے شمارہ ۲۳ صفحہ ۴۵ پر ''ابوالجلالؒ آثار و افکار'' کے زیرعنوان شامل ہے۔ اس کے مطابق ''سندھ کی قدیم قبریں قبلہ رخ ہیں۔

بلوچستان میں ہردنامی پہاڑی پر ایک نقش بنا ہوا ہے اس نقش کے بالکل سامنے ایک قبر ہے جو اس لیے نہیں کھودی گئی کہ یہ مسلمان کی قبر ہے۔ قدیم زمانے کی جتنی قبریں ملی ہیں وہ سب مسلمانوں جیسی ہیں۔ ان کا رخ کعبے کی جانب ہے یہاں کے لوگ ملت ابراہیمی کے قائل تھے۔ ہم نے ایک مہر میں ''حقہ'' ایک شخص کا نام پڑھا ہے۔ ان لوگوں کا عقیدہ تحریر ہی سے نہیں بلکہ بنی ہوئی تصویر سے بھی ثابت ہوا''۔

مولانا ابوالجلالؒ کے ان دونوں بیانات میں ہمیں کوئی تضاد محسوس نہیں ہوتا چوں کہ تاریخ اس طرح کے معاملات میں تطابق کی بہت سی مثالیں پیش کرتی ہے۔ وادیٔ سندھ کی تہذیب حضرت ابراہیمؑ کی آمد سے پہلے کی تہذیب تھی اور حضرت ابراہیمؑ کی آمد سے پہلے بھی انبیاء کی آمد کا سلسلہ کائنات میں جاری و ساری رہا۔ ممکن ہے کہ سندھ کی طرف کوئی پیغمبر تشریف نہ لائے ہوں لیکن پیغمبروں کی تعلیمات کے اثرات جس طرح حضورؐ کی آمد سے پہلے مشرکین عرب کے کچھ طبقات میں اور اہل کتاب میں موجود تھے اسی طرح وادیٔ سندھ کے لوگوں میں بھی وحدانیت کے افکار و عقائد یقیناً موجود رہے ہوں گے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اولاد ابراہیمؑ کی اسماعیلی شاخ میں ڈھائی ہزار سال کے بعد تشریف لائے اس طویل مدت میں عرب کے لوگ مشرک بھی ہوئے اور جو اہل کتاب تھے وہ بھی شرک کی آمیزش سے بچ نہ سکے لیکن سیرت النبیؐ کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ حضورؐ کے اعلان نبوت سے قبل مکہ مکرمہ میں ایسے بہت لوگ تھے جو شرک اور بت پرستی سے بھی بے زار تھے اور اہل کتاب کے محروف دین سے بھی دل برداشتہ تھے۔ یہ لوگ صحراؤں میں جاکر اللہ کو پکارتے تھے اور شرک اور بت پرستی کی تمام روایتوں سے بے زاری کا اظہار کرتے تھے۔ حضورؐ نے ان کو حنفاء کہا۔ اس مثال کو سامنے رکھتے ہوئے ہم مولانا ابوالجلالؒ ندوی کے اس تحقیق و تجزیہ پر آتے ہیں کہ یہاں کے باشندے ''ادیوا'' تھے تو اس کا مطلب یہی ہے کہ وہ کسی دیوتا کو مانتے نہ تھے اور کسی نبی کے قائل اس لیے نہیں تھے کہ کوئی نبی ان کے یہاں نہیں آیا تھا اس کے باوجود وہ اللہ کی وحدانیت کے قائل تھے، جس طرح حضور اکرم کے اعلان نبوت سے پہلے عرب میں حنفاء کا طبقہ موجود تھا جو حضرت ابراہیمؑ کے دین حنیف سے وابستہ تھے۔

لیکن حضرت ابراہیمؑ کی آمد کے بعد وادیٔ سندھ کے ادیوا باشندوں نے جو توحید کے علمبردار اور شرک سے آلودہ نہ تھے انھوں نے حضرت ابراہیمؑ کے دین حنیف کو اختیار کرلیا ہوگا۔ اس تطبیق سے ہماری رائے میں مولانا کی دونوں تحقیقات میں کوئی تضاد باقی نہیں رہتا۔

جہاں تک ڈاکٹر ناتھ کے دعویٰ کا تعلق ہے اس کی توجیہہ بھی یہ ہوسکتی ہے کہ ''ادیوا'' نے پہلے دین حنیف اختیار کیا یا دین حنیف سے پہلے ہندومت اختیار کیا لیکن ان کا زوال اسی لیے ہوا کہ وہ اپنے آپ کو بہت کچھ سمجھنے لگے تھے۔

ہڑپہ اور موئن جودڑو کی کھدائی کے دوران ایک ایسے بڑے مکان کا نشان ضرور ملتا ہے جس کو کہا جاسکتا ہے کہ وہ مرکزی عبادت گاہ ہوگی۔ لیکن یہ نہیں کہا جاسکتا کہ موئن جودڑو کی گلی کوچوں میں مندر یا معبد خانے ہوں گے کیوں کہ ایسی عمارتوں کی نشان دہی اب تک نہیں ہوسکی۔

وادیٔ سندھ سے برآمد ہونے والی مہروں پر کندہ نشانات کی تعداد مختلف ماہرینِ آثارِ قدیمہ نے مختلف بتائی ہے اور اپنے ذاتی مشاہدات، تاثرات اور تجربات کے مطابق ان نقوش کی تعداد ہر ماہرینِ آثار قدیمہ کے یہاں مختلف ہے۔

جی آر ہنٹر (G.R. Hunter) نے اپنی کتاب The Script of Harappa and Mohenjodaro and its connection with other scripts (London 1934) میں ان نقوش کی تعداد ۲۵۳ ظاہر کی۔

اسٹوارٹ پیگاٹ (Piggot) نے اپنی کتاب Pre-Historic India (Pelican Series 1950) میں نقوش کی تعداد چار سو بیان کی ہے اس کے برعکس پروفیسر اسٹیفن لینگڈن نے ۲۸۸، سی جے گیڈ اور سڈنی اسمتھ نے ۳۹۶ بتائی۔

آسکر پرپولا نے دو ہزار نقوش پڑھنے کا دعویٰ کیا ہے۔

سرجان مارشل نے اپنی کتاب Mohenjodaro and the Indus Civilization Vol.III (London 1931) میں موئن جودڑو کی ۵۰۰ مہروں کی تصاویر شائع کیں۔

مادھو سروپ وتس نے اپنی کتاب Excavation at Harappa Vol.II (Calcutta 1940) میں ہڑپہ کی تقریباً ۹۰۰ مہروں کے نقوش سے بحث کی۔ ایک اور ہندوستانی محقق نے وتس اور مارشل کی ۱۴۰۰ مہروں کے مطالعے کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا کہ وادیٔ سندھ کے رسم الخط میں کام آنے والے نشانات کی تعداد تقریباً ۵۰۷ ہے۔ بعض محققین کے مطابق ان نشانات میں بیش تر ایک ہی نشان کی بدلی ہوئی صورتیں ہیں۔ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ وادیٔ سندھ کے رسم الخط پر مشتمل کوئی کتبہ ماہرینِ آثار قدیمہ کو دستیاب نہیں ہوسکا۔ کچھ ماہرین کی رائے ہے کہ یہ نقوش براہمی اور دیوناگری کی ماتروں (اعراب) کے مماثل ہیں لیکن یہ محض بیان ہے، اس کے لیے نقوش سے کوئی استدلال نہیں کیا گیا۔ دنیا میں جتنے بھی رسم الخط پائے جاتے ہیں وہ عموماً دائیں سے بائیں یا بائیں سے دائیں لکھے جاتے ہیں یا چینی اور جاپانی خط جو اوپر سے نیچے لکھے جاتے ہیں، لیکن موئن جودڑو سے برآمد ہونے والی مہروں میں رسم الخط عموماً دائیں سے بائیں لکھا گیا ہے۔ لیکن ایسی مہریں بھی ملی ہیں جن پر خط بائیں سے دائیں لکھا گیا ہے اور بعض مہروں پر دونوں طرف سے تحریر لکھی گئی ہے یعنی ایک لکیر دائیں سے بائیں کو اور دوسری بائیں سے دائیں کو۔ اس طرزِ نگارش کو

A.S.C Ross نے اپنی کتاب The Numeral-Signs of the Mohejodero Script میں کہا ہے اور یہ یونانی کا لفظ ہے جس کے معنی Ross کے مطابق ''جیسے بیل ہل (Rous Trophedon) چلاتا ہے'' ہیں۔ ہیروغلافی رسم الخط کو اس رخ پڑھا جاتا تھا جس رخ پر تصویریں کندہ کی جاتی تھیں۔ اس لیے بعض ماہرینِ آثار قدیمہ کی رائے میں موئن جودڑو کا خط ہیروغلافی، سومیری رسم الخط سے مماثل ہے۔ لہٰذا موئن جودڑو کی مہروں پر کندہ تصویری عبارت اسی رخ سے پڑھی جانی چاہیے جس رخ پر تصویر ہے۔ بعض اور ماہرین نے اس خط کی مماثلت اس دور میں پائے جانے والے دیگر رسم الخط سے ثابت کرنے کی کوشش بھی کی، کسی نے اسے Proto-Dravidian قبل از دراوڑی رسم الخط قرار دیا۔ اگر ان تمام بیانات کو درست تسلیم کرلیا جائے تو یہ بات نمایاں ہوتی ہے کہ وادیٔ سندھ کا رسم الخط اس عہد کے تمام رسم الخط کا مخزن بن گیا تھا اور اس عہد میں موجود تمام اقسام کے رسم خطوط کا احاطہ کر رہا تھا تا کہ دنیا میں موجود تمام زبانیں پڑھنے والے اس خط سے استفادہ کر سکیں۔ سندھ کی تجارتی اشیاء دور دور تک جاتی تھیں لہٰذا وادیٔ سندھ کے خط کو دائیں خط والے، بائیں خط والے اور تصویروں کے خط والے بھی پڑھ سکتے ہوں گے۔ ماہرین کے مطابق وادیٔ سندھ کا رسم الخط ایلم، موجودہ خوزستان یا جنوبی ایران کے رسم الخط سے زیادہ مشابہہ تھا۔ اس خط (سندھی) کی سومیری رسم الخط سے بھی کچھ نہ کچھ مماثلت ہے لیکن وادیٔ سندھ کی مہروں پر پائی جانے والی انسانی تصاویر، سومیری اور ایلمی تصاویر سے بالکل مختلف ہیں اور ماہرین کے مطابق ان تصاویر کی بناوٹ کا اسلوب مصری ہیروغلافی خط سے ملتا جلتا ہے۔ بعض ماہرین نے وادیٔ سندھ کے رسم الخط اور کریٹ (Crete) کے رسم الخط میں مماثلت ظاہر کی ہے۔ مشہور ماہرِ آثارِ قدیمہ B.Hrozny نے اپنی کتاب Ancient History of Western Asia, India and Crete (Prague, Czechoslovakia) میں اپنی تحقیقات کا رخ اس سمت مرکوز کیا ہے کہ ہڑپہ کی مہروں پر پائے جانے والے نشانات اور حتی (Hittite) قوم کے تصویری رسم الخط کے درمیان کافی مشابہت تلاش کی جاسکتی ہے۔ پروفیسر لینگڈن نے اشوک کے زمانے کے براہمی رسم الخط کو سندھی رسم الخط سے ماخوذ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ وادیٔ سندھ کے رسم الخط میں اس دور کے تمام اہم رسم الخط سے پائی جانے والی مماثلت، مشابہت اور مطابقت ایک حیرت انگیز بات ہے جس پر تحقیق کی ضرورت ہے۔ ہماری رائے میں وادیٔ سندھ کا رسم الخط انتہائی زرخیز اور گہرا رسم الخط تھا جس کے اندر یہ صلاحیت موجود تھی کہ وہ اس عہد کے تمام مروجہ رسم الخط کو اپنے دامن میں سمو کر ایک ایسا رسم الخط پیش کرنے کے قابل ہوا جو دنیا کی تمام اقوام کے لیے قابل فہم تھا۔ اس نقطہ نظر کو اگر درست تسلیم کرلیا جائے تو سنسکرت زبان جو ابھی تک ام السنہ کہلاتی ہے اس اعزاز و اقبال سے محروم ہو جاتی ہے۔ اس لیے مولانا ابوالجلالؒ کا یہ دعویٰ قرین قیاس نظر آتا ہے کہ دنیا کے تمام رسم الخط وادیٔ

سندھ کے رسم الخط سے برآمد ہوئے اور دنیا کی تمام تر زبانوں کے حروفِ تہجی کا سلسلہ آخر کار وادیٔ سندھ پر جا کر مل جاتا ہے۔ وادیٔ سندھ کی زبان عربی کی ابتدائی شکل تھی اور عربی زبان ہی دنیا کی فطری زبان ہے۔

وادیٔ سندھ کے رسم الخط کی بحث میں ایک دلچسپ اور منفرد نقطۂ نظر ڈاکٹر ہنٹر کا ہے۔ ڈاکٹر ہنٹر نے وادیٔ سندھ کے رسم الخط میں پائے جانے والے نشانات کا جنوبی عرب کے حمیری اور سبائی خط، فنیقی خط اور قبرصی خط سے گہرا تقابل کرنے کے بعد یہ ثابت کرنے کی کوشش کی تھی کہ ان تمام خطوط کا منبع اور ماخذ وادیٔ سندھ کا رسم الخط ہے لیکن اس نظریے کو محض اس بنیاد پر مسترد کرنے کی کوشش کی گئی کہ سندھ کی لکھائی سبائی اور فنیقی رسم الخط کے وجود میں آنے سے کم از کم دو ہزار سال پہلے فنا ہو چکی تھی لیکن یہ استدلال ہمارے لیے قابلِ قبول نہیں ہے کیوں کہ سنسکرت زبان جو دنیا کی اعلیٰ ترین زبان سمجھی جاتی ہے اس کا اپنا کوئی رسم الخط نہیں تھا اور اس نے دراوڑیوں کے رسم الخط ''گرنتھا'' کو اختیار کیا۔ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ دراوڑی، آریاؤں کے ہاتھوں ذلت، رسوائی، تباہی و بربادی کا عذاب سہنے کے بعد دور دراز خطوں اور پہاڑوں میں روپوش ہو گئے۔ ان کی زبان کا کوئی کتبہ مخطوطہ یا آثار یا مہریں دستیاب نہیں اس کے باوجود ان کا رسم الخط محفوظ رہا اور ان کا رسم الخط آریاؤں کو سنسکرت کے لیے اختیار کرنا پڑا۔ سنسکرت زبان کی قواعد موجود ہے۔ اس کی لغت بھی دستیاب ہے مگر اس کے بولنے والے ختم ہو چکے ہیں۔ دراوڑیوں کی نسل ابھی تک موجود ہے لیکن ان کے اصول و قواعد زبان و لغت کے منتشر اجزاء تو مل جاتے ہیں لیکن سنسکرت کی طرح منظم اور مربوط صورت میں نہیں ملتے۔ لہٰذا کسی تہذیب کے فنا ہو جانے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اس تہذیب سے متعلق ہر چیز فنا ہو چکی ہو۔ فنا مقامی ہوتی ہے مثلاً ہڑپہ اور موئن جو دڑو پر عذابِ الٰہی نازل ہوا اور قرآن کی زبان میں ''بستیوں کو الٹ دیا گیا تلپٹ کر دیا گیا'' لیکن ان بستیوں سے اٹھنے والی تہذیب، جنم لینے والی زبان، برآمد کی جانے والی مصنوعات اس تہذیب کی خصوصیات اور کمالات کو لے کر دنیا کے تمام خطوں میں پہنچ چکی تھیں اور وہاں پر وہ تمام چیزیں محفوظ رہیں کیوں کہ عرب عجم کی ان تہذیبوں پر اللہ تعالیٰ کا عذاب نازل نہیں ہوا اور وہاں کی بستیاں تباہی و بربادی سے محفوظ رہیں لہٰذا انھوں نے وادیٔ سندھ کی تہذیب کے بہت سے نشانات کو لازماً محفوظ رکھا اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ ۱۹ویں صدی میں جب عراق میں بڑے پیمانے پر آثارِ قدیمہ کی کھدائی ہوئی تو وادیٔ سندھ کی مہریں اور نشانات وہاں سے برآمد ہوئے۔ فہرست ابن ندیم جو چوتھی صدی ہجری کی کتاب ہے اس کے مصنف محمد بن اسحاق کے پہلے مقالے میں وادیٔ سندھ کے رسم الخط کے چار نمونے دیے گئے ہیں۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ وادیٔ سندھ کا رسم الخط چوتھی صدی ہجری میں زندہ تھا اور دنیائے عرب کے اندر معروف و مشہور تھا جب کہ مارشل کا دعویٰ ہے کہ اس نے ۱۹۲۰ء میں کھدائی کے بعد اس رسم الخط کی مہریں دریافت کیں۔ لہٰذا ابن ندیم نے مارشل سے آٹھ سو برس قبل اس خط کا ذکر کیا جس سے

معلوم ہوتا ہے کہ چوتھی صدی ہجری میں یہ خط مستعمل تھا۔

وادیٔ سندھ کی تہذیب اپنے عہد کی غالب ترین اور طاقتور ترین تہذیب معلوم ہوتی ہے۔ اس تہذیب کی چکا چوند، چمک دمک، ثقافتی اور جمالیاتی کمالات جو مصنوعات کے ذریعے اپنا اظہار کر رہے تھے دنیا کے تمام خطوں تک پہنچے حتیٰ کہ جزیرہ ایسٹر کی لکھائی کی بعض علامتیں اور نشانات D.E. Hevesy کے مطابق وادیٔ سندھ سے ملتے جلتے ہیں۔ جزیرہ ایسٹر وادیٔ سندھ سے ہزاروں میل کے فاصلے پر بحرالکاہل میں واقع ہے۔ جزیرہ ایسٹر کا رسم الخط ۱۸ویں صدی کے اختتام تک موجود تھا۔ سوال یہ ہے کہ پانچ ہزار سال قبل مٹ جانے والے سندھ کے رسم الخط کی علامتیں جزیرہ ایسٹر میں کیسے موجود تھیں؟ اس سے بھی اہم ترین سوال یہ ہے کہ چوتھی صدی ہجری کی فہرست ابن ندیم میں وادیٔ سندھ کے رسم الخط کے نمونے زندہ رسم الخط کے طور پر کیسے درج ہوئے؟ پروفیسر ڈاکٹر ایل اے وڈل Waddel نے اپنی کتاب The Indo-Sumerian Seals Decipher (London 1925) میں وادیٔ سندھ کی مہروں کو سومیری رسم الخط ثابت کرنے کی کوشش کی اور وادیٔ سندھ کو سومیری نوآبادی ظاہر کیا۔[۱۲]

موہنجوڑو کی زبان کا سنسکرت سے تعلق:

مارشل نے ۱۹۲۵ء میں سندھی مہروں کا معائنہ کر کے ثابت کیا کہ یہ مہریں جس تمدن کا نشان ہیں اس کی قدامت عراق کے ''اکادی دور'' تک پہنچتی ہے۔ المیہ یہ ہے کہ ان مہروں کو ابھی تک اسی لیے نہیں پڑھا جاسکا کہ پڑھنے والوں نے جان بوجھ کر عربی، عبرانی اور سامی زبانوں سے اس کے تعلق کو جوڑنے کی دانستہ کوشش نہیں کی، تاکہ اس تہذیب کا رشتہ الہامی مذہب پر یقین رکھنے والی تہذیب سے جڑ نہ جائے۔ سندھی مہروں کا سنسکرت سے موازانہ کیا گیا لیکن عربی سے نہیں تاکہ سندو ہند کا تعلق ظاہر نہ ہوسکے۔

سندھی رسم الخط پر تحقیق کرنے والے محققین وتس (Vats)، روس (Ross) پرپولا (Parpola)، جی وی الیکسیو (G.V. Alekseeve) اس طرز تحریر کو بہت پیچیدہ بتاتے ہیں۔ لیکن بیشتر محققین آثار قدیمہ ان تحریروں کو بائیں طرف سے پڑھتے ہیں تاکہ عرب وسندھ کے مابین کوئی رشتہ قائم نہ کیا جاسکے اور تحقیق کے دوران سندھی نوشتوں کی تحریروں کی قرأت عربی وعبرانی زبانوں میں نہ کی جائے۔ یہ رویہ محض تعصب، بغض اور عداوت کا شاخسانہ ہے۔

برعظیم پاک و ہند کے ممتاز محقق اور آثار قدیمہ وتاریخ کے عالم مولانا ابوالجلال ندویؒ[۱۳] اور ڈاکٹر خالد حسن قادری[۱۴،۱۵] کا موقف ہے کہ قدیم سندھی نوشتوں کی تحریریں عربی کی ابتدائی شکل ہیں۔

اس دعوے کی دلیل میں ایک موقف یہ ہے کہ ہندوستان کی کسی قوم کو بیرونی کہنا محض خیالی بات ہے۔ ایک زمانے میں آریا لوگ بھی بدیشی تھے ان سے پہلے دراوڑی لوگ تھے۔ یہ بھی باہر سے ہی آئے تھے۔

مارشل نے یہ ثابت کیا کہ سندھی نوشتوں اور مہروں کی زبان تحریر جو کچھ بھی ہو، سنسکرت یا کوئی آریائی زبان نہیں ہوسکتی کیوں کہ یہ تمدن ہندوستان میں آریوں کی آمد سے مدتوں پہلے کی چیز ہے۔ انھوں نے گمان غالب یہ ظاہر کیا کہ ''یہ زبان'' دراوڑی'' زبانوں میں سے کوئی ایک ہوتو باعث تعجب نہیں۔

سندھ اور ہند کے رسم الخط:

سندھی مہروں کے نقوش کی قرأت کرتے ہوئے مارشل نے بعض نقوش کو سبائی رسم الخط کے حروف ف، ت، ح، س، ر قرار دیا جب کہ وہ سبائی رسم الخط سے واقف نہ تھے۔ حیرت انگیز بات یہ تھی کہ ہندوستانی تاریخ دانوں اور آثار قدیمہ کے ماہرین نے سندھی رسم الخط کے اشباہ و نظائر پر بحث کرتے ہوئے ایشیائے کوچک کے ''متانی'' رسم الخط، مصر کے ''ہیروغلافی'' رسم الخط، براہمی نقوش اور سندھی رسم الخط کا تقابل کیا چین سے نقوش حاصل کیے۔ پیسفک کے جزائر ایسٹر کے نقوش سے اس کا موازنہ کیا مگر دریائے سندھ جس سمندر میں گرتا ہے اس کے دوسرے ساحل پر موجود رسم الخط جو اس زمانہ سے جسے سندھی ثقافت کا آخری زمانہ کہا جاسکتا ہے جو ظہور اسلام کے زمانے تک رائج تھا اس کا نام تک لینا گوارا نہ کیا۔ حالاں کہ اس رسم الخط کا نام ''مسند'' ہے۔ ''سند'' ''اسناد'' اور ''مسند'' میں وہی رابطہ ہے جو عرب، اعراب اور معرب میں ہے۔ [۱۶]

ایمے لنا اور ایمے سل زبانیں اور سندھ:

سندھی مہروں اور دوسری سندھی چیزوں کا عراق و عیلام میں پایا جانا سندھ اور عراق کے مابین گہرے رابطے کا پتہ دیتا ہے۔ اس رابطے کو محض تجارتی رابطہ تسلیم کیا گیا ہے لیکن کیا حقیقتاً یہ رابطہ ایسا ہی تھا؟ کیا رابطے کی دوسری شکلیں ممکن نہ تھیں۔ سوسا میں جو مہر پائی گئی ہے سرجان مارشل نے اس کا زمانہ اٹھائیسویں صدی قبل مسیح قرار دیا ہے۔ ''کش'' میں جو مہر پائی گئی ہے وہ ایک مندر کے کمرے کی بنیاد سے ملی۔ اس بنیاد کا نام شمسو ایلونا ہے۔ شمسو ایلونا نے ۲۰۸۰ سے ۲۰۴۲ ق م میں حکومت کی تھی۔ یہ مہریں بتاتی ہیں کہ ۲۷۵۰ ق م سے ۲۰۵۰ ق م تک سندھ اور عراق کے درمیان آمد و رفت رہی ہے۔ یہ زمانہ عراق کے اندر سومیریوں کے زوال اور سامیوں کے عروج کا زمانہ ہے۔ ان دنوں عراق میں دو زبانیں بولی جاتی تھیں [۱] ایمے لنا [مردانہ زبان] تورانی زبان جسے سومیری مرد بولتے تھے۔ [۲] ایمے سل [زنانہ زبان] سومیریوں کی عورتوں کی زبان سامی لوگ یہ زبان بولتے تھے۔ یہ زبان عربی، عبرانی اور حبشی کی ہم نسل مگر تورانی آمیز تھی۔ اہل سندھ کا ان دونوں زبانوں سے واسطہ تھا۔ ان میں سے ایک زبان وہ لازماً جانتے تھے اور اپنے وطن سندھ میں ان میں سے ایک زبان لازماً بولتے اور لکھتے تھے۔

عراق و سندھ کے روابط:

مغرب اور مشرق کے تمام محققین اور ماہرین آثار قدیمہ نے سندھی تہذیب کے نقوش کریدنے،

اس کے رسم الخط کی تاریخیت تلاش کرنے کے لیے ویدوں، آریاؤں، دراوڑیوں عراق کے سومیریوں کا بار بار ذکر کیا اور ان سے وادیٔ سندھی کے رسم الخط دو دیگر امور کا تقابلی مطالعہ بھی کیا۔ لیکن شمسو ایلونا کی قوم اور اس کی زبان یعنی کلدانی عربوں کی موجودگی کے تصور تک سے اپنا اپنا دامن فکر بچایا ہے حالاں کہ سندھی مہریں ''ایسے سل'' بولنے والوں ہی کی یادگاروں میں پائی گئی ہیں۔ عراق میں جس کثرت سے سندھی نوادرات ملے ہیں اس کے مقابلے میں سندھ میں عراقی نوادرات برائے نام ہی ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اہل سندھ کثرت سے عراق گئے ہیں، اہل عراق سندھ میں کم کم آئے ہیں، سندھ میں سومیری رسم الخط کی ایک بھی تحریر نہیں ملی لیکن سندھی رسم الخط کی تحریریں عراق میں کافی تعداد میں ملی ہیں۔ [۱۷]

ڈاکٹر الکن (Allchin) نے موہنجودوڑ کی جن سات مہروں پر تحقیق کی ہے اس کے مطابق ہڑپا اور موئن جودڑو میں جو اشارے تجارتی اغراض کے لیے استعمال کیے جاتے تھے وہی بہت معمولی فرق کے ساتھ سیمیریا میں بھی استعمال ہوتے تھے۔ عیلا ی (Elamite) اور سندھی طرز تحریر کے تقابلی جائزے کے بعد فا کنشائن (Fankishitne)، میرگی (Meriggi) نے بتایا کہ کئی عیلا می کتبے اعداد اور میزانی اکائیوں سے متعلق ہیں۔ ماہرین کے مطابق سندھ میں مروج طرز تحریر حسابی تھا جو اعیلا می طرز تحریر کا اختصاص ہے۔

''موئن جودڑو کے رسم الخط کا رشتہ قدیم عبرانی اور عربی زبانوں سے ملتا ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وادیٔ سندھ کی اس تہذیب کا دوسرے انبیاء کی امتوں اور مسلم تہذیب سے گہرا تعلق ہے۔ [۱۸] اس موقف کی مزید وضاحت مولانا ابوالجلال ندوی کی ایک غیر مطبوعہ تحریر میں ملتی ہے جو درج ذیل ہے۔ یہ تحریر مولانا ابوالکلام آزادؒ کے سیکریٹری اجمل صاحب، رزاق ملیح آبادی اور مولانا ندویؒ کے درمیان ہے۔

دنیا کی تمام زبانوں کیا بجد ہڑپا کے نوشتوں میں:

''اجمل صاحب نے پوچھا اب تک آپ نے کیا ثابت کیا ہے؟ کیا ثابت کرنا چاہتے ہیں؟ میں نے کہا جو ثابت کرنا چاہتا ہوں وہ کچھ اور ہے لیکن جو ثابت کر چکا ہوں وہ صرف تین باتیں ہیں [۱] وادیٔ سندھ کی زبان تحریر نہ ہی سنسکرت ہے نہ درواڑی ہے بلکہ شمسو ایلونا اور سدوم کی زبان ہے یعنی چار پانچ ہزار برس پہلے کی عربی زبان۔ [۲] چین کو چھوڑ کر براہمی، سبائی، حجازی، ثمودی، سینائی، مصری، فنیقی، یونانی، لاتینی، رومن اور حد تو یہ ہے ہماری اردو اور دیوناگری تک کی ابجدوں کا سلسلہ نسب ہڑپا کے نوشتوں سے جا ملتا ہے۔ [۳] سندھی نقوش تین طرح کے ہیں [الف] تصاویر اشیاء [ب] تصاویر اشیاء کی بدلی صورتیں جو رموز افکار یعنی آئیڈیا گراف بن گئیں۔ [ج] چین کے سوا جو میرے لیے نامعلوم ہے تمام ابجدوں جیسے نقوش۔ جو ثابت کرنا چاہتا ہوں ممکن ہے ثابت کرسکوں ممکن ہے ثابت نہ کرسکوں۔

دنیا کی تمام قوموں نے سندھ سے لکھنا پڑھنا سیکھا:

اجمل صاحب نے پوچھا وہ کیا ہے؟ میں نے کہا کہ وادیٔ سندھ میں پہلے عرب بستے تھے پھر یہاں سے وہ عرب میں جا بسے۔ عراق کے وہ باشندے جو عربی فنیقی زبان بولتے تھے جس کا قرآنی نام قوم ابراہیم ہے، تمام بنوسام کے اسلاف کا ابتدائی وطن وادیٔ سندھ میں تھا۔ بنوقحطان، بنواسماعیل، بنواسرائیل سب کے مشترک مورثوں کا وطن ہڑپا اور موئن جودڑو اور آس پاس تھا۔ مرحوم بھائی عبدالرزاق ملیح آبادی نے کہا اس باؤلے پن کا جواب نہیں، عربوں اور عبرانیوں کے مشترک مورث اور سندھ میں آباد۔ اجمل خان نے کہا ''نامعلوم کو ہمیشہ باؤلوں ہی نے معلوم کیا ہے۔ اگر اتنا ہی ثابت ہو جائے کہ تمام قوموں کو لکھنا پڑھنا سندھ والوں نے سمجھایا تو یہی کافی ہے''۔

سندھی رسم الخط: اصل ماخذ

مولانا نے عرب سندھ و ہند کے روابط پر داد تحقیق دینے کے ساتھ ساتھ وادیٔ سندھ سے ملنے والی دو ہزار مہروں کی قرأت کی اور عبرانی و عربی کے ذریعے اس تحریر کو پڑھ لیا۔ ان کا موقف تھا کہ وادیٔ سندھ میں جو زبان اور رسم الخط رائج تھا وہ عربی کی انتہائی ابتدائی شکل ہے اور عرب سندھ سے عرب گئے تھے۔ ان کا یہ دعویٰ اگر مزید براہین و آثار سے موکد ہو جائے تو زبانوں کی تاریخ پر اب تک ہونے والا تمام تحقیقی کام ازسرنو نظر ثانی کا محتاج ہوگا اور مغربی ماہرین کی بہت سی تحقیقات معرض خطر میں پڑ جائیں گی۔ بالفاظ دیگر ہمیں یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ سندھ کی تہذیب رسم الخط اور زبان دنیا بھر کی تہذیبوں، زبانوں اور رسم الخط کا اصل ماخذ معدن مخزن اور سرچشمہ ہے کیوں کہ ابھی تک وادیٔ سندھ سے قدیم کسی تہذیب کے آثار قدیمہ دریافت نہیں ہو سکے۔

یہ دعویٰ کہ چین کو چھوڑ کر براہمی، سبائی حجازی، ثمودی، سینائی، مصری، فنیقی، یونانی، لاطینی، رومن، اردو، اور دیوناگری تک کی ابجدوں کا سلسلہ نسب ہڑپا کے نوشتوں سے جا ملتا ہے بہت بڑا دعویٰ ہے اور اس کے لیے مزید تحقیقات ضروری ہیں۔ اس دعویٰ کو اگر تفصیل سے واضح کر دیا جائے تو لامحالہ یہ بات تسلیم کرنا پڑے گی کہ وادیٔ سندھ کی تہذیب و تمدن کا دوسرے انبیاء کی امتوں اور مسلم تہذیب سے گہرا تعلق تھا۔ مسلم تہذیب کی اصطلاح سے ہم لوگ عموماً خاتم المعصومینؐ کے دور کا تصور کرتے ہیں جب کہ اس کائنات کے پہلے انسان ابوالبشر حضرت آدمؑ تھے جو اللہ کے پیغمبر تھے۔ پیغمبروں کا یہ سلسلہ دنیا کے تمام خطوں میں صدیوں تک جاری و ساری رہا اور خاتم النبیینؐ کے وصال کے ساتھ ہی یہ سلسلہ منقطع ہو گیا لہٰذا اسلام کائنات کے آغاز کے ساتھ ہی روئے زمین کا مذہب تھا اس کی دلیل قرآن کریم کی آیات ہیں جو کسی تاریخی حوالے کی محتاج نہیں۔

مولانا ابوالجلال ندوی کی تحقیق کے مطابق چوں کہ تمام تہذیبوں اور رسم الخط کا اصل مرکز سندھ ہے۔اس نتیجے کو اگر مغرب تسلیم کرے تو اسے اپنے اس نظریے سے دستبردار ہونا پڑے گا کہ انسان نے دور ظلمات میں آنکھیں کھولیں اور جہالت سے آغاز کیا اور رفتہ رفتہ ترقی کی منازل طے کیں۔

کائنات وانسان کے آغاز وارتقاء سے متعلق مشرقی مغربی مفکرین کے یہ فلسفے قرآن کی روشنی میں ناقابل قبول ہیں کہ کائنات کا آغاز اندھیرے، لاعلمی، جہالت وحشیانہ طرز زندگی اور جاہلیت کے گہوارے میں ہوا، لیکن رفتہ رفتہ انسان نے تجربات، مشاہدات، حادثات اور واقعات سے سبق سیکھتے سیکھتے عہد بہ عہد ارتقاء کی منزلیں طے کیں جس کے نتیجے میں زبانیں، تہذیبیں، تمدن اور مذاہب وجود میں آئے۔ اس تحقیق کا دوسرا مطلب قرآن کریم کی بے شمار آیات کا انکار ہے جس میں خالق کائنات نے فرمایا کہ ہم نے انسان کو روشنی اور صراط مستقیم اور احسن تقویم کے ساتھ زمین پر بھیجا۔ یہ بات رفتہ رفتہ ثابت ہو رہی ہے کہ تمام زبانیں ایک ہی آب وگل سے ڈھل کر نکلی ہیں کیوں کہ کائنات کے پہلے انسان ایک پیغمبر تھے اور پیغمبر زبان اور کتاب کے بغیر ظہور نہیں فرماتے۔ جب کائنات کا آغاز روشنی، کتاب، رسالت کے ساتھ ہوا تو تہذیب وتمدن کے ارتقاء پذیر ہونے کے لیے صدیوں منتظر رہنے کی ضرورت نہیں ہے۔

کائنات کی پہلی زبان ایک تھی:

عہد نامہ عتیق کے باب پیدائش میں درج ہے ''خداوند نے کہا دیکھو یہ لوگ سب ایک ہیں اور ان سبھوں کی زبان ایک ہی زبان ہے، وہ جو یہ کرنے لگے ہیں تو اب کچھ بھی جس کا وہ ارادہ کریں ان سے وہ باقی نہ چھوٹے گا، سو آؤ ہم وہاں جا کر ان کی زبان میں اختلاف ڈالیں تا کہ وہ ایک دوسرے کی بات نہ سمجھ سکیں، پس خداوند نے ان کو وہاں سے تمام روئے زمین پر پراگندہ کیا''۔[عہد نامہ عتیق: باب پیدائش]

باب پیدائش کی آیات یہ بتاتی ہیں کہ کائنات کا آغاز ہوا تو کائنات کی زبان ایک ہی تھی۔ کائنات کے پہلے انسان آدمؑ حواؑ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندے اور پیغمبر تھے جن سے نسل انسانی کا آغاز ہوا، تاریخ اور الکتاب بتاتی ہے کہ پیغمبر زبان اور کتاب کے بغیر ظہور نہیں فرماتے۔ جب کائنات کا آغاز روشنی، کتاب اور رسالت کے سائے میں ہوا تو یہ کیسے ممکن تھا کہ روئے زمین پر پیغمبر اور پیغمبر کے گھرانے والے طلاقت لسانی سے محروم ہوں اور اشاروں کنایوں میں گفتگو کرتے ہوں اور اشاروں، کنایوں میں بات چیت کا یہ سلسلہ صدیوں تک جاری وساری رہا ہو۔

زبانوں کی تخلیق کا نظریہ:

زبانوں پر کام کرنے والے تمام مغربی ومشرقی ماہرین بھی اسی نقطۂ نظر کے قائل ہیں کہ زبان کی ابتداء اشاروں سے ہوئی پھر اچانک کسی خاص صورت یا واقعے کے باعث انسان کے منہ سے بے ساختہ کوئی

لفظ نکل آیا اور پھر یہی لفظ مستعمل ہوگیا۔ مثلاً انسان نے اوزار لکڑی پر مارا تو کٹ کی آواز نکلی اور انگریزی میں کٹ (Cut)، اردو میں کٹ اور عربی میں قطع اسی بے ساختہ پکار کی یادگار ہے۔

زبانوں کے بڑے حصے کا ماخذ: منہ کے اشارے

اس نقطۂ نظر کا بانی [کہ زبان کی ابتداء اشاروں سے ہوئی] فرانس کا محقق موسیو دی کیمپلن (M.D.Camplen) ہے۔ اس نے ۱۷۹۲ء میں اپنی تحقیقات کے نتائج زبان کے میکانکی پہلو کے نام سے شائع کیے، اسی مسلک کے ایک اور محقق ڈاکٹر رے (Dr. Ray) ہونولولو نے ۱۸۶۲ء میں چودہ ہزار الفاظ کی جانچ پڑتال کے بعد اپنی کتاب میں تحقیق کا حاصل یہ بتایا کہ ''بولے جانے والے الفاظ کی قدیم ترین صورت محض کسی سرزد ہونے والے فعل کا چربہ تھی، جس میں ہونٹ زبان اور منہ کے ذریعے کسی شے یا فعل کی نقل اتارنے کی کوشش کی گئی تھی قدیم ترین زبان صرف ایک رکنی لفظ پر مشتمل تھی جس سے قوت، شکل یا حرکت کا اظہار کیا جاتا تھا۔

اس نقطۂ نظر کی سائنسی توجیہہ چارلس ڈارون کے مد مقابل الفریڈ رسل ولس (Alfred Russel Willis) نے ۱۸۹۵ء میں ایک رسالے میں تحریر کی اور جبڑوں کی اوپر نیچے فطری حرکت کو انسانی زبان کی تخلیق کا سب سے بڑا ذریعہ قرار دیا۔

زبان سے متعلق اشاراتی نظریے کو آئس لینڈ یونیورسٹی کے سابق چانسلر پروفیسر الیگزینڈر جانسن (Alexander Johnnesson) نے وزنی دلائل سے موکد کرنے کی کوشش کی، انھوں نے لکھا کہ ''آئس لینڈ کی زبان کے بیس ہزار الفاظ اور آریائی ماخذ کی زبانوں کے تقریباً ڈھائی ہزار الفاظ کے گہرے مطالعے کے بعد میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ زبان کے ایک بڑے حصے کا ماخذ منہ کے وہ اشارے ہیں جن میں کوئی فعل سرانجام دیتے وقت ہاتھ کی حرکات وسکنات کی نقل کرنے کی کوشش کی گئی ہوگی۔''

مغربی ماہرین لسانیات کی یہ تحقیقات صرف ان کے عالمانہ خیالات، خوبصورت تصورات اور مفروضات کے سوا کچھ بھی نہیں ان نظریات کو جانچنے پرکھنے کا کوئی پیمانہ ابھی تک ایجاد نہیں ہوا۔ سائنسی طریقے سے بھی ان افکار کی کوئی مدلل تشریح وتوثیق نہیں ہوسکی اور بالفرض اگر مستقبل میں سائنسی تجربات سے ان کو ثابت بھی کر دیا جائے تب بھی ان تجربات کی حیثیت محض تجربات کی رہے گی اور سائنس کا دعویٰ یہ ہے کہ وہ ہر لحہ ارتقاء پذیر ہے، آج جو اس کا نقطۂ نظر ہے کل یقیناً وہ نہیں رہے گا، اس سے بہتر نقطۂ نظر آسکتا ہے، کیوں کہ وہ نظریہ ارتقاء پر یقین رکھتی ہے اور ارتقاء کا عمل جاری وساری ہے۔ سائنس کے نتائج حتمی، قطعی اور حرف آخر نہیں، وہ لحظہ بہ لحظہ اپنے نتائج بدلتی رہتی ہے، وہ جامد، ساکت شے نہیں۔ اس کی طبیعت میں موجود بے قراری، سیماب صفتی اس کے ارتقاء، ترقی، عروج، کمال اور اقبال مندی کا اصل سبب ہے۔

لہٰذا کسی سائنسی نظریے پر عارضی توقف تو کیا جا سکتا ہے، حتمی اعتماد نہیں۔ ہر زمانے کا اپنا منہاج علم ہوتا ہے۔ انسان ماورائے زمان و مکاں نہیں لہٰذا اس کا منہاج بھی اس عہد کے نظریات، افکار، تجربات، تاریخ، تہذیب و تمدن، مذہب، روحانیت اور مابعد الطبیعات کے دام سے بلند نہیں ہو سکتا۔ انسان کی یہی محدودیت اسے پروردگار عالم کی لامحدودیت کا اقرار کرنے پر مجبور کرتی ہے اور اسی اقرار کے باعث انسان ''وحی الٰہی'' اور الہام کو اپنی زندگی اور کائنات کے لیے ناقابل انکار حقیقت سمجھ کر اپنے رب کے حضور بے ساختہ سجدہ ریز ہو جاتا ہے۔

کیا انسان بے زبان مخلوق تھا؟

قدیم محققین کا یہ مفروضہ کہ انسان نے کائنات میں سفرِ زندگی کا آغاز گونگے پن سے شروع کیا، وہ بولنے کی صلاحیت تو رکھتا تھا لیکن اس کے رب نے اس کو کوئی زبان عطا نہیں کی تھی لہٰذا بولنے کی فطری اور حقیقی خواہش و ضرورت کے باوجود یہ بے زبان مخلوق قرن ہا قرن تک ایک دوسرے سے کلام کرنے کے لیے محض اشاروں، کنایوں اور سمندر جیسی پرسکوت خامشی پر انحصار کرتی رہی۔

جانوروں کی زبانیں ازل سے:

یہ ماہرین اس پہلو پر دانستہ تحقیق کرنے سے قاصر رہے کہ کیا خداوند عالم نے انسان کے ساتھ ساتھ جانوروں کو بھی قوت گویائی سے محروم رکھا تھا یا نہیں اور جانوروں نے کب کس طرح گفتگو کا فن ایجاد کیا۔ ان کی بولیوں کا ارتقاء کب کیسے اور کس قرن میں ہوا؟ بہت سے محققین یہ بات تسلیم کر لیں گے کہ جانور ابتدائے آفرینش سے ہی بولتے تھے ان کی زبان کو حروف، الفاظ اور جملوں سے کوئی سروکار نہ تھا۔ زبان کے آغاز ارتقاء اور اختلاف سے ان کو کوئی علاقہ نہ تھا۔ یہ عجیب بات ہے کہ جسے پہلے دن سے بولنا چاہیے تھا وہ صدیوں تک بولنے کی کوشش کرتا رہا تب جا کر کامیاب ہوا اور جس کا خاموش رہنا ہی بہتر تھا وہ ابتدائے آفرینش سے اپنی اپنی بولیاں بول رہے ہیں اور آج تک گرم گفتاری کا مظاہرہ کر رہے ہیں اور گفتار کے اس سفر میں ارتقاء کا کوئی پہلو ابھی تک دریافت نہیں کیا جا سکا۔

آدم اول اور علم الاسماء:

اشاراتی زبان کے ارتقاء سے متعلق ماہرین کے مفروضات کو تسلیم کرنے کا مطلب یہ ہے کہ خالقِ ارض و سماء نے اپنی بے زبان مخلوق [جانوروں] کو روز ازل ہی لسان عطا کر دی تھی۔ مگر ''حیوان ناطق'' کو زبان سے دانستہ محروم رکھا۔ وہ آدمؑ جسے فرشتوں سے سجدہ کرایا گیا اور قرآن نے انسان فرشتوں پر فضیلت کا سبب ''آدمؑ کا اسماء جاننا'' یعنی ''علم'' قرار دیا تو کیا آدمؑ نے وہ اسماء بغیر زبان کے ادا کر دیے تھے؟

قرآن کریم اور احادیث رسول کریم ﷺ میں قصہ آدمؑ کی جو تفصیلات بیان ہوئی ہیں، اس میں واضح طور پر بتایا گیا ہے کہ انسان اول، ابوالبشر آدمؑ اور حواؑ، طلاقت لسانی کے حامل تھے۔ جنت میں اللہ رب العزت اور شیطان سے ان کی گفتگو اور شجر ممنوعہ کو چکھ لینے کے بعد آدمؑ وحواؑ کے کلماتِ ندامت، ایک مکمل زبان کی بشارت دیتے ہیں جو فصاحت و بلاغت کا شاہکار ہے۔ مگر قرآن ہمیں یہ نہیں بتاتا کہ ان کی زبان عربی تھی یا کوئی اور زبان۔ قرآن کا اسلوب اختصار ہے وہ تفصیلات سے گریز کرتا ہے۔ تفصیل وہاں بیان کرتا ہے جہاں اس کا بیان ضروری ہو اور ایسے مقامات بہت زیادہ نہیں ہیں۔

آدم وحواء کی توبہ: دعائیہ الفاظ

آدمؑ وحواؑ کو جب جنت سے نکلنے کا حکم دیا گیا تو اللہ نے انہیں توبہ کا طریقہ بھی بتایا اور توبہ کی آیات قرآن کریم میں قیامت تک کے لیے درج کر دی گئیں تا کہ اللہ کے بندے قیامت تک آدم کے لب و لہجے میں اپنے ربّ کے حضور معذرت پیش کریں، اس سے مغفرت طلب کریں اور اس عہد کو یاد کریں جو آدمؑ اور آدمؑ کے ربّ کے درمیان ہوا تھا۔ قرآن کریم میں پیدائش آدمؑ سے لے کر زمین پر آدمؑ کی آمد تک کی تمام تفصیلات ''لسان مبین'' میں بیان کی گئی ہیں۔ آدمؑ وحواؑ کے کلماتِ معذرت زبان پر ان کی قدرت ظاہر کرتے ہیں۔

قال ربنا ظلمنا انفسنا و ان لم تغفر لنا و ترحمنا لنکونن من الخسرین

اے ربّ ہم نے اپنے آپ پر ستم کیا اب اگر تو نے درگزر نہ فرمایا اور رحم نہ کیا تو ہم یقیناً خسارہ پانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔

ان فصیح و بلیغ کلمات کو آدمؑ وحواؑ نے کیا محض اشاروں کے ذریعے ادا کیا؟ یہ تصور ہی مضحکہ خیز ہے۔ قرآن بتاتا ہے کہ کائنات کے ربّ نے اس کائنات کا آغاز علم کتاب اور رسالت سے کیا۔ پیغمبر نور کے پیامبر ہوتے ہیں اور نور کا تصور علم کے بغیر ممکن نہیں اور علم، کتاب کے بغیر ناممکن ہے لہٰذا اس کائنات میں انسان نے پورے شعور، ادراک اور زبان و بیان کی اعلیٰ ترین صلاحیت کے ساتھ آنکھ کھولی۔ قصہ ہابیل و قابیل جو اولاد آدمؑ سے متعلق ہے، اس میں دونوں بھائیوں کے مابین گفتگو کے کلمات بتاتے ہیں کہ نسل آدمؑ قوت لسانی پر قادر تھی اور اشاراتی زبان بھی سمجھتی تھی کیوں کہ کوے کی حرکات سے تدفین کا طریقہ آدمؑ کے بیٹے نے بخوبی سمجھ لیا تھا۔

تخلیق آدم: بہترین ساخت پر

یہ بات بھی قابل غور ہے کہ اگر کوئی شخص بول نہ سکے تو اس کے سننے کی صلاحیت بھی ختم ہو جاتی ہے اسی لیے گونگا بہرا (Deaf & Dumb) کی اصطلاحات توام ہیں۔ اگر انسان صدیوں تک بول نہ سکا تو یقیناً وہ قوت سماعت سے بھی محروم رہ گیا ہوگا گویا آغاز کائنات کے وقت تمام انسان معذور پیدا کیے گئے۔ جب کہ قرآن

بتاتا ہے۔

''ہم نے انسانوں کو نک سک سے درست کر کے پیدا کیا''۔

''ہم نے انسان کو بہترین طریقے [احسن تقویم] پر پیدا کیا۔

جس ربّ کو انسان کے ظاہری حسن تک کا خیال رہا ہو، وہ اس بات سے کیسے غافل رہ سکتا ہے کہ اس کے بندے جانوروں سے بدتر حالت میں رہیں اور آپس میں گفتگو نہ کر سکیں ''حیوان ناطق'' کی اصطلاح غالباً ارتقاء کے بعد ہی قابل عمل ہوئی ہوگی۔ حالاں کہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ انسان روز ازل سے ہی ''حیوان ناطق'' ہے۔

تخلیق آدم سے ہبوط آدم تک کا قصہ:

تخلیق آدمؑ سے ہبوط آدمؑ تک کی تفصیلات قرآن کریم میں درج ہیں۔

''میں زمین میں ایک خلیفہ بنانے والا ہوں۔ فرشتوں نے عرض کیا، کیا آپ زمین میں ایسے خلیفہ کو مقرر کر رہے ہیں جو اس کے انتظام کو بگاڑ دے گا اور خوں ریزی کرے گا۔ فرمایا، جو کچھ میں جانتا ہوں وہ تم نہیں جانتے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے آدمؑ کو ساری چیزوں کے نام سکھائے پھر انھیں فرشتوں کے سامنے پیش کیا اور فرمایا اگر تمہارا خیال صحیح ہے تو ان چیزوں کے نام بتاؤ! تو انھوں نے عرض کیا، نقص سے پاک تو آپ کی ذات ہے۔ ہم تو بس اتنا ہی علم رکھتے ہیں جتنا آپ نے ہم کو دیا ہے پھر اللہ نے آدمؑ سے کہا انھیں ان چیزوں کے نام بتاؤ۔ پھر ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدمؑ کے آگے جھک جاؤ تو سب جھک گئے مگر ابلیس نے انکار کر دیا۔ پھر ہم نے آدمؑ سے کہا کہ تم اور تمہاری بیوی دونوں جنت میں رہو، بافراغت جو چاہو کھاؤ مگر اس درخت کا رخ نہ کرنا ورنہ ظالموں میں شمار ہوگے .... ہم نے حکم دیا کہ اب تم سب یہاں سے اتر جاؤ۔ تم ایک دوسرے کے دشمن ہو اور تمہیں خاص مدت تک زمین میں ٹھہرنا ہے اور وہیں گزر بسر کرنا ہے۔

اس وقت آدمؑ نے اپنے رب سے چند کلمات سیکھ کر توبہ کی جس کو اس کے رب نے قبول کر لیا کیوں کہ وہ بڑا معاف کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے۔

ہم نے کہا کہ تم سب یہاں سے اتر جاؤ پھر جو میری طرف سے جو کوئی ہدایت تمہارے پاس پہنچے، تو جو لوگ میری اس ہدایت کی پیروی کریں گے، ان کے لیے کسی خوف اور رنج کا موقع نہ ہوگا اور جو اس کو قبول کرنے سے انکار کریں گے اور ہماری آیات کو جھٹلائیں گے، وہ آگ میں جانے والے ہیں جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

[القرآن: سورۃ البقرہ آیات ۲۹ تا ۳۹]

یہ قصہ سورۃ الاعراف میں آیت ۱۱ تا ۲۳ میں بھی بیان ہوا ہے۔ وہاں صراحت ہے کہ آخر کار جب انھوں نے درخت کا مزہ چکھا......... تب ان کے رب نے انھیں پکارا کیا میں نے تمہیں اس درخت سے نہ

روکا تھا اور کہا تھا کہ شیطان تمہارا کھلا دشمن ہے۔ دونوں بول اٹھے "اے ہمارے رب ہم نے اپنے اوپر ستم کیا اب اگر تو نے ہم سے درگزر نہ فرمایا تو یقیناً ہم تباہ ہو جائیں گے" [آدمؑ کے یہ کلمات معذرت جو فصاحت و بلاغت کا شاہکار ہیں آج بھی دنیا بھر کے انسان اپنی دعاؤں میں دہراتے ہیں۔ یہ الفاظ بغیر زبان کے اشاروں وکنایوں میں ادا نہیں کیے جاسکتے]۔

سورہ مریم میں عیسیٰؑ، ابراہیمؑ، موسیٰؑ، ہارونؑ، اسماعیلؑ، ادریسؑ کا ذکر آنے کے بعد اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ "یہ وہ پیغمبر ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا یہ آدمؑ کی اولادیں سے اور ان لوگوں کی نسل سے تھے جنھیں ہم نے نوحؑ کے ساتھ کشتی پر سوار کیا۔ یہ سب وہ تھے جن کو ہم نے ہدایت بخشی اور برگزیدہ کیا۔ ان کا حال یہ تھا کہ جب انھیں رحمان کی آیتیں سنائی جاتیں تو روتے ہوئے سجدے میں گر جاتے۔ [القرآن: مریم:۵۸]

سورہ طہٰ میں فرمایا تم دونوں فریق [انسان و شیطان] یہاں سے اتر جاؤ، تم ایک دوسرے کے دشمن رہو گے، اگر میری طرف سے تمہیں کوئی ہدایت پہنچے، تو جو کوئی میری ہدایت کی پیروی کرے گا وہ نہ بھٹکے گا اور جو میرے ذکر سے منہ موڑے گا اس کے لیے دنیا میں زندگی تنگ ہوگی اور قیامت کے روز ہم اسے اندھا اٹھائیں گے۔ [القرآن: طہٰ آیت ۱۲۳ تا ۱۲۴]

قصہ آدمؑ ابلیس عہد نامہ عتیق جدید و قدیم میں بھی بیان ہوا ہے اور تخلیق آدمؑ سے متعلق دنیا کے تمام اقوام و مذہب میں ملتی جلتی روایات پائی جاتی ہیں۔ قرآن کریم نے اس واقعے کو تفصیل سے بیان کر کے اصل حقیقت اہل علم پر قیامت تک کے لیے واضح کر دی ہے۔

سورہ البقرہ، الاعراف، مریم اور طہٰ کی آیات واضح طور پر بتاتی ہیں کہ:

[۱] اللہ نے آدمؑ کو نام سکھائے [کیا نام بغیر زبان کے سیکھے جاسکتے ہیں؟]

[۲] اللہ نے علم فرشتوں کو نہیں دیا آدمؑ کو دیا [کیا علم کے لیے زبان ضروری نہیں؟]

[۳] اللہ نے آدمؑ اور شیطان سے گفتگو کی [کیا گفتگو کرنے اور سمجھنے کے لیے زبان کا ہونا ضروری نہیں؟]

[۴] آدمؑ نے رب العالمین سے چند کلمات سیکھ کر توبہ کی [کیا کلمات اشاروں سے ادا کیے جاسکتے ہیں یا اس کے لیے زبان ضروری ہے؟ کیا یہ زبان انسان نے صدیوں کی غوں غاں کے بعد اتفاقی طور پر سیکھی یا رب العالمین نے یہ زبان سکھائی؟ جو رب اپنی عظیم الشان کائنات تخلیق کر کے اس میں آدمؑ کو بھیج رہے تھے کیا انھوں نے انسان کے لیے زبان تخلیق نہ کی ہوگی؟

[۶] میری طرف سے جو ہدایت تمہارے پاس پہنچے اس کی پیروی کرنا [کیا ہدایت اشاروں کی صورت میں ہوتی ہے یا علم، کلمات، پیغام کی صورت میں کیا یہ پیغام تصویری ہوتا ہے یا تحریری اگر تصویری ہوتا ہے تو

اس کو پڑھنے کی صلاحیت بھی انسان کو عطا کی گئی یا نہیں؟ اگر تحریری تھا تب اسے کیسے پڑھا گیا اگر زبانی تھا تو سننے کے بعد انسان نے اس ہدایت کو کیسے سمجھا اور یہ پیغام آگے کیسے پہنچایا اور کس طرح اس پیغام کا ابلاغ ہوا؟

[۷] جو میرے پیغام کو جھٹلائیں گے آگ میں جائیں گے [یہ پیغام کتاب، صحیفوں کی صورت میں تھا۔ پیغمبر روشنی لے کر آتے ہیں اور روشنی، علم، ہدایت اور ''الکتاب'' زبان کے بغیر حاصل نہیں ہوتی۔ پیغام کو جھٹلانے کے لیے بھی کچھ کلمات، الفاظ زبان کے ذریعے ادا کرنے ہوں گے یہ زبان کون سی تھی اور کیسے وجود پذیر ہوئی؟]

[۸] شجر ممنوعہ کو چکھنے کے بعد آدمؑ نے رب سے معذرت طلب کی [اس معذرت کے الفاظ کہاں سے تلاش کیے، رب العالمین سے آدمؑ کا کلام کیا اس بات کا ثبوت نہیں کہ آدمؑ فصیح البیان تھے، یہ بیان کیا زبان کے بغیر ممکن ہے؟ اتنی عظیم الشان کائنات کا خالق رب، اپنی مخلوق کو زبان و بیان کی صلاحیتوں سے نوازے بغیر، اپنے پیغامِ ہدایت کو پیغمبروں کے ذریعے انسانوں تک کس طرح پہنچاتا؟]

[۹] ہدایت اور رسالت کا سلسلہ آدمؑ سے جاری وساری ہوا اس کے بعد عیسیٰؑ، موسیٰؑ، ہارونؑ، اسماعیلؑ، ادریسؑ سب آدمؑ کی اولادیں ہیں [الکتاب، اور علم آدمؑ سے نسل در نسل منتقل ہوتا رہا اور ان کی نسل میں انبیائے کرام کا سلسلہ بھی جاری وساری رہا تو یہ انبیاء بغیر زبان کے اپنی قوم کو کیسے ہدایت دیتے رہے اور قوم سے کیسے مکالمہ کرتے رہے؟]

[۱۰] سورہ مریم میں ان برگزیدہ پیغمبروں کا ذکر کر کے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جب یہ رحمان کی آیتیں سنتے ہیں تو روتے ہیں اور سجدے میں گر جاتے ہیں۔ [آیتیں جب تک سمجھیں گے نہیں اس وقت تک یہ کیفیت کیسے طاری ہو سکتی ہے اگر آیتیں سمجھ لیتے تھے تو یقیناً وہ زبان بھی جانتے تھے جس کے ذریعے انھیں انذار و نصیحت کی جاتی تھی]

[۱۱] آدمؑ نے اپنے رب سے چند کلمات سیکھ کر توبہ کی [کیا کلمات سیکھنے کے لیے حروف ابجد کا جاننا، زبان سے واقف ہونا، ادائیگی الفاظ پر قدرت رکھنا ضروری نہیں؟ کیا کلمات محض اشاروں سے سیکھے گئے؟]

[۱۲] جو میرے ذکر سے منہ موڑے گا اس کے لیے دنیا میں تنگی ہوگی [کیا ذکر سمجھے اور سنے بغیر منہ موڑا جا سکتا ہے سننے اور سمجھنے کے لیے زبان کا ہونا ضروری ہے یا نہیں اگر مغربی اور مشرقی فلاسفہ لسان کے اس نقطۂ نظر کو مان لیا جائے کہ انسان کئی صدیوں تک بول نہ سکا اور صرف اشاروں کنایوں سے کام چلاتا رہا تو کیا اس کا گونگا پن بہرے پن میں تبدیل نہیں ہوا طبی سائنس گونگے پن اور بہرے پن کو توام بتاتی ہے اور اس کے لیے Deaf & Dumb کی اصطلاح استعمال کرتی ہے، گونگا پن آخر کار بہرے پن کا سبب بنتا ہے تو کیا اللہ تعالیٰ نے اس عظیم الشان کائنات کا آغاز معذوروں کی نسل سے کیا؟ جب کہ فرمان رب العالمین ہے کہ ہم نے اسے نک

سک سے درست کر کے پیدا کیا ہم نے انسان کو [احسن تقویم] سے پیدا کیا جس پروردگار کو اپنے بندوں کے حسن و جمال اور نک سک تک کا خیال رہا اس نے اپنے بندوں کو زبان جیسی نعمت کیوں نہ عطا کی ہوگی؟

نشاۃ ثانیہ کی تحریک اور مذہب سے انکار:

مسئلہ دراصل یہ ہے کہ مغرب میں نشاۃ ثانیہ کی تحریک کے نتیجے میں مذہب کو رد کر دیا گیا اسی عہد میں مغرب نے علمی فتوحات کا آغاز کیا لہٰذا مغرب کے علم و فنون مذہب کی روشنی سے محروم رہے اور مغرب نے یہ دعویٰ کیا کہ ''خدا مر گیا ہے'' [نعوذ باللہ] اس دعوے کے باوجود اس دعویٰ کا نقص یہ ہے کہ مغرب نے اس بات کو تسلیم کر لیا کہ خدا پہلے موجود تھا۔

روشن خیالی کی تحریک، خرد افروزی کی تحریک، رومانی تحریک، تحریک تنویر اور نشاۃ ثانیہ کی تحریکوں کے نتیجے میں مغرب اس جھوٹ پر سچا ایمان لے آیا کہ اس عہد سے پہلے کا زمانہ دور ظلمات (Dark Ages) تھا اور اب روشنی کا دور شروع ہوا ہے اس طرح مغربی انسان نے اپنے عہد سے قبل کے تمام زمانوں کو جہالت، گمراہی اور اندھیرا قرار دیا اور مذہب، خدا، رسالت وحی الٰہی، الہام اور کتابوں کا انکار کر دیا لہٰذا مغرب سے آنے والوں تمام علوم و فنون کی بنیادیں مذہب سے انکار پر تعمیر کی گئیں اور مذہب سے نفرت، مغربی تہذیب، مغربی علوم و فنون، حتیٰ کہ سائنس کے بھی ضمیر و خمیر میں جبراً داخل کر دی گئی اور اس تاریخی جبر نے عقیدے کا درجہ حاصل کر لیا لہٰذا مذہب، وحی، آخرت سے انکار مغرب کا دین، عقیدہ اور ایمان ہے۔ اسی وجہ سے مغرب و مشرق کے بعض مفکرین و فلاسفہ اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ مغرب و مشرق میں مکالمہ ممکن نہیں کیوں کہ دونوں تہذیبوں کی مابعد الطبیعیات (Metaphysics) اور علمیات (Epistemology) بالکل مختلف ہے۔

مغرب کی علمی اور فکری یلغار کے سامنے عالم اسلام اور مشرق جو گہوارہ مذاہب (Craddle of Religions) ہے پسپا ہوا تو مشرقی محققین اور مفکرین بھی مغربی پیمانوں پر نادانستہ طور پر ایمان لے آئے اور انہی قیاسات و شبہات کو اپنی تحقیقات کی اساس بنا دیا جو مذہب سے انکار کے باعث مغربی علوم و فنون کے ضمیر اور خمیر میں داخل ہو گئے تھے۔

جب بھی کسی تہذیب کو غلبہ حاصل ہوتا ہے تو مغلوب تہذیب میں معذرت خواہانہ رویے پیدا ہو جاتے ہیں اور غالب تہذیب کے نظریات کو نقد و نظر کی میزان میں تولنے کے بجائے اسے من و عن تسلیم کرنے کے رجحانات عام ہوتے ہیں۔ اس میں نیت کا کوئی فتور نہیں ہوتا۔ مغربی تہذیب کو جب سے غلبہ حاصل ہوا ہے اس وقت سے اب تک عالم اسلام میں مغربی فکر اور مغربی فلسفے پر امام غزالیؒ کے درجے کا تحقیقی و تنقیدی کام نہیں ہوا جس کے باعث مغرب کی بہت سی گمراہ کن، ملحدانہ اور مادہ پرستانہ اصطلاحات عین اسلامی اصطلاحات سمجھ کر قبول کر لی گئیں۔ اور بے شمار غلط سلط تحقیقات جن کا مقصد محض مذہب سے فرار یا اس کا انکار ہے تحقیق کے نام پر قبول کر لی

گئی ہیں۔

عہد نامہ عتیق کے باب پیدائش کی ایک آیت کہ "خداوند نے کہا کہ دیکھو یہ سب لوگ ایک ہے اور ان سبھوں کی ایک ہی زبان ہے" قصہ آدمؑ سے متعلق قرآن کریم کی تمام آیات کی توثیق ہے کیوں کہ آدمؑ کو جو زبان سکھائی گئی وہی زبان نسل در نسل منتقل ہوتی رہی اس طرح کائنات کا آغاز روشنی، علم، زبان، رسالت، الکتاب اور ہدایت سے ہوا اُس وقت سب ایک تھے پھر نسل انسانی کا فروغ ہوا تو یقیناً زبان میں بھی تغیرات پیدا ہوئے، آدم اوّل کی زبان کیا تھی اور اس زبان میں کیا کیا تغیرات پیدا ہوئے اور کب کب ہوئے، اس پر تحقیق کی ضرورت ہے۔

اشاراتی زبان کے نظریے کی خامیاں:

اشاراتی زبان سے متعلق اگر کیمپلن (M.D. Camplen) اور اس کے جانشینوں کے نقطۂ نظر کو اگر درست تسلیم کرلیا جائے تو ہمیں یہ بھی ماننا پڑے گا کہ تخلیق آدمؑ، اسمائے کلھا، آدمؑ کو فرشتوں کا سجدہ، انسان کی برتری بوجہ علم، جنت وغیرہ سے متعلق واقعات و آیات درست نہیں [نعوذ باللہ] مغربی فلسفے کے اس پہلو کو مان لینے کے نتیجے میں لامحالہ خدا کے وجود کا انکار لازم آتا ہے۔ اس کا دوسرا مطلب یہ بھی ہے کہ کائنات اور تاریخ کے پہلے پیغمبر حضرت آدمؑ قوت گویائی سے محروم تھے، لہٰذا وہ انسانوں کو ہدایت دینے اور ربّ کا پیغام پہنچانے سے قاصر تھے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ تمام انسان آغاز کائنات سے لے کر صدیوں تک ہدایت رب، وحی الٰہی اور تعلیمات پیغمبر سے نہ صرف محروم رہے بلکہ جہالت کے اندھیروں میں گم رہے کیوں کہ صدیوں جبڑے ہلانے کی لگاتار مشقت، تجربات و حوادث کے زیر اثر ٹامک ٹوئیاں مارنے کے بعد آخر کار انسان کو بولنے کی صلاحیت نصیب ہوئی۔ اس طویل عرصے تک انسان ہدایت ربانی سے محروم رہا۔ ان ماہرین لسانیات کے نظریات کو تسلیم کرنے کا مطلب اللہ، جنت، مذہب، وحی الٰہی، کتاب، پیغمبر، ہدایت، آخرت اور روشنی سے انکار ہے۔

دنیا کی پہلی زبان ایک تھی:

ماہرین لسانیات نے زبانوں کے مختلف گروہ مثلاً ہند یورپی گروہ (Indo-European)، اورالک (Uralic)، التائی (Altaic)، قفقازی (Caucasian)، دراوڑی (Dravidian)، لاطینی، یونانی، جرمن، ہند ایرانی (Indo-Iranian)، سنسکرت [دیوبانی]، پراکرتوں کا گروہ جس میں شورسینی، پراشیہ، مہاراشٹری، آونتی، ماگدھی، شاکی، چنڈالی، اپ بھرنش کا گروہ جس میں ناگرہ، وراچڈہ، پشاچی جس میں کیلکیہ اور پنچال زبانیں، گاوڈا، منڈا گروہ کی زبانیں، اوڈرا اوڈر قبائل کی زبانیں کالنکیہ زبانوں کا گروہ سامی النسل زبانوں کا گروہ جس میں عربی، عبرانی شامل ہیں، فنش، استونیائی، لاپش، ہنگری، اوسیٹک، ترکی، تاتاری، ترکمانی، کرغزی، منگولی، کلموک زبانوں وغیرہ کے تقابلی مطالعات کے بعد بعض عجیب و غریب نتائج اخذ کیے ہیں جو اس

بات کی توثیق کرتے ہیں کہ دنیا کی پہلی زبان ایک تھی جس کے الفاظ آج بھی تمام زبانوں میں مشترک ہیں اور یقیناً وہ زبان آدمؑ کی زبان تھی۔ ان نتائج کو اختصار سے درج کیا جا رہا ہے۔

[۱] ایک صدی قبل از مسیح میں رومن گرامر دان (Marcus Terentius Varro) نے لاطینی اور یونانی زبانوں کے درمیان مماثلتوں کا ذکر کیا اور یہ نتیجہ اخذ کیا کہ لاطینی نے یونانی سے جنم لیا اس طرح زبانوں کے مابین مماثلت کا موضوع، تحقیق کا موضوع بن گیا۔

[۲] جرمنی کے ماہر لسانیات، فرانز بوپ (Franz Bopp) ۱۷۹۱۔۱۸۶۷ نے سنسکرت کی دریافت کے ذریعے دنیا کی زبانوں میں مشترکہ نکات اور مماثلت پر تحقیق کی۔

[۳] جوزف جوسٹس اسکالیگر (Joseph Justus Scaliger) ۱۵۴۰ تا ۱۶۰۹ نے یورپی زبانوں کو گیارہ مختلف گروہوں میں تقسیم کیا اور اس تقسیم کی بنیاد مترادف الفاظ کی مطابقت مماثلت اور ان کے اختلافات پر رکھی۔

[۴] مشہور ریاضی داں لیبنز Leibniz نے معلومہ زبانوں کا سرمایہ الفاظ اکٹھا کر کے جرمن سیاح پالاس Pallas کے سپرد کیا ۱۷۸۷ میں دنیا کی زبانوں کی تقابلی فرہنگ سامنے آئی جس میں دوسو زبانوں کے دوسو پچاس الفاظ [مترادفات] شامل تھے جس میں ایک سو انچاس ۱۴۹ ایشیائی اور ۴۹ یورپی زبانیں شامل تھیں اس جائزے سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ ایشیاء کا خطہ زبانوں، تہذیبوں، تمدنوں کے معاملات میں کس قدر زرخیز تھا۔ اسی لیے ایشیا کو گہوارہ مذاہب Craddle of Religions کہا جاتا ہے اسی لیے اس خطے میں سب سے زیادہ زبانیں بھی بولی جاتی ہیں۔ اگلی اشاعت میں افریقی امریکی اور سرخ ہندویوں کی زبانوں کا اضافہ کیا گیا اس کام کے لیے زارینۂ روس ملکہ کیتھرائن ثانی کی سرپرستی لیبنز کو حاصل رہی۔

[۵] پالاس کے تقابلی فرہنگ سے متاثر ہو کر ہسپانوی ماہر لسانیات لورینزو ایرباس Lorenzo Hervas [۱۷۳۵۔ تا ۱۸۰۹] نے ۱۸۰۵ء میں زبانوں اور بولیوں کی اساس پر اقوام عالم کی تقسیم کے موضوع پر کتاب تیار کی جس میں تین سو مختلف زبانوں کے نمونے پیش کیے گئے۔

[۶] جرمن فلسفی ایڈلنگ (Adelung) نے زبانوں کی عمومی سائنس کے عنوان سے ۱۸۶۰ تا ۱۸۱۷ء اپنے نتائج فکر چار ضخیم جلدوں میں شائع کیے جس میں دنیا کی پانچ سو زبانوں اور بولیوں میں عیسائی مذہب کی ''مناجات ربانی'' کے نمونے درج تھے۔

[۷] ۱۵۹۷ء میں ایک اطالوی سیاح بوناونتورا ولکانیئس (Bonaventura Vulcanius) نے اپنے مشاہدے کی بناء پر جرمن اور فارسی زبانوں میں بائیس مشترکہ الفاظ کی نشاندہی کی۔

[۸] سولھویں صدی میں ایک اطالوی باشندے سیسیتی (Sassetti) نے سنسکرت اور اطالوی زبانوں میں چھ، سات، آٹھ، نو، خدا، اور سانپ کے لیے ایک ہی قسم کے الفاظ استعمال ہونے کی نشان دہی کی جسے اطالوی میں سےSei، ستے، آٹو، نودے، دلو اور سرپ سنسکرت میں سس، سیت، اسٹو، ناوا، دلوا، سرپ کہتے ہیں۔

[۱۰] آسٹریلیا کے عالم کارمیلائٹ پولینس (Carmelite Paulinus) نے ۱۷۹۸ء میں ژند، سنسکرت اور جرمن زبانوں کی مشترکہ خصوصیات کی نشاندہی کی۔

[۱۱] ایک مسیحی پادری پونسPons نے ۱۷۴۰ء میں سنسکرت یونانی اور لاطینی کے درمیان بعض مشابہتوں کا ذکر کیا۔

[۱۲] سر ولیم جونزWilliam Jones[۱۷۴۶ء تا ۱۷۹۴ء] نے ۱۷۸۶ء میں سنسکرت، یونانی، لاطینی، جرمنی، کلٹی اور فارسی کے درمیان باہمی لسانی رشتوں کا ذکر کیا۔

[۱۳] زبانوں کی صوتیات، لغات، صرف ونحو، کے وسیع مطالعات کے بعد بعض ماہرین لسانیات ایک ایسی زبان تیار کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جو دنیا کے تمام لوگ آسانی سے بول سکیں، اس عالمی زبان کے باعث وحدت عالم کا خواب شرمندۂ تعبیر ہو سکے گا، اگر یہ کوشش کامیاب ہوگئی تو اس بات کا امکان پیدا ہوسکتا ہے کہ گفتگو کے ذریعے عالمی مسائل حل کیے جاسکیں لیکن ''اسپرانتو'' زبان کا تجربہ ناکام ہو چکا ہے جسے یورپ کی مشترکہ زبان کے طور پر پیش کیا گیا تھا۔

[۱۴] اردو، یونانی، اوستائی، سنسکرت، کناری، پنجابی، تلگو، فارسی، تامل ملیالم، لاطینی الفاظ کے تقابلی مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ بہت سے الفاظ ان زبانوں میں مشترک ہیں حتیٰ کہ تلفظ میں بھی کوئی خاص فرق نہیں ہے۔

[۱۵] مشہور جرمن، ماہر اثریات سر ارل اسٹائن نے بتایا کہ ۱۹۰۱ء میں چینی ترکستان خاص کر ختن کے علاقے میں کھدائیوں کے دوران سنسکرت، براہمی، خروشتی، یونانی، چینی رسم الخط میں مذہبی نوعیت کے کتبات ملے ہیں جو عیسوی عہد کے پہلے تین یا چار سو سال کے زمانے سے تعلق رکھتے ہیں۔ مزے کی بات یہ ہے کہ دنیا میں جہاں جہاں بھی آثار قدیمہ کی کھدائی ہوئی ہے وہاں مذہبی کتبات عبارات، علامتیں برآمد ہوئی ہیں۔ مذہب اس قدر قدیم ہے جس قدر یہ کائنات قدیم ہے لہٰذا یہ تصور کہ انسان نے مذہب ایجاد کیا۔ محض مغرب کی مذہب دشمنی کے بطن سے برآمد ہونے والا فلسفہ ہے۔

[۱۶] روس کے ماہرین لسانیات کی تحقیق ہے کہ چینی ترکستان کے بعض علاقوں میں ایسے قبائل موجود ہیں جو

وادیٔ سندھ کی موجودہ زبانوں سے ملتی جلتی زبان استعمال کرتے ہیں۔

[۱۷] روس کے ایک مشہور ماہر شرقیات یوسف اورانسکی (Josif Oransky) نے وسط ایشیاء میں بعض ایسے قبائل کا سراغ لگایا جو آج بھی ایسی زبان استعمال کرتے ہیں جن کا پنجاب کی مختلف بولیوں سے گہرا رشتہ موجود ہے یہ لوگ پنجابی اور لہندا زبانوں سے مشابہ زبان استعمال کرتے ہیں اس زبان کا نام پریاہ (Paria) ہے۔

[۱۸] پنجابی، اردو، فارسی اور یونانی میں بہت سے الفاظ مشترک ہیں مثلاً ناؤ، موسیقی، ققنس، زمرد، فانوس، کلید، خربوزہ، یہی صورت حال اردو، پنجابی، سنسکرت، لاطینی، یونانی، اطالوی، جرمنی، سلاوی، روسی، آئس لینڈی، گاتھی، لتھوانی زبانوں کے تقابلی مطالعے سے سامنے آتی ہے، جہاں زمین، بہار، پروا، پتی، دیو، راجہ، برس، پیلا، مزدوری، شہد، امرت، بہو، خسر، تین، سات، دس، سرخ، بھورا کے الفاظ مشترک ہیں۔

[۱۹] آج بھی پنجابی عورتیں چھوٹے بچوں کو بہلاتے ہوئے یہ جملہ ضرور بولتی ہیں ''جراساہ لئو ہُنے نیکڑو دے دئی آں'' اس جملے میں لفظ نیکڑو یونانی زبان کے لفظ نیکتار Nektar بمعنی دیوتاؤں کا مشروب یا شہد کی بدلی ہوئی شکل ہے پنجابی میں یہ نیکڑو سرچشمۂ شیر مادر (Nipple) کے لیے مستعمل ہے۔

[۲۰] فارسی میں حروف صحیحہ کی تعداد ۳۱ ہے جن میں صوتی لحاظ سے ہم مخرج حروف بھی شامل ہیں ان میں سے بیشتر عربی سے مستعار ہیں۔ اگر ان مستعار عربی حرفوں کو فارسی سے خارج کر دیا جائے تو باقی صرف بیس حروف رہ جائیں گے۔ جو آریائی صوتیات کی نمائندگی کرتے ہیں۔ ایران میں فارسی زبان کو عربی اثر سے آزاد کرانے کی تحریکوں کے باوجود عربی کے اثرات کو ختم نہیں کیا جاسکا۔ ترکی میں تین سال کی کوششوں کے بعد عربی اور فارسی الفاظ کو ترکی زبان سے خارج کر دیا گیا لیکن ۱۹۴۵ء میں جو آئین پارلیمان نے منظور کیا اس آئین کے ترکی مسودے میں عربی و فارسی کے ایک سو چالیس الفاظ موجود تھے۔

[۲۱] یونانی میں حرف صحیحہ کی تعداد ۱۹ اور لاطینی میں ۱۷ ہے سنسکرت حروف کی تعداد ۳۳ ہے۔

[۲۲] اردو کا صوتی نظام براہمی حروف تہجی کے تحت آتا ہے۔ لیکن اس کے لیے سامی رسم الخط استعمال کیا جاتا ہے۔

[۲۳] سنسکرت زبان میں دراوڑی الاصل الفاظ کی ایک بڑی تعداد شامل ہے۔

[۲۴] دراوڑی زبان کیا ہے؟ اس پر مولانا ابوالجلالؒ ندوی کی تحقیق، شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ، جامعہ کراچی کے علمی و تحقیقی رسالے ''جریدہ'' کے شمارہ ۲۳ میں ابوالجلالؒ ندوی آثار و افکار میں

صفحہ چوالیس [۴۴] پر دی گئی ہے۔

[۲۵] دنیا کی تمام زبانوں کی ابتداء صرف گیارہ قسم کے معنی اور چودہ قسم کے الفاظ سے ہوئی۔ دنیا بھر کے بَسِیط حروف کو پانچ جنسوں میں تقسیم کر سکتے ہیں، ان میں اکثر حروف صرف ہجے کے اختلاف سے الگ نظر آتے ہیں ورنہ حقیقت ان کی ایک ہی ہے۔

[۲۶] اصل حروف جو دنیا بھر کی زبانوں میں مشترکہ طور پر ادا کیے جاتے ہیں صرف چودہ ہیں۔ اس کی تفصیل شعبۂ تصنیف و تالیف کے رسالے ''جریدہ نمبر۲۳'' کے صفحہ چالیس [۴۰] میں ابوالجلال ؒ آثار و افکار میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

[۲۷] دنیا بھر کے ماہرین لسانیات و فلسفہ لسان کی تحقیقات کا حاصل اوپر تفصیل سے پیش کیا گیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ دنیا کی تمام زبانیں ایک ہی زبان سے نکلیں اور پھر ہجے، تلفظ، فاصلے، تہذیبی و تمدنی ارتقاء، تجربات و حوادث کے باعث اصل زبان کے ساتھ ساتھ بدلتی ہوئی زبانیں وجود میں آتی رہیں لیکن ان کے بنیادی حروف مشترک رہے جو چودہ ہیں۔

کائنات کے پہلے انسان فصیح اللسان تھے:

یہ نتائج ہمارے اس موقف کو درست ثابت کرنے کے لیے کافی ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کو زمین پر بھیجا تو انھیں فصیح و بلیغ زبان کے ساتھ بھیجا۔ اس زبان میں وہ ہدایت ربانی پہنچاتے رہے اور دین کی دعوت، نصیحت، انذار اور تذکیر کرتے رہے۔ نسل آدم کی پہلی زبان وہی زبان تھی، رفتہ رفتہ آبادی بڑھنے اور پھیلنے کے باعث اصل زبان تغیرات سے آشنا ہوتی رہی اور مختلف جغرافیائی خطوں میں پہنچنے والے تارکین وطن کی زبان اصل سے ہٹ گئی۔ قرآن کریم اور عہد نامہ عتیق یہی بتاتے ہیں کہ پہلے سب لوگ ایک تھے پھر ان میں تفرقہ ہوا اور یہ بٹتے چلے گئے اور یہ تفرقہ اپنی خواہشات نفس کو اِلٰہ بنانے کے باعث پیدا ہوا، جسے قرآن کریم نے بدترین قسم کا شرک قرار دیا اور اس میں مبتلا شخص کو اس کتے سے تشبیہ دی ہے جس کی زبان ہمیشہ لٹکتی رہتی ہے۔ لہٰذا یہ بات تو سمجھ میں آتی ہے کہ پہلے دنیا کے تمام انسانوں کی زبان ایک تھی جو رفتہ رفتہ تغیرات کے باعث مختلف ہوگئی اور آج بھی شدید تغیرات و تحریفات کے باوجود ان تمام زبانوں میں بنیادی حروف مشترک ہیں۔ اس کے برعکس یہ تصور کرنا کہ پہلے بے شمار زبانیں تھیں پھر ان میں وحدانیت یا یکسانیت پیدا ہوئی مناسب نقطۂ نظر نہیں۔

کیا دنیا کی قدیم ترین زبان عربی ہے؟

ماہرین لسانیات و فلسفہ لسان کے لیے اس موضوع پر تحقیق کرنا کہ آدمؑ اول کی زبان کیا تھی اور اس میں کیا تغیرات ہوئے بہت مشکل کام ہے۔ کیوں کہ ہر اکائی اپنے تہذیبی، تمدنی، مذہبی، علاقائی، نفسیاتی،

تاریخی، تجربات و تعصبات کے باعث اپنا نقطہ نظر درست نتیجے کے طور پر پیش کرے گی۔ عیسائی حضرات کا دعویٰ ہے کہ جنت کی زبان عبرانی تھی۔ آدمؑ اول یہی زبان بولتے تھے، مسلمانوں میں سے کچھ کا دعویٰ ہے کہ آدمؑ کی زبان عربی تھی۔ ابوالجلالؒ ندوی کا بھی دعویٰ شاید یہی ہوتا اگر وہ بقید حیات ہوتے کیوں کہ وہ اس موضوع پر مسلسل کام کررہے تھے کہ دنیا کی سب سے فطری زبان عربی ہے۔ اس زبان میں جو کمالات ہیں وہ کسی اور زبان میں موجود نہیں ان کا یہ بھی دعویٰ تھا کہ وادیٔ سندھ کی تہذیب و رسم الخط سے تمام زبانوں نے فیض پایا۔ وادیٔ سندھ کی زبان چار پانچ ہزار برس پہلے کی عربی زبان ہے۔ چین کو چھوڑ کر براہمی، سبائی، حجازی، ثمودی، سینائی، مصری، فنیقی، یونانی، لاطینی، رومن، اردو اور سنسکرت تک کی ابجدوں کا سلسلۂ نسب ہڑپا کے نوشتوں سے جاملتا ہے۔ بنوسام کے اسلاف کا ابتدائی وطن وادیٔ سندھ تھا۔ بنوقحطان، بنواسماعیل، بنواسرائیل [انبیاء کی امتوں] کا مشترکہ وطن ہڑپا اور موئن جودڑو کے آس پاس تھا۔ گویا عربوں اور عبرانیوں کا وطنِ اولین وادیٔ سندھ تھا۔

- ☆ ان کا دعویٰ تھا کہ وادیٔ سندھ کی مہریں جان بوجھ کر نہیں پڑھی گئیں، ان مہروں پر نقش زبان سیدنا ابراہیمؑ کی ملت حنیفہ کے پیروکاروں کی زبان تھی۔ سندھ کے لوگ ماروت کی زبان بولتے تھے اور اہل مغرب ماروت کی زبان جانتے ہیں۔ ان کا عقیدہ توحید تحریر ہی سے نہیں مہروں پر بنی ہوئی تصویروں سے بھی ثابت ہوتا ہے جب کہ مغربی محققین جان بوجھ کر مہروں کے اوپر دیوتاؤں کے نام تلاش کرتے رہے تاکہ اس قوم کا ملت ابراہیمی سے تعلق ظاہر نہ ہوسکے۔
- ☆ مولاناؒ کے یہ نتائج تحقیق قرآنی نقطۂ نظر کی تاریخی ترجمانی کرتے ہیں لیکن قرآن کریم اپنی صداقت کے لیے کسی خارجی حوالے اور تاریخی شہادت کا محتاج نہیں۔ وہ کلام ربانی ہے جو کسی شک وشبہہ سے پاک ہے اور اس میں مرقوم ہر لفظ سچا، ہر بیان حقیقت اور ہر دعویٰ پتھر کی لکیر ہے۔ اس کے مضامین ازل سے ابد تک کے لیے ہیں اور اس کی حکمتیں سمجھنے کے لیے عقل انسانی کو اپنے عجز کا اظہار کرنا چاہیے۔ ہر زمانے کا اپنا علمی منہاج ہوتا ہے جو اپنے عہد کے مطابق تعبیر وتشریح کرتا ہے۔ رب العالمین نے جب فرمایا کہ ہم نے آدمؑ کو کلمات سکھائے، اسے توبہ کا طریقہ بتایا، اسے ہدایت دی، اسے ہدایت پر چلنے کا حکم دیا، اس سے گفتگو کی، یہ آیات اس ثبوت کے لیے کافی ہیں کہ کائنات کا پہلا انسان فصیح وبلیغ زبان سے واقف تھا اور یہی زبان بولتا تھا جو بعد میں جغرافیائی بعد کے باعث فطری طور پر تبدیل ہوگئی لیکن تمام زبانوں میں چودہ مشترکہ حروف کی موجودگی یہ ثابت کرنے کے لیے کافی ہے کہ کائنات کی پہلی زبان ایک تھی اور وہ زبان پیغمبر کی زبان تھی جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ودیعت کی گئی تھی۔

اکثر مغربی محققین نے الحاد و زندقہ کے زیر اثر اور بہت سے محققین نے تاریخی جبر کے تحت لسانیات کے شعبہ میں تحقیق کرتے ہوئے قدیم صحف سماوی کی روشنی میں زبانوں کا جائزہ نہیں لیا۔ یہ رویہ بظاہر سائنسی طریقہ کار کے خلاف ہے لیکن اصلاً سائنس کے ضمیر و خمیر میں جبراً داخل کردہ مذہب سے نفرت کا فطری اظہار ہے۔ یہ کیسی عجیب بات ہے کہ قدیم صحف سماوی جو ہزاروں سال سے نسل در نسل محفوظ چلے آ رہے ہیں ان کو لسانیاتی تحقیق کے دوران پیش نظر نہیں رکھا گیا۔ یہ رویہ عالمانہ نہیں جاہلانہ ہے۔ اس کے باوجود انھیں اصرار ہے کہ وہ بہت وسیع النظر لوگ ہیں۔

مغربی سائنس کا عروج مذہب کے انکار کے بعد ہوا ہے لہٰذا مغربی انسان کے مزاج میں مذہب سے نفرت اس حد تک رچ بس گئی ہے کہ وہ کسی ایسے موضوع پر سوچنا بھی گوارا نہیں کرتے جس کا سلسلۂ آخر کار خالق کائنات، وحی الٰہی اور اللہ کے فرستادہ پیغمبروں سے مل جاتا ہو۔

یہی نفرت ان کے علوم و فنون میں حلول کر گئی ہے۔ زبانوں کے ماہرین اور آثار قدیمہ کے محققین نے دنیا میں جہاں جہاں تحقیقات کیں وہاں عربی زبان سے تقابلی، مطالعے کو دانستہ نظر انداز کیا۔ خصوصاً وادیٔ سندھ کی تہذیب، اس کی مہروں اور نقوش کے مطالعے کے لیے انھوں نے سامی النسل زبانوں کو لائق اعتناء نہیں سمجھا۔ کیا فی الحقیقت ایسا ہی ہوا۔ شواہد بتاتے ہیں کہ ایسا نہیں ہوا۔ سندھی تہذیب کے مطالعے کے دوران ماہرین کو سندھی رسم الخط کے عربی عبرانی سے تعلقات مماثلت و مشابہت کا اندازہ بخوبی ہو گیا تھا لہٰذا انھوں نے دانستہ اس پہلو کو اپنی تحقیق سے خارج کر دیا۔ دنیا کے دیگر مقامات پر بے شمار تحقیقات میں مغربی محققین کا یہی رویہ غالب نظر آئے گا اور اس رویے کی تاریخی بنیادیں ہمیں معرکہ صلیب و ہلال سے لے کر مغرب میں مذہبی معاشرے کے انہدام اور تحریک تنویر، روشن خیالی کی تحریک اور نشاۃ ثانیہ کی تحریک کے نتیجے میں نئے نظام کے قیام میں پنہاں نظر آئیں گی۔

مولانا ابوالجلال ؒ ندوی جو کچھ ثابت کرنا چاہتے تھے اس کی وضاحت ان کے الفاظ میں مختصراً درج ذیل ہے:

۱۔ وادیٔ سندھ کی زبان تحریر نہ سنسکرت ہے نہ درواڑی بلکہ شمسو ایلونا اور سدوم کی زبان ہے یعنی چار پانچ ہزار برس پہلے کی عربی زبان۔

۲۔ چین کو چھوڑ کر براہمی، سبائی، حجازی، ثمودی، سینائی، مصری، فنیقی، لاطینی، یونانی، رومن، اردو اور سنسکرت کی ابجدوں کا سلسلۂ نسب ہڑپا کے نوشتوں سے جا ملتا ہے۔

۳۔ عربوں اور عبرانیوں کا اصل وطن وادیٔ سندھ تھا یہاں سے جا کر وہ عرب میں آباد ہوئے۔

۴۔ وادیٔ سندھ کے لوگ دین حنیف کے ماننے والے تھے اور ملت ابراہیمؑ سے تعلق رکھتے تھے۔

مولاناؒ نے اپنے نظریات کو ثابت کرنے کے لیے وادیٔ سندھ کی دو ہزار مہروں کا مطالعہ کیا، ان مہروں کے مطالعے کے وقت مولانا ابوالجلالؒ ندوی کے سامنے درج ذیل تختہ ہائے نقوش تھے:

۱۔ سر جان مارشل کا تختۂ نقوش، سرجان مارشل نے سندھی مہروں کی قرأت اپنی کتاب Mohenjo Daro & Sindhi Civilization کی جلد سوم میں پیش کی تھی۔

۲۔ مادھوپ سروپ وتس (M.S. Vats) کا تختۂ نقوش۔

۳۔ S. Piggot کے تختۂ نقوش سے متعلق وہ اشارات جو انھوں نے اپنی کتاب Pre-Historic India میں پیش کیے اور جس کی روشنی میں بلوچستان میں پائی جانے والی بعض مہروں کے معنی متعین کیے۔

۴۔ مجومدار (Majumdar) کے افادات۔

۵۔ سی جی گیڈ (C. J. Gadd) کا تختۂ نقوش جسے مارشل نے اپنی کتاب کی تیسری جلد میں شامل کیا۔

مولانا ابوالجلالؒ ندوی نے ان تمام تختۂ ہائے نقوش کے مطالعے کے بعد یہ نتائج اخذ کیے کہ نقوش صحیح طریقے سے نہیں پڑھے گئے، پڑھنے والوں نے عربی، عبرانی اور قدیم لسانی زبانوں کو دانستہ نظر انداز کر کے اپنے اپنے نقطۂ نظر سے نقوش اور مہروں کے معنی متعین کیے ہیں۔ مارشل سامی زبانوں سے گہری واقفیت بھی نہیں رکھتے تھے۔

اس ضمن میں دادِ تحقیق دیتے ہوئے مولانا ابوالجلالؒ ندوی نے نقش سلیمانی، نقوش صحراء، صحرائی خیمے، مفائل کی حرکات وسکنات وتخلیقات، ریت پر بنائے جانے والے گھروندے، قدیم تختیاں، ٹھپے، رواسیم اور روشموں، خط رمل، سمات ابل، دنیا کے مختلف خطوں کے جانوروں کے جسم پر داغے جانے کے نشانات، حروف مقطعات، سندھی ظروف کے نقش ونگار کا عمیق مطالعہ کرنے کے بعد سندھی رسم الخط کو سمجھنے کے لیے جامع تختۂ نقوش کی تیاری میں مصروف ہوگئے۔ افسوس یہ ہے کہ وہ جامع تختہ مکمل نہیں ہوسکا یا مکمل ہوگیا لیکن اس کا مسودہ شائع نہ ہوسکا۔

حیوان ومصور ناطق: مولانا ابوالجلال ندویؒ کا نقطہ نظر

انسان ناطق جانوروں میں سے ہے۔ فضاء میں اڑنے والی چڑیاں، گھاس کھانے والے چرندے، جانوروں کو چیر پھاڑ کر کھانے والے درندے، سب ناطق جانور ہیں، وہ مختلف مواقع پر مختلف آوازیں نکالتے ہیں اور اپنی آوازوں کے ذریعہ ایک نہ ایک جذبہ کا اظہار کرتے ہیں۔ انسان کا بچہ ماں کے پیٹ سے باہر آتے ہی چیخ کر اپنے مولود ہونے کی اہم خبر دیتا ہے، پھر وہ خوشی، ناراضی، بھوک، خواہش اور دیگر طبیعی تقاضوں کے مطابق

آوازیں نکالتا ہے۔ بولنا، باتیں کرنا، اپنے مافی الضمیر کو آوازوں کے ذریعہ ظاہر کرنا انسان کی جبلت میں داخل ہے۔ جس طرح ہر ناطق جانور آغازِ عالم سے کچھ نہ کچھ بولتا ہے، اسی طرح انسان بھی بدءِ عالم ناطق جاندار ہے۔

انسان کا لاکھوں برس گونگا اور بہرا رہنا ایسا بے بنیاد ادعا ہے کہ اس کی تغلیط محتاج دلیل نہیں، دیگر بولنے والے جانور چند گنتی کی آوازیں نکالتے ہیں، انسان طرح طرح کی آوازوں پر قدرت رکھتا ہے۔ ایک چرندہ اب سے لاکھوں برس پہلے جس قدر اور جس طرح بولتا تھا اسی قدر اور اسی طرح آج بھی بولتا ہے۔ انسان کی بولیاں زمانے کی درازی کے ساتھ ساتھ بدلتی رہتی ہیں اور ادلتی بدلتی رہیں گی، بولنے کی اور اظہار خیال کی خواہش اور صلاحیت اور توانائی خدا نے جنس بشر کے پہلے فرد کو اس کی پیدائش کے ساتھ عطا کردی تھی، یہ محض احمقانہ خیال ہے کہ انسان لاکھوں برس تک گونگا بہرا رہا۔

بولنے والے جانوروں میں طوطے، مینائیں وغیرہ چند پرندوں کے سوا، کسی دوسرے جاندار کو کسی جاندار کی سنی ہوئی آوازیں نقل کرنے کی صلاحیت عطا فرمائی گئی ہے تو وہ صرف انسان ہے۔ طوطے وغیرہ تو چند گنے چنے انسانی فقرے رٹ سکتے ہیں مگر انسان ہر طرح کی آواز نقل کرسکتا ہے اور نقل کرتا ہے۔

تمام انسانی السنہ کی بنیادیں دو ہیں [۱] ایک انسان کی طبیعی آواز [۲] اور دوسرے جانوروں کی بولیوں کی نقالی، چیزوں کے ٹکراؤ سے، ہوا اور پانی کی سرسراہٹ سے، بادلوں کی گھر گھراہٹ سے۔ مشابہ آواز سن کر اور بار بار دہرا کر انسان نے بہت سے الفاظ بنائے اس وقت فن بیان کی تشریح کرنا نہیں ہے، صرف اتنا کہنا کافی ہے کہ انسان ہمیشہ سے کبھی نہ بہرا تھا نہ گونگا تھا۔ بعض افراد بہرے پیدا ہوتے ہیں وہ سنی ہوئی آواز نقل نہیں کرسکتے کیوں کہ سنا ہی نہیں تو نقل کیا کریں اس لیے گونگے ہوتے ہیں۔ لیکن گونگے بھی صامت جانور نہیں، کسی نہ کسی حد تک گونگے بھی کچھ نہ کچھ بولتے اور اشاروں کنایوں میں اپنا مافی الضمیر بتاتے ہیں۔

خدا نے انسان کو خلق الانسان وعلمہ البیان، [رحمٰن] علم ادم الاسماء کہا، پروفیسر اختر زیدی کا یہ بیان کہ انسان سطح زمین پر لاکھوں برس گونگے بہروں کی زندگی گزارتا رہا قطعاً نامعقول دلیل اور غلط ادعا ہے اور انسانی جبلت سے ناواقفی کی دلیل ہے۔ انسان کو خدا نے ناطق پیدا کیا ہے وہ ازل سے ناطق ہے البتہ اس کا تعلق زمانے کی طوالت کے ساتھ اب اس قدر ترقی یافتہ ہے کہ اس کی ابتدائی زبان ترقی یافتہ زبانوں کے مقابلے میں ہیچ ہوگئی ہے، ہم آج جو زبان بولتے ہیں چند صدیوں بعد ہماری نسل کو سمجھنے میں دشواری ہوگی، ہماری زبان کے بہت سے الفاظ رہ چکے ہونگے، بہت سے ایسے الفاظ زبانِ خلائق پر رواں دواں ہونگے جن کا تصور تک ہم نہیں کرسکتے۔

یہ درست ہے کہ ہم کو اب تک کوئی نوشتہ جسے پڑھا جاسکا ہو ۳۰۰۰ ق م سے پہلے کا مانا جاسکے، نہیں ملا لیکن نوشتے سارے کے سارے ایسی چیزوں پر نہیں لکھے گئے جن کو مدتوں باقی رکھا جاسکے، قوموں

کی روایتیں تو فنِ تحریر کی قدامت اتنی بتائی ہیں جن کو ہم مشکل سے برسوں میں گن سکتے ہیں۔ اللہ نے انسان کو دیگر جانوروں کے مقابلے میں زیادہ صلاحیتیں دی ہیں ان میں ایک تشکیل اور تصویر اشیاء کی جبلی خواہش اور شوق ہے۔ کوئی اور جانور نقاش و مصور نہیں ہے انسان ہی ایک نقاش جانور یا حیوان کاتب ہے۔ انسان کے بچے بھی اس کو بغیر اس کے کہ کوئی ان کو سکھائے، زمین پر انگلیوں سے یا لکڑیوں سے آدمی گھوڑا، بکرا اور گھر وغیرہ بناتے ہیں۔ پانچ یا چھ برس کے ایک بچے کو جو کہ ایک چمار کا لڑکا تھا جو زمین پر طرح طرح کے خاکے بناتا تھا، دیکھا، ایک روز میں کھڑا اس کے اوٹ پٹانگ نقوش دیکھ رہا تھا اس نے ایک تصویر بنائی جو خود میری تصویر تھی کیوں کہ یہ نقوش کھینچ کر اس نے کہا ''مولبی صاحب'' پھر ہنسنے لگا۔ فن تحریر کی ابتداء نامعلوم زمانہ میں اس طرح کی نقاشی سے ہوئی ہے۔ ناطق حیوان تو اور بھی ہیں مگر مصور حیوان انسان ہی ہے۔ یہ انسان کا جبلی شوق ہے اسی شوق سے خدا نے کسی اور جانور کو نہیں نوازا، انسان صرف حیوان ناطق ہی نہیں بلکہ مصور حیوان بھی ہے۔

جس ملک کو ہم اور بائبل کے پڑھنے والے کنعان کہتے ہیں اسی کا نام یورپ نے فون ایشیا رکھا ہے۔ اہل کنعان کی بولی وہ تھی جو بعد میں یہودیت پھر عرصہ بعد کتب عہد قدیم کے زمانے سے مدتوں بعد عبریت یعنی عبرانی کہلائی۔

سفر ایوب: قلم اور دوات کی گواہی

حضرت ایوبؑ کا زمانہ یہود نصاریٰ دونوں کے مطابق حضرت موسیٰؑ سے پہلے گزرا، سفر ایوب میں حضرت ایوبؑ کا قول منقول ہے:

مِی یِتِن لی اِفر ،یکتبون مَلّی

می تین بسفر و یحقو بعط برزو

عفرت یعد لصبور حصون

[ایوب ۱۹: ۲۳، ۲۴]

ہے جو کوئی لا دے قلم اور لکھ لیں میری بات۔

ہے جو کوئی لا دے کوئی صحیفہ اور لوگ قلم بند کر دیں۔

لوہے کے قلم اور سیسہ سے پتھر ہمیشہ کے لیے کندہ کر دی جائیں۔

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت ایوبؑ کے زمانے میں جو عہد، و موسیٰؑ سے پہلے گزرا یمامہ والے قرطاسوں پر اور پتھروں پر مسند کے حروف میں حقائق کو قلم بند کرتے تھے۔

کتابت میں ہم کو بنو سبا کے فرمارواؤں کے القاب ملتے ہیں:

مکرب سبا: اشوریوں کے ہم عصر ۹۰۰ ق م

ملک سبا: ایرانیوں یعنی ہنجانشی دور کے شاہان فارس کے ہم عصر

ملک سبا ذوریدان: ۹۰ ق م تا ۵۶۵ ہنو سبا کے بہت سے کتبے ابھی راز ہیں۔

نجران میں معین اور براتش نام کے دو قلعے ہیں ان کے کتبات سے معلوم ہوا ہے کہ معین تو قوم کا نام تھا جس کے کتبات مصر میں بھی ملے ہیں، جس قلعے کو معین کہا جاتا تھا اس کا تحریری نام [illegible] قرنوں تھا۔ اس قلعہ کا مصری کتبات معین کے مطابق ''القرنو'' تھا۔ براتش کا نام شبل تھا۔ فہرست ملوک کے مطابق شاہان معین کا زمانہ ۱۵۰۰ ق م سے ۵۲۵ ق م تک رہا۔ بیسویں صدی میں وادی سبان کی آثار کا وی ہوئی، قتبان اور کہلان اور نجع کے کتبات برآمد ہوئے، یہ کتبات میری نظر سے نہیں گزرے لیکن ان کے تذکرے نظر سے گزرے ہیں جن سے معلوم ہوا کہ خط مسند نہایت قدیم ہے۔ Wendell Phillipe کے خیال کے مطابق ان کتبات کا زمانہ عبرانی بزرگوں ابراہیمؑ و یوسفؑ کے زمانے سے پہلے گزرا۔ بالفاظ دیگر خط مسند کی قدامت جو کہ جلیل القدر پاکستانی پروفیسر اختر زیدی کی تاریخ دانی کے مطابق ۱۵۰۰ ق م کے بعد ہی کی ایجاد ہو سکتا ہے اس کی قدامت ۲۰۰۰ ق م سے قبل مسیح تک ثابت ہو چکی، جنوبی عرب کے نوشتوں اور سمات میں کوئی نقش سوائے [illegible] کے ایسا نہیں ہے جو سندھی اور بلوچی ظروف اور کتبات میں نہیں لیکن بہت سے ایسے نقوش سندھی مہروں اور ظروف پر ملیں گے جو کہ جنوبی عرب کی تحریروں میں نہیں ان میں بہتیرے براہمی، ثمودی، سبائی، مصری ہیں، یورپ میں، فنیقی میں ہمارے عربی، فارسی اور اردو رسم الخط میں ملتے ہیں سندھی مہروں میں ایسے بھی نقوش ہیں جو ان میں سے کسی میں نہیں ملتے ہیں۔

تقریباً ۳۰ سندھی مہریں اور سندھی رسم الخط کے نوشتے جنوبی عراق میں جسے یورپ نے ''سومیر'' کا نام عطا کیا ہے ملے ہیں۔ بلوچستان، سندھ، اور پنجاب وغیرہ کے آثار باقیہ میں کوئی فنیقی نوشتہ سومیر کا نہیں ملا ہے، اس سے ظاہر ہے کہ سندھی رسم الخط عراق، عرب، مصر، فونیشیا اور یونان میں پہنچا لیکن اُدھر سے اِدھر کوئی چیز نہیں آئی۔ سندھی رسم الخط کا راز سمجھنے میں مدعیوں نے ان حقائق سے دانستہ یا نادانستہ چشم پوشی کی ہے۔

سندھی رسم الخط: قدیم ترین رسم الخط

سندھی میں رسم الخط اب تک کی معلومات کی حد تک، دنیا کا قدیم رسم الخط ہے۔ یہ رسم الخط ذرا پہلے تشکیلی تھا، تصاویر کے ذریعے خیالات کو قلم کیا جاتا تھا اہل سندھ نے تشکیل نقوش کو غیر تشکیلی بلکہ ابجدی بنایا۔ دیگر اقوام نے سندھ کی ابجدی نقوش میں سے چند کو اپنی اپنی ضرورتوں کے مطابق چنا تاکہ وہ اپنے منطوق الفاظ کو قلم بند کر سکیں۔ سندھی نوشتے تشکیل اور ابجدی دونوں قسم کی تحریروں پر مشتمل ہیں۔ عراق میں جو

مہریں ملی ہیں ان میں سے ایک مہر کا نوشتہ میری نظر سے گزرا ہے جو یہ ہے:

کش کا مندر اور عبارتوں کی تشریح:

کش میں ایک مندر تھا جس کا نام ''اور ال باب'' تھا۔ اس نام کے مطلب کو ہم رواں عربی میں ''باب نور اللہ'' یعنی اللہ کے نور کا آستانہ، عبرانی میں ہم اسے ''باب نزالوھیم'' بنا سکتے ہیں اور بابلی میں ''شہر اور نور'' کا مطلب دیتا ہے۔ عبرانی میں ''اور'' کے معنی دو ہیں [۱] اس شہر کا نام جس میں حضرت ابراہیم علیہ السلام پیدا ہوئے [۲] آگ جب کہ عربی میں ''اوار'' آفتاب کی حدت کا نام ہے۔ یہودی معبد کے قدوس قدوشیم میں ایک چراغ دان پر ایک چراغ ہوتا تھا جو شب و روز روشن رکھا جاتا تھا اس کو باب نزالوھیم [خدا کا چراغ] کہا جاتا تھا۔ کش کا معبد 'اور ال باب' کی بھی وجہ تسمیہ بھی یہ ہو سکتی ہے کہ اس میں بھی ''نزالوھیم'' ہوتا تھا۔ اس معبد کے ایک کمرہ کی تعمیر شاہ بابل شمسو ایلونا نے کی تھی جو ۲۰۸۰ ق م میں گزرا، اسی کمرہ کی بنیاد میں وہ مہر ملی جس کے نقوش ہم نے نقل کیے ہیں۔

اس تحریر کا پہلا اور چھٹا نقش تشکیلی ہے، بیچ کے چاروں نقوش سبائی، معینی، کہلانی، قتبانی، تمعی نوشتوں کے حروف ہجا ہیں کو ہم اپنی زبان میں چھتری پڑھ سکتے ہیں، عربی میں ہم اس کو ساتر پڑھ سکتے ہیں، سَتر [چھپانا، ساہ کرنا] کا اسم فعل، نقش ششم پھل دار درخت کی شکل ہے جسے ہم عربی میں ثامر [ثمر والا] پڑھ سکتے ہیں۔

: کو ہیر اس نے وڈل پر اعتراض کرتے ہوئے اسے سبائی J بتایا ہے۔

: سبائی حائے حطی ہے۔ ممکن ہے بلکہ اغلب ہے سندھ والے ح اور ھ کے تلفظوں میں فرق نہ کرتے رہے ہوں۔

: سندھی اور سبائی ن کی شکل ہے۔

مُسنَد کا حرف

R: کی سبائی شکلوں میں سے ایک،

اس تحریر کو ہم یوں پڑھ سکتے ہیں:

ساترج ح س رثامر،

ج ح کو ج ھ سے بدل کر عربی لغت دیکھیے:

جھی البیت اے فھوجاہ۔ فباء بحبه الاستر علیه بیت اجھی لاسقف علیه

جس کمرے کی بنیاد میں یہ مہر ملی ہے وہ بزمانہ شمسو ایلونا ایک بیت جاہ اور بیت اجھی یعنی بے سقف تھا، جس

شخص کی یہ مہر ہے وہ ثامر بیت اچھی تھا۔ بے چھت گھر کو مسقف گھر بنایا تھا اس نے ، کو ہم س ر پڑھ سکتے ہیں عبرانی سار [بادشاہ] عربی سری [سراہ الناس کا وارث] انگریزی Sir اور Sire سنسکرت شری ،سب سندھی کے مختلف تلفظ اور کلمات توقیر ہیں ثامر تشکیلی نام ہے اس شخص کا جس کی یہ مہر ہے۔اب پڑھیے:

ساتر جہ سر ثامر

مسقف کرنے والا بے چھت والے کو رئیس ثامر

یہ تھا اب سے ۵ ہزار برس پہلے کا سندھی رسم الخط جس کی بجدی الفاظ سے زبان تحریر معلوم کی جاسکتی ہے۔[۱۹]

ام السنہ سنسکرت یا عربی:

مغربی محققین سنسکرت کو مادر لسانیات قرار دیتے ہیں لیکن مولانا ابوالجلال ندوی کی تحقیق کے مطابق:

عربی ہی ایک زبان ہے جو انسان کی فطری زبان کہی جاسکتی ہے، دنیا میں صدہا زبانیں بولی جاتی ہیں ،ان زبانوں کو ہم مختلف گروہوں میں تقسیم کرسکتے ہیں ،ایک گروہ کی زبانوں کا اجمالی نام ''انڈو یورپین'' دوسرے گروہ کا نام ''انڈو ایرانین'' ہے اس کی بھی دو ذیلی شاخیں ہیں ہندیائی (Indic)، ایرانین (Iranian) ان زبانوں میں سب سے قدیم تر زبان سنسکرت ہے دوسرے گروہوں کی زبانوں کا نام ''السنہ سامیہ'' فرض کیا جاتا ہے ،ان میں سب سے قدیم تر زبان سریانی ہے مگر وہ سریانی نہیں جو آج سے چند ہزار سال قبل بولی جاتی تھی بلکہ وہ سریانی جسے نوحؑ یا سامی قبائل کے آبائے اولین بولتے تھے''۔

عربی اور عربی مبین:

وہ عربی جس میں قرآن مجید اترا ہے قدیم عربی نہیں ،قرآن مجید تو عربی مبین میں اترا ہے جو قبیلہ قریش کی زبان کا نام ہے، یہ زبان قبائل مضر کی فصیح ترین زبانوں کے چیدہ الفاظ اور ترکیبوں کا مجموعہ ہے چوں کہ یہ زبان تمام قبائل عرب کی سمجھ میں بوضاحت آجاتی تھی اس کا نام ''مبین'' تھا ،ہم جس عربی سے واقف ہیں وہ مضر کے سات قبائل کی زبانوں کے ساتھ منقول ہے، یہ قبائل ہمیشہ خانہ بدوش اور غیر شہری رہے ،شہریت کا لازمی نتیجہ ہوتا ہے کہ قوموں کی دماغی حالت روز بروز ترقی پذیر ہوتی رہتی ہے، معلومات، احساسات، ضروریات اور اغراض میں روز بروز اضافہ ہوتا رہتا ہے، شہریت کے باعث الفاظ میں تراش خراش پیدا ہوتی رہے لیکن بداوت کا طبعی اقتضاء یہ ہے کہ اقوام کی دماغی حالت ساکن ہوتی ہے ،ضروریات و معلومات محدود ہوتی ہیں، بہت زیادہ تراش خراش کی ضرورت نہیں پڑتی نہ دوسری اقوام کی زبانوں کا اثر قبول کرنے کی حاجت ہوتی ہیں، اس بناء پر بدویوں کی

زبانیں کم تغیر پذیر ہوتی ہیں اور جلد جلد اپنی نوعیت نہیں بدلتی رہتیں، اس قاعدے کے مطابق قبائل مضر کی زبانیں اپنی اصل سے بہت زیادہ مشابہ ہوں گی۔

عربی اور غیر زبانیں:

عربی مبین دنیا کی زبانوں میں سب سے زیادہ فطرت کے مطابق ہے۔ عربی زبان کے الفاظ اپنے معنی پر محض فرض و اصطلاح اور بخت و اتفاق سے دلالت نہیں کرتے بلکہ ہر لفظ اپنے معنی کو چند خاص نوامیس قدرت کے مطابق ظاہر کرتا ہے، الفاظ اور معنی میں ربط پیدا ہونے کی وجہیں عربی علم اشتقاق کے اصول پر غامض نظر ڈالنے کے بعد اس قدر واضح ہو سکتی ہے کہ ہم غیر زبانوں کے الفاظ کو بھی عقلی طور پر سمجھ لینے کی قوت اور ملکہ پیدا کر سکتے ہیں۔

عربی زبان کی اقسام:

خالص قطحانی زبانوں میں صرف حمیری زبانوں کا حال معلوم ہے۔ عرب کے علمائے لغت کی روایتیں ظاہر کرتے ہیں کہ حمیری زبان میں اعراب نہ تھے اور قدیم عربی میں بھی اعراب نہ تھے، اعراب کا استعمال اہل عرب کو اسماعیلی نسل کے مستعرب عربوں نے سکھایا۔

خالص عربی تو طسم، جدلیس اور عمالقہ وغیرہ تباہ شدہ قبائل کی عربی تھی۔

عربی مبین [۱] قدیم عربی [۲] عہد قطحان کی سریانی [۳] عہد اسماعیل کی عبری الفاظ اور ترکیبوں سے مرکب ہے، چوں کہ یہ تینوں زبانیں ایک ہی اصل کی شاخیں اور ایک ماں کی بیٹیاں ہیں، ان کے میل سے جو زبان پیدا ہوئی وہ پھر بھی قدیم سریانی سے بہت مشابہ رہی۔

الفاظ کے تین معنی:

الفاظ اپنے اندر تین قسم کے معنی رکھتے ہیں [۱] نفسی کیفیات [۲] حسی امور [۳] ذہنی و اختراعی معلومات۔

چناں چہ خیال، علم، عام ادراک وغیرہ الفاظ پر غور کرو، خیال کی اصل خیالہ [نگرانی] ہے چوں کہ شے کی نگرانی کے لیے شے کا خیال ضروری ہے اس لیے خیالہ سے خیال بنا، خود خیالہ بھی کوئی حسی مفہوم نہیں ہے، خیالہ کا اصلی ترجمہ گھوڑوں کی رکھوالی ہے جس طرح ابل سے ابالہ بنا اسی طرح خیل سے خیالہ بنا، خیل اگر چہ حسی چیز کا نام ہے مگر یہ بھی اصلی لفظ نہیں ہے، اشیاء کے نام عموماً وصفی نام ہوتے ہیں، جن میں سے وصفیت فنا ہو جاتی ہے، خیل کی اصل ''خال'' ہے، خال ایک قسم کی چال کا نام ہے، یہی لفظ اصل ہے کیوں کہ عربی علم اشتقاق کی رو سے حرف علتی اور حرف مکرر [ر۔ل] کا وہ مجموعہ ہے جس میں کوئی حرف شدید نہ ہو ،حرکت ظاہر کرتا ہے۔

حسی معانی کی پانچ قسمیں:

حسی معانی کی پانچ قسمیں ہے [۱] مسموع یعنی آوازیں [۲] مرئی جیسے لمبائی، چوڑائی، موٹائی، رنگ، حرکت، فصل، فاصلہ وغیرہ [۳] مشموم جیسے بدبو، خوشبو جیسے سونگھنا یا سونگھنے کی چیزیں [۴] طموس جیسے لمس، چپکنا، ملنا وغیرہ معانی جن کا تعلق مساس سے ہے۔ [۵] مذوق یعنی زبان سے محسوس کی جانے والی چیزیں اور کیفیتیں، دیلمی نے "مسند فردوس" میں روایت کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ میری امت مجھے آب وگل کی حالت میں دکھائی گئی اور آدمؑ کی طرح اس کو بھی تمام اسماء کی تعلیم دی گئی، اس سے معلوم ہوا کہ خدا نے الہام طبعی کے ذریعہ انسان کو بولنا سکھایا۔

عربی الفاظ کی قسمیں:

عربی زبان کے الفاظ کی چار قسمیں ہیں [۱] ایک حرفی [۲] دوحرفی [۳] سہ حرفی [۴] زائد از سہ حرف، چوتھی قسم کے الفاظ دو قسم کے ہیں، بعض تو وہ ہیں جو سہ حرفی لفظوں میں چند حروف کے اضافے یا کسی حروف کی تضعیف سے پیدا ہوئے جیسے قاتل مقتول وغیر وغیرہ بعض وہ ہیں جو دو ثلاثی کے باہم مل کر ایک ہو جانے سے پیدا ہوئے، ایک قسم کے الفاظ کو منحوت کہتے ہیں، رباعی اور خماسی عموماً منحوت ہیں۔

دوحرفی الفاظ کی اہمیت:

سہ حرفی لفظ کو عربی زبان کی بنیادی اصلیت قرار دیا جاتا ہے مگر عربی زبان پر غور کرو تو اس کی صدہا مثالیں ملیں گی، مضاعف، اجوف، معتل اور وہ سہ حرفی الفاظ جو لام کلمہ کو مستثنٰی کر دینے کے بعد مضاعف کی آواز کے مشابہ ہوں، ذرا ذرا سے فرقوں کے ساتھ تقریباً یکساں معنی ظاہر کرتے ہیں مثلاً غط [غوطہ دینا] غوط [ڈوبتا] تغطی [ڈھانپ لینا۔ ڈوبا لینا] قط، قطع، قطف سب کاٹنا ظاہر کرتے ہیں

قص، قصل، قصم، قصب سب تقریباً ہم معنی ہیں، اس قسم کی بہتیری مثالیں ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ثلاثی الفاظ بھی اصل میں دوحرفی آوازوں سے پیدا ہوتے ہیں، یک حرفی الفاظ کے متعلق بھی ثابت کیا جا سکتا ہے کہ دوحرفی لفظوں کا مخفف ہے۔ انسان سب سے پہلے دوحرفی آوازیں پیدا کر سکتا ہے اور سب سے پہلے انسان کو چیزوں کی طلب ظاہر کرنی ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا کی قدیم زبانوں میں طلب کے صیغے یعنی امر کے الفاظ دوحرفی ہوتے ہیں۔ عربی میں اجوف کا امر ہمیشہ دوحرفی ہوتا ہے۔

الفاظ کی ابتدائی اصل:

مختصر یہ کہ الفاظ کی ابتدائی اصلی دوحرفی آوازیں ہیں جو کسی چیز سے سنائی دینے والی آوازوں یا انسان کی بعض غیر اضطراری آوازوں کی پے بہ پے نقل سے معرض وجود میں آئی تھی، ان آوازوں کو ہم چند قسموں میں تقسیم کر سکتے ہیں [۱] ہم مخرج حرفوں کا مجموعہ [۲] باہم متشابہ حروف سے بنا ہوا لفظ [۳] دو متبائن جنس کے حروف سے

بنا ہوا لفظ، چوں کہ حروف کی پانچ قسمیں ہیں حلقی، حنکی [تالو کے حروف] تخنی [ر۔ل۔ن] سنی [دندانی] شفوی [لب کے حروف]۔

زبان کی ابتداء:

مولانا ابوالجلال ندویؒ کی تحقیقات کا خلاصہ یہ ہے کہ ہماری زبانوں کی ابتداء صرف گیارہ قسم کے معنی اور بارہ قسم کے الفاظ سے ہوئی اور ان ہی بارہ قسم کے الفاظ سے صدہا زبانیں پیدا ہوئیں۔ دنیا بھر کی زبانوں کے بسیط حروف کو پانچ جنسوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ ان میں اکثر حروف صرف لہجے کے اختلاف سے الگ نظر آتے ہیں۔ ورنہ حقیقت ان کی ایک ہے اصل حروف جو دنیا بھر کی زبانوں میں ادا کیے جا سکتے ہیں صرف چودہ ہیں [۱] ہمزہ، [۲] ب، [۳] م [۴] ک [۵] ج [۶] ر [۷] ل [۸] ن [۹] س [۱۰] و [۱۱] ی، [۱۲] الف [۱۳] دیا [ڈ] [۱۴] ت [دیاٹ]۔

ابتداء میں انسان کی زبان کوئی مستقل نوعیت نہ رکھتی تھی نہ تو الفاظ کے اوزان، صیغے اور شکلیں کوئی خاص آواز کی مالک بنی تھی اور نہ الفاظ اور معنی کے ربط میں کوئی استقلال پیدا ہوتھا۔ اس طرح الفاظ کی آوازیں ابتدائی عہد میں کچھ مستقل نہ ہوں گی۔ انسان کو اپنی زبان پر کافی قابو نہ ہوگا لیکن جب دنیا میں بنی نوع آدم جب مختلف قوموں کی شکل میں پھیل گئے تو آہستہ آہستہ قوم نے مستقل لہجے، مستقل صیغے اور مستقل شکلوں کے الفاظ استعمال کرنا شروع کیا اور آہستہ آہستہ لفظ اور معنی میں مستقل ربط پیدا ہونے لگا۔ دنیا کی موجودہ زبانوں کی اصل وہی مستقل زبانیں ہیں جو بالکل ابتدائی عہد میں آدم کی غیر مستقل زبان سے پیدا ہوئیں۔

دنیا کی ابتدائی زبانیں:

ابتداء میں دنیا کی تمام زبانیں باہم مشابہ ہوں گی، ان میں فرق یہ ہوگا کہ، ایک قوم میں کسی معنی کے لیے ایک لفظ استعمال کیا جاتا ہوگا تو دوسری قوم میں اس لفظ کا الٹا۔

ہندوستان میں دیوتا کا وجود نہایت مقدس ہے، ایران میں دیوتا نہایت خطرناک چیز ہے، عرب ابر کو غیم بولتے ہیں، تو فارس والے میغ، ہندوستانی زبان میں میگھا اوتار بارش کا دیوتا ہے عربی کا اباب فارسی میں آب ہے ہندوستانی زبان میں اپ چناں چہ اپ پاترم آبخورہ کو کہتے ہیں، انگریزی میں یہی اباب [E□ú bb بن کر پانی کی ایک خاص کیفیت [جزر] کو ظاہر کرتا ہے، تقریباً ہم صورت الفاظ کسی زمانے میں باہم مترادف تھے مگر جس تدریج کے ساتھ انسانی معلومات میں اضافہ ہوتا رہا ہے ہر نیا لفظ اصلی مفہوم سے قریب تر معنی اختیار کرتا رہا، تا آنکہ اب دنیا میں کوئی دو لفظ ایسے نہیں جو ایک زبان میں مرادف ہوں، عربی زبان میں اب بھی متشابہ الصوت الفاظ کثرت کے ساتھ باہم مشابہ ہوتے ہیں مثلاً قتل [مار ڈالنا] قطل [درخت کاٹنا] قطم [دانت کے ساتھ کھانا] تقدیر [اندازہ کرنا، جدا جدا کرنا وغیرہ الفاظ کا مفہوم مشترک یا ایک جز کا ٹوٹ کر دو ہونا یا دو چیزوں کے

درمیان فصل پیدا ہونا ہوتا ہے شکست کی حالت میں چیزوں سے جو آواز پیدا ہوتی ہے اسے لفظ کی اصل شکل سے کس قدر مشابہت ہے۔

عربی حروف کی خاصیت:

حروف کی ترتیب بدلنے پر بھی الفاظ کے معانی تقریباً یکساں رہتے ہیں مثلاً دلک [ملنا] لدک [چپکنا] تکلید [تلے اوپر جمع کرنا] تلکد [چپکنا] نوکل [مٹی سانا] یہ الفاظ درحقیقت ایک مفہوم یعنی دو جسم کا ایک دوسرے کے ساتھ التساس ظاہر کرتے ہیں۔

عربی زبان اور دوسری زبانوں میں فرق یہ ہے کہ اس زبان کے الفاظ اپنے معنی کو جن وجوہ اور اسباب کے ماتحت ظاہر کرتے ہیں وہ متشابہ الاصوات کے مطالعے سے بہ تشریح معلوم ہو سکتے ہیں۔

زبانوں کی ابتداء وارتقاء:

الفاظ کی ابتدائی شکل، حروف کی پانچ اقسام، صرف گیارہ قسم کے معانی اور بارہ قسم کے الفاظ سے زبانوں کی ابتداء وارتقاء کا نظریہ اور انہی ۱۴ اقسام کے حروف سے صدہا زبانوں کی ترویج واشاعت کے موضوعات پر مولانا نے نکتہ آفرینی کے کمالات دکھائے ہیں۔ مولانا ابوالجلال ندویؒ کے خیال میں اصل حروف وہ ہیں جو دنیا بھر کی زبانوں میں ادا کیے جا سکتے ہیں۔ اس قسم کے حروف صرف ۱۴ ہیں۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ہمزہ	ب	م	ک	ج	ر	ل

۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
ن	س	و	ی	الف	دیا	ڈت [یاٹ]

تمام زبانوں کے چودہ مشترک الفاظ:

تمام زبانوں میں چودہ حرف مشترک ہیں اس لیے یہ حروف تمام زبانوں میں ادا کیے جا سکتے ہیں یہی اصل حروف ہیں۔ ان چودہ حروف کے سوا جتنے حروف ہیں وہ فرع ہیں، اصل نہیں ان ۱۴ حرفوں کو باہم ضرب دو تو ۱۱۹۲ الفاظ پیدا ہوں گے۔ ہماری زبانوں کی ابتداء صرف گیارہ قسم کے معانی اور چودہ قسم کے الفاظ سے ہوتی ہے اور انہیں الفاظ سے صدہا زبانیں پیدا ہوئی ہیں۔

الفاظ کی اصل دوحرفی آوازیں:

الفاظ کی ابتدائی اصل دوحرفی آوازیں ہیں جو کسی چیز سے سنائی دینے والی آوازوں یا انسان کی بعض غیر اضطراری آوازوں کی پے بہ پے نقل سے معرض وجود میں آئی تھیں، مثلاً انسان نے لکڑی کاٹنے کے

لیے جب اس پر اپنا اوزار مارا تو جو آواز نکلی وہی اس عمل کا نام ہوگئی مثلاً اردو، ہندی اور انگریزی میں کٹ اور عربی میں قطع۔

غور کیجیے تو عربی کا ماء ہو انگریزی کا واٹر، جرمن کا واسر ہو، فارسی کا آب ہو یا اردو ہندی کا پانی سب کو ادا کرتے وقت پیاس کے ماروں کا منہ کھلے کا کھلا رہ جاتا ہے، خواہ ادائیگی کے بعد بند ہو جائے۔

عربی کا لفظ ہے ''سری''، یہی لفظ ہندی اور سنسکرت میں ''شری'' فارسی میں ''سردار'' انگریزی میں Sir اور سائر Sire بنا۔ مولانا ابوالجلال ندویؒ نے مختلف زبانوں کے بے شمار الفاظ کا تقابلی مطالعہ کر کے بتایا کہ ایک ہی لفظ املا یا تلفظ کے فرق کے ساتھ ہر زبان میں پایا جاتا ہے۔ ایسی امثال ان کے نوشتوں میں بکھری ہوئی ہیں، جنھیں جمع کیا جائے تو بہت سے عقدے حل ہو سکتے ہیں۔

ہفتہ [فارسی اردو]، سبت [عبرانی عربی] اور سپتاہ [ہندی] کی صوتی مماثلت کا ذکر کرتے ہوئے مولاناؒ نے پوچھا کہ ہر جگہ ہفتہ سات دن کا کیوں ہوتا ہے؟ دنیا کے کسی حصے میں کم یا زیادہ کیوں نہیں ہوتا ہے پھر بتایا کہ ہر سات دن بعد چاند کی شکل بدل جاتی ہے۔ ابتدائی سات دنوں میں وہ ہلال سے شروع ہو کر نصف تک پہنچ جاتا ہے۔ اگلے سات دنوں میں پورا ہو کر بدر بن جاتا ہے بعد کے سات دنوں میں پھر آدھا ہو جاتا ہے اور آخری سات دنوں کے بعد پھر طلوع ہونے کے لیے غائب ہو جاتا ہے شاید ان کا استدلال یہی تھا کہ قمری تقویم ہی فطری تقویم ہے۔

ابتدائی چار حروف:

ابتدائی چار حرفوں [حروف تہجی] کے یونانی نام الفا (Alpha) بیٹا (Beta) گاما (Gamma) اور ڈیلٹا (Delta) خبر دیتے ہیں کہ یہ نقوش اپنے ناموں سمیت الف، بیت، گیمل دالت [عبرانی] بولنے والی قوم کے ذریعے یورپ پہنچے ان حروف کو یوروپ میں فنیقیوں نے پہنچایا، یہی حروف عربی میں الف ب ج دال ہیں۔

سید سلیمانؒ ندوی اور ندوہ والے انھیں زبان پر سند سمجھتے کسی لفظ کا ماخذ دریافت کرنا ہوتا تو سید سلیمانؒ ندوی کہتے اس لفظ کی ٹانگیں توڑ لاؤ۔ مولانا جواب دیتے ہم تو صرف لفظوں کی ٹانگیں توڑتے ہیں مردوں کے کفن نہیں کھولتے۔ ان کا اشارہ مولانا سلیمانؒ ندوی کی تاریخ نویسی کی طرف ہوتا کہ وہ کس طرح تاریخ کھود کر نکالتے تھے۔ مولانا ابوالجلالؒ مختلف زبانوں میں ارتباط باہمی کے رشتے تلاش کرتے ہوئے بتاتے ہیں [۲۰] ''مثال کے طور پر میں کہتا ہوں کہ حضرت موسیٰؑ کا قول ہے:

شمع یَااِسرائیل اِلُوحیک اِلُوحیم اَحدِیم''

[سنو! اے اسرائیل تمہارا خدا ایک ہی خدا ہے]

اب میں اس کا عربی میں ترجمہ کرتا ہوں۔

اِسمَع یا اِسرائیل اِلٰھکم اِلہ واحد [سنواے اسرائیل تمہارا خدا ایک ہی خدا ہے]

کیا یہ دو مختلف زبانوں کے الفاظ ہیں؟ دونوں میں کوئی رشتہ نہیں ہے؟ سب سے بڑی مثال...... جو مشہور جملہ ہے انجیل میں ...... حضرت مسیحؑ کی زبان سے...... تقریباً ہر بائبل میں لکھا ملتا ہے کہ: ''ایلی ایلی لما سبقتانی'' ہر زبان کی بائبل میں [عبرانی کا] یہ فقرہ اصل حالت میں موجود ہے...... تو:

سَبَق کے معنی عبرانی میں ہیں ''پیچھے چھوڑ گیا''

سبق کے معنی عربی میں ہیں ''آگے بڑھ گیا''

ان دونوں میں کیا فرق ہے؟

ایلی ایلی: الٰہی الٰہی [میرے اللہ...... میرے اللہ]

لما: لما [کیوں]

سبقتانی: ترکتنی [مجھے چھوڑ دیا]

اسلوب تو ایک ہی ہے۔ ہر زبان میں ایک مفہوم کو ادا کرنے کے کئی طریقے ہوتے ہیں۔ ہم یہ کہتے

سنسکرت: تتا متی: [تو وہی ہے]

فارسی: تو ہمانی: [تو ہی سب میں ہے]

انگریزی: Thou art that [تو وہی ہے]

عربی: لا اِلٰہ الّا اللہ [کوئی نہیں اِلٰہ سوائے اللہ کے]

یہ مختلف زبانوں کے الفاظ ہیں۔ مگر کیا ان زبانوں میں کوئی رشتہ نہیں ہے؟

صرف طرزِ بیان کا فرق ہے''۔[۲۱]

دنیا کی پہلی زبان کیا تھی؟

بائبل کی کتاب پیدائش (۱۱/۱۔۹) کا بیان ہے کہ طوفان نوح تک سارے انسانوں کی ایک ہی زبان تھی پھر جو لوگ غرق ہونے سے بچے تھے وہ ملک شنار کی طرف گئے اور وہاں پختہ اینٹوں سے ایک شہر بنانا شروع کیا اور اس میں ایک مینار بھی بنانا چاہا جو اتنا بلند ہو کہ آسمان تک پہنچ جائے۔ یہ بات خدا کو پسند نہ آئی اور وہ آسمان سے اتر کر اس مقام کو آیا اور ان لوگوں کو سارے کرہ ارض پر منتشر کر دیا۔

بائبل کی ان آیات میں مینار کا بیان غالباً اس منشاء کا اظہار ہے کہ وہ لوگ مینار پر چڑھ کر خدا کو دیکھنا چاہتے تھے لہٰذا خدا نے ناراضگی کے باعث ان کو کرہ ارض پر منتشر کر دیا۔ اس انتشار کے باعث ان کی

زبان بھی منتشر ہوگئی اور جس جگہ یہ مینار بنا گیا تھا اس مقام کو بابل کا نام دیا گیا جس کے معنی ہیں زبانوں کا مختلف ہوجانا، نت نئی زبان کا پیدا ہونا۔

باب پیدائش کی آیات یہ بتاتی ہیں کہ کائنات کا آغاز ہوا تو کائنات کی زبان ایک ہی تھی۔ کائنات کے پہلے انسان آدمؑ حواؑ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندے اور پیغمبر تھے جن سے نسل انسانی کا آغاز ہوا، تاریخ اور الکتاب بتاتی ہے کہ پیغمبر زبان اور کتاب کے بغیر ظہور نہیں فرماتے۔ جب کائنات کا آغاز روشنی، کتاب اور رسالت کے سائے میں ہوا تو یہ کیسے ممکن تھا کہ روئے زمین پر پیغمبر اور پیغمبر کے گھرانے والے طلاقت لسانی سے محروم ہوں اور اشاروں کنایوں میں گفتگو کرتے ہوں اور اشاروں، کنایوں میں بات چیت کا یہ سلسلہ صدیوں تک جاری وساری رہا ہو۔ ہندوؤں کی مذہبی کتاب مقدس اپنشد میں درج ہے ''ہر نام کی ابتداء حرف سے ہوئی اور حروف ہی سے ہر نام منسوب کیا گیا۔ انجیل مقدس میں منقول ہے۔

In the Begining was the Word and the word was with God and the word was God

قرآن کریم کی پہلی آیت ہے ''اقرا باسم ربک'' اس کا انگریزی ترجمہ Proclaim the word of God مفسرین اور علمائے حق نے اقراء کے لیے دو لفظ استعمال کیے پڑھ اور بول انگریزی میں اس کے لیے Read اور Proclaim کے الفاظ منتخب کیے گئے جب کہا گیا ''پڑھ'' یا ''کہہ'' تو یہ اعلان کا حکم رکھتا ہے۔ ان تینوں الفاظ پڑھ، کہہ اور بول میں مشورہ بھی ہے، ترغیب بھی ہے اور حکم بھی۔ دنیا کے تین بڑے مذاہب کی مذہبی اور الہامی کتابیں اسی بات کی توثیق کرتی ہیں کہ حرف اور اسم سے ہی خدا کا ذکر کیا جاتا ہے اور کائنات کا آغاز ذکر خداوندی سے ہی ہوا۔

دنیا میں زبان کے آغاز و ابتداء کے بارے میں قدیم ترین نقطہ نظر الہامی نقطہ نظر ہی رہا ہے۔ تحریف کے نتیجے میں ظہور پذیر مذاہب میں بھی زبان کے لحاظ سے الہامی نقطہ نظر کی جھلک تو نظر آتی ہے مگر یہ تحریف شدہ نقطہ نظر ہے لیکن اس کی اساس یہ الہام ہے کہ اللہ نے آدم کو اسماء سکھائے اور زبان و بیان کی صلاحیت عطائے ربانی ہے۔

مذہبی نقطہ نظر ایک دو روز کا قصہ نہیں لاکھوں کروڑوں سال کا قصہ ہے۔ تاریخ بتاتی ہے اور بالکل ٹھیک بتاتی ہے کہ زمانہ قدیم میں لوگ زبان کو عطیۂ خداوندی اور فنِ تحریر کو دیوتاؤں کی ایجاد سمجھتے تھے۔ چناں چہ سنسکرت کو ''دیوتاؤں کی زبان'' اور دیوناگری کو ''دیوتاؤں کا خط'' ماننے کا عقیدہ اب تک چلا آتا ہے۔ اسی طرح دیوناگری کا پیشرو براہمی خط برہما کی ایجاد مانا جاتا تھا۔ قدیم اہل مصر فن تحریر کا موجد تھا تھ دیوتا کو مانتے تھے جس کا جسم انسان کا لیکن سر آئی بس نامی پرند کا بتایا جاتا تھا۔ اسی دیوتا کو وہ ریاضی اور علوم نجوم کا بانی سمجھتے

تھے۔عراق کے قدیم باشندے فن تحریر کو اونیس دیوتا سے منسوب کرتے تھے۔ان کی روایت کے مطابق وہ روز سمندر سے نکل کر انسان کو تہذیب وتمدن کی تعلیم دیا کرتا تھا۔اسی لیے اسے مچھلی کی کھال اوڑھے دکھایا جاتا یا پھر اس کا اوپر کا جسم انسان کا اور نیچے کا مچھلی کا بناتے تھے۔

زبانوں کے آغاز کے بارے میں دنیا کا قدیم ترین نقطہ نظر مذہبی یا الوہی نظریہ کہلاتا ہے جس میں زبانوں کی اصل الوہی یا الہامی قرار دی گئی ہے۔اس اقرار کے باوجود بعض مذاہب نے اپنی زبان کو قدیم ترین قرار دیا ہے۔یہودیوں اور عیسائیوں کے نزیک اصل زبان عبرانی تھی۔ ہندوؤں نے سنسکرت کو قدیم جانا، بدھوں کے نزدیک پالی پراکرت قدیم ترین زبان ہے۔جینیوں کی لسانیات کی کئی کتابوں میں لکھا ہے کہ وہ اردھ ماگدھی پراکرت کو انسان وحیوان کی ازلی زبان مانتے ہیں۔اس دعوے کی بنیاد یہ مفروضہ تھا کہ تیر تھنکروں کے وعظ نہ صرف انسان بلکہ حیوان بھی سمجھتے تھے آخری تھنکر پرسوامی دیہات کے رہنے والے تھے وہ اپنی زبان اردھ ماگدھی میں وعظ کرتے تھے۔بعض قوموں نے بھی اپنی زبان کو دنیا کی پہلی زبان قرار دینے کی کوشش کی۔مثلاً سولہویں صدی میں ولندیزی عالم بے کانس نے ڈچ زبان [ولندیزی] کو اور اسی زمانے میں دو اور محققین نے بہت ہی قدیم جرمن کو اصل زبان قرار دیا۔

قرآن کریم میں آدمؑ کو نام سکھانے کا ذکر مختلف آیات میں آیا جس میں اللہ تعالیٰ آدمؑ کو تمام اسماء سکھاتے ہیں پھر ان موسوم شدہ چیزوں کو فرشتوں کو دکھا کر پوچھتے ہیں کہ کیا تم ان چیزوں کے نام بتا سکتے ہو؟ فرشتے اپنی بے علمی کا اعتراف کرتے ہیں کہ اس بارے میں ہمیں کچھ نہیں معلوم۔پھر آدمؑ ان فرشتوں کو ان چیزوں کے نام بتاتے ہیں۔کم وبیش یہی قصہ بائبل کی کتاب پیدائش آیت ۱۹، ۲/۲۰ میں درج ہے۔بائبل کی آیات میں چیزوں کو نام حضرت آدمؑ دیتے ہیں۔زبان وبیان کے سلسلے میں ناموں کی اہمیت بنیادی چیز ہے۔کنفوشس کتابوں Wu Ching اور Shih Shu میں ناموں کی اہمیت کو بیان کیا گیا ہے۔ اپنشد، بائبل، کنفوشس اور قرآن کریم سے اسماء کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے اور یہی اسماء حروف والفاظ کی صورت میں زبان کی تعمیر وتشکیل کرتے ہیں اسی لیے کائنات کے آغاز سے پہلے ہی ایک مکمل زبان سے آدم و حوا علیہما السلام کو واقف کرا دیا گیا تھا۔

قرآن کریم نے انسان کے بارے میں بیان فرمایا ''لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم'' ہم نے انسان کو بہترین صورت پر پیدا کیا۔اس کے ساتھ یہ بھی ''خلق الانسان علمه البیان'' (رحمٰن) ہم نے انسان کو پیدا کیا اور اسے بولنا سکھایا لہٰذا کائنات کا آغاز انسان نے زبان وبیان کی اعلیٰ ترین صلاحیتوں کے ساتھ کیا۔یہ الہامی نقطہ نظر ہے اور بالکل درست نقطہ نظر ہے۔سائنس اس کی تردید نہیں کرسکتی اور اس کی تردید کی کوئی حیثیت نہیں۔

سائنس کو اس طریقے سے رد کرنے پر کچھ لوگوں کو حیرت ہوگی لیکن اس حیرت کی کوئی وجہ نہیں۔ سائنس مفروضات، مشاہدات سے نتائج تک پہنچی ہے اور یہ نتائج بھی حتمی نہیں ہوتے پاپر کی فلسفہ Falsrification بتاتا ہے کہ جو نتیجہ حاصل ہوا ہے وہ اس وقت تک درست ہے جب تک کوئی اور نظریہ موجود نظریے یا نتیجے کو باطل نہ کردے، اس فلسفے کا نقطہ آغاز ڈیکارٹ کا وہ جملہ ہے کہ I think therefore I am اس کا مطلب یہ ہے کہ میرے وجود کے سوا کائنات کی ہر شے پر شک کیا جانا چاہیے۔ یہی سائنسی طریقہ کار ہے کوئی نتیجہ حتمی نہیں ہے۔ اسی لیے سائنس کے نظریات آئے دن بدلتے رہتے ہیں مثلاً پہلے سائنس دانوں کا دعویٰ تھا کہ آدم کی تخلیق اور دنیا کی تخلیق کو ساڑھے سات ہزار سال ہوئے ہیں اور بعض مورخین کی تحقیقات کے مطابق دنیا کی معلومہ تاریخ ساڑھے سات ہزار سال کا احاطہ کرتی ہے جب کہ فی الحقیقت دنیا کے آغاز کو کتنی صدیاں گزر چکی ہیں؟ اس کا ادراک ذہنِ انسان کی رسائی سے ماورا ہے۔ ۱۹ ویں صدی تک دنیا کی عمر لاکھوں سال بیان کی گئی تھی۔ ۲۰ ویں صدی میں اس کی عمر کچھ اور بڑھ گئی لیکن تازہ ترین تحقیقات کے مطابق دنیا کی عمر ڈھائی کروڑ سال سے زیادہ ہے اس سلسلے میں آسٹریلیا میں دریافت ہونے والے رکازات (fossils) سے زندگی کے معروف نظریے کی نفی ہوگئی ہے

کائنات کا آغاز کب ہوا؟

''اسکاٹ لینڈ سے بیالیس کروڑ اٹھاسی لاکھ سالہ قدیم زندگی کے آثار برآمد کرلیے گئے ہیں۔ جانوروں کی یہ باقیات ساحلی شہر اسٹون ہیون سے برآمد ہوئیں۔ سائنس دانوں نے ان رکاز (باقیات) کے تجزیے اور ان کے زمانے کے تعین کے لیے کئی ماہ صرف کیے۔ ان کی دریافت سے زمین پر حیوانی زندگی کی ابتداء کے بارے میں معروف نظریے کی نفی ہوگئی۔ رکاز کا نام انھیں دریافت کرنے والے بس ڈرائیور کے نام پر رکھ دیا گیا ہے۔ اسکاٹ لینڈ کا علاقہ اس زمانے میں خط استوار پر واقع علاقوں کا حصہ تھا۔ ان ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ دریافت اس اعتبار سے انتہائی اہمیت کی حامل ہے کہ اس سے اس تصور کی نفی ہوتی ہے کہ زمین پر حیوانات کی زندگی کا آغاز بہت بعد میں ہوا۔ ان آثار کا نام انھیں دریافت کرنے والے شخص کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے اس کے نام پر رکھا گیا ہے۔ مائیک نیومین نامی یہ شخص ایک بس ڈرائیور ہے اور بطور شوق قدیم آثار کی تلاش کرتا ہے''۔

سائنس دان ابھی تک اس بات کا فیصلہ نہیں کر سکے کہ کائنات کا آغاز کب ہوا۔ ہر نیا دن کائنات کی عمر کے بارے میں ایک نیا نقطہ نظر پیش کرتا ہے اور عموماً یہ نقطۂ نظر کائنات کی عمر میں اضافے کا ہی نقطۂ نظر ہے لیکن عین ممکن ہے کہ کچھ عرصے بعد کائنات کی عمر کم کرنے کا نقطہ نظر قابل قبول ہو جائے۔ لہٰذا سائنس دانوں کے پاس کروڑوں سال پہلے کی معلومات موجود نہیں وہ محض مفروضات، قیاسات اور غیر حتمی

تجربات کی بنیاد پر تحقیقات پیش کرتے ہیں لسانیات کے حوالے سے بھی ان کی تحقیقات محض مفروضات، خواہشات، اور قیاسات کا دفتر ہے۔

لامحالہ ہمارے پاس لسانیات کے حوالے سے اہم ترین اور بنیادی ترین ماخذ مذاہب عالم کی کتابیں ہیں جن کو دنیا کے مختلف خطوں میں قرن ہا قرن سے نسل درنسل پڑھا جارہا ہے اور کوئی محقق ان کتابوں کا انکارنہیں کرسکا۔

تمام زبانوں کے یکساں حروف تہجی:

مذاہب سے قطع نظر ہم دنیا کی اہم زبانوں کے حروف تہجی کا تحقیقی مطالعہ کرتے ہیں تو وہاں بھی وہی صورت حال نظر آتی ہے کہ ان حروف تہجی میں حیرت انگیز مماثلت اور مطابقت پائی جاتی ہے۔ ذیل میں عربی، عبرانی، یونانی، حبشی، انگریزی زبانوں کے حروف تہجی تحریر کیے جارہے ہیں۔

حروف تہجی کی یکسانیت اہم زبانوں میں

	عربی	عبرانی	یونانی	حبشی	انگریزی
۱	الف	الف	الفا	اَلف	a
۲	با	بیط	بیتا	بیت	b
۳	جیم	جمل	گاما	جیمیل	c
۴	دال	دَالَط	دیلتا	دینت	d
۵	ہا	ہے	ایپ سی لون	ہوئ	e
۶	واوَ	واوَ	واوَ	واوے	f
۷	زا	زین	زیتا	زائ	g
۸	حا	حیط	اِیتا	حاوُط	h
۹	طا	طیط	تھیتا	طیط	i
۱۰	یا	یود	اَیوتا	یمن	j
۱۱	کاف	کاف	کاپا	کاف	k
۱۲	لام	لامد	لامدا	لاوے	l
۱۳	میم	میم	مو	مائ	m

۱۴	نون	نون	نُو	نحاس	n
۱۵	سین	سامک	سی	ست	p
۱۶	عین	عین	اومیکرون	عین	q
۱۷	فا	فے	پائی	الیف	r
۱۸	صاد	صادے	سان	صادائی	
۱۹	قاف	قوف	کوپا	قاف	s
۲۰	را	ریش	رہو	ریس	t
۲۱	شین	شین	سگما	شاذت	u
۲۲	تا	تاؤ	تاؤ	تادے	v

ماں باپ جنت کے الفاظ اور زبانیں:

ان زبانوں کے حروف تہجی کے تقابلی مطالعے سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ ان میں بنیادی فرق نہیں ہے۔ اس وقت دنیا میں زبانوں کے جتنے بھی خاندان موجود ہیں وہ انہی حروف تہجی سے زبان کا بازار سجاتے ہیں۔ حروف تہجی کی حدتک دنیا کی تمام بڑی اور اہم زبانیں یکساں نوعیت کی حامل ہیں اور حروف تہجی کی مماثلت اس دعوے کی اہم دلیل ہے کہ دنیا کی پہلی زبان ایک ہی تھی۔ اس دعوے کی دوسری اہم ترین دلیل یہ ہے کہ دنیا کی زبانوں میں ماں، باپ اور جنت کے لیے استعمال ہونے والے الفاظ تقریباً تمام زبانوں میں مشترک ہیں۔

''فردوس'' جنت کے لیے معروف ترین لفظ، تمام انسانی زبانوں میں مشترکہ طور پر پایا جاتا ہے۔ سنسکرت میں ''پردشا'' قدیم کلدانی زبان میں ''پردیسا''، قدیم ایرانی ژند میں ''پیری دائزا''، عبرانی میں ''پردلیس''، ارمنی میں ''پردیز'' سریانی میں ''فردیسو''، یونانی میں ''باراداِئسوس''، لاطینی میں ''بارادائیسس'' عربی میں ''فردوس''۔ یہ لفظ ان سب زبانوں میں ایسے باغ کے طور پر بولا جاتا ہے جس کے گرد حصار موجود ہو، وسیع ہو، قیام گاہ سے متصل ہو، ہر قسم کے پھل خصوصاً انگور پائے جاتے ہوں اور بعض زبانوں میں تو منتخب پالتو پرندوں، جانوروں کا بھی پایا جانا اس کے مفہوم میں شامل ہے۔ قرآن سے پہلے عرب کے کلام جاہلیت میں بھی فردوس مستعمل تھا۔ اس کے بعد ماں باپ کے الفاظ پر غور کیجیے یہ بھی تمام زبانوں میں کم وبیش مشترک ہیں۔ یہی حال لفظ پانی کا ہے اور لفظ آخرت یا قیامت میں بھی مماثلت پائی جاتی ہے۔

باپ

انگریزی	سنسکرت	عربی	ترکی	جاوانی نگوکو
Father	پترا	اب	بابا	بابا
مالائی	براہل	تبتی (تحریری)	پکھیا	تھولنگیا
بابا	باؤ	فا	بابائی	باپ-اپاپ
کھالنگ	دنوار	پاہری	چپنگ	بھرامو
اپاپ	بابا	با	بابو	بابائی
دنوار	پاہری	چپنگ	بھرامو	کسوار
بابا	با	بابو	بابائی	بابا یک
تھارو	کوچ	سب ساگرمیری	برمی (تحریری)	برمی (بول چال)
بابا	باپ	بابا	فائی	فا ای
تونگھ تو	سنتالی	بھومیج	اوراون	گیاتی
فا	بابا	بابو	بابی	بابا
رٹ لک	کولامی	ماڑی	کری	چینٹشو
باوا-دادا	باو	بابا	با-ابا	با

ماں

انگریزی	سنسکرت	عربی	باسک	گیامی
Mother	ماتر	ام	اما	ما

تنکپا	مانیاک	ہورپا	اما	تبتی (تحریری)
اما	اما	اما	اما	اما
تبتی (بول چال)	سرپا	ستوار	گورنگ	مرمی
اما	اما	اما	امور	اما
مگار	تھکسیا	پکھیا	لمبو	کیرانتی
ما	آما	اما	آما	ادما
روڈنگ	رنگچن بنک	چھنگ تنگیا	نچھرنگ	دیلنگ
ما	ادما	ادما	ادما	اما
یاکھا	چوراسیا	کولنگیا	تھولنگیا	باہنگیا
ای ما	آمو	امی	مام	آمو
لوہورونگ	لمبچھونگ	بالالی	سانگ پانگ	ڈمی
اما	اما	اما	اما	مایام
ڈمی	کھالنگ	ڈنگمالی	پاہری	چپنگ
مایام	مام	اما	می	امل
بھرامو	دایو	کسوار	کوسندا	لپ چا (سکم)
امل	ادمی	آمی	مائی	آمو
بھوٹانی لہوپا	بودو	دھمل	کوچ	گارو
آئی	اما	اما	ما	اما

کاچاری	سونی پوری	مٹھن ناگا	ابورمیری	برمی (تحریری)
آای	اما	امو	ناما	امی
برمی (بول چال)	کمی	سگاؤ کیرن	پووکیرن	تونگھتھو
امی	اما	مو	مو	من
انامیتی	سیامی	اووم	خامتی	لاؤس
می	ما	می	می	می
بھوٹیج	نیکوڈی	کولامی	کیکاڑی	چینٹو
مائی	اما	اما	اما	اما
تامل قدیم	ملیالم جدید	سنہالی		
اماں	ماں	اما		

پانی

انگریزی	سنسکرت	عربی	باسک	مانشو
Water	اپ	ماء	اُر	ماکی
سوکپا	پکھیا	روڈنگ	سانگ پانگ	کسوار
واسو	پانی	وا	وا	پانی
تھارو	اوراون	راج محلی	رٹ لک	نیکوڈی
پانی	ام	ام	ار	ار

کولامی	ماڑی	کیکاڑی	چینٹسو	توددوا
ار	ار	تانی	پانی	مرد

۱۷۷۲ء میں برلن اکیڈمی نے زبان کے آغاز کے موضوع پر ایک مقابلہ منعقد کیا جس میں Herdel کا مقالہ بہترین مقالہ قرار دیا گیا اس مقالے میں اس نے الوہی نظریہ لسان پر اہم اعتراضات اٹھائے۔

۱۔ اگر زبان خدائی تخلیق ہوتی تو وہ بہت باقاعدہ ہوتی لیکن تمام زبانوں میں عجب بے اصولی و بے ترتیبی پائی جاتی ہے۔

۲۔ زبان میں بنیادی الفاظ فعل کے مادے ہیں جن سے متعدد اسماء کا اشتقاق ہوتا ہے، اگر خدا زبان تخلیق کرتا تو ماجرا برعکس ہوتا وہ انسان کو سب سے پہلے چیزوں کے نام سکھاتا فعل بعد میں آتے۔ افسوس یہ ہے کہ ہرڈل نے قرآن کریم میں تخلیق آدم سے متعلق آیات کا مطالعہ نہیں کیا جہاں واضح طور پر بتایا گیا ہے کہ اللہ نے سب سے پہلے آدم کو نام سکھائے۔

جہاں تک زبانوں میں عجب بے اصولی و بے ترتیبی کا تعلق ہے یہ اعتراض کرتے ہوئے ہرڈل نے دو چیزوں کا خیال نہیں رکھا۔

۱۔ اس کائنات کے آغاز کو کروڑوں سال ہو چکے ہیں، یہ سائنس کا دعویٰ ہے۔ ہوسکتا ہے کہ یہ لاکھوں سال نئی تحقیقات کے بعد اربوں سال میں تبدیل ہو جائیں۔ آدمِ اول کی زبان کروڑوں سال کا سفر کرتے ہوئے ایک ہی سانچے میں کیسے ڈھلی سکتی تھی؟ اگر مذہبی صحائف اور الہامی کتابیں زبانوں کے اصول اور الفاظ متعین کرتیں تو یقیناً اس میں ترتیب موجود رہتی۔

۲۔ اللہ نے آدم کو اسماء سکھائے لہٰذا اصولاً سب سے پہلے نام سکھائے گئے تاکہ انسان زبان سیکھ سکے اس کے بعد ہی فعل سکھائے گئے اور مکمل زبان عطا کر کے انسان کو زمین پر بھیجا گیا۔

قرآن کریم، عہد نامہ جدید اور عہد نامہ قدیم اس بات کی شہادت دیتے ہیں کہ زبان الہامی عطیہ تھا لیکن حیرت انگیز بات یہ ہے کہ محققین نے زبانوں کے مذہبی نظریے پر غور وفکر کی زحمت گوارا نہیں کی اور اس کی بنیادی وجہ یہی تھی کہ زبانوں کے آغاز وارتقاء پر تحقیقات کا آغاز اس دور میں ہوا جب یورپ کے اندر مذہب سے بغاوت کی تحریک نشاۃ ثانیہ (Inlightenment Movement) یا روشن خیالی کے نام سے برپا ہوئی تھی اور جس نے تمام سابقہ زبانوں کو قرن مظلمہ (Dark ages) قرار دیا تھا۔ جس کا مختصر مطلب یہی تھا کہ انسانی تاریخ کا وہ پورا عہد جو آغاز کائنات سے لے کر سترہویں صدی کے آغاز سے پہلے کا احاطہ کرتا ہے اور جس کا بنیادی تعلق کسی نہ کسی طور پر مذہب سے رہا ہے، یہ تمام ادوار ظلمت اور تاریکی کی اتھاہ

گہرائیوں میں ملفوف تھیں یعنی سترہویں صدی سے پہلے کا زمانہ جو سائنس کے مطابق بیالیس کروڑ اٹھاسی لاکھ سال کا زمانہ ہے جس کے بارے میں سائنس کچھ نہیں جانتی اس پورے زمانے کو سترہویں صدی کے مغربی مفکرین نے صرف اس لیے رد کر دیا کہ یہ پورا زمانہ مذہبی عہد تھا۔ لہٰذا زبانوں پر تحقیق کرنے والے محققین دانستہ طور پر مذہبی کتابوں سے فاصلے پر رہے۔ اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ فہرست ابن ندیم جو چوتھی صدی ہجری کی عربی کتاب ہے اور بعض محققین کے مطابق غالباً دنیا کی پہلی محفوظ اور مرتب فہرست کتاب ہے، اس کتاب کا پہلا باب چوتھی صدی میں پائی جانے والی زبانوں سے متعلق تھا۔ مغربی مفکرین اور محققین نے عموماً لسانیات پر تحقیقات سترہویں صدی میں شروع کیں۔ یہ کتاب اس سے چھ سو سال قبل دنیا کے مختلف خطوں میں بولی اور لکھی جانے والی زبانوں کے بارے میں قیمتی معلومات فراہم کرتی ہے اور ان زبانوں کے رسم الخط کی بھی نشاندہی کرتی ہے لیکن اس کتاب کا حوالہ کسی محقق کے ہاں نہیں ملتا حتیٰ کہ ۱۹ ویں صدی کا اہم ترین محقق سر ولیم ولسن ہنٹر اپنی کتاب A Comparative Dictionary of Non Aryan Languages of India and High Asia میں شامل تقابل لسانیات کے مقالے میں القزوینی، الادریسی ابن خرداذبہ، رشید الدین کے حوالے دیتے ہیں لیکن فہرست ابن ندیم سے صرف نظر کرتے ہیں حیرت انگیز طور پر شبلیؒ، سلیمان ندویؒ اور مولانا ابو الجلال ندویؒ کے مضامین میں بھی اس کا حوالہ نہیں ملتا اور نہ ہی اس پر نقد و نظر ہے۔ اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ عصر حاضر میں لسانیات پر ہونے والے تازہ ترین کاموں میں بھی ابن ندیم کا کوئی ذکر نہیں ہے حالانکہ ابن ندیم کے انگریزی ترجمے بھی عام ہیں۔ یہ صورتحال اس اغماض یا عصبیت کا شاخسانہ تھا جس کی بنیاد سترہویں صدی میں علم، عقل، آزادی، آزادی اظہار رائے، وسیع النظری و خیالی اور بے تعصب معاشروں کی تشکیل کے نام پر شروع کی گئی۔

انگریزی حروف کی ترکیب اور عربی ابجد:

زبانوں میں اشتراک اور مماثلت کے ساتھ ساتھ رسم الخط میں بھی اشتراک کی بہت سی صورتیں سامنے آئی ہیں اس حقیقت کے باوجود کہ یکساں رسم الخط مختلف زبانوں میں موجود ہے مثلاً چین اور جاپان کی زبانوں کا ایک دوسرے سے کوئی تعلق نہیں اس کے باوجود ان دونوں کا رسم الخط ایک ہے۔ ایک اور تحقیق جس کے مطابق اردو اور انگریزی رسم الخط ایک ہی ماخذ سے تعلق رکھتا ہے اور وہ سامی النسل ہے کیوں کہ اردو عربی رسم الخط سے ماخوذ ہے یونانی کے ابتدائی حروف تہجی، الفا، بیٹا، گاما، دیلٹا عبرانی ابجد کے الف، بیت، جمل اور واؤ کی ترمیم شدہ شکلیں ہیں حیرت تو یہ ہے کہ بعض انگریزی حروف کی ترکیب آج بھی عربی ابجد سے مماثلت کا اعلان کر رہی ہے۔

کلمن — K L M N
ک ل م ن
قرشت — Q R S T
ق ر ش ت

یہ نقطہ نظر نیا نہیں ہے۔ مولانا ابوالجلال ندوی بھی اسی نقطہ نظر کے حامل ہیں مگر ان کی دلیل یہ ہے کہ تمام زبانوں کا منبع اور ماخذ وادی سندھ کی تہذیب ہے اور وادی سندھ کی زبان عربی کی ابتدائی شکل ہے۔ یونانی زبان کے بارے میں یہ کہا گیا کہ وہ لاطینی زبان سے نکلی کیوں کہ آریا پہلے یونان میں آباد ہوئے اور وہاں سے ان کا ایک گروہ اٹلی میں بس گیا انگریزی کا جرمن خاندان سے قریب اور فرانسیسی سے نسبتاً دور ہونا ظاہر کرتا ہے کہ انگریز قوم لاطینی گروہ سے پہلے جدا ہوئی اور جرمن اس کے بعد۔ یورپ کے خانہ بدوش قبائل کی زبان اس بات کا اشارہ ہے کہ یہ لوگ اس زمانے میں ہندوستان سے یورپ گئے۔ کشمیری زبان کی آریائی ہند سے علیحدگی یہ بتاتی ہے کہ یہاں دوسرا گروہ آباد ہوا جو بقیہ ہندو پاک کے باشندوں سے الگ تھلک اس برعظیم میں وارد ہوا تھا۔ اس سلسلے میں شبلی نعمانی کا ایک مختصر مضمون انتہائی اہمیت کا حامل ہے جس میں انھوں نے یہ ثابت کیا ہے کہ عربی، عبرانی سے برآمد نہیں ہوئی بلکہ عبرانی زبان عربی زبان سے نکلی ہے۔ اسی موقف کو سید سلیمان ندوی نے ارض القرآن میں تفصیل سے بیان کیا ہے۔ اس دلچسپ بحث سے زبانوں کے آغاز وارتقاء اور خصوصاً سامی زبانوں کی اصل کے بارے میں بعض نئے امکانات پیدا ہوسکتے ہیں۔

ہندی کے ماہر لسانیات ڈاکٹر بھولا ناتھ کھواری نے ہندوستان کی تمام زبانوں کے لیے دیوناگری رسم الخط کی زبردست وکالت کی لیکن اس وکالت کے باوجود انھوں نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ میں نے ایک فرانسیسی ایک کمبوڈی اور ایک امریکی کو لے کر ہندوستان کے مختلف رسم الخط سکھانے کے لیے الگ الگ تجربے کیے ان کے نتائج درج ذیل ہیں:

۱۔ تامل تیلگو، کنڑ، ملیالم اور اڑیا کی نسبت دیوناگری رسم الخط زیادہ آسان ہے اور کم وقت میں سیکھا جاسکتا ہے۔

۲۔ دیوناگری بنگلہ اور گورمکھی میں لگ بھگ مماثلت ہے اور محنت کرنا پڑتی ہے۔

۳۔ گجراتی اور اردو رسم الخط سب سے سہل ہے

ڈاکٹر بھولا ناتھ کھواری کی یہ تحقیق ثابت کرتی ہے کہ سامی النسل زبان کا رسم الخط سب سے سہل ہے اور یہی زبان غالباً فطری زبان رہی ہوگی۔ اور دنیا کی تمام اہم زبانوں کے رسم الخط اسی سے مستعار ہیں مثلاً یونانی، انگریزی، فارسی وغیرہ وغیرہ۔

عربوں نے کبھی یہ دعویٰ نہیں کیا کہ ان کا یہ رسم الخط ان کی اپنی ایجاد ہے۔ وہ اسے دوسروں سے مستعار بتاتے تھے بعض جدید تحقیقات کی رو سے اسے ارامی رسم الخط سے ماخوذ قرار دیا گیا ہے۔ ارامی رسم الخط کا ماخذ فنیقی (Phoenician) رسم الخط قرار دیا گیا اور فنیقی رسم الخط کو مصری رسم الخط سے اخذ کرنے کا دعویٰ بھی کیا گیا۔ محققین کا اس بات پر تقریباً اجماع ہے کہ یورپی ممالک میں جتنے رسم الخط مروج ہیں یا آج سے قبل مروج رہے ہیں ان سب کا ماخذ فنیقی رسم الخط ہی تھا۔ انسائیکلو پیڈیا امریکہ کے مطابق

> It is generally agreed that writing was introduced to the western nations by the Phoenicians and it is commonly believed that the Phoenician system was based on the Egyptian.

یہ نقطۂ نظر ان محققین کے اتفاق کی تردید کرتا ہے جس کے مطابق سامی رسم الخط مصری رسم الخط سے ماخوذ ہے اور مصری رسم الخط کا ماخذ فنیقی رسم الخط ہے اس تمام بحث کے نتیجے میں محققین اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ دنیا کے رسوم الخط کا مبداء خط امثالی ہے اس کی تحریر (Pictography) یا امثال نویسی کہلاتی ہے۔ یہ دعویٰ اسی قسم کا دعویٰ ہے کہ انسان نے صدیوں کی ریاضت اور لگاتار تجربات کے بعد ایک زبان ایجاد کی پھر اس زبان کے اظہار کے لیے صدیوں کی تلاش و جستجو کے بعد وسائل اور اوزار تخلیق کیے اور پھر صدیوں کی کوشش کے بعد تصویری زبان کے ذریعے ابلاغ کا قرینہ سیکھا اور پھر صدیوں کی کوششوں کے بعد تصویری زبان رفتہ رفتہ درجہ بدرجہ تحریری کی صورت میں ڈھلتی چلی گئی۔ اس قسم کے دعوے اسی وقت تسلیم کیے جا سکتے ہیں جب اس مفروضے کو یقین کے ساتھ تسلیم کیا جائے کہ خالق کائنات نے انسان کو بے زبان پیدا کیا لیکن بے زبان جانوروں کو پہلے دن سے زبان کی نعمت سے آراستہ کیا۔ انسان جانوروں کا اور مختلف بے ساختہ آوازوں کا محتاج رہا اور محتاجی کی ایک طویل رات جو صدیوں پر محیط تھی آخر کار روشن دنوں میں تبدیل ہوئی۔ یہ تصور تاریکی اس قدر مضحکہ خیز ہے کہ اس پر یقین کرنا نشاۃ ثانیہ کے نتیجے میں ابھرنے والے یقین کے لیے تو شاید بہت آسان ہو لیکن عقل سلیم رکھنے والوں کے لیے اس مفروضے پر یقین کرنا امر محال ہے۔ اس سلسلے میں دلچسپ تجربات تین بادشاہوں نے کیے کہ انسان کی فطری زبان کیا ہے؟ اس کے لیے انھوں نے نوزائیدہ بچوں کو تنہائی میں رکھ کر ان کی زبان سننے کی کوشش کی۔

انسان کی فطری زبان کیا ہے؟

ان بادشاہوں کو انسان کی سب سے پہلی یا فطری زبان جاننے کی خواہش تھی، اس خواہش کی تکمیل کے لیے انھوں نے نوزائدہ بچوں کی جنگل میں اس طرح پرورش کرائی کہ ان کے کانوں میں کسی

زبان کا کوئی لفظ نہ پڑ سکے اس قسم کے چار تجربات کیے گئے ۔قدیم مصری بادشاہ سامی دیکا ہوس (Psammidicahos) نے دو بچوں کو جنگل میں پرورش کرایا کچھ سال بعد یہ بچے دربار میں گئے تو ان میں سے ایک نے لفظ بیکوس کہا جو فریجین زبان میں روٹی کو کہتے ہیں اس سے یہ نتیجہ نکالا گیا کہ فریجین اصلی زبان ہے حالانکہ ہوا یہ تھا کہ یہ لفظ کسی دن روٹی دینے والے فریجین خادم کے منہ سے نکل گیا تھا۔

تیرہویں صدی کی ابتدا میں شاہ فریڈرک دوم نے بھی ایسا ہی تجربہ کیا۔لیکن یہ بچے گویائی سیکھنے سے قبل ہی مر گئے۔ پندرہ سو عیسوی کے لگ بھگ اسکاٹ لینڈ کے بادشاہ جیمس چہارم نے بھی دو بچوں کو نظر بند رکھا آخر میں انھوں نے فیصلہ کیا کہ یہ بہت اچھی عبرانی بولتے تھے۔ اکبر بادشاہ نے بھی جنگل میں کچھ بچوں کی پرورش کا اہتمام کیا مگر یہ گونگے ثابت ہوگئے ۔ (صفحہ ۳۳،لسانی مطالعے، ڈاکٹر گیان چند، انڈیا ۱۹۷۳)

یہ بات حیرت انگیز ہے کہ جنگل میں پرندوں کی آوازیں سننے کے باوجود اور مختلف جانوروں کی بولیاں سننے کے باوجود بھی ان بچوں نے ان آوازوں کے اشتراک یا اختلاط اور آمیزے سے کچھ لفظ تخلیق کرنے کی کوشش نہیں کی اور وہ گونگے ہی رہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر اللہ نے انسان کو بے زبان پیدا کیا ہوتا تو انسان آج تک گونگا رہتا۔ رحمت الٰہی کا تقاضہ یہ تھا کہ انسان کو ایک مکمل زبان کے ساتھ پیدا کیا جائے لہٰذا آدم اول کو اسماء کے ذریعے زبان دی گئی اور دنیا کو پیغام ہدایت بھی۔

دنیا کی معلومہ تاریخ کے مطالعے اور دستیاب آثار قدیمہ کی کھدائی کے دوران نکلنے والے کتبے اس بات کی تصدیق رہے ہیں کہ دنیا کا کوئی خطہ کوئی قوم اور کوئی تہذیب مذہبی نظریات سے، مذہبی اقدار سے خالی نہیں رہی اور دنیا کی تاریخ میں تاریخی تسلسل کے ساتھ جس چیز کا سراغ ہر جگہ ملا ہے، وہ وجودِ باری اور آخرت کے تصورات ہیں اور ان تمام تصوزات میں زندگی کی فانی حیثیت ہر جگہ اس قدر نمایاں ہے جس طرح آفتاب کی تمازت۔ اس کے باوجود مغربی اور مشرقی محققین اپنی تحقیقات میں مذہبی کتابوں، کتبات، مخطوطات، مذہبی افکار و نظریات اور عبادت گاہوں کو وہ مقام نہیں دیتے جو اس کا حقیقی تقاضا ہے۔

عالمی ادبی شہ پارے مذہبی ہیں:

یہ بات بھی دنیا نے تسلیم کی ہے کہ تمام مذہبی کتابیں اور ان مذہبی کتابوں سے متعلق ادبیات اعلیٰ ادبی شہ پارے ہیں اور اخلاقیات کے موضوعات پر ان کا ورثہ مشترکہ ہے۔ عہد نامہ جدید، عہد نامہ قدیم، تالمود، وید، اُپنشد، بھگوت گیتا، گرنتھ صاحب، رامائن، مہا بھارت، ژند، آژند، اوستا، بدھ مت کی مقدس کتاب تری پٹکا جو پالی زبان میں ہے، کنفوشس مذہب کی کتابیں Wu Ching (ووچنگ) اور Shih Shu (شی شو) اور تاؤمت (Taoism) کی کتاب تاؤتے کیانگ (Tao-te-Kiang) مذہبی کے ساتھ ساتھ ادبی شہ پارے بھی ہیں۔ اس بات پر تمام محققین کا اجماع ہے کہ دنیا کے اعلیٰ ترین ادبی

شہ پارے یا تو مذہبی کتابیں ہیں یا ان کتابوں کے زیر اثر تخلیق کیے گئے ہیں۔ مثلاً رامائن، تالمود، اوستا، گیتا، الیڈ، اوڈیسے، اینائڈ، کامیڈی، فردوس گم گشتہ، فردوس بازیافتہ وغیرہ وغیرہ۔ مذہب اور ادب کی بحث مغرب میں نشاۃ ثانیہ کی تحریک کے عروج کے بعد مذہب کو زندگی سے خارج کرنے کے بعد ادبیات سے خارج کرنے کے لیے ایک زبردست تحریک کے طور پر برپا کی گئی۔ آج بھی مغربی و مشرقی معاشروں میں اس بحث کی چنگاریاں پوشیدہ ہیں۔

دانتے ملٹن ورجل کی ادبی تخلیقات:

یہ ایک حقیقت ہے کہ عالمی ادبی شہ پارے مذہبی افکار و نظریات سے اپنا دامن نہیں چھڑا سکے۔ لہٰذا ادبیات کے دائرے میں عقائد، مابعد الطبعیات اور نظریات کی آمیزش کی بحث ایک بے بنیاد گفتگو ہے۔ کسی دور میں بھی تاریخ آثار قدیمہ، تہذیب کے دائرے مذہب کے سائے سے نہیں بچ سکے تو ادب کے حریم ناز میں مذہب کی گنجائش پیدا کرنے یا نہ کرنے کی بحث ایک لغو بحث کے سوا کچھ نہیں۔ لاکھوں سال کی تاریخ، کائنات کے خالق سے انسان کی محبت، تعلق، راز و نیاز کی تاریخ ہے اور مذہبی افکار انسان کے رگ و پے میں خون کی طرح دوڑتے ہیں خواہ اس کا اعتراف کیا جائے یا اس سے انکار کیا جائے۔ ہومر کی الیڈ اور اوڈیسے، یونانی دیوی اور دیوتاؤں کی فکر سے پیدا ہوئی۔ ورجل (Vergil) کی اینائڈ روم کی تاسیس و عظمت کو منشائے ربانی کا سبب قرار دیتی ہے۔ ملٹن کی فردوس گم گشتہ اور فردوس بازیافتہ، خالص عیسائیت کے احیاء کے لیے لکھی گئی عظیم مذہبی نظمیں ہیں۔ یہ تخلیقات ادبی، عالمی ادبی، فنی، جمالیاتی عروج کے ساتھ ساتھ مذہبی عقائد کا بھی نقطہ عروج ہیں۔ فردوس گم گشتہ سقوطِ آدمؑ کی داستان اور عالمی ادبی شہ پارہ ہے اس کا مواد تالمودی روایات اور عیسائی چرچ کی تعلیمات سے ماخوذ ہے۔ دانتے کی کامیڈی اطالوی زبان کا پہلا ادبی شاہکار تھا جس سے اطالوی زبان عہد طفولیت سے عہد بلوغ تک پہنچ گئی۔ دانتے کے شہ پارے کو مابعد الطبیعیاتی شہ پارہ کہا گیا۔ کیوں کہ نظم کے مذہبی عناصر ڈرامائی عناصر پر غالب ہیں۔ اس کامیڈی کا آخری باب انسان کی روحانی خلش کا نقطۂ عروج ہیں۔ یہ حصہ الہامی ادب کا شاہکار ہے اس کی مثال کہیں اور نہیں ملتی۔ اس کے باوجود مذہبی تحریروں کو لسانیاتی ارتقاء کے معاملے میں نظر انداز کرنا مغربی محققین کا تعصب ہے۔

دنیا کی ہر تہذیب میں خالق ارض و سماء کا تصور موجود رہا:

Andrew Lang نے ۱۸۹۸ء میں مذہب کی تشکیل (The making of religion) اور ولہل اسمتھ (Wilhal Smith) نے اپنی کتاب (Origin of the idea of God) میں طویل تجربات، مشاہدات، مطالعات، معلومات اور تحقیقات کے بعد شدت کے ساتھ یہ نظریہ پیش کیا کہ قدیم ترین مذہبی عقیدہ

ایک برتر ہستی کا عقیدہ تھا۔ اینڈریو لینگ نے برسہا برس تک طویل سفر کر کے دنیا کے مختلف خطوں اور قوموں سے شہادتیں جمع کر کے بتایا ہے کہ ایک خدا کا عقیدہ انتہائی ابتدائی انسانوں میں پایا جاتا رہا ہے اس کے ساتھ ساتھ کہیں کہیں (ابتدائی) قبائل میں دوسرے دیوتاؤں کا تصور بھی پایا جاتا ہے۔ ان تحقیقات کے نتیجے میں مذہب کو نفسیاتی فریب (Psychological illusion) یا سماجی فریب (Socialogical illusion) ثابت کرنے کی مغربی کوششیں خود ہی دم توڑ چکی ہیں۔ فراعنہ مصر جو سورج دیوتا کی پرستش کرتے تھے جن کے یہاں آخرت کا تصور موجود تھا وہ اس سفر کو آسان بنانے کے لیے مردہ لوگوں کے ساتھ مختلف اشیاء خورد و نوش دفن کرتے تھے اور زندگی بعد الموت کے سلسلے میں ان دیکھے رب کے رحم و کرم کے متمنی رہتے تھے۔ یونانیوں کے یہاں بھی دیوی اور دیوتاؤں کی شکل میں مابعد الطبیعیات اور مذہبی تصورات موجود رہے ہیں۔ موت ایک ایسی حقیقت ہے جس کا انکار تاریخ کی کسی تہذیب کے فلسفے سے نہیں ہو سکا اور خالقِ ارض و سماء کے وجود پر یقین تاریخی تواتر کے ساتھ ملتا ہے لیکن مغربی تہذیب دنیا کی تاریخ میں واحد تہذیب ہے جس کا فلسفہ جس کی مابعد الطبیعیات، جس کی علمیات خدا، آخرت اور مذہب سے انکار پر رکھی گئی ہے۔ مغربی تہذیب انسان کو مخلوق کے بجائے خالق کے درجے پر فائز کرتی ہے اسے عبد کے بجائے معبود کا درجہ دیتی ہے۔ آزادی اور آزادیٔ اظہار رائے کے ذریعے وہ انسان کو تمام اخلاقی اقدار سے آزاد ہونے کا پروانہ عطا کرتی ہے اور اسے یہ اختیار دیتی ہے کہ وہ جو قدر (Value) تخلیق کرنا چاہے تخلیق کرے۔ اس تہذیب کے خیال میں خیر و شر کی بحث، حق و باطل کی گفتگو سب بے معنی باتیں ہیں اصل خیر، حق انسان کی خواہش ہے یہی الٰہ ہے یہی خیر ہے یعنی اصل خیر آزادی ہے جس کے ذریعے انسان اپنی شخصیت کی شناخت کائنات کی تسخیر کے ذریعے کرتا ہے۔ جس کے لیے سرمایے کی بڑھوتری ضروری ہے لہٰذا انسان سرمائے کا غلام ہے اور سرمائے کے سوا ہر چیز بے معنی ہے اصل حق اور خیر انسانی خواہش ہے خواہ وہ کیسی ہو اس خواہش کی تکمیل کے لیے آزادی اور سرمایہ ضروری ہے۔ لہٰذا خیر حق آزادی ان سب کی اصل مادی شکل سرمایہ (Capital) ہے انسان کا مقصد تخلیق سرمایہ کی طلب اور اس میں اضافہ ہے اس لیے مغرب میں گھریلو خواتین کو بے کار اور گھر سے باہر کام کرنے والیوں کو Working Women کہا جاتا ہے کیوں کہ وہ سرمایہ (Capital) کما رہی ہیں۔ مغربی تہذیب کا دعویٰ ہے کہ خدا مر چکا ہے اور انسان خود خدا بن چکا ہے۔ اس لیے مشہور امریکی فلسفی رچرڈ رارٹی اپنی شہرۂ آفاق کتاب "Contingency Irony and Self" میں کہتا ہے کہ ہمیں اپنے اقدامات کے لیے کسی دلیل کی کوئی ضرورت نہیں اگر ہم نے کچھ غلطیاں کی بھی ہیں تو ہم نے اپنے آپ کو معاف کر دیا ہے۔ تاریخی طور پر غلطیوں کی معافی کا اختیار ہمیشہ رب العالمین کے پاس رہا ہے مغربی تہذیب دنیا کی واحد تہذیب ہے جو خود اپنے آپ کو رب العالمین کے درجے پر فائز کر کے اس بات کا دعویٰ کرتی

ہے کہ وہ کسی کو جوابدہ نہیں لہذا اس کا ہر قول وفعل امرحق ہے اور اس امرحق جو مطلق حق ہے اس کے خلاف تنقید اور آزادیٔ اظہار رائے کی اجازت مغربی فلسفیوں کے یہاں نہیں ملتی۔

اسی بنیاد پر براعظم امریکہ میں پچاس سال کے اندر نو کروڑ سرخ ہندیوں کا قتل عام کیا گیا اور مشہور فلسفی ہابز اور کارل مارکس نے اس قتل عام کی مخالفت نہیں کی کیوں کہ یہ ریڈ انڈین انسان نہیں تھے۔ وحشی تھے اور وحشیوں کو زندگی بسر کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، اس تمام گفتگو کا مقصد یہ بات واضح کرنا ہے کہ ماہرین لسانیات، مذہبی تحریروں، مذہبی آثار اور مذہبی اساطیر کو اپنی تحقیقات میں کوئی مقام دینے کے روادار کیوں نہیں ہیں۔ لہذا تاریخی طور پر دستیاب مذہبی آثار اور اساطیر کی بنیاد پر زبانوں کے آغاز وارتقاء کو از سر نو سمجھنا اور سمجھانا نہایت ضروری ہے۔ اس طویل بحث کے بعد جو نتائج برآمد ہوئے مختصراً درج ذیل ہیں:

۱۔ حضرت آدمؑ کو زمین پر زبان وبیان کی صلاحیتوں کے ساتھ بھیجا گیا۔

۲۔ آدمؑ اول کی زبان ایک تھی جو نسل میں اضافے کے بعد فطری طور پر تبدیل ہوئی۔

۳۔ اگر انسان پیدائشی طور پر بولنے کی صلاحیت نہ رکھتا تو کبھی بول نہ سکتا اور آج تک گونگا ہوتا۔

۴۔ تمام زبانوں کے حروف تہجی مشترکہ ہیں لیکن زبانیں الگ ہیں۔

۵۔ تمام زبانوں میں جنت کے لیے یکساں الفاظ ہیں۔

۶۔ تمام زبانوں میں ماں اور باپ کے لیے ملتے جلتے الفاظ ہیں۔

۷۔ تمام زبانوں میں پانی، آخرت اور قیامت کے الفاظ میں مماثلت ہے۔

۸۔ بچوں کو تنہائی میں پرورش کر کے دیکھا گیا تو وہ کوئی زبان نہ بول سکے کیوں کہ انھوں نے کسی زبان کے الفاظ نہیں سنے۔

۹۔ لہٰذا یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ دنیا کی پہلی زبان ایک تھی۔ یہ آدم اول کی زبان تھی جس کی مشترکہ چیزیں ۸۲ کروڑ ۸۵ لاکھ سال کے بعد بھی باقی ہیں۔[۲۲]

اس تفصیل سے ہمیں اندازہ ہوتا ہے کہ زبانوں کے آغاز وارتقاء لغت کی ابتداء وانتہاء کے بارے میں ماہر لسانیات وتاریخ کے کیا نقطۂ ہائے نظر رہے ہیں اور سنسکرت جیسی زبان کا حشر علماء لسانیات کے ہاتھوں کیا سے کیا ہو گیا تو دوسری زبانیں کیا حیثیت رکھتی ہیں اس کا بخوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ اس صورت حال میں بروشسکی جیسی غریب، اجنبی، نامانوس زبان پر کچھ لکھنا، کچھ کہنا بہت مشکل کام ہے لیکن بروشسکی اکادمی کے ذمہ داروں کا حکم ہے کہ اس موضوع پر کچھ ضرور لکھا جائے۔ اس زبان پر کچھ لکھنے سے قبل وادیٔ ہنزہ، اس کی تاریخ، روایات، تہذیب وتمدن، مذہب، ثقافت اور ادب کا اجمالی تذکرہ ضروری ہے۔

ہنزہ؛ محل وقوع:

ریاست ہنزہ کوہستان قراقرم کے اونچے پہاڑوں کے درمیان ایک وادی ہے۔ یہ وادی شرقاً غرباً ایک سو میل سے کچھ زیادہ لمبی اور شمالاً جنوباً نصف سے لے کر دو میل تک چوڑی ہے۔ اس کے مشرق میں چینی ترکستان [ائی غُر یا سنکیانگ] کی حدود یارقند، سریقول اور کاشغر ہیں۔ جنوب میں ریاستہائے نگر، استور اور کشمیر واقع ہیں۔ جنوب مشرق میں بلتستان اور لداخ کے علاقے ہیں۔ شمال میں پامیر بیضائی گنبد، تاشقند اور افغانستان کے پامیر منارہ اور وخان ہیں اور مغرب میں اشلوکن اور وخان افغانستان کے علاقے واقع ہیں۔

ریاست ہنزہ کے باشندے تاتاری مغول، تاتاری ہن، بلتستانی بلتی، وخانی وخی اور قندوزی، بدخشانی، کرغز، داریل، تانگیر کی شین نسل سے تعلق رکھتے ہیں۔ بروشسکی زبان بولنے کی وجہ سے سب بروشو (Burusho) کہلاتے ہیں۔ [۲۳]

بروشو کون ہیں؟

بروشو دراصل ''ہون'' قبیلے کی ایک شاخ ہے جو چین میں دریائے ہوانگ ہو کے شمالی اور مغربی علاقوں میں بستے تھے۔ یہ آبادکار سفر کرتے ہوئے ہنگری میں آباد ہوئے اور ان ہی بے شمار حملہ آوروں میں سے کچھ لوگ موجودہ قراقرم، ہندوکش، اور ہمالیائی علاقوں میں بھی آباد ہو گئے۔ ''ہونزہ'' اصل میں ''ہون زاد'' تھا۔ نیز آبادی کا نام ''ہنوکشل'' اور اشخاص کے ناموں میں ''ہنو'' جیسا ایک نام اس حقیقت کی مزید تصدیق کرتا ہے۔ ہنگری کے پروفیسر آئمر ادلا اور نصیر ہونزائی صاحب کے درمیان ہونے والی خط و کتابت سے بھی پتہ چلتا ہے کہ دونوں قوموں کے لوگوں کے ناموں میں مماثلت پائی جاتی ہے۔ [۲۴]

بروشسکی کہاں بولی جاتی ہے؟

اِس وقت یہ زبان پاکستان کے شمالی علاقہ جات کی وادئ ہونزہ، نگر اور یاسین میں بولی جاتی ہے، جب کہ گلگت کے گرد و نواح میں بھی بروشسکی بولنے والے افراد موجود ہیں۔ پاکستان کے جنوبی شہر کراچی میں بھی بروشسکی زبان بولنے والوں کی ایک بڑی تعداد آباد ہے۔ مجموعی طور پر پاکستان میں بروشسکی بولنے والوں کی تعداد تیس ہزار ہے لیکن بروشسکی اکادمی کے دعوے کے مطابق یہ تعداد تقریباً دو لاکھ ہے۔ لہٰذا اس ضمن میں حتمی رائے دینا ممکن نہیں، وادئ ہونزہ، نگر اور یاسین کی بروشسکی بنیادی طور پر ایک ہی زبان ہے، تاہم تینوں علاقوں میں لہجے اور کچھ الفاظ کا فرق ہے، جس کی بنیادی وجہ جغرافیائی فاصلہ اور مختلف لسانی ماحول ہو سکتا ہے۔ [۲۵]

ہنزہ: طبقاتی تقسیم:

[ا] وادی ہنزہ کا حکمران طبقہ وہ تھا جو سابق میر کے خاندان سے تعلق رکھتا تھا یہ خاندان تقریباً پانچ سو سال سے ہنزہ پر حکمران چلا آتا تھا۔ اب یہ امارت ختم کر دی گئی لیکن ماضی میں امیر کے ساتھ مختلف طبقات قائم

تھے جن سے اس ریاست کی سیاست کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔[۲] دوسرا طبقہ وزراء کا ہے۔[۳] تیسرا طبقہ اکابرین ملک کہلاتا ہے۔ یہ اکابرین ریاست کی ترقی اور فلاح و بہبود کے کاموں میں مشورے دیتے ہیں۔ بروشسکی میں اس طبقے کو کرپاتنگ (Kurpating) کہتے ہیں۔[۴] چوتھا طبقہ بار (Bar) کہلاتا تھا۔ انھیں مدت سے عسکری فرائض سونپے گئے تھے۔ راستے محفوظ ہوجانے کے بعد اس طبقے کی ضرورت نہیں رہی۔[۵] پانچواں طبقہ شدر شو (Sadarsho) کہلاتا ہے۔ اس طبقے کے لوگ سپاہ گری کی خدمت کے علاوہ حکمران طبقے کے لوگوں کی کاربیگاری، جسے یہ لوگ رجاکی (Rajaki) کہتے ہیں، بھی کرتے تھے، جو اب قریباً ختم ہوگئی ہے۔[۶] چھٹا طبقہ باربرداروں پر مشتمل تھا۔ ان کا کام بوجھ اٹھانا، طلاشی کرنا اور بڑے زمینداروں کی خدمت بجالانا تھا۔ میر محمد جمال خان صاحب کے عہد میں یہ طبقہ بالکل مفقود ہوگیا۔[۷] ساتویں طبقہ میں ایسے مجرم مرد اور عورتیں آتی تھیں جن کو ناقابلِ معافی جرم کی پاداش میں قید کی سزا دی جاتی۔ ان کو غلام تصور کیا جاتا تھا اور یہ لوگ تھانگم (Thangum) کہلاتے۔ ان سے شاہی قلعہ میں آب کشی، جاروب کشی، ہیزم کشی اور گاؤبانی کی خدمات لی جاتیں۔ انگریزی تسلط کی ابتدا سے اس رواج کا انسداد ہونے لگا اور آخر میں غزان خان کے زمانے میں یہ رواج مکمل طور پر نابود ہوگیا۔[۸] آٹھویں طبقے میں ہنرمند لوگ آتے ہیں۔ ان کو بروشسکی میں بریچو (Bricho) کہا جاتا ہے۔ یہ بھی ایک نسل سے تعلق نہیں رکھتے ان میں کوئی بلتی ہے، تو کوئی وخانی اور کوئی شین نسل سے ہے۔ البتہ یہ لوگ ایک ہی گاؤں میں رہتے ہیں۔ قدیم زمانے میں طبقاتی طور پر سب سے نچلے درجے میں آتے تھے اس لیے کہ یہ لوگ مروجہ اصولوں کے مطابق حلال و حرام کے تصور کا احترام نہیں کرتے تھے اور بیویوں کو بلامہر و طلاق رکھ لیتے اور چھوڑ دیتے تھے۔ اب یہ لوگ اپنے روحانی پیشوا حاضر امام کی پیروی کی بدولت مومن کہلاتے ہیں او ران کے گاؤں کو بریشل (Berishal) یعنی مومن آباد کہا جاتا ہے۔[۲۶]

لباس کا انداز:

میر محمد نظیم خان [۱۸۹۲ء۔۱۹۳۸ء] کے عہد کی بے ڈول ٹوپیاں بوڑھی عورتیں پہنا کرتی ہیں۔ ان کے دور میں مذہبی اثرات کے زیر اثر جسم کی مکمل ستر پوشی کے لیے گلے اور آستینوں والا کُرتا پہنا جانے لگا جسے خراسانی یا درویشانہ کُرتا کہا جاتا تھا۔[۲۷]

عہدے اور مناصب:

ریاست ہنزہ کے قدیم مناصب کا جاننا بھی ضروری ہے جس سے ہنزہ کی تہذیب و ثقافت کا اندازہ ہوتا ہے۔

ریاست ہنزہ میں عہد قدیم سے مندرجہ بالا عہدے پائے جاتے تھے۔

۱۔ فراش معروف بہ فراج، ۲۔ برقہ، ۳۔ دیوان بیگی، ۴۔ وکیل، ۵۔ ایلچی، ۶۔ ٹیلیپانچی، ۷۔ پیپا، ۸۔ محرم، ۹۔ یساول، ۱۰۔ غول چیں یا گل چیں، ۱۱۔ اسیری، ۱۲۔ میر شکار، ۱۳۔ شبانی۔

تہوار:

ریاستی لوگوں کے تہوار بھی اہمیت کے حامل ہیں جس سے تاریخ کا سفر آسان ہوجاتا ہے، اہم تہوار آٹھ ہیں: تھموشلنگ، گرِوکس، بوفو، نوروز، شکامٹنگ، گنانی، پیا قمر اور دھوم نکھالی۔[۲۸]

مذہبی پس منظر:

ہنزا کے لوگ بتوں کو حاجت روا اور نجات دہندہ سمجھتے تھے، ان کے نام پر نذرانے پیش کرتے تھے اور اپنے مُردوں کو جلاتے تھے۔ مُردوں کو جلانے کے مقامات کے نام جنھیں بروشسکی میں جائی میچنگ (Jeymicing) کہتے ہیں اب بھی موجود ہے۔

ہنزہ میں جن بتوں کی پوجا ہوتی تھی ان کے نام یہ ہیں: سہ ہلا بوئن (Sahala Boyn)، ہلا بوئن (Hala Boyn) اور تھول بوئن (Thol Boyn)۔ اس کے علاوہ یہ لوگ ایسے جانوروں کی پرستش بھی کرتے تھے جن کو بویو (Boyo) کہا جاتا۔ بویو ایک غیر پالتو جانور تھا جو کتے کے پلے سے بہت مشابہت رکھتا تھا۔

لوک ادب: کسی دیے کے پاس بیٹھنا:

ہنزہ میں بھی رات کو کھانے کے بعد دیے کی روشنی میں کہانی کہنے اور سننے کا رواج عام تھا۔ ان لوگوں میں کہانی سننے کی اہمیت کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ ''کسی دیے کے پاس بیٹھنا'' محاورے کی حیثیت اختیار کرگیا ہے۔ اکثر لوگ دن ڈھلتے اور چراغ جلتے ہی ان کچے پکے نشیمنوں، دیاروں اور حویلیوں میں چراغ کی لو کے اردگرد پروانوں کی طرح جمع ہوجاتے ہیں اور انسانی، اخلاقی اور نیکی کی باتیں سنتے ہیں۔ شاید یہی وجہ ہے کہ بروشسکی زبان کی متعدد کہانیاں فرضی کرداروں پر مبنی نہیں بلکہ ان کے کردار یہاں کی روایتی تاریخ کے کردار ہیں جن کا تعلق یہاں کے عوام اور ان کے حکمرانوں سے ہے۔

بروشسکی علاقے کا لوک ادب وہاں کے باشندوں کی اخلاقی، تہذیبی اور معاشرتی اقدار کا آئینہ دار ہے۔ یہ ادب لوک کہانیوں میں محفوظ ہے۔ یہ کہانیاں ایک خاص ماحول میں بسنے والے لوگوں کے اعمال کا عکس پیش کرتے ہیں۔ ان کہانیوں کو ہم مندرجہ ذیل طور پر تقسیم کرسکتے ہیں [۱] وہ کہانیاں جو سیاسی واقعات یا حکمران طبقہ سے متعلق ہیں۔ [۲] جو یہاں کے باشندوں کے اجتماعی اعمال پر مبنی ہیں۔ [۳] جو انفرادی کرداروں کی عکاسی کرتی ہیں۔ [۴] جن میں مافوق الفطرت عناصر کا ذکر ہے۔ اور [۵] وہ کہانیاں جو دوسرے علاقوں سے متعلق ہیں اور یہاں رائج ہیں۔

پہلے حصے سے متعلق دو نمایاں کہانیاں: ۱۔ شری بدت کی کہانی ۲۔ ٹاپکنٹس اور دراھمتنگ کی کہانی ہے۔[۲۹]

دونوں کہانیاں جن کرداروں کے گرد گھومتی ہیں وہ یہاں کی سیاسی تاریخ کا حصہ ہیں۔ اس لیے یہاں

یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایسا تو نہیں کہ یہاں کی سیاسی تاریخ انہی روایات پر مبنی ہو؟ جس طرح ان کہانیوں میں قتل کے واقعات کا اعادہ ہوتا ہے، اُسی طرح ہنزہ کی تاریخ قتل و غارت کی ایک مسلسل داستان ہے۔ شاید ہی کوئی حکمران ایسا ہوگا جو اپنی طبعی موت مرا ہو ورنہ ایک کو دوسرے نے طاقت یا دھوکے سے قتل ہی کیا اور یہ سلسلہ انیسویں صدی کے ربع آخر میں صفدر علی کے برسر اقتدار آنے پر ختم ہوا۔[۳۰]

کہانیاں قتل و خون کے واقعات ہی کی حامل ہیں۔ پیار و محبت اور گہرے دوستانہ تعلقات کے باوجود ایک دوسرے کو قتل کر دینا معمولی بات سمجھا جاتا رہا ہے۔[۳۱]

لوک کہانیاں: عشق و محبت سے خالی:

بہت سی ایسی کہانیاں بھی ملتی ہیں جن میں وفاداری، احسان مندی، دوسروں کے لیے خطرات مول لینا اور مکاری اور فریب کے افعال پر قدرت کی طرف سے سزا پانے کے سبق آموز واقعات کا بیان پایا جاتا ہے۔ البتہ عشق و محبت کی داستانیں مفقود ہیں۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ شادی کے سلسلے میں ان کے ہاں کوئی چیز رکاوٹ نہیں بنتی تھی۔[۳۲]

لوک گیت: ہجر و فراق کی داستان:

کہانیوں کے برعکس یہاں کے لوک گیتوں میں عشق و محبت کے جذبات کا اظہار پایا جاتا ہے۔ ایک گیت کا ترجمہ دیا جاتا ہے جس میں وصل سے محروم، فراق کی آگ میں جلنے والے دو دلوں کی داستانِ محبت بیان کی گئی ہے۔ دیکھیے بیان کی سادگی اور جذبات کے بے ساختہ اظہار نے کرداروں کے ماحول کی کتنی واضح تصویر پیش کی ہے۔

ویرلوک : میری قسمت میں ایک دور دراز کا سفر ہے
اے میرے زخم مندمل کرنے والے!
میں اپنے تعویذ بھلا آیا ہوں
خدا کرے میرے لیے وہ جنازے کی خیرات ہوں
جب علاقے میں شاہین آ جائے
تو تیتر کے لیے امن کی صورت کوئی نہیں رہتی
اگر میرے اور تیرے درمیان دوستی ہوئی
تو پھر ملک میں بد امنی نہیں ہوگی
تمہارا یہ حال کیوں ہے؟
اے میرے خوبصورت زلفوں والے محبوب!

ویرلوک : میں نے کہا۔ میں پریوں کی وادی کی راہ جاؤں گا۔
جب راہ کھو بیٹھا تو ہوا کے پراسرار طوفان نے مجھے گھیر لیا
میرے دوست۔ پراسرار طوفان کا کیا علاج ہو سکتا ہے!
امیکس لوک: شاید شوئی پری کے بال علاج ثابت ہو سکیں [۳۳]

اسماعیلی علماء: تبلیغی کوششیں:

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہاں مسلمانوں کے غلبہ پا لینے کے باوجود اسلام کی تبلیغ کا کام بہت بعد میں شروع ہوا۔ کیوں کہ ۱۸۵۷ء سے پہلے تک اس علاقے میں قرآن کریم نہیں پہنچا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ جب شاہ بیگ کا بیٹا خسرو خان مذکورہ سن میں تخت نشین ہوا تو اس وقت قرآن کریم کا ایک نسخہ یہاں لایا گیا۔ چونکہ انیسویں صدی کے آخر تک کوئی تعلیمی بندوبست نہیں تھا اس لیے لوگ اسلامی عقائد اور نظامِ فکر سے پوری طرح آگاہ نہ ہو سکے۔ یہی وجہ ہے کہ ہندو مذہب کے اثرات ختم ہو جانے کے باوجود یہاں کئی معمر لوگوں کے نام سکھی یا ہندوانہ ہیں۔

تبلیغ کے سلسلہ میں جو علماء یہاں تشریف لائے ان میں اکثریت اسماعیلی فرقہ سے تعلق رکھتی ہے۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ آج یہاں کی قریباً تمام آبادی اسماعیلی عقائد ہی کی پیرو ہے۔ [۳۴]

گرمنس اور غتنس [لکھنا پڑھنا]

بروشسکی زبان محض ایک بولی تصور کی جاتی ہے اور بظاہر اس میں لکھنے اور پڑھنے کا رواج نہیں تھا کیوں کہ قدیم کتبات مخطوطات اور کتابوں کا سراغ نہیں مل سکا لہٰذا اس زبان میں کوئی قدیم ادبی مواد موجود نہیں ہے۔ لیکن اس زبان کے دو قدیم مصادر گرمنس (girminas) یعنی لکھنا اور غتنس (gatanas) یعنی پڑھنا یہ ثبوت فراہم کرتے ہیں کہ کسی دور میں یقیناً بروشسکی زبان لکھی اور پڑھی جاتی تھی۔

بروشسکی: لسانیاتی نقطۂ نظر سے:

برّعظیم کی زبانوں کے مبسوط جائزے میں گریرسن نے جو کچھ اپنی ابتدائی رائے دی تھی اس پر بہت زیادہ نئی معلومات تاحال اس کا تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ کرنے والوں کو، نہ مل سکیں۔ لیکن پروفیسر شاہین نے شمالی علاقہ جات میں بعض ایسی زبانوں کو دریافت کیا ہے جن کا ذکر گریرسن کے یہاں نہیں ملتا ان میں کچھ زبانیں ایسی ہیں جن کے بولنے والے اب صرف چند رہ گئے ہیں پروفیسر شاہین افغانستان کی وادی کنٹر کو زبانوں کی وادی قرار دیتے ہیں جہاں بے شمار زبانیں اپنے اصلی لب و لہجے کے ساتھ زندہ ہیں حتیٰ کہ سنسکرت زبان بھی۔ [۳۵]

بروشسکی زبان کے تحقیقی اور سائنٹیفک اصولوں کے مطالعہ کی تاریخ میں لوری مر Lorimer کی کوششوں کو اولین سنگِ میل سمجھنا چاہیے جن کے بارے میں جارج مورگن اسٹیرن George

Morgenstierne نے ۱۹۳۲ء میں اپنی روداد برائے Mission of North West India 1932

0520-[مطبوعہ اوسلو ۱۹۳۲ء] میں یہ اطلاع دی تھی کہ لوری مرتنے بروشسکی کے مطالعے میں خاصی پیش رفت کی ہے۔[۳۶] مگر اس زبان کی اصل و بنیاد کا مطالعہ بے حد مشکل ثابت ہوا ہے۔خود جارج نے اس کی صوتیات کا مطالعہ اس کی پڑوسی ہند ایرانی زبانوں سے تقابل کے ساتھ کیا۔واقعہ یہ ہے کہ ہرمن برگر Hermann Berger نے اپنے مطالعات کے ذیل میں، جو اس نے ہائیڈل برگ کے ''ادارہ مطالعاتِ شرقیہ'' میں انجام دیے، بروشسکی سے ۱۹۵۹ء اور ۱۹۶۱ء کے عرصے میں دو کہانیوں کے ترجموں نے انقلابی نتائج کی جانب ماہرین کی پیش قدمی کو آسان بنا دیا۔اب وہ اس نتیجہ پر پہنچے کہ یہ زبان اس علاقے میں اپنی پڑوسی زبانوں میں سب سے مختلف زبان ہے اور اس کی مماثلت کسی اور زبان میں نظر نہیں آتی۔یہاں تک کہ تبتی زبانوں میں، بلکہ نہایت قریبی زبان بلتی سے بھی کوئی مماثلت نہیں رکھتی۔محض ایک ہلکی سی مماثلت قفقازی (Caucasian) زبانوں میں دیکھی جا سکتی ہے۔اسی فاضل مترجم اور ماہرِ لسانیات برگر نے بالآخر اپنے مطالعات کی بنیاد پر ۱۹۷۴ء میں اس کی قواعد شائع کر ڈالی۔[۳۷]

بروشسکی زبان دنیا کی چند عجیب و غریب اور انتہائی قدیم زبانوں میں سے ایک زبان ہے۔ ماہرینِ لسانیات ابھی تک اس زبان کے اصلی وطن یا دنیا کی اہم زبانوں سے اس کے رشتوں کی تلاش میں کامیاب نہیں ہو سکے۔یہی وجہ ہے کہ اس کو زبانوں کی درجہ بندی کی فہرست میں غیر نوعی زبان (Unclassified) قرار دے کر علیحدہ رکھا گیا ہے۔[۳۸]

اس زبان پر اردو، ترکی، سنسکرت اور فارسی کے اثرات پائے گئے ہیں جب کہ عربی عبرانی مصادر بھی اس زبان میں پائے جاتے ہیں۔اور عصر حاضر میں شینا زبان سے جغرافیائی قربت کے باعث اس کے الفاظ اور بے شمار اردو اور انگریزی الفاظ بھی اس زبان کا حصہ بن گئے ہیں۔

بروشسکی قواعد کے اصول:

قواعد کے اصول اور لفظوں کی بناوٹ کے اعتبار سے بھی یہ ایک دقیق اور پیچیدہ زبان ہے جس میں تذکیر و تانیث کے چار اجزاء اور واحد سے جمع بنانے کے پچاس سے زائد اصول ہیں۔یہ زبان، جو اب تک صرف ایک بولی کے طور پر پہچانی جاتی ہے، تحریر کے دور میں داخل ہو چکی ہے۔اس وقت یہ زبان مشرق میں عربی/اردو رسم الخط اور مغرب میں رومن رسم الخط میں لکھی جا رہی ہے۔عربی/اردو رسم الخط میں پاکستان سے بروشسکی میں اب تک آٹھ کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔اس رسم الخط میں پہلی کتاب ۱۹۷۰ء میں پاکستان سے شائع ہوئی۔انگریزی، جرمن و دیگر زبانوں میں بروشسکی زبان سے متعلق تقریباً نو کتابیں غیر ملکی ماہرین تحریر کر چکے ہیں۔اس طرح بروشسکی زبان میں اور بروشسکی زبان سے متعلق مطبوعہ کتابوں کی کل تعداد سترہ سے زیادہ نہیں۔لیکن یہ تعداد نہایت حوصلہ

بخش ہے۔ مختصر عرصے میں ایک بولی دو رسم الخط اختیار کر کے کتابوں کے سانچے میں ڈھل گئی ہے۔[۳۹]

نفیس، شائستہ اور نستعلیق زبان:

تاریخ کے کسی عہد میں یقیناً بروشسکی ایک نہایت غیر معمولی زرخیز اور اہم علمی و ادبی زبان رہی ہوگی۔ اس کی زرخیزی آج بھی تر و تازہ ہے۔ المیہ یہ ہے کہ اس زبان کا کوئی مخطوطہ یا تحریری نمونہ تا حال دستیاب نہ ہو سکا لیکن اس زبان کی گہرائی و گیرائی کا اعتراف لازمی ہے۔ مثال کے طور پر دروازہ کھولنے کے تین مختلف طریقوں کو یہ زبان نہایت خوبصورتی، نفاست اور نستعلیق انداز سے اس طرح بیان کرتی ہے:

قِرِیکٹ بہت ہی آہستہ سے دروازہ کھولنے کی آواز۔

قر آکٹ ذور سے دروازہ کھولنے کی آواز۔

قَرَکٹ بہت زیادہ تیزی سے دروازہ کھولنے کی آواز۔

زبان میں ایسی نفاست کہ لفظوں سے عامل کی ذہنی حالت، اخلاقی کیفیت اور نفسی خلل کا اندازہ کیا جا سکے۔ یہ خاصیت انگریزی، اردو، عربی، فارسی، ہسپانوی اور فرانسیسی میں بھی موجود نہیں اور ان تین مختلف کیفیات کے لیے ہمیں ان زبانوں میں کوئی جامع لفظ نہیں ملتا۔[۴۰]

بروشسکی زبان کی یہی فصاحت و بلاغت اس امکان کا در وا کرتی ہے کہ یہ زبان کبھی اہم علمی و ادبی زبان بھی رہی ہوگی۔ اس کی تصدیق بروشسکی زبان کے دو قدیم مصادر گرمنس (Girminas) لکھنا اور غتنس (Gatanas) پڑھنا سے ہوتی ہے۔ یہ دونوں مصادر اس امکان کو یقین میں بدلنے کے لیے کافی ہیں کہ بروشسکی زبان کبھی لکھی اور پڑھی جاتی تھی اور تاریخ کے کسی دور میں یہ صفحۂ قرطاس پر تحریر بھی کی جاتی رہی مگر اس کا رسم الخط کیا تھا یہ کوئی نہیں جانتا۔ اس زبان کا ادب، شاعری، تاریخ اور ثقافتی ورثہ تحریری حالت میں دستیاب نہیں۔

بروشسکی: عربی، عبرانی روابط:

اس زبان میں عربی اور عبرانی مصادر کے باوجود اس زبان کا اسلوب، ساختیات، صوتی نظام، قواعد عربی یا عبرانی زبانوں سے اس قدر مختلف ہیں کہ اسے سامی زبانوں کے گروہ میں شامل نہیں کیا گیا۔

"ئیل کنس" عبرانی زبان کا لفظ ہے۔ "ئیل" عبرانی میں خدا کو کہتے ہیں، جیسے جرائیل کے معنی ہیں مردِ خدا یا بندۂ خدا۔ بروشسکی زبان میں اس سے مماثل لفظ ئیلکنس [اِیلِکنَس] ہے جس کے معنی عبادت و پرستش کے ہیں۔ عربی زبان میں "حَیَّ و حَیَّ ھلاً وَ حیْھَلَ" اسم فعل بمعنی جلدی کر و متوجہ ہو کے لیے آتا ہے، جس طرح اذان میں حی علی الفلاح [دوڑو فلاح کی طرف] کہا جاتا ہے اسی طرح بروشو زبان میں حَیُ اے[۲] [جلدی کر] کا لفظ مستعمل ہے۔ عربی زبان میں "ھِلال" کے معنی ہیں نیا چاند جب کہ بروشسکی میں یہ لفظ من و عن کنواری، دوشیزہ، بن بیاہی لڑکی کے لیے بولا جاتا ہے۔ ہلال بروشسکی میں لفظ بھی ہے اور تشبیہ بھی۔

"فخر" ایک قدیم عربی لفظ ہے جس سے بروشسکی لفظ دُفوغُرَس بنا ہے۔[۴۱]

بروشسکی فرانسیسی گنتی میں مماثلت:

ماہرینِ لسانیات کے لیے یہ بات نہایت تعجب خیز ہوگی کہ بروشسکی کی گنتی فرانسیسی زبان کی گنتی سے مکمل مشابہت اور مماثلت رکھتی ہے جب کہ بروشسکی کے حروف تہجی، تلفظ، اور ذخیرۂ الفاظ میں فرانسیسی اثرات کا سراغ ابھی تک نہیں مل سکا۔ گنتی کے اظہار کا بروشسکی طریقہ فرانسیسی طریقے سے مکمل مطابقت رکھتا ہے۔ ایسا کیوں ہے؟ ابھی کچھ کہنا بہت مشکل ہے۔

مثال کے طور پر ۹۹۹ کو بروشسکی اور فرانسیسی دونوں زبانوں میں ایک ہی طریقے سے ادا کیا جاتا ہے۔ فرانسیسی میں کہا جائے گا Neuf Cent Quatre Vingt Dix-neuf

(9 hundred + 4 X 20 + 10 + 9)

اس کا مطلب یہ ہے کہ نو سو جمع چار ضرب بیس جمع دس جمع نو

بروشسکی میں

ہُنّی تھ کے۲	وَلتی	اَلتر	تورمہ	ہُنّی
۹سو +	۴ ×	۲۰ +	۱۰ +	۹

اس کا مطلب یہ ہے نو سو جمع چار ضرب بیس جمع دس جمع نو

کیا فرانسیسی اور بروشسکی گنتی کے اصول وضوابط میں مکمل مشابہت عربی سنسکرت میں موجود قواعد اسم میں پائی جانے والی مماثلت کی طرح محض اتفاقی ہے یا حادثاتی؟ اس پر تحقیق کی ضرورت ہے۔[۴۲]

سو فیصد خواندگی کا اشارہ:

فرانسیسی اور بروشسکی گنتی کے منفرد اصول ان دونوں قوموں میں سو فی صد خواندگی اور تعلیم کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ صرف یہی نہیں بلکہ گنتی (Counting) کے یہ اصول ان دونوں قوموں کی ذہنی بالیدگی کی جانب بھی اشارہ کرتے ہیں۔ بروشسکی اور فرانسیسی میں گنتی سمجھنے کے لیے لازم ہے کہ بولنے والے اور سننے والے کو پہاڑے (Tables) حفظ ہوں اور ریاضی کے بنیادی اصول معلوم ہوں تا کہ وہ اعداد کو ضرب دے کر جواب معلوم کر سکے یا مؤقف سمجھ سکے۔ گنتی کے اظہار کا یہ طریقہ نہایت پیچیدہ ہے اور اس طریقے میں ذہن کو ہمہ وقت حاضر رکھنا اور درست طریقے سے نتائج نکالنا ضروری ہے اور اس کے لیے معقول حد تک ذہانت بھی درکار ہے۔ اس اصول سے یہ بات واضح ہے کہ ان دونوں قوموں کے تمام لوگ یقیناً پڑھے لکھے تھے اور خواندگی کی سطح سے بلند تر تھے اور دوسری قوموں کی نسبت زیادہ ذہین بھی تھے۔ اس کے بغیر حساب کتاب کا اتنا پیچیدہ نظام اختیار کرنا ممکن نہیں۔ اس تناظر میں دونوں قوموں کی تاریخی ذہانت کا تجزیہ محققین کے لیے تحقیق کے نئے

دروازے کھول سکتا ہے۔

بروشسکی اور جاپانی میں مماثلت:

بروشسکی زبان میں انسان، جانور، غیر جاندار اشیاء اور اشیاء کی مقدار کے لیے گنتی کے طریقے مختلف ہیں مثلاً:

ہِن ،ایک آدمی اور ہَن ،ایک جانور کے لیے ہے جبکہ ہِک ایک دفعہ، اور اشیاء کی مقدار ناپنے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ حیرت انگیز طور پر جاپانی زبان بھی اسی اسلوب کی حامل ہے۔

اردو زبان میں زیر و زبر کے فرق سے لفظوں کا مفہوم بدل جاتا ہے۔ مثلاً

گئے چار سِن، ترا کم تھا سِن کہ لیے تھے سُن ترے گھنگھرو

ہوا سینہ چَھن گیا دل بھی چِھن جونہی بولے چھن ترے گھنگھرو

لیکن زیر و زبر سے پیدا ہونے والا یہ فرق اردو گنتی سے کوئی تعلق نہیں رکھتا۔ اردو میں ایک جانور، ایک انسان، ایک پیالی اور ایک سیر کے الفاظ استعمال کرتے ہوئے اعراب کے ذریعے آوازیں تبدیل نہیں کی جاتیں۔ اس کے برعکس جاپانی زبان میں بروشسکی کی طرح زیر و زبر سے گنتی کا مفہوم تبدیل ہو جاتا ہے اور مختلف اشیاء کے لیے مختلف الفاظ بھی بولے جاتے ہیں۔ جاپانی زبان میں حفظ مراتب کا بھی خیال رکھا جاتا ہے اور گفتگو میں لفظوں کے استعمال سے معلوم ہو جاتا ہے کہ جس کے بارے میں گفتگو کی جا رہی ہے اس کا سن و سال کیا ہے۔[۴۳]

زیر زبر کے فرق سے گنتی کے جاپانی اور بروشسکی طریقے میں یہ مماثلت کیا محض اتفاقی ہے، جس طرح عربی اور سنسکرت میں اسم کے اظہار کا طریقہ یکساں ہے اور جس طرح بروشسکی اور فرانسیسی میں گنتی کا طریقہ ایک ہے؟ اس موضوع پر مناسب تحقیق کی ضرورت ہے۔

بروشسکی اور ہنگری میں مشابہت:

قدیم ہنگری باشندوں اور قدیم بروشو افراد کے ناموں میں گہری مماثلت پائی جاتی ہے۔ مگر کیا یہ مماثلت ذخیرۂ الفاظ یا تلفظ میں بھی موجود ہے؟ اس سلسلے میں ہنگری کے پروفیسر آئمر اولا کام کر رہے ہیں۔ ہنگری زبان جرمنک (Germanic) اور اورال التائی (Ural-Altaic) گروہ سے رابطہ رکھتی ہے۔ بعض ماہرین کے مطابق یہ زبان فرانسیسی اور جرمن زبانوں کے گہرے اثرات کے باعث قدیم ذخیرۂ الفاظ کھو چکی ہے اور اس کا بنیادی سانچہ اپنی اصل پر قائم نہیں رہا۔ لہٰذا بروشسکی اور ہنگری زبان میں مطابقت کی تلاش ایک کٹھن کام ہے۔ بروشسکی اور ہنگری میں مطابقت تلاش کرنے کے لیے قدیم ہنگری زبان کے مخطوطات پڑھ کر اس کے ذخیرۂ الفاظ میں عہد بہ عہد آنے والی تبدیلیوں کا تجزیہ کر کے ہی کوئی رائے قائم کی جا سکتی ہے۔

بروشسکی زبان اور ماہرین لسانیات:

Grierson کے خیال میں:

''بروشسکی چوتھے گروہ کی واحد نمائندہ زبان ہے۔ جس کے کسی سے الحاق کا اب تک پتہ نہیں ہے۔ اس زبان کو پاکستان کے انتہائی شمال میں واقع گلگت ہنزا یعنی دریائے سندھ کے دو بالائی متوازی دریاؤں کے بیچ کی وادیوں میں ۳۰ ہزار افراد دو لہجوں میں بولتے ہیں۔

اس زبان کی ابتدائی نشو ونما کے بارے میں آراء میں اختلاف ہے۔ اس کے بولنے والوں میں دنیا کے چند چنندہ کوہ پیما بھی ہیں۔ ان لوگوں کی عمریں بھی کافی طویل ہوتی ہیں۔

برو[۳۷۵:۱۹۵۴ء](Burrow) کہتے ہیں کہ یہ غالباً ہمیشہ سے ایک دور دراز کے پہاڑی راستے میں ایک محصور اکائی رہی ہوگی، اور شاید آج سے زیادہ بڑے علاقے پر پھیلی ہوئی بھی ہو۔[۴۴]

Colin P. Masica نے بتایا ہے کہ:

''جب کہ یہ تسلیم کیا جاتا ہے کہ یہ ایسے دروں میں یعنی انتہائی بالائی وادیٔ سندھ بشمول نورستان میں پھیلی ہوئی ہوگی جہاں آج دارداز بانیں بولی جاتی ہیں۔ بروشسکی سے داخل ہونے والے الفاظ بھی ان میں سے کچھ زبانوں میں ملتے ہیں مثلاً ''زاکن'' یعنی ''گدھی''۔

دراس کی شینا میں ''پھو'' یعنی آگ۔ پراسُن میں ''اپیُل'' یعنی پیٹ، اور حیرت انگیز طور پر ''لوہے'' کے لیے بروشکی زبان کا لفظ ''چھومَر'' جو کہ کتی، وائیگالی، کلاشا، خووار، گوار بتی، پشائے، گوری، تور والی اور شینا زبانوں میں مستعمل ہے۔ یہاں اس بات کو بھی دھیان میں رکھنا چاہیے کہ نہ صرف دراوڑی اور منڈا زبانیں، بلکہ تبتی۔ برمی اور بروشسکی میں بھی قواعد کی خصوصیات یکساں نوعیت کی ہیں جو کہ بعد کی ہند آریائی زبانیں ہیں۔ موخرالذکر کی سب سے واضح خاصیت ان کے فاعل کی مجہولی حالت ہے''۔[۴۵]

David Crystal کی انسائیکلوپیڈیک ڈکشنری آف لینگوئج اینڈ لینگویجز کے مطابق:

''شمال مغربی کشمیر، بھارت اور پاکستان کے کچھ حصوں میں بولی جانے والی ایک محصور زبان، تقریباً ۲۰ ہزار افراد بروشو قبیلے سے تعلق رکھتے ہیں اور یہ زبان بولتے ہیں اس کا کوئی رسم الخط نہیں ہے''۔[۴۶]

زبانوں کے تعارف پر مشتمل آکسفورڈ پریس کی مشہور کتاب کے مصنف Anatole V. Lyovin نے بروشسکی پر جو تحقیقات کی ہیں اس کے نتائج درج ذیل ہیں:

''بروشسکی ایک محصور زبان ہے جسے تقریباً [ہنزہ اور نگر کے علاقوں میں] ۴۰ ہزار افراد بولتے ہیں۔ یہ زبان داردا ایرانی [ہند یوردپی] اور تبتی [چینی۔تبتی] زبان بولنے والوں کے درمیان گھری ہوئی ہے، لیکن اس کا علاقہ بہت دور اور پہاڑیوں سے گھرا ہوا ہے اور اس کا لسانی تعلق بنیادی طور پر دارداز بانوں خاص کر شینا

سے ہے۔

بنیادی طور پر قفقاز کی زبانوں، اور کچھ دوسری زبانوں سے اس کی صنفی مماثلت کی بنیاد پر روابط ابھی تک مستند نہیں ہیں۔

یہ مانا جاتا ہے کہ کبھی ان علاقوں کے داردازبانیں بولنے والے ایسی زبان بولتے تھے جو کہ بروشسکی کے مماثل رہی ہوگی۔ یہ ایک فاعلی مجہول زبان ہے، جس میں SOV کا لفظی نظام ہے۔ اس کے علم الاصوات سے متعلق فہرست کافی حد تک اس کی پڑوسی، ہند آریائی اور داردا زبانوں سے مماثل ہے [سوائے سانس لیتے ہوئے پیدا ہونے والی آواز میں رکاوٹ والے الفاظ کے] اور اس میں چھوٹی زبان کی رکاوٹ اور صفیری الفاظ [حروفِ صحیح جو منہ کم کھلا ہونے کی حالت میں سانس کی رگڑ سے ادا ہوتے ہیں] کی بہتات ہے، جو دوسری ہند آریائی زبانوں میں نہیں ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس میں تین مختلف آوازیں ہیں۔

بروشسکی کے تمام اسم چار مستحکم معنویات کے درجوں میں منقسم ہیں:۔

۱۔ درجہ اسم برائے مذکر

۲۔ درجہ اسم برائے مؤنث

۳۔ درجہ اسم برائے جانور اور غیر انسان اور کچھ اشیاء مثلاً پھل، درخت کے حصے اور لکڑی سے بنی چیزیں اور کچھ قدرتی ماحول خاص کر فلکیاتی اجسام جیسے چاند وغیرہ۔

۴۔ درجہ اسم برائے غیر حیاتی چیزیں۔

یہ تمام درجات فعل کی ساخت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، جہاں سابقے تیسرے شخص فاعل کے ساتھ وجہ متصل بتاتے ہیں جبکہ لاحقے بھی یہی بتاتے ہیں مگر بالواسطہ اور بلا واسطہ مفعول کے ساتھ۔ یہی ایک یادگار عمل ہے جو قفقاز کی ناخ ۔ داغستانی زبانوں سے مماثل ہے اور عموماً اسی بات کو اپنے قیاس کی تائید میں پیش کیا جاتا ہے کہ بروشسکی نوعی طور پر ان ہی قفقازی زبانوں سے متعلق ہے۔ دوسرا ایک اور دل چسپ پہلو بروشسکی کا یہ ہے کہ اسمِ حالتِ اضافی لاحقوں کے طور پر بھی ہوتے ہیں۔ یہ وہ اسم ہیں جنھیں انسانوں اور جانوروں کا ناقابلِ تقسیم تصرف سمجھا جاتا ہے۔ اس میں جسم کے اعضاء، وہ چیزیں جو اسم کے نام ہیں، وہ اسم جو کچھ خاص جذبات کی طرف اشارہ کرتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ اس میں کچھ مختلف اشیاء بھی شامل ہیں، جیسے ''چھڑی'' اور ''تکیہ''۔ [۴۷]

بروشسکی زبان کی پیدائش کے متعلق قطعی طور پر کوئی رائے قائم نہیں کی جاسکتی اس لیے کہ ماہرینِ لسانیات اس زبان کے بارے میں ہماری کوئی مدد نہیں کرتے۔ ماہر لسانیات کی تحقیقات کا خلاصہ درج ذیل ہے:

۱۔ ''بروشسکی زبان بولنے والے ایک وقت میں دردا خاندان کی زبانوں کے قریباً تمام علاقے یا پھر

اس کے بڑے حصے پر قابض تھے''۔ [گریئرسن]

۲۔ ''ہنزہ اور نگر میں دو مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں''۔ [گریئرسن]

۳۔ ''ہنزہ اور نگر میں بولی جانے والی دونوں زبانیں ایک دوسری کے مماثل ہیں''۔ [لائمنٹر]

۴۔ ''نگر کے لوگ اپنی زبان کو 'یشکند' کہتے ہیں''۔ [مسٹر کونوے]

۵۔ ''ایک زبان جو کبھی بہت بڑے حصے پر حاوی تھی آہستہ آہستہ چھوٹے سے چھوٹے حصے میں محدود ہوگئی اور ایسی جگہ پناہ لینے پر مجبور کردی گئی جہاں اس پر دوسری زبانوں کا اثر نہیں ہوسکتا''۔
[Colonel Lorimer, "Brushaski Language."]

۶۔ ''یہ خطہ ایک عجیب زبان کا جزیرہ دکھائی دیتا ہے جو کہ ہند و یورپی، تبتی اور ترکی زبانوں کے گروہوں کے سنگم پر واقع ہے لیکن اس کا رشتہ ان میں سے کسی سے بھی نہیں۔ بروشسکی ساری ریاست ہنزہ میں نہیں بولی جاتی بلکہ اس کے صرف وسطی حصے میں ہی بولی جاتی ہے''۔ [Barbara Mons, "High Road to Hunza."]

بروشسکی: ناخ داغستانی لسانی گروہ سے مشابہت:

عالمی سطح کے ماہرینِ لسانیات کی تحقیقات سے یہ بات اس حد تک ثابت ہے کہ بروشسکی زبان کا جینیاتی سلسلہ کسی بھی بڑے لسانی گروہ سے نہیں ملتا۔ لیکن پھر بھی اس کا فاعلی مجہولی انداز داردا (Dardic) اور دراوڑی (Dravidian) زبان سے کسی حد تک مماثل ہے۔ قفقازی زبانوں (Caucasian) کے اثرات کی جھلک دیگر زبانوں کے مقابلے میں بروشسکی پر کچھ حد تک نظر آتی ہے کیوں کہ اس زبان کا خطہ جغرافیائی طور پر ان علاقوں سے زیادہ دور نہیں۔ کیوں کہ وادیٔ ہنزہ سے نکلنے والی باریک سی جغرافیائی لسانی پٹی وسطی ایشیا اور مشرقِ وسطیٰ کے درمیان سے گزرتے ہوئے ہنگری تک چلی جاتی ہے۔ اور اس لسانی پٹی میں قفقازی زبانیں (Caucasian) بولنے والوں کی کثیر تعداد آباد ہے۔ شاید اس جغرافیائی قربت کے باعث بروشسکی پر ان زبانوں کے اثرات پڑے ہوں اور غالباً اسی لیے ناخ داغستانی لسانی گروہ (Nakh-Dagestani) سے اس زبان کی کچھ مماثلت ماہرینِ لسانیات کو حیرت زدہ کرتی ہے۔ لیکن اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ مشرقی ایشیا کی تمام زبانوں پر اثر انداز ہونے والی سنسکرت کے اثرات سے بروشسکی محفوظ رہی حتیٰ کہ اپنی قریبی ہمسایہ تبتی اور بلتی زبانوں کا کوئی اثر بروشسکی نے قبول نہیں کیا۔ قریب ترین ہمسایہ زبانوں کے اثرات سے محفوظ رہنے والی یہ زبان دور دراز کی قفقازی زبانوں (Caucasian) اور ہنگری زبان کے زیرِ اثر کیسے آ گئی؟ اس اہم سوال کا جواب ڈاکٹر نصیر الدین نصیر کی اس تحقیق میں پنہاں ہے کہ بروشو قوم پہلے ہنگری میں آباد ہوئی تھی۔ لیکن یہ تحقیق بھی مزید تحقیق طلب ہے۔

بروشسکی زبان پر عالمی تحقیقات:

George Morgenstierne نے ۱۹۳۲ء میں بروشسکی زبان پر Lorimar کی تحقیقی پیش رفت سے آگاہ کیا تھا۔ اس کے بعد اس زبان میں طویل عرصے تک مزید کسی اہم پیش رفت کی اطلاع نہیں مل سکی۔ تیس سال کے طویل وقفے کے بعد ہائیڈل برگ یونیورسٹی جرمنی کے ادارہ مطالعہ شرقیہ میں Hermann Berger نے اس موضوع پر تحقیق کر کے اس زبان کے نئے افق دنیا پر روشن کیے۔ ان کے نائب ڈاکٹر وان اسکائی ہاک نے ''کسر کی کہانی'' بروشسکی سے ترجمہ کی تو بعض نئے گوشے واشگاف ہوئے۔ ٹھیک اسی دور میں ڈاکٹر نصیر الدین بروشسکی زبان میں تحقیقات کے نئے افق روشن کر رہے تھے۔ عربی رسم الخط میں ان کی پہلی مختصر کتاب اِناکِلم بُرشسکی ۱۹۷۰ء میں اکادمی تحقیقاتِ بروشسکی کے زیر اہتمام شائع ہوئی۔ یہ بروشسکی ادب اور زبان کے قواعد پر پہلی کتاب تھی۔ اس کی اشاعت کے ٹھیک چار سال بعد ۱۹۷۴ء میں ماہرِ لسانیات برگر نے اپنے مطالعات کی بنیاد پر بروشسکی زبان کے تفصیلی قواعد شائع کیے جس کے باعث اس طلسم کدۂ حیرت کا دروازہ دنیا کے لیے کھل گیا۔ ۱۹۹۳ء میں مانٹریال یونیورسٹی کے پروفیسر ٹیفوں کی کتاب Hunza Proverbs۔ University of Calgary Press کے زیر اہتمام شائع ہوئی۔ اس کتاب میں پانچ ہزار تیس بروشسکی محاورے جمع کیے گئے ہیں۔ یہ نہایت اہمیت کا حامل کام ہے۔ E.Tiffon نے یہ کتاب مشہور ماہرِ لسانیات L.Col Dr. Lorimer، ہائیڈل برگ یونیورسٹی کے مشہور محقق Hermann Berger نیز مانٹریال یونیورسٹی کے محقق Y.Ch. Morin اور ڈاکٹر نصیر الدین ہونزائی کے تعاون سے تیار کی۔

بروشسکی رسم الخط کیا تھا؟ اس بارے میں تاریخ خاموش ہے اور آثار قدیمہ کے مخطوطات، قدیم نوادرات اور اساطیر سے ابھی تک اس زبان کے رسم الخط کے بارے میں کوئی اشارہ نہیں مل سکا، لہٰذا ہرمن برگر نے بروشسکی الفاظ رومن حروف میں وضع کیے جنھیں بین الاقوامی طور پر تسلیم کر لیا گیا۔ پروفیسر ہرمن برگر نے بروشسکی زبان کے الفاظ پر مشتمل پہلی جرمن بروشسکی لغت تیار کی جس میں پچاس ہزار الفاظ کا ذخیرہ جمع کر کے اس زبان کو محفوظ کر دیا گیا۔ یہ لغت ۱۹۹۸ء میں شائع ہوئی اور اس کتاب کی تیاری میں پروفیسر ڈاکٹر نصیر الدین نصیر ہونزائی کا مرکزی کردار ہے جس کا اعتراف ہرمن برگر نے ان الفاظ میں کیا ہے:

Unter Mitarbeit von Nasiruddin Hunzai

جس کا مطلب ہے ''یہ لغت پروفیسر ڈاکٹر نصیر الدین ہونزائی کے تعاون سے تیار کی گئی۔''

زبانیں اور استعماری طاقتیں:

بروشسکی زبان دنیا سے خود مٹی یا اسے مٹا دیا گیا؟ اس بارے میں تاریخ کے دفتر خاموش ہیں، لیکن اس بات کا امکان موجود ہے کہ اس زبان کو طاقت کے زور پر ختم کر دیا گیا ہو لیکن اس زبان کے اندر موجود مخفی

طاقت نے اسے زندہ رکھا اور روحانی طاقت نے اسے حیاتِ نو عطا کی۔ گزشتہ تین سو سال کی استعماری تاریخ بتاتی ہے کہ ولندیزی [Dutch، برطانوی (Birtish)، پرتگیزی (Portuguese)، روسی (Russian)، امریکی (American)، فرانسیسی (French) اور ہندو (Hindus) المانوی [German]، آسٹرین [Austrian]، اطالوی [Italian]، بلجئین [Belgian]، ہسپانوی [Spanish] استعمار نے دنیا میں جہاں بھی قبضے کیے وہاں نوآبادیات قائم کیں اور لوگوں کو غلام بنایا۔ لہٰذا اس بات کا امکان موجود ہے کہ بروشسکی زبان کو مٹایا گیا لیکن کئی صدیوں کے بعد اب بروشسکی گرمنس اور غتنس کے مراحل سے گزر رہی ہے اور بروشسکی زبان کی پہلی لغت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ ایشیا میں ایک مردہ زبان پھر زندہ ہو رہی ہے۔ اس لحاظ سے اس لغت کی اشاعت ایک اہم موڑ ہے۔ حیات نو کے معاملے میں بروشسکی زبان عبرانی کے مماثل ہے۔ دونوں زبانوں کا احیاء بڑی جدوجہد سے ہوا، عبرانی کے احیاء کی کہانی بھی تاریخ، ادبیات ولغات میں خاص اہمیت کی حامل ہے اور اس بات کا استعارہ کہ مری ہوئی زبانیں آج بھی زندہ کی جاسکتی ہیں، صرف عزم سفر کی ضرورت ہے۔

زبانیں۔ موت سے احیاء تک:

زبانیں صرف مرتی ہی نہیں ماری بھی جاتی ہیں، قتل بھی ہو جاتی ہیں، انھیں مٹا دیا جاتا ہے لیکن صفحۂ ہستی سے نہیں مٹایا جاسکتا، اگر زبان بولنے والوں کو اپنی زبان سے محبت ہو، عبرانی زبان کو مٹنے اور مٹانے کی ایک طویل تاریخ ہے لیکن اسے زندہ کرنے کی بھی ایک سنہری تاریخ ہے جو مٹنے والی زبان بولنے والوں کو ماتم کرنے اور گریاں کناں ہونے کے بجائے حوصلے اور ہمت کی نئی کہانی سناتی ہے۔ کسی قوم اور ملت کے فرد میں اپنی زبان سے محبت کی ایک ننھی سی چنگاری بھی زندہ ہے تو یہ چنگاری کبھی بھی شعلہ بن سکتی ہے۔

عبرانی: مردہ زبان زندہ ہوتی ہے:

اسرائیلیوں نے اپنے محکم ایمان اور اپنے پیہم عمل کی بدولت اپنی مذہبی زبان عبرانی کو موت کے چنگل سے رہائی دلا کر نئی زندگی بخشی۔ ۱۹۴۸ء ہی میں عبرانی کو اسرائیل کی سرکاری زبان بنا دیا۔ صرف پانچ برس بعد ۱۹۵۳ء میں اسرائیلی پارلیمینٹ کے ایک فرمان Act کی رو سے عبرانی زبان کی مجلس کا درجہ بڑھا کر اسے اکادمی کا نام دے دیا۔ [۴۸]

عبرانی: کیسے قتل ہوئی؟

عبرانی تقریباً ۲۳۰۰ سال تک یہودی عوام کی بول چال کی زبان تھی۔ اس کا زوال اس وقت شروع ہوا جب ۵۸۶ قبل مسیح میں بابل کے شہنشاہ نبوشادنظر (Nebuchadnezzer) نے یروشلم فتح کیا۔ یہودیوں کے معبدِ اول (First Temple) کو تباہ کر دیا اور یہودیوں کی غالب آبادی کو غلام بنا کر اپنے ساتھ لے گیا۔ بابلی سلطنت عظمیٰ (Babylonian Empire) کی مروجہ، رسمی (formal) زبان آرامی (Aramaic) تھی جسے جلا

وطنی میں یہودیوں نے اپنالیا۔اس طرح عبرانی یہودیوں کی بول چال کی زبان کے طور پر ختم ہونے لگی۔آرامی بھی ایک شمال مغربی سامی (Semitic) زبان ہے، جو عبرانی سے بہت مماثلت رکھتی ہے۔چند عشروں [دہائیوں] کے بعد ایرانی شہنشاہ سائرس (Cyrus) نے بابلی سلطنت پر قبضہ کرلیا تو آرامی (Aramaic) زبان کو سرکاری زبان کے طور پر رائج کیا۔[۴۹]

عبرانی کا تحفظ: ربی یہوداہاناسی:

تقریباً سو سال بعد جب یہودی جلاوطنی کے بعد اپنے وطن واپس لوٹے تو ایرانی سلطنت کا حصہ ہونے اور آرامی زبان کے سرکاری زبان ہونے کی بنا پر انھیں خطرہ پیدا ہوا کہ کہیں آرامی زبان عبرانی کی جگہ نہ لے لے۔اس لیے ربی [امام] یہوداہاناسی (Yahuda Ha-Nasi) نے ۲۰۰ عیسوی میں تالمود کے احکامات کا مجموعہ مشناۃ مرتب کیا، یہودیوں کو اپنی زبان سے غفلت برتنے پر تنبیہہ کی۔ربی یہودا گھر میں ہمیشہ اہتمام سے عبرانی زبان بولتے تھے۔تالمود میں تحریر ہے کہ ان کی نوکرانی کو عبرانی پر اتنا عبور حاصل تھا کہ ان کے شاگردوں کو جب کوئی لفظ نہ آتا یا بھول جاتا تو اس سے پوچھا کرتے تھے۔[۵۰]

ادب و مذہب کی زبان:

۷۰ عیسوی میں یروشلم اور معبدِ دوم (Second Temple) کی تباہی کے بعد یہودی دنیا بھر کے ملکوں میں منتشر ہوگئے وہ جس ملک میں بھی گئے، اسی ملک کی زبان اپنا لی۔تاہم ان کی مذہبی اور ادبی (Literary) زبان عبرانی ہی رہی۔یہودی مذہبی تعلیم کے دوران عبرانی سیکھتے رہے تاکہ وہ توریت اور تالمود، ترجمے کے بجائے اصل زبان میں پڑھ سکیں اور عبادت کے دوران دعاؤں کا مطلب سمجھ سکیں۔اس رواج نے ایک طرف تو یہودیوں کو خواندہ اور علم دوست بنا دیا، دوسری طرف انھیں بکھراؤ (Diaspora) کے دوران اکثریتی ثقافت میں جذب ہونے سے بچائے رکھا۔اس طرح وہ دو ہزار سال تک دربدر رہنے کے باوجود اپنا نسلی، مذہبی اور ثقافتی تشخص برقرار رکھنے میں کامیاب رہے۔[۵۱]

عبرانی کا احیاء: آئی ایزر بن یہودا کے ذریعے:

تقریباً دو ہزار سال سے عبرانی محض ایک مذہبی اور کسی حد تک ادبی زبان ہو کر رہ گئی تھی۔روزمرہ کی بول چال اور زندگی کے دیگر امور میں غیر مستعمل ہو کر نیم مردہ حالت میں تھی۔انیسویں، بیسویں صدی میں اس کا فلسطین میں، جدید عبرانی کی شکل میں، ادب، سائنس غرض یہ کہ زندگی کے ہر شعبے میں دوبارہ جاری وساری ہو جانا حیرت انگیز ہے۔اس کا تمام تر سہرا ائی عیزر بن یہودا (Eliezer Ben-Yahuda) کے سر پر ہے۔بن یہودا کو یہ بہت عجیب لگتا تھا کہ یہودی دنیا کی دیگر ۷۰ زبانیں تو بول سکتے ہیں، لیکن اپنی زبان عبرانی نہیں بول سکتے۔یہ آزمانے کے لیے کہ عبرانی میں بولے جانے اور احیاء کی صلاحیت ہے بھی یا نہیں، انھوں نے اپنے دوستوں کے

ساتھ عبرانی میں گفتگو کرنے کی کوشش کی۔ فلسطین میں پہنچتے ہی انھوں نے عہد کرلیا کہ وہ کسی یہودی سے عبرانی کے سوا کسی اور زبان میں بات نہیں کریں گے۔[۵۲]

موت سے زندگی کا سفر: اتمر بن ابی پر تجربات:

۱۸۸۲ء میں جب ان کا پہلا بیٹا بن صیہون بن یہودا (Ben Zion Ben-Yahuda) جسے عام طور پر اتمر بن ابی (Itamar Ben-Avi) کہا جاتا ہے، پیدا ہوا تو انھیں تجربہ کرنے کا ایک بہت اچھا موقع ہاتھ آ گیا۔ ایسے گھر میں، جہاں ہر وقت عبرانی بولی جاتی ہو، پلنے والا بچہ جب بولنا سیکھے گا تو وہ حالیہ تاریخ میں پہلا شخص ہوگا جس کی مادری زبان عبرانی ہوگی۔ یہ اس بات کا زندہ ثبوت ہوگا کہ عبرانی زبان کا مکمل احیاء ممکن ہے۔ جیسا کہ بن یہودا نے اپنی شاہکار لغت [ڈکشنری] کے تعارف میں بھی لکھا ''ہماری زبان جو بولی نہیں جاتی، اگر کسی فردِ واحد کی زبان بن جائے تو پھر شک کی کوئی گنجائش نہیں رہتی کہ وہ پوری قوم کی بول چال کی زبان (Spoken Language) بھی بن سکتی ہے''۔

بن یہودا اور ان کا عبرانی بولنے والا خاندان لوگوں کے لیے عبرانی زبان کے احیاء کی علامت اور قابلِ رشک و تقلید مثال بن گئے۔ ان کے بیٹے اتمر بن ابی (Ittamar Ben-Avi) کی خودنوشت سوانح عمری کے مطابق بچے کی زبان کی روزمرہ ضرورتیں پوری کرنے کے لیے بن یہودا نے مختلف چیزوں مثلاً گڑیا، آئس کریم، جیلی، آملیٹ، رومال، تولیہ، بائیسکل اور سینکڑوں دیگر اشیاء کے متبادل عبرانی نام اختراع کرنے شروع کر دیے۔ جوں جوں بچہ بڑا ہوتا چلا گیا اسی طرح عبرانی زبان ذخیرہ الفاظ اور اظہار کے فطری پن کے لحاظ سے ترقی کرتی چلی گئی۔ عبرانی زبان کے احیاء کے لیے انھوں نے جس اصول پر عمل کیا وہ تھا ''عبرانی گھر میں''، ''عبرانی اسکول میں'' اور ''لفظ، لفظ اور عبرانی لفظ''۔[۵۳]

عبرانی: عربی سے نفرت:

عبرانی بولنے والے علماء اور خصوصاً یہودی علماءِ لسانیات کا یہ دعویٰ ہے کہ عربی عبرانی زبان کی جدید ترین شکل ہے اور عربی کے حروفِ تہجی اور ذخیرہ الفاظ عبرانی ہی کی مختلف شکلیں ہیں۔ عبرانی زبان کے احیاء کی جب تحریک شروع ہوئی تو اس وقت عبرانی زبان کا ذخیرہ الفاظ صرف آٹھ ہزار تھا اور بابائے عبرانی ألی عیزر بن یہودا (Eliezer Ben Yehuda) کو بے شمار الفاظ خود تخلیق کرنے پڑے یا دنیا کی مختلف زبانوں سے وہ الفاظ انھوں نے اخذ کیے لیکن اسلام سے نفرت کے باعث عربی زبان کے الفاظ اور لغات کو نہ تو ترجیح دی گئی اور نہ ہی الفاظ کے انتخاب اور اخذ کے دوران عربی زبان پر خصوصی توجہ دی گئی۔ اس رویے کے پس پشت ایک تاریخی عصبیت بھی ہے لیکن یہی عصبیت یہودی علمائے لسانیات کے اس دعوے کی تردید بھی کرتی ہے کہ عربی زبان عبرانی زبان ہی کا ایک جدید نمونہ ہے۔ اس تناظر میں علامہ شبلی نعمانی کا یہ دعویٰ درست نظر آتا ہے کہ عربی عبرانی سے زیادہ

قدیم زبان ہے۔

دوسری زبانوں کے ذریعے عبرانی کی تعلیم:

جیسا کہ ۱۹۲۸ء میں اس وقت کے ایک استاد داؤد یودالے ویز David Yudeleviz نے لکھا ہے کہ "لوگ اندازہ نہیں کر سکتے کہ حالات کتنے مشکل تھے۔ کتابوں، سینکڑوں الفاظ، اسم، فعل اور محاورات نہ ہونے کے باوجود ہم نے پڑھانا شروع کر دیا۔ ہم نیم گونگوں کی طرح ہکلاتے ہوئے ہاتھوں اور آنکھوں کے اشاروں سے باتیں کرتے تھے"، ایک اور مشہور استاد داؤد ییلین (David Yellin) نے لکھا۔ "ہر استاد کے پاس عبرانی کے بجائے روسی یا فرانسیسی میں کتاب ہوتی تھی اور اسے عبرانی میں پڑھانے کا کام سر انجام دینا ہوتا تھا۔ درسی اصطلاحات موجود نہ تھیں۔ دیہاتی اسکولوں کا ہر استاد عبرانی زبان کی اکادمی کا درجہ رکھتا تھا۔ وہ اپنی پسند اور ذوق کے مطابق الفاظ وضع کرتا اور اپنی ہی تخلیقات کو پڑھانے کے لیے استعمال کرتا۔ تاہم جوں جوں وقت گزرتا گیا، مسائل خود بخود حل ہوتے چلے گئے۔ ایک نوزائیدہ عبرانی بولنے والی نسل وجود میں آ گئی۔ تو سب کو یقین ہو گیا کہ زبان کا احیاء کامیابی سے ہمکنار ہو گا"۔ [۵۴]

سترہ جلدوں پر مشتمل تاریخی لغت:

بن یہودا کو عبرانی زبان کی کم مائیگی کا احساس اس وقت ہوا، جب انھوں نے پیرس میں اپنے دوستوں کے ساتھ عبرانی بولنے کی مشق شروع کی۔ اس کمی کو دور کرنے کے لیے انھوں نے نئے الفاظ وضع کر کے ان کی فہرستیں اخباروں میں چھاپنا شروع کر دیں۔ اس طرح انھوں نے غیر رسمی اور بے قاعدہ طور پر الفاظ سازی اور لغت نگاری کا آغاز اپنے پیرس کے قیام کے دوران کیا۔ لیکن انھوں نے ۱۹۱۰ء میں اپنی معرکۃ الآرا لغت باقاعدہ طور پر مرتب کرنا شروع کی۔ بن یہودا اٹھارہ، اٹھارہ گھنٹے روزانہ کام کرتے تھے۔ آخر کار ان کی طویل، محنت شاقہ رنگ لائی۔ ان کی مرتب کردہ، سترہ جلدوں پر مشتمل "قدیم اور جدید عبرانی کی مکمل لغت (A Complete Dictionary of Ancient and Modern Hebrew) آج بھی عبرانی لغت نگاری (Hebrew Lexicograhphy) کی تاریخ میں یکتا تصور کی جاتی ہے۔

عبرانی زندہ ہو گئی:

ان کی زندگی ہی میں ایک مردم شماری (Census) کے دوران فلسطین کے ہر یہودی نے اپنی زبان عبرانی درج کی۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ عبرانی کہیں بھی یہودیوں کی روزمرہ کی زبان نہیں تھی اور مخصوص حالات کے علاوہ بولی بھی نہیں جاتی تھی۔ اس لیے اگر یہ مردہ زبان نہیں تھی تو زندہ بھی نہیں تھی۔ غالباً اسے "نیم مردہ" کہنا زیادہ مناسب ہو گا۔ عبرانی کے احیاء میں بن یہودا کے کردار کے بارے میں سیمل روتھ (Semil Roth) کے ایک بلیغ مقولے کے مطابق "بن یہودا سے پہلے...... یہودی عبرانی بول [تو] سکتے تھے، لیکن اس کے بعد وہ واقعی

بولنے لگے"۔[۵۵]

عبرانی کا سفر صرف آٹھ ہزار لفظوں سے شروع ہوا:

الفاظ سازی کے میدان میں عبرانی زبان کی مجلس (Hebrew Language Council) کی کامیابی کا اندازہ اس امر سے لگایا جاسکتا ہے کہ عبرانی زبان کا ذخیرہ الفاظ ۸۰۰۰ سے بڑھ کر ۱۲۰۰۰۰ ہوگیا ہے۔ جے ایم پائینز (J.M. Pines) کے مطابق الفاظ سازی کے لیے مجلس کے ارکان اس راز سے بخوبی واقف تھے "کہ کسی نئے لفظ کی سب سے بڑی خوبی یہ ہوتی ہے کہ وہ نیا نہ لگے"۔

اسرائیل کے اندر ۶ملین یہودی اور ۲ملین عرب عبرانی زبان بولتے ہیں۔ فرانس میں ۵ء ملین یہودی اور ۵ء ملین اسرائیلی تارکین وطن جو زیادہ تر امریکا میں آباد ہیں، گھر میں عبرانی بولتے ہیں۔ اس کے علاوہ، ارجنٹائین، فرانس، جرمنی، کینیڈا، آسٹریلیا، روس، جنوبی افریقہ، یوکرین، برطانیہ، امریکہ میں جہاں یہودیوں کی خاصی بڑی آبادی ہے، خاص طور پر وہ جو کبھی اسرائیل نہیں گئے، نہ تو عبرانی بولتے ہیں اور نہ سمجھتے ہیں۔[۵۶]

عبرانی: علمی سفر:

عبرانی کو ذریعہ تعلیم بنانے سے اسرائیل میں سائنس اور ٹیکنالوجی کا معیار گرا نہیں بلکہ اس وقت وہ ان میدانوں میں صف اول کی قوموں میں شمار ہوتے ہیں۔ ۱۹۶۶ء میں ایک اسرائیلی ادیب شمائیل یوسف اگنن (Shmuel Yousef Agnon) کو ادب میں نوبل انعام دیا گیا۔ اس سال علم کیمیا (Chemistry) کا نوبل انعام مشترکہ طور پر دو اسرائیلی بائیوکیمسٹوں، ہارون سیخانووار (Aaron Ciechanovar) اور ابرام ہرشکو (Avram Hershko) اور امریکا کے اروِن روز (Irwin Rose) کو ملا ہے۔[۵۷]

اگلے سو برسوں میں ۹۰ فی صد زبانیں مٹ جائیں گی؟

ایک ایسے عہد میں جب زبانیں مٹ رہی ہیں، عالمگیریت اور سرمایہ داری کے ذریعے زبانیں مٹائی جارہی ہیں، انگریزی کو مسلط کیا جارہا ہے، نت نئی ایجادات کے باوجود تحریک تنویر، نشاۃ ثانیہ اور خرد افروزی کے تین سو سالوں میں استعماری طاقتوں نے کسی ایک زبان کو جنم نہیں دیا بلکہ زبانوں کو ختم کیا گیا، یہ اعزاز صرف ایشیا کو حاصل ہے کہ یہاں ایک بولی [بروشسکی] زبان بن گئی ہے اس لیے یہ سوال کہ بروشسکی زبان کتنے عرصے تک زندہ رہے گی؟ اس بارے میں کچھ کہنا قبل از وقت ہے۔ آسٹریلیا کے ممتاز ماہر لسانیات پیٹر ہوسلر نے ایک دلچسپ واہم پیش گوئی کی ہے کہ اگلے سو برسوں میں نوے فی صد زبانیں صفحہ ہستی سے مٹ جائیں گی اور صرف پانچ یا چھ بنیادی اہم زبانیں باقی رہ جائیں گی، جن میں انگریزی، ہسپانوی، فرانسیسی، جرمن، چینی اور عربی زبانیں شامل ہیں، جب کہ ملیشیا اور انڈونیشیا میں بولی جانے والی بھاشا (Bahasa) زبان کے بارے میں امکان ہے کہ یہ زبان بھی شاید باقی رہ جائے۔ اس کا مؤقف ہے کہ زبانیں ہمارے اندازے سے بھی زیادہ تیزی سے فنا ہو رہی ہیں۔

مثلاً آسٹریلیا میں یورپی باشندوں سے پہلے یعنی دوسو سال قبل دوسو پچاس زبانیں بولی جاتی تھیں لیکن اب وہاں کے طول وعرض میں صرف پچاس زبانیں بولی جاتی ہیں۔ کیوں کہ انگریزی استعمار نے قتلِ عام اور چھوٹی زبانوں کی حوصلہ شکنی کے ذریعے نسلوں کو فنا کر دیا اور زبانوں کو مٹا دیا۔

ایک اندازے کے مطابق اس وقت دنیا میں چھ سے دس ہزار زبانیں بولی جاتی ہیں۔ ان میں مکمل باضابطہ زبانوں کے ساتھ ساتھ بولیاں بھی شامل ہیں۔ ہوسلر کے خیال میں زبانوں کے فنا ہونے کی اصل وجہ بڑے پیمانے پر نقل مکانی ہے۔ جس کے نتیجے میں تارکینِ وطن اپنی زبان ترک کر کے جائے سکونت میں بولی جانے والی زبانیں اختیار کر لیتے ہیں تاکہ مقامی آبادی میں جذب ہو جائیں۔ زبان کی تبدیلی ان کے لیے اقتصادی و سماجی اعتبار سے سودمند ثابت ہوتی ہے۔

صرف چار زبانیں باقی رہ جائیں گی؟

دوسرا نقطۂ نظر نوبل انعام یافتہ ہسپانوی ادیب کامیلیو خوسے تھیلا (Camillo Jose Cela) کا ہے۔ اس نے پیش گوئی کی ہے کہ اگلی چند صدیوں تک دنیا بھر کے لوگ صرف چار زبانیں استعمال کریں گے۔ یعنی عربی، ہسپانوی، انگریزی اور چینی اس کے سوا تمام زبانیں صرف علاقائی زبانوں کا روپ دھار کر محبت اور شاعری کے لیے رہ جائیں گی۔

زبانیں کیوں ختم ہو جائیں گی؟

عالمگیریت، سرمایہ داری، آزادی اور آزادیٔ اظہار رائے کا طوفان مذاہب، تہذیبوں، ثقافتوں اور زبانوں کے لیے ایک خطرہ بن چکا ہے۔ دنیا بھر کے معاشروں میں کروڑوں سال سے موجود تنوع اور رنگا رنگی، عالمگیریت اور سرمایہ دارانہ ثقافت و تہذیب کے استعماری غلبے کے باعث اپنا وجود کھو رہے ہیں جس کے نتیجے میں زبانیں تیزی سے مر رہی ہیں اور تہذیبیں اپنی شناخت کھوتی جا رہی ہیں۔ مذہب، ثقافت اور تہذیب کے تمام ڈھانچے تیزی سے سرمایہ داری کے سانچے میں ڈھالے جا رہے ہیں یا خود بخود ڈھلنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ مغربی تہذیب کے غلبے کے باعث خاندانی نظام زبردست شکست و ریخت کا شکار ہے۔ خواہشاتِ نفس کی ہر صورت میں تکمیل تہذیبِ جدید کا فلسفہ ہے اور اس فلسفے پر عمل کے باعث خاندان اور قبیلے اپنے قدیم مقامات چھوڑ کر رزق کی تلاش میں ترکِ وطن کر رہے ہیں۔ اعلیٰ معیارِ زندگی کی تلاش کے باعث خاندان دن بدن مختصر ہوتے جا رہے ہیں۔ مختصر خاندان آبادی کے خطرے سے بچنے کے لیے اُمید کی علامت سمجھے گئے لیکن اس کے نتیجے میں زبانوں کو زوال کا سامنا کرنا پڑا۔

کم آبادی: زبانوں کو خطرہ

یورپ اور امریکہ میں آبادی کی شرح تیزی سے کم ہونے کے باعث معیارِ زندگی میں تیزی سے

اضافہ ہوا ہے لیکن دنیا بھر میں سب سے زیادہ زبانوں کے لیے خطرات یورپ اور امریکہ میں پیدا ہوئے۔ افریقہ میں بھی زبانیں ختم ہو رہی ہیں۔ ایک ہزار چار سو زبانوں میں سے صرف آٹھ سو زبانیں باقی رہ گئی ہیں اس کی وجہ مختلف ہے۔ امریکہ کے قدیم باشندوں کی ایک ہزار زبانیں موجود تھیں لیکن اب ان زبانوں کی تعداد صرف ۱۵۰ رہ گئی ہے۔ یورپ کی ۲۲۵ زبانوں میں سے ۵۰ زبانیں سنگین خطرات کا شکار ہیں۔ کینیڈا کی حکومت کئی سالوں سے زبانوں کے تحفظ کے لیے اپنے قومی میزانیے میں بھاری رقومات مختص کر رہی ہے جس کے نتیجے میں کئی زبانیں محفوظ ہوگئی ہیں لیکن مصنوعی حفاظت کا یہ نظام کتنے برس چل سکے گا اس سوال کا جواب بہت مشکل نہیں۔ سوئٹزرلینڈ میں رومانس زبان (Romance) مسلسل خطرے میں ہے۔ دنیا کے مختلف خطوں میں رسم الخط کی جبری اور رضا کارانہ تبدیلی کے باعث وہ قومیں اپنی تاریخ اور ماضی کے علوم وادبیات دانش وتجربات سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے محروم کی جا رہی ہیں۔ ایسی قومیں وجود پذیر ہو رہی ہیں جن کا کوئی ماضی نہیں ہوگا نہ تاریخ یہ زندگی کا سفر سرمایہ داری کی ثقافت کے جلو میں طے کریں گی۔ حیرت یہ ہے کہ کمپیوٹر، انٹرنیٹ اور ذرائع ابلاغ کی سہولیات کے باعث نئی زبانیں وجود میں آنے کے بجائے پرانی زبانیں نہایت تیزی کے ساتھ فنا کے گھاٹ اتر رہی ہیں اور اکثر طاقت کے زور پر اس گھاٹ اتاری جا رہی ہیں۔ ثقافتی استعماریت، عسکری استعماریت کے پہلو بہ پہلو دنیا بھر میں تاخت و تاراج میں مصروف ہے۔

عربی زبان کا اعجاز اور کمال:

زبانوں کی تاریخ کا مطالعہ یہ بتاتا ہے کہ زبانیں عموماً ۵۰۰ سال کے بعد تبدیل ہو جاتی ہیں۔ ۷۰۰ برس پہلے کی انگریزی کا متن آج کوئی انگریز نہیں پڑھ سکتا۔ مشہور انگریز شاعر چاسر (Chaucer) کی نظمیں اس کے آبائی شہر لندن میں ہر شخص سمجھنے سے قاصر ہے۔ ہندو مذہب کے علماء سنسکرت کے عالم نہیں ہوتے یہودی، عیسائی مذہب کے علماء عبرانی و یونانی زبان کے عالم نہیں ہوتے، جو ان کے مذہبی صحائف کی زبانیں ہیں، اس کے برعکس مسلمانوں کے تمام علماء عربی اور فارسی زبانوں سے عموماً واقف ہوتے ہیں، یہ واقفیت قرآن وسنت کی برکت سے ابد تک قائم رہے گی۔ عربی دنیا کی واحد زبان ہے جو آج بھی پہلے کی طرح تر و تازہ ہے اور شکست و ریخت کے عمل سے محفوظ ہے۔ اس کا رسم الخط، ذخیرۂ الفاظ قواعد و ضوابط کے اصول آج بھی وہی ہیں، اس کی واحد وجہ یہ ہے کہ عربی زبان کا زندہ تعلق قرآن کریم کے ذریعے امت مسلمہ کی عبادات کا حصہ بن چکا ہے اور عبادات و مناجات کے لیے عربی زبان کا لازمی ہونا اس زبان کے فروغ اور ارتقاء کا سبب ہے جس کے باعث قرآن کے متن میں کسی تبدیلی کی کوشش ہمیشہ ناکام رہے گی۔ عربی زبان دنیا کی واحد زبان ہے جس کے دو سو، ڈھائی سو الفاظ دنیا کے کسی بھی خطے میں رہنے والا ایک عام مسلمان بھی سمجھتا ہے خواہ وہ کسی نسل اور کسی زبان سے تعلق رکھتا ہو۔ پیغام رسالت مآبؐ کی طرح عربی زبان بھی زماں و مکاں سے ماوراء ہوگئی ہے۔

دنیا کا ہر مسلمان عربی اصطلاحات الفاظ اور عبارتوں سے واقف بلکہ ان کا حافظ بھی ہے لہٰذا اذان، سلام، مسنون، وضو، سورہ فاتحہ، تکبیر، الحمداللہ، استغفر اللہ، ماشاءاللہ، چند بنیادی سورتیں، ایمان و عقائد سے متعلق چند ضروری باتیں، دعائیں، مناجات اور معاشرت کے بعض اہم مسائل سے متعلق عربی اصطلاحات مثلاً نکاح، طلاق، میراث، عدت وغیرہ وغیرہ۔ ہر مسلمان کے لیے عام باتیں ہیں۔ اس کے برعکس انجیل اور تورات جن کی اصل زبان ان مذاہب کے علماء کے مطابق عبرانی تھی مگر اب عام یہودی و عیسائی تو درکنار ان مذاہب کے علماء و فضلاء بھی خال خال ہی اس کو جانتے ہیں۔

سنسکرت، قشطالوی، کورنش: خطرے میں

یہی حال ہندومت کی زبان سنسکرت کا ہے عبرانی اور سنسکرت کو چند عشروں قبل اسرائیل اور ہندوستان میں زندہ کرنے کی بھرپور کوششیں شروع کی گئیں جس کے نتیجے میں ان زبانوں کے علماء کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے اور عبرانی اور سنسکرت پر ایک مرتبہ پھر توجہ مبذول ہو گئی ہے۔ بھارت میں ''سنسکرت گرام'' کے چھوٹے چھوٹے قصبے بنائے گئے جہاں سنسکرت کو رائج کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ یہ قصبے جنوبی بھارت میں بنائے گئے کیوں کہ جنوبی بھارت میں دراوڑ قوم بستی ہے اور وہاں خاندانی نظام بہت مضبوط ہے اور زبانیں خاندانی نظام میں تیزی سے پنپتی ہیں اور زندہ رہتی ہیں۔ یورپ اور امریکہ میں زبانوں کے ختم ہونے کا ایک اہم ترین سبب قدیم نسلوں کا بے دریغ قتل عام، خواہشات نفس کا غلبہ، خاندانی نظام کا انہدام اور خاندانی منصوبہ بندی کا فروغ ہے۔ خاندان اور خاندانی نظام سے دوری نے آج دنیا کی اہم ترین زبان ہسپانوی کے ادبی لہجے ''قشطالوی'' (Castillian) کو معدومی کے کنارے پر لا کھڑا کیا ہے۔ ہسپانیہ میں ''ایک ماں ایک بچے'' کا مغربی فلسفہ مقبولیت اختیار کر چکا ہے۔ جس کے باعث خطرہ ہے کہ سن دو ہزار پچاس تک ہسپانیہ کا یہ معیاری اور معلّٰی لہجہ ختم ہو جائے گا۔ انگلستان کے جزیرہ (Isle of Man) کی زبان Manx کا خاتمہ زیادہ پرانی بات نہیں ہے جب کہ کورنش (Cornish) کے بولنے والے برائے نام رہ گئے ہیں۔ ثقافتی، فکری اور لسانی استعماریت کی عالمگیر جنگ جو نو آبادی نظام کے قیام کے ساتھ ہی المانوی، فرانسیسی، ولندیزی اور برطانوی استعمار نے شروع کی تھی اب برگ و بار لا رہی ہے۔ زبانوں اور ثقافتوں کی موت کا اعلان کر رہی ہے۔ ایک زبان کی موت ایک عظیم تاریخی ورثے کی موت ہے لیکن اس موت پر رونے والا کوئی نہیں ہے، کسی کی آنکھ میں کوئی آنسو نہیں ہے۔

تین ہزار زبانیں: خطرے میں

دنیا میں اس وقت کل بولی جانے والی پانچ ہزار سے زائد زبانوں میں سے ۳ ہزار زبانیں تیزی کے ساتھ زوال کا شکار ہیں زبانوں کے تحفظ کے اعتبار سے برعظیم پاک و ہند دنیا بھر میں سرفہرست ہے۔ آریاؤں کی یلغار کے بعد برعظیم کی قدیم ترین نسل دراوڑی تتر بتر کر دیے گئے لیکن اپنی تہذیب، ثقافت اور زبان کی حفاظت

کے لیے دراوڑیوں کے منتشر قافلے دور دراز خطوں اور فلک بوس پہاڑوں کے دامن میں آباد ہوگئے۔ سنسکرت کو دراوڑیوں کا رسم الخط ''گرنتھا'' اختیار کرنا پڑا اور دراوڑی سلسلوں کی زبانیں تیلگو، تامل، کنڑ، ملیالم اور براہوی زبانوں کی شکل میں آج بھی محفوظ ہیں اس کی بنیادی وجہ دراوڑیوں کا مضبوط قبائلی اور خاندانی نظام تھا جس نے ان کی اجتماعیت کو شدید ترین حملوں کے باوجود زندہ رکھا اور خاندان کے مضبوط ادارے نے ان کی زبان کو کتبات، کتابوں، مخطوطات، نوشتوں اور مہروں کے بغیر نسل در نسل تک خالہ پھوپھی، چچی، نانی، دادی کے رشتوں کے ذریعے بہ حفاظت دوسری نسلوں تک منتقل کیا۔

زبانوں کی حفاظت: طریقے

بچپن کی لوریاں، سونے سے پہلے سنائی جانے والی خوبصورت کہانیاں، درد و فراق اور ہجر کے گیت، زندگی میں رنگ گھولنے کے لیے خوبصورت داستانیں اور لوک کہانیاں دراوڑیوں کی زبان کو آج بھی زندہ رکھے ہوئے ہیں۔ تاملوں (دراوڑیوں) کے مضبوط خاندانی نظام، اجتماعیت اور روایات سے گہرے تعلق نے ان کی ثقافت و زبان سے محبت کو برقرار رکھا جس کی وجہ سے آج تامل زبان ملیشیا، سنگاپور اور سری لنکا کی قومی زبانوں کا درجہ رکھتی ہے۔ مغرب میں خاندان کا ادارہ ختم ہوا تو دادی نانی تو کجا اب تو ماں باپ بھی قصۂ پارینہ بن چکے لہٰذا زبانوں کا خاتمہ ایک فطری عمل ہے جو تہذیب مغرب کو اختیار کرنے کے نتیجے میں لازماً وقوع پذیر ہو کر رہے گا۔

مغرب کا غلبہ: نئی زبان سے محروم

ہماری معلومات کے مطابق سترھویں صدی میں نشاۃ ثانیہ کی تحریک کے بعد علوم و فنون اور ابلاغی انقلاب کی عالمگیریت اور سائنس کی زبردست ترقی کے باوجود دنیا میں کسی نئی زبان کا اضافہ نہیں ہو سکا اور قدیم بولیاں تک رسم الخط اختیار کر کے زبان نہیں بن سکیں حالانکہ ذرائع ابلاغیات اور کمپیوٹر کی ایجاد کے بعد زبانوں کی تعداد میں اضافہ ہونا چاہیے تھا۔ نئی زبانوں کی اہمیت کو مغرب میں محسوس کیا گیا لیکن تخلیق کے فطری اداروں کو چھوڑ کر مصنوعی طریقے اختیار کر کے مصنوعی زبان تیار کی گئیں۔ اسپرانتو، اوکسی ڈینتال، انٹرلینگوا، وولاپوک وغیرہ اس کی مثالیں ہیں لیکن ان کا انجام ''ڈولی'' (مصنوعی بھیڑ) اور ٹیسٹ ٹیوٹ بے بی کی طرح اپنے انجام کو پہنچا۔

اس سلسلے میں واحد استثناء بروشسکی زبان کا ہے جو صدیوں تک بولی جاتی رہی لیکن اردو عربی رسم الخط اختیار کرنے کے بعد اب مکمل زبان کا درجہ اختیار کر چکی ہے۔ یہ زبان رومن اور عربی رسم الخط میں لکھی جا رہی ہے۔ لیکن اس زبان کا تعلق بھی برعظیم پاک و ہند سے ہے

برعظیم کی زبانوں میں ایک نئی زبان کا اضافہ اس دعوے کا ثبوت ہے کہ ایشیا مذاہب، تہذیب اور زبانوں کا آج بھی گہوارہ ہے۔

زبانوں کا خاتمہ: مغربی تہذیب وفلسفہ

زبانیں کیوں ختم ہوجائیں گی یا اگر بچ بھی گئیں تو صرف عشق ومحبت کے لیے کیوں مخصوص ہوجائیں گی۔ اور صرف چار اہم زبانیں ابلاغ کا ذریعہ کیوں بن جائیں گی؟ ماہر لسانیات کی جانب سے اٹھائے گئے یہ سوالات اہم سوالات ہیں اور ان کا جواب تلاش کرنے کے لیے ہمیں مغربی فکر وفلسفے کی تین سو سالہ تاریخ کا مطالعہ کرنا ہوگا۔ غالبًا اس مطالعے اور مشاہدے کے بعد مشہور انگریز نومسلم مارماڈیوک پکتھال نے اپنے خطبات Islamic Culture میں مغربی تہذیب کو تہذیب تسلیم کرنے سے انکار کردیا۔ وہ مغرب کو Society of Dogs and Pigs قرار دیتے ہیں۔ اسے وحشت و بربریت کی علامت سمجھتے ہیں اور اسے سولائزیشن تسلیم کرنے سے انکار کرتے ہیں۔ اس فلسفہ کے نتیجے میں دنیا بھر میں Streak of Accentricity کی کیفیت پیدا ہوگئی ہے۔ مشہور فرانسیسی فلسفی Gills Deleuze مغربی تہذیب کو عالمگیر تہذیب تسلیم نہیں کرتا وہ اسے بہیمیت، وحشت و بربریت Savage قرار دیتا ہے، اپنی بعض کتابوں کے سرورق پر وہ لکھتا ہے کہ Capitalism is a Schizophrenic System واضح رہے کہ مشہور فلسفی فوکو Deleuze کے بارے میں کہتا ہے کہ 21st Century will be the Deleuze's century. یہ وہی فوکو ہے جس نے کہا تھا کہ انسان تو اٹھارہویں صدی میں پیدا ہوا ہے۔ مغرب کے خلاف ان خطیبانہ بیانات کے باوجود اس کی اصل حقیقت کو سمجھنا اس وقت تک ممکن نہیں جب تک ہم مغربی فکر وفلسفے کی اصلیت، حقیقت، ماہیت حیثیت اور عصری تاریخ میں اس کے مقام سے واقف نہ ہوں۔ اس فلسفے سے واقفیت کے نتیجے میں ہمیں معلوم ہوگا کہ مغرب میں زبانیں کیوں مٹائی گئیں۔ براعظم امریکہ، آسٹریلیا، ایشیا، افریقہ کی نوآبادیات میں زبانیں کیسے قتل کی گئیں؟ زبانوں کے اس قتل عام کی تاریخ جریدہ ۳۵ میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔ مغرب کی مصنوعی زبانیں کیوں زندہ نہ رہ سکیں اور مغرب میں کوئی نئی زبان کیوں وجود میں نہ آسکی؟ اگر ایشیا میں بروشسکی زبان کی لغت تیار ہوسکتی ہے تو امریکہ، یورپ میں سینکڑوں مٹتی ہوئی زبانوں کی لغات بھی تیار ہوسکتی ہے۔

حوالہ جات

۱۔ سید خالد جامعی مرتب جریدہ شمارہ ۲۱ [لسانیات نمبر] اور جریدہ شمارہ ۲۲ [قدیم لسانیات وکتبات نمبر زبانوں کے آغاز اور ارتقاء پر خصوصی اشاعتیں] شعبۂ تصنیف وتالیف وترجمہ، جامعہ کراچی کا علمی وتحقیقی مجلّہ دونوں شماروں میں مولانا ابوالجلال ندویؒ کی لسانی تحقیقات پیش کی گئی ہیں۔ جن میں ''ام السنہ'' کے حوالے سے نئے مباحث ہیں۔ ندویؒ نے عربی کو ام السنہ قرار دیا ہے اور وادی سندھ کی مہروں کے نقوش عربی زبان کی مدد سے پڑھنے کا دعویٰ کیا ہے۔

۲۔ ایضاً، جریدہ شمارہ ۲۳ [فلسفہ لسان نمبر] اس شمارے میں وادی سندھ کی مہروں کے حوالے سے ام الالسنہ کی نئی بحث کی

گئی ہے اور سنسکرت کے بجائے عربی کو ترجیح دی گئی ہے۔

۳۔ ایضاً، جریدہ شمارہ ۲۴ [قدیم لسانیات و ادبیات نمبر] اس شمارے میں زبانوں کے آغاز کے بارے میں مذہبی روایات کا تحقیقی جائزہ، اقوام عرب و عجم کا اسلوب تحریر و فن لغت نویسی، دنیا بھر میں موجود زبانوں کی تقسیم و تفہیم وغیرہ موضوعات اور مولانا ابوالجلال ندوی کا تختہ نقوش موئن جودڑو شامل ہیں۔

۴۔ ڈاکٹر سہیل بخاری ''اردو کی کہانی''، فضلی سنز لمیٹڈ کراچی ۱۹۹۴

۵۔ ڈاکٹر معین الدین عقیل مرتب جریدہ شمارہ اکیس [لسانیات نمبر] اس شمارے میں خالد حسن قادری کا تحقیقی مضمون ''اردو کا آغاز اور مولد'' انگریزی سے ترجمہ کر کے شامل کیا گیا ہے جس میں زبانوں کے آغاز اور ام الالسنہ کے حوالے سے نئے گوشے وا کیے گئے ہیں۔

۶۔ سیّد خالد جامعی مرتب جریدہ شمارہ ۲۹ [غیر مطبوعہ کتابیں نمبر] معروضات میں صفحہ ایک پر مرتب نے ڈاکٹر شمس الرحمان فاروقی مدیر شب خون کا خط نقل کیا ہے جس میں سہیل بخاری مرحوم کی تحقیقات پر تبصرہ کیا گیا ہے۔

۷۔ ڈاکٹر خالد حسن قادری ''اردو کا آغاز اور مولد'' مشمولہ جریدہ شمارہ ۲۱، ص IX ایضاً

۸۔ ایضاً، ص IX

۹۔ ایضاً، ص X

۱۰۔ ایضاً، ص IX

۱۱۔ ایضاً، ص XIV

۱۲۔ سید خالد جامعی، وادیٔ سندھ کے لوگوں کا مذہب، جریدہ ۲۴، شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ، ص ۴۷ تا ۵۹۔

۱۳۔ ابوالجلال ندوی، قدیم مہریں، ''ماہ نو'' کراچی، ستمبر ۱۹۵۶ء، ص ۴۷۔۴۸

۱۴۔ خالد حسن قادری، ''اردو کا آغاز اور مولد'' جریدہ شمارہ اکیس، جامعہ کراچی، ص ۸۔۲۱

۱۵۔ سید خالد جامعی / عمر حمید ہاشمی، ''بروشسکی، تاریخ و تحقیق کی میزان میں'' جریدہ شمارہ اکیس، جامعہ کراچی، ص ۲۸۔۴۶

۱۶۔ ابوالجلال ندوی، قدیم مہریں، ''ماہ نو'' کراچی، صفحہ ۲۳

۱۷۔ ابوالجلال ندوی، قدیم مہریں، ''ماہ نو'' کراچی، صفحہ ۲۳۔۲۴

۱۸۔ شاہ محی الحق فاروقی، بیدار دل لوگ، صفحہ ۱۷۰

۱۹۔ سید خالد جامعی، جریدہ ۲۲ اور ۲۳، ص ۴۷۔۵۷، ۸۷۔۹۷

۲۰۔ ابوالجلال ندوی، آثار و افکار، سید خالد جامعی، مدیر جریدہ ۲۰۰۴ء، شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ، جامعہ کراچی۔

۲۱۔ زبانوں کے آغاز کے بارے میں مذہبی روایات کا تحقیقی جائزہ، سید خالد جامعی، جریدہ ۲۴، شعبۂ تصنیف و تالیف و

تالیف وترجمہ، کراچی، ص۱۱۲ تا ۱۳۲

۲۲۔ گروپ کیپٹن فیاض محمود تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و ہند [علاقائی ادب] لاہور پنجاب یونیورسٹی ۱۹۷۳ء، جلد۔ص ۵۶......لاہور

۲۳۔ شہناز سلیم [بروشسکی زبان] مشمولہ جریدہ ۲۱ ص XXIV

۲۴۔ ایضاً، ص XXIV

۲۵۔ گروپ کیپٹن فیاض محمود تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و ہند [علاقائی ادب] پنجاب یونیورسٹی ۱۹۷۳ء، جلد ۵ ص ۵۸، ۵۷، لاہور

۲۶۔ ایضاً، ص ۷۱، ۷۰

۲۷۔ ایضاً، ص ۲۳ تا ۶۱

۲۸۔ گروپ کیپٹن فیاض محمود مرتب تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و ہند [علاقائی ادب] پنجاب یونیورسٹی، ص ۷۷۔۷۸، لاہور

۲۹۔ ایضاً، ص ۸۰

۳۰۔ ایضاً، ۸۰۔۸۱

۳۱۔ ایضاً، ص ۸۲

۳۲۔ ایضاً، ص ۸۴، ۸۳

۳۳۔ گروپ کیپٹن فیاض محمود تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و ہند [علاقائی ادب] پنجاب یونیورسٹی ۱۹۷۳ء، جلد ۵، ص ۶۹ تا ۶۵

۳۴۔ جریدہ شمارہ ۲۶ ایضاً، معروضات ص ۲

۳۵۔ G. Morgenstiern: Report on a liguistic Mission to North West India 1932 OSLO.

۳۶۔ معروضات ڈاکٹر معین الدین عقیل مشمولہ جریدہ ۲۱ ص V.VI

۳۷۔ سیّد خالد جامعی ''بروشسکی تاریخ وتحقیق کی میزان میں'' مشمولہ جریدہ شمارہ ۲۱ XXVIII

۳۸۔ ایضاً، XXIX-XXVIII

۳۹۔ ایضاً، XXIX

۴۰۔ ایضاً، XXX

۴۱۔ ایضاً، XXXI

۴۲۔ XXII, XIII

۴۳۔ Grierson 1915 LSI 801-Intronote

۴۴۔ Colin P. Masica: The new liguisitc Environment p.p. 41-42

۴۵۔ David Crystal: *An Encyclopaedic Dictionary of Language & Languages*, p.52, Hudders Field 1992.

۴۶۔ Anatole V. Lyovin: *An Introduction to the Languages of the World,pp.125-126,* Oxford University Press. New York. Oxford.1997.

۴۷۔ پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد ''اسرائیل میں عبرانی زبان کا مقام مشمولہ ''اخبار اردو''، جنوری ۲۰۰۵ء، ص ۲

۴۸۔ ایضاً، ص ۳

۴۹۔ ایضاً

۵۰۔ ایضاً

۵۱۔ ایضاً، ص ۴۔۵

۵۲۔ ایضاً، ص ۵

۵۳۔ ایضاً، ۶

۵۴۔ ایضاً

۵۵۔ ایضاً، ۵

۵۶۔ ایضاً،

۵۷۔ سید خالد جامعی، استعمار کے ہاتھوں نسلوں اور زبانوں کا قتل عام، جریدہ ۳۰، شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ، ص ۴۸ سے ۴۵ تک۔

بُروشسکی اعداد کی ترتیب

جدول نمبرا: بنیادی اعداد

(۱) ھِک (*hik*) (۲) اَلتوَ (*altó*) (۳) اِسکیِ (*iskí*) (۴) وَلتیِ (*wálti*) (۵) چندیِ (*ćhindí*) (۶) مِشِندیِ (*miśíndi*) (۷) تَھلےِ (*thalé*) (۸) اَلتمبیِ (*altámbi*) (۹) ھُنٹیِ (*hunṭí*) (۱۰) تورِمیِ (*tóorimi*) ۔

(۱۰) تورِمیِ (*tóorimi*) سے (۲۰) اَلتَر (*áltar*) تک بنیادی عدد کے شروع میں تُرماَ (*tumrá*) کا اضافہ کریں، مثلاً (۱۱) تُرماَ ھِک (*turmá hik*) وغیرہ۔

(۲۰) اَلتَــر (*áltar*) سے (۳۰) اَلتَــر تــورِمیِ (*áltar tóorimi*) تک بنیادی عدد کے شروع میں (۲۰) اَلتَــر کا اضافہ کریں مثلاً (۲۱) اَلتَر ھِک (*áltar hik*) وغیرہ۔

(۳۰) اَلتَــر تورِمیِ (*áltar tóorimi*) سے (۴۰) اَلتوَ اَلتَر (*altó álatar*) تک بنیادی اعداد کے شروع میں اَلتَــر تُــرماَ (*áltar turmá*) کا اضافہ کریں، مثلاً (۳۱) اَلتَر تُرماَ ھِک (*áltar turmá hik*) وغیرہ۔

(۴۰) اَلتوَ اَلتَر (*altó áltar*) سے (۵۰) اَلتوَ اَلتَــر تورِمیِ (*altó áltar tóorimi*) تک بنیادی اعداد کے شروع میں اَلتوَ اَلتَر (*altó áltar*) کا اضافہ کریں مثلاً (۴۱) اَلتوَ اَلتَر ھِک (*altó áltar hik*) وغیرہ۔

(۵۰) اَلتوَ اَلتَــر تــورِمیِ (*altó áltar tóorimi*) سے (۶۰) اِســکیِ اَلتَــر (*iskí áltar*) تک بنیادی اعداد کے شروع میں اَلتوَ اَلتر تُرماَ (*altó áltar turmá*) کا اضافہ کریں، مثلاً (۵۱) اَلتوَ اَلتَر تُرماَ ھِک (*altó áltar turmá hik*) وغیرہ۔

(۶۰) اِسکیِ اَلتَر (*iskí áltar*) سے (۷۰) اِسکیِ اَلتَر تورِمیِ (*iskí áltar tóorimi*) تک بنیادی عدد کے شروع میں اِسکیِ اَلتَر (*iski áltar*) کا اضافہ کریں، مثلاً (۶۱) اِسکیِ اَلتَر ھِک (*iski áltar hik*) وغیرہ۔

(۷۰) اِسکیِ اَلتَر تورِمیِ (*iskí áltar tóorimi*) سے (۸۰) وَلتیِ اَلتَر (*wálti áltar*) تک بنیادی عدد کے شروع میں اِسکیِ اَلتَر تُرماَ (*iskí áltar turmá*) کا اضافہ کریں، مثلاً (۷۱) اِسکیِ اَلتَر تُرماَ ھِک (*iskí áltar turmá hik*) وغیرہ۔

(۸۰) وَلتیِ اَلتَر (*wálti áltar*) سے (۹۰) وَلتیِ اَلتر تورِمیِ (*wálti áltar tóorimi*) تک بنیادی عدد کے شروع میں وَلتیِ اَلتَر (*wálti áltar*) کا اضافہ کریں، مثلاً (۸۱) وَلتیِ اَلتَر ھِک (*wálti áltar hik*) وغیرہ۔

(۹۰) وَلتیِ اَلتَــر تورِمیِ (*wálti áltar tóorimi*) سے (۱۰۰) تَھاَ (*tha*) تک بنیادی عدد کے شروع میں وَلتیِ اَلتَــر تُــرماَ (*wálti wálti áltar turmá*) کا اضافہ کریں مثلاً (۹۱) وَلتیِ اَلتَر تُرماَ ھِک (*wálti áltar turmá hik*) وغیرہ۔

(۱۰۰) تھاَ (*tha*) کے بعد ان ہی بنیادی اعداد کی تکرار ہوگی اور شروع میں 'تھاَ کےِ (*tha ke*)، اَلتوَ تھاَ کےِ (*altó tha ke*)'' وغیرہ کا اضافہ ہوگا، اور (۱۰۰۰) ساَس (*saás*) تک جائے گا، ساَس کے بعد بنیادی اعداد کے شروع میں 'ساَس کےِ (*saás ke*)'' کا اضافہ ہوگا، علیٰ ھذا القیاس (۱۰۰,۰۰۰) تھاَساَس (*tha saás*) اور پھر (۱۰۰۰,۰۰۰) ساَس ساَس (*saás saás*) تک جائے گا، اس سے اوپر بُرُوشوَ (*buriśo*) زبان میں کوئی عدد نہیں، لاکھ، کروڑ وغیرہ دوسری زبانوں سے لیے ہوئے اعداد ہیں۔

جدول نمبر۲: اعدادِ ترتیبی

ھِکُ لُم(*híkulum*)/ یَرکَماَس مؤ(*yarkamaás mo*) = پہلا۔ اَلتوُلُم(*altówlum*) = دوسرا۔ اِسکِیولُم(*iskiwlum*) = تیسرا۔ وَلتیِ لُم(*wáltilum*) = چوتھا۔ چِندِیولُم(*çhindiwlum*) = پانچواں۔ مِشِندیِ لُم (*mišíndilum*)/مِشنِدِیولُم (*mišíndiwlum*) = چھٹا۔ تَھلے لُم(*thalée lum*)/ تَھلیولُم(*thaléwlum*)= ساتواں۔ اَلتَمبیِ لُم (*altámbilum*) =آٹھواں۔ ہُنٹِیولُم (*hunṭiwlum*) =نواں۔ تورِمیِ لُم (*tóorimilum*) =دسواں۔

یہاں سے بیسواں تک بنیادی عدد کے شروع میں تُرماَ (*turmá*) کا اضافہ کرتے جائیں، مثلاً (گیارہواں) تُرماَ ھِکُ لُم (*turmá híkulum*) وغیرہ۔

اَلتَرُ لُم (*áltarulum*) = بیسواں۔ یہاں سے تیسواں تک بنیادی عدد کے شروع میں (۲۰) اَلتَر(*áltar*) بڑھائیں، مثلاً اَلترھِکُ لُم (*áltar híkulum*) = اکیس واں وغیرہ۔

اَلتَر تورِمیِ لُم(*áltar tóorimilum*)= تیسواں، یہاں سے چالیسواں تک بنیادی عدد کے شروع میں اَلتَر تُرماَ (*áltar turmá*) بڑھائیں، مثلاً اَلتَر تُرماَ ھِکُ لُم (*áltar turmá híkulum*) = اکتیس واں وغیرہ۔

اَلتوُ اَلتَرلُم (*altó áltarulum*) = چالیسواں۔ یہاں سے پچاسواں تک بنیادی عدد کے شروع میں (۴۰)اَلتوُ اَلتَر (*altó áltar*) بڑھائیں، مثلاً اَلتوُ اَلتر ھِکُ لُم (*altó áltar híkulum*) = اکتالیسواں وغیرہ۔

اَلتوُ اَلتَر تورِمیِ لُم (*altó áltar tóorimilum*) = پچاسواں، یہاں سے ساٹھواں تک بنیادی عدد کے شروع میں اَلتوُ اَلتَر تُرماَ (*altó áltar turmá*) بڑھائیں، مثلاً اَلتوُ اَلتَر تُرماَ ھِکُ لُم (*altó áltar turmá híkulum*) = اکیاون واں وغیرہ۔

اِسکیِ اَلترلُم (*iskí áltarlum*) = ساٹھواں، یہاں سے ستر واں تک بنیادی عدد کے شروع میں(۶۰) اِسکیِ اَلتَر (*iskí áltar*) بڑھائیں، مثلاً اِسکیِ اَلتَر ھِکُ لُم (*iskí áltar híkulum*) = اکسٹھواں وغیرہ۔

اِسکیِ اَلتَر تورِمیِ لُم(*iskí áltar tóorimilum*) = ستر واں، یہاں سے اسّی واں تک بنیادی عدد کے شروع میں اِسکیِ اَلتَر تُرماَ (*iskí áltar turmá*) بڑھائیں، مثلاً اِسکیِ اَلتَر تُرماَ ھِکُ لُم(*Iskí áltar turmá híkulum*) = اکہتر واں وغیرہ۔

وَلتیِ اَلتَرلُم (*wálti áltarulum*) = اسّی واں، یہاں سے نویں واں تک بنیادی عدد کے شروع میں وَلتیِ اَلتَر تُرماَ (*wálti áltar turmá*) بڑھائیں، مثلاً وَلتیِ اَلتَر تُرماَ ھِکُ لُم (*wálti áltar turmá híkulum*) = اکیاسی واں وغیرہ۔

وَلتیِ اَلتَر تورِمیِ لُم (*wálti áltar tóorimilum*) = نویں واں، یہاں سے تھاَولُم (*tháwlum*) = سواں تک بنیادی عدد کے شروع میں وَلتیِ اَلتَر تُرماَ (*wálti áltar turmá*) بڑھائیں، مثلاً وَلتیِ اَلتَر تُرماَ ھِکُ لُم (*wálti áltar turmá híkulum*) = اکیانویں واں وغیرہ۔

تھاَلُم (*tháalum*)/ تھاَولُم (*tháwlum*) = سواں، اس کے بعد اسی طرح اضافہ ہوتا جائے گا جس طرح بنیادی اعداد میں اضافہ ہوتا گیا ہے، مثلاً تھاَ کےِ ھِکُ لُم (*tha ke híkulum*)= ایک سو ایک واں، اَلتوُ تھاَ کےِ ھِکُ لُم (*altó tha ke híkulum*) = دوسو ایک واں، ساَس کےِ ھِکُ لُم (*saás ke híkulum*) = ایک ہزار ایک واں وغیرہ۔

جدول نمبر ۳: انسان اور غیر انسان کے لیے مستعمل اعداد:

غیر انسان کے لیے	انسانوں کے لیے
ہَن (han) [ایک]	ہِن (hin) [ایک مرد/عورت]
اَلتاَ (altá) / اَلتوَ (altó) [دو]	اَلتَن (altán) [دو--]
اُسکوَ (uskó) [تین]	اِسکین (iskén) [تین--]

مشترک:

وَلتو (wálto) [چار]

چُندو (ĉhundó) [پانچ]

مِشِندو (miśíndo) [چھ]

تھلوَ (thaló) [سات]

اَلتَمبو (altámbo) [آٹھ]

ہُنچوَ (hunćó) [نو]

تورُموَ (tóorumo) [دس]

ترماَ ہَن (turmá han) [گیارہ]	ترماَ ہِن (turmá hin) [گیارہ--]
ترماَ اَلتاَ/اَلتوَ (turmá altá/altó) [بارہ]	ترماَ اَلتَن (turmá altán) [بارہ--]
ترماَ اُسکوَ (turmá uskó) [تیرہ]	ترماَ اِسکین (turmá iskén) [تیرہ--]

مشترک:

ترماَ وَلتو (turmá wálto) [چودہ]

ترماَ چُندو (turmá ĉhundó) [پندرہ]

ترماَ مِشِندو (turmá miśíndo) [سولہ]

ترماَ تھلوَ (turmá thaló) [سترہ]

ترماَ اَلتَمبو (turmá altámbo) [اٹھارہ]

ترماَ ہُنچوَ (turmá hunćó) [انیس]

اَلتَر (áltar) * [بیس]

* (بیس) اَلتَر (áltar) کے بعد تمام عقود کے درمیان اسی طرح اضافہ کریں جس طرح بنیادی اعداد کے عقود کے درمیان کیا ہے، تاہم یہ بات واضح ہو کہ ہر عقد کے بعد پہلی، دوسری، اور تیسری عدد انسان کے لیے الگ اور غیر انسان کے لیے الگ ہوگی جیسا کہ جدول کے شروع کے دونوں خانوں میں دکھایا گیا ہے۔ سو (۱۰۰) کے لیے تھاَ (tha) اور پھر (۱۰۱) تھاَ کےِ ہِن/ہَن (tha ke hin/han) علیٰ ھذا القیاس۔

اَلتَر تورُموَ (áltar tórumo) [تیس]

اَلتوَ اَلتَر (altó áltar) [چالیس]

اَلتوَ اَلتَر تورُموَ (altó áltar tóorumo) [پچاس]

اِسکیِ اَلتَر (iskí áltar) [ساٹھ]

اِسکی اَلتَر تورُموَ (iskí áltar tóorumo) [ستر]

وَلتیِ اَلتَر (wálti áltar) [اسّی]

وَلتیِ اَلتَر تورُموَ (wálti áltar tóorumo) [نوے]

جدول نمبر۴: مویشیوں کو گننے اور تول پیمائش کے اعداد

ہِک (hik) / بَسْک (bask)

اَلتوَ (altó) / بَسْکیِ (baskí) / برکت (barkát)

اِسْکیِ (iskí) / اُسْکوَ (uskó)

اس کے بعد کالم دو حصّوں میں تقسیم ہوگا۔ اِسْکیِ (iskí) کے کالم میں بنیادی اعداد آئیں گے اور اُسْکوَ (uskó) کے کالم میں غیر انسان کے لیے آنے والے اعداد آئیں گے۔

جدول نمبر۵: لباس وغیرہ کو گننے کے اعداد

ایک جوڑا = ہِکُم (híkum)۔ دو جوڑا = اَلتوَ کُم (altókum)۔ تین جوڑا = اِسکیِ کُم (iskíkum)۔ چار جوڑا = وَلکُم (wálkum) (وَلتیِ کُم (wáltikum) کا مخفف)۔ پانچ جوڑا = چِنْدیِ کُم (ċhinkíkum)۔ چھ جوڑا = مِشِن کُم (mišinkum) (مِشِنْدیِ کُم (mišíndikum) کا مخفف)۔ سات جوڑا = تَھلےِ کُم (thalékum)۔ آٹھ جوڑا = اَلتَم کُم (altámkum) (اَلتَمبیِ کُم (altámbikum) کا مخفف)۔ نو جوڑا = ہُنْٹیِ کُم (hunṭíkum)۔ دس جوڑا = توَرِم کُم (tóorimikum) کا مخفف)۔

اس کے بعد ۲۰ تک بنیادی عدد کے شروع میں تُرماَ (turmá) کا اضافہ کریں۔ مثلاً تُرماَ ہِکُم (trumá híkum) وغیرہ۔

بیس جوڑا = اَلتَر کُم (altókum) یہاں سے بنیادی عدد کے شروع میں اَلتَر (altár) بڑھا دیں، مثلاً اَلتَر ہِکُم (áltar híkum) وغیرہ۔

تیس جوڑا = اَلتَر توَرِم کُم (áltar tórimkum) یہاں سے بنیادی عدد کے شروع میں اَلتَر تُرماَ (áltar turmá) بڑھا دیں، مثلاً اَلتَر تُرماَ ہِکُم (áltar turmá híkum) وغیرہ۔

چالیس جوڑا = اَلتوَ اَلتَر کُم (altó áltarkum) یہاں سے بنیادی عدد کے شروع اَلتوَ اَلتَر (altó áltar) بڑھا دیں، مثلاً اَلتوَ اَلتَر ہِکُم (altó áltar híkum) وغیرہ۔

پچاس جوڑا = اَلتوَ اَلتَر توَرِم کُم (altó áltar tórimkum) یہاں سے بنیادی عدد کے شروع میں اَلتوَ اَلتَر تُرماَ (altó áltar turmá) بڑھا دیں، مثلاً اَلتوَ اَلتَر تُرماَ ہِکُم (altó áltar turmá híkum) وغیرہ۔

ساٹھ جوڑا = اِسکیِ اَلتَر کُم (iskí áltarkum) یہاں سے بنیادی عدد کے شروع میں اِسکیِ اَلتَر (iskí áltar) بڑھا دیں، مثلاً

اِسکیِ اَلتر ھِکُم (iski áltar hikum) وغیرہ۔

ستر جوڑا = اِسکیِ اَلتر توَرِم کُم (iski áltar tórimkum) یہاں سے بنیادی عدد کے شروع میں اِسکیِ اَلتر تُرماَ (iski áltar turmá) بڑھادیں، مثلاً اِسکیِ اَلتر تُرماَ ھِکُم (iski áltar turmá hikum) وغیرہ۔

اسی جوڑا = وَلتیِ اَلتر کُم (walti áltarkum) یہاں سے بنیادی عدد کے شروع میں وَلتیِ اَلتر (wálti áltar) بڑھادیں، مثلاً وَلتیِ اَلتر ھِکُم (wálti áltar hikum) وغیرہ۔

نوے جوڑا= وَلتیِ اَلتر تورِم (wálti áltar tóorim) یہاں سے بنیادی عدد کے شروع میں وَلتیِ اَلتر تُرماَ (wálti áltar turmá) بڑھادیں، مثلاً وَلتیِ اَلتر تُرماَ ھِکُم (wálti áltar trumá hikum) وغیرہ۔

سو جوڑا = تھاَ کُم (thákum)۔

اس کے بعد بنیادی عدد کے شروع میں تھاَ کرے (tha ke)، اَلتوَ تھاَ کرے (altó tha ke)، پھر ساَس کرے (saás ke)، اَلتوَ ساَس کرے (altó saás ke) وغیرہ، کا اضافہ ہوتا جائے گا۔

جدول نمبر ۶

غلہ جات کے پیمانوں کا حساب

نوٹ: بُروشو، اور خاص طور پر ہونزا میں غلہ جات کا معیاری پیمانہ "چُق" (ćuq) ہے۔ چُق ایک پیمانہ ہے جس میں تقریباً آٹھ کلو غلہ ہوتا ہے، تاہم یہ وزن مختلف علاقوں میں متفاوت بھی ہو سکتا ہے مثلاً ہونزا میں میر کا عوام سے غلہ لینے والا پیمانہ بڑا تھا جسے 'غنے کھچی' (gâne khâći) کہا جاتا ہے، 'چُق' سے اوپر اور نیچے کے پیمانوں کی تفصیل جدول کے آخر میں دی گئی ہے، چُق کے حساب کا جدول حسب ذیل ہے:

ہیِ چُق (hićuq) (ہِک چُق (hik ćuq) کا مخفف)۔ اَلتوَ چُق (altó ćuq)۔ اِسکیِ چُق (iski ćuq)۔ وَلچُق (wálćuq) (وَلتیِ چُق (wálti ćuq) کا مخفف)۔ چِندیِ چُق (chindi ćuq)۔ مِشِن چُق (mišin ćuq) (مِشِندیِ چُق (mišindi ćuq) کا مخفف)۔ تھلے چُق (thalé ćuq)۔ اَلتم چُق (altâm ćuq) (اَلتمبیِ چُق (altámbi ćuq) کا مخفف)۔ ہُنٹیِ چُق (hunťi ćuq)۔ توَرِم چُق (tórim ćuq) (تورِمی چُق (tóorimi ćuq) کا مخفف)۔

یہاں سے ۲۰ تک بنیادی عدد کے شروع میں تُرماَ (turmá) بڑھائیں مثلاً تُرماَ ہیِ چُق (turmá hićuq) وغیرہ۔

اَلتر چُق (áltar ćuq) یہاں سے ۳۰ تک بنیادی عدد کے شروع میں اَلتر (áltar) بڑھائیں مثلاً اَلتر ھیِ چُق (áltar hićuq) وغیرہ۔

اَلتر توَرِم چُق (áltar tórim ćuq) یہاں سے ۴۰ تک بنیادی عدد کے شروع میں اَلتر تُرماَ (áltar turmá) بڑھائیں مثلاً اَلتر تُرماَ ہیِ چُق (áltar turmá hićuq) وغیرہ۔

اَلتوَ اَلتر چُق (altó áltar ćuq) یہاں سے ۵۰ تک بنیادی عدد کے شروع میں اَلتوَ اَلتر (altó áltar) بڑھائیں مثلاً اَلتوَ اَلتر ہیِ چُق (altó áltar hićuq) وغیرہ۔

اَلتوَ اَلتر توَرِم چُق (altó áltar tórim ćuq) یہاں سے ۶۰ تک بنیادی عدد کے شروع میں اَلتوَ اَلتر تُرماَ (altó áltar turmá) بڑھائیں مثلاً اَلتوَ اَلتر تُرماَ ھیِ چُق (altó áltar turmá hićuq) وغیرہ۔

اِسکیِ اَلتر چُق (iski áltar ćuq) یہاں سے ۷۰ تک اِسکیِ اَلتر (iski áltar) بڑھائیں، مثلاً اِسکیِ اَلتر ھیِ چُق (iski áltar hićuq) وغیرہ۔

اسکیِ اَلتَــر توَرِم چُق (iskí áltar tórim ćuq) یہاں سے ۸۰ تک اِسُکیِ اَلتَــر تُــرماَ (iskí áltar turmá) بڑھائیں، مثلاً اِسکیِ اَلتَر تُرماَ ہیِ چُق (iskí áltar turmá hićuq) وغیرہ۔

وَلتیِ اَلتَر چُق (wálti áltar ćuq) یہاں سے ۹۰ تک وَلتیِ اَلتَر تُرماَ (wálti áltar turmá) بڑھائیں، مثلاً وَلتیِ اَلتَر ھیِ چُق (wálti áltar hićuq) وغیرہ۔

وَلتیِ اَلتَــر توَرِم چُق (wálti áltar tórim ćuq) یہاں سے ۱۰۰ تک بنیادی عدد کے شروع میں وَلتیِ اَلتَــر تُــرماَ (wálti áltar turmá) بڑھائیں مثلاً وَلتیِ اَلتَر تُرماَ ہیِ چُق (wálti áltar turmá hićuq) وغیرہ۔

تھاَ چُق (tha ćuq) اس کے بعد ساَس (۱۰۰)(saás) تک چُق (ćuq) سے پہلے تھاَ کےِ (tha ke)، اَلتوَ تھاَ کےِ (altó tha ke) وغیرہ کا اضافہ کریں پھر ساَس کےِ (saás ke)، التوَ ساَس کےِ (altó saás ke)، علیٰ ھٰذا القیاس۔

بُروشو پیمانے

ھُلدوَ (huldoó) (سب سے چھوٹا پیمانہ)۔

دو ھُلدوَ (huldoó) = ایک ھیِ چُٹیِ (hićuṭi) (ھِک جٹیِ (hik jaṭi) کا مخفف)۔

دو ھیِ چُٹیِ (hićuṭi) = ایک ھیِ پَرےِ (hipare) (ھِک پَرےِ (hik páre) کا مخفف)۔

دو ھیِ پَرےِ (hipare)= ایک وَلتیِ (wálti) (یعنی وَلتیِ جَٹیِ (wálti jaṭi))۔

دو وَلتیِ چُق (wálti ćuq) = ایک چُق (ćuq)۔

دس چُق (ćuq)= ایک بَلداَ (baldá)۔

ھُلدوَ (huldoó) سے نیچے پِن (pin) بھی آتا ہے مگر اس کے لیے کوئی خاص پیمانہ مقرر نہیں اسے تقریباً نصف ھُلدوَ (huldoó) کے کسی بھی برتن میں تولا جاتا ہے، اگر پِن کو بھی ایک پیمانہ کے طور پر لیں تو دو پِن (pin) کا ایک ھُلدوَ (huldoó) ہوگا۔

مجلسِ ادارت

بُروشسکی اردو لغت

اوّلین

بُروشسکی۔ اردو لغت

جلدِ اوّل

(ا-خ)

مؤلّف

بُروشسکی ریسرچ اکیڈمی

زیرِ سرپرستی

بابائے بُروشسکی پروفیسر علّامہ نصیر الدّین نصیرؔ ہونزائی

اشتراک

شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ، جامعہ کراچی

بُروشسکی ریسرچ اکیڈمی

The First Burushaski-Urdu Dictionary

compiled by

Burushaski Resarch Academy

(under the guidance of 'Father of Burushaski')

Prof. Allamah Nasiruddin Nasir Hunzai

published by

Bureau of Composition, Compilation and Translation

University of Karachi

کتاب: اولین بروشسکی۔اردو لغت

مؤلفہ: بروشسکی ریسرچ اکیڈمی

زیرِ سرپرستی: بابائے بروشسکی

پروفیسر علامہ نصیر الدّین نصیر ہونزائی (ستارۂ امتیاز)

مدیر و پروجیکٹ ڈائریکٹر: ڈاکٹر شہناز سلیم ہونزائی

اشتراکِ علمی: (۱) ڈاکٹر رؤف پاریکھ (مدیر اعلیٰ، اردو لغت بورڈ)

(۲) ڈاکٹر عزیز اللہ نجیب ہونزائی

حروف کار: فدائے مک، یاسمین فدا، برکت علی، ملکہ عرفان اللہ، ثناء وزیر علی، شازیہ رحیم

ترتیب و تزئین: فدائے مک

حروف چینی: ایس ایم شاہین خان، فدائے مک، محی الدّین، عرفان اللہ، یاسمین فدا، برکت علی،

عاشق حسین، رضوان اللہ، رضوان علی، عظیم علی لاکھانی

سوفٹ ویر: عرفان ورتیجی، رضوان اللہ علی مدد

اشاعت اول: ۲۰۰۶

تعداد: ۵۰۰

مطبع: شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ، جامعہ کراچی

بروشسکی ریسرچ اکیڈمی

ناشر: بروشسکی ریسرچ اکیڈمی

بُروشسکی ریسرچ اکیڈمی

مجلس انتظامیہ

نام	عہدہ
محی الدین غلام قادر	صدر نشین
عرفان اللہ علی مدد	اعزازی سیکریٹری
شہزاد قادر بیگ	فنانس سیکریٹری
ڈاکٹر روبینہ بردلیہ	رکن مجلس انتظامیہ
جمیلہ سکندر	رکن مجلس انتظامیہ
فخرالدین قربان علی	رکن و کمپیوٹر کنسلٹنٹ
الیاس نصیری	رکن ورابطہ آفیسر برائے یاسین
محمد یار بیگ ابن حرمت اللہ بیگ	ایڈمنسٹریٹر
علی مدد ابن دولت شاہ	فاؤنڈیشن سیکریٹری و فیلڈ ریسرچ آفیسر
عیسیٰ محمد	آفس سیکریٹری

مشیران (Advisors)

اظہار علی ہونزائی، ڈاکٹر فقیر محمد ہونزائی، رشیدہ نور محمد ہونزائی، غلام عباس ہونزائی، بابر خان ہونزائی، ظہیر لالانی، نذیر صابر، غلام قادر بیگ، امین الدین ایثار علی، ردحی امین الدین، مہر علی لغری خان، امام داد کریم، یاسمین کریم، ڈاکٹر پردین اشرف، فوزیہ فخر الدین، عظیم علی لاکھانی، ڈاکٹر انعام محمد بیگ، شیر باز خان، میر امان ہونزائی، ڈاکٹر شاہد اللہ بیگ، جاوید اقبال، ڈاکٹر نورانی نیک عالم۔

سرپرستان (Patrons)

فتح علی حبیب، نصر اللہ قمر الدین، نور الدین مومن، الماس نور الدین، مہدی علی، ناہید مہدی علی، نزار فتح علی، نیلم ذوالفقار، رفیق حاجانی، کبیر کانجی، باز گل، عمران چارانیہ، کریمہ ناتھانی، نور علی ماجی، یاسمین نور علی ماجی، نزار علی قاسم علی، جمیلہ نزار علی، رحیم فتح علی، گوہر فاطمہ رحیم، ریاض دوست محمد، روزینہ ریاض، عمران مہسانیہ، گل آفتاب عمران، رحیم جعفر علی، صائمہ رحیم، امین قاسم، نصرت امین، تاج النساء کریم مومن، فردوس علی محمد مومن، پردین اکبر، ڈالاس سنٹر، عبدالخالق تزاری۔

الف

الف بروشسکی حروفِ تہجی کا پہلا حرف جو عربی رسم الخط پر مبنی بعض دوسری زبانوں میں بھی مشترک ہے۔ بروشسکی زبان کے حروفِ علت اگرچہ اساسی طور پر تین ہیں (یعنی الف، و، ی) لیکن یہی بنیادی حروف زؔ اور تینؔ کی علامتوں کی مدد سے پندرہ شاخوں میں بٹ کر اس زبان کے درست و صحیح تلفظ کی راہ ہموار کرتے ہیں۔ الف جب حرفِ علت کے طور پر آتا ہے تو اس کی تین قسمیں ہوتی ہیں اور وہ یہ ہیں۔ اَ، ا اور آ۔ جیسے اِن الفاظ میں ہیں: کاٹ (kaṭ) (تلچھٹ)، کاٹ (káaṭ) (ساتھ)، کآٹ (kaáṭ) (عہد)۔ اس مثال میں پہلا الف اتنا مختصر ہے کہ وہ صرف زبر کے طور پر استعمال ہوا ہے، لہٰذا اس کو الفِ مقصورہ کہنا چاہیے، مگر اس کے برعکس دوسرا الف عربی، فارسی اور اردو کے عام معمول کے مطابق آواز دے رہا ہے، اور تیسرے الف کو ذولحنین کہنا درست ہے کیونکہ اس کی آواز کے دو ٹکڑے ہیں، جیسے چھآٹ (ćhaáṅ) کو چھاءٹ کی طرح بولتے ہیں، مگر ہمزہ کو الگ نہیں بلکہ الف کے اوپر ملا کر چھآٹ (ćhaáṅ) کہا جاتا ہے۔

اَ (a) یہ الف مقصورہ ہے جو فتح (زَبَر) کے ذریعے مفتوح ہے۔ تنبیہ کرتے، بطورِ سابقہ خبردار کرنے، روکنے اور منع کرنے کی علامت ہے (۲) میرا یا میری، متکلم کے مختلف رشتوں کو ظاہر کرتا ہے، جیسے: اَمیؔ (ámi) (میری والدہ)، اَو (aw) (میرے والد) اَچوؔ (áċo) (میرا بھائی/بہن) وغیرہ (۳) بہت، بہت زیادہ، تعداد میں افراط یا مبالغے کے اظہار کے لیے بطورِ سابقہ مستعمل ہے، جیسے اَ بُٹ (a buṭ) (بہت زیادہ)، اَ جُداَ کم (a judá kam) (بہت ہی کم)، اَ کَلاَ شوقُم (a kalá śóqum) (بہت ہی کشادہ)، اَکَلاَ چَھنُم (a kalá ćhanúm) (بہت ہی تنگ) (۴) [ضمیرِ متکلم اضافی] میرا یا میری، خود کا، یہ علامت خاص طور پر انسانی جسم کے اعضاء کو متکلم سے منسوب کرنے کے لیے بطورِ سابقہ آتی ہے۔ مثلاً اَریٹ (ariiṅ) (میرا ہاتھ) اَلچِن (álċin) (میری آنکھ) وغیرہ (۵) [بطورِ لاحقہ] مجھے، اپنی ذات سے متعلق کوئی کام انجام دلانے کا تقاضا یا درخواست مثلاً شُرَییٔش اَ (śurayeéś a) (مجھے خوش کر دے)، اَبات اَ (abáat a) (مجھ کو آباد کر) وغیرہ (۶) [علامتِ نفی یا سابقۂ نفی] بعض مصادر پر داخل ہو کر ان کو منفی بناتا ہے مثلاً دِڈَس (dícas) (لانا) سے اَتِڈَس (atícas) (نہ لانا)، وَرڈ (wárċ) (سیدھا، درست) سے اَپَرڈ (apárċ) (الٹا، نادرست) وغیرہ۔

اَ اَپِم سِس (a apím sis) [بر۔ محاورہ] بے ہدایت شخص، بے تربیت شخص، مادر پدر آزاد۔

اَ اوَمَنَس (a oómanas) [بر۔ محاورہ] مادر پدر آزاد ہونا، ہدایت و تربیت کے لیے کسی کا نہ ہونا۔

اَ جار کرے جار (a jáar ke jáar) [بر۔ محاورہ] خود غرضی کرنا، خود غرض ہونا، صرف اپنی فکر کرنا (۲) بچوں کی طرح ضد کرنا۔

اِ (i) یہ الفِ مقصورہ مکسور ہے، انسانی جسم کے بعض اعضا کو واحدِ غائب مذکر کی طرف منسوب کرنے کی علامت ہے، اُس کی، اُس کا، مثلاً اِریٹ (iriiṅ) (اس مرد کا ہاتھ)، اِلچِن (ílċin) (اس مرد کی آنکھ) وغیرہ

(۲) واحدِ غائب مذکر کے مختلف رشتوں کو ظاہر کرتا ہے، مثلاً اِمی (ími) (اُس کی ماں)، اِنگو (íngo) (اُس کا ماموں/ چچا) (۳) واحدِ غائب مذکر کے مختلف اطراف کو ظاہر کرتا ہے، مثلاً اِلجی (ílji) (اُس کے پیچھے)، اِیَر (iyár) (اُس کے آگے) وغیرہ (۴) واحدِ غائب مذکر کے ذاتی احوال اور افعال کو بیان کرتا ہے، اِتھک (ithák) (اُس کا لطف اندوز ہونا)، اِموس (imóos) (اُس کا غصہ)۔

اُ (u) یہ الفِ مقصورہ مضموم ہے۔ ضمیر جمع غائب، وہ، وہ لوگ (۲) یہ انسانی جسم کے اعضاء کو جمع غائب (مذکر و مؤنث دونوں) کی طرف منسوب کرنے کی علامت ہے، مثلاً اُرِیک (uríin) (اُن کا ہاتھ)، اُلتُمَل (ultúmal) (اُن کا کان) وغیرہ، تاہم اس میں بعض مستثنیات بھی ہیں (۳) جمع غائب کے مختلف رشتوں کی نشاندہی کرتا ہے مثلاً اُمی (úmi) (اُن کی ماں)، اُو (úuw) (اُن کا باپ) وغیرہ (۴) جمع غائب کے مختلف ذاتی احوال، اطراف اور افعال کو ظاہر کرتا ہے، مثلاً اُلجی (úlji) (اُن کے پیچھے)، اُیَر (uyár) (اُن کے سامنے/آگے)، اُکھر (ukhár) (وہ خود کو)، اُڈِمَٹے (udimate) (وہ خود اکیلے)، اُموس (umóos) (اُن کا غصہ) وغیرہ۔

ا ـ ب

اُبا (ubá) [بر ـ اسم] بوسہ۔

اُبا ایتَس (ubá étas) [بر ـ محاورہ] بوسہ لینا، چومنا (بچکانہ لہجے میں)، مثال اُبا ایتی (ubá éti) (بوسہ لے)۔

اَبات (abáat) [بر ـ صف] بسا ہوا، (فارسی لفظ آباد کا بروشسکی تلفظ)۔

اَبات اِمَنس (abáat imánas) [ف + بر ـ محاورہ] آباد ہونا، نیز دیکھیے آباد مَناس (aabáad manáas)۔

اَبات ایتَس (abáat étas) [بر ـ محاورہ] دیکھیے آباد ایتَس (aabáad étas)۔

اَباد (abáad) [ف ـ صف] دیکھیے اَبات (abáat)۔

اَباد اِمَنس (abáad imánas) [بر ـ محاورہ] دیکھیے اَبات اِمَنس (abáat imánas)۔

اَباد ایتَس (abáad étas) [بر ـ محاورہ] دیکھیے اَبات ایتَس (abáat étas)۔

اَبادی (abaadí) [ف، بر ـ اسم] فارسی لفظ آبادی کا بروشسکی تلفظ، نیز دیکھیے آبادی (aabaadí)۔

اَباشُمُڈ (abáaṡumuc) [بر ـ صف] دیکھیے اَباشو (abáaṡo) جس کی یہ جمع ہے۔

اَباشو (abáaṡo) [بر ـ صف] کمزور بصارت والا، کم دیکھنے والا، کمزور آنکھیں۔

اَباآدُمُڈ (abaádumuc) [بر ـ صف] دیکھیے اَباآدو (abaádo) جس کی یہ جمع ہے۔

اَباآدو (abaádo) [بر ـ صف] سُست، نکما، نالائق، سُباآدو (subádo) کی ضد۔

اَباآدوتِک (abaádotin) [بر ـ صف] دیکھیے اَباآدُمُڈ (abaádumuc)۔

اَبَت (abát) [ع ـ اسم] دیکھیے اَبَد (abád)۔

اَبَتا (abatá) [بر ـ صف] بہکا ہوا، بھٹکا ہوا، بھولا ہوا (۲) گلے سے بچھڑ جانے اور پیچھے رہ جانے والی بھیڑ یا بکری۔

اَبَتا اِمَنس (abatá imánas) [بر ـ محاورہ] اُس کا بہک جانا، رستہ بھول جانا، غلطی کر بیٹھنا۔

اَبَتا ایتَس (abatá étas) [بر ـ محاورہ] انجانے میں کسی کو غلط خبر یا غلط رستہ یا غلط وقت بتانا جس سے وہ بھٹک جائے۔

اِبتِدا (ibtidáa) [ع ـ اسم] آغاز، شروع (۲) ازل، قدیم زمانہ۔

اِبْتِدا ایَتَس (*ibtidáa étas*) [بر۔محاورہ] شروع کرنا، آغاز کرنا۔

اَبَتیٖی (*abatéy*) [بر۔اسم] کاہلی، سستی، سہل پسندی (۲) بھولاپن۔

اَبَتیٖی اِمَنَس (*abatéy imánas*) [بر۔محاورہ] سستی سے کام لینا (واحد غائب مذکر کے لیے)۔

اَبَتیٖی ایَتَس (*abatéy étas*) [بر۔محاورہ] سستی کرنا، کاہلی برتنا۔

اَبْجَد (*abjád*) [ع۔اسم] عربی حروفِ تہجی کی ایک ترتیب کا نام جس کے چار ابتدائی حروف یعنی الف، ب، ج، د سے لے کر نام رکھ لیا گیا ہے (۲) حروفِ تہجی (۳) قاعدۂ جمل، اس کے اعداد کی تفصیل درج ذیل ہے:

ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰

س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰

ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

(۴) کسی علم یا فن کے ابتدائی اصول، بہت بنیادی بات۔

اَبَچَھلوٗ (*abaćhálo*) [بر۔صف] کمزور، ناتوان، ضعیف۔

اَبَچَھلوٗتِکْ (*abaćhálotiṅ*) [بر۔صف] دیکھیے اَبَچَھلوٗ (*abaćhálo*) جس کی یہ جمع ہے۔

اَبَد (*abád*) [ع۔اسم] ہمیشہ، مدام، ہمیشگی، زمانہ جس کی انتہا نہ ہو، دنیا کی آخری حد، روزِ قیامت۔

اَبْدالۓ چُگَدَر (*abdáale ćúgudar*) [بر۔اسم] آڑو کی ایک قسم، یہ عام آڑو کی نسبت بڑے ہوتے ہیں۔

اَبَدوٗ (*abádo*) [بر۔صف] دیکھیے اَبَآدوٗ (*abaádo*)۔

اِبراھِیم (*ibraahíim*) [عبرانی۔اسم] مشہور پیغمبر، حضرت اسماعیلؑ کے والد، حضرت محمدؐ کے جدِ امجد، خانۂ کعبہ کے بانی، ابراہام کی عربی صورت۔

اَبَشْ (*abáś*) [بر۔اسم] مصیبت، تکلیف، رنج، رکاوٹ، نیز دیکھیے سُبَش (*subáś*) جو اس کی ضد ہے۔

اَبَش ایَتَس (*abáś étas*) [بر۔محاورہ] مصیبت کھڑی کرنا، رکاوٹ پیدا کرنا۔

اَبَش دوڈَس (*abáś dóoćas*) [بر۔محاورہ] کسی کو مصیبت میں مبتلا کرنا، رنج دینا، دکھ دینا۔

اَبَش ژُوَس (*abáś žúwas*) [بر۔محاورہ] مصیبت آنا، دکھ پہنچنا۔

اَبَش مَناس (*abáś manáas*) [بر۔محاورہ] مصیبت بن جانا، رکاوٹ ہونا۔

اَبَشِکْ (*abáśiṅ*) [بر۔اسم] دیکھیے اَبَش (*abáś*) جس کی یہ جمع ہے۔

اَبَشِکْ گَٹَمُرَس (*abáśiṅ gaṭámuras*) [بر۔محاورہ] دکھ سہنا، مصیبتیں برداشت کرنا، تکالیف جھیلنا۔

اَبَشُلوٗ (*abáśulo*) [بر۔محاورہ] تکلیف میں، مصیبت میں (۲) ضرورت میں۔

اَبَشُلوٗ دِڈُن اَیَشوٗ سیٖنُم جُوَن

(*abáśulo díćun ayáśo sénum juwán*)

[بر۔کہاوت] کسی کو غیر ضروری اہمیت دینا، کسی کو حیثیت سے بڑھ کر عزت دینا (۲) ہونزا کے ایک تاریخی واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔ جب مَغلوٗٹ (راجا نگر) کی سازش سے گِرکِس (امیر ہونزا) قتل ہوا تو اس کی اکلوتی بیٹی نوربی بی تختِ ہونزا کی وارث بنی، نوربی بی نے بالغ ہونے کے بعد مَغلوٗٹ کے بیٹے ولاشاہ سے شادی کرنے کا ارادہ کیا، ہونزا والوں نے اس سازش کو ناکام بنانے کے لیے درواز سے حشم بیگم اور شاملک ثانی کے بیٹے شاتَھم جو کِسَر کے خوف سے بھاگ کر درواز چلا گیا تھا، کی نسل کے ایک شخص شاہ خان کو "اَیَشوٗ" کے نام سے ہونزا کے تخت پر بٹھا دیا اور خوشیاں منائیں، اس پر نگر والوں نے

طعنہ دیا کہ ہونزا والوں کے سر پر پگڑی (تھم یعنی بادشاہ) نہیں اور خوشیاں مناتے ہیں، اس کے جواب میں ہونزا والوں نے کہا کہ "ہم نے اَیش (یعنی آسمان) سے "اَیَشو" (یعنی آسمانی شخص) کو لا کر تھم (میر) بنایا ہے، چنانچہ یہ مثل مشہور ہوئی۔

اَبَشُلوٗ دُوٗسَس (abáśulo duúsas) [بر۔محاورہ] مصیبت میں کام آنا، حاجت برآری کرنا، ضرورت پوری کرنا۔

اَبَشیٖ (abaśí) [بر۔اسم] مصیبت کے دن، دکھ کے ایام۔

اَبَشِیولوٗ (abaśiwlo) [بر۔محاورہ] مصیبت کے وقت میں (۲) تکلیف کے وقت میں۔

اَبَشے ڈٗکوٗ (abáśe ḍáko) [بر۔محاورہ] مددگار، مصیبت میں کام آنے والا، ہمدم، جانی یار۔

اَبَشے ڈٗکوٗ مَناس (abáśe ḍáko manáas) [بر۔محاورہ] مصیبت میں کام آنا، مددگار ہونا، نیز دیکھیے اَبَشے ڈٗکوٗ (abáśe ḍáko)۔

اَبْلَق (ablaq) [ع۔صف] دورنگا، سیاہ اور سفید، وہ گھوڑا جس کی جلد پر سیاہ اور سفید یا سرخ اور سفید بڑے بڑے دھبے ہوں، چت کبرا piebald (۲) جس کے جسم پر برص کے دھبے ہوں۔

اَبُلَق (abuláq) [ع۔صف] دیکھیے اَبْلَق (ablaq)۔

اَبُلَقِشوٗ (abuláqiśo) [بر۔صف] دیکھیے اَبُلَق (abuláq) جس کی یہ جمع ہے۔

اِبْلِیس (ibliis) [ع۔اسم] وہ آتشی مخلوق جو حضرتِ آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کرنے کے باعث راندۂ درگاہِ خداوندی ہوئی، شیطان، عزازیل (۲) خدا کی رحمت سے ناامید (۳) خبیث، مردود، مفسد، سرکش (۴) مکار، فریبی، حیلہ گر (محاورۃً) انسانوں کو بھٹکانے والا۔

اِبْنِ آدم (ibni aadám) [ع۔اسم] آدم کا بیٹا، اولادِ آدم (مراداً انسان)۔

اَبُوٗ البَشَر (abúl baśár) [ع۔کنیت] انسان کا باپ، مراد: حضرت آدم علیہ السلام۔

اَبوٗم (aboóm) [بر۔صف] ناہموار (۲) ناگوار (۳) غیر آمادہ (۴) نامناسب، سُبوٗم (suboóm) (ہموار، خوشگوار) کی ضد۔

عَقلے اِشارَکٗ کرے ڈوٗم حِکمتے گن خَس اَبوٗم
زُئین لے بیئن عِشقے روم! نُورے مِثالکٹے کِتاب

(دیوانِ نصیری (بروشسکی) ص ۹۰)۔

ترجمہ: عقلی رموز سمجھنے میں دشواریاں اور حکمت (کے حصول) کے راستے میں ناہمواریاں ہوتی ہیں، اے قبیلۂ عشق! آجاؤ نور کی مثالوں کی (زندہ) کتاب کی معرفت حاصل کرو۔

ا۔پ

اُپ اِیتَس (up étas) [بر۔محاورہ] کمربستہ ہونا، ہمت باندھنا، حوصلے سے کام لینا، بچوں کو سیڑھی یا چڑھائی چڑھاتے ہوئے کہا جاتا ہے، اُپَلی ہانَنے (úpali háananee) (۲) زیادہ کھانے والا۔

اَپای (apáy) [بر۔فعل ناقص] وہ موجود نہیں ہے (واحد مذکر کے لیے)۔

اَپان (apáan) [بر۔فعل ناقص] وہ (موجود) نہیں ہیں (جمع غائب کے لیے)۔

اَپَت (ápat) [بر۔اسم] میرا پہلو، دیکھیے اَ (معنی نمبر۴)۔

اِپتِدا (iptidáa) [ع، بُر۔اسم] دیکھیے اِبتِدا (ibtidáa) جس کا یہ بُروشسکی تلفظ ہے۔

اِپتِدا اِیتَس (iptidáa étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے اِبتِدا اِیتَس (ibtidáa étas)۔

اَپَچِم (ápačim) [بر۔محاورہ] میرا/میری قریبی (خدمت گار یا ساتھی)، میرے پاس/ساتھ کا/کی، دیکھیے اَ (معنی نمبر۴)۔

اَپَچَنْڈے (apáčanće) [بر] غیر موجودگی میں، غیر حاضری میں، نہ

ہونے کی صورت میں، یہ کلمہ انسانوں کے لیے مخصوص ہے، مگر واحد غائب مونث کا صیغہ مستثنیٰ ہے، جس کے لیے اَپوچَنڈے (apóćanće) (اس عورت کی غیر موجودگی میں) ہوتا ہے۔

اَپِچَنڈے (apićanće) [بر] کسی چیز کے نہ ہونے اور عدم موجودگی کی صورت میں، 'پ' کے نیچے کسرہ کے ساتھ یہ کلمہ چیزوں، حیوانوں اور حالات وکیفیات کے لیے مخصوص ہے، اس کی ضد بِچَنڈے (bićanće) اور بِلیچَنڈے (bilićanće) ہے۔

اَپَچی (ápaći) [بر] میرے قریب، میرے نزدیک، میرے پاس، دیکھیے اَ (معنی نمبر۲)۔

اَپِڈَرو (ápićaro) [بر۔اسم] میرے آباواجداد، نیز دیکھیے اَپی (ápi) جس کی یہ جمع ہے۔

اَپَرچُکو (apárćuko) [بر۔صف] گالی گلوچ، الٹی سیدھی باتیں، الٹے سیدھے کام، (اَپَرڈچُکو (apárććuko) کی تخفیف)۔

اَپَرڈ (apárć) [بر۔صف] اُلٹ، مخالف، اس کی ضد وَرڈ (warć) ہے، (محاورۃً) گالی گلوچ، دُشنام، الٹی سیدھی بات۔

اَپَرڈ ایپَت (apárć épat) [بر۔محاورہ] الٹ سمت یا رخ، کسی پہاڑ یا زمین کا وہ حصہ جہاں دھوپ نہ پہنچتی ہو۔

اَپَرڈ باش (apárć báaṣ) [بر۔محاورہ] گالی، غلیظ زبان، نازیبا زبان۔

اَپَرڈ باش ایتَس (apárć báaṣ étas) [بر۔محاورہ] گالی دینا، غلیظ زبان استعمال کرنا، نازیبا زبان استعمال کرنا۔

اَپَرڈ غَراس (apárć ġaráas) [بر۔محاورہ] الٹی سیدھی باتیں کرنا، فضول گوئی، یاوہ گوئی (۲) جانکنی کے وقت شدت مرض سے ہذیاں بولنا (۳) کتے یا بلی کا ایک مخصوص آواز نکالنا جس کو بدشگونی سمجھا جاتا ہے۔

اَپَرڈٹے (apárćaṭe) [بر۔محاورہ] الٹ سمت سے، الٹ رخ سے، الٹا۔

اَپَرڈٹے بَرینَس (apárćaṭe barénas) [بر۔محاورہ] غصے سے دیکھنا، آنکھیں پھیر کر دیکھنا (۲) بُری نیت سے دیکھنا۔

اَپَرڈٹے پھُوٹ ایتَس (apárćaṭe phuúṭ étas) [بر۔محاورہ] آنکھیں پھیر کر دیکھنا (۲) بُری نیت سے دیکھنا، نیز دیکھیے اَپَرڈٹے بَرینَس (apárćaṭe barénas)۔

اَپَرڈٹے جوٹ مَناس (apárćaṭe joóṭ manáas) [بر۔محاورہ] آنکھیں پھیر کر دیکھنا (۲) بری نیت سے دیکھنا، نیز دیکھیے اَپَرڈٹے بَرینَس (apárćaṭe barénas)۔

اَپَرڈٹے یولَس (apárćaṭe yoólas) [بر۔محاورہ] لباس وغیرہ کو اُلٹا پہننا۔

اَپِرَق (apíraq) [بر۔نہی] مت کھودو۔

اَپِرَق اَپِرَق بِرَقَکے اُلو گوَلجُمَا (apíraq apíraq biráqake úlo guwáljuma) [بر۔کہاوت] جیسا کروگے ویسا بھروگے، چاہ کن را چاہ درپیش۔

اَپُروٹو (apuróoṭo) [بر۔صف] ہولناک، خوفناک (۲) ناگوار (۳) خلافِ معمول۔

اَپریٹَر (apreeṭár) [انگ۔اسم] کسی مشین کو چلانے والا، کسی مشین سے کام لینے والا، انگریزی لفظ "operator" کا بگاڑ۔

اَپریشین (apriisén) [بر۔اسم] جسم کے کسی حصے کا علاج کے لیے چاک کرنا، چیرنا پھاڑنا، عمل جراحی (۲) فوجی نقل وحرکت، (انگریزی لفظ "operation" کا بگاڑ)۔

اَپریل (apréel) [انگ۔اسم] انگریزی شمسی سال کا چوتھا مہینہ۔ april

اَپریل فُول (apréel fúul) [انگ۔صف] اپریل کی پہلی تاریخ میں بطور مذاق کسی کو بیوقوف بنانے کا دستور جو مغرب میں رائج ہے اور ان کی تقلید میں بعض دُوسرے لوگ بھی ایسا کرتے ہیں، april fool۔

اَپَس (apás) [بر۔نہی] مت رک جا، نرم نہ ہو جا، مت تھم جا، بَسیرے

(basé) کی ضد۔

اَپسَر (apsár) [انگ، بر۔اسم] دیکھیے اَفسَر (afsár)۔

اَپَسَس (apásas) [بر۔مص] نہ تھمنا، نہ رکنا، نہ ٹھہرنا، نرم نہ ہونا (۲) دل کا ارمان پورا نہ ہونا، خواہش ادھوری رہنا (۳) زمین پر برف کی تہہ نہ جمنا، (گرِ اَپَسَس) (ge apásas)، (بَساس (basáas) یعنی تھم جانے کی ضد)۔

اَپَسِس (apásiṣ) [بر۔تمنائیہ] تھم نہ جائے، مثلاً گرِ اَپَسِس (ge apásiṣ) (برف کی تہ نہ جمے)، (بطور بددعا) ایس اَپَسِس (es apásiṣ) (اس کے دل کو قرار نہ ملے)۔

اَپَسِس خا (apásiṣ qháa) [بر] جب تک تھم نہ جائے، جب تک رک نہ جائے، جب تک نرم نہ ہو جائے، جب تک پورا نہ ہو جائے۔

معشوقیرِ سرتاج مَنُوای پُرمؤ کرِ واپَس
دِیدارلرِ ہِک بیشی کرِ می مِیَس اَپَسِس خا
دیوان نصیری (بروشسکی) ص ۶۸۔

ترجمہ: معشوقوں کا سردار کبھی کا واپس ہو چکا ہے جبکہ ہمارے دل میں اس کے دیدار کا ارمان ذرا بھی پورا نہیں ہوا ہے۔

اَپُسو (apúso) [بر۔محاورہ] جوں والا، جس کے سر یا جسم میں جوں پڑ گئی ہوں، نیز دیکھیے کھَرُسو (kharúso)۔

اَپسُوس (apsúus) [بر۔اسم] دیکھیے اَفسوس (afsúus)۔

اَپسیت (apsét) [بر۔محاورہ] ضائع ہونا، فوت ہونا (۲) باعث شرم ہونا، باعثِ افسوس ہونا۔

اَپسیٹ (apsét) [انگ۔صف] ناراحت ہونا، پریشان ہونا، بگاڑ، ذہنی توازن برقرار نہ رہنا۔ upset

اَپَسکِنَس (apáṣkinas) [بر۔مص] نِکما ہونا، نالائق ہونا، بے کار ہونا، کسی کام کا نہ ہونا (۲) بدشگون ہونا، یہ ہندی لفظ "اَپشگُن" سے ماخوذ ہے (اسقرکرِ بَسی صفحہ ۶۹)۔

اَپِسکِنَس (apíṣkinas) [بر۔مص] بھیک نہ مانگنا، بِسکِنَس (biṣkinas) (بھیک مانگنا) کی ضد۔

اَپُسکِنَس (apúṣkinas) [بر۔مص] دیکھیے پُھسکِنَس (phuṣkinas) (ٹپکنا، رسنا) جس کی یہ ضد ہے۔

اَپَسکِنُم (apáṣkinum) [بر۔صف] دیکھیے اَپَسکِنَس (apáṣkinas)، جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اَپکُڈ (ápkuc̣) [بر۔اسم] میرے ننھیال والے، یہ کلمہ دراصل اَپِی کُڈ (ápikuc̣) ہے، 'ی' محذوف ہے، نیز دیکھیے اَ (معنی نمبر ۲)۔

اُپَل (úpal) [بر۔اسم] ایک موٹا کیڑا جو نمناک مٹی میں پایا جاتا ہے۔

اُپَل جُوَن (úpal juwán) [بر۔تشبیہ] بے ہنگم موٹا شخص، بست موٹا شخص۔

اَپَلدو (apáldo) [بر۔محاورہ] الٹی سیدھی باتیں، فضول باتیں، نامناسب کام (۲) فضول باتیں کرنے والا، یہ کلمہ فاعل کے لیے بھی آتا ہے۔

اَپَلَس (apálas) [بر۔مص] نہ جلنا، روشن نہ ہونا (۲) سمجھ میں نہ آنا (۳) نہ گرنا، بَلاس (baláas) (جلنا، روشن ہونا، سمجھ میں آنا، گرنا) کی ضد۔

اُپَلشو (úpaliśo) [بر۔اسم] دیکھیے اُپَل (úpal) جس کی یہ جمع ہے۔

اَپَلِس (apáliṣ) [بر۔تمنائیہ] نہ جلے (۲) سمجھ میں نہ آئے۔

اَپَلِس خا (apáliṣ qháa) [بر] جب تک نہ جلے، جب تک آگ نہ لگے، جب تک سمجھ میں نہ آئے۔

اَمُلم لرِ اَچِھر دُم بُھورِ چِٹرِیشو شَلاسَن
اِنرِ عِشقرِ مَرمَن جا اَسرِ پَردار اَپَلِس خا
(دیوان نصیری (بروشسکی) صفحہ ۶۸)۔

ترجمہ: مجھے یہ کہاں نصیب ہے کہ میری آواز سے آگ کی چنگاریاں نکلیں، جب تک کہ تیرے عشق کے انگارے میرے دل کے پردے پر نہ پڑیں۔

اَپِلَنَس (ápilanas) [بر۔مص] مجھ کو بہلانا، مجھے باور کرانا، مجھے ٹھگنا،

دیکھیے اَ (معنی نمبر۴)۔

اَپَم (apám) [بر] نہ تھا، نہ تھے، نہ تھیں، یہ کلمہ انسانوں کے لیے مخصوص ہے (واحد غائب مونث اور متکلم کا صیغہ اس سے مستثنیٰ ہے جس کے لیے بالترتیب اَپوَم (apóm) اور اَپَیَم (apáyam) آتا ہے)۔

نُورے دَمَن یِیَبا خوف نِمی غَم ڈُم خَلاص
اَسُ لوَ بَم اِلِرے یِیَڈبا بَم کرے اَپَم ڈُم خَلاص
(دیوان نصیری (بروشسکی) ص ۱۴۷)۔

ترجمہ: میں نے نور کے مالک کو پہچانا ہے جس کی بدولت خوف و غم سے آزاد ہو چکا ہوں، جو (معشوق) میرے دل میں چھپا ہوا تھا، اس کو میں نے دیکھ لیا ہے اس لیے میں ہست (بَم) (bam) اور نیست (اَپَم) (apám) (کے جھگڑے) سے آزاد ہو گیا ہوں۔

اَدَپ کِس (adâpkis) [بر۔صف] باادب، تمیز والا، ادب و احترام کرنے والا (۲) زیادہ فصل دینے والی زمین۔

اَدَپ مَناس (adâp manâas) [بر۔محاورہ] زمین سے فصل حاصل ہونا۔

اَدَپ ہینَس (adâp hénas) [بر۔محاورہ] تہذیب و شائستگی کی تعلیم

حاصل کرنا، آدابِ محفل کو سمجھنا۔

اَدِت (adiit) [بر۔اسم] اتوار، سنیچر اور پیر کے درمیان کا دن، یہ دراصل سنسکرت لفظ اَدِت وار یعنی سورج کا دن ہے جس سے وار حذف ہو گیا ہے۔

اِدرِیس (idriis) [ع۔اسم] ایک مشہور پیغمبر کا لقب جو درس و تدریس میں زیادہ مشغول رہتے تھے جن کا اصلی نام اخنوخ تھا، روایت ہے کہ یہ زندہ بہشت میں اٹھائے گئے ہیں۔

اَدَشو (adaṣo) [بر۔صف] بے کار، نکما، سست۔

اُدَنْ (udaṅ) [بر۔اسم] دیکھیے اُدا (udá) جس کی یہ جمع ہے۔

اِدُمُچو (idúmućo) [بر۔اسم] دیکھیے اِدُمُس (idúmus) جس کی یہ جمع ہے۔

اِدُمُچو پُھلَنْڈ (idúmućo phulánć) [بر۔اسم] دیکھیے اِدُمُسے پُھل (idúmuse phul) جس کی یہ جمع ہے۔

اِدُمُچو ڈُم نِیَس (idúmućo ćum niyas) [بر۔محاورہ] گھٹنوں کی بیماری میں مبتلا ہونا، گھٹنوں کی بیماری کی وجہ سے چلنے کے قابل نہ رہنا۔

اِدُمُس (idúmus) [بر۔سم] اس کا گھٹنا، زانو (۲) گندم یا جو کے ڈنٹھل کا جوڑ، نیز دیکھیے ۔دُمُس (-dúmus)، اِ ضمیرِ واحدِ غائب کی علامت ہے۔

اِدُمُس وَلَس (idúmus wálas) [بر۔محاورہ] ماندہ ہونا، تھکا ماندہ ہونا، تھک جانا، چلنے کی سکت نہ ہونا (۲) بہار کے آغاز میں کمزوری کی وجہ سے بھیڑ بکریوں کا چلنے سے بے بس ہونا۔

اِدُمُسے پُھل (idúmuse phul) [بر۔اسم] گھٹنے کا جوڑ، گھٹنے کی چپنی، کاسۂ زانو۔

اِدَمِم (idámim) [بر] مدھم شدہ، نیز دیکھیے اِدَمِیَس (idámiyas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اِدَمِمی (idámimi) [بر] وہ دھیما پڑ گیا۔

اِدَمِن (idámin) [بر۔امر] دیکھیے اِدَمی (idámi) جس کی یہ جمع ہے۔

اِدَمی (idámi) [بر۔امر] دھیما کردو۔

اِدَمِیَس (idámiyas) [بر۔مص] دھیما پڑ جانا، مدھم ہونا۔

اَدوار (adwáar) [ع۔اسم] زمانے، عرصے، مدتیں، چکر، دور کی جمع۔

اُدھار (udháar) [ھ۔اسم] قرض، نقد کی ضد۔

اَدیلَس (adélas) [بر۔مص] مجھے مارنا۔

اِدیلَس (idélas) [بر۔مص] اُسے مارنا۔

اُدیلَس (udélas) [بر۔مص] انھیں/اُن کو مارنا۔

ا ۔ ڈ

اَڈاْ (aḍá) [ہ، بُر۔اسم] بسوں، موٹروں، تانگوں وغیرہ کے کھڑے ہونے کی جگہ (۲) نشہ اور بدکاری کے کام کرنے کی مقررہ جگہ (۳) کسی شخص کے اکثر بیٹھنے کی جگہ (۴) [بُر] ترکھان کے کام کرنے کی خاص میز (۵) [بُر] کپڑا یا کسی دوسری چیز کا عرض ایک طرف کم ہونا، عرض کا دونوں جانب برابر نہ ہونا۔

اِڈَپ (iḍáp) [بر۔صف] تیار، مستعد، آمادہ، کمربستہ۔

اِڈَپ وَشِیَس (iḍáp wáśiyas) [بر۔محاورہ] تیار رہنا، مستعد رہنا، آمادہ ہونا، کمربستہ ہونا۔

اَڈَخر (aḍaqhár) [بر۔صف] رنگوں کا برابر نہ ہونا، یک رنگی نہ ہونا، کسی ایک رنگ کا دوسرے رنگوں سے نہ ملنا (۲) مختلف الزای (۳) مختلف النسل (۴) مختلف المذائقہ۔

اَڈَخرِشو (aḍaqháriśo) [بر۔صف] دیکھیے اَڈَخر (aḍaqhár) جس کی یہ جمع ہے۔

اِڈِگارتلی (iḍigáartali) [بر۔متعلق فعل] دیکھیے اِڈِگاری (iḍigáari)۔

اِڈگاری (idigâari) [بر۔متعلق فعل] اردگرد، چوگرد، آس پاس۔

نُورے شمع گسکلے اِڈگاری جے پروانا مَیام
عقلے بیگانا نُمن اُنے شُلے دیوانا مَیام
دیوان نصیری (بروشسکی) ص ۱۵۹۔

ترجمہ: اے نورانی شمع! میں تیرے چہرے کے گرداگرد پروانہ ہوجاؤں، اور عقل (جزوی) کی پابندیوں سے آزاد ہوکر تیری محبت کا دیوانہ ہوجاؤں۔

اِڈگاری مَناس (idigâari manâas) [بر۔محاورہ] اردگرد چکر لگانا، طواف کرنا، (محاورۃً) خوشامدی کرنا (۲) دیکھ بھال کرنا۔

اِڈِم (idim) [بر۔اسم] اُس کا بدن، اس کا جسم۔

اِڈِم ڈے جی اوَمَنَس (idim ce jii oómanas) [بر۔محاورہ] کمزور ہونا، لاغر ہونا (۲) کم ہمت ہونا، بے حوصلہ ہونا۔

اُڈِم کے (udim ke) [بر۔متعلق فعل] فرداً فرداً، انفرادی طور پر، فی نفر کے حساب سے۔

اِڈِم ہِسقَرُم (idim hisqarum) [بر] ہونزا کے چرغے کا ایک خاص ڈیزائن اِڈِم ہِسک خَرُم (idim hisk qharum) کا بگاڑ ہے۔

اِڈِمٹے (idimate) [بر۔صف] اکیلا، تنہا، خود ہی (۲) اس کے جسم پر، اس کے بدن پر۔

اِڈِمٹے ایتَس (idimate étas) [بر۔محاورہ] کسی کو تنہا کرنا، اکیلا چھوڑنا (۲) قطع تعلق کرنا۔

اِڈِمٹے مَناس (idimate manâas) [بر۔محاورہ] تنہا ہونا، تنہائی اختیار کرنا۔

اَڈِمو (adimo) [بر۔صف] پست قد، ٹھگنا، بونا۔

اُڈوَر (udoór) [بر۔اسم] تلاش، جستجو، کھوج۔

اُڈوَر ایتَس (udoór étas) [بر۔محاورہ] ڈھونڈنا، جستجو کرنا، کھوجنا، تلاش کرنا۔

اُڈوَری (udoóri) [بر۔اسم] دیکھیے اُڈوَر (udoór)۔

ا۔ذ

اَذان (azâan) [ع۔اسم] عربی کے وہ مخصوص جملے جو مسجد میں نماز سے تھوڑی دیر پہلے ایک شخص بلند آواز سے کہتا ہے، بانگ، آگاہی، اطلاع، بروشسکی میں "آذان (aazâan) اور ارذان (arzâan)" بھی مستعمل ہیں۔

اِذن (izin) [ع۔اسم] اجازت، رخصت، حکم۔

ا۔ڈ

اَڈی (aci) [بر] مجھ پر، مجھ کو، مجھ سے، نیز دیکھیے -ڈی (-ci) اُ ضمیر واحد متکلم کی علامت ہے۔

اَڈی (âci) [بر] مجھ کو دیادو (۲) میرے ساتھ انصاف نہ کر، میری حق تلفی کر (۳) بکریوں کو روکنے کی آواز۔

اِڈی (ici) [بر] اُس پر، اُس کو، اُس سے، اُس کے ساتھ، نیز دیکھیے -ڈی (-ci)، اِ ضمیر واحد غائب کی علامت ہے۔

اِڈی اَتُمَیَس (ici atûmaŷas) [بر۔محاورہ] موافق نہ آنا، مزاج کے موافق نہ آنا، برابر نہ آنا (۲) بدشگون ہونا۔

اِڈی اَک ایتَس (ici an étas) [بر۔محاورہ] حاجت براری کے لیے پیچھے پڑنا، پیچھا نہ چھوڑنا، طلب کرنا۔

اِڈی اَک خَٹ ایتَس (ici an çaṭ étas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِڈی اَک ایتَس (ici an étas)۔

اِڈی بَقاس (ici baqâas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِڈی بیلَس (ici bélas)۔

اِڈی بوَٹ ایتَس (ici boóṭ étas) [بر۔محاورہ] طعنہ دینا

(۲) مذاق اُڑانا، تمسخر کرنا (۳) شرم دلانا۔

اِڈیٔ بیَسَن اَیقَرَٹَس (*ici besan ayéqaraṭas*) [بر۔محاورہ] اپنے آپ کو بری الذمہ قرار دینا، اپنے آپ کو بے قصور قرار دینا، غلطی تسلیم نہ کرنا، خود کو بے گناہ ثابت کرنا۔

اِڈیٔ بیَسَن اَیوسَس (*ici besan ayóosas*) [بر۔محاورہ] گالی گلوچ دینا، جو منہ میں آئے کہہ ڈالنا (۲) بے عزت کرنا، ذلیل و خوار کرنا۔

اِڈیٔ بیلَس (*ici bélas*) [بر۔محاورہ] چیونٹیوں کا یلغار کرنا (۲) مال مویشیوں کا کسی کھانے کی چیز پر حملہ کرنا۔

اِڈیٔ پھآر مَناس (*ici phaár manáas*) [بر۔محاورہ] کسی کی طرف متوجہ ہونا (۲) سرزنش کرنا، تنبیہ کرنا، کسی کی خبر لینا۔

اِڈیٔ پھت مَناس (*ici phat manáas*) [بر۔محاورہ] بول و براز یا بادِ شکم کا غیر اختیاری طور پر خارج ہونا۔

اِڈیٔ پھو ایڈیَس (*ici phu éeciyas*) [بر۔محاورہ] ناحق تہمت لگانا، الزام لگانا۔

اِڈیٔ پھو چیَس (*ici phu chíyas*) [بر۔محاورہ] کسی کے کپڑوں یا بدن کو آگ لگنا (۲) بہت بڑا نقصان ہونا (۳) جانی نقصان ہونا (۴) مصیبت آنا (۵) کسی کا حسد میں جلنا۔

اِڈیٔ ٹک ایَتَس (*ici ṭak étas*) [بر۔محاورہ] ساتھ باندھ لینا (۲) ہر وقت اپنے ساتھ رکھنا، ہمیشہ پاس رکھنا۔

اِڈیٔ ٹک مَناس (*ici ṭak manáas*) [بر۔محاورہ] کسی کی خدمت میں لگے رہنا، ہمیشہ ساتھ رہنا، بندھے رہنا، بار بار کسی کی خدمت میں حاضر ہونا۔

اِڈیٔ ٹھک وَشیَس (*ici ṭhuk wáŝiyas*) [بر۔محاورہ] کنڈی لگا دینا، دروازے کو چٹخنی لگا کر اندر بیٹھنا۔

اِڈیٔ ٹھکٔ مَناس (*ici ṭhaṅ manáas*) [بر۔محاورہ] کسی کو دھکا دینا (۲) کسی کو چھیڑنا، لڑائی جھگڑے کے لیے کسی کو تنگ کرنا۔

اِڈیٔ جُک اَیتَس (*ici juk ayétas*) [بر۔محاورہ] ذمہ داری نہ لینا، لاعلمی کا اظہار کرنا، نیز دیکھیے اِڈیٔ بیَسَن ایقَرٹَس (*ici besan ayéqaraṭas*)۔

اِڈیٔ جُک ایَتَس (*ici juk étas*) [بر۔محاورہ] کسی کو پیغام پہنچانا، کسی کو پیغام دینا (۲) کسی فرد کو کسی دوسرے فرد سے ملوانا (۳) مخبری کرنا۔

اِڈیٔ خَرٹَس (*ici qharáṭas*) [بر۔محاورہ] لگ جانا، کسی سے چپکنا (۲) آشنا ہونا، مطابقت پیدا کرنا، صحبت موافق ہونا۔

اِڈیٔ دولَس (*ici doólas*) [بر۔محاورہ] (کسی جلدی بیماری وغیرہ کا) جسم پر پھیل جانا (۲) پرندوں وغیرہ کا یلغار کرنا (۳) کھیتوں/باغوں میں پانی کا برابر مقدار میں پھیل جانا۔

اِڈیٔ دیلَس (*ici délas*) [بر۔محاورہ] بکثرت میسر آنا، فراوانی ہونا (۲) آبپاشی کے وقت اچانک بکثرت پانی آنا (۳) مویشیوں کو کسی جگہ پر چرنے کے لیے کھلا چھوڑ دینا۔

اِڈیٔ ڈِس ایَتَس (*ici ḍis étas*) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِڈیٔ جُک ایَتَس (*ici juk étas*)۔

اِڈیٔ ڈُوکٔ مَناس (*ici ḍuwáṅ manáas*) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِڈیٔ ٹھکٔ مَناس (*ici ṭhaṅ manáas*)۔

اِڈیٔ سَکٔ مَناس (*ici saṅ manáas*) [بر۔محاورہ] کسی کو روشنی میسر آنا، جسم پر روشنی پڑنا (۲) اچھا نتیجہ حاصل نہ ہونا، کسی بڑے نقصان سے دوچار ہونا۔

اِڈیٔ سَکگِیَس (*ici ṣak giyas*) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِڈیٔ اَکٔ ایَتَس (*ici aṅ étas*)۔

اِڈیٔ سِیق مَناس (*ici ṣiiq manáas*) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِڈیٔ بیَسَن اَیوسَس (*ici besan ayóosas*)۔

اِڈیٔ سِیو ایَتَس (*ici ṣiiw étas*) [بر۔محاورہ] کسی کا مذاق

اُڑانا، آواز کسنا، سیٹیاں بجا کر بے عزتی کرانا۔

اِڈیٔ غَپَری مَناس (ici ġápari manáas) [بر۔محاورہ] کسی کے پیچھے پڑنا (۲) اصرار کے ساتھ تقاضا کرنا۔

اِڈیٔ غُرَیَس (ici ġuráyas) [بر۔محاورہ] کام کو بگاڑنا، کوئی شرمناک کام کرنا (۲) بدزبانی کرنا (۳) عقل سے کام نہ لینا۔

اِڈیٔ گارڈس (ici gáarcas) [بر۔محاورہ] پیچھا کرنا، کسی کے پیچھے دوڑنا، کسی کام کو یکبار انجام دینا مثلاً یکبار فصل کو کاٹ ڈالنا، جلد از جلد کسی کام کو انجام دینا۔

اِڈیٔ گٹاس (ici gaṭáas) [بر۔محاورہ] کسی کو دانتوں سے کاٹنا (۲) چیونٹی، مچھر یا کتے کا کاٹنا (۳) کسی کے کپڑوں میں کانٹا اُلجھ جانا، (۴) کسی کام کو لگن سے انجام دینا۔

اِڈیٔ گری بَلاس (ici gari baláas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِڈیٔ سَکْ مَناس (ici saṅ manáas)۔

اِڈیٔ گری سَکْ مَناس (ici gari saṅ manáas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِڈیٔ سَکْ مَناس (ici saṅ manáas)۔

اِڈیٔ گَنس (ici gánas) [بر۔محاورہ] جسم کے ساتھ لگا کر رکھنا، جسم پر آویزاں کرنا (مثلاً زیور، میڈل، تعویز وغیرہ کو)۔

اِڈیٔ گِیَس (ici gíyas) [بر۔محاورہ] بطور احتجاج یا نقصان پہنچانے کے قصد سے کسی کے گھر میں داخل ہونا، مثلاً قرض خواہ کا کسی قرض دار کے گھر میں قرض وصول کرنے کی غرض سے زبردستی گھس جانا وغیرہ (۲) حیوانات یا حشرات الارض کا دوسرے جانوروں یا انسانوں پر حملہ کرنا (۳) چڑیل کا کسی گھر میں داخل ہونا (۴) چور کا کسی گھر میں گھس جانا۔

اِڈیٔ مَلتَرَس (ici maltáras) [بر۔محاورہ] ملنا (مرہم، تیل وغیرہ)، لیپ کرنا (گارا، چونا، سیمنٹ وغیرہ)، اردگرد لپیٹنا (پٹی، کپڑا وغیرہ)۔

اِڈیٔ ہاٗوایَتَس (ici haw étas) [بر۔محاورہ] کسی کا مذاق اُڑانا (۲) کسی کو گھیرے میں ڈالنا، کسی کے گرد ہجوم کرنا۔

اِڈیٔ ہَرَش پھت مَناس (ici haráṣ phat manáas) [بر۔محاورہ] انتہائی خوفزدہ ہونا، ہمت ہارنا (۲) خوف یا بیماری کی حالت میں پیشاب یا پاخانہ چھٹنا۔

اِڈیٔ ہَرَش ڈِر مَناس (ici haráṣ ḍir manáas) [بر۔محاورہ] نہایت مشکل سے دوچار ہونا، تھکا ماندہ ہونا (۲) بہت زیادہ ہنسنے کے بعد کسی کا پیشاب چھٹنا جانا (۳) انتہائی خوفزدہ ہونا۔

اِڈیٔ ہَرَش غُرَش مَناس (ici haráṣ ġuráṣ manáas) [بر۔محاورہ] بول و براز کا غیر اختیاری طور پر خارج ہونا (۲) بہت زیادہ خوفزدہ ہونا، دہشت طاری ہونا (۳) ہوش و حواس کھو بیٹھنا۔

اِڈیٔ ہَرَیَس (ici haráyas) [بر۔محاورہ] بستر یا لباس میں پیشاب کرنا (۲) کوئی نامناسب کام یا بات کرنا، کسی شرمناک فعل کا مرتکب ہونا، غلط کام کرنا۔

اِڈیٔ ہَلیَل مَناس (ici halél manáas) [بر۔محاورہ] صاحب حیثیت ہونا، عزت مند ہونا، بااثر ہونا، دولت مند ہونا۔

اِڈیٔ ہَنی مِناٗشِیَس (ici hani miná ṣíyas) [بر۔محاورہ] کسی کو سخت برا بھلا کہنا، سخت تنبیہ کرنا، تلخ و ترش سنانا۔

اِڈیٔ ہَہاٗ ایتَس (ici hahá étas) [بر۔محاورہ] کسی کا مذاق اُڑانا۔

اِڈیٔ ہیں یاٗ مَناس (ici héeṇya manáas) [بر۔محاورہ] کسی پر بہت سارے لوگوں کا اچانک حملہ ہونا (۲) بہت زیادہ پانی کا اچانک کھیت میں داخل ہونا (۳) مال مویشیوں کا فصل پر حملہ آور ہونا (۴) فصل پر ٹڈی دل وغیرہ کی اچانک یلغار ہونا۔

اِڈیٔ یَسکیٔ مَناس (ici yáṣki manáas) [بر۔محاورہ]

برابر آنا، موافق آنا، شایانِ شان ہونا۔

اِذِی یَنَس (ici yánas) [بر۔محاورہ] قبضے میں رکھنا، اپنے پاس رکھنا۔

اُذِی (uci) [بر] اُن سے، ان کے ساتھ، ان پر، دیکھیے -ذِی (-ci) جس پر جمع غائب کی علامت داخل ہوئی ہے۔

اُذِی ایسقُلس (uci ésqulas) [بر۔محاورہ] بیماری و تکلیف کسی پر ظاہر نہ کرنا، برداشت کرنا، دُکھ درد کا اظہار نہ کرنا۔

اُذِی یَنَس (uci yánas) [بر۔محاورہ] کسی چیز کو اپنے پاس/ساتھ رکھنا، وہ موٹی روٹی جو گڈریے دوپہر کے لیے اپنے ساتھ چراگاہ لے جاتے ہیں۔

اِذِی مو (icimo) [بر۔متعلق فعل] پاس سے، اپنے سے، اپنی طرف سے، خود سے۔

اِذِی مو اِذِی (icimo ici) [بر۔متعلق فعل] اچانک، دفعتاً، بغیر پیشگی اطلاع کے، بطورِ حادثہ۔

اِذِی مو آکارڈس (icimo akáarcas) [بر۔محاورہ] کسی چیز کا کسی شخص کے پاس مسلسل رہنا، ہمیشہ ہونا، رزق روزی کا منقطع نہ ہونا، مثلاً پھلو اِذِی مو بیشَل کے آکارشِذن (phaló icimo bésal ke akáarsican) اس کے پاس غلہ ہمیشہ مہیا رہتا ہے۔

اِذِی مو بیسَن اَتوسَس (icimo bésan atúusas) [بر۔محاورہ] مفلس ہونا، غریب ہونا (۲) کنجوس ہونا۔

اِذِی مو بیسَن اَخُوس (icimo bésan açúwas) [بر۔محاورہ] بے ہنر ہونا، نالائق ہونا، نکما ہونا۔

اِذِی مو پھت مَناس (icimo phat manáas) [بر۔محاورہ] کوئی چیز رہ جانا (۲) موت کے بعد لاوارث ہونے کی وجہ سے جائیداد رہ جانا (۳) کوئی کام کا چھٹ جانا۔

اِذِی مو خور ایتس (icimo qhor étas) [بر۔محاورہ] کسی سے نفرت کرنا، خوف یا ناپسندیدگی کی وجہ سے کسی سے دور بھاگنا، ناپسند کرنا۔

اِذِی مو ذُوسَس (icimo duúsas) [بر۔محاورہ] سخی ہونا، فیاض ہونا (۲) ناراض کرنا، دشمنی مول لینا، ناراضگی مول لینا۔

اِذِی مو ژکُنے گِلی کے اَخُوس (icimo żakúne gili ke açúwas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِذِی مو بیسَن اَخُوس (icimo bésan açúwas)۔

اِذِی مو ژُوس (icimo żúwas) [بر۔محاورہ] ضرورت میں کام آنے والا، حاجت روائی کرنے والا (۲) ہنرمند، صاحبِ حیثیت۔

اِذِی مو شَلاس (icimo saláas) [بر۔محاورہ] کسی سے رزق و روزی کا بکثرت ملنا، کسی سے اچھے کام انجام پانا، ہنرمند، دانشمند۔

اِذِی مو گارڈس (icimo gáarcas) [بر۔محاورہ] رزق روزی کا منقطع ہونا، ذریعہ آمدن رک جانا، دستیاب نہ ہونا۔

اِذِی مو مَناس (icimo manáas) [بر۔محاورہ] کوئی کام اس کے ہاتھوں انجام پانا (۲) کسی کے پاس سے میسر آنا، فراہم ہونا۔

اِذِی مو نِیَس (icimo níyas) [بر۔مص] ضائع ہونا، نقصان ہونا، گم جانا (۲) منی کا خارج ہونا۔

اِذِیَٹُم (iciyaṭum) [بر۔محاورہ] مرنے کے بعد متوفی کے ثواب کے لیے دینے والی خیرات، موت کے بعد کی رسومات۔

اِذِیَٹُم ایتس (iciyaṭum étas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِذِیَٹُم (iciyaṭum)۔

اِذِیَٹے (iciyaṭe) [بر۔متعلق فعل] اُس کے بعد یا پیچھے (۲) نیاز کی وہ روٹی جو متوفی کے ثواب کی خاطر اس کی موت کے بعد دی جاتی ہے۔

اِذِیَٹے ژُوس (iciyaṭe żúwas) [بر۔محاورہ] اُس کے پیچھے آنا، تعاقب کرنا، تلاش میں آنا۔

اِذِیَٹے شِیَس (iciyaṭe ṣiyas) [بر۔محاورہ] کسی کی موت کے

بعد نیاز کے لیے گوسفند ذبح کرنا۔

اِڈِیٹے ہیرَس (icíyaṭe héras) [بر۔محاورہ] اُسکے پیچھے رونا، متوفی کے پیچھے ماتم کرنا۔

اُڈِیٹے (ucíyaṭe)[بر] دیکھیے اِڈِیٹے (icíyaṭe) جس کی یہ جمع ہے۔

اَڈِیَس (áciyas) [بر۔محاورہ] مجھ کو دبانا (۲) میرے ساتھ انصاف نہ کرنا، میری حق تلفی کرنا، نیز دیکھیے ۔ڈِیَ (-ci)، جس پر متکلم کی علامت اَ داخل ہوئی ہے۔

اِڈے (icé) [بر۔اشارۂ بعید] (جمع کے لیے) وہ (جانور یا اشیاء وغیرہ)۔

اِڈے (icée) [بر۔اشارۂ بعید] (جمع کے لیے) اُن (چیزوں یا جانوروں) کا/کی/کے۔

اِڈے کا (icée káa) [بر۔اشارۂ بعید] اُن (چیزوں یا جانوروں) کے ساتھ۔

اِڈے کا کا (icée káa káa) [بر۔اشارۂ بعید] اُن (چیزوں یا جانوروں) کے ساتھ ساتھ۔

ا۔ر

اَر (ar) [بر۔اسم] ڈر، خوف، ڈانٹ ڈپٹ۔

پُھو ڈُم بے اَر غَتِیَس کَے بُری دون کَے دیغاَشی
کاغَذے اِکے ڈے موَن لے غَاسَر غُلاس عَبَث
(دیوانِ نصیری (بُروشسکی) ص ۱۰۸)۔

ترجمہ: سیم وزر کو آگ کا کیا خوف ہے، وہ اس سے اور بھی نکھر جائیں گے، مگر کاغذ کا ان (معدنیات) کے جلنے پر رشک کرتے ہوئے آگ میں جا کر جلنا لاحاصل ہے۔

اَر اِمَنَس (ar imánas) [بر۔محاورہ] ڈر جانا، خوفزدہ ہونا۔

اَر ایَتَس (ar étas) [بر۔محاورہ] ڈرانا، دھمکانا، خوفزدہ کرنا، ڈانٹنا ڈپٹنا۔

اِر (ir) [بر۔اسم] اِرَن (íran) کا مخفف، دودھ کی ملائی، بالائی، سرشیر۔

اِراغیٖ (iraaġí) [بر۔اسم] ہونزا کی مشہور زنانہ ٹوپی جس پر ریشم سے نقش و نگار بنائے جاتے ہیں۔

اِراغیٖ پَھرڈِن (iraaġí phárcin) [بر۔اسم] اِراغیٖ (iraaġí) ٹوپی۔

اُراَیِ (uraáy) [بر۔اسم] مُردے کی رسومات، تجہیز و تکفین۔

اُراَیِ ایَتَس (uraáy étas) [بر۔محاورہ] مُردے کی رسومات ادا کرنا، دفن کفن کرنا۔

اِرُپ (irúp) [بر۔صف] گیلا، تر (۲) ملائم، نرم، ڈھیلا۔

اِرُپ ایَتَس (irúp étas) [بر۔محاورہ] گیلا کرنا، تر کرنا، ملائم کرنا، نرم یا ڈھیلا کرنا۔

اُردُو (urduú) [ت۔اسم] ہند آریائی گروہ کی مشہور زبان، پاکستان کی سرکاری زبان۔

اَرزان (arzáan) [ف۔صف] گراں کی ضد (۲) کثرت سے، بہتات، زیادہ۔

اَرزان مَناس (arzáan manáas) [بر۔محاورہ] زیادہ ہونا، بکثرت ہونا۔

اَرزُوَ (arzú) [بر۔اسم] بڑے سائز کا بٹن۔

اَرزوَق (arzóq) [بر۔اسم] تکون یا چکور شکل کے چھوٹے پھولدار پراٹھے جو تیل میں پکائے جاتے ہیں۔

اَرزوَقے بَلک (arzóqe balk) [بر۔اسم] وہ پھولدار تختہ جس پر اَرزوَق (arzóq) (پھولدار پراٹھے) بنائے جاتے ہیں۔

اِرسال ایَتَس (irsáal étas) [بر۔محاورہ] بھیجنا، روانہ کرنا۔

اِرشات (irśáat) [ع، بُر۔اسم] حکم، ہدایت، فرمان، (عربی اِرشاد کا بروشسکی تلفظ)۔

اِرشاد (irśáad) [ع۔اسم] دیکھیے اِرشات (irśáat)۔

اَرشَیَس (árśayas) [بر۔مص] میرا نشہ کی حالت میں ہونا، مخمور

ہونا،ـرشَیَس (-r̈śāyas) مخمور ہونا، نشہ کی حالت میں ہونا، یہ مصدر بروشسکی میں تنہا مستعمل نہیں جب ضمائر کی علامات یعنی آ (a)، مے (me)، گو (go)، مَا(ma)، اے (e)، او (o) اور مو (mo) کے ساتھ آتا ہے تو معنی دیتا ہے، علامت ضمیر اور مصدر کے درمیانی حرف "ر" صرف ضمیر کے ساتھ مکمل آواز دیتا ہے ورنہ نیم آواز دیتا ہے۔

اِرِش (iriṣ) [بر۔اسم] دھار، چوٹی، کنارہ، نوک۔

اِرِشَٹے (iriṣaṭe) [بر۔محاورہ] دھار پر، کنارے پر (۲) قطع تعلق۔

اِرِشَٹے ایتَس (iriṣaṭe étas) [بر۔محاورہ] تنہا کرنا، کسی سے قطع تعلق کرنا، مقاطعہ کرنا۔

اِرِشَٹے مَناس (iriṣaṭe manáas) [بر۔محاورہ] الگ تھلگ ہونا، قطع تعلق کرنا، ایک طرف ہونا۔

اِرِک (irík) [بر۔اسم] اس کا سالا یا بہنوئی، نیز دیکھیے -رِک (-rik) ! ضمیر واحد غائب کی علامت ہے۔

اِرِک مِرِک (irík mirík) [بر۔اسم] سالہ بہنوئی، مِرِک (mirík) کے اصل معنی ہمارا سالا یا بہنوئی کے ہوتے ہیں، لیکن یہاں یہ لفظ مرکب کے طور پر استعمال ہوا ہے، بعض موقعوں پر مِرِک (mirík) تابع مہمل بھی ہوسکتا ہے۔

اُرک (urk) [بر۔اسم] بھیڑیا، گرگ۔

اُرک ضَمِنےِ نِمَن ڈُمُل شِم جُوَن

(*urk çhámine niman ḍumúl ṣim juwán*)

[بر۔کہاوت] حرص یا مجبوری کی وجہ سے کوئی خلاف معمول کام کرنا۔

اُرک کےِ بیلِس کا چل مِنُم جُوَن

(*urk ke bélis káa čhil minúm juwán*)

[بر۔کہاوت] دو مخالفوں کا آپس میں امن و آشتی سے رہنا۔

اُرک کےِ بیلِس مَناس (*urk ke bélis manáas*)

[بر۔محاورہ] فطرتاً مخالف ہونا، بعدُالمشرقین۔

اُرکاَی (urkáy) [بر۔اسم] دیکھیے اُرک (urk) جس کی یہ جمع ہے۔

اُرکَر کےِ جوٹِس بَلَندوٗ (*úrkar ke jóṭis balándo*)

[بُر۔کہاوت] ظالم کا بھی اپنی اولاد کے سامنے بے بس ہونا۔

اَرکَش (arkáś) [ف،بر۔اسم] آرا کھینچنے والا، آرے سے لکڑیاں چیرنے والا، (لفظ ارّہ کش کا بروشسکی تلفظ)۔

اَرکَشی (arkaśi) [بر۔اسم] آرا چلانے کا عمل، چرائی۔

اَرکُش (árkuṣ) [بر۔اسم] خوف، ڈر، دہشت۔

مو خوشیےِ بِکَائِک دونمی جار عشقےِ فِرِشتا
اَسنےِ اَرکُش اُیون نِیلا کےِ مُوٗ تھی کےِ تھی دَدَر بیس

دیوانِ نصیری (بروشسکی) ص ۱۴۰۔

ترجمہ: فرشتۂ عشق نے اب میرے لیے (روحانی و جسمانی) خوشیوں کا دروازہ کھول دیا ہے، اس کے نتیجے میں میرے دل کا سارا خوف مٹ چکا ہے، تو پھر ایسے میں مجھے خواہ مخواہ ڈرنے کی کیا ضرورت ہے۔

اِرکِش (írkiṣ) [بر۔اسم] راجباہ، چھوٹی سی نہر جو بڑی نہر سے پانی دینے کے لیے نکالی جائے (۲) دھاگہ، دھاگے کا سرا، یہ لفظ اِلکِش (ílkiṣ) کی بگڑی ہوئی شکل ہے جس کے معنی نہر کا وہ سرا جو بڑی نہر سے جُدا ہوتا ہو، سوئی کا چھید (۳) دودھ جس میں زیادہ بالائی ہو، گاڑھا دودھ (۴) وہ گائے جس کا دودھ گاڑھا ہو۔

اِرکِش دِوسَس (írkiṣ díwsas) [بر۔محاورہ] راجباہ بنانا، بڑی نہر سے چھوٹی نہر نکالنا (۲) سوئی میں دھاگہ پرونا۔

اِرکِشَن (írkiṣan) [بر] دیکھیے اِرکِش (írkiṣ)، یہاں نون علامتِ وحدت ہے۔

اِرِکندَروٗ (irikindaro) [بر۔اسم] دیکھیے اِرِک (irík) جس کی یہ جمع ہے۔

اُرکی (urkí) [بر۔اسم] انگور کو نچوڑنے کے بعد بچا ہوا فضلہ، پھوک۔

اُرکےِ اِسک اُرک میٹبی

(úrke isk úrk meeybí) [بر۔کہاوت] عاقبت گرگ زادہ گرگ شود گرچہ با آدمی بزرگ شود، جیسی اصل ہوتی ہے ویسی اولاد ہوتی ہے چاہے جتنی تربیت کی جائے۔

اُرکے جُو شیم جُوَن (úrke ju šem juwán) [بر۔کہاوت] حرص کی وجہ سے نیک وبد میں تمیز نہ کرنا، کھانے میں بے اعتدالی سے کام لینا، بھلے برے میں فرق نہ کرنا۔

اُرکے جُو نُشیٖن چھپ پہت مَنُم جُوَن (úrke ju nušén čhap phat manúm juwán) [بر۔کہاوت] لالچ کی وجہ سے نقصان اٹھانا، بھلے برے کی تمیز نہ ہونا، حرص کی وجہ سے اندھا ہونا ''وقتِ خوردن چشم تاریک''۔

اُرکے کا نُماَ ہُییَس سُچَای دَمَنے کا نُماَ مَلڈی چَای (úrke káa numá huyés şúçay damáne káa numá malčičay) [بر۔کہاوت] دورُخی اختیار کرنا، دوغلاپن۔

اُرکے مَمُوگُوچھمی کے اُنے بیلِس بی، بیلِسے مَمُوَ اکُوچمی کے اُنر اُرک بی (úrke mamú guchimi ke úne bélis bi, bélise mamú akúcimi ke únar urk bi) [بر۔کہاوت] مشکل وقت میں پرایا کام آئے تو وہ اپنوں سے بہتر ہے (۲) نادان دوست سے دانا دشمن بہتر ہے۔

اِرگِن (írgin) [بر۔امر] دیکھیے اِرگِنَس (írginas) جس کا یہ امر ہے۔

اِرگِنَس (írginas) [بر۔مص] آستینیں چڑھانا، دامن لپیٹنا (۲) ڈٹ کر کھانا (۳) کسی کو پیٹنا، بری طرح مارنا۔

اِرِگِنَس (iriginas) [بر۔اسم] پھلوں اور آلو وغیرہ کا قدرتی دستہ جسے اِلِگِنَس (iliginas) اور ہِرِگِنَس (hiriginas) بھی کہتے ہیں، یہ دراصل اِرِیک گَنَس (iriin gánas) سے ہے (اسقُرکُچِے بَسی ص ۹۴)۔

اِرگِنُم (írginum) [بر] دیکھیے اِرگِنَس (írginas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اُرماَ (urmá) [ت۔اسم] نمدے کے موزے جو کاشغر سے لائے جاتے تھے۔

اَرُن (arún) [بر۔صف] نافرمان، نہ ماننے والا، ہٹ دھرم، ضدی۔

اَرُن مَناس (arún manáas) [بر۔محاورہ] نافرمان ہونا، نہ ماننا، اکڑنا، ضد کرنا۔

اِرَن (iran) [بر۔اسم] پپڑی، بالائی، سرشیر، 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

اِرَن دُوَنس (iran duúnas) [بر۔محاورہ] دودھ یا دہی پر پپڑی پڑنا، بالائی جمنا، سرشیر جمنا۔

اِرِنچ (íriné) [بر۔اسم] خصیہ، خایہ، فوطہ۔

اَرْوا (arwáa) [ع، بر۔اسم] قبر (۲) روحیں، (عربی لفظ ارواح کا بگاڑ)۔

اَرْواٹے نِیَس (arwáaṭe niyas) [بر۔محاورہ] میت کی تدفین میں شرکت کرنا۔

اَرْوا ڈُم تیِش (arwáa čum teş) [بر۔کلمۂ قسم] روح کی قسم، قبر کی قسم۔

اَرْوا رِضا (arwáa rizáa) [بر۔دعا] ارواح خوش ہوں، ارواح راضی ہوں۔

اَرْوامُڈ (arwáamuč) [بر۔اسم] روحیں (۲) قبریں، اروا (arwáa) کی جمع۔

اُرُوس (urós) [بر۔اسم] روس کے لوگ، روسی، روس۔

اُرُوسی (urosi) [بر۔اسم] روس سے متعلق، روسی ساز وسامان۔

اُرُوسی تُمَق (urosi tumáq) [بر۔اسم] روسی بندوق، دنبالہ بندوق۔

اِری (íri) [بر۔اسم] دیکھیے اِر (ir)۔

اِرِیَنْ (*iriiṅ*) [بر۔اسم] اُس کا ہاتھ، ۔رِیَنْ (*-riiṅ*) ہاتھ، ا ضمیر واحد غائب کی علامت ہے۔

اِرِیَنْ اَپَرڈٹے گنَس (*iriiṅ apárcaṭe gánas*) [بر۔محاورہ] بددعا دینا۔

اِرِیَنْ اَتیشکُوَس (*iriiṅ atéskuwas*) [بر۔محاورہ] تناول نہ کرنا، لقمہ نہ لینا، تھوڑا بھی نہ کھانا۔

اِرِیَنْ اَتیشقلتَس (*iriiṅ atéṣqaltas*) [بر۔محاورہ] کسی کام میں کامیابی نہ ہونا (۲) کسی جگہ تک ہاتھ نہ پہنچنا، رسائی نہ ہونا۔

اِرِیَنْ اِچھیَس (*iriiṅ ichíyas*) [بر۔محاورہ] مدد کے لیے ہاتھ بڑھانا، وعدہ کرنا، دوستی کے لیے راضی ہونا، صلح کرنا۔

اِرِیَنْ اَچُوَس (*iriiṅ acúwas*) [بر۔محاورہ] میسر نہ آنا، دستیاب نہ ہونا، نہ ملنا (۲) شیرخوار بچے کی موت واقع ہونا۔

اِرِیَنْ اِسَرکَس (*iriiṅ isárkas*) [بر۔محاورہ] تھپڑ مارنا، وار کرنا۔

اِرِیَنْ اوسَس (*iriiṅ óosas*) [بر۔محاورہ] کسی کی حمایت کرنا، جانبداری کرنا (۲) بچا کر رکھنا، ضرورت کے لیے بچا کر رکھنا (۳) اپنی ذمہ داری میں رکھنا۔

اِرِیَنْ اوَتیَس (*iriiṅ oótayas*) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِرِیَنْ تیَس (*iriiṅ táyas*) جس کی یہ ضد ہے۔

اِرِیَنْ اوَرُٹَس (*iriiṅ oóruṭas*) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِرِیَنْ ہُرُٹَس (*iriiṅ hurúṭas*) جس کی یہ ضد ہے۔

اِرِیَنْ اوَقرَٹَس (*iriiṅ oóqaraṭas*) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِرِیَنْ خرَٹَس (*iriiṅ qharáṭas*) جس کی یہ ضد ہے۔

اِرِیَنْ اوَنیَس (*iriiṅ oóniyas*) [بر۔محاورہ] کسی کام میں دل نہ لگنا، عدم دلچسپی، جی نہ چاہنا (۲) نالائقی، نااہلی۔

اِرِیَنْ اَئیرَس (*iriiṅ ayéeras*) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِرِیَنْ ایرَس (*iriiṅ éeras*) جس کی یہ ضد ہے۔

اِرِیَنْ اِیلجقِس ایتَس (*iriiṅ iiljaqiṣ étas*) [بر۔محاورہ] ہاتھ کھینچ لینا، کسی کام کے کرنے سے رُک جانا، کسی کام سے علیحدگی اختیار کرنا۔

اِرِیَنْ ایتَس (*iriiṅ étas*) [بر۔محاورہ] قابض ہونا، حاصل کرنا (۲) کوئی چیز ہاتھ میں پہننا، مثلاً گھڑی، انگوٹھی وغیرہ۔

اِرِیَنْ ایسکرڈَس (*iriiṅ éskarcas*) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِرِیَنْ چُرُک ایتَس (*iriiṅ ćurúk étas*)۔

اِرِیَنْ ایسکِرَس (*iriiṅ éskiras*) [بر۔محاورہ] مہندی یا کسی رنگ سے ہاتھوں کو رنگین کرنا (۲) رشوت لینا۔

اِرِیَنْ ایشی بشَیَس (*iriiṅ éśi biśayás*) [بر۔محاورہ] ہاتھ کسی کے گلے میں ڈالنا، ہاتھ طوقِ گلو کرنا۔

اِرِیَنْ ایگڈرَس (*iriiṅ égućaras*) [بر۔محاورہ] دست درازی کرنا، چوری کرنا، ہاتھ سے جلدی جلدی کام کرنا۔

اِرِیَنْ ایبَلتَس (*iriiṅ éebaltas*) [بر۔محاورہ] کسی کے ہاتھ پر پانی ڈالنا (۲) خدمت گزاری کرنا، نوکر کا کام کرنا (۳) چھوٹے بچے سے رفعِ حاجت کرانا۔

اِرِیَنْ ایدُرُوَس (*iriiṅ éeduruwas*) [بر۔محاورہ] محنت کرنا، نوکری کرنا، کام کرنا، خدمت کرنا۔

اِرِیَنْ ایر اوَمنَس (*iriiṅ éer oómanas*) [بر۔محاورہ] بیماری/کمزوری یا بڑھاپے کی وجہ سے ہاتھ کام کرنے سے رہ جانا۔

اِرِیَنْ ایرَس (*iriiṅ éeras*) [بر۔محاورہ] دلچسپی سے کام کرنا، لگن سے کام کرنا۔

اِرِیَنْ اییَلَس (*iriiṅ éeyalas*) [بر۔محاورہ] کسی کے ہاتھ کو توڑ دینا (۲) کام میں رکاوٹ ڈالنا۔

اِرِیَنْ ایوَلَس (*iriiṅ eéwalas*) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِرِیَنْ اَچُوَس (*iriiṅ acuwas*)۔

اِرِیَنْ بالتَس (*iriiṅ báaltas*) [بر۔محاورہ] ہاتھ دھو لینا

(۲) مایوس ہونا، محروم ہونا، کھو بیٹھنا، دست بردار ہونا، ہاتھ سے نکل جانا (۳) رفع حاجت کرنا۔

اِرِیکٗ بِزُٹُو مَناس (*iríiṅ biizuṭú manáas*) [بر۔محاورہ] ہاتھ رُک جانا، ہاتھ بند ہونا، زُٹُو (*zuṭú*) دراصل جُنب کی حالت کو کہا جاتا ہے، چونکہ جُنب کی حالت میں کسی چیز کو ہاتھ نہیں لگایا جاتا، اس لیے یہ محاورہ بن گیا۔

اِرِیکٗ بُکر غَسَپ ایِتَس (*iríiṅ búkar ġaṣáp étas*) [بر۔محاورہ] ہاتھ گریبان تک لے جانا، بے عزتی کرانا۔

اِرِیکٗ بُوَس / بُیَس (*iríiṅ búwas/búyas*) [بر۔محاورہ] ہاتھ سوکھ جانا، بیماری کی وجہ سے اپاہج ہو جانا۔

اِرِیکٗ بیِسن اوٗمَنَس (*iríiṅ besan oómanas*) [بر۔محاورہ] تنگ دست ہونا، مجبور ہونا۔

اِرِیکٗ پَسوم ایِتَس (*iríiṅ pasóom étas*) [بر۔محاورہ] ہاتھ نہ لگانا، کسی کام کو عار سمجھنا۔

اِرِیکٗ پُھپُھر ایِتَس (*iríiṅ phuphúr étas*) [بر۔محاورہ] ہاتھ کو نچانا، ہاتھ تھرکانا۔

اِرِیکٗ پَھت ایِیتَس (*iríiṅ phat ayétas*) [بر۔محاورہ] ہاتھ کو پکڑے رہنا۔

اِرِیکٗ پَھت مَناس (*iríiṅ phat manáas*) [بر۔محاورہ] ہاتھ کا ڈھیلا پڑنا، ہاتھ کا شل ہو جانا (۲) بیماری کی وجہ سے ہاتھ اَپاہج ہونا (۳) ہاتھ چھٹ جانا۔

اِرِیکٗ پَھل ایِتَس (*iríiṅ phal étas*) [بر۔محاورہ] کسی کو بلانا، ہاتھ کے اشارے سے بلانا۔

اِرِیکٗ تُرَپ ایِتَس (*iríiṅ trap étas*) [بر۔محاورہ] مصافحہ کرنا، ملاقات کرنا (۲) دوستی کے لیے ہاتھ بڑھانا (۳) رخصت ہوتے وقت ہاتھ ملانا (۴) پہلوانوں کا کشتی کے وقت ایک دوسرے کے ہاتھ سے ہاتھ مَس کرنا (۵) برابری کا دعویٰ کرنا، سودا کرتے وقت ہاتھ ملانا (۶) وعدہ کرتے وقت ہاتھ ملانا۔

اِرِیکٗ تَیَس (*iríiṅ táyas*) [بر۔محاورہ] ٹوٹے ہوئے ہاتھ کا جُڑ جانا، ہاتھ کا مجرب ہونا۔

اِرِیکٗ تَھآر ایِتَس (*iríiṅ thaár éetas*) [بر۔محاورہ] کسی بندھے ہوئے ہاتھ کو قدرے کھول دینا (۲) مُٹھی کو کھلوا دینا۔

اِرِیکٗ تَھآر مَناس (*iríiṅ thaár manáas*) [بر۔محاورہ] بندھے ہوئے ہاتھ قدرے کھل جانا (۲) تنگی نہ رہنا، ہاتھ میں روپیہ آنا، مشکل وقت قدرے کم ہونا۔

اِرِیکٗ تَھر ایِتَس (*iríiṅ thar éetas*) [بر۔محاورہ] ہاتھ کھول دینا (۲) بندھے ہوئے ہاتھ کو کھول دینا۔

اِرِیکٗ تَھر مَناس (*iríiṅ thar manáas*) [بر۔محاورہ] ہاتھ کھل جانا (۲) بندھے ہوئے ہاتھ کھل جانا، نیز دیکھیے اِرِیکٗ دُشُنَس (*iríiṅ dušúnas*)۔

اِرِیکٗ تَھآر مُوٗر مَناس (*iríiṅ thaármuúr manáas*) [بر۔محاورہ] سخی ہونا، آسودہ حال ہونا۔

اِرِیکٗ تُھوٗر ایِتَس (*iríiṅ thuúr éetas*) [بر۔محاورہ] شیرخوار بچے کے گہوارے میں بندھے ہوئے ہاتھوں کو قدرے کھول دینا۔

اِرِیکٗ تھی کے تھی دیسقَنَس (*iríiṅ thi ke thi déesqanas*) [بر۔محاورہ] بے فائدہ کام کرنا، بے سود محنت مشقت کرنا۔

اِرِیکٗ جآش ایِتَس (*iríiṅ jaáṣ étas*) [بر۔محاورہ] ہاتھ کھینچ لینا، کسی کام سے علیحدگی اختیار کرنا۔

اِرِیکٗ جُک ایِیتَس (*iríiṅ juk ayéetas*) [بر۔محاورہ] پاس نہ آنے دینا، چھونے نہ دینا، ہاتھ نہ لگانے دینا (۲) عورت کا مرد کو پاس نہ آنے دینا۔

اِریکْ چُرُکْ ایتَس (iríiṅ ćurúk étas) [بر۔محاورہ] ہاتھ قلم کر دینا (۲) تحریری طور پر اقرار کرنا۔

اِریکْ چُرُکْ ایتَس (iríiṅ ćurúk éetas) [بر۔محاورہ] ہاتھ کٹوانا (۲) بے اختیار کر دینا (۳) تحریری اقرار لینا۔

اِریکْ چُرُکْ مَناس (iríiṅ ćurúk manáas) [بر۔محاورہ] ہاتھ کٹ جانا (۲) بے اختیار ہونا (۳) تحریری اقرار کرنا۔

اِریکْ چُرُکْ مَنُم (iríiṅ ćurúk manúm) [بر۔محاورہ] ہاتھ کٹے ہونا (۲) (بددعائیہ) اس کا ہاتھ کٹ جائے۔

اِریکْ چُوَم مَناس (iríiṅ chuúm manáas) [بر۔محاورہ] سست کار ہونا، آہستہ آہستہ کام کرنا، ضعیفی کی وجہ سے کام کرنے کی صلاحیت کم ہونا۔

اِریکْ خاآش ایتَس (iríiṅ qhaáṣ étas) [بر۔محاورہ] ہاتھ پھیرنا، کسی چیز پر ہاتھ رکھ کر ادھر ادھر ہلانا، مثلاً گھوڑے کے بدن پر ہاتھ پھیرنا (۲) مساس کرنا (۳) پیار کرنا، چکارنا۔

اِریکْ خَرَٹَس (iríiṅ qharáṭas) [بر۔محاورہ] کسی کام میں ماہر ہونا، سلیقہ مندی سے کام کرنا، پختہ کار ہونا۔

اِریکْ خَرَس (iríiṅ qháras) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِریکْ خَقَرَس (iríiṅ qháqaras)۔

اِریکْ خُسْ مَناس (iríiṅ qhuṣ manáas)[بر۔محاورہ] خالی ہاتھ ہونا (۲) کچھ نہ ہونا، مُفلس ہونا۔

اِریکْ خَقَرَس (iríiṅ qháqaras) [بر۔محاورہ] سردی کی وجہ سے ہاتھ پھٹ جانا۔

اِریکْ دال ایتَس (iríiṅ dáal étas) [بر۔محاورہ] دست بردار ہونا، ذمہ داری سے ہاتھ اٹھالینا (۲) اُمید ختم کرنا، مایوس ہونا۔

اِریکْ دال مَناس (iríiṅ dáal manáas) [بر۔محاورہ] دلچسپی ختم ہونا، اُمید ختم ہونا۔

اِریکْ دال نے جُوّ ایتَس (iríiṅ dáal ne juú étas) [بر۔محاورہ] احتراماً ہاتھ کے اشارے سے سلام کرنا۔

اِریکْ دال نے جُوّ گَنَس (iríiṅ dáal ne juú gánas) [بر۔محاورہ] ہاتھ کے اشارے سے سلام کا جواب دینا۔

اِریکْ دِپِرچَس (iríiṅ dipirćas) [بر۔محاورہ] ہاتھ کے جوڑ یا کلائی کا اپنی جگہ سے نکل جانا۔

اِریکْ دُچھَنُم (iríiṅ dućhánum) [بر۔محاورہ] تنگ دست ہونا، روپیہ پیسہ پاس نہ ہونا، غریب ہونا۔

اِریکْ دَدَر مَناس (iríiṅ dádar manáas) [بر۔محاورہ] ہاتھ کانپنا، ہاتھ میں رعشہ ہونا (۲) گھبرانا، حواس باختہ ہونا۔

اِریکْ دِچَس (iríiṅ dićas) [بر۔محاورہ] حاصل کرنا، کمانا (۲) ہم خیال بنانا، قابو کرنا۔

اِریکْ دِشَقُم (iríiṅ diśáqum) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِریکْ دُچھَنُم (iríiṅ dućhánum) جس کی یہ ضد۔

اِریکْ دُشُنَس (iríiṅ duśúnas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِریکْ تھر مَناس (iríin thar manáas)۔

اِریکْ دُغَنَس (iríiṅ duǵánas) [بر۔محاورہ] ہاتھ گھس جانا، بہت زیادہ محنت مشقت کرنا، بہت دیر تک کام کرنا۔

اِریکْ دُمَرَس (iríiṅ dumaras) [بر۔محاورہ] دست بوسی کرنا، ہاتھ چومنا، مصافحہ کرنا (۲) منت سماجت یا خوشامد کرنا (۳) سلام پیش کرنا۔

اِریکْ دوّقَس (iríiṅ doóqas) [بر۔محاورہ] ہاتھ سوجنا، بیماری یا درد کی وجہ سے ہاتھ میں سوجن ہونا۔

اِریکْ دِوسَس (iríiṅ díwsas) [بر۔محاورہ] ہاتھ کو کسی چیز سے باہر لانا، جیسے جیب سے۔

اِریکْ دُوَسَس (iríiṅ duúsas) [بر۔محاورہ] تنگی ہونا۔

ضرورت میں کام آنا (۲) مصیبت سے نکلنا، سوگ کے دن پورے ہونا۔

اِریکٗ دیٗسکُوَس (*iriiṅ dés̥kuwas*) [بر۔محاورہ] تناول کرنا، لقمہ لینا۔

اِریکٗ دیٗشَیَس (*iriiṅ déšayas*) [بر۔محاورہ] ہاتھ کو روکنا، کسی کام سے باز رہنا، ہاتھ کھینچ لینا (۲) کفایت شعاری کرنا، کم خرچ کرنا۔

اِریکٗ دیٗشقَلتَس (*iriiṅ dés̥qaltas*) [بر۔محاورہ] ہاتھ کا کسی جگہ پہنچنا (۲) رسائی ہونا (۳) کسی کام میں کامیابی ہونا۔

اِریکٗ دیٗچقَرَس (*iriiṅ déčaqaras*) [بر۔محاورہ] ہاتھ کا پنجہ پورا پھیلانا (۲) سخاوت کرنا۔

اِریکٗ دیٗچقُرَس (*iriiṅ déčaquras*) [بر۔محاورہ] ہاتھ ٹھنڈا کرنا، ہاتھ کا ٹھٹھر جانا۔

اِریکٗ دیلَس (*iriiṅ délas*) [بر۔محاورہ] مداخلت کرنا، دخل اندازی کرنا، رکاوٹ پیدا کرنا (۲) چھری وغیرہ سے ہاتھ کاٹنا۔

اِریکٗ دیپرڈَس (*iriiṅ déepirčas*) [بر] کسی کے ہاتھ کا جوڑ کو اپنی جگہ سے اُکھاڑ دینا۔

اِریکٗ دیشُنَس (*iriiṅ déešunas*) [بر۔محاورہ] بندھے ہوئے ہاتھ کی رسی کھول دینا، بندھے ہوئے ہاتھ کی پٹی کھول دینا (۲) آزاد کرنا۔

اِریکٗ دیغایَس (*iriiṅ déeġayas*) [بر۔محاورہ] ہاتھ کھجلانا (۲) کسی کو مارنے کا ارادہ کرنا (۳) کچھ ملنے کی اُمید ہونا (۴) لوگوں کا خیال ہے کہ اگر داہنے ہاتھ پر کھجلی ہو تو کوئی چیز مثلاً روپیہ وغیرہ آئے گا اور اگر بائیں پر کھجلی ہو تو نقصان ہوگا۔

اِریکٗ دیمرَس (*iriiṅ déemaras*) [بر۔محاورہ] ہاتھ ملوانا، مصافحہ کرانا (۲) ناراضگی ختم کرانا، رفع دفع کرانا۔

اِریکٗ دیمَنَس (*iriiṅ déemanas*) [بر۔محاورہ] ہاتھ کا بے حس ہونا، بے سدھ ہونا، سُن ہونا۔

اِریکٗ ڈُپ اییَتَس (*iriiṅ čap ayétas*) [بر۔محاورہ] بالکل نہ چھونا، احتراز کرنا، دُور رہنا (۲) خاطر میں نہ لانا۔

اِریکٗ ڈُپ اییَتس (*iriiṅ čap étas*) [بر۔محاورہ] چھونا، مَس کرنا (۲) مارنا، زدوکوب کرنا، سزا دینا (۳) کام شروع کرنا، مدد کرنا (۴) سہارا دینا، کسی چیز کے اُٹھانے میں مدد دینا (۵) حکیم کا نبض دیکھنا، علاج شروع کرنا (۶) مال چرانا، غبن کرنا۔

اِریکٗ ڈُپ مَناس (*iriiṅ čap manáas*) [بر۔محاورہ] ملنا، حاصل ہونا (۲) واسطہ پڑنا، سابقہ پڑنا۔

اِریکٗ ڈُپَر کیے پَسوم اِمَنَس (*iriiṅ čápar ke pasóom imánas*) [بر۔محاورہ] کوئی ایسی صاف اور شفاف چیز جس کو ہاتھ لگاتے ہوئے بھی احتیاط کی ضرورت ہو (۲) کسی کام کو ہاتھ نہ لگانا۔

اِریکٗ ڈُٹ اییَتَس (*iriiṅ čaṭ étas*) [بر۔محاورہ] ہاتھ روکنا۔

اِریکٗ ڈُم (*iriiṅ čum*) [بر۔محاورہ] ہاتھ کے ذریعے سے، کے سبب سے، ذات سے، دم سے۔

اِریکٗ ڈُم اَتُوسَس (*iriiṅ čum atúusas*) [بر۔محاورہ] قابو سے باہر نہ ہونا، ضائع نہ ہونا (۲) ہاتھ سے کچھ بھی نہ آنا/کرنا۔

اِریکٗ ڈُم اُچھیَس (*iriiṅ čum učhíyas*) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِریکٗ ڈُم اُوَوَس (*iriiṅ čum uúwas*)۔

اِریکٗ ڈُم اِشیرَس (*iriiṅ čum išíiras*) [بر۔محاورہ] کسی کے ہاتھ سے چھیننا۔

اِریکٗ ڈُم اُوَوَس (*iriiṅ čum uúwas*) [بر۔محاورہ] بخشنا، عنایت کرنا۔

اِریکٗ ڈُم ایرَس (*iriiṅ čum éeras*) [بر۔محاورہ] ضائع کرنا، کھو دینا۔

اِریکٗ ڈُم بیَس کیے اَتیمَٹے تھشکُم غَراس (*iriiṅ čum béske atíimaṭe thášk̥um*

(garáas [بر۔محاورہ] صلاحیت نہ ہونے کے باوجود بڑی بڑی باتیں کرنا۔

اِرِیکْ ڈُم پَھت ایتَس (iriiṅ ċum phat éetas) [بر۔محاورہ] ہاتھ سے چھڑا دینا۔

اِرِیکْ ڈُم پَھت مَناس (iriiṅ ċum phat manáas) [بر۔محاورہ] ہاتھ سے گر جانا، ہاتھ سے چھوٹ جانا۔

اِرِیکْ ڈُم دُرو دُمَنَس (iriiṅ ċum duró dumánas) [بر۔محاورہ] کوئی کام انجام دینے کی صلاحیت رکھنا، کارآمد شخصیت کا مالک ہونا۔

اِرِیکْ ڈُم دِوَسَس (iriiṅ ċum díwasas) [بر۔محاورہ] ہاتھ سے بچ کر نکلنا۔

اِرِیکْ ڈُم دِوسَس (iriiṅ ċum díwsas) [بر۔محاورہ] ضائع کرنا، کھو دینا (۲) کسی کو ناراض کرنا، کسی کی مدد سے خود کو محروم کرنا (۳) قابو سے باہر ہونے دینا۔

اِرِیکْ ڈُم دُوَسَس (iriiṅ ċum duúsas) [بر۔محاورہ] کسی کے ہاتھ سے نکل جانا، قبضے سے باہر ہونا، ضائع ہونا، بس سے باہر ہونا، قابو سے باہر ہونا، اختیار نہ رہنا۔

اِرِیکْ ڈُم ژُوَس (iriiṅ ċum żúwas) [بر۔محاورہ] ہنر مند، باصلاحیت، لائق۔

اِرِیکْ ڈُم ثِیَس (iriiṅ ċum ṣíyas) [بر۔محاورہ] کسی کے ذریعے رزق کھانا، کسی کی مدد سے مراد پوری ہونا (۲) مار کھانا، سزا پانا۔

اِرِیکْ ڈُم قَلم پَھت ایتَس (iriiṅ ċum qalám phat étas) [بر۔محاورہ] لکھنا چھوڑ دینا، لکھنے سے باز رہنا، لکھنا ختم کر دینا۔

اِرِیکْ ڈُم کَمَنے دِوَسَس (iriiṅ ċum kámane díwasas) [بر۔محاورہ] بال بال بچنا۔

اِرِیکْ ڈُم نِیَس (iriiṅ ċum niyas) [بر۔محاورہ] ہاتھ سے نکل جانا (۲) ضائع ہونا، بے قابو ہونا۔

اِرِیکْ ڈے دُوَنَس (iriiṅ ċe duúnas) [بر۔محاورہ] کسی کی مدد کرنا، کسی کو سہارا دینا، راہنمائی کرنا، ہاتھ تھامنا (۲) کسی کو روکنا۔

اِرِیکْ ڈے کَکَرَس (iriiṅ ċe kakáras) [بر۔محاورہ] کسی بات پر اڑ جانا، کسی بات کو بہانہ بنانا، کسی بات پر ضد کرنا۔

اِرِیکْ رِک ایتَس (iriiṅ rik étas) [بر۔محاورہ] کسی کو مارنے کے لیے ہاتھ اُٹھانا، مارنے کے لیے تیار ہونا۔

اِرِیکْ سُوَس (iriiṅ súwas) [بر۔محاورہ] حاصل کرنا، مقصد میں کامیاب ہونا (۲) ہاتھ آگے بڑھانا، ہاتھ ملانا۔

اِرِیکْ شَشَو ایتَس (iriiṅ šašaw éetas) [بر۔محاورہ] ہاتھ میں (سردی کی وجہ سے) درد ہونا (۲) ہاتھ میں (جلد کی بیماری کے باعث) درد ہونا۔

اِرِیکْ شُوا مَناس (iriiṅ šuwá manáas) [بر۔محاورہ] ہاتھ مبارک ہونا، نیک شگون ہونا، علاج معالج کے لیے مجرب ثابت ہونا۔

اِرِیکْ شوُقُم ایتَس (iriiṅ šóqum étas) [بر۔محاورہ] سخی بننا، سخاوت کا مظاہرہ کرنا۔

اِرِیکْ شوُقُم مَناس (iriiṅ šóqum manáas) [بر۔محاورہ] فیاضی کی عادت ہونا، سخی ہونا۔

اِرِیکْ ثاَو ایتَس (iriiṅ ṣaáw étas) [بر۔محاورہ] طہارت کرنا، منہ ہاتھ دھونا (۲) رفع حاجت کرنا۔

اِرِیکْ سِقَرے یُوَلگِشَر دیلَس (iriiṅ ṣiqáre yuúlgiṣar délas) [بر۔محاورہ] بہت خطرناک کام کرنا، کسی خطرناک کام کو ہاتھ میں لینا، بُرے آدمی کو چھیڑنا۔

اِریکْ شُو اَتُوَسَس (iríiṅ ṣúu atúwasas) [بر۔محاورہ] بہت کام کرنا، ہر وقت کام میں لگا رہنا۔

اِریکْ غَسَپ اِیتَس (iríiṅ ġaṣáp étas) [بر۔محاورہ] کسی چیز کو پکڑنے کے لیے ہاتھ کو تیزی سے حرکت دینا۔

اِریکْ غُلاس (iríiṅ ġuláas) [بر۔محاورہ] ہاتھ کا جل جانا، (۲) ہاتھ کا ٹھٹھرنا، سردی کی شدت سے بے سدھ ہونا۔

اِریکْ کھاآش اِیچَر بَٹْکُش اِمَنَس
(iríiṅ khaáṣ éčar báṭkuṣ imánas) [بر۔محاورہ] کسی کام کو ہاتھ نہ لگانا، کام سے جی چرانا (۲) سستی کرنا۔

اِریکْ کھاآش اِیچَر کےَ پَسوم اِمَنَس
(iríiṅ khaáṣ éčar ke pasóom imánas) [بر۔محاورہ] بڑائی کرنا، نیز دیکھیے اِریکْ کھاآش اِیچَر بَٹْکُش اِمَنَس (iríiṅ khaáṣ éčar báṭkuṣ imánas)۔

اِریکْ کھاآش اِیتَس (iríiṅ khaáṣ étas) [بر۔محاورہ] ہاتھ آہستگی سے آگے بڑھانا، کام میں حصہ لینا (۲) بساط کے مطابق کام کرنا۔

اِریکْ کھاآش مَناس (iríiṅ khaáṣ manáas) [بر۔محاورہ] ہاتھ آہستگی سے ہلنا، ہاتھ آہستگی سے آگے بڑھنا (۲) کام میں حصہ لینا، بساط کے مطابق کام کرنا۔

اِریکْ کَھش مَناس (iríiṅ khaṣ manáas) [بر۔محاورہ] کسی کام کو غیر ضروری ہاتھ لگانا، ہاتھ بڑھانا۔

اِریکْ کِھکِھش مَناس
(iríiṅ khikhiṣ manáas) [بر۔محاورہ] چور ہونا، چوری کی عادت ہونا۔

اِریکْ کِھیل اِیتَس (iríiṅ khíil étas) [بر۔محاورہ] مدد کرنا، کسی کو کچھ دینا، کسی کی ضرورت پوری کرنا، حاجت روائی کرنا (۲) بھیک مانگنا۔

اِریکْ کِھیل اِیچُمےَ گُچَرَس
(iríiṅ khíil écume gučáras) [بر۔محاورہ] بھیک مانگتے پھرنا، فقیر ہونا (۲) مفلس ہونا۔

اِریکْ کےَ جُک اَییتَس (iríiṅ ke juk ayéetas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِریکْ کےَ ڈَپ اَییتَس (iríiṅ ke čap ayéetas)۔

اِریکْ کےَ ڈِس اَییتَس (iríiṅ ke ḍis ayéetas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِریکْ کےَ ڈَپ اَییتَس (iríiṅ ke čap ayéetas)۔

اِریکْ کےَ ڈَپ اَییتَس (iríiṅ ke čap ayéetas) [بر۔محاورہ] بالکل ہاتھ نہ لگانے دینا، بالکل کام نہ کرنے دینا (۲) بالکل نہ کھانے دینا۔

اِریکْ گُچَرَس (iríiṅ gučáras) [بر۔محاورہ] ہاتھ چلنا، کسی کام کی مشق ہونا۔

اِریکْ گَلَس (iríiṅ gálas) [بر۔محاورہ] ہاتھ کا ٹوٹ جانا، بے بس ہونا، بے یار و مددگار ہونا۔

اِریکْ گَلش (iríiṅ galṣ) [بر۔کلمۂ تمنا] اس کا ہاتھ ٹوٹ جائے۔

اِریکْ گَلُم (iríiṅ gálum) [بر] دست شکستہ، وہ جس کا ہاتھ ٹوٹا ہو (۲) یہ جملہ بددعا یا تمنا کے لیے بھی آتا ہے، مثلاً اس کا ہاتھ ٹوٹ جائے۔

اِریکْ گَنَس (iríiṅ gánas) [بر۔محاورہ] دعا کے لیے ہاتھ اُٹھانا (۲) ذمہ داری لینا (۳) قبضہ کرنا (۴) دعا کرنا۔

اِریکْ مُچْ اِیتَس (iríiṅ muç étas) [بر۔محاورہ] مٹھی باندھنا (۲) کنجوسی کرنا، بخیلی کا مظاہرہ کرنا۔

اِریکْ مُچْ مَناس (iríiṅ muç manáas) [بر۔محاورہ] بخیل ہونا، کنجوس ہونا (۲) مجبور ہونا۔

اِریکُ مَرَق ایَتَس (iríin maráq étas) [بر۔محاورہ] کسی کا ہاتھ جوڑ سے نکلنا، ہاتھ مڑ جانا۔

اِریکُ مَرَق مَناس (iríin maráq manáas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِریکُ ہوَلے بَلاس (iríin hóle baláas)۔

اِریکُ مَرمُک ایَتَس (iríin marmúk étas) [بر۔محاورہ] کنجوس بننا، بخیلی سے کام لینا۔

اِریکُ مُن مَناس (iríin mun manáas) [بر۔محاورہ] بے بس ہونا، مجبور ہونا۔

اِریکُ مُن ایتَس (iríin mun éetas) [بر۔محاورہ] بے بس کرنا، مجبور کرنا۔

اِریکُ مَناس (iríin manáas) [بر۔محاورہ] ہاتھ میں کسی چیز کا ہونا، دولتمند ہونا، ہاتھ میں روپیہ پیسہ ہونا (۲) دخل ہونا، تعلق ہونا (۳) ہاتھ کا پانی یا غلاظت میں لگنا۔

اِریکُ وَلَس (iríin wálas) [بر۔محاورہ] ہاتھ لگنا، ہاتھ آنا (۲) چوری کرنا۔

اِریکُ ہُرُٹَس (iríin hurúṭas) [بر۔محاورہ] ہاتھ جمنا، مشق ہونا، کام میں مہارت ہونا۔

اِریکُ ہُمَلکُم ایَتَس (iríin humálkum étas) [بر۔محاورہ] کام کو جلدی سرانجام دینا، چابک دست ہونا۔

اِریکُ ہُمَلکُم مَناس (iríin humálkum manáas) [بر۔محاورہ] چابک دست ہونا، کام کو جلدی اور مہارت سے کرنے کی صلاحیت ہونا۔

اِریکُ ہوَلے بَلاس (iríin hóle baláas) [بر۔محاورہ] ہاتھ اُتر جانا، ہاتھ کا جوڑ اپنی جگہ سے نکل جانا۔

اِریکُ یارے (iríin yáare) [بر۔محاورہ] ہاتھ تلے (۲) قابو میں، قبضے میں، پاس، قریب۔

اِریکُ یارے اوسَس (iríin yáare óosas) [بر۔محاورہ] ضرورت کے لیے بچا رکھنا، آڑے وقت کے لیے بچانا، کسی چیز کا ہر وقت پاس ہونا، احتیاط سے رکھنا، تیار ہونا، بچا کے رکھنا۔

اِریکُ یاَرقِش ایَتَس (iríin yaárqiṣ étas) [بر۔محاورہ] کسی چیز کو لینے یا دینے کے لیے ہاتھ آگے بڑھانا۔

اِریکُ یَٹِسَٹے اوسَس (iríin yáṭisaṭe oósas) [بر۔محاورہ] شفقت دینا، پیار کا اظہار کرنا (۲) خیال رکھنا۔

اِریکُ یَٹِس ڈے تُرَپ ایَتَس (iríin yáṭis ċe trap étas) [بر۔محاورہ] بہت پچھتانا، پشیمان ہونا، افسوس کرنا۔

اِریکُ یَکَل بَرینَس (iríin yákal barénas) [بر۔محاورہ] کسی کا محتاج ہونا، دست نگر ہونا۔

اِریکُ یَنَس (iríin yánas) [بر۔محاورہ] ہاتھ میں لینا (۲) خاطر داری کرنا۔

اِریکُ یُوَس (iríin yuúwas) [بر۔محاورہ] کسی کے سپرد کرنا، حفاظت میں دینا، پکڑوانا۔

اُریکُ اِیلتَلَنَس (uríin éltalanas) [بر۔محاورہ] وارنا، صدقے جانا (۲) خواتین کا اپنے بھائیوں اور بیٹوں کے لیے ہاتھوں کو مخصوص انداز میں گھماتے ہوئے واری صدقے جانے کے جذبات کا اظہار کرنا۔

اُریکُ دُکَھٹَس (uríin dukháṭas) [بر۔محاورہ] ناہمواری آنا (۲) کام میں رکاوٹ پیدا ہونا (۳) مشکل سے دوچار ہونا۔

اِریکُٹُم (iríiṅaṭum) [بر۔محاورہ] دست نگر، محتاج، بے بس، کسی کے رحم و کرم پر۔

اِریکُٹُم اِمَنَس (iríiṅaṭum imánas) [بر۔محاورہ] کسی کا محتاج ہونا، دست نگر ہونا، کسی پر دارومدار ہونا۔

اِریکُٹُم دال ایَتَس (iríiṅaṭum dáal étas) [بر۔محاورہ]

فوراً اٹھانا، اُسی وقت اٹھانا۔

اِریکٹُم دال مَناس (iriiṅaṭum dáal manáas) [بر۔محاورہ] بہت جلد صرف ہوجانا، فوراً خرچ ہوجانا۔

اِریکٹُم دُوَلس (iriiṅaṭum duwálas) [بر۔محاورہ] ہاتھ آئی ہوئی چیز فوراً خرچ ہونا، فضول خرچی کرنا، بے جا خرچ کرنا۔

اِریکٹُم گَس اِمَنس (iriiṅaṭum gaṣ imânas) [بر۔محاورہ] کسی چیز کا فوراً ایک جانا، ہاتھوں ہاتھ بک جانا۔

اِریکٹے (iriiṅaṭe) [بر۔محاورہ] ہاتھ پر، فوراً، اُسی وقت۔

اِریکٹے اِریک اوسَس (iriiṅaṭe iriiṅ óosas) [بر۔محاورہ] بے کار رہنا، فضول بیٹھنا، ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہنا۔

اِریکٹے اِریک نوس ہُرُٹس (iriiṅaṭe iriiṅ nóos hurúṭas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِریکٹے اِریک اوسَس (iriiṅaṭe iriiṅ óosas)۔

اِریکٹے اوسَس (iriiṅaṭe óosas) [بر۔محاورہ] ہاتھ پر رکھنا، اسی وقت دینا، نقد دینا۔

اِریکٹے تھوایَتَس (iriiṅaṭe thúu éetas) [بر۔محاورہ] کسی سے نہایت نفرت کرنا، حقارت کی نظر سے دیکھنا، خاطر میں نہ لانا۔

اِریکٹے دُوَشَم (iriiṅaṭe duúšam) [بر۔محاورہ] غلام ہونا، تابع ہونا، مطیع ہونا، دست نگر ہونا۔

اِریکٹے دَیُو ایَتَس (iriiṅaṭe dayú étas) [بر۔محاورہ] کسی چیز کو ہاتھ سے ناپنا۔

اِریکٹے دیشاَیَس (iriiṅaṭe déšayas) [بر۔محاورہ] وار کو روکنا، ضرب کو روکنا۔

اِریکٹے سَروَک گِم جُوَن (iriiṅaṭe ṣaróṅ gim juwán) [بر۔کہاوت] بے کار بیٹھنا، کسی کام کو ہاتھ نہ لگانا۔

اِریکٹے قَس ایَتَس (iriiṅaṭe qaṣ étas) [بر۔محاورہ] کپڑے وغیرہ کو ہاتھ سے ناپنا۔

اِریکٹے گِرمِنُم (iriiṅaṭe girmínum) [بر۔محاورہ] اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا، اپنی لکھی ہوئی رسید وغیرہ، ہاتھ کی چٹھی، وہ خط جو اپنے ہاتھ سے لکھا ہو۔

اِریکٹے مَچ گَنس (iriiṅaṭe mac gânas) [بر۔محاورہ] ہونزا کے قدیم قانون کے مطابق گرم لوہا ہاتھ پر رکھ کر بے گناہی ثابت کرنے کے لیے قسم کھانا۔

اِریکٹِچک (iriiṅcin) [بر۔اسم] دیکھیے اِریک (iriiṅ) جس کی یہ جمع ہے۔

اِریکٹِچک بَن ایَتَس (iriiṅcin ban étas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِریکٹِچک جوڑ ایَتَس (iriiṅcin jóoṛ étas)۔

اِریکٹِچک بَن نے بُیَت ایَتَس (iriiṅcin ban ne buyát étas) [بر۔محاورہ] دست بستہ عرض کرنا، فریاد کرنا۔

اِریکٹِچک ٹَک ایَتَس (iriiṅcin ṭak éetas) [بر۔محاورہ] کسی کے ہاتھوں کو باندھنا، قید کرنا۔

اِریکٹِچک جوڑ ایَتَس (iriiṅcin jóoṛ étas) [بر۔محاورہ] کسی کے سامنے عاجزی کرنا، ہاتھ جوڑنا، منت سماجت کرنا۔

اِریکٹِچک خَرْژ ایَتَس (iriiṅcin qharc étas) [بر۔محاورہ] تالیاں بجانا، سب کچھ اڑانا، سب کچھ خرچ کرنا۔

اِریکٹِچک خُواک مَناس (iriiṅcin qhuwáaṅ manáas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِریک خُش مَناس (iriiṅ qhuṣ manáas) جس کی یہ جمع ہے۔

اِریکٹِچک ذآل ایَتَس (iriiṅcin zaál étas)

[بر۔محاورہ] دیکھیے اِرِیکُچِک لَٹھاَق ایتَس (iriiṅćiṅ laṭhaáq étas)۔

اِرِیکُچِک شَشَوْ ایتَس (iriiṅćiṅ śáśaw éetas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِرِیک شَشَوْ ایتَس (iriiṅ śáśaw éetas)۔

اِرِیکُچِک گِرَتَس (iriiṅćiṅ girátas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِرِیک دَدَر مَناس (iriiṅ dádar manáas)۔

اِرِیکُچِک گَنَس (iriiṅćiṅ gánas) [بر۔محاورہ] دعا دینا (۲) بددعا کرنا، بددعا کے لیے ہاتھوں کو اُٹھانا، دست بہ دعا ہونا۔

اِرِیکُچِک لَٹھاَق ایتَس (iriiṅćiṅ laṭhaáq étas) [بر۔محاورہ] ہاتھوں کو لہرانا، ہاتھوں کو ہلانا، نخرہ مستی کرنا۔

اِرِیکُچِک ماَش ایتَس (iriiṅćiṅ maáś étas) [بر۔محاورہ] مجبور ہونا، بے بس ہونا، پریشان ہونا، مضطرب ہونا، افسوس کرنا۔

اِرِیکُچِک ماَش ایچُمے دِوَسَس (iriiṅćiṅ maáś ećume diwasas) [بر۔محاورہ] افسوس کرتے رہنا، پچھتاتے رہنا۔

اُرِیکُچِکُم اُرِیکُچِکَر ایتَس (uriiṅćiṅaṭum uriićiṅaṭar étas) [بر۔محاورہ] بے حد عزت کرنا، قدر و منزلت کرنا (۲) بہت زیادہ مارنا پیٹنا۔

اِرِیکُچِکٹے (iriiṅćiṅaṭe) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِرِیکٹے (iriiṅaṭe) جس کی یہ جمع ہے۔

اِرِیکُچِکٹے گُچَرَس (iriiṅćiṅaṭe guchá̈ras) [بر۔محاورہ] سر زمین کی طرف اور پاؤں آسمان کی طرف کر کے ہاتھوں کے سہارے چلنا۔

اِرِیکُچِکٹے یَنَس (iriiṅćiṅaṭe yánas) [بر۔محاورہ] بے حد عزت کرنا، کمال حفاظت سے رکھنا۔

اِرِیکَر اَچُوَس (iriiṅar açúwas) [بر۔محاورہ] قبضے میں نہ آنا (۲) حاصل نہ ہونا (۳) پکڑا نہ جانا (۴) قابو میں نہ آنا (۵) نومولود بچے کا فوت ہونا۔

اِرِیکَر بَرینَس (iriiṅar barénas) [بر۔محاورہ] دست شناسی کرنا، ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر قسمت کا حال بتانا۔

اِرِیکَر دِڈَس (iriiṅar dićas) [بر۔محاورہ] حاصل کرنا، قابض ہونا (۲) پکڑنا، قابو کرنا۔

اِرِیکَر نُپَرَن لیَل ایتَس (iriiṅar nupáran leél étas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِرِیکَر بَرینَس (iriiṅar barénas)۔

اِرِیکَر نِیَس (iriiṅar níyas) [بر۔محاورہ] کسی کے قبضے میں جانا، کسی کے پاس پہنچنا/جانا۔

اِرِیکُلو (iriiṅulo) [بر۔محاورہ] ہاتھ میں، مٹھی میں (۲) قبضے میں، اختیار میں۔

اِرِیکُلو اِمَنَس (iriiṅulo imánas) [بر۔محاورہ] ہاتھ میں ہونا، مٹھی میں ہونا (۲) قبضے میں ہونا (۳) اختیار میں ہونا۔

اِرِیکُلو بَبَسِیر مَناس (iriiṅulo babasiir manáas) [بر۔محاورہ] ہاتھوں میں قرار نہ ہونا، بے جا حرکتیں کرنا، ہاتھوں سے چھیڑتے رہنا۔

اِرِیکُلو بیَسَن اُیون مَناس (iriiṅulo besan uyóon manáas) [بر۔محاورہ] صاحبِ اختیار ہونا، بااختیار ہونا، اختیار مند ہونا۔

اِرِیکُلو پُھو مَناس (iriiṅulo phu manáas) [بر۔محاورہ] فضول خرچ ہونا (۲) بہت زیادہ شرارتی ہونا۔

اِرِیکُلو جوہَر مَناس (iriiṅulo joohár manáas) [بر۔محاورہ] صاحبِ کمال ہونا، ہنر مند ہونا، سلیقہ مند ہونا۔

اِرِیکُلو دِوَسَس (iriiṅulo diwasas) [بر۔محاورہ] پکڑے

ہونا، قابو میں رہنا، قبضے میں ہونا۔

اِریکُلوٗ دُوٗسَس (iriiṅulo duúsas) [بر۔محاورہ] گالی اور بد دُعا کے طور پر استعمال ہوتا ہے کہ ہاتھ میں کوئی بیماری نکلے۔

اِریکُلوٗ گنَس (iriiṅulo gánas) [بر۔محاورہ] کوئی کام اپنے ذمے لینا، خود انتظام کرنا۔

اِریکُلوٗ مَناس (iriiṅulo manáas) [بر۔محاورہ] قبضے میں ہونا (۲) اختیار میں ہونا (۳) ہاتھ میں پکڑا ہونا (۴) رُسوخ ہونا کسی سے کام لینے پر قادر ہونا۔

اِریکُلوٗ ہُنَرمَناس (iriiṅulo hunár manáas) [بر۔محاورہ] کسی ہُنر کا جاننا، کسی فن کی مہارت ہونا۔

اِریکُلوٗ یَنَس (iriiṅulo yánas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِریکُ یَنَس (iriiṅ yánas)۔

اِریکُے (iriiṅe) [بر] ہاتھ کا/کی۔

اِریکُے تھیَر (iriiṅe ther) [بر۔محاورہ] ہاتھ کا میل، بے اصل چیز، بے حقیقت چیز (۲) روپیہ، مال و زر۔

اِریکُے تھیَرَن نِیَس (iriiṅe théran níyas) [بر۔محاورہ] کوئی چھوٹا موٹا نقصان ہونا۔

اِریکُے خاَ دیلَس (iriiṅe qha délas) [بر۔محاورہ] ہاتھ پر مارنا، منع کرنا، ٹوکنا، روکنا (۲) کام میں رکاوٹ پیدا کرنا۔

اِریکُے شُودُوٗسَس (iriiṅe ṣúu duúsas) [بر۔محاورہ] مدد ملنا، ہاتھ بٹانا (۲) ذمہ داری پوری ہونا۔

اِریکُے شُودُوٗشیٗ ایسےٗ شُواَتُوشیٗ (iriiṅe ṣúu duúṣi ése ṣúu atúuṣi) [بر۔کہاوت] یہ اُس وقت کہتے ہیں جب کوئی دوسرا شخص کام کرتا ہے اور وہ حسب خواہش انجام نہیں پاتا ہے۔

اِریکُے کا اِکھر شِیَس (iriiṅe káa ikhár ṣíyas) [بر۔محاورہ] اپنے اوپر خود ستم لانا یا ظلم کرنا۔

اِریکُے کا ایتَس (iriiṅe káa étas) [بر۔محاورہ] کوئی کام خود کرنا، اپنے ہاتھوں سے انجام دینا۔

اِریکُے کا دِیوسُم توٗم (iriiṅe káa díwsum tom) [بر۔محاورہ] اپنے ہاتھوں سے اُگائے ہوئے درخت۔

اِریکُے کا ہاَ ایقُشَلَس (iriiṅe káa ha équṣalas) [بر۔محاورہ] اپنے گھر کی بربادی کا سبب خود ہی بنا۔

اِریکُے نَذیَر (iriiṅe názer) [بر۔کلمۂ دعا] اُس کے ہاتھوں سے قربان ہو جاؤں (یہ اس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص اچھا کام کرے)۔

اِرَیوٗ (irayo) [بر۔اسم] دیکھیے اِرَن (iran) جس کی یہ جمع ہے۔

ا۔ز

اَزَل (azál) [ع۔اسم] وہ زمانہ جس کی کوئی ابتدا یا حد نہ ہو، آغازِ خلقت، اَبَد (abád) کی ضد۔

اَزَلیٗ (azalí) [ع۔صف] ہمیشہ سے، شروع سے، جس کی کوئی ابتدا نہ ہو۔

اَزُوارِسکیٗ (azuwáariski) [بر۔اسم+صف] کھوار زبان، چترالی زبان۔

اَزُواروٗ (azuwáaro) [بر۔اسم] چترال کا رہنے والا، چترالی۔

اَزُواروٗتِکْ (azuwáarotiṅ) [بر۔اسم] دیکھیے اَزواروٗ (azuwáaro) جس کی یہ جمع ہے۔

اَزیٗ (ázi) [بر۔صوت] بکریوں کو آواز دیکر روکنا، بکریوں کو منع کرنے کے لیے دی جانے والی آواز، نیز دیکھیے اَڈّیٗ (áci)۔

اَزیٗ ایتَس (ázi étas) [بر۔محاورہ] بکریاں آپس میں لڑ پڑیں تو انھیں روکنے کے لیے آواز دینا۔

اَزی (azii) [بر] دیکھیے اَزیٗ (ázi)۔

اَزے (azée) [بر۔اسم] چترال کا قدیم نام۔

اَزیئم (azeéym) [بر۔اسم] مرغی یا کسی جانور کے خون سے آسیب دور کرنے کے لیے تعویز لکھنا، جادو کے لیے خون سے تعویز لکھنا۔

اَزیئم ایتَس (azeéym étas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اَزیئم (azeéym)۔

ا۔ژ

اَژدھا (aždahá) [ف۔اسم] دیکھیے اَجدَھا (ajdahá)۔

اِژل (ižal) [بر۔اسم] دھجی، پرزے، پیوند۔

اِژلکْ (ižaliń) [بر۔اسم] دیکھیے اِژل (ižal) جس کی یہ جمع ہے۔

اُژمُڈ (úžumuc) [بر۔اسم] دیکھیے اُژو (úžo) جس کی یہ جمع ہے۔

اُژو (úžo) [بر۔اسم] مگرمچھ، نہنگ۔

اَژے لَپو (ažée lápo) [بُر۔صف] بہت حریص شخص (۲) بسیار خور۔

ا۔س

اَس (as) [بُر۔اسم] میرا دل (الف مفتوح ضمیر واحد متکلم کی علامت ہے، جو فعل یا اسم کو متکلم سے منسوب کرنے کے لیے آتا ہے)۔ (محاورۃً) ہمت و جرأت۔

اَس آپَنَس (as áapanas) [بُر۔محاورہ] بے جا تنگ کرنا، نافرمانی کرنا۔

اَس بِکْ مَناس (as bik manáas) [بر۔محاورہ] خوف طاری ہونا، ڈر جانا۔

اَس تھَرَق مَناس (as thraq manáas) [بر۔محاورہ] دیکھیے ایَس پْرَش مَناس (es praş manáas)۔

اَس چَکَلیِ مَناس (as čakáli manáas) [بر۔محاورہ] دیکھیے ایَس پْرَش مَناس (es praş manáas)۔

اَس چھوٹ مَناس (as čhoṭ manáas) [بر۔محاورہ] ڈر کے مارے ہوش اُڑ جانا، بے خود ہونا، اوسان خطا ہونا۔

اَس خِرِیُو مَناس (as qhiriiw manáas) [بر۔محاورہ] دیکھیے ایَس یوُیَس (es yuúyas)۔

اَس داقُوَس (as dáaquwas) [بر۔محاورہ] مشکل میں پھنسانا، کام اُلجھنا، معاملات کا اُلجھ جانا، مسائل پیدا کرنا۔

اَس دَن جُوَن مَناس (as dan juwán manáas) [بر۔محاورہ] سنگدل ہونا، بے رحم ہونا۔

اَس ژَو مَناس (as žaw manáas) [بر۔محاورہ] بیزار ہونا، اکتا جانا، نفرت پیدا ہونا۔

اَس شَو مَناس (as şáw manáas) [بر۔محاورہ] خوفزدہ ہونا، حواس باختہ ہونا، گھبرا جانا۔

اَس ضُم مَناس (as çhum manáas) [بر۔محاورہ] دل پر خیال گزرنا، خفیف اشارہ ہونا (۲) گھبرانا۔

اِس اِس (is is) [بُر۔صوت] شدید سردی لگنے پر منھ سے نکلنے والی آواز۔

اِس اِس ایتَس (is is étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے اِس اِس (is is)۔

اَساَ (asá) [بر۔صف] نرم، ملائم، نورستہ۔

اَساَ (ása) [بر۔اسم] امید، آس۔

اَساَ ایتَس (ása étas) [بر۔محاورہ] امید رکھنا، امیدوار ہونا، آس لگانا۔

اَساَ مَناس (ása manáas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اَساَ ایتَس (ása étas)۔

اُساَ (usá) [بر۔اسم] عورت کے حمل کی مدت، حمل کا نواں مہینہ۔

اَساَغِیَن (asá ğiin) [بر۔اسم] عادی چور۔

اَساَغِیَنےِ یُوۓ یُوچِم گیِلتِکْ دیگَسُم جُوَن

(asá ġiine yúuwe yuúčim gupáltiṅ déegusum juwán) [بر۔کہاوت] باپ ایک نمبری تو بیٹا دس نمبری۔

اَساکُشیٔ (asákuši) [بُر۔صف] نوعمری میں۔

اَساکُشیٔ اتیکغُرَ کرے ڈموٗکُشیٔ اَتوکغُرچیٔ (asákuši atéeṅgura ke ḍámokuši atóoṅgurči) [بُر۔کہاوت] تربیت نوعمری میں ضروری ہے۔

اَساکِش (asákiṣ) [بر۔اسم] نرم، ملائم۔

اَساس (asáas) [ع۔اسم] بنیاد، بنا، جڑ۔

اُساکیَس (usáaṅiyas) [بُر] دیکھیے اُسایَس (usáayas)۔

اِسالِتک (isáaltik) [بُر۔صف] مدِ مقابل، حریف، رقیب (۲) کسی کو دکھاتے ہوئے کام کرنا۔

اِسالِتک ڈے (isáaltik ce) [بُر۔محاورہ] مقابلے میں، بطور حریف، کسی کو اپنی برتری دکھانا۔

اِسالیَس (isaalés) [بُر] اِسے اَلیَس (isé alés) کا مخفف، فلاں چیز۔

اَسان (ásaan) [بُر] (اُنہوں نے) مجھے بتایا ہے۔

اَسان (asáan) [بُر۔صف] (فارسی لفظ "آسان" کا بروشسکی تلفظ) جس سے عملِ تخفیف کے تحت الف مدّہ الفِ مقصورہ میں بدل گیا ہے (۲) "آسا" (asá) "سہل، نرم، بے دِقت، دشوار کی ضد، یہاں 'ن' نونِ وحدت ہے۔

اَسان ایَتَس (asáan étas) [بُر۔محاورہ] آسان کرنا، سہل کرنا۔

اَسانیٔ (asaani) [بُر۔اسم] دیکھیے اَسان (asáan) جس کی یہ اسمِ کیفیت ہے۔

اَسانے (asáane) [بُر] دیکھیے اَسان (asáan)۔

اَسانے ایَتَس (asáane étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے اَسان ایَتَس (asáan étas)۔

اَسانے مَناس (asáane manáas) [بُر۔محاورہ] آسان ہونا، سہل ہونا۔

اُسایَس (usáayas) [بر۔مص] اُن کو جادو سے اپنی طرف کھینچنا۔

اُسایُم (usáayum) [بُر] دیکھیے اُسایَس (usáayas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اِساَپ (isaáp) [بُر] کمتر، ادنیٰ، خراب (۲) نامناسب۔

اَسباب (asbáab) [ع۔اسم] سبب کی جمع، وجوہ، اسے بروشسکی میں سَبَبِچِک (sabábičiṅ) بھی کہتے ہیں۔

اَسباپ (asbáap) [ع، بر۔اسم] بطور واحد سامان، اثاثہ۔

اِسپایوٗ (ispáayo) [ش] مزہ، لذت، میٹھا۔

اَسپَرَس (ásparas) [بر۔مص] مجھے تھکانا۔

اِسپَغول (ispaġóol) [ف۔اسم] ایک قسم کا لعاب دار تخم جو پیچش اور اسہال کے لیے بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔

اِسپَکپاَ (ispákpa) [بر۔اسم] تیر۔

اِسپَلاجَک (ispalaajáṅ) [بُر] خوان یغما، لوٹ مار، شور وغل، غل غپاڑہ۔

اِسپَلاجَک ایَتَس (ispalaajáṅ étas) [بُر۔محاورہ] لوٹ مار کرنا، نیز دیکھیے اِسپَلاجَک (ispalaajáṅ)۔

اِسپَنیَش (ispaneéś) [بر] کسی چیز یا جگہ کو خوبصورت بنانا یا سنوارنا (۲) کڑھائی کی ایک قسم۔

اِسپَنیَش ایرَس (ispaneéś éeras) [بر] کڑھائی میں مختلف رنگوں کو بھرنا/سنوارنا۔

اِسپوٗک رَنداَ (ispók randá) [بُر۔اسم] ایک چھوٹا سا رندہ۔

اَسپِیَس (áspiyas) [بُر۔مص] مجھے سکھانا (اس کے مصادر بُوَس (búwas) اور یُوٗیَس (yuúyas) ہیں)، اَ ضمیرِ واحد متکلم کی علامت ہے۔

اَسَت (asát) [ع،بر۔اسم] اسدآسمان کے بارہ برجوں میں سے ایک برج کا نام (۲) انتہائی گرمی کا مہینہ۔

اُستات (ustáat) [ف،بر۔اسم] کاریگر، معلّم، تعلیم دینے والا اور سکھانے والے کے ہوتے ہیں، (فارسی لفظ اُستاد کا بگاڑ)۔

اُستاتِشوٗ (ustáatišo) [بُر۔اسم] دیکھیے اُستاتِںؕ (ustáatiṅ)۔

اُستاتِںؕ (ustáatiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے اُستات (ustáat) جس کی یہ جمع ہے۔

اُستاتِ ہالے کُھنوٗچِی کِے اَپِی
(ustáate háale khunóĉi kē api) [بر۔کہاوت] چراغ تلے اندھیرا۔

اُستادی (ustaadí) [ف،بر۔کیفیت] استاد سے اسم کیفیت ہے، کسی فن میں کمال مہارت (۲) چالاکی۔

اَستان (astáan) [ف،بر۔اسم] درگاہ، کسی بزرگ کا مقبرہ، (فارسی لفظ آستان کا مخفف)۔

اَستانے دُروٗ خیئر بِلاَ دَرچُوے دُروٗ چھوٗر مَنِس
اَقَیڈَس (aqáyčas) [بر۔مص] دیکھیے اَقَنَس (aqánas)۔

اَقَینکی (aqéṅki) [بر۔صف] چھپا ہوا، نظر سے غائب، اوٹ میں، پردے کے پیچھے، اوجھل، یہ دراصل اَقَین کی (aqén ki) ہے۔

اَقَینکی اوسَس (aqéṅki óosas) [بر۔محاورہ] اوٹ میں رکھنا، پردے کے پیچھے رکھنا، نظروں سے ہٹ کر رکھنا۔

اَقَینکی مَناس (aqéṅki manáas) [بر۔محاورہ] نظر سے غائب ہونا، اوٹ میں جانا، پردے کے پیچھے ہونا، اوجھل ہونا۔

اَقَیینکی (aqeéṅki) [بر۔محاورہ] قدرے چھپا ہوا، قدرے نظر سے غائب، قدرے اوٹ میں، قدرے پردے کے پیچھے، قدرے اوجھل۔

اَقَیینکی ایتَس (aqeéṅki étas) [بر۔محاورہ] قدرے چھپانا، قدرے نظر سے غائب رکھنا، قدرے اوٹ میں رکھنا۔

اَقَیینکی مَناس (aqeéṅki manáas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اَقَیینکی ایتَس (aqeéṅki étas) جس کا یہ لازم ہے۔

اَقَیین (aqeén) [بر۔صف] قدرے اوٹ، آڑ، اوجھل۔

اُنے شُلے جَریار اُیم قَند و نَبات عِشقے غَم
اَسُ لو اَقَیین نُماَ ہیِ بَم عِشقے جَلالکَے کِتاب
دیوانِ نصیری (بُروشسکی) ص ۹۱۔

ترجمہ: اے جلالِ عشق کی کتاب! تُو میرے دل میں پوشیدہ حالت میں جاگزین تھا اس لیے تیرا غمِ عشق شکر سے بھی بڑھ کر شیریں ہے۔

ا ـ ک

اَک (ak) [بر۔اسم] غدود، جسم کے اندر کی گانٹھ، گلٹی، گوشت کی گرہ (۲) اَیُوا (ayúwa) کا سابقہ۔

اَک اَیُوا (ak ayúwa) [بر۔اسم] دیکھیے اَک ایی (ak eéy) جس کی یہ جمع ہے۔

اَک ایی (ak eéy) [بر۔اسم] بال بچہ۔

اَکابِر (akaabír) [ع۔صف] اکبر کی جمع، بزرگ لوگ، رؤسا، یہ بروشسکی میں بطور واحد استعمال ہوا ہے، جبکہ جمع کے لیے اَکابِرتِنگ (akaabírtiṅ) اور اَکابِرانتِنگ (akaabiráantiṅ) مستعمل ہے۔

اَکابِر مَناس (akaabir manáas) [ع+بر۔محاورہ] اَکابِر (akaabir) بن جانا۔

اَکابِرانِتِک (akaabiráantiṅ) [بر۔صف] دیکھیے اَکابِر (akaabir) جس کی یہ بطرزِ بروشسکی جمع الجمع ہے۔

اَکابِرتِک (akaabirtiṅ) [بر۔صف] دیکھیے اَکابِرانِتِک (akaabiráantiṅ)۔

اَکابِرسکی (akaabiriski) [بر۔صف] اکابرانہ، اکابری کے انداز پر۔

اَکابِرسکی ہُرُٹَس (akaabiriski hurúṭas) [بر۔محاورہ] اکابرانہ انداز میں بیٹھ جانا، پُروقار انداز میں بیٹھنا۔

اَکابِرشُو (akaabiriṡo) [بر۔صف] اَکابِر (akaabir) کی جمع (بطرزِ بروشسکی)۔

اَکابِری (akaabiri) [بر۔اسم] بزرگی، رئیسی۔

اَکابِری اِیتَس (akaabiri étas) [بر۔محاورہ] بزرگی جتانا، بڑائی دکھانا۔

اَکاوَنٹ (akáwnṭ) [انگ۔اسم] حساب۔ account

اَکاوَنٹینٹ (akawnṭénṭ) [انگ۔اسم] محاسب، حساب کرنے والا۔ accountant

اَکاوَنٹینٹ جَنرل (akawnṭénṭ jáneral) [انگ۔اسم] محاسب اعلیٰ۔ accountant general

اَکبَر (akbár) [ع۔تفضیل] بہت بڑا، مغل بادشاہ جلال الدین کا لقب۔

اَکُپینچَر (akupéncar) [انگ۔اسم] علاج کا ایک طریقہ جو زیادہ تر چین میں مشہور ہے۔ acupuncture

اَکتُوبَر (aktuubár) [انگ۔اسم] مسیحی سال کا دسواں مہینہ۔ october

اَکَٹ (ákaṭ) [ہ،بر۔اسم] جسم کا تناؤ (۲) گھمنڈ، سرکشی، (ہندی لفظ "اکڑ" کا بروشسکی تلفظ)۔

اَکَٹ باز (ákaṭ báaz) [ع+بر۔صف] اکڑ کر چلنے والا، مغرور، شیخی خورہ، سرکش۔

اَکَٹ خان (ákaṭ kháan) [بر۔صف] دیکھیے اَکَٹ باز (ákaṭ báaz)۔

اَکَٹ کِش (ákaṭkiṣ) [بر۔صف] دیکھیے اَکَٹ باز (ákaṭ báaz)۔

اَکَٹ مَناس (ákaṭ manáas) [ہ+بر۔محاورہ] اکڑنا، تننا (۲) سینہ ابھارنا (۳) گھمنڈ کرنا (۴) ضد کرنا، ہٹ کرنا (۵) سرکشی دکھانا (۶) سخت ہوجانا (۷) اترانا۔

اَکثَر (aksár) [ع۔تفضیل] بہت زیادہ (۲) بارہا، بیشتر، ہمیشہ۔

اَکُچَیَس (akúcayas) [بر۔مص] نہ سونا (۲) وضع حمل میں تاخیر ہونا۔

اَکُڈ (ákuc) [بر۔اسم] دیکھیے اَک (ak) (معنی نمبر ۱) جس کی یہ جمع ہے۔

اَکُڈَرَس (akúcaras) [بر۔مص] نہ چلنا (۲) نہ بکنا۔

اَکَرا (akára) [بر۔متعلق فعل] خواہ مخواہ (۲) ناجائز۔

اَکِرڈُم (akírcum) [بر۔صف] دیکھیے اَئیشُم (aṣíṣum)۔

اَکِرڈُمَٹے (akírcumaṭe) [بر۔صف] خوفناک انداز میں۔

اَکِرڈُمَٹے بَرینَس (akírcumaṭe barénas) [بر۔محاورہ] خوفناک انداز میں دیکھنا، بری نظر سے دیکھنا۔

اَکِرڈُمَٹے پھُوَٹ اِیتَس (akírcumaṭe phuúṭ étas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اَکِرڈُمَٹے بَرینَس (akírcumaṭe barénas)۔

اَکَس (ákas) [بر۔صف] انکار، ضد، ہٹ، برخلاف۔

اَکَس مَناس (ákas manáas) [بر۔محاورہ] انکار کرنا، ضد کرنا، ہٹ سے کام لینا، برخلاف ہونا۔

اَکَش (akáṣ) [بر۔کلمۂ تاسف] مجبوری، ناچاری۔

اَکَش بے (akáş bée) [بر۔کلمۂ تاسف] مجبوراً، بطور مجبوری۔

اَکَشے (akáşe) [بر۔کلمۂ تاسف] مجبوری کی بنا پر، مجبوراً۔

اَکَن (akán) [بر۔نہی] مت لے لو۔

اَکَن (ákan) [بر۔اسم] ایک غدود، نیز دیکھیے اَک (ak) (معنی نمبر ا)۔

اَکِن (ákin) [بر۔اسم] میرا جگر، اَ ضمیر واحد متکلم کی علامت ہے۔

جا اَلتو دُنیاتِکِئے شہنشاہ دوستیٔ مَیش خا
اِلئے عِشقئے گنُ لو گر گو ایتچم اَکِن دِرش خا
دیوان نصیری (بروشسکی) ص ۷۶۔

ترجمہ: دونوں جہانوں کے شہنشاہ کے عشق و محبت کی راہ میں (آتشِ عشق کے زیر اثر) تڑپتا رہوں گا، یہاں تک کہ میرا جگر کباب ہو جائے اور محبوب جان کی مقدس دوستی نصیب ہو جائے۔

اَکوچ (akóč) [بر۔اسم] قلت، جیسے چِلئے اَکوچ (čhíle akóč) یعنی پانی کی قلت۔

اَکوچ مَناس (akóč manáas) [بر۔محاورہ] قلت ہونا۔

اَکوچ (akoóč) [بر۔اسم] دیکھیے اَکوچ (akóč)۔

اَکوچ مَناس (akoóč manáas) [بر۔اسم] دیکھیے اَکوچ مَناس (akóč manáas)۔

اَکی (akí) [بر] دیکھیے اَکِیَس (akíyas) جس کا یہ امر ہے۔

اَکی (áki) [بر۔اسم] پاخانہ، ٹٹی۔

اَکِیَس (akíyas) [بر۔مص] نہ ڈالنا (۲) سیدھی راہ پر نہ چلنا (۳) داخل نہ ہونا۔

اَکِیُم (akíyum) [بر۔صف] بدنما، بدزیب، بدشکل (۲) ناگوار۔

اَکِیُم کُش (akíyum kuş) [بر۔اسم] بدنمائی، بدزیبی (۲) ناگواری۔

اَکِیُم مَناس (akíyum manáas) [بر۔محاورہ] بدنما بننا، ناگوار بننا، بدزیب بننا۔

اِکرے ای (iké ii) [بر] دیکھیے ایک ای (ek ii)۔

اِ۔ کھ

اِکھچم (ikháčim) [بر] دیکھیے اِکھچِیَس (ikháčiyas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اِکھچی (ikháči) [بر] دیکھیے اِکھچِیَس (ikháčiyas) جس کا یہ امر ہے۔

اُکھچی (ukháči) [بر] دیکھیے اُکھچِیَس (ukháčiyas) جس کا یہ امر ہے۔

اِکھچِیَس (ikháčiyas) [بر۔مص] قید کرنا، بے آب و دانہ قید کرنا، کسی کے مویشی کو عارضی طور پر سزا کی غرض سے بند کرنا، نیز دیکھیے -کھچِیَس (-kháčiyas) اِ ضمیر واحد غائب کی علامت ہے۔

اُکھچِیَس (ukháčiyas) [بر۔مص] دیکھیے اِکھچِیَس (ikháčiyas) جس کی یہ جمع ہے۔

اِکھر (ikhár) [بر۔اسم] خود، اپنے آپ۔

اِکھر اِمَلدَس (ikhár imálčas) [بر۔محاورہ] اپنے آپ کو برا بھلا کہنا، اپنے آپ کو ملامت کرنا، خود کو گالی دینا۔

اِکھر ایسقَنَس (ikhár ésqanas) [بر۔محاورہ] خودکشی کرنا (۲) کسی کی حمایت یا مخالفت میں مبالغہ کرنا (۳) سر توڑ کوشش کرنا۔

اِکھر پَسوم اَیَتَس (ikhár pasóom ayétas) [بر۔محاورہ] دریغ نہ کرنا، ایثار کا مظاہرہ کرنا۔

اِکھر تھو ایتَس (ikhár thúu étas) [بر۔محاورہ] پچھتانا، خود کو کوسنا، خود کو برا بھلا کہنا۔

اِکھر خَٹ ایتَس (ikhár çaţ étas) [بر۔محاورہ] سخت محنت کرنا، انتہائی کوشش کرنا، جان کھپانا (۲) اصرار کرنا۔

اِکَھر دَن ڈے دیَلَس (ikhár dan ċe dēlas) [بر-محاورہ] جلدبازی میں چوٹ کھانا (۲) قطعاً انکار کرنا (۳) جلدی کرنا۔

اِکَھر دیڈِیَس (ikhár déċiyas) [بر-محاورہ] خودداری کرنا، آسانی سے دستیاب نہ ہونا۔

اِکَھر دیَسپَسَس (ikhár dēspasas) [بر-محاورہ] پہلوتہی کرنا، کام چوری کرنا، خودکو بچالینا۔

اِکَھر دیپَقُرَس (ikhár dēepaquras) [بر-محاورہ] خود ستائی کرنا۔

اِکَھر ڈے ایَسقُلَس (ikhár ċe ésqulas) [بر-محاورہ] برداشت کرنا، اپنا غم کسی کو نہ بتانا۔

اِکَھر ڈے جُک اَییَتَس (ikhár ċe juk ayétas) [بر-محاورہ] خودکو بری الذمہ بتانا، ذمہ داری قبول نہ کرنا۔

اِکَھر ڈے جونِکْ ایَتَس

(ikhár ċe jóonin̈ étas) [بر-محاورہ] دیکھیے اِکَھر تُھو ایَتَس (ikhár thúu étas)۔

اِکَھر شِیَس (ikhár ṣíyas) [بر-محاورہ] خودکو تکلیف دینا، اپنے آپ کو مشکل میں ڈالنا (۲) اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا۔

اِکَھر شِیَس اِمَنَس (ikhár ṣíyas imánas) [بر-محاورہ] شرمندہ ہونا، نظریں نہ ملاسکنا، چوری یا کسی اور ناپسندیدہ کام کی وجہ سے شرمساری ہونا۔

اِکَھر فِدا ایَتَس (ikhár fidáa étas) [بر-محاورہ] خودکو فدا کرنا، جان نثار کرنا۔

اِکَھر ناَش ایَتَس (ikhár naáś étas) [بر-محاورہ] انکار کرنا (۲) ناراضگی کا مظاہرہ کرنا۔

اِکَھر یَنَس (ikhár yánas) [بر-محاورہ] دیکھیے اِکَھر دیڈِیَس (ikhár déċiyas)۔

اُکَھر (ukhár) [بر-اسم] خود، اپنے آپ، اُ جمع غائب کی علامت ہے۔

اِکَھرَٹے ایتَس (ikháraṭe éetas) [بر-محاورہ] اپنے سر لینا، اپنے ذمے لینا۔

اِکَھرَر (ikhárar) [بر] اپنے لیے، خود کے لیے، اِ ضمیر واحد غائب کی علامت ہے۔

اِکَھرَر ایَتَس (ikhárar étas) [بر-محاورہ] اپنے حق میں کرنا، اپنی ملکیت قرار دینا۔

اِکَھرَر ایَسکَرڈَس (ikhárar éskarċas) [بر-محاورہ] خودکو محروم کرنا، اپنی راہ خود کاٹ لینا۔

اَکُھرِکی (akhúriki) [بر-صف] اتنا/اتنی (اناج یا مٹی وغیرہ)۔

اَکُھرُم (akhúrum) [بر-متعلق فعل] اب تک، اس وقت تک، ابھی تک (۲) اتنا/اتنی۔

اَکُھرُمَن (akhúruman) [بر] اس قدر، اس مقدار میں، اس تعداد میں۔

اِکَھرَنَس (ikháranas) [بر-مص] دیر کرنا، تاخیر کرنا۔

اِکَھرَنُم (ikháranum) [بر] دیکھیے اِکَھرَنَس (ikháranas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

اِکَھکَر (ikhákar) [بر] دیکھیے اِکَھکَرَس (ikhákaras) یہ اس کا امر ہے۔

اِکَھکَرَس (ikhákaras) [بر-مص] اردگرد لپیٹنا، نیز دیکھیے -کَھکَرَس (-khákaras)، اِ ضمیر واحد غائب کی علامت ہے۔

اِکُھکُرُس (ikhúkurs) [بر-اسم] اُس کی نرم پسلی، نیز دیکھیے -کُھکُرُس (-khúkurs)۔

اِکُھکُرُشو (ikhúkurśo) [بر-اسم] دیکھیے اِکُھکُرُس (ikhúkurs) جس کی یہ جمع ہے۔

اِکَھکَرُم (ikhákarum) [بر] دیکھیے اِکَھکَرَس

(ikhákaras) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

اِکُھکُوَس (ikhúkuwas) [بر۔مص] کاہلی کرنا، کام میں جی نہ لگانا، سستی کرنا، جی چرانا، تیز دیکھیے۔کُھکُوَس (-khúkuwas)، اِ ضمیر واحد غائب مذکر کی علامت ہے۔

اَکِھل (akhil) [بر۔متعلق فعل] ایسا، یوں۔

اَکِھلَٹے (akhilaṭe) [بر۔متعلق فعل] ایسا ہی، اس طرح، اس طرح سے۔

اَکِھلجُکو (akhiljuko) [بر۔متعلق فعل] ایسے، اس قسم کے/کی، اس نوعیت کے/کی۔

اِکھوکُر (ikhókur) [بر] دیکھیے اِکھوکُرس (ikhókuras) جس کا یہ امر ہے۔

اِکھوکُرَس (ikhókuras) [بر۔مص] کھرچنا، ہڈی سے سارا گوشت اتارنا، تیز دیکھیے۔کھوکُرَس (-khókuras)، اِ ضمیر واحد غائب کی علامت ہے۔

اِکھوکُرُم (ikhókurum) [بر] دیکھیے اِکھوکُرس (ikhókuras) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

اَکھولے (akhóle) [بر۔متعلق فعل] یہاں، اس جگہ، ادھر۔

اَکھولے اُلو (akhóle úlo) [بر۔متعلق فعل] یہاں پر، اس جگہ کے اندر، اسی جگہ میں۔

اَکھی (akhí) [بر۔متعلق فعل] ایسا ہی، یوں، یوں ہی۔

اَکھی ایتَس (akhí étas) [بر۔محاورہ] ایسا کرنا، یوں کرنا۔

اَکھیش (akhéṣ) [بر۔اسم] اجنبی، نا آشنا، غیر، نیا، انوکھا۔

اَکھیش مَناس (akhéṣ manáas) [بر۔محاورہ] اجنبی بننا، نا آشنا بننا، غیر بننا، انوکھا بننا۔

اَکھیشَر تھا اَکاش (akhéṣar tha akáṣ) [بر۔کہاوت] اجنبی کی مجبوریاں بے شمار ہوتی ہیں۔

اَکھیشکی (akheṣkí) [بر۔اسم] اجنبیت، بیگانگی، نا سمجھی، نا آشنائی۔

اَکھیشکیٹے (akheṣkiyaṭe) [بر۔متعلق فعل] اجنبیت سے، بیگانگی سے، نا سمجھی سے۔

اَکھیشکیٹے مَتھن نِیا جبے اُن دُم
اَتھیریے دَس یَکَل اُنے بَرچی یارُم
دیوانِ نصیری (بروشسکی) ص ۲۳۶۔

ترجمہ: (اے آقائے مہربان) میں نا سمجھی کے باعث تجھ سے دور چلا گیا ہوں، اور تیری اطاعت سے راہِ فرار اختیار کر کے نادانی کے بیابان کی طرف نکل گیا ہوں

اَکھیشَن (akhéṣan) [بر۔اسم] ایک اجنبی (۲) عجیب و غریب۔

اَکھیشَن اِمَنس (akhéṣan imánas) [بر۔محاورہ] اجنبی ہونا، نا آشنا ہونا، عجیب و غریب لگنا، کچھ اور نظر آنا۔

اَکھیشَن ایتَس (akhéṣan étas) [بر۔محاورہ] کوئی انوکھا کام کرنا، کوئی نیا کام کرنا، خلافِ معمول کام کرنا۔

اَکھیشَن مَناس (akhéṣan manáas) [بر۔محاورہ] انوکھا بننا، اجنبی سا بننا، نا آشنا سا بننا، نیا سا بننا۔

اَکھین (akhén) [بر] دیکھیے اَکھینَس (akhénas) جس کا یہ امر ہے۔

اَکھینَس (akhénas) [بر۔مص] نہ جاننا، نہ سمجھنا، معلوم نہ ہونا، لاعلم ہونا۔

اَکھینَس کُش (akhénaskuṣ) [بر۔اسم] نادانی، نا سمجھی، لاعلمی، بیوقوفی۔

اَکھینَشو (akhénaṣo) [بر۔صف] نادان لوگ، نا سمجھ لوگ، بے وقوف لوگ۔

اَکھینُم (akhénum) [بر] دیکھیے اَکھینَس (akhénas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

اَکھینُم بِس خِش نے ایشکِن شَنکاپولو یون دیلی

(akhénum sis qhiṣ ne éykin śankáy̌ulo piwán déli) [بُر۔کہاوت] نادان کو پیار سے سکھانا ایسا ہے جیسا کہ جنگلی پودے میں پیوند لگاؤ۔

ا۔گ

اَگاَلیٔ (agaléy) [بر۔صف] ناحق تنگ کرنا، فضول چھیڑنا، خواہ مخواہ کسی کے پیچھے پڑنا۔

اَگاَلیٔ ایتَس (agaléy étas) [بر۔محاورہ] ناحق تنگ کرنا، فضول چھیڑنا۔

اَگاَلیٔ مَناس (agaléy manáas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اَگاَلیٔ ایتَس (agaléy étas) جس کا یہ لازم ہے۔

اَگاَیوٗ (agáay̌o) [بر۔صف] زرخیز کی ضد، وہ زمین جو زرخیز نہ ہو، وہ زمین جسے زیادہ کھاد ڈالنے کی ضرورت ہو، (محاورۃً) بے مزہ، تلخ کلام (۲) زیادہ شہوت پرست۔

اَگاَیوٗتِݣ (agáay̌otiṅ) [بر۔صف] دیکھیے اَگاَیوٗ (agáay̌o) (معنی نمبر۲) جس کی یہ جمع ہے۔

اَگاَیوٗمُڈ (agáay̌omuc) [بر] دیکھیے اَگاَیوٗتِݣ (agáay̌otiṅ)۔

اَگاَیِیش (agay̌eéś) [بر۔اسم] بے مائگی، زرخیزی کا فقدان۔

اَگر (ágar) [ف، بر۔حرف شرط] جب، جو، بشرطیکہ، مبادا، بالغرض۔

اَگست (agást) [انگ۔اسم] مسیحی سال کا آٹھواں مہینہ۔ august

اَگوٗن (agón) [بر۔اسم] بالاخانہ، وہ کمرہ جو بروشو گھر کی چھت پر بنایا جاتا ہے (۲) ہالہ، وہ دائرہ جو بخارات ارض سے چاند کے گرد ظاہر ہوتا ہے۔

اَگوٗن وَلَس (agón wálas) [بر۔محاورہ] چاند کے گرد ہالہ ظاہر ہونا۔

اَگوٗچَیَس (águcáyas) [بر۔مص] مجھے سُلانا، (محاورۃً) مجھے زچگی کے عمل سے گزارنا۔

اَگوٗڈَرَس (águcaras) [بر۔مص] مجھے چلانا۔

اَگوٗیوٗ (agôy̌o) [بر۔اسم] دیکھیے اَگوٗن (agôn)، جس کی یہ جمع ہے۔

اَگوٗیوٗ (agûuy̌o) [بر] دیکھیے اَگاَیوٗ (agáay̌o)، یہاں الف واؤ میں بدل گیا ہے جو شدت میں کمی کی علامت ہے۔

ا۔ݣ

اَݣ (aṅ) [بر۔اسم] التجا، مانگ، تقاضا، طلب۔

اَݣ ایتَس (aṅ étas) [بر۔محاورہ] التجا کرنا، مانگنا، تقاضا کرنا، طلب کرنا۔

اَݣ چِل (aṅ ĉhil) [بر۔محاورہ] شوربا، لسی یا چائے جس میں پانی زیادہ ہو، پھیکی لسی یا شوربا یا چائے۔

اِݣ (iṅ) [بر۔اسم] دھار، کسی ہتھیار کی آب، تیزی یا کاٹ۔

اُݣ (uṅ) [بر۔ضمیر واحد حاضر] تُو، تم، آپ۔

اِݣ پاَ (iṅpa) [بر۔متعلق فعل] دھار کی جانب، کاٹ کی جانب۔

اَݣرو (aṅáro) [بر۔اسم] منگل، ہفتہ کا دوسرا دن جو پیر کے بعد آتا ہے۔

اِݣگو (íṅgo) [بر۔اسم] اُس کا چچا، ماموں، اِ ضمیر واحد غائب مذکر کی علامت ہے۔

اِݣگو اِسَغُن (íṅgo iságun) [بر۔اسم] چچا بھتیجا، ماموں بھانجا۔

اِݣگوڈَرو (íṅgoĉaro) [بر۔اسم] دیکھیے اِݣگو (íṅgo) جس کی یہ جمع ہے۔

اُݣگو (úṅgo) [بر۔اسم] اُن کا چچا یا ماموں، اُ ضمیر جمع غائب کی علامت ہے۔

اُݣگوے (úṅguwe) [بر] اُن کے چچا یا ماموں کا/کی/نے۔

اُنگگوِ ےَ (uṅgówe) [بر] تیرا ہی، تیرے ہی، تیری ہی، تو نے ہی۔
اُنگگوٗ (uṅgóow) [بر] اے تو، تو ہی، تم ہی، آپ ہی۔

حیران لےَ جِھنُم آسَر شُگلو بیلَشےَ گِجا نیِ
دَلتَس بَرےَ اُستات غرِچا اُسلو بَم اَنگگوٗ

دیوانِ نصیری (بروشسکی) ص ۲۰۳۔

ترجمہ: اے یار جانی! میں حیران ہوں کہ تو میرے دل کے تنگ خانے میں کس طرح سو گیا ہے، اے میرے دل کے مکین! تو حکیمانہ گفتگو کا استاد بن کر خود ہی بولتا ہے۔

اِنگگیِ (iṅgi) [بر۔ متعلق فعل] اُس کے سامنے، اس کے آگے، اِ ضمیر واحد غائب کی علامت ہے۔

اِنگگیِ دُوَسَس (iṅgi duúsas) [بر۔ محاورہ] آمنے سامنے ہونا، سامنے آکر بدشگونی پیدا کرنا۔

اِنگگیِ گیِس/گِیَس (iṅgi giýas/giyas) [بر۔ محاورہ] کسی کو روکنا، لڑنے سے روکنا۔

اُنگگیِ (úṅgi) [بر۔ متعلق فعل] ان کے آگے، ان کے سامنے، اُ جمع غائب کی علامت ہے۔

اِنٗیِ (iṅi) [بر۔ اسم] ڈاڑھی، ریش۔

اِنٗیِ اوسَس (iṅi óosas) [بر۔ محاورہ] ڈاڑھی رکھنا، ریش دراز کرنا۔

اِنٗیِ ایَتَس (iṅi étas) [بر۔ محاورہ] ڈاڑھی تراشنا، شیو کرنا، ڈاڑھی کاٹنا۔

اِنٗیِ ایتَس (iṅi éetas) [بر۔ محاورہ] ڈاڑھی مُنڈوانا، شیو کرانا، ڈاڑھی کو اُسترے سے صاف کرانا۔

اِنٗیِ بُرُم مَناس (iṅi burúm manáas) [بر۔ محاورہ] ڈاڑھی سفید ہونا، بوڑھا ہونا۔

اِنٗیِ پَھت ایَتَس (iṅi phat étas) [بر۔ محاورہ] دیکھیے اِنٗیِ اوسَس (iṅi óosas)۔

اِنٗیِ چَٹ ایتَس (iṅi çat̩ éetas) [بر۔ محاورہ] بے عزت کرنا، ڈاڑھی کے بال نوچنا۔

اِنٗیِ ژُوَس (iṅi zúwas) [بر۔ محاورہ] ڈاڑھی اُگنا۔

اِنٗیِ قَر ایَتَس (iṅi qar étas) [بر۔ محاورہ] دیکھیے اِنٗیِ ایَتَس (iṅi étas)۔

اُنٗیِ (uṅi) [بر۔ اسم] ان کی ڈاڑھی، اُ ضمیر جمع غائب کی علامت ہے۔

اِنٗیِ ڈےَ اِرِیںٔ خاآش ایَتَس (iṅii ce iriiṅ qhaaş étas) [بر۔ محاورہ] ڈاڑھی پر ہاتھ پھیرنا، کسی اہم/بڑے کام پر تیار ہو جانا، مستعد ہونا (۲) فخر سے کوئی بات کہتے وقت ڈاڑھی پر ہاتھ پھیرنا۔

اُن (un) [بر۔ ضمیر واحد حاضر] تم، نیز دیکھیے اُنٗ (uṅ)۔

ا۔ل

اِل (il) [بر۔ اسم] ندی سے گاؤں کی طرف لانے والی نہر کا سرا (۲) سوئی کا چھید جس میں دھاگہ ڈالتے ہیں (۳) نہر کی وہ جگہ جہاں سے کھیت کی طرف پانی کا رخ پھیرتے ہیں۔

اِل ایَتَس (il étas) [بر۔ محاورہ] کھیت یا کنویں کی طرف نہر کے پانی کا رخ پھیرنا، پانی چھوڑنا۔

اِل دِیُوسَس (il diwsas) [بر۔ محاورہ] ندی سے گاؤں کی طرف نہر لانا، نہر نکالنا۔

اِل گارڑَس (il gáarcas) [بر۔ محاورہ] نہر کا گاؤں سے کٹ جانا، نہر منقطع ہونا (۲) ذریعۂ آمدنی منقطع ہونا۔

اِل نِیَس (il niyas) [بر۔ محاورہ] پانی وغیرہ کا نہر کو کاٹنا، نہر کا منقطع ہونا، نہر کے اندر شگاف پڑنا۔

اَلاَ (ála) [بر۔ اسم] ہدایت، نصیحت، رہنمائی (۲) ممانعت، روک ٹوک۔
اُلاَ (úla) [بر۔ متعلق فعل] اندر، میں، درون۔

اُلاَچی (úlaći) [بر۔اسم] گودام،سٹور،ذخیرہ کرنے کی جگہ۔
اَلاَشُمُڈ (aláśumuć) [بُر۔اسم] دیکھیے اَلاَشو (aláśo) جس کی یہ جمع ہے۔
اَلاَشو (aláśo) [بر۔صف] دیکھیے اُلوشو (alúuśo)۔
اَلاٹ (aláaṭ) [انگ۔اسم] تقسیم،تخصیص،بخشش۔ allot
اَلاٹ اِیتَس (aláaṭ étas) [بر۔مص مر] تقسیم کرنا،تخصیص کرنا، بخشش کرنا۔
اَلاٹ مَناس (aláaṭ manáas) [بر۔مص مر] تقسیم ہونا، تخصیص ہونا۔
اَلاچی (alaací) [ار۔اسم] ایک خوشبودار پھل جس کے اندر خوشبودار دانے ہوتے ہیں،الاچی۔
اَلاچی مُڈ (alaacímuć) [بُر۔اسم] دیکھیے الاچی (alaací) جس کی یہ جمع ہے۔
اَلارَم (alaarám) [انگ۔اسم] خطرے سے آگاہی،جگانے والی گھنٹی۔ alarm
اَلارَم اِیتَس (alaarám étas) [بر۔مص مر] گھنٹی بجانا یا بجانا۔
اَلارَم مَناس (alaarám manáas) [بر۔مص مر] خطرے سے آگاہی کی آواز آنا،گھنٹی کی آواز آنا۔
اَلاشُمُڈ (aláaśumuć) [بُر۔اسم] دیکھیے اَلاَشو (aláśo) جس کی یہ جمع ہے۔
اَلاشو (aláaśo) [بر۔صف] دیکھیے اَلاَشو (aláśo)۔
اُلاق (uláaq) [ت۔اسم] ڈاک کا گھوڑا،ایک قسم کی چھوٹی کشتی،گدھا، گائے،گھوڑا،یہ دراصل ترکی لفظ اُلاغ ہے۔
اَلامان (álamaan) [ع۔دعا] پناہ بخدا۔
اِلٰھی (ilaahí) [ع۔دعا] میرے اللہ،میرے خدا،اللہ سے منسوب۔
اَلبَتاَ (albatá) [ع۔حرف استدراک] مگر،بے شک۔
اَلبَم (albám) [انگ۔اسم] تصویروں کی کتاب،مجموعہ تصاویر۔ album
اِلبَن (ilbán) [بر۔اسم] مال مویشوں کا مالیہ جو میر آف ہونزا گوجال کے رہنے والوں سے وصول کرتا تھا۔
اِلبَن دِیوسَس (ilbán díwsas) [بُر۔مص مر] اِلبَن (ilbán) وصول کرنا۔
اِلبَن (ilban) [بر۔اسم] دیکھیے اِندِل بن (indil ban) جس کی یہ تخفیف ہے۔
اَلَپ (aláp) [بر۔اسم] ایک قسم کی غذا جو بھوسہ پر آٹا اور پانی ڈال کر مویشیوں کے لیے تیار کی جاتی ہے،بعض دفعہ اس میں نمک بھی ملایا جاتا ہے (۲) پانی میں تر کرنا،گیلا کرنا۔
اَلَپ اِیتَس (aláp étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے اَلَپ (aláp)۔
اُلپاَ (úlpa) [بُر۔متعلق فعل] اندر،میں،دروں،اندرون۔
اُلپر (úlpar) [بُر۔حرف جار] اندر،میں۔
اُلپُر (úlpur) [بُر۔اسم] پلک،مژہ، اُجمع غائب کی علامت ہے،یہ دراصل اُلچنے بُر (úlčine bur) ہے جو کثرتِ استعمال سے اُلپُر (úlpur) ہوگیا ہے۔
اِلپُرکِس (ílpurkis) [بُر۔محاورہ] نازک مزاج،جلدی روٹھنے والا (۲) آسیب زدہ۔
اِلپُر کُلی گآٹی اوٗمَنَس (ílpur kulí gaáṭi oómanas) [بُر۔محاورہ] نیند نہ آنا،آنکھ نہ لگنا۔
اُلپموٗ (úlpamo) [بُر] اندر کا/کے/کی،اندر سے۔
اِلتاَ (iltá) [بُر] دیکھیے اِلتَیَس (iltáyas) جس کا یہ امر ہے۔
اُلتاَ (ultá) [بُر۔امر] دیکھیے اِلتاَ (iltá) جس کی یہ جمع ہے۔
اَلتاکُڈ (altáaňuć) [بُر۔عدد] آٹھ دن کی مدت،آٹھ دن۔
اِلتانڈ (iltáanć) [بُر۔اسم] اس کی ابرو،اِ ضمیر واحد غائب مذکر کی علامت ہے۔
اِلتانڈ ڈآر اوتَس (iltáanć ćaár ótas) [بُر۔محاورہ] کسی کو نیچا

دکھانا، اپنی کامیابی پر فخر کرنا، اترانا۔

اُلتانڈ (*ultáanc*) [بُر۔اسم] ان کے ابرو۔

اَلتِت (*áltit*) [بُر۔اسم] ہونزا کا ایک قدیم گاؤں جو بلتت (موجودہ کریم آباد) کے پاس ہی ہے، ان دونوں کے درمیان حدِّ فاصل صرف اُلتَر (*ûltar*) نالہ ہے۔ اسے مخفف کر کے اَلتی (*álti*) بھی کہا جاتا ہے۔

اَلتَڈ (*altác*) [بُر۔عدد] دو، دو چیزیں، دو سے متعلق۔

اَلتَر کُم (*áltar kum*) [بُر۔عدد] بیس طرح کے، بیس جوڑے، بیس قسم کے۔

اِلتُر (*iltúr*) [بُر۔اسم] اس کی سینگ (۲) اُس کی نقل (۳) اِلتُرَس (*iltúras*) کا امر۔

اِلتُر تَھانُم مَناس (*iltúr tháanum manáas*)
[بُر۔محاورہ] عزت ملنا، شہرت پانا، چرچا ہونا، مشہور ہونا (۲) بدنام ہونا۔

اِلتُر مَناس (*iltúr manáas*) [بُر۔محاورہ] کسی کی نقل اتارنا، سوانگ بھرنا۔

اُلتَر (*últar*) [بُر۔اسم] وسطی ہونزا کا وہ مشہور نالہ جو التت اور بلتت کے درمیان واقع ہے اور جس کے پانی سے وسطی ہونزا کا اکثر حصہ سیراب ہوتا ہے (۲) اُلتَر (*ûltar*) گلیشر بھی مشہور ہے جو سیاحوں کے لیے خصوصی دلچسپی کا مرکز ہے۔

اِلتُرَس (*iltúras*) [بر۔مص] کھول دینا، گرا دینا، ویران کرنا (۲) اُدھیڑنا۔

اِلتَرقِیَس (*iltárqiyas*) [بر۔محاورہ] کسی ہنر میں کمال دکھانا، کمالِ فن کا مظاہرہ کرنا، ترقی کرنا (دیگرَن، ص ۳۳)۔

اِلتُرُم (*iltúrum*) [بر] دیکھیے اِلتُرَس (*iltúras*) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

اِلتُروٗ (*iltúro*) [بُر۔اسم] اس کی نقل اُتارنا، اِ ضمیر واحد غائب کی علامت ہے۔

اِلتَرِیَنْ یارتَلی دُوٗسَس
(*iltáriyan yáartali duúsas*) [بُر۔محاورہ] بے غیرتی کا مظاہرہ کرنا، بزدلی دکھانا، کسی سے پیچھے رہ جانا۔

اِلتُرے ژَمے اِوَٹے چُھکُس مَناس
(*iltúre žamé iwáṭe čhúkus manáas*)
[بر۔محاورہ] اپنا مال جائے آپ ہی چور کہلائے، یعنی نقصان بھی اپنا ہو اور الزام بھی خود پر آئے۔

اُلتُس (*ultús*) [بُر۔اسم] ان کی قبر، اُ ضمیر جمع غائب کی علامت ہے۔

اُلتُسُ لوٗ دَن دُوٗسَس (*ultúsulo dan duúsas*)
[بُر۔محاورہ] بہت ہی بخیل ہونا۔

اُلتُسے دِش (*ultúse diś*) [بر۔محاورہ] قبرستان، دفنانے کی جگہ۔

اُلتُسے شِقَر (*ultúse ṣiqár*) [بر۔رسم] ہونزا میں جب لاوارث عورت کی وفات ہوتی ہے تو اس کے باپ کے قبیلے والے جو اس کے باپ کی غیر منقولہ جائیداد کے مالک بنتے ہیں، اس متوفیہ کی موت کے بعد کے رسومات ادا کرنے کے ذمہ دار ہوتے ہیں، اس رسم کو اُلتُسے شِقَر گمِیَس (*ultúse ṣiqár gámiyas*) کہا جاتا ہے۔

اِلتُسے گٹوٗ (*iltúse gaṭú*) [بر۔کنایہ] کفن۔

اِلتُسے گری (*iltúse garí*) [بر۔محاورہ] قبر پر چراغ جلانا، قبر میں روشنی کرنا۔

اِلتَغایِ (*iltáǵay*) [بُر] دیکھیے اِلتَغایَس (*iltáǵayas*) جس کا یہ امر ہے۔

اِلتَغایَس (*iltáǵayas*) [بُر۔محاورہ] گارے سے کسی دیوار پر لپائی کرنا (۲) مہارت دکھانا، کسی ہنر میں کمال دکھانا، لیپنا، کہگل کرنا، پلستر کرنا (دیگرَن، ص ۳۳)۔

اِلتَغایُم (*iltáǵayum*) [بُر] دیکھیے اِلتَغایَس (*iltáǵayas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اَلُتُل (altúl) [بر۔اسم] دو دن کی مدت، دو دن۔

اِلُتُل (iltúl) [بر] دیکھیے اِلتُلَس (iltúlas) جس کا یہ امر ہے۔

اِلُتَلتَر (iltáltar) [بُر۔اسم] اُس کی ران، ران کا وہ حصہ جو گھٹنے سے اوپر ہے (۲) جانور کی اگلی ران، اِ ضمیر واحد غائب کی علامت ہے۔

اِلُتَلتَرِنْ (iltáltarin̈) [بُر] دیکھیے اِلتَلتَر (iltáltar) جس کی یہ جمع ہے۔

اِلُتُلَس (iltúlas) [بر۔مص] بندوق میں بارود اور گولی ڈالنا (دیکرَن، ص ۳۲)، سرنگ میں بارود بھرنا، (محاورۃً) گھوڑے کو لگام/زین وغیرہ سے آراستہ کرنا (۲) کسی کو تلخ و تند الفاظ میں برا بھلا کہنا (۳) باتوں کی بوچھاڑ کرنا۔

اَلُتُلِکی (altúliki) [بر۔محاورہ] دو روزہ، دو دن کا/کی، عارضی، ناپائدار۔

اَلُتُلِکی دُنیا (altúliki dunyáa) [بر۔محاورہ] دو دن کی دنیا، (۲) عارضی اور ناپائدار دنیا۔

اَلُتُلِکی مہمان اِمَنَس (altúliki mehmáan imánas) [بر۔محاورہ] دو دن کا مہمان ہونا (۲) قریب المرگ ہونا۔

اِلُتَلِم (iltálim) [بر] دیکھیے اِلتَلِیَس (iltáliyas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اِلُتُلُم (iltúlum) [بر] دیکھیے اِلتُلَس (iltúlas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اِلُتَلی (iltáli) [بر] دیکھیے اِلتَلِیَس (iltáliyas) جس کا یہ امر ہے۔

اِلُتَلِیَس (iltáliyas) [بر۔مص] شیرخوار بچے کو بچھونے میں باندھنا (دیکرَن، ص ۳۲)۔

اِلتَم (iltám) [بُر] دیکھیے اِلتَیَس (iltáyas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اُلتَم (ultám) [بُر] دیکھیے اِلتَم (iltám) جس کی یہ جمع ہے۔

اَلتَمَسا (altámsa) [بر۔عدد] آٹھواں مہینہ، آٹھ ماہ۔

اَلتَمکُم (altámkum) [بر۔عدد] آٹھ جوڑے (لباس وغیرہ)۔

اِلتُمَل (iltúmal) [بر۔اسم] اس کا کان، اِ ضمیر واحد غائب کی علامت ہے۔

اِلتُمَل ایَتَس (iltúmal étas) [بُر۔محاورہ] متوجہ ہونا، غور سے سننا، کان دھرنا (۲) چُھپ کر سننا۔

اِلتُمَل ایرَس (iltúmal éeras) [بُر۔محاورہ] غور سے سُننا، دیکھیے اِلتُمَل ایَتَس (iltúmal étas)۔

اِلتُمَل اَییَتَس (iltúmal ayétas) [بر۔محاورہ] متوجہ نہ ہونا، غور سے نہ سننا (۲) چُھپ کر نہ سُننا۔

اِلتُمَل تَھڈآپ ایَتَس (iltúmal thaḍaáp étas) [بر۔محاورہ] قدرے سنی ان سنی کرنا، قدرے نظر انداز کرنا۔

اِلتُمَل تَھڈَپ ایَتَس (iltúmal thaḍáp étas) [بر۔محاورہ] سُنی ان سنی کرنا (۲) خاموشی سے بیٹھنا، نظر انداز کرنا۔

اِلتُمَل چَق ایَتَس (iltúmal ćaq étas) [بر۔محاورہ] بار بار تقاضا کرنا، کان چاٹنا۔

اِلتُمَل چوَر ایَتَس (iltúmal ćor étas) [بر۔محاورہ] نہایت توجہ سے سننا، غور سے سننا، سننے کے لیے تیار رہنا، چوکنا رہنا۔

اِلتُمَل چُوَم مَناس (iltúmal ćhuúm manáas) [بر۔محاورہ] بہرا ہونا، کم سننا۔

اِلتُمَل ڈے دُوَنَس (iltúmalće duúnas) [بر۔محاورہ] کان پکڑنا، اظہارِ بیزاری کرنا، توبہ کرنا، استغفر اللہ پڑھنا (۲) باز رہنا۔

اِلتُمَل ساس مَناس (iltúmal sáas manáas) [بر۔محاورہ] قوت سامعہ کا تیز ہونا، سننے کے لیے تیار ہونا۔

اِلتُمَل شیَیَس (iltúmal śéyas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے اِلتُمَل چَق ایَتَس (iltúmal ćaq étas)، البتہ اِلتُمَل چَق ایَتَس (iltúmal ćaq étas) میں تھوڑی سی شدت کا مفہوم

ہے۔

اِلتُمَل غَراس (iltúmal ġaráas) [بر۔محاورہ] کان بجنا۔

اِلتُمَل غُوٹ اِیتَس (iltúmal ġuúṭ étas) [بر۔محاورہ] ذرا سی اَن سُنی کرنا، قدرے نظر انداز کرنا۔

اِلتُمَلچِی (iltúmalĉi) [بر] کان میں، کان کے اندر۔

اِلتُمَلچِی اِیبشاَیَس (iltúmalĉi éebiŝayas) [بر۔محاورہ] کان میں بات ڈالنا، آگاہ کرنا، باخبر رکھنا۔

اِلتُمَلچِی بِس ژُوَس (iltúmalĉi bis žúwas) [بر۔محاورہ] نہ سننا، توجہ نہ دینا، نظر انداز کرنا۔

اِلتُمَلچِی کُھکُھس مَناس (iltúmalĉi khúkhus manáas) [بر۔محاورہ] کانا پھوسی کرنا، چپکے چپکے باتیں کرنا، سرگوشی کرنا۔

اُلتُمَلچِی اوتَس (ultúmalĉi óotas) [بر] کان میں پہنانا۔

اِلتُمَلَر اِیمِینڈ دوَلَس (iltúmalar émiyanċ dólas) [بر۔محاورہ] کان میں انگلیاں دینا، جان بوجھ کر نہ سننا (۲) انکار کرنا۔

اِلتُمَلَر اِیبشاَیَس (iltúmalar éebiŝayas) [بر۔محاورہ] کان میں بات ڈالنا، آگاہ کرنا۔

اِلتُمَلُلو اِیَسَس (iltúmalulo ésas) [بر۔محاورہ] کان میں کہنا، سرگوشی کرنا۔

اِلتُمَلُلو بُل دُوَسَس (iltúmalulo bul duúsas) [بر۔محاورہ] کان بہنا، کان میں سے پیپ نکلنا۔

اِلتُمَلُلو تُوَت اِیتَس (iltúmalulo tuút éetas) [بر۔محاورہ] تاکید کرنا۔

اِلتُمَلُلو دُوَنَس (iltúmalulo duúnas) [بُر۔محاورہ] کان پکڑنا، مراد تنبیہ کرنا، خبردار کرنا۔

اِلتُمَلِنگ ڈے دُوَنَس (iltúmaliṅ ċe duúnas) [بر۔محاورہ] انکار کرنا (۲) توبہ کرنا۔

اَلتَن (altán) [بُر۔عدد] دو (انسان) (۲) مجھے پیٹو، مجھے مارو۔

اِلتَن (iltán) [بر] دیکھیے اِلتَنَس (iltánas) جس کا یہ امر ہے۔

اِلتِن (iltín) [بر۔اسم] ہڈی، نیز دیکھیے - لِتِن (-ltin)، اِ ضمیر واحد غائب مذکر کی علامت ہے۔

اِلتِن خَرَس (iltín qhâras) [بر۔محاورہ] سُست پڑ جانا، نکما ہونا۔

اِلتِن چَق مَناس (iltín çaq manáas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِلتِن خَرَس (iltín qhâras)۔

اِلتِن گَلَس (iltín gálas) [بر۔محاورہ] ہڈی ٹوٹ جانا (۲) نکما ہونا (۳) ہمت ہار بیٹھنا، کام سے رہ جانا۔

اِلتَنڈ (iltánċ) [بر۔اسم] اس کی ران، اس کی ٹانگ، اِ ضمیر واحد غائب کی علامت ہے۔

اِلتَنڈ دال اِیتَس (iltánċ dáal étas) [بر۔محاورہ] کسی کو اس کی ناکامی کا احساس دلانا (۲) کسی کو للکارنا۔

اِلتَنَس (iltánas) [بُر۔مص] مارنا، اِ ضمیر واحد غائب کی علامت ہے۔

اِلتَنُم (iltánum) [بر] دیکھیے اِلتَنَس (iltánas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اَلتوِ (altó) [بر۔عدد] دو، دو کا عدد، عدد دو۔

اَلتوِ چِر (altó ĉhir) [بر] دوہرا، دوتا، دوتہ کی۔

اَلتوِ خَر (altó qhar) [بر۔محاورہ] ایسا کپڑا جو دو رنگوں کے تانے بانے سے بنا گیا ہو (۲) ایسا مرد جس کی دو بیویوں سے اولاد ہو (۳) وہ جگہ جہاں دریا یا ندی دو شاخوں میں تقسیم ہوتی ہو۔

اَلتوِ ساَ (altósa) [بر] دو ماہ۔

اَلتوِ کُم (altókum) [بر] دو جوڑا، دو طرح کے، دو قسم کے۔

اَلتوِولُم (altówlum) [بر] دوسرا، دوسری۔

اَلتُو (altúu) [بر] جُڑواں۔
اَلتُوکِش (altúukiṣ) [بر۔مف] جڑواں بچوں میں سے ایک (۲) وہ مادہ جس سے جڑواں بچے پیدا ہوں (۳) خوبانی کا وہ درخت جس کی گٹھلی میں دو دو گری ہوں۔
اَلتُوکِینْڈْ (altúukiyanċ) [بر۔مف] جڑواں بچے، اَلتُوکِش (altúukiṣ) کی جمع۔
اِلتَنگ (iltáyṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے اِلتَنڈْ (iltánċ) جس کی یہ جمع ہے۔
اَلتی (álti) [بُر۔اسم] دیکھیے اَلتِت (áltit) جس کا یہ مخفف ہے۔
اِلتَیَس (iltáyas) [بُر۔مص] جوتا پہننا۔
اُلتَیَس (ultáyas) [بر۔مص] دیکھیے اِلتَیَس (iltáyas) جس کی یہ جمع ہے۔
اِلتیِش (iltéṣ) [بر۔اسم] آنکھوں کا خراب ہونا، بھوں، یہ دراصل اِلچِنےِ تیِش (ilċine teṣ) ہے 'ش' 'ش' میں تبدیل ہوا ہے جبکہ 'چ' اور 'ن' حذف ہوئے ہیں۔
اَلٹی میٹَم (alṭimeeṭám) [انگ۔اسم] آخری تنبیہ۔
ultimatum
اِلجِپاٗ (iljipa) [بر۔متعلق فعل] پیچھے، بعد میں، عقب میں (۲) غیر موجودگی میں۔
اِلجِپاٗ غَراس (iljipa ġaráas) [بر۔محاورہ] غیبت کرنا، پیٹھ پیچھے باتیں کرنا، پیٹھ پیچھے بُرائی کرنا۔
اِلجِپاٗموٗ (iljipamo) [بر۔متعلق فعل] عقب کی جانب کا/کی، عقب سے۔
اِلجِسکُم (iljiskum) [بر۔متعلق فعل] پیچھے سے، پیٹھ کی جانب سے، پیٹھ پیچھے۔
اُلجِکَن (úljikan) [بر۔متعلق فعل] پیچھے، عقب میں۔
اُلجِکَن لَقپِس پہت ایتَس (úljikan laqpis phat étas) [بر۔محاورہ] عقب میں رومال چھوڑنا، ہونزا کا ایک پرانا کھیل جس میں شمولیت کرنے والے کھلاڑی دائرے کی شکل میں سامنے کی طرف دیکھتے ہوئے بیٹھتے ہیں اور ایک شخص چکر لگاتے ہوئے چپکے سے ایک رومال ان میں سے کسی ایک کے پیچھے چھوڑ دیتا ہے، اگر واپس آنے تک اس شخص کو معلوم ہو تو رومال رکھنے والا کھیل ہار جاتا ہے، ورنہ وہ کھیل جیت جاتا ہے اور جس کے پیچھے رومال چھوڑتا ہے اس کی پٹائی کرتا ہے۔
اُلجِکَنُم (úljikanum) [بر۔متعلق فعل] پیچھے سے، عقب کی جانب سے۔
اِلجِکی (iljiki) [بر۔اسم] وہ گھاس جو ایک دفعہ کاٹنے کے بعد دوسری بار کاٹنے کے لیے تیار ہوتی ہے (۲) آخری اولاد (محاورۃً)۔
اِلجِم (iljim) [بر۔متعلق فعل] پیچھے، پیچھے سے، پیچھے کے، بعد کے۔
اِلجُم اِلجُم (iljum iljum) [بر۔متعلق فعل] بعد میں، کچھ وقت بعد، کافی بعد میں۔
اِلجُم اِلجی (iljum ilji) [بر۔متعلق فعل] بعد کے، بعد والے، مابعد۔
اِلجُم یَرُم (iljum yárum) [بر۔محاورہ] سارے کا سارا، اگلا پچھلا (۲) متوفی کی رسومات جو وفات کے بعد ادا کی جاتی ہیں۔
اِلجُم یَرُم ایتَس (iljum yárum étas) [بر۔محاورہ] متوفی کی موت کے بعد کی رسومات ادا کرنا۔
اِلجُمپاٗ (iljumpa) [بر۔متعلق فعل] پیچھے، عقب میں۔
اِلجِموٗ (iljimo) [بر۔متعلق فعل] پچھلے والے، پیچھے سے، عقب کے۔
اِلجِنَر بَریِنَس (iljinar barénas) [بر۔محاورہ] دور اندیشی کرنا، سوچ بچار کر کے کام کرنا (۲) عاقبت اندیشی کرنا۔
اِلجِنےِ (iljine) [بر۔متعلق فعل] پیچھے، عقب کی جانب، بعد کے لیے۔
اِلجِنےِ دُپہلتَس تُمَق (iljine duphaltas tumáq) [بر۔مف] وہ دُنالی بُر بندوق جس کا بارود عقب کی جانب نکلے

(محاورۃً) ایسا شخص جو بہت زیادہ بولے مگر اس کی باتوں کا کسی پر اثر نہ ہو۔

اِلجیِ (*ilji*) [بر۔ متعلق فعل] پیچھے، عقب میں (۲) بعد میں۔

اِلجیِ ایَس ایتَس (*ilji es étas*) [بر۔ محاورہ] پس ماندگان سے لگاؤ رکھنا، پس ماندگان کی فکر کرنا۔

اِلجیِ ایَس مَناس (*ilji es manáas*) [بر۔ محاورہ] پس ماندگان سے لگاؤ ہونا، پس ماندگان کی فکر میں ہونا۔

اِلجیِ بِشایَس (*ilji bišáyas*) [بر۔ محاورہ] ملتوی کرنا، ٹالنا، تاخیر کرنا۔

اِلجیِ بَلاس (*ilji baláas*) [بر۔ محاورہ] ملتوی ہونا، تاخیر ہونا، (۲) پیچھے رہ جانا، پس ماندہ رہ جانا۔

اِلجیِ پاَ (*iljipa*) [بر۔ متعلق فعل] دیکھیے اِلجپاَ (*iljipa*)۔

اِلجیِ پَھٹ ایتَس (*ilji phat étas*) [بر۔ محاورہ] پیچھے چھوڑنا (۲) کسی پر سبقت لے جانا۔

اِلجیِ جاآش (*ilji jaáş*) [بر۔ متعلق فعل] بعد میں، کافی بعد میں، کچھ عرصہ بعد۔

اِلجیِ ذاآق (*ilji zaáq*) [بر۔ متعلق فعل] تھوڑا پیچھے، نیز دیکھیے اِلجیِ جاآش (*ilji jaáş*)۔

اِلجیِ گِیَس (*ilji giyas*) [بر۔ محاورہ] عقب میں ڈالنا، پیچھے کی طرف ڈالنا (۲) کسی بوجھ کو اُٹھانے میں عقب سے سہارا دینا۔

اِلجیِ وَشِیَس (*ilji wáşiyas*) [بر۔ محاورہ] عقب میں رکھنا، پیچھے رکھنا (۲) ہرا دینا، سبقت لے جانا۔

اِلجیِ وَلَس (*ilji wálas*) [بر۔ محاورہ] پیچھے رہ جانا، مقابلہ ہارنا۔

اِلجیِ یَر (*ilji yar*) [بر۔ محاورہ] پس و پیش، آگے پیچھے، موت کی رسومات (۲) مشکل یا ضرورت کا وقت۔

اِلجیِ یَر مَناس (*ilji yar manáas*) [بر۔ محاورہ] آگے پیچھے چلنا (۲) خوشامدی کرنا (۳) استقبال کرنا۔

اِلجیِ یَرَر اَپَرنَس (*ilji yárar apáranas*) [بر۔ محاورہ] آگے پیچھے نہ دیکھنا (۲) کفایت شعاری نہ کرنا، سوچ سمجھ کر کام نہ کرنا۔

اِلجیِ یَرَر بَریَنَس (*ilji yárar barénas*) [بر۔ محاورہ] سوچ سمجھ کر کام کرنا، عاقبت اندیشی کرنا، مشکل وقت کا خیال رکھنا۔

اِلجیِ یَکَل (*ilji yákal*) [بر۔ متعلق فعل] عقب میں، پچھلی طرف۔

اِلجیِ یُوٹِس اوٗمَنَس (*ilji yuúţis oõmanas*) [بر۔ محاورہ] نیکی کی کوئی توقع نہ ہونا، بدی کرنا، بعید نہ ہونا۔

اُلجیِ (*ulji*) [بُر] دیکھیے اِلجیِ (*ilji*) جس کی یہ جمع ہے۔

اِلچُمُڈ (*ilćumuć*) [بُر۔ اسم] دیکھیے اِلچِن (*ilćin*) جس کی یہ جمع ہے۔

اِلچُمُڈ اُغُلَس (*ilćumuć ugúlas*) [بر۔ محاورہ] کسی چیز کو دیکھ کر اس پر فریفتہ ہونا (۲) دھواں یا درد کی وجہ سے آنکھوں میں جلن ہونا۔

اِلچُمُڈ بَبَر اوٗتَس (*ilćumuć babár ótas*) [بر۔ محاورہ] عدل سے کام لینا، جانبداری نہ کرنا، مساوات کو ملحوظِ نظر رکھنا۔

اِلچُمُڈ بُوٗر مَناس (*ilćumuć buúr manáas*) [بر۔ محاورہ] آنکھوں کا بوجھل ہونا (۲) نیند غالب آنا (۳) مرنا، فوت ہونا۔

اِلچُمُڈ تَلَر دوٗلَس (*ilćumuć tálar dólas*) [بر۔ محاورہ] آنکھوں کا پتھرانا، سکرات الموت میں آنکھوں کی سفیدی نظر آنا۔

اِلچُمُڈ تھاآپ اوٗتَس (*ilćumuć thaáp ótas*) [بر۔ محاورہ] آنکھ بچانا، چشم پوشی کرنا (۲) بے مروتی کرنا (۳) آنکھیں آہستہ بند کر دینا۔

اِلچُمُڈ دُپِرڈس (*ilćumuć dúpirćas*) [بر۔ محاورہ] آنکھ بدل کر دیکھنا، غصے سے دیکھنا، آنکھیں دکھانا۔

اِلچُمُڈ زَٹ اوٗتَس (*ilćumuć zaţ ótas*) [بر۔ محاورہ] غصے میں آنکھیں دکھانا، دھمکانا، ناراض ہونا۔

اِلچُمُڈ غَرَیِٔ مَناس (ílćumuć greéý manáas) [بر-محاورہ] بھوک سے جان بلب ہونا (۲) شدت درد سے بے چین ہونا، بے قرار ہونا۔

اِلچُمُڈ لِسؔ نوٗ دُروٗ ایَتَس (ílćumuć liş no duró étas) [بر-محاورہ] آنکھیں بند کر کے کام کرنا (۲) بلاچون وچرا کام کرنا (۳) دیکھے بغیر کام کرنا، بلاسوچے سمجھے کام کرنا۔

اِلچُمُڈ لِیسؔ اؤتَس (ílćumuć liiş ótas) [بر-محاورہ] چشم پوشی کرنا (۲) بے پروائی کرنا (۳) بے وفائی کرنا (۴) سُنی ان سُنی کرنا۔

اُلچُمُڈ (úlćumuć) [بُر-اسم] ان کی آنکھیں۔

اِلچُمُڈَر پھیوٗ ہَوہَو مَناس
(ílćumućar phíyo haw haw manáas)
[بر-محاورہ] کچھ نظر نہ آنا، آنکھوں کے سامنے تاریکی چھا جانا۔

اِلچُمُڈَر دَرغُناَ ژُوَس
(ílćumućar darqhunaá žúwas) [بر-محاورہ]
آنکھوں پر پردہ آنا (۲) غافل ہونا، فریب میں آنا، دھوکا کھانا۔

اِلچُمُڈَر دُنیا ڈُٹَںْ مَناس
(ílćumućar dunyáa duṭáń manáas)
[بر-محاورہ] کسی صدمہ سے دوچار ہونا، صدمہ کی وجہ سے حواس باختہ ہونا۔

اِلچُمُڈَر مُلتَن ژُوَس (ílćumućar multán žúwas)
[بر-محاورہ] آنکھوں میں خون اُترنا، غصّے کے مارے آنکھیں سرخ ہونا۔

اِلچُمُڈُلوٗ دویَنَس (ílćumućulo dóoyanas)
[بر-محاورہ] آنکھوں میں کھٹکنا، ناگوار گزرنا، برا لگنا۔

اِلچُمُڈے ہِک یُوٗ مَناس
(ílćumuće hik yuú manáas) [بر-محاورہ] آنکھوں میں آنسو بھر آنا، آب دیدہ ہونا (۲) ترس کھانا۔

اِلچِن (ílćin) [بُر-اسم] اس کی آنکھ، اِ ضمیر واحد غائب کی علامت ہے، نیز دیکھیے -لچِن (-lćin)۔

اِلچِن اَتِڈَس (ílćin atíćas) [بر-محاورہ] نظر میں نہ لانا، حقیر سمجھنا، نظر انداز کرنا۔

اِلچِن اَتُڈَس (ílćin atúćas) [بر-محاورہ] دیکھیے اِلچِن اَتِڈَس (ílćin atíćas) جس کی یہ جمع ہے۔

اِلچِن اَچُوَس (ílćin açúwas) [بر-محاورہ] پسند نہ آنا (۲) توقع کے مطابق نہ ہونا۔

اِلچِن اِشَںْ (ílćin iśáń) [بر-محاورہ] اعضاء، دانائی، بصیرت، آگاہی۔

اِلچِن ایَتَس (ílćin étas) [بر-محاورہ] انتظار کرنا (۲) توقع کرنا، امید رکھنا۔

اِلچِن ایتَس (ílćin éetas) [بر-محاورہ] انتظار کرانا، امید دلانا۔

اِلچِن پُھٹ مَناس (ílćin phuṭ manáas) [بر-محاورہ] پسند آنا، عاشق ہونا (۲) فریفتہ ہونا (۳) ہوش میں آنا۔

اِلچِن پُھوٗٹ ایَتَس (ílćin phuúṭ étas) [بر-محاورہ] بیماری سے شفایابی کی علامت ظاہر کرنا (۲) مہربانی کا مظاہرہ کرنا، عنایت کرنا۔

اِلچِن پُھوٗٹ مَناس (ílćin phuúṭ manáas)
[بر-محاورہ] آنکھ قدرے کُھل جانا (۲) بیماری سے قدرے شفایاب ہونا۔

اِلچِن دِپ ایَتَس (ílćin dip étas) [بر-محاورہ] آنکھ مارنا، آنکھ سے اشارہ کرنا، اشارے سے منع یا خبردار کرنا۔

اَلچِن دُپَھٹَرَس (álćin dupháṭaras) [بر-محاورہ] شدید انتظار کرنا، بہت دیر تک انتظار کرنا، ترسنا، انتظار میں آنکھیں فرسودہ

ہوجانا۔

اَلچِن دُبَھتر نِی کُلی اُنے گن نُیرَن با

اُنے نُورے کِراماتے قَدم جالے بَلِیَن خا

دیوانِ نصیری (بروشسکی) ص ۶۷۔

ترجمہ: (اے میرے محبوب!) میں تیرے انتظار میں تیری راہ تک رہا ہوں، خواہ اس انتظار میں میری آنکھیں فرسودہ بھی کیوں نہ ہوں، یہ حالت اس وقت تک ختم نہیں ہوگی جب تک تیرے نور کا معجزانہ گزر میرے دل (کی خراب بستی) پر نہ ہوگا۔

اِلچِن ژُوَس (*ilčin žúwas*) [بر۔محاورہ] پسند آنا، توقع کے مطابق ہونا۔

اِلچِن ساَںَ ایتَس (*ilčin saáṅ étas*) [بر۔محاورہ] بیماری سے قدرے شفا پانا، آنکھ کھولنا، افاقہ ہونا۔

اِلچِن ساَںَ مناس (*ilčin saáṅ manáas*) [بر۔محاورہ] بیماری سے قدرے شفایاب ہونا (۲) نظر بہتر ہونا (۳) بینائی لوٹ آنا، اُمید پوری ہونا، اُمید کی کرن نظر آنا۔

اِلچِن دِذَس (*ilčin dícas*) [بر۔محاورہ] پسند کرنا، قبول کرنا، اہمیت دینا۔

اِلچِن گٹاس (*ilčin gaṭáas*) [بر۔محاورہ] آنکھ اٹکنا، پسند کرنا، عاشق ہونا۔

اِلچِنُ لُم پُھک دیگُسَس

(*ilčinulum phuk déegusas*) [بر۔محاورہ] دل کی بات کہنا (۲) عین توقع کے مطابق کام کرنا، توقع پر پورا اُترنا۔

اِلچِنُ لوٗ چَم ایتَس (*ilčinulo çam étas*) [بر۔محاورہ] خارِ چشم بننا، آنکھوں میں کھٹکنا، ناگوار گزرنا۔

اِلچِنُ لوٗ یَنَس (*ilčinulo yánas*) [بر۔محاورہ] بہت عزیز رکھنا، بہت چاہنا۔

اِلچِن مَناس (*ilčin manáas*) [بر۔محاورہ] انتظار ہونا (۲) توقع ہونا، امید ہونا۔

اِلچِن وَلَس (*ilčin wálas*) [بر۔محاورہ] نظرِ بد لگنا، چشم زخم ہونا (۲) نظر میں آنا (۳) پسند آنا، عاشق ہونا۔

اِلچِن ہِرُم مَناس (*ilčin hirúm manáas*) [بر۔محاورہ] نظر تیز ہونا (۲) تیز بین ہونا۔

اِلچِن یارے ایتَس (*ilčin yáare étas*) [بر۔محاورہ] نظرِ بد لگانا، چشم زخم کرنا۔

اُلچِن (*úlčin*) [بر۔اسم] ان کی آنکھ۔

اَلچِنٹے (*álčinaṭe*) [بر۔محاورہ] سر آنکھوں پر۔

اِلچِنٹے یَنَس (*ilčinaṭe yánas*) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِلچِنُ لوٗ یَنَس (*ilčinulo yánas*)۔

اِلچِنَر اَچُوَس (*ilčinar açúwas*) [بر۔محاورہ] پسند نہ آنا، توقع کے مطابق نہ ہونا، اُمید سے کم ہونا۔

اِلچِنَر اَقَنَس (*ilčinar aqánas*) [بر۔محاورہ] نظر نہ آنا، نہ دِکھنا (۲) توقع پر نہ اُترنا، اُمید کے مطابق نہ ہونا۔

اِلچِنَر چَھش مَناس (*ilčinar ĉhaṣ manáas*) [بر۔محاورہ] آنکھ میں کھٹکنا، آنکھ کا کانٹا بننا۔

اِلچِنَر غَچِش مَناس (*ilčinar ġačiṣ manáas*) [بر۔محاورہ] آنکھ میں چبھنا، کسی سے دیکھا نہ جانا، ناگوار گزرنا۔

اِلچِنےِ بُر (*ilčine bur*) [بر۔اسم] پلک، مژہ۔

اِلچِنےِ تیشی (*ilčine téši*) [بر۔اسم] آنکھوں کی محراب، بھوں۔

اِلچِنےِ پَردا (*ilčine pardá*) [بر۔اسم] آنکھ کا پردہ، پردۂ چشم۔

اِلچِنےِ دُنیا ییذَس (*ilčine dunyáa yeécas*) [بر۔محاورہ] راحت دیکھنا، خوشی کا زمانہ دیکھنا، خوشحال ہونا (۲) جہاں دیدہ ہونا۔

اِلچِنےِ گری (*ilčine gari*) [بر۔محاورہ] آنکھ کا تارا، نورِ نظر، فرزند۔

الچنۓ گری مَناس (ilčine garí manáas) [بر۔محاورہ] آنکھ کا تارا ہونا، نورِ نظر بننا۔

الچنۓ گری نۓ گون ایتَس (ilčine garí ne gon éetas) [بر۔محاورہ] شب بیداری کرنا، ساری رات نہ سونا (۲) آنکھوں میں رات کٹنا/کاٹنا۔

الچنۓ نیِذ اِختَر اوٗنیَس (ilčine niič iqhátar oóniyas) [بر۔محاورہ] یہ اس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی کمائے مگر کھانا نصیب نہ ہو۔

الچی (ilčí) [ت، بُر۔اسم] سفیر، قاصد، پیغمبر، (لفظ ایلچی کا مخفف)۔

اَلحمد (alhámd) [ع۔اسم] قرآن شریف کی پہلی سورت، سورۂ فاتحہ۔

اَلحَمدُللہ (alhamdulilláah) [ع۔دعا] خدا کا شکر ہے۔

اَلحَمدُللہ مَناس (alhamdulilláah manáas) [بر۔محاورہ] سخی ہونا (۲) خدا پر توکل کرنے والا ہونا۔

اِلخ (ilç) [بر۔اسم] وہ باریک غلاف جس میں رحم کے اندر جنین ہوتا ہے، مشیمہ، جفت جنین۔

اَلدا (álda) [بر۔محاورہ] ماتم، گریہ، رونا دھونا، افسوس۔

اَلدا ایتَس (álda étas) [بر۔محاورہ] آہ و بکا کرنا، ماتم کرنا، افسوس کرنا۔

اَلدا پھروس (álda phiróos) [بر۔محاورہ] دیکھیے الدا اغلا (álda agúla)۔

اَلدا اغُلا (álda agúla) [بر۔محاورہ] آہ و نالہ، گریہ و زاری، ماتم، افسوس۔

اِلزام (ilzáam) [ع۔اسم] تہمت، بہتان۔

اِلزام ایتَس (ilzáam étas) [بر۔محاورہ] اتہام لگانا، قصوروار ٹھہرانا۔

اِلزام دیلَس (ilzáam délas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِلزام ایتَس (ilzáam étas)۔

اُلِسکُم (úliskum) [بر۔محاورہ] درپردہ، اندر ہی اندر سے، درون خانہ۔

اَلغَن (algán) [ت] جما ہوا ترش دودھ (۲) کسی بھی فصل کا بیج ٹھیک سے نہ پکنا (۳) انگور کی ایک خاص بیماری۔

اَلغَنی (algani) [بر۔اسم] ایک مخصوص راگ۔

اَلغَنک (algáyn) [بر۔صف] وہ انگور جو ایک خاص بیماری کی وجہ سے صحیح طور پر نہیں پکتے ہیں، نیز دیکھیے اَلغَن (algán) (معنی نمبر ۳) جس کی یہ جمع ہے۔

اُلفت (ulfát) [ع۔اسم] پیار، محبت، دوستی۔

اِلقا (ilqáa) [ع۔اسم] وہ بات جو دل میں خدا کی طرف سے ڈالی جائے، الہام۔

اَلقش وزیر (alqáś waziír) [اسم] نوشیروان کے ایک وزیر کا نام جس کا دوست بختک تھا، یہ دونوں آپس میں مشورہ کے بغیر کام نہیں کرتے تھے، القش وزیر کے بارے میں ایک مشہور کہانی ہے جو (Lorimer) کی کتاب (The Language-vol II) Burushaski میں چھپ گئی ہے۔

اُلکُم (úlkum) [بُر] دیکھیے اُلِسکُم (úliskum)۔

اِلگٹ (ilgat) [بر۔اسم] نہر کی وہ جگہ جہاں سے کھیت کو پانی دیا جاتا ہے۔

اَلَلا تَلَلا (alála talála) [بر۔محاورہ] حواس باختہ ہونا، گھبرانا۔

اَلَلا تَلَلا اِمَنَس (alála talála imánas) [بر۔محاورہ] ہکا بکا ہونا، حواس باختہ ہونا۔

اَلَلش (alaláś) [بُر۔صف] یہ دراصل ارلش (arláś) ہے، بمعنی دو یا دو سے زیادہ چیزوں کا ملغوبہ، کھچڑ (۲) وہ پٹی جو مختلف رنگوں کے دھاگوں سے بُن کر تیار کرتے ہیں۔

اَللہ (Alláah) [ع۔اسم] خدا تعالےٰ کا نام، مسلمان اس نام کو خدا کا ذاتی

نام تصور کرتے ہیں، دوسرے تمام ناموں کو صفاتی سمجھتے ہیں، یعنی معبودِ خاص۔

اَللہ اکبَر (allâahu akbar) [مرکب توصیفی] اللہ سب سے بڑا ہے، یہ تکبیر ہے۔

اُلُم (ûlum) [بر۔ متعلق فعل] اندر کا، اندر سے، اندرونی۔

اُلُم اَبَش (ûlum abâś) [بر۔ محاورہ] گھریلو مسائل، اندرونی چپقلش۔

اُلُم اُلوٗ (ûlum ûlo) [بر۔ متعلق فعل] اندر ہی اندر، دیکھیے اُلِسکُم (ûliskum)۔

اُلُم بِلَس (ûlum bilâś) [بر۔ محاورہ] ہونزا کی لوک کہانیوں کے مطابق چڑیل دو قسم کی ہوتی ہیں، ایک وہ جو جن بھوت کی طرح ایک غیر مرئی مخلوق ہے جو عورت کی شکل میں ہوتی ہے، اور انسان کو ضرر پہنچاتی ہے، دوسری وہ جو بنی نوع انسان یعنی عورت ہی ہے، تاہم اس قسم کی عورتیں انسانوں کو کھا جاتی ہیں جس کی وجہ سے وہ بِلَس (bilâś) یعنی چڑیل کہلاتی ہیں، یہ عورتیں ماں کی جانب سے خاندانی ہوتی ہیں یعنی اگر ماں بِلَس (bilâś) ہے تو بیٹی بھی بِلَس (bilâś) ہوگی۔ یہاں یہ بات ذہن نشین ہو کہ یہ عورتیں شکل و صورت، اخلاق و عادات رفتار و کردار حتّٰی کہ زہد و تقویٰ میں بھی دوسری عورتوں سے کسی طرح کم نہیں ہوتیں، بات صرف اتنی ہوتی ہے کہ جو شخص ان سے آسیب زدہ ہو جاتا ہے، وہ دعویٰ کرتا ہے کہ مجھ کو فلاں بِلَس (bilâś) یعنی عورت کھا گئی، اب میں زندہ نہیں رہوں گا، اور وہ شخص چند روز یا ہفتہ یا مہینے بعد واقعی مر جاتا/ جاتی ہے، ہونزا میں اس قسم کی کہانیاں زبان زد عام و خاص ہیں، (یہاں اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ اس میں چڑیل کا ہندو تصور قطعاً نہیں پایا جاتا ہے جس کے مطابق چڑیل سے مراد اس عورت کی روح ہے جو حمل یا نجس کی حالت میں مر جاتی ہے) پس پہلی قسم کی چڑیل ہوٗلُم بِلَس (hólum bilâś) کہلاتی ہے اور دوسری قسم کی چڑیل اُلُم بِلَس (ûlum bilâś) کہلاتی ہے۔ حقیقت جو بھی ہو یہ بات نہایت افسوسناک ہے کہ اس تصور کی بنا پر بعض نہایت با اخلاق اور با کردار بلکہ زہد و تقویٰ کی حامل خواتین کو اس نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

اُلُم بِیاَی (ûlum biyây) [بر۔ محاورہ] پوشیدہ یا اندرونی بیماری، نیز دیکھیے اُلُم اَبَش (ûlum abâś)۔

اُلُم غِیَن (ûlum ĝiin) [بر۔ محاورہ] گھر کا چور۔

اُلُم ہوٗلُم (ûlum hólum) [بر۔ متعلق فعل] اندر کا اور باہر کا، اندرونی اور بیرونی۔

اَلماس (almâas) [ف۔ اسم] ایک بیش قیمت پتھر، از قسم ہیرا جو شیشے کو کاٹ دیتا ہے۔

اُلمپا (ûlumpa) [بر۔ متعلق فعل] اندر، درون، اندرون۔

اُلمپاموٗ (ûlumpamo) [بر۔ متعلق فعل] دیکھیے اُلپاموٗ (ûlpamo)۔

اِلَمَت (ilâmat) [بر۔ اسم] اس کی گود، اس کا دامن، اِ ضمیر واحد غائب کی علامت ہے۔

اِلَمَت کِھیل ایتَس (ilâmat khiil étas) [بر۔ محاورہ] دامن پھیلانا، کچھ مانگنا۔

اِلَمَچِی (ilâmaĉi) [بر] گود میں، گود کے اندر، دامن میں۔

اَلموت (almóot) [ف۔ اسم] ال+موت=عقاب آموخت۔ یا تعلیم عقاب (بعض محققین نے اس لفظ سے آشانۂ عقاب بھی مراد لیا ہے) ایک قلعہ جو قزوین اور گیلان کے درمیان ہے جس پر مشہور اسماعیلی داعی، مدبر، منتظم اور سیاستدان حسن صباح نے ۴۸۳ھ میں قبضہ کیا تھا، اس قلعے کو مرکز بنا کر اسماعیلی اماموں نے تقریباً پونے دو سو سال تک ایران کے مختلف حصوں کے علاوہ شام کے بعض علاقوں پر بھی حکومت کی۔ یہ قلعہ تاتاریوں کے یلغار کے نتیجے میں ۶۵۴ھ میں اسماعیلیوں کے ہاتھ سے نکل گیا اور اس پر تاتاری قابض ہو گئے۔

اَلمُوْنیَم (almuûniyam) [انگ۔ اسم] ایک قسم کی ہلکی دھات جو

نری، قلتِ کثافت، حرارت اور برق کے اعلیٰ درجے کی موصل ہونے کے لیے مشہور ہے، اس کا رنگ نیلگون سفید ہوتا ہے، یہ برتن، بجلی کے تار اور طیارے بنانے میں استعمال ہوتی ہے۔ aluminium

اُلَنَس (ulânas) [بر۔مص] کر سکنا، انجام دے سکنا، یہ نگری لہجہ ہے، اوٗلَنَس (oólanas) کی ضد۔

اُلنےٖ (ûlne) [بر۔متعلق فعل] اندر کی طرف، اندر کو۔

اُلنےٖ ہوٗلنےٖ (ûlne hólne) [بر۔متعلق فعل] اندر باہر۔

اَلوان (alwáan) [بر۔اسم] سرخ سبز اور زرد رنگ کا ایک کپڑا جو کسی زمانے میں ہونزا میں عام تھا۔

اَلوٗ (álo) [بر۔صف] گندہ، یہ بگانہ لہجہ ہے۔

اَلوٗ نُسیِن بُواَ غُرَسْ ایَینا کےٖ پَھلوٗ اُیون اَلوٗ میئمی (álo nusén buwá ġuráṣ eéyana ke phaló uyóon álo méymi) [بر۔کہاوت] معمولی تکلیف سے جی چرا کر بڑا نقصان اٹھانا۔

اُلوٗ (ûlo) [بر۔متعلق فعل] اندر، میں۔

اُلوٗ بَرِیَنَس (ûlo barénas) [بر۔محاورہ] اندر دیکھنا، جھانکنا۔

اُلوٗ پَھرایِتَس (ûlo phar étas) [بُر۔محاورہ] بیرونی حصے کو اندر کی طرف کرنا (۲) بات کو زبان پر لا کر روکنا یا کہنا۔

اُلوٗ تَلیِنَس (ûlo talénas) [بر۔محاورہ] سب کے سب اندر گھس جانا، داخل ہونا (۲) اندر کی جانب سرایت کر جانا (۳) غم و خوشی کے موقع پر لاتعداد لوگوں کا شرکت کے لیے آنا۔

اُلوٗ تِھیَس (ûlo thíyas) [بُر۔مص مر] کسی مائع کو کسی چیز میں ڈالنا (محاورۃً) پانی، چائے وغیرہ زیادہ پینا۔

اُلوٗ دوٗلَس (ûlo dólas) [بر۔محاورہ] اندر کرنا (۲) مویشیوں کو مویشی خانے میں داخل کرنا، مویشیوں کو شب باشی کے لیے اپنے ٹھکانے میں داخل کرنا (۳) مویشیوں کو چراگاہ یا باغ یا کسی دوسرے مقام میں داخل کرنا۔

اُلوٗ دیِلَس (ûlo délas) [بر۔محاورہ] کسی مویشی کو اندر کرنا (۲) کسی کو تھانے میں بند کرنا۔

اُلوٗ ذاآق (ûlo zaáq) [بُر۔متعلق فعل] ذرا اندر کی طرف، قدرے اندر کی جانب۔

اُلوٗ گارڈَس (ûlo gáarċas) [بُر۔محاورہ] سوچے بغیر کسی کام میں شامل ہونا، کود پڑنا (۲) دخل دینا، رکاوٹ پیدا کرنا۔

اُلوٗ گِیس/گِیس (ûlo gíyas/gíyas) [بُر۔محاورہ] داخل ہونا، اندر گھسنا (۲) اندر ڈالنا، کسی چیز میں ڈالنا۔

اُلوٗ وَشِیَس (ûlo wáśiyas) [بُر۔محاورہ] کسی ایک چیز کو کسی اور چیز میں ڈالنا (۲) ملوث کرنا، شامل کرنا، داخل کرنا (۳) بہت زیادہ کھانا۔

اُلوٗ وَلَس (ûlo wálas) [بُر۔محاورہ] کسی چیز میں گر پڑنا (۲) ملوث ہونا، شامل ہونا (۳) ہڈی کا جوڑ ٹھیک ہونا۔

اُلوٗ ہوٗلےٖ (ûlo hóle) [بُر۔متعلق فعل] اندر باہر، دردن بیرون۔

اُلوٗ ہوٗلےٖ اِمنَس (ûlo hóle imánas) [بُر۔محاورہ] اندر اور باہر کی جانب آمد و رفت پر مجبور ہونا (۲) اسہال یا دستوں کی وجہ سے بار بار جائے حاجت پر جانے پر مجبور ہونا۔

اُلوٗ ہوٗلےٖ مَناس (ûlo hóle manáas) [بُر۔محاورہ] کسی جگہ داخل اور خارج ہونا، اندر جانا پھر باہر آنا، بار بار آنا جانا کرنا۔

اُلوٗ یَکَل (ûlo yákal) [بُر۔متعلق فعل] اندر کی طرف، اندر کی جانب۔

اُلُوٗ (ulú) [بر] وہ رہے، فلاں لوگ، یہ دراصل اُلو اُ (ulô u) کا مخفف ہے، جس کے معنی ہیں: اندر وہ رہے۔

اَلُوشُمُڈ (alúuśumuc) [بر۔صف] دیکھیے اَلُوشوَتِکْ (alúuśotin)۔

اَلُوشوٗ (alúuśo) [بر۔صف] ضعیف، کمزور، لاغر، ناتواں، ناقص۔

اَلُوشوَتِکْ (alúuśotin) [بُر۔صف] دیکھیے اَلُوشوٗ

(alūuṣo) جس کی یہ جمع ہے۔

اِلہام (ilhāam) [ع۔اسم] وہ بات جو خدا کی طرف سے دل میں ڈالی جائے، القاء، وحی۔

اَلیٖت (alét) [بر۔اسم] فلاں، فلاں چیز مثلاً گوشت، پانی، دودھ وغیرہ جس کا نام لیے بغیر اُس کا ذکر کیا جائے، نیز دیکھیے اِتالیٖت (itaalét)۔

اَلیٖڎ (aléc) [بر۔اسم] دیکھیے اَلیٖس (aléṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

اَلیٖس (aléṣ) [بر۔اسم] فلاں چیز، خاص چیز مثلاً قلم، کرسی وغیرہ جس کا نام نہ لیں، غیر معلوم چیز، کوئی، کوئی سا، سی، نیز دیکھیے اِسالیٖس (iṣaaléṣ)۔

اَلیٖشو (aléṣo) [بُر] دیکھیے اَلیٖس (aléṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

اَلیٖک (alék) [بر] فلاں، خاص چیز مثلاً گیہوں، جو، چاول وغیرہ جن کا نام نہ لیں، بعض غیر معلوم چیزیں، اِمکا ڈھمکا، نیز دیکھیے اَلیٖت (alét) جس کی یہ جمع ہے۔

اَلیٖکِک (alékik) [بر] دیکھیے اَلیٖک (alék) زائد 'ک' تبعیض کی علامت ہے۔

اَلیٖگن (alégan) [بُر۔اسم] اُس پار، اُس جانب (۲) علاقہ نگر کا قدیم نام۔

اِلیٖم (ilém) [بُر۔اسم] چمڑے کے اندر کی جانب کا سوکھا ہوا گوشت جسے پتھر وغیرہ سے رگڑ کر صاف کیا جاتا ہے (۲) کسی بھی لباس یا پارچہ مثلاً اُون کی پٹی وغیرہ سے اُبھرنے والی روئیں (۳) جسم پر رگڑ کی وجہ سے اُبھرنے والی روئیں (۴) برادہ، چورا، لکڑی یا دھات کا چورا جو آری یا سوہن سے نکلتا ہو۔

اِلیٖم دولَس (ilēm dólaṣ) [بُر۔محاورہ] چمڑے کے اندر کی جانب کا گوشت پتھر وغیرہ سے رگڑ کر صاف کرنا، چمڑے کو رنگنے کے لیے صاف کرنا (۲) اونی لباس کے ریشے ختم ہونا۔

اِلیٖم نِیَس (ilēm niyaṣ) [بُر۔محاورہ] اُونی یا سوتی کپڑے کا گھس جانے کی وجہ سے ریشے ختم ہونا، کپڑے کا گھس جانا۔

اُلیا (ulyá) [بُر] غیر ضروری، خواہ مخواہ، بطور تکلف (۲) کیوں۔

اِلیاس (ilyáas) [ع۔اسم] ایک مشہور پیغمبر جو خدا کے حکم سے زندہ ہیں اور تری میں بھولے بھٹکوں کو راستہ دکھلاتے ہیں۔

اَلیٖمو (aleémo) [بُر۔متعلق فعل] وہاں کا، وہاں سے، اُدھر کا/کی (یہ نگر کا لہجہ ہے)۔

ا۔م

اَم (am) [بر۔متعلق فعل] کہاں، کدھر، یہ دراصل اَمُلو (ámulo) اور اَمُلَر (āmular) کا مخفف ہے۔

اَم با (ambáa) [بر۔متعلق فعل] کہاں ہو، کدھر ہو (۲) یہ کسی کو کوئی چیز ہاتھ میں تھماتے ہوئے یا ہاتھ سے لیتے وقت بھی کہتے ہیں۔

اَم تَم (amtám) [بر۔صف] لالچی، حریص، بھوک کی شدت سے بے قراری۔

اَم تَم اِمَنَس (amtám imánas) [بر۔محاورہ] لالچی ہونا، بھوک سے بے قرار ہونا، اِدھر اُدھر ہاتھ مارنا۔

اَم تَم مَناس (amtám manáas) [بر۔محاورہ] حریص بننا، بھوک کی شدت سے بے قرار ہونا۔

اَم نِیَس اِمَنَس (amníyas imánaṣ) [بر۔محاورہ] بیزار ہونا، تنگ آنا۔

اَم نِیَس ایٖتَس (amníyas étas) [بر۔محاورہ] بیزار کرنا، تنگ کرنا۔

اُم (um) [بر۔ضمیر] تُو، تم، اُم، اُن (um,uṅ) نگری لہجہ ہے اور اُن (un) ہونزا اور یاسین کا لہجہ ہے۔

اُمّ الکِتاب (ûmmul kitáab) [ع۔اسم] قرآنِ شریف کی سورۂ فاتحہ (۲) قرآنِ مجید۔

اَماَ (áma) [ع،بُر۔حرف شرط] مگر، لیکن، یہ عربی اَمّا کا بروشسکی تلفظ ہے، (دیکھئے صفحہ [illegible])

اِماَ (imá) [بر۔اسم] خمیر، خمیر کا وہ حصہ جو مزید خمیر تیار کرتے وقت ملانے کے لیے رکھا ہو (محاورۃً) سرمایہ، دولت، پونجی، بُروشسکی میں اسے مایاَ (maayá) بھی کہتے ہیں۔

اِماَ اییَنس (imá éeyanas) [بر۔محاورہ] خمیر تیار کرنا، تُرشی بنانا، (۲) سرمایہ جمع کرنا۔

اِماَ بِشَیَس (imá bišáyas) [بر۔محاورہ] گوندھے ہوئے آٹے یا دودھ کو تُرش بنانے کے لیے رکھنا۔

اِماَ دیڈَس (imá déecas) [بر۔محاورہ] گوندھے ہوئے آٹے سے تُرشی تیار کرنا، خمیر تیار کرنا۔

اِماَ ژُوَس (imá žúwas) [بر۔محاورہ] خمیر تیار ہونا، تُرشی تیار ہونا (۲) سرمایہ جمع ہونا۔

اِماَ کِش (imákiṣ) [بُر۔اسم] وہ برتن جو گوندھے ہوئے آٹے کی خمیر بنانے کے لیے استعمال ہو۔

اِماَ کِینڈ (imákiyanc) [بُر] دیکھیے اِماَ کِش (imákiṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

اِماَ گُٹی (imá guṭi) [بُر۔اسم] وہ چھوٹی سی کُٹی یا جھونپڑی جو بُروشسکی گھروں میں ہوتی ہے جس سے سٹور یا گودام کا کام لیا جاتا ہے (۲) خمیر رکھنے کا سٹور۔

اِماَ گَنَس (imá gánas) [بر۔محاورہ] خمیر بن جانا، تُرشی تیار ہونا (۲) سرمایہ جمع ہونا۔

اِماَ مُناس (imá manáas) [بر۔محاورہ] سرمایہ ہونا، دولت جمع ہونا۔

اُمّاَ (ummá) [بُر۔اسم] بوسہ، چومنا، پیار کرنا۔

اُمّاَ ایَتَس (ummá étas) [بُر۔محاورہ] بوسہ لینا، چومنا، پیار کرنا۔

اِمام (imáam) [ع۔اسم] پیشوا، ہادی، رہبر (۲) نماز پڑھانے والا (۳) تسبیح میں اوپر کا لمبا دانہ۔

اِمام باڑاَ (imáam baará) [ار،بُر۔اسم] وہ مکان جو خاص طور پر تعزیہ داری کے لیے بنایا جاتا ہے، اہلِ تشیع (شیعہ) یہاں واقعاتِ کربلا کے ذکر کے لیے مجلس منعقد کرتے ہیں۔

اِمامانِتِک (imaamáantiṅ) [بر۔اسم] امام کی جمع بطرزِ بروشسکی۔

اِمامَت (imaamát) [ع۔اسم] امام سے اسمِ کیفیت۔

اِمامَت ایَتَس (imaamát étas) [بر۔مص مر] امامت کا فریضہ انجام دینا، پیشوا بننا۔

اِمامِیاَ (imaamiyá) [ع۔صف] رسولؐ کے بعد امام کو ماننے والا فرقہ، وہ شیعہ فرقہ جو صرف بارہ اماموں کو مانتے ہیں، امامت پر عقیدہ رکھنے والے۔

اَمان (amáan) [ع۔اسم] پناہ، حفاظت (۲) آرام، آسائش۔

اَمان اُچھیَس (amáan uchíyas) [بر۔محاورہ] پناہ دینا، حفاظت میں لینا۔

اَمان دُمَرَس (amáan dúmaras) [بر۔محاورہ] اَمان مانگنا، پناہ طلب کرنا۔

اَمان دیغُرکَس (amáan déeġurkas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اَمان یَیَس (amáan yáyas)۔

اَمان یَیَس (amáan yáyas) [بر۔محاورہ] پناہ ملنا، حفاظت میں آنا (۲) آرام و آسائش نصیب ہونا۔

اِمان (imáan) [ع۔اسم] لفظ ایمان کا بگاڑ۔

اِمان اَم نِیَس (imáan am níyas) [بر۔محاورہ] اعتبار ختم ہونا، یقین ختم ہو جانا، ایمان ختم ہونا۔

اِمان ایَتَس (imáan étas) [بر۔محاورہ] اعتبار کرنا، یقین کرنا۔

اِمان ایسقُلَس (imáan ésqulas) [بر۔محاورہ] بے ایمانی کرنا، جھوٹ بولنا۔

اِمان پَھر مَناس (imáan phar manáas) [بر۔محاورہ]

ایمان میں خلل پڑنا، ایمان ٹھیک نہ رہنا۔

اِمان پَھس مَناس (imáan phaṣ manáas) [بر۔محاورہ] ایمان ختم ہونا، بے ایمان ہونا۔

اِمان دِشُلو اَتُوسَس (imáan dišulo atúwasas) [بر۔محاورہ] بدنیت ہوجانا، نیت ٹھیک نہ رہنا۔

اِمان سُوَس (imáan súwas) [بر۔محاورہ] ایمان لانا، مسلمان ہونا، اسلام قبول کرنا (۲) کسی کی بات پر یقین کرنا۔

اِمان گَس اِیَتَس (imáan gaṣ étas) [بر۔محاورہ] دین کو دنیا کی خاطر برباد کرنا، بے ایمانی کرنا، ایمان بیچنا، ایمان کا سودا کرنا۔

اِمان گَس مَناس (imáan gaṣ manáas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِمان گَس اِیَتَس (imáan gaṣ étas) جس کا یہ لازم ہے۔

اِمان مناس (imáan manáas) [بر۔محاورہ] یقین ہونا، اعتقاد ہونا۔

اَمانَت (amaanát) [ع۔اسم] سپرد کی ہوئی چیز، دیانت داری، ایمانداری۔

اَمانَت اوسَس (amaanát óosas) [بر۔محاورہ] امانت رکھنا، حفاظت کی غرض سے کوئی چیز کسی کے سپرد کرنا۔

اَمانَت اِیَتَس (amaanát étas) [بر۔محاورہ] فوت ہونا، مرجانا۔

اَمانَت دار (amaanát dáar) [ف۔اسم] امانت رکھنے والا، جس کی حفاظت میں کوئی چیز رکھی گئی ہو، دیانت دار۔

اَمانَتُ لوَ خِیانَت (amaanátulo qhiyaanát) [بر۔محاورہ] کسی کی امانت رکھی ہوئی چیز میں تصرف کرنا، بددیانتی کا مظاہرہ کرنا۔

اَمانَت واپَس اِیَتَس (amaanát waapás étas) [بر۔محاورہ] کسی کی امانت رکھی ہوئی چیز کو تصرف کیے بغیر واپس کرنا۔

اِمانَٹے پَھت اِیَتَس (imáanaṭe phat étas) [بر۔محاورہ] کوئی بات دوسرے کے ایمان پر موقوف رکھنا، کسی کی دیانت داری اور ایمانداری پر کسی بات کا فیصلہ موقوف کرنا۔

اِماندار (imaandáar) [بر۔صف] دیانت دار، راست باز۔

اِمانداری (imaandaarí) [بر] دیکھیے اِماندار (imaandáar) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

اِمانداری اِیَتَس (imaandaari étas) [بر۔محاورہ] ایمانداری سے کام لینا، راست بازی کرنا۔

اِمانے څوکو اِمَنَس (imáane ċóko imánas) [بر۔محاورہ] عقیدے میں کمزور ہونا، ایمان میں ناپختہ ہونا (۲) نیت میں فرق آنا۔

اِمانے کا سِینَس (imáane káa sénas) [بر۔محاورہ] ایمان سے بولنا، سچ سچ کہنا، حق کہنا۔

اَماَونٹ (amáwnt) [انگ۔اسم] رقم، مبلغ، تعداد، زر۔ amount

اَماَی (amaáy) [بر۔اسم] بہانہ جوئی، جان بوجھ کر تنگ کرنا، ناحق ستانا۔

اَماَی اِیَتَس (amaáy étas) [بُر۔محاورہ] بہانہ جوئی کرنا، جان بوجھ کر تنگ کرنا، ناحق ستانا، بے ایمانی کرنا، مکر جانا۔

اَماَی کِس (amaáykiṣ) [بُر۔صف] بہانہ جو، جان بوجھ کر تنگ کرنے والا، بے ایمان، مکر جانے والا، ضدی۔

اَماَی کِینڅ (amaáykiyánċ) [بر۔صف] دیکھیے اَماَی کِس (amaáykiṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

اُمباَ (umbá) [بُر۔اسم] دیکھیے اُمّاَ (ummá)۔

اَمبَر (ambár) [بُر۔اسم] ایک پودا جو ہنزا کے پہاڑوں میں پایا جاتا ہے، اس کی لمبائی تقریباً ایک سے تین انچ کے درمیان ہوتی ہے اس کے پتے بھی خوشبودار ہوتے ہیں اور پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں، جو سوکھنے کے بعد بھی ایک عرصے تک خوشبو دیتے ہیں، اس کی خوشبو کو بنفشہ اور گلاب پر بھی سبقت حاصل ہے۔

اَمبُور (ambúur) [بر۔اسم] ایک اوزار جس کے ذریعے بڑھئی لکڑی سے کیل نکالتا ہے، زمانۂ قدیم میں ہونزا میں اس اوزار سے دانت بھی نکالے جاتے تھے، تاہم وہ عام امبور سے چھوٹا ہوتا تھا۔

اَمبُورِکْ (ambúurin) [بر۔اسم] دیکھیے اَمبُور (ambúur) جس کی یہ جمع ہے۔

اَمبولینس (ambóolēns) [انگ۔اسم] ہسپتال کی گاڑی۔

ambulance

اِمُپُش (imúpuṣ) [بُر۔اسم] اس کی ناک (۲) بوٹ کا اگلا حصّہ (۳) گاڑی کا اگلا حصّہ (۴) کسی بھی چیز کا نوکیلا یا اُبھرا ہوا حصہ۔

اِمُپُش دُغَنڈَرس (imúpuṣ duġânḍaras) [بر۔محاورہ] خوار ہونا، شرمندہ ہونا، محتاج ہونا، ناک ٹیڑھی ہو جانا۔

اُمُپُش (umúpuṣ) [بُر۔اسم] ان کی ناک۔

اَمپَیَر (ampáyar) [انگ۔اسم] منصف جو کھیلوں میں مقرر کیا جائے۔

umpire

اَمِت (ámit) [بُر۔حرفِ استفہام] کونسی/کونسا (مثلاً کتاب، پانی وغیرہ)۔

اَمِت دیکرَن دِشم یِیَشا؟
اَمِت ترَم ڈِم تِیقَم یِیَشا؟
اَمِس میِوان اُیَم یِیَشا؟
مُحمَدے شُل مُحمَدے شُل
دیوانِ نصیری (بروشسکی)، ص ۳۲۰۔

ترجمہ:۔ کونسا باغ و باغیچہ تجھے بگاڑ سے محفوظ و سلامت نظر آتا ہے؟ کونسا درخت سدا بہار نظر آتا ہے؟ کس قسم کا پھل سب سے میٹھا نظر آتا ہے؟ محمدؐ کی محبت، محمدؐ کی محبت۔

اِمُت (imút) [بُر] دیکھیے اِمُتَس (imútas) جس کا یہ امر ہے۔

اُمَّت (ummát) [ع۔اسم] جماعت، گروہ، قوم، جو کسی پیغمبر کے پیرو ہوں۔

اِمتِحان (imtiháan) [ع۔اسم] آزمایش، جانچ پڑتال۔

اِمتِحان گَنَس (imtiháan gánas) [بر۔محاورہ] امتحان لینا، آزمانا، جانچ پڑتال کرنا۔

اِمُتَس (imútas) [بُر۔مص] روٹی کو توڑ توڑ کر سالن، لسی اور چائے وغیرہ میں ڈالنا، (محاورۃً) کسی کو بُری طرح مارنا، پیٹنا۔

اِمُتُم (imútum) [بُر] دیکھیے اِمُتَس (imútas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اَمِتَن (ámitan) [بُر۔کلمۂ استفہام] کون سا/سی ایک، نیز دیکھیے اَمِت (ámit)، 'ن' وحدت کی علامت ہے۔

اَمِتِیِ اَم نِیَس (ámiti am níyas) [بُر۔محاورہ] فوراً ختم ہونا، کچھ نہ بچنا (۲) نظروں سے اوجھل ہونا، لاپتہ ہونا۔

اِمَچِکْ (imáćin) [بُر۔اسم] دیکھیے اِماَ (imá) جس کی یہ جمع ہے۔

اِمدات (imdáat) [ع، بُر۔اسم] دیکھیے اِمداد جس کا یہ بروشسکی تلفظ ہے۔

اِمدات ایَتَس (imdáat étas) [بر۔محاورہ] مدد کرنا، کمک کرنا۔

اِمدات دُمَرَس (imdáat dúmaras) [بر۔محاورہ] امداد مانگنا، کسی سے مدد طلب کرنا، مالی اعانت کے لیے درخواست کرنا۔

اِمدات مَناس (imdáat manáas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِمدات ایَتَس (imdáat étas) جس کا یہ لازم ہے۔

اِمداد (imdáad) [ع۔اسم] مدد، کمک، اعانت، سہارا۔

اِمدادی (imdaadí) [ع۔صف] دیکھیے اِمداد (imdáad) جس سے یہ منسوب ہے۔

اَمِڈ (ámiċ) [بُر] کونسے، کونسی (چیزیں، حیوان)۔

اَمَر (ámar) [ع، بُر۔اسم] حکم، کام، فعل، معاملہ، مسئلہ۔

اِمُرُٹ (imúrut) [بُر] دیکھیے اِمُرُٹِنَس (imúrutinas) جس کا یہ امر ہے۔

اِمُرُٹِنَس (imúruṭinas) [بر۔محاورہ] درختوں کی اضافی شاخوں کی کاٹ چھانٹ کرنا، کتر بیونت کرنا (۲) کسی کو بہت زیادہ مارنا۔

اِمُرُٹِنُم (imúruṭinum) [بر] دیکھیے اِمُرُٹِنَس (imúruṭinas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اَمرو (amróo) [وخی] ساتھ چلنے والا، رفیقِ راہ، ساتھی، یہ ہمراہ کا وخی تلفظ ہے، لفظ ہمراہ کا بگاڑ۔

اَمرُوت (amrúut) [ف۔اسم] ایک مشہور پھل (۲) امرود کا درخت۔

اَمرُوتِنگ (amrúutiṅ) [بر۔اسم] دیکھیے اَمرُوت (amrúut) (معنی نمبر۲) جس کی یہ جمع ہے۔

اَمِس (âmis) [بر۔حرفِ استفہام] کون سا، کونسی (۲) [اسم] میرا پوتا/نواسا، میری پوتی/نواسی۔

اَمِسَن (âmisan) [بر۔حرفِ استفہام] یہ لفظ دراصل اَمِس ہَن (âmis han) کا مخفف ہے یعنی دو یا زیادہ میں سے کون سا، کونسی، اس میں ن وحدت کی علامت ہے (۲) میرا ایک پوتا/نواسا، میری ایک پوتی/نواسی۔

اِمُش (imúš) [بر۔اسم] اس کی ناک کی آلائش، اِ ضمیرِ واحدِ غائب مذکر کی علامت ہے۔

اِمُش ژُوَس (imúš žúwas) [بر۔محاورہ] ناک بہنا۔

اِمُشکِس (imúškiṣ) [بر۔صف] وہ جس کی ناک بہتی ہو۔

اِمُشکنے (imúškane) [بر۔متعلق فعل] منھ کے بل، ناک کے بل۔

اِمُشکنے مَناس (imúškane manáas) [بر۔محاورہ] منھ کے بل لیٹنا۔

اِمُشکی (imúški) [بر۔اسم] موئی زیرِ ناف، وہ بال جو بلوغت کے بعد شرمگاہ کے اردگرد اُگتے ہیں۔

اَمِشو (âmiso) [بر۔اسم] میرے پوتے پوتیاں، نواسے، نواسیاں، اَ ضمیرِ واحد متکلم کی علامت ہے۔

اَمِک (âmik) [بر۔متعلق فعل] کون سی/کون سے (چیزیں)۔

اَمِک اَمِک (âmik âmik) [بر۔متعلق فعل] کون کون سی (چیزیں)۔

اَمِک بوٗ گِما کے اِکے گیَر دُغُیمی

(âmik bo gíma ke ikê guyár duġúymi)

[بر۔کہاوت] جیسا بوؤ گے ویسا کاٹو گے۔

اِمکان (imkáan) [ع۔اسم] ممکن، مجال، طاقت، قابو۔

اِمکان اوٗمَنَس (imkáan oómanas) [بر۔محاورہ] ناممکن ہونا، محال ہونا۔

اِمکان ڈُم دُوٗسَس (imkáan ċum duúsas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِمکان اوٗمَنَس (imkáan oómanas)۔

اِمکان مَناس (imkáan manáas) [بر۔محاورہ] ممکن ہونا، مجال ہونا، کسی بات کی تاب و طاقت رکھنا، قابلِ امکان۔

اِمیِ کُس (imikus) [بر] ماں کی مناسبت۔

اِمیِ کُس موٗ (imikusmo) [بر] ماں کی مناسبت سے، ایک ماں سے۔

اَمُکوٗ (amúko) [بر۔صف] تندخو، بے لحاظ، نڈر (۲) خوفناک شکل والا۔

اَمُک یاآر (amukyaár) [بر۔صف] تندخوئی، بے خوفی۔

اِمَنگُسی (imaṅgusi) [بر۔اسم] دیکھیے اِمَنگُسی (imangusi)۔

اِملاٗ (imlá) [ع۔اسم] رسم الخط کے موافق لکھنا۔

اَمُلاآر (amulaár) [بر۔متعلق فعل] کہاں تک، کس حد تک۔

اِمَلتَر (imáltar) [بر] دیکھیے اِمَلتَرس (imáltaras) جس کا یہ امر ہے۔

اِمُلتُر (imúltur) [بر۔اسم] اس کا نتھنا، اِ ضمیرِ واحدِ غائب کی علامت

ہے۔

اِمَلتَرَس (imáltaras) [بُر۔مص] مَلنا، لیپ کرنا، اردگرد لپیٹنا۔

اِمُلتُرَکْ (imúlturaṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے اِمُلتُر (imúltur) جس کی یہ جمع ہے۔

اِمُلتُرَکْ تھوَر اِیتَس (imúlturaṅ thor étas) [بُر۔محاورہ] نتھنے پھیلانا/ چڑھانا، غصہ ہونا، تیوری چڑھانا (۲) گھوڑے کا نتھنوں سے خُرخُر کی آواز نکالنا۔

اِمَلتَرُم (imáltarum) [بُر] دیکھیے اِمَلتَرس (imáltaras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اِمُلتُرے نَس کے اوُمَنَس (imúlture nas ke oómanas) [بُر۔محاورہ] کم ہونا، بالکل ناکافی ہونا، نہ ہونے کے برابر ہونا۔

اِمَلڈْ (imálċ) [بُر] دیکھیے اِمَلڈَس (imálċas) جس کا یہ امر ہے۔

اِمَلڈَس (imálċas) [بُر۔مص] اسے گالی دینا، اسے بُرا بھلا کہنا، اِ ضمیر واحد غائب کی علامت ہے۔

اِمَلڈُم (imálċum) [بُر] دیکھیے اِمَلڈَس (imálċas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اَمُلَر (ámular) [بُر۔متعلق فعل] کہاں، کہاں کو، کدھر کو، کس جانب۔

اَمُلُم (ámulum) [بُر۔متعلق فعل] کہاں، کہاں سے/کا، کس جگہ سے/کا۔

اَمُلوَ (ámulo) [بُر۔متعلق فعل] کہاں، کدھر، کہیں۔

بُٹ اکھیٹِس حِکمَتِکِے تَظُمَن دِینے تھیکُتسِے ڈَوْن نَصیرَ
اَمُلوَ چِینُ لوَ چَپ نُمَن گور دِینے لُقمان بَماَ بِیَم

دیوانِ نصیری (بروشسکی)، ص ۳۴۰۔

ترجمہ:۔ اے نصیرا! تُو تو دین کے محلِ شاہنشاہی کا غلام ہے، لیکن تیری یہ نظم بڑی عجیب و غریب حکمتوں سے معمور و مملو ہے، اس کی اصل وجہ کیا ہے؟ آیا ملکِ چین میں کہیں تجھے دین کے لقمان حکیم نے بطریقِ راز اور رمز و کنایہ حکمت کی تعلیم دی تھی؟ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

اَمُلوَ ہَغُر تیلِے مَدُر (ámulo haġúr teéle madúr) [بُر۔محاورہ] جہاں گھوڑا وہاں اصطبل، جہاں دھواں وہاں آگ، دو چیزوں کا لازم و ملزوم ہونا۔

اَمُلوَ (amúlo) [بُر۔صف] کمینہ، رزیل، فرومایہ، سُمُلوَ (sumúlo) کی ضد۔

اَمُلوَتِکْ (amúlutiṅ) [بُر۔صف] دیکھیے اَمُلوَ (amúlo) جس کی یہ جمع ہے۔

اَمُلوک (amulúuk) [بر۔اسم] ایک مشہور پھل۔

اَمُلیئی (amuleéy) [بُر۔متعلق فعل] کہاں، کدھر، (یہ نگری لہجہ ہے)۔

اُمَمُت (umámut) [بُر۔اسم] ان کی پستان/شیردان، اُ جمع غائب کی علامت ہے۔

اُمَمُچِکْ (umámuċiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے اُمَمُت (umámut) جس کی یہ جمع ہے۔

اَمَن (áman) [ع۔اسم] چین، اطمینان، دلجمعی، سکون، آرام (۲) صلح، آشتی (۳) حفاظت، پناہ۔

اَمَن اِیتَس (áman étas) [بُر۔محاورہ] چین سے بیٹھنا، سکون سے بیٹھنا، آرام کرنا، صلح کرنا۔

اَمَن مَناس (áman manáas) [بُر۔محاورہ] صلح برقرار ہونا، آشتی ہونا، آرام ہونا۔

اَمِن (ámin) [بُر۔حرفِ استفہام] کون (شخص)۔

اَمِن اَمِن (ámin ámin) [بُر] کون کون۔

اِمَن (imán) [بُر۔اسم] جوڑا، ہم رتبہ۔

اِمَن دُوَسَس (imán duúsas) [بُر۔مص مر] درخت بید وغیرہ کی شاخیں جب موسم بہار میں سرسبز ہوتی ہیں تو اس وقت انہیں مروڑنے پر چھلکا لکڑی سے الگ ہو جاتی ہے، جسے اِمَن دُوَسَس

(imân duûsas) یا دِوسَس (diwsas) کہاجاتا ہے۔

اِمِن (imin) [بُر-اسم] چھوٹا سا کھیت جو کیاری سے بڑا مگر کھیت سے چھوٹا ہو، اسے بُروشسکی میں **گیوٗس** (guŷoôs) بھی کہاجاتا ہے۔

اَمَناٗ (amanâ) [بُر-متعلق فعل] پھر، دوبارہ، واپس، فوراً۔

اِمَنڈے (imânċe) [بُر] کسی کام میں بغیر اُجرت لیے مدد کرنا، مددگار۔

اِمَنڈے مَناس (imânċe manâas) [بُر-محاورہ] کاریار بنا۔

اِمَنَس (imânas) [بُر-مص] ہونا، ہونے والا، (محاورۃً) آباد یا کامیاب ہونے والا۔

اِمَنِشوٗ (imânišo)[بر-اسم] دیکھیے اِمَن (imân) جس کی یہ جمع ہے۔

اِمَنِش (imâniṣ) [بُر-کلمہ تمنّا] ہوجائے، بن جائے (۲) موجود ہو، حاضر ہو۔

اِمَنُکُس (imânukus)[بر-اسم] عادت (۲) ساتھ کا، جوڑی۔

اِمَنگُسی (imangusi) [بر-اسم] ہونزا کے روایتی گھروں میں ایک چھوٹی چبوترا نما جگہ۔

اِمَنُم (imânum) [بُر] دیکھیے اِمَنَس (imânas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اَمِنَن (âminan) [بُر-حرفِ استفہام] کونسا، کون شخص، 'نْ' وحدت کی علامت ہے۔

اَمنِیشیَن (amniišén) [انگ-اسم] سامانِ جنگ، گولہ بارود۔
ammunition

اِموٗق (imóq) [بُر-امر] دیکھیے اِموٗقَس (imóqas) جس کا یہ امر ہے۔

اِموٗقَس (imóqas) [بُر-محاورہ] نوچنا، پرندے کے پروں کو نوچنا (۲) بُری طرح مارنا پیٹنا۔

اِموٗقِش (imóqiṣ) [بر-اسم] اس کا گال، اِ ضمیر واحد غائب مذکر کی علامت ہے، -موٗقِش (-móqiṣ) یعنی گال۔

اِموٗقُم (imóqum) [بر] دیکھیے اِموٗقَس (imóqas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اِموس (imóos) [بُر-اسم] اس کا غصّہ، اس کا غضب، اِ ضمیر واحد غائب مذکر کی علامت ہے۔

اِموس اِیتَس (imóos étas) [بُر-محاورہ] غصّہ کرنا، خفا ہونا۔

اِموس جَرے اِیتَس (imóos jaré étas) [بُر-محاورہ] غصّہ پینا، برداشت کرنا، صبر کرنا، ضبط کرنا۔

اِموس دِوسَس (imóos diwsas) [بُر-محاورہ] غصّہ نکالنا (۲) انتقام لینا (۳) بدلہ لے کر دل ٹھنڈا کرنا (۴) غصہ کا اظہار کرنا۔

اِموس دیڈَس (imóos déeċas) [بُر-محاورہ] غصّہ دلانا، ناراض کرنا، خفا کرنا۔

اِموس دِین دَدَر اِمَنَس
(imóos diin dâdar imânas) [بُر-محاورہ] غصّے سے کانپنا، غصے میں تھرتھرانا، آپے سے باہر ہونا۔

اِموس ژُوَس (imóos żúwas) [بُر-محاورہ] غضبناک ہونا، غصّہ آنا، طیش آنا۔

اِموس غِرِٹ اِیتَس (imóos giriṭ étas) [بُر-محاورہ] غصّہ پینا، صبر سے کام لینا، تحمل کا مظاہرہ کرنا۔

اُموس (umóos)[بُر-اسم] ان کا غصّہ۔

اِموس کِش (imóoskiṣ) [بُر-صف] غُصیلا، بدمزاج، غصہ ور۔

اِموس کِش اِمَنَس (imóoskiṣ imânas) [بُر-محاورہ] بدمزاج ہونا، غضبناک ہونا، ناراض ہونا، غُصیلا ہونا۔

اِموسُلوٗ اِمَنَس (imóosulo imânas) [بُر-محاورہ] غصّے کی حالت میں ہونا، رنجیدہ ہونا۔

اِمُوس (imúuṣ) [مُ۔اسم] شوق، آرزو (۲) غُصہ، ناراضگی۔

اِمُوس اِلتُرس (imúuṣ iltúras) [بر۔محاورہ] غُصہ نکالنا، بھڑاس نکالنا۔

اِمُوس تُراس (imúuṣ turáas) [مُ۔محاورہ] شوق پورا ہونا، غُصہ ختم ہونا۔

اِمُوس دِوسَس (imúuṣ díwsas) [مُ۔محاورہ] دیکھیے اِمُوس اِلتُرس (imúuṣ iltúras)۔

اَمّہاؔ (ammahá) [بر۔کلمۂ انبساط] ارے واہ، واہ واہ، آہا، مثلاً بابائے بروشسکی کا یہ شعر۔

جا اَیَرُمے ایَیرُم خوشے دِش اَسُ لو بِلا خیر
شُرَنیش کے خوشِیے تھیکَتسے چھِتی اَمّہاؔ یِیَڈُم

دیوانِ نصیری (بروشسکی)، ص ۱۶۸۔

ترجمہ: مجھے اب معلوم ہوا کہ میرے عزیز از جان معشوقِ حقیقی کا پسندیدہ مقام میرے دل میں ہے، ارے واہ! میں نے تو مسرت وشادمانی کے محل کی کنجی کو دیکھا۔

اِمیِ (ími) [مُ۔اسم] اس کی ماں، اِ ضمیر واحد غائب مذکر کی علامت ہے۔

اِمیِ گُچھَیَس (ími guchāyas) [مُ۔محاورہ] بہت زیادہ فائدے میں ہونا، اچھا موقع ہاتھ آنا۔

اِمیِ موٗ غماؔموٗ (ímimo ġamaámo) [مُ۔اسم] چھٹی کا دودھ، غماؔموٗ (ġamaámo) اس دودھ کو کہا جاتا ہے جو بچہ جننے کے بعد حیوان کے شیردان یا عورت کے پستان سے نکل آتا ہے، اس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے جو دو تین دن کے بعد سفید دودھ میں بدل جاتا ہے (محاورۃً) انتہائی حلال، نہایت جائز۔

اِمیِ موٗ غماؔموٗ ایسکیِ ژُوَس

(ímimo ġamaámo éskiżúwas) [مُ۔محاورہ] چھٹی کا دودھ یاد آنا (۲) سخت مصیبت میں پڑنا، مصیبت میں گزشتہ عیش وآرام یاد آنا۔

اِمیِ موٗ ہِر (ímimo hir) [مُ۔محاورہ] یہ ایک ایسی کلمہ بندی ہے جو گالی دینے کے لیے استعمال ہوتی ہے، اس سے مراد کسی کی ماں کو بدکاری کا الزام دینا ہوتا ہے۔

اِمیِ نُمُیاؔ (ími numúya) [مُ۔محاورہ] یہ ایک ایسی کلمہ بندی ہے جو اس وقت استعمال ہوتی ہے جب کسی کے عمل سے لاتعلق ہونا مقصود ہو اور اسے اپنے طور پر چھوڑ دینا ہو، کوئی بات نہیں، پروا نہیں، فکر نہیں، جانے دو۔

اِمیِ نُمُیَن تَلیِنَس (ími numúyan talénas) [مُ۔محاورہ] سخت غیر ذمہ دارانہ حرکت کرنے اور دخل در معقولات کے موقع پر کہتے ہیں۔

اِمیِ ہَش ایتَس (ími haś éetas) [مُ۔محاورہ] ہش (haś) کے لفظی معنی ہیں کسی کو کوئی ممنوع فعل خاص طور پر زنا کرتے ہوئے دیکھ لینا، رنگے ہاتھوں پکڑ لینا، (محاورۃً) کسی کو ارادے میں ناکام بنانا، نقصان پہنچانا۔

اِمیِ یُوٗس ایتَس (ími yuús éetas) [مُ۔محاورہ] کسی کو مات دینا، نقصان پہنچانا، نیچا دکھانا، بے بس کرنا، زک دینا۔

اِمیِ یُوٗس مَناس (ími yuús manáas) [مُ۔محاورہ] دیکھیے اِمیِ یُوٗس ایتَس (ími yuús éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

اُمیِ (úmi) [مُ۔اسم] اُن کی ماں، اُ ضمیر جمع غائب کی علامت ہے، بعض شوہر اپنی بیویوں کو اُمیِ (úmi) کہہ کر پکارتے ہیں، یعنی میرے بچوں کی ماں۔

اُمیت (umíit) [ف، بر۔اسم] آسرا، توقع (۲) آرزو، خواہش (محاورۃً) حمل، یہ فارسی لفظ اُمید کا بُروشسکی لہجہ ہے۔

اُمیت اوسَس (umíit óosas) [بر۔محاورہ] توقع کرنا، خواہش رکھنا۔

اُمیت ایسکرڈس (umíit éskarcas) [مُ۔محاورہ] مایوس

ہونا، امید ختم کرنا، نا اُمید ہونا۔

اُمیت ایرَس (*umiit éeras*) [بُر۔محاورہ] دیکھیے اُمیت ایسکرڈَس (*umiit éskarċas*)۔

اُمیت پُراَ مَناس (*umiit purá manáas*) [بُر۔محاورہ] اُمید بھر آنا، آرزو پوری ہونا۔

اُمیت دیڈَس (*umiit déeċas*) [بُر۔محاورہ] اُمید دلانا، سہارا دینا۔

اُمیت ڈُم نِیَس (*umiit ċum niyas*) [بُر۔محاورہ] مایوس ہونا، نیز دیکھیے اُمیت ایسکرڈَس (*umiit éskarċas*)۔

اُمیت مَناس (*umiit manáas*) [بُر۔محاورہ] توقع ہونا، آسرا ہونا۔

اُمیت وار (*umiitwáar*) [ف، بر۔فاعل] توقع رکھنے والا، آرزومند (۲) حاملہ، (فارسی لفظ اُمیدوار کا بُروشسکی تلفظ)۔

اُمیت واری (*umiitwaari*) [ف، بر۔اسم] امیدواری کا بگاڑ۔

اُمیتَٹے دُنیا دِیاہُم بِلاَ
(*umiitaṭe dunyáa diyáaẏum bilá*)
[بُر۔کہاوت] امید پر دنیا قائم ہے۔

اُمید (*umiid*) [ف] دیکھیے اُمیت (*umiit*)۔

اُمیدوار (*umiidwáar*) [ف۔فاعل] دیکھیے اُمیت وار (*umiitwáar*)۔

اُمیدواری (*umiidwaari*) [ف، بُر] دیکھیے اُمیت واری (*umiitwaari*)۔

اَمیر (*amiir*) [ع۔اسم] بڑا آدمی، دولت مند، رئیس، سردار، حاکم۔

اَمیر اِمَنَس (*amiir imánas*) [بر۔محاورہ] بڑا آدمی بننا، دولتمند ہونا، حاکم ہونا۔

اَمیری (*amiiri*) [ف۔اسم] حکومت، ریاست (۲) دولتمندی۔

اَمیری ایَتَس (*amiiri étas*) [بُر۔محاورہ] حکومت کرنا (۲) دولتمندی کا اظہار کرنا۔

اَمیری ایغَنَس (*amiiri éeġanas*) [بُر۔محاورہ] دولتمندی کا مظاہرہ کرنا۔

اِمَیوَ (*imáyo*) [بر۔اسم] دیکھیے اِمَن (*imán*) جس کی یہ جمع ہے۔

اَمےَ (*amé*) [بُر۔اسم] میرے دانت، اَ ضمیر واحد متکلم کی علامت ہے۔

اَمےَ بِچَنڈےَ پھِٹی اَپی پھِٹی بِچَنڈےَ اَمےَ اَپی (*amé bićanċe phiṭi apí phiṭi bićanċe amé apí*)
[بر۔کہاوت] دانت تھے تو چنے نہ پائے، چنے ملے تو دانت گنوائے، یعنی بے موقع آرزو پوری ہونا۔

اِمےَ (*imé*) [بُر۔اسم] اُس کے دانت (۲) دانت سے مشابہ چیز (۳) وہ متعدد شگاف جو کنگی کے دونوں جانب ہوتے ہیں (۴) آرے یا آری کا خار، اِ ضمیر واحد غائب کی علامت ہے۔

اِمےَ اُرگِنَس (*imé úrginas*) [بُر۔محاورہ] دانت پیسنا۔

اِمےَ اوَسِرَس (*imé ósiras*) [بُر۔محاورہ] بالکل تیار رہنا (۲) سخت آرزو میں رہنا (۳) جوشِ انتقام میں رہنا (۴) کھانے کے لیے بالکل تیار ہونا۔

اِمےَ ایگوَس (*imé éeguwas*) [بُر۔محاورہ] دانت توڑنا، شکست دینا (۲) مصنوعی دانت لگوانا۔

اِمےَ اییَلَس (*imé éeyalas*) [بُر۔محاورہ] دیکھیے اِمےَ تَق ایتَس (*imé taq éetas*)۔

اِمےَ تَق ایتَس (*imé taq éetas*) [بُر۔محاورہ] دانت توڑنا۔

اِمےَ ٹھک ایتَس (*imé ṭhak éetas*) [بُر۔محاورہ] دانت گرا دینا۔

اِمےَ دِشکِیَس (*imé diṣkiyas*) [بُر۔محاورہ] دانت نکلنا۔

اِمےَ دوَڈِیَس (*imé dóċiyas*) [بُر۔محاورہ] برداشت کرنا، ڈٹ

جاتا۔

اِمےَ زَرَق اوَتَس (imé zaráq ótas) [بُر۔محاورہ] دانت چبانا،نیند میں دانت پیسنا (۲) جوشِ انتقام میں ہونا (۳) قصد کرنا۔

اِمےَ ژُوَس (imé žúwas) [بُر۔محاورہ] دانت نکل آنا،منھ میں دانتوں کا نمایاں ہونا۔

اِمےَ گژَن اوَتَس (imé gažán ótas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے اِمےَ زَرَق اوَتَس(imé zaráq ótas)۔

اِمےَ گژَن اِیتَس (imé gažán éetas) [بر۔محاورہ] افسوس میں مبتلا کرنا،پچھتانے پر مجبور کرنا (۲) بُری طرح سے مارنا/پیٹنا۔

اِمےَ وَلَس (imé wálas) [بُر] دانت کا گرجانا۔

اِمےَ یارُم بُکَک مَناس (imé yáarum bukák manáas) [بُر۔محاورہ] بیچ میں آنا،حائل ہونا،رکاوٹ بننا (۲) کسی کی وجہ سے مجبور ہونا۔

اِمےَ یارےَ وَلَس (imé yáare wálas) [بُر۔محاورہ] دانت کے نیچے آنا،مغلوب ہونا۔

اُمےَ (umé) [بُر۔اسم] اُن کے دانت،اُ ضمیر جمع غائب کی علامت ہے۔

اُمےَ نِیَس (umé níyas) [بُر۔محاورہ] دانتوں کا گر کر ختم ہونا۔

اِمیک دُوَنَس (imék duúnas) [بُر۔محاورہ] دانتوں سے پکڑنا،محکم پکڑنا،مضبوطی سے پکڑنا۔

اِمیکےَ دُوَنَس (iméke duúnas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے اِمیک دُوَنَس(imék duúnas)۔

اِمیکُس (imékus) [بُر۔اسم] دندانہ دار (۲) دروازے کے غلام، گردش کے دندانے (۳) دیسی تالے کے دندانے (۴) لکڑی کی سیڑھی کا زینہ،پایہ۔

اِمیکُشوَ (imékušo) [بُر۔اسم] دیکھیے اِمیکُس (imékus) جس کی یہ جمع ہے۔

اِمیلچَکَ (imélčan) [بُر۔اسم] دیکھیے اِمیلُخ (imélç) جس کی یہ جمع ہے۔

اِمیلچَک گِرَتَس (imélčan girátas) [بُر۔محاورہ] لالچ میں آنا (۲) سردی یا بخار کی وجہ سے دانت بجنا (۳) ضعیف العمری کی وجہ سے جبڑوں کا لرزنا۔

اِمیلچَک مَرآق اِیتَس (imélčan maraáq étas) [بُر۔محاورہ] غضبناک ہونا،جوشِ انتقام میں ہونا۔

اِمیلُخ (imélç) [بُر۔اسم] جبڑا،منھ کے اندر کی وہ ہڈی جس میں دانت اوپر نیچے جڑے ہوتے ہیں۔

اِمیلُخ اِییَلَس (imélç éeyalas) [بُر۔محاورہ] کسی کا جبڑا توڑنا، بُری طرح مارنا/پیٹنا (۲) پانی کو نیم گرم کرنا۔

اِمیلُخ پَھت مَناس (imélç phat manáas) [بُر۔محاورہ] بے ہوشی یا بیماری کی وجہ سے جبڑوں کا ڈھیلا پڑ جانا۔

اِمیلُخ تَق اِیتَس (imélç taq éetas) [بُر۔محاورہ] کسی کا جبڑا توڑنا،بُری طرح مارنا/پیٹنا۔

اِمیلُخ تَق مَناس (imélç taq manáas) [بُر۔محاورہ] جبڑا ٹوٹ جانا،زخم ہوجانا۔

اِمیلُخ کِسَ (imélçkiş) [بُر۔صف] ایسا شخص جس پر پریوں کا اثر ہو (۲) قسمت والا،اقبال مند۔

اِمیلُخ کِسَ اِمَنَس (imélçkiş ìmánas) [بُر۔محاورہ] پریوں کے زیرِ اثر ہونا (۲) قسمت والا ہونا،اقبال مند ہونا۔

اِمیلُخ گلَس (imélç gálas) [بُر۔محاورہ] سردی یا گرمی کی شدت میں کمی آنا،زور ٹوٹنا (۲) بیماری کی شدت میں قدرے کمی آنا۔

اِمِیوَ (imíyo) [بر۔اسم] دیکھیے اِمِن (imín) جس کی یہ جمع ہے۔

اِمیولوسَاَو اِیتَس (iméwlo şaw éetas) [بُر۔محاورہ] دانت سلسلانا،گرم یا ٹھنڈا پانی لگنا،دانتوں میں درد کی ٹیس اُٹھنا۔

اِمیولوسَاَو مَناس (iméwlo şaw manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے اِمیولوسَاَو اِیتَس (iméwlo şaw éetas) جس

کا یہ لازم ہے۔

اِمے چرِش (imée chiriṣ) [بُر۔اسم] دانت کی جڑ۔

اِمے چَنذر (imée chanzâr) [بُر۔اسم] دانتوں کے درمیان شگاف ہونا، دانتوں کے درمیان خالی جگہ۔

ا۔ن

اِن (in) [بُر۔ضمیر] وہ، واحد غائب مذکر اور بعید کی طرف اشارہ۔

اِن بے کے ایک بے (in béke ek be) [بُر۔کہاوت] کیا پدی اور کیا پدی کا شوربا، چھوٹا منہ بڑی بات۔

اُن (un) [بُر۔ضمیر] تو، خود، ضمیر واحد مخاطب۔

اُن تھا تھوش گٹُو تھا میَن
(un tha thoṣ gaṭú tha meén) [بُر۔دعائیہ جملہ] تو سو بار نو بہ نو ہو جا اور سینکڑوں نئے جوڑے پہننا نصیب ہو۔

اُن چیی ڈے کے اِن غُواڈے
(un cheéy ċe ke in ġuwáa ċe) [بر۔کہاوت] جیسی روح ویسا فرشتہ (۲) تو بھی تو ویسا ہی ہے۔

اُن صواتَر نِچا کے جے ضواتَر نِچَبا
(un swâatar niċáa ke je zwâatar niċabáa) [بُر۔تلمیح] کریم آباد ہنزہ کے خلیفہ گوہر شو بمبئی سے ریل میں واپس آرہے تھے، ایک پٹھان بھی ہمسفر تھا، پٹھان نے خلیفہ گوہر شو سے پوچھا، "کہاں جا رہے ہو" خلیفہ مرحوم نے سوال کیا "تم کہاں جا رہے ہو" پٹھان نے کہا "میں سوات جا رہا ہوں" خلیفہ نے کہا "میں ضوات جا رہا ہوں" پٹھان نے کہا "ضوات کہاں ہے" خلیفہ نے اطمینان سے جواب دیا "بالکل سوات کے پاس ہی ہے" یہ سن کر پٹھان خاموش ہو گیا۔

اَنا گوی اَنا میدان (âna guy âna meydâan) [ف، بُر۔کہاوت] تو اور تیرا کام، دراصل یہ فارسی کہاوت "آن گوی آن میدان" کا بگاڑ ہے۔

اَنا (anâa) [ع۔اسم] خودی، حقیقت۔

اِنایِ (ináaỳ) [بر۔اسم] بنیاد، اساس، جڑ۔

اِنایِ اوسَس (ináaỳ óosas) [بر۔محاورہ] بنیاد رکھنا، آغاز کرنا، رسم پیدا کرنا۔

اِنایِ ایرَس (ináaỳ éeras) [بر۔محاورہ] بنیاد ویران کرنا، امکان ختم کرنا، گنجائش باقی نہ رکھنا۔

اِنایِ گارڈس (ináaỳ gáarċas) [بُر۔محاورہ] بنیاد ختم ہونا، امکانیت باقی نہ رہنا، تعلق ختم ہونا۔

اِنایِ وَشِیَس (ináaỳ wáśiyas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے اِنایِ اوسَس (ináaỳ óosas)۔

اِنایِ یارے بِرَقَس (ináaỳ yáare biráqas) [بر۔محاورہ] جڑیں کاٹنا، کسی کے خلاف سازش کرنا، کسی کو نقصان پہنچانا، بنیاد کمزور کرنا۔

اِنایے دَن (ináaye dan) [بر۔اسم] خشت اوّل، سنگ بنیاد۔

اَناَ (anaá) [بر۔اسم] نصیحت، ہدایت، تربیت، تنبیہ، خبردار۔

اَناَ ایتَس (anaá étas) [بر۔محاورہ] نصیحت کرنا، ہدایت کرنا، تربیت دینا، تنبیہ کرنا، خبردار کرنا۔

اَنبار (anbáar) [ف۔اسم] ڈھیر، ذخیرہ، تودہ۔

اِنتِظار (intizáar) [ع۔اسم] راہ دیکھنا (۲) آسرا، امید۔

اِنتِظار ایتَس (intizáar étas) [بُر۔محاورہ] انتظار کرنا، راہ دیکھنا۔

اِنتِظام (intizáam) [ع۔اسم] بندوبست، اہتمام (۲) تدبیر، ترتیب۔

اِنتِظام ایتَس (intizáam étas) [بُر۔محاورہ] بندوبست کرنا، اہتمام کرنا، تدبیر کرنا۔

اِنتِظام مَناس (intizáam manáas) [بُر۔محاورہ] بندوبست ہونا، اہتمام ہونا، تدبیر ہونا۔

اِنتِظامیاً (intizaamiyá) [ع۔اسم] حکومت یا کسی ادارے کی وہ مجلس جو اس ادارے کے نظم و نسق چلانے کی ذمہ دار ہو۔

اِنتِقال (intiqáal) [ع۔اسم] تبدیل، ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلنا (۲) مرنا۔

اِنتِقال ایتَس (intiqáal étas) [بُر۔محاورہ] تبدیل کرنا، زمین کسی دوسرے کے نام کرنا (۲) فوت ہونا۔

اِنتِقال مَناس (intiqáal manáas) [بُر۔محاورہ] تبدیل ہونا، زمین کسی دوسرے کے نام ہونا (۲) فوت ہونا۔

اِنتِقال ناماً (intiqáal naamá) [ف، بُر۔اسم] وہ دستاویز جس میں انتقالِ جائداد کے کوائف وغیرہ درج ہوں۔

اِنتِقام (intiqáam) [ع۔اسم] بدلہ، عوض، پاداش۔

اِنتِقام گَنَس (intiqáam gánas) [بُر۔محاورہ] بدلہ لینا، عوض لینا۔

اِنتِہا (intiháa) [ع۔اسم] اخیر، حد، سرا، انجام، خاتمہ۔

اِنجکشین (injikśén) [انگ۔اسم] تزریق، ٹیکہ، دوائی کی سوئی لگانا۔ injection

اِنجیل (injiil) [ع۔اسم] عیسائیوں کی مذہبی کتاب، وہ کتاب جو حضرتِ عیسیٰؑ پر نازل ہوئی تھی۔

اِنجینچ (injénć) [انگ۔اسم] مشین، بھاپ، تیل یا بجلی وغیرہ سے چلنے والی مشین۔ engine

اِنجینیَر (injiiniyar) [انگ۔اسم] تعمیرات یا مشینوں کے کام کا ماہر۔ engineer

اِنچ (inć) [انگ۔اسم] فٹ کا بارہواں حصہ، گز کا چھتیسواں حصہ۔ inch

اِنچارج (inćáarj) [انگ۔اسم] مہتمم، وہ شخص جس کے انتظام میں کوئی کام ہو (۲) کسی محکمے یا ادارے کا ذمہ دار (۳) قائم مقام۔ incharge

اَنداز اً (andaazá) [ف۔اسم] قیاس، تخمینہ، اٹکل۔

اَنداز اً ایتَس (andaazá étas) [بُر۔محاورہ] قیاس سے کام لینا، تخمینہ کرنا، اٹکل سے کام لینا۔

اِندِل (indil) [بُر۔اسم] اس کا سینہ، ا ضمیر واحد غائب کی علامت ہے (۲) پہاڑ سے گرے ہوئے پتھروں اور مٹی کا ایک ایسا بڑا حصہ جو اوپر سے نیچے تک یکساں اور برابر ہو، زمین کی ڈھلوان۔

اِندِل بَن (indil ban) [بُر۔اسم] سینہ بند، وہ کپڑا جو بچے کو گہوارے میں سلاتے وقت اس کے سینہ کے ارد گرد لپیٹ کر گہوارے کے ڈنڈے کے ساتھ باندھا جاتا ہے۔

اِندِل دِپِرڈَس (indil dipirćas) [بُر۔محاورہ] زور دکھانا، لڑنے کے لیے تیار ہونا، طاقت کا مظاہرہ کرنا۔

اِندِل ڈٔے ڈَم ڈَم ایتَس (indil će ḍamḍám étas) [بر۔محاورہ] خودنمائی کرنا، آگے آنا، طاقت دکھانا، لڑنے کے لیے تیار ہونا، طاقت کا مظاہرہ کرنا (۲) مدد کے لیے تیار ہونا، مدد کے لیے آگے بڑھنا، لبیک کہنا۔

اِندِل گَلیِ (indil gáli) [بُر۔اسم] بروشو چوغے کے سامنے کا حصہ جو سینے پر آتا ہے۔

اِندِلِکْ (indiliṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے اِندِل (indil) (معنی نمبر ۲) جس کی یہ جمع ہے۔

اِندِلِکْ دیلَس (indiliṅ délas) [بُر۔محاورہ] آہ و بکا کرنا، ماتم کرنا (۲) افسوس کرنا، پشیمان ہونا۔

اِندِلِکْ کُکورَس (indiliṅ kukóras) [بُر۔محاورہ] سینہ نوچنا، انتہائی افسوس کرنا، پچھتاوا اور بے بسی کا اظہار کرنا۔

اُندِلِکْ (undiliṅ) [بُر۔اسم] ان کے سینے، ان کی چھاتیاں۔

اَندیشاً (andiiśá) [ف۔اسم] غور و فکر (۲) خوف، ڈر (۳) خیال،

وہم۔

اَندِیشاَ مَناس (andiišá mánaas) [بُر۔محاورہ] خیال ہونا، وہم ہونا۔

اِنڈُو (inċo) [بُر۔اسم] اس کی پھوپھی/چچی، اِ ضمیر واحد غائب کی علامت ہے۔

اُنڈُو (ùnċo) [بُر۔اسم] ان کی پھوپھی، ان کی چچی۔

اِنڈُوڈَرُو (inċoċaro) [بُر۔اسم] دیکھیے اِنڈُو (inċo) جس کی یہ جمع ہے۔

اِنسان (insáan) [ع۔اسم] آدمی، بنی آدم۔

اِنسان ایتَس (insáan étas) [بُر۔محاورہ] تربیت دینا، مہذب بنانا، اخلاق سے آراستہ کرنا۔

اِنسان مَناس (insáan manáas) [بُر۔محاورہ] تربیت یافتہ ہونا، مہذب بننا، اخلاق سے آراستہ ہونا۔

اِنسانیت (insaaniyát) [بُر۔اسم] آدمیت، عقل، شعور۔

اِنسپکشین (inspikšen) [انگ۔اسم] معائنہ، نگرانی۔ inspection

اِنسپیکٹَر (inspekṭár) [انگ۔اسم] معائنہ کرنے والا، نگران۔ inspecter

اِنسٹیکٹیر (insṭekṭér) [انگ، بُر۔اسم] استاد، سکھانے والا، ہدایات دینے والا۔ instructor

اِنشالاَ (inšaalá) [ع، بُر۔دعا] اگر اللہ چاہے، اگر خدا نے چاہا، (عربی کلمے اِن شاءاللہ کا بُروشسکی تلفظ)۔

اِنشُورینس (inšuuréns) [انگ۔اسم] بیمہ۔ insurance

اِنصاپ (insáap) [ع۔اسم] داد، عدل، (لفظ انصاف کا بُروشسکی تلفظ)۔

اِنصاپ ایتَس (insáap étas) [بُر۔محاورہ] عدل کرنا۔

اِنصاپ مَناس (insáap manáas) [بُر] دیکھیے اِنصاپ ایتَس (insáap étas) جس کا یہ لازم ہے۔

اِنصاری تِلیَنگ (Insaari tiliyaṅ) [بُر۔اسم] گھوڑے کی زین کی ایک قسم۔

اِنَغاَ (inàġa) [بُر۔اسم] وہ باریک اور نرم مٹی جو پانی کے ساتھ آتی ہے اور نہایت زرخیز ہوتی ہے۔

اَنفُس (anfús) [ع۔اسم] نفس کی جمع، نفوس، روحیں۔

اِنقِلاب (inqiláab) [ع۔اسم] بدل جانا، الٹ پلٹ ہونا، تہ و بالا ہوجانا، تغیر و تبدل۔

اِنقِلاب زُوَس (inqiláab żúwas) [بُر۔محاورہ] انقلاب آنا۔

اِنقِلاب سُوَس (inqiláab súwas) [بُر۔محاورہ] انقلاب لانا۔

اِنقِلابی (inqilaabí) [ع۔صف] انقلاب سے منسوب، انقلاب پسند، انقلاب لانے والا۔

اِنکار (inkáar) [ع۔اسم] انحراف، نہ پہچاننا، تسلیم نہ کرنا، اقرار کی ضد۔

اِنکار ایتَس (inkáar étas) [بُر۔محاورہ] انکار کرنا، نہ ماننا، تسلیم نہ کرنا۔

اِنکاری (inkaarí) [بُر۔صف] انکار سے منسوب، انکار کرنے والا۔

اِنکم (inkám) [انگ۔اسم] آمدنی، کمائی، درآمد۔ income

اِنکم ٹیکس (inkám ṭeks) [انگ۔اسم] وہ مالیہ جو آمدنی پر عائد ہوتا ہے جو سرکار کو دینا ہوتا ہے۔ income tax

اِنکوائری (inkuwaayrí) [انگ۔اسم] پوچھنا، تحقیق کرنا۔ inquiry

اِنمو (ínmo) [بُر۔اسم] اس (عورت) کا/کی۔

اَناناس (ananáas) [بُر۔اسم] ایک مشہور پھل جو خربوزہ سے چھوٹا ہوتا ہے، شکل میں لمبوترا ذائقہ میں ترش و شیرین اور خوشبودار ہوتا ہے۔

اِنے (iné) [بُر۔ضمیر] وہ (مرد/عورت)۔

اِنے (ine) [بُر۔متعلق فعل] اس (مرد) کا/کی۔

اِنِے مؤ (inémo) [بُر۔متعلق فعل] اس (عورت) کی/کا۔

اُنِے نِے (ûne ne) [بُر۔متعلق فعل] تیری وجہ سے، تیری بدولت، تیرے سبب سے۔

اُنِے نِے جَریاَرکِے دُنیاتِے تِل آلَم معشوق
نُورِے شُلِے خَمَرِے فَقط نَرشا جِے مَستانا مَیام
دیوان نصیری (بُروشسکی)، ص ۱۵۹۔

ترجمہ: اے معشوق! تیری محبت کی برکت سے میں غموں سے بھری دنیا فراموش کرگیا، میں صرف نور کی شرابِ محبت کی سرمستی میں مستانہ ہوجاؤں گا۔

اُنِے ہالَر دایَم کِے بیَسَن جوچُما، دآجاہالَر دُکوما کِے بیَسَن آر دِشُما (ûne hâalar dâayam ke bésan joóčuma daā jâa hâalar dukôoma ke bésan âar dîšuma) [بُر۔کہاوت] یہ قول کشمیری اور گجر سے منسوب ہے، آپ کے گھر آؤں تو کیا دو گے اور اگر میرے گھر آؤ گے تو کیا لے آؤ گے، یعنی ہر دو جانب سے نفع کی اُمید رکھنا۔

اُنِے یَلُ لُوْ (ûne yálulo) [بُر۔محاورہ] آپ کے زیرِ سایہ، آپ کی پناہ میں، آپ کے سہارے۔

اِنیے (inée) [بُر۔متعلق فعل] اس (مرد/عورت) نے/کا/کی۔

اَنیمؤ (anéemo) [بُر] موجودہ دور میں۔

اِنیئن (ineéyn) [بُر۔اسم] فلاں (شخص)۔

ا۔ں

اَں (aṇ) [بُر۔اسم] منھ کھولنا، کھلا منھ۔

اَں ایتَس (aṇ étas) [بُر۔محاورہ] منھ کو کھلا کرنا، منھ کھولنا۔

اَں اِمَنَس (aṇ imânas) [بُر۔محاورہ] پیٹ ضرورت سے زیادہ بھرنا تھا۔

(۲) حیران ہونا۔

ا۔و aw,iw,uw

اَو (aw) [بُر۔اسم] میرا باپ، اُ ضمیرِ واحد متکلم کی علامت ہے۔

اَوا (awá) [بُر۔کلمۂ ایجاب] ہاں، علامتِ اقرار۔

اَواڈ (awâaḍ) [انگ۔اسم] صلہ، انعام۔ award

اِوالَس (iwâalas) [بُر۔محاورہ] اس کا گم جانا، لاپتہ ہونا (۲) دیر کرنا، اِ ضمیرِ واحد غائب کی علامت ہے۔

اُوالَس (uwâalas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اِوالَس (iwâalas) جس کی یہ جمع ہے۔

اِوالُم (iwâalum) [بُر] دیکھیے اِوالَس (iwâalas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اِوانَس (iwâanas) [بُر۔محاورہ] شومیٔ قسمت، کسی برائی کے پیچھے پڑنا، ایسے کام کے لیے تیار ہونا جس کا انجام نقصان ہو۔

اِوَٹ (iwâṭ) [بُر۔اسم] اس کی جلد، اِ ضمیرِ واحد غائب کی علامت ہے۔

اِوَٹ جَجَپ دِچِیَس (iwâṭ jajâp dichíyas) [بر۔محاورہ] خوف طاری ہونا، ڈرنا، بیماری کے آثار محسوس ہونا، اِ ضمیرِ واحد غائب کی علامت ہے۔

اِوَٹ زَزَر مَناس (iwâṭ zâzar manâas) [بُر۔محاورہ] بدن پر لرزہ طاری ہونا، ڈر لگنا، دہشت زدہ ہونا (۲) اُکتاہٹ محسوس ہونا، اِ ضمیرِ واحد غائب کی علامت ہے۔

اِوَٹ گَنَس (iwâṭ gânas) [بُر۔محاورہ] روٹی وغیرہ کا توے پر پک کر بیرونی حصہ سخت ہونا (۲) کسی بھی چیز کے اوپر جلد بن جانا، اِ ضمیرِ واحد غائب کی علامت ہے۔

اِوَٹ مَناس (iwâṭ manâas) [بُر۔محاورہ] حالت بہتر ہونا، مالدار ہونا۔

اِوَٹُم (iwáṭaṭum) [بُر۔محاورہ] بدن کا پہنا ہوا کپڑا، جلد کے اوپر کا/کی/سے، اِ ضمیر واحدِ غائب کی علامت ہے۔

اِوَٹُم غُیَک جَک مَناس

(iwáṭaṭum ġuyáṅ jaṅ manáas) [بُر۔محاورہ] رونگٹے کھڑے ہونا، سردی یا خوف سے بدن کے روئیں کھڑے ہونا (۲) ہیبت چھانا، ڈرنا، خوف کھانا۔

اِوَٹُم گٹُو دال مَناس

(iwáṭaṭum gaṭú dáal manáas) [بُر۔محاورہ] دہشت زدہ ہونا، خوف زدہ ہونا (۲) بدن کے روئیں کھڑے ہونا۔

اِوَٹُم گٹُو شَلاس (iwáṭaṭum gaṭú śaláas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے اِوَٹُم گٹُو دال مَناس (iwáṭaṭum gaṭú dáal manáas)۔

اِوَٹُم لوَقُڈ (iwáṭaṭum lóquc) [بُر۔محاورہ] بدن کے پھٹے پرانے کپڑے، اُترن، اِ ضمیر واحدِ غائب کی علامت ہے۔

اِوَٹُم میَن (iwáṭaṭum meén) [بُر۔محاورہ] استعمال شدہ ہونا کاروایتی چوغا (شُقا śuqá)، پرانا لباس۔

اِوَٹُم یوَلَس (iwáṭaṭum yoólas) [بُر۔محاورہ] کسی کا پرانا لباس استعمال کرنا، کسی اور کا لباس پہننا۔

اِوَٹَے (iwáṭaṭe) [بُر۔محاورہ] تن پر، بدن پر، اِ ضمیر واحدِ غائب کی علامت ہے۔

اِوَٹَے اوَمَنس (iwáṭaṭe oómanas) [بُر۔محاورہ] لباس میسر نہ آنا، غریب ہونا۔

اِوَٹَے تِھیَس (iwáṭaṭe thíyas) [بُر۔محاورہ] نہانا، غُسل کرنا۔

اِوَٹَے چِل تِھیَس (iwáṭaṭe čhil thíyas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے اِوَٹَے تِھیَس (iwáṭaṭe thíyas)۔

اِوَٹَے مَناس (iwáṭaṭe manáas) [بُر۔محاورہ] تن پر لباس ہونا (۲) مالدار ہونا، امیر ہونا۔

اِوَٹُلم پاہو گَگَٹ (iwáṭulum páaẏo gakáṭ) [بر۔کہاوت] اپنے ہی لوگ مخالف ہوں تو زیادہ نقصان پہنچاتے ہیں، گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے۔

اِوَٹِے اِوَٹ چَھپَرِک ایتَس

(iwáṭe iwáṭ čhápariṅ éetas) [بُر۔محاورہ] بدن نیلا کر دینا، اتنا مارنا کہ بدن پر نیل پڑ جائیں۔

اِوَٹِے اِوَٹ کھویو گچَرس

(iwáṭe iwáṭ khóyo gučháras) [بُر۔محاورہ] دیکھیے اِوَٹ جَجَپ دِچِیَس (iwáṭ jaján dičhíyas)۔

اِوَٹِے چھوکُس مَناس (iwáṭe čhúkus manáas) [بُر۔محاورہ] بہت زیادہ مشقت اُٹھانا، بہت زیادہ تکلیف اُٹھانا۔

اِوَٹِے ہولِے پُھو دُوَسَس

(iwáṭe hóle phu duúsas) [بُر۔محاورہ] تیز بخار آنا۔

اِوَٹِے ہولِے دیَل دُوَسَس

(iwáṭe hóle del duúsas) [بُر۔محاورہ] بہت موٹا ہونا، صحت مند ہونا۔

اَوڈَرو (áwčaro) [بر۔اسم] دیکھیے اَو (aw) جس کی یہ جمع ہے۔

اَوڈَرو اَمِڈَرو (áwčaro ámičaro) [بر۔اسم] میرے بزرگو اور میری مائیں۔

اَوَرٹیم (áwar ṭéem) [انگ۔بُر] مقررہ وقت سے زیادہ، اضافی وقت (۲) مقررہ وقت سے زیادہ کام کرنا (۳) وہ اجرت جو مقررہ وقت سے زائد کام کرنے پر دی جاتی ہے۔ overtime

اِوَرَس (iwáras) [بُر۔مص] اس کا تھک جانا، اِ ضمیر واحدِ غائب کی علامت ہے۔

اُوَرَس (uwáras) [بُر۔مص] ان کا تھک جانا، اُ جمع غائب کی علامت ہے۔

اَوَرسِیر (awarsíir) [انگ۔اسم] ناظر، سرپرست۔ overseer

اِوَرْش (iwárṣ) [بر۔کلمۂ تمنا] وہ تھکے، وہ تھک جائے۔

اَوَر کوٹ (áwar kóoṭ) [انگ۔اسم] ایسا کوٹ جو لباس کے اوپر پہنا جائے، بالاپوش، بڑا کوٹ، جسے سردی سے بچاؤ کے لیے سوٹ پر پہنا جاتا ہے۔ overcoat

اِوَرُم (iwárum) [بُر] دیکھیے اِوَرَس (iwáras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اَوَرہال (áwar háal) [انگ] مرمت کرنا، گاڑی کا مکمل معائنہ کرنا، ضروری مرمت کرنا۔ overhaul

اِوَرےٖ (iwáre) [بُر] اردگرد، اِ ضمیرِ واحدِ غائب کی علامت۔

اِوَرےٖ ایلتَلَنُم جُوَن (iwáre éltalanum juwán)
[بُر۔محاورہ] یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کوئی غیر متعلقہ شخص کسی کے ذاتی معاملات میں مداخلت کرتا ہے، یا ایسا کام کرتا ہے جو اس کے ذمے نہ ہو۔

اِوَرےٖ تَلینَس (iwáre talénas) [بُر۔محاورہ] اردگرد طواف کرنا، پروانہ بننا، صدقے جانا۔

اِوَرےٖ تَلینُم جُوَن (iwáre talénum juwán)
[بُر۔محاورہ] دیکھیے اِوَرےٖ ایلتَلَنُم جُوَن (iwáre éltalanum juwán) جس کا یہ مترادف اور لازم ہے۔

اِوَشکِچِکْ (iwáśkićiṅ) [بر۔اسم] دیکھیے اِوَشکی (iwáśki) جس کی یہ جمع ہے۔

اِوَشکِچِکْ مرآق ایتَس
(iwáśkićiṅ maraáq étas) [بُر۔محاورہ] آرزو میں ہونا (۲) حسرت کرنا (۳) حریص بننا۔

اُوَشکِچِکْ (uwáśkićiṅ) [بر۔اسم] ان کے جبڑے۔

اِوَشکیٖ (iwáśki) [بُر۔اسم] جبڑا، اِ ضمیرِ واحد غائب کی علامت ہے۔

اِوَشِیَس (iwáśiyas) [بُر۔محاورہ] اُسے گرانا (۲) اُسے ہرانا، مات دینا۔

اِوَش (iwáṣ) [بُر۔اسم] ڈاڑھ، اِ ضمیرِ واحدِ غائب کی علامت ہے۔

اِوَش اِمےٖ (iwáṣ imé) [بر۔اسم] اس کی ڈاڑھ یا پچھلے دانت، اِ ضمیرِ واحدِ غائب کی علامت ہے۔

اَوقات (awqáat) [ع] دیکھیے وقت جس کی یہ جمع ہے (۲) بساط، حیثیت، مالی حالت۔

اَوقاتِکْ (awqáatiṅ) [بر] دیکھیے اَوقات (awqáat) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

اَوَل (awál) [ع۔صف] پہلا، مقدم (۲) اعلیٰ، افضل، عمدہ، بہتر (۳) خدا کا نام (۴) ابتدا، آغاز، شروع۔

اَوَل خِیش ہوٗ اِچُوٗولوٗ دَروِیش
(awál qhiiś ho ichuúw lo darwiiś)
[بُر۔کہاوت] اول خویش بعد درویش، پہلے اپنے پھر غیر۔

اِوَلتَش (iwáltaṣ) [بُر۔اسم] وہ کپڑا جو بوجھ اٹھاتے وقت پیٹھ پر رکھا جاتا ہے (۲) مددگار، اِ ضمیرِ واحد غائب کی علامت ہے، یہ دراصل اِوَلدَس (iwáldas) تھا، "د" "ت" میں اور س ش میں بدل گیا ہے۔

اِولَتَش ایتَس (iwáltaṣ étas) [بر۔محاورہ] اِوَلتَش (iwáltaṣ) بنانا۔

اِوَلدَس (iwáldas) [بُر۔اسم] اس کی پیٹھ، اس کی پشت، اِ ضمیرِ واحد غائب کی علامت ہے۔

اِوَلدَس بَلغَن مَناس (iwáldas balġān manáas)
[بُر۔محاورہ] زیادہ مشقت سے پیٹھ کی کھال کا اُترنا۔

اِوَلدَسَٹےٖ (iwáldasaṭe) [بُر] اس کی پیٹھ پر، اس کی پشت پر، (محاورۃً) پیٹھ پیچھے۔

اِوَلدَسَٹےٖ یَنَس (iwáldasaṭe yānas) [بُر] پیٹھ پر اٹھانا۔

اِوَلدَسےٖ تِن (iwáldase tin) [بُر۔اسم] ریڑھ کی ہڈی، پیٹھ کی درمیانی ہڈی جو سر سے شروع ہو کر چوتڑوں تک جاتی ہے۔

اِوَلدَسےَ گپ وَلَس (*iwáldase gap wálas*) [بُر۔محاورہ] پیٹھ کی کھال کا اُترنا (۲) بہت زیادہ مشقت اُٹھانا۔

اِوَلَس (*iwálas*) [بُر۔مص] اس کا گر جانا، اس کا بار جانا، اِ ضمیرِ واحدِ غائب کی علامت ہے۔

اَوَلُم (*awálum*) [بُر] پہلا، ابتدائی، شروع کا/کی۔

اِوَلُم (*iwálum*) [بُر] دیکھیے اِوَلَس (*iwálas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اَولیاء (*awliyáa*) [ع۔اسم] ولی کی جمع، خدا رسیدہ، بزرگ، دوست، مالک۔

اَولیاء اللہ (*awliyáa Alláah*) [ع] اللہ کے اولیاء، ائمہٴ اطہار، خدا رسیدہ بزرگ۔

اَولیاتِنگ (*awliyáatiń*) [بُر] دیکھیے اَولیاء (*awliyáa*) جس کی بطرزِ بروشسکی جمع ہے۔

اُوے (*uwé*) [بُر] وہی لوگ، وہ لوگ (۲) ان کا، ان کی، اُ ضمیرِ جمع غائب کی علامت ہے۔

اُوے اِی (*uwé ii*) [بُر] وہی لوگ، وہ خود ہی۔

اُوے (*úwe*) [بُر] اُن کا/کی۔ اُ ضمیرِ جمع غائب کی علامت ہے۔

اُوے (*uwée*) [بُر] اُن کا/کی۔

اُوینکُڈ (*uweéṅkuc*) [بُر] فلاں لوگ/فلاں خاندان والے۔

اُئی (*uy*) [بُر] وہ خود، وہی لوگ، وہ بذاتِ خود۔

او — o

او (*o*) [بر۔امر] مصدر اوتَس (*ótas*) یعنی کرنے یا بنانے سے امر، مثلاً دال او (*dáal o*) اُٹھاؤ، ماٗس او (*maás o*) اُبالو، وغیرہ۔

اوپَچی (*ópaći*) [بُر] ان کے پاس، ان کے قبضے میں، ان کی معیت میں۔

اوپَن یونِوَرسِٹی (*ópan yuuniwarsiṭi*) [انگ] وہ یونیورسٹی جو فاصلاتی نظام کے ذریعے تعلیم دے، جس میں باقاعدہ روزانہ کلاس میں حاضر ہونے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ open university

اوپِی (*ópi*) [بُر۔اسم] ان کا/کی دادا/دادی/نانا/نانی۔ او (o) ضمیرِ جمع غائب کی علامت ہے۔

اوپِی شُرو (*ópi śuró*) [بُر۔اسم] بہت موٹی روٹی۔

اوتَس (*ótas*) [بُر۔مص] کرنا، بنانا۔

اوتَق (*otáq*) [بُر] میر یا میر کے کسی آدمی کو خوراک کی شکل میں دیا جانے والا مالیہ (۲) ذخیرہ۔

اوخشی رَخشی (*óqhśi ráqhśi*) [بُر۔محاورہ] فراوانی، بہتات، کثرت، آسائش، آزادی۔

اوخشی رَخشی مَناس (*óqhśi ráqhśi manáas*) [بُر۔محاورہ] فراوانی ہونا، بہتات ہونا، کثرت سے ہونا، عام ہونا۔

اورِجنَل (*orijinal*) [انگ] اصل، اوّلین، قدیم ترین، طبع زاد، تخلیق، ابتدا۔ original

اوس (*os*) [بُر۔اسم] ان کا دل، ان کا ضمیر، او ضمیرِ جمع غائب کی علامت ہے۔

اوس ایغلِکی (*os eéguliki*) [بُر۔محاورہ] ایسا کام جس میں دلسوزی نہ ہو، ایسا کام جس میں ذاتی دلچسپی نہ ہو۔

اوس والَس (*os wáalas*) [بُر۔محاورہ] ہوش و حواس کھو بیٹھنا، حواس باختہ ہونا، پریشان حال ہونا۔

اوس یارے بَتینگ ٹک ایتَس (*os yáare batéṅ ṭak étas*) [بُر۔محاورہ] بھوک ضبط کرنا (۲) بھوک برداشت کرنا۔

اوسا (*ósa*) [بُر] اُمید، توقع، ایسی اُمید جو کسی فائدہ یا بہتری کے لیے ہو۔

اوسپِم میوا (*óspim miiwá*) [بُر۔اسم] وہ پھل جو خشک کیے گئے ہوں، سُکھائے ہوئے پھل۔

اوسپِیَس (*óspiyas*) [بُر۔مص] سُکھانا، خشک کرنا، (محاورۃً) بھوک

اور پیاس سے لاغر کر دینا۔

اوسُتَلتُم (ôstaltum) [بُر۔اسم] ھنتِ جنین، مشیمہ، وہ باریک غلاف جس میں جنین ہوتا ہے اور عملِ تولد کے بعد رحم سے خارج ہوتا ہے، اسے انگریزی میں (Placenta) کہا جاتا ہے، یہاں یہ بات واضح ہو کہ اگر یہ انسان (یعنی عورت) کی ہو تو اسے **موسُتَلتُم** (móstaltum) کہا جاتا ہے اور اگر کسی حیوان کی ہو تو اِلچ (ilc) کہا جاتا ہے۔

اوسَٹُم وارِش (ôsaṭum wáariṣ) [بُر۔محاورہ] بارِ خاطر، رکاوٹ (۲) غم، رنج، الم۔

اوسَٹے اوَرُتَس پھن (ôsaṭe oórutas phin) [بُر۔محاورہ] سخت ناپسندیدہ شخص، ایسا شخص جس کا ہر عمل ناپسندیدہ ہو (۲) اوباش، چھچھورا۔

اوسَس (ôsas) [بر۔مص] بتا دینا، خبر پہنچا دینا۔

اوسقَسَس (ôsqasas) [بر۔محاورہ] ان کو سڑانا (۲) زیادہ انتظار کرانا (۳) بدبو سے ناک میں دم کرانا، او (o) ضمیرِ جمع غائب کی علامت ہے۔

اوسُقُلَس (ôsqulas) [بر۔محاورہ] جلا ڈالنا (۲) سخت اذیت پہنچانا، دکھ میں مبتلا کرنا، ترسانا، او (o) ضمیرِ جمع غائب کی علامت ہے۔

اوسُقَنَس (ôsqanas) [بر۔مص] مار ڈالنا، او (o) ضمیرِ جمع غائب کی علامت ہے۔

اوسَکَے دِلتَرِک اوتَس (ôsaṅe diltariṅ ôotas) [بُر۔محاورہ] تذبذب میں مبتلا کرنا، خوفزدہ کرنا، پریشان کرنا، گومگو میں مبتلا کرنا۔

اوسَکَے دِلتَرِک ایتَس (ôsaṅe diltariṅ étas) [بُر۔محاورہ] تذبذب میں ہونا، خوفزدہ ہونا، پریشانی کے عالم میں ہونا، گومگو میں مبتلا ہونا۔

اوسُلُم بَر (ôsulum bar) [بُر۔محاورہ] دل کا راز، بھید، چھپی ہوئی بات۔

اوسُلُم پھیُو گلَس (ôsulum phayú gâlas) [بُر۔محاورہ] آرزو پوری ہونا، تمنا پوری ہونا، خواہش پوری ہونا، دل کا ارمان نکلنا۔

اوسُلُم گژُوٹو (ôsulum guẓuúṭo) [بُر۔محاورہ] دل کے اندر کا ارمان، دل کی چھپی ہوئی خواہش، دل میں موجود خلش۔

اوسو (ôso) [بُر۔اسم] ان کا گردہ (۲) [امر] ان کو بتاؤ، نیز دیکھیے اوسَس (ôsas)۔

اوسے (ôse) [بُر] دل کا/کی، دلی، قلبی۔

اوسے اَرمان (ôse armáan) [بُر] دل کا ارمان، تمنا، خواہش، حسرت۔

اوسے اَرمان یَلَس (ôse armáan yálas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے اوسے مُلیِش یَلَس (ôse muliiṣ yálas)۔

اوسے مُلیِش یَلَس (ôse muliiṣ yálas) [بُر۔محاورہ] آرزو پوری کرنا، خواہش پوری کرنا، تمنا پوری کرنا۔

اوشَلَس (ôŝalas) [بُر۔مص] گرا دینا (میوہ وغیرہ)، جھاڑنا (۲) کم کرنا۔

اوشَلُم (ôŝalum) [بُر] دیکھیے اوشَلَس (ôŝalas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اوش (oṣ) [بُر۔اسم] ان کی گردن، او ضمیرِ جمع غائب کی علامت ہے۔

اوسپَٹَٹُم تھیر مینے کے ایئشان (ôspaṭaṭum ther mêne ke éyŝaan) [بُر۔کہاوت] اپنی پیٹھ دکھائی نہیں دیتی، اپنے عیب نظر نہیں آتے۔

اوسَٹُم بَلدآ (ôsaṭum baldá) [بُر۔محاورہ] ذمہ داری۔

اوسَٹُم بَلدآ دال مَناس (ôsaṭum baldá dáal manáas) [بُر۔محاورہ] ذمہ داری پوری ہونا، سر سے بوجھ اترنا۔

اوشِچِک (óśçin) [بُر۔اسم] ان کی کمر (۲) ان کے کندھے۔

اوشُچُم (óśçum) [بُر۔اسم] کمر بند، کمر کو باندھنے کا دوپٹہ یا پٹکا (۲) مٹی کی دیوار میں چونے یا پتھر کی چنائی میں اینٹوں کی پٹی۔

اوشُچُم جاَئش ایتَس (óśçum jaáś étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے اوشُچُم دیڈیَس (óśçum déčiyas)۔

اوشُچُم دیڈیَس (óśçum déčiyas) [بُر۔محاورہ] صبر کرنا، ہمت باندھنا، برداشت کرنا (شمول بوق، ص ۱۳۶) کمر باندھنا، کسی امر پر آمادہ ہونا، مستعد ہونا، تیار ہونا، محنت کرنا، کسی امر کا تہیہ کرنا۔

اوشُچُمِشو (óśçumišo) [بُر۔اسم] دیکھیے اوشُچُم (óśçum) جس کی یہ جمع ہے۔

اوشُقُن (óśqun) [بُر۔اسم] حوالے کر دینا، تھوپ دینا، احتجاجاً واپس کرنا، او جمع غائب کی علامت ہے۔

اوشے (óşe) [بُر] گردن کا/کی۔

اوغُر (óġur) [بُر۔اسم] موج، لہر (۲) طوفان، غبار اور دھوئیں کی لہر (۳) جوش، اُبال (۴) غصہ، کدورت۔

اوغُر بَق مَناس (óġur baq manáas) [بُر۔محاورہ] موجیں اُٹھنا (۲) جوش آنا، اُبال آنا۔

اوغُر دُوسَس (óġur duúsas) [بُر۔محاورہ] لہر اُٹھنا، طوفان اُٹھنا، غبار اُٹھنا (۲) گہرے بادلوں کا آنا (۳) دھواں اُٹھنا (۴) غصے کا طوفان اُٹھنا۔

اوغُرِشو (óġurišo) [بُر۔اسم] دیکھیے اوغُر (óġur) جس کی یہ جمع ہے۔

اوغَم (óġam) [بُر۔صف] ناپسند، ناگوار، نامرغوب، نامطلوب۔

اوق (oq) [بُر۔اسم] اُلٹی، قے۔

اوق ایتَس (oq étas) [بُر۔محاورہ] اُلٹی کرنا (۲) گالی گلوچ بکنا، بُرا بھلا کہنا، ناسزا کہنا۔

اوقشی رَقشی (óqši ráqši) [بُر۔محاورہ] دیکھیے اوخشی رَخشی (óqhši ráqhši)۔

اوقو (óqo) [بُر] جن، بھوت (محاورۃً) خوفناک چیز، یہ بچگانہ لہجہ ہے۔

اوقومُڈ (óqomuc) [بُر۔اسم] دیکھیے اوقو (óqo) یہ جس کی جمع ہے۔

اوک اُیی (ok uyii) [بُر۔اسم] بال بچے، اہل و عیال، لڑکے بالے۔

اوں (oń) [بُر۔صوت] گائے یا بیل کی آواز۔

اوں ایتَس (oń étas) [بُر۔محاورہ] گائے یا بیل کا آواز نکالنا۔

اول (ol) [بُر] دیکھیے اولَس (ólas) جس کا یہ امر ہے۔

اولِتک (óltik) [بُر] دونوں، ہر دو۔

اولِتک اِلچُمُڈ بَبار اوتَس (óltik ílčumuc babár ótas) [بُر۔محاورہ] عدل کرنا، انصاف کرنا، مساوات سے کام لینا، جانبداری نہ کرنا۔

اولتَلِک (óltalik) [بُر] دیکھیے اولِتک (óltik)۔

اولتَیَس (óltayas) [بُر۔مص] کام پر لگانا، بیلوں کو ہل جوتنے پر لگانا۔

اولَس (ólas) [بُر۔مص] پرونا، منظم کرنا، ترتیب میں رکھنا (دھاگے میں)۔

اولی (óli) [بُر۔امر] دیکھیے اولَس (ólas)۔

اومِشو (ómišo) [بُر۔اسم] ان کے پوتے پوتیاں۔

اومِس (ómis) [بُر۔اسم] ان کی انگلی۔

اونس (ons) [انگ] پونڈ کا سولھواں حصہ، تولہ، آدھی چھٹانک۔ ounce

اوَنَس (ónas) [بر۔اسم] رزق، کھانے پینے کی چیزیں۔

اوَر (ówar) [بر] دیکھیے اوَرَس (ówaras) جس کا یہ امر ہے۔

اوورُٹَس (ówruṭas) [بُر۔مص] بٹھانا (۲) روکنا (۳) بجھانا (۳) رکھنا، اپنی جگہ پر رکھنا۔

اوَرَس (ówaras) [بُر۔مص] گاہنا، بالیوں کو کچل کر گیہوں نکالنا (جانوروں کے ذریعے)۔

اوٗولجَیَس (ówljayas) [بُر۔مص] اُن کو سوار کرنا۔
اوٗوَن (owán) [انگ۔اسم] چولہا، گیس کا چولہا، تنور۔ oven
اوٗہ (oh) [بُر۔کلمۂ خبردار] منع کی علامت۔
اوٗہو (óhoo) [بُر۔کلمۂ تعجب وافسوس] تکلیف و تعجب یا دہشت اور خوف کے وقت زبان پر لاتے ہیں۔
اوٗی (oy) [بُر۔اسم] اُن کی بیٹی، اوٗ ضمیر جمع غائب کی علامت ہے۔
اوٗیَس (óyas) [بُر۔مص] تولنا، اناج تولنا۔
اوٗیَنُم کے اُیْیَرُم ہَن سینان
(óyanum ke uyiirum han senáan)
[بُر۔کہاوت] نیند موت کی چھوٹی بہن ہے (حدیثِ نبویؐ)۔

ا۔و oo

او (óo) [بُر۔امر] رکھو، رکھ دو (۲) کراؤ، کرالو۔
اوبَرَس (óobaras) [بُر۔مص] دیکھیے بَرٰس (baráas) جس کا یہ متعدی ہے۔
اوبِل (óobil) [بُر] دیکھیے بیلَس (bélas) جس کا یہ امر ہے۔
اوتَس (óotas) [بُر۔مص] دیکھیے اوٗتَس (ótas) جس کا یہ متعدی ہے۔
اودُرُوَس (óoduruwas) [بُر۔مص] دیکھیے دُرووَس (duróowas) جس کا یہ متعدی ہے۔
اودُرُیَس (óoduruyas) [بُر۔مص] دیکھیے اودُرُوَس (óoduruwas)۔
اوڈُم (óoċum) [بُر] دیکھیے اوڈُوَس (óoċuwas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔
اوڈُو (óoċo) [بُر] دیکھیے اوڈُوَس (óoċuwas) جس کا یہ امر ہے۔
اوڈُوَس (óoċuwas) [بُر۔مص] بھیجنا، بھجوانا۔
اوڈُیَس (óoċuyas) [بُر۔مص] دیکھیے اوڈُوَس (óoċuwas)۔
اوڈُین (óoċuyn) [بُر۔امر] دیکھیے اوڈُو (óoċo) جس کی یہ جمع ہے۔
اور (óor) [بُر] اُن کے لیے، اُن کو (۲) اُن کو بھیجو۔
اورَنج (ooránj) [انگ۔اسم] نارنگی۔ orange
اوس (óos) [بُر۔امر] دیکھیے او (óo) (معنی نمبر ۱)۔
اوسَس (óosas) [بُر۔مص] رکھنا، محفوظ کرنا، بچانا۔
اوسَط (oosát) [ع۔صف] درمیانی، بیچ کا، برابر کا، معمولی، عام۔
اوسُم (óosum) [بُر] دیکھیے اوسَس (óosas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔
اوسِن (óosin) [بُر۔امر] احترام رکھ دیجیے، نیز دیکھیے اوس (óos)۔
اوشاَ (oošáa) [بُر] مہمانداری، مہمان نواز، بطورِ مہمان نوازی۔

حِکمَتیرے اوشاَ طَعام عَقلیرے جَچوورے گَنیرے حَرام
اِنرے غَتَس خا تَمام غَیبیرے حَلالکِرے کِتاب
دیوان نصیری (بُروشسکی)، ص ۹۱۔

ترجمہ: حکمت کی اعلیٰ باتیں جو عقلی خوراک کی طرح ہیں، نادانوں کے لیے ناقابلِ ہضم اور غیر مناسب ہیں، جب تک وہ حلال کتابِ غیب کو مکمل طور پر نہ پڑھیں۔

اوسکِچِک (óoṣkiċin) [بُر۔اسم] دیکھیے اوسکی (óoṣki) جس کی یہ جمع ہے۔
اوسکی (óoṣki) [بُر۔اسم] اُن کا سرہانہ، ان کی بالیں۔
اولات (ooláat) [ع، بُر۔اسم] عیال و اطفال، بیٹا، بیٹی، بال بچے، (لفظ اولاد کا بروشسکی تلفظ)۔
اولاد (ooláad) [ع۔اسم] دیکھیے اولات (ooláat)۔
اولَمپک کھیل (oolampik khéel) [ا۔ر۔اسم] زمانۂ حال کے بین الاقوامی کھیلوں کے مقابلے جو ہر چوتھے سال منعقد ہوتے ہیں۔
olympic games
اوین (óoyan) [بُر] دیکھیے اوٗیَنَس (óoyanas) جس کا یہ امر ہے۔

اوینَس (óoyanas) [بُر۔مص] لادنا (بوجھ وغیرہ) اٹھوانا۔

اوَ óo

اوَ (óo) [بر] میرے آنسو (۲) یہ لفظ بعض کلمات کے شروع میں علامتِ نفی کے طور پر بھی آتا ہے اور نفی کے معنی بھی دیتا ہے۔

اوَت (óot) [بر] نقصان، خسارہ، زیاں۔

اوَدیَ (óodi) [بر۔اسم] اس لفظ کا پہلا جز ''اوَ'' حرفِ نفی ہے اور دوسرا جز ''دیَ'' ''دوہنا، تھن سے دودھ نکالنا'' پس اوَدیَ (óodi) کے معنی ہیں کہ تم اپنی بکریوں کو مت دوہنا۔ تفصیل کے لیے بروشسکی کتاب بُروشسکی جواہر پارے ''ہونزا کے روایتی تہوار قسط ۔۲'' ملاحظہ ہو (۲) پہاڑی چراگاہ (تیَر) (ter) لے جانے سے پہلے بھی یہ رسم ادا کی جاتی تھی۔

اوَدیَ نِیَس (óodi níyas) [بر۔محاورہ] مال مویشی کا دودھ نکالے بغیر رہ جانا، نیز دیکھیے اوَدیَ (óodi)۔

اوَڎُم (oócum) [بر] دیکھیے اوَڎُوَس (oócuwas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

اوَڎوَ (oóco) [بر۔نہی] مت لے جاؤ، جُوَس (chúwas) کی نہی ہے۔

اوَڎُوَس (oócuwas) [بر۔مص] نہ لے جانا۔

اوَرُٹَس (óorutas) [بر۔مص] نہ بیٹھنا، قرار نہ پکڑنا، نہ ٹھہرنا، (محاورۃً) حاملہ نہ ہونا۔

اوَس (óos) [بر] میری بیوی، میری شریکۂ حیات۔

اوَسُرمَن (oósurman) [بر] مت چھیڑ، شروع مت کر۔

اوَسَن (oósan) [بر] مت کہو، نہ بتاؤ، مت بتاؤ۔

اوَسَنَس (oósanas) [بر۔مص] نہ کہنا، نہ بتانا، ظاہر نہ کرنا، کہنے سے اجتناب کرنا۔

اوَسَنَس بَر مَناس (oósanas bar manáas) [بُر۔محاورہ] سخت مشکل میں پڑ جانا، پریشان حال ہونا، تذبذب کا شکار ہونا، گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل۔

اوَشِن (oóśin) [بر۔اسم] مہمان۔

اوَشِن ایتَس (oóśin étas) [بر۔محاورہ] مہمان بنانا، مہمان رکھنا، مہمان کرنا۔

اوَشِن ژُوَس (oóśin żúwas) [بر۔محاورہ] مہمان آنا (۲) بچہ پیدا ہونا۔

اوَشِن مَناس (oóśin manáas) [بر۔محاورہ] مہمان بننا، مہمان ہونا، کسی کے گھر بطور مہمان جانا۔

اوَشوَ (oóśo) [بُر۔اسم] دیکھیے اوَشِن (oóśin) جس کی یہ جمع ہے۔

اوَشوَ اَپھاروَ (oóśo apháaro) [بر۔اسم] مہمان و مسافر، مہمان اور اجنبی لوگ، اَپھاروَ (apháaro) مہمل ہے۔

اوَشَبَس (oóṣabas) [بر] شاباش نہ ملنا، تعریف نہ ہونا، عوض نہ ملنا (۲) مجبوری۔

اوَشَبَسے دِغَنَس (oóṣabaṣe díganas) [بر۔محاورہ] دیکھیے اوَشَبَسے رَجاَکی (oóṣabaṣe rajaáki)۔

اوَشَبَسے رَجاَکی (oóṣabaṣe rajaáki) [بر۔محاورہ] کار بیگار جس پر نہ شاباش ملتی ہے نہ کوئی اس کی تعریف کرتا ہے اور نہ اس پر کوئی عوض ملتا ہے۔

اوَق (oóq) [بر] تے کی حالت، قدرے اُلٹی کی حالت۔

اوَق بوَق (oóq boóq) [بر۔محاورہ] بہتات، کثرت، فراوانی۔

اوَق بوَق مَناس (oóq boóq manáas) [بر۔محاورہ] رزق کی بہتات ہونا، کثرت ہونا، فراوانی ہونا، نیز دیکھیے اوُخشی رَخشی مَناس (óqhśi ráqhśi manáas)۔

اوَق چھوٹ (oóq ĉhot) [بر۔اسم] ہونزا کا ایک قدیم کھیل جو بچیاں اکثر کنکریوں کے ساتھ کھیلتی ہیں (۲) دولت کی فراوانی۔

اوٗق چھوٹ مَناس (oóq čhot manáas) [بر] دیکھیے اوٗق چھوٹ (oóq čhot) جس کا یہ لازم ہے۔

اوٗق شَر مَناس (oóq šar manáas) [بر] دیکھیے اوٗق چھوٹ مَناس (oóq čhot manáas)۔

اوٗکَرَنَس (oókaranas) [بر۔مص] دیر نہ لگانا، دیر نہ کرنا۔

اوٗکَرَنُم (oókaranum) [بر] دیکھیے اوٗکَرَنَس (oókaranas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اوٗل (oól) [بر۔اسم] میرا پیٹ، اوٗ (oó) ضمیر واحد متکلم کی علامت ہے۔

اوٗلَنَس (oólanas) [بر۔مص] نہ کر سکنا، استطاعت نہ رکھنا، قادر نہ ہونا، (یگر کا لہجہ ہے)۔

اوٗلی (oóli) [بر۔کیفیت] شدید تھکاوٹ کی وجہ سے رات کو نیند نہ آنا، تھکاوٹ کی وجہ سے جسم میں درد ہونا اور سو نہ سکنا (۲) عورت یا مادہ حیوان کا بچہ پیدا ہونے کے بعد بیماری کی کیفیت میں رہنا، درد زہ کے زیر اثر ہونا۔

اوٗلی اِمَنَس (oóli imánas) [بر] دیکھیے اوٗلی (oóli)۔

اوٗمُش او (oó muš oo) [بر] وہ بات جس کا کوئی سرا نہ ہو، لا ابتدا و لا انتہا۔

اوٗمُشو (oómušo) [بر۔صف] جھوٹ، دروغ۔

اوٗمَن (oóman) [بر۔نہی] مت ہو جا، نہ ہو۔

اوٗمِن (oómin) [بر۔نہی] مت پیو، نہ پیو۔

اوٗمَنَس (oómanas) [بر۔مص] نہ ہونا، فقدان ہونا، ناپید ہونا، ناممکن ہونا۔

اوٗمِنَس (oóminas) [بر۔مص] نہ پینا، نوش نہ کرنا، مت پینا۔

اوٗمَنَسَن (oómanasan) [بر] نہ ہونے والا، ناممکن، یہاں نُ علامتِ وحدت ہے۔

اوٗمَنَسَن اَپی (oómanasan api) [بر] کوئی کام ناممکن نہیں۔

اوٗنی (ooni) [بر۔نہی] نہ جاؤ، مت جاؤ۔

اوٗنِیَس (oóniyas) [بر۔مص] نہ جانا، مت جانا۔

اوٗنِیَس ہَر (oóniyas har) [بر۔محاورہ] وہ بیل جو ہل جوتتے وقت صحیح طرح نہ چلے یا مالک کی فرمانبرداری نہ کرے۔

اوٗنِیَس ہَر جُوَن (oóniyas har juwán) [بر۔تشبیہ] وہ شخص جو کام میں دلچسپی نہ لے، فرمانبرداری نہ کرے، کام میں ٹال مٹول کرنے والا، نافرمانی کرنے والا۔

اوٗو (oów) [بر۔نہی] اُن کو مت دو۔

اوٗوَر (oówar) [بر۔نہی] مت رو، نہ رویا کر، گریہ نہ کر۔

اوٗوَس (oówas) [بر۔مص] نہ دینا۔

اوٗ ہیر (oó her) [بر۔نہی] دیکھیے اوٗوَر (oówar) جس کا یگری لہجہ ہے۔

او ہیر لے نصیر بسیکیے گنے غم کے ژُہس یا
فِردوسے شوقُم باغ لو باغات اَپی اوسَن
(جواہر پارے ص ۱۱)۔

ترجمہ: اے نصیرا! تم باغات کے لیے روتے ہو کیوں، کیا تمہارا یہ خیال ہے کہ باغ فردوس میں دنیا کے تمام باغات نہیں ہوں گے؟ کیوں نہیں؟

اوٗیَن (oóyan) [بر۔نہی] نہ لو، مت لے لو (۲) مت پہچانو (۳) مت چنو۔

اُ۔و uu

اُو (úu) [بر۔اسم] ان کا باپ، اُ ضمیر جمع غائب کی علامت ہے۔

اُو اُمیِے اوٗک اُئی ڈے شُل، اوٗک اُئیِیے ہُن دَن ڈے شُل (úu úmiye ok uyii ce šul ok uyiiye hun dan ce šul) [بر۔محاورہ] ماں باپ اولاد سے محبت کرتے ہیں اولاد کی محبت دوسروں سے ہوتی ہے۔

اُو چُندوٗ ایمِینڈ دیَل لوٗ مَناس
(úu chundó émiyanc délu lo manáas)

[بر۔کہاوت] پانچوں انگلیاں گھی میں، ہر طرح مزے میں ہونا۔

اُو چُندو میمینڈ ببَر اَپیے *(úu ċhundó mêmiyanċ babár apiye)* [بر۔کہاوت] پانچوں انگلیاں برابر نہیں (۲) سب آدمی ایک جیسے نہیں ہوتے ہیں۔

اُوڈرو *(úucaro)* [بر۔اسم] دیکھیے اُو *(úu)* جس کی یہ جمع ہے۔

اُووے *(úuwe)* [بر] اُن کے باپ کا/کی۔

اُویمو *(úuyamo)* [بر۔محاورہ۔اشارہ] چپکے سے، چھپ چھپ طریقے سے۔

اُویمے *(úuyame)* [بر۔محاورہ۔اشارہ] دیکھیے اُویمو *(úuyamo)*۔

اُ۔و uú

اُو *(uú)* [بر] دیکھیے اُوَس *(uúwas)* جس کا یہ امر ہے (۲) [اسم] آنسو، اشک۔

اُو دومیَس *(uú dómiyas)* [بر۔محاورہ] آنسو بہانا، گریہ کرنا۔

اُو ژُوَس *(uú żúwas)* [بر۔مص مر] اُن کے آنسو آنا، اشک آنا۔

اُو کے تھر اومنَس *(uú ke ṭhar oómanas)* [بر۔محاورہ] آنسو نہ آنا، سخت دل ہونا۔

اُوپ ایتَس *(uúp étas)* [بر۔محاورہ] حد سے زیادہ کھانا/پینا۔

اُوٹ *(uúṭ)* [بر] اُن کا پاؤں، اُوٹِس *(uúṭis)* کا مخفف۔

اُوٹ اُریک *(uúṭ uriiṅ)* [بر۔اسم] ان کے ہاتھ پیر (بروشسکی میں اردو کے برعکس پہلے پیر پھر ہاتھ کی نوبت آتی ہے)۔

اُوٹ اُریک اونیَس *(uúṭ uriiṅ oóniyas)* [بر۔محاورہ] کام میں جی نہ لگنا، دلچسپی ختم ہونا۔

اُوٹ اُریک ایرَس *(uúṭ uriiṅ ayéeras)* [بر۔محاورہ] کام شوق سے نہ کرنا، دلچسپی سے کام نہ کرنا، دل لگا کر کام نہ کرنا۔

اُوٹ اُریک دِشیَس *(uúṭ uriiṅ dišáyas)* [بر۔محاورہ] دیکھیے اُوٹ اُریک دُکھٹَس *(uúṭ uriiṅ dukháṭas)*۔

اُوٹ اُریک دُکھٹَس *(uúṭ uriiṅ dukháṭas)* [بر۔محاورہ] کام میں رکاوٹ پیدا ہونا، مشکل پیش آنا (۲) موت کی وجہ سے سوگوار خاندان کا کام کاج رُکنا۔

اُوٹ اُریک دُوسَس *(uúṭ uriiṅ duúsas)* [بر۔محاورہ] سردی ختم ہونے کے بعد کام کاج کے لئے ہوا موافق ہونا (۲) سوگوار خاندان کا سوگ کے ایام پورا ہونے پر کام کاج کے لیے نکلنا۔

اُوٹ اُریک دیشیَس *(uúṭ uriiṅ déšayas)* [بر۔محاورہ] کام میں رکاوٹ پیدا کرنا، خود اپنے لیے مشکل پیدا کرنا، ہاتھ روک لینا۔

اُوٹ اُریک دِوسَس *(uúṭ uriiṅ díwsas)* [بر۔محاورہ] آزاد ہونا، خود کو فارغ کرنا (۲) کام میں دلچسپی لینا۔

اُوٹ شوا مَناس *(uúṭ śuwá manáas)* [بر۔محاورہ] قدم مبارک ہونا، نیک شگون ہونا۔

اُوٹ غُنیقِس مَناس *(uúṭ ġunéqiṣ manáas)* [بر۔محاورہ] قدم نامبارک ہونا، بدشگون ہونا۔

اُوٹ کُم *(uúṭkum)* [بر۔صف] پاؤں کی جانب سے۔

اُوٹِس *(uúṭis)* [بر۔اسم] اُن کا پاؤں۔

اُوٹِسے اومِس دَن ڈے یَمَر اُریکے اومِس اُختر *(uúṭise ômiṣ dan ċe yámar uriiṅe ômiṣ uqhátar)* [بر۔کہاوت] غلطی کر کے پچھتانا، ایک کی غلطی کی سزا دوسرے کو ملنا۔

اُوٹِک *(uúṭiṅ)* [بر۔اسم] دیکھیے اُوٹِس *(uúṭis)* جس کی یہ جمع ہے۔

اُوٹِن (uúṭin) [بُر] دیکھیے اُوٹِنَس (uúṭinas) جس کا یہ امر ہے۔

اُوٹِنَس (uúṭinas) [بُر۔مص] بھرنا (محاورۃً) بہت زیادہ کمانا۔

اُوچي (uúči) [بُر] پاؤں میں (۲) (وہ انہیں) دے گا۔

اُوچي ایتَس (uuči étas) [بُر۔محاورہ] شلوار پہننا، جوتا یا جوراب پہننا۔

اُوچي اُیچمو (uúči uyáčimo) [بُر۔محاورہ] لباس، جس میں ٹوپی جوتے وغیرہ شامل ہوں۔

اُوچیمو (uúčimo) [بُر۔محاورہ] جوتے (۲) شلوار، پتلون وغیرہ۔

اُورُش (uúruṣ) [بُر] ذمہ داری، جواب دہی۔

اُورگِن (uúrgin) [بُر] دیکھیے اُورگِنَس (uúrginas) جس کا یہ امر ہے۔

اُورگِنَس (uúrginas) [بُر۔مص] پیٹنا۔

اُورگِنُم (uúrginum) [بُر] دیکھیے اُورگِنَس (uúrginas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اُورو (uúro) [بُر۔اسم] گھریلو ذمہ داری، مثلاً اولاد کی شادی بیاہ (۲) لازمی ذمہ داری، اہم ذمہ داری یا رسم۔

اُورو بَساس (uúro basáas) [بُر۔محاورہ] شادی بیاہ کی رسم ادا ہونا، لازمی ذمہ داری پوری ہونا۔

اُورو چھُوم مَناس (uúro čhuúm manáas) [بُر۔محاورہ] کام میں دشواری پیدا ہونا، رکاوٹ پیش آنا۔

اُورو مَناس (uúro manáas) [بُر۔محاورہ] شادی بیاہ ہونا (۲) لازمی ذمہ داری نبھانے کا وقت پیش آنا۔

اُوری (uúri) [بُر۔اسم] اُن کا ناخن، اُو (uú) ضمیر جمع غائب کی علامت ہے۔

اُوس (uús) [بُر۔اسم] اُن کی بیوی، اُو (uú) ضمیر جمع غائب کی علامت ہے۔

اُوس اوتَس (uús óotas) [بُر۔محاورہ] مات دینا، نقصان پہنچانا، ہرا دینا۔

اُوس مَناس (uús manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے اُوس اوتَس (uús óotas) جس کا یہ لازم ہے۔

اُوشا (uúša) [بُر۔امر] دیکھیے اُوشَیَس (uúšayas) جس کا یہ امر ہے۔

اُوشَکی (uúšaki) [بُر] زمین کا ایک ایسا حصہ جو اولاد کو دودھ پلانے والوں کو میروں کی طرف سے حقِ شیر کے طور پر دیا جاتا تھا، اُوشَکی بعض اوقات عام لوگ بھی دیا کرتے تھے، مگر ہونزا کے شاہی خاندان میں اس کا رواج عام تھا۔

اُوشَم (uúšam) [بُر] دودھ کے ذریعے یا قول کے ذریعے رشتے کا تعلق پیدا کرنا، نیز دیکھیے اُوشَیَس (uúšayas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

اُوشَم مَناس (uúšam manáas) [بُر۔محاورہ] رضاعیت کا رشتہ بنانا، دودھ پلانے کا رشتہ بنانا۔

اُوشَمِشو (uúšamišo) [بُر۔اسم] دیکھیے اُوشَم (uúšam) جس کی یہ جمع ہے۔

ایمِنَس (éeminas) [بُر۔مص] پلانا۔
ایمَنُم (éemanum) [بُر] دیکھیے **ایمَنَس** (éemanas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔
ایمِنُم (éeminum) [بُر] دیکھیے **ایمِنَس** (éeminas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔
ایمُوقَس (éemuqas) [بُر۔مص] دیکھیے **اِموقَس** (imóqas) جس کا یہ متعدی ہے۔
ایوَر (éewar) [بُر] دیکھیے **ایوَرَس** (éewaras) جس کا یہ امر ہے۔
ایوَرَس (éewaras) [بُر۔مص] رُلانا، (محاورۃً) خسارے میں ڈالنا، حق نہ دینا۔
ایوَرُم (éewarum) [بُر] دیکھیے **ایوَرَس** (éewaras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔
ایوَشِیَس (éewaśiyas) [بُر۔مص] داخل کرانا، ڈلوانا (۲) ہرانا، مات کرانا، شکست دلانا۔
اَیے (ayé) [بُر] دیکھیے **اَییَتَس** (ayétas) جس کا یہ امر ہے۔
اَییَتَس (ayétas) [بر۔مص] نہ کرنا، (کسی کام یا بات کا) نہیں کرنا۔
اَییَتُم (ayétum) [بُر] دیکھیے **اَییَتَس** (ayétas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔
اَییَسپَل (ayéspal) [بُر۔اسم] دیکھیے **اَییَسپَلَس** (ayéspalas) جس کا یہ امر ہے۔
اَییَسپَلَس (ayéspalas) [بُر۔مص] نہ جلانا (۲) گرم نہ کرنا۔
اَییَسپَلُم (ayéspalum) [بُر] دیکھیے **اَییَسپَلَس** (ayéspalas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔
اَییَسقُل (ayésqul) [بر] دیکھیے **اَییَسقُلَس** (ayésqulas) جس کا یہ امر ہے۔
اَییَسقُلَس (ayésqulas) [بر۔مص] لکڑی نہ جلانا (۲) پانی کی قلت سے زمین/فصل کو نہ جلانا۔
اَییَسکَرَن (ayéskaran) [بر۔نہی] دیر نہ کر، جلدی کر (۲) کسی کو دیر نہ کراؤ۔
اییَٹمُرَس (éeyatamuras) [بُر۔مص] پامال کرانا۔
اَییڈَنَس (ayéecanas) [بُر۔مص] کسی کے اچھے کام یا خدمت کو شمار نہ کرنا، حوصلہ افزائی نہ کرنا، اچھے کام کرنے پر شاباش نہ دینا۔
اَییسِر (ayéesir) [بُر۔نہی] دیکھیے **اَییسِرَس** (ayéesiras)۔
اَییسِرَس (ayéesiras) [بُر۔مص] کھانا نہ کھلانا۔
اَییسِرَس اوٗشِن (ayéesiras oóśin) [بر۔محاورہ] ایسا مہمان جس کی مہمانداری مطلوب نہ ہو، بن بُلائے مہمان۔
اَییغَنَس (ayéeğanas) [بُر۔مص] دکھاوا نہ کرنا (۲) مشہور نہ

کرنا، منہ کھانا۔

ایئلَس (éeyalas) [مُ۔مع] دیکھیے یَلَس (yālas) جس کا یہ متعدی ہے۔

ایینَس (éeyanas) [مُ۔مع] لادھنا، بوجھ ڈالنا (۲) ذمہ دار بنانا۔

اَیئڈَس (ayeéċas) [مُ۔مع] مجھ کو دیکھنا، اَ ضمیرِ واحدِ متکلم کی علامت ہے۔

اُیئڈَس (uyeéċas) [مُ۔مع] ان کو دیکھنا، اُ ضمیرِ جمع غائب کی علامت ہے۔

اُیئڈِن (uyeéċin) [مُ] دیکھیے اُیئڈَس (uyeéċas) جس کا یہ امر ہے۔

اُیئرَس (uyiīras) [مُ۔مع] مرنا، فوت ہونا، انتقال کرنا۔

اُییک (uyiīk) [مُ۔اسم] اُن کا نام۔

اُیینَس (uyeénas) [مُ۔مع] پہچاننا، جاننا، شناخت کرنا، اُ ضمیرِ جمع غائب کی علامت ہے۔

اُیینَسکُش (uyeénaskuṣ) [مُ۔اسم] پہچان، شناسائی (محاورۃً) حاجت روائی کرنا، کچھ دے دینا۔

اے - eé

اے (eé) [مُ] حرفِ نفی و انکار، یہ بعض مصادر صفتہائے مفعولی اور افعال امر پر داخل ہو کر انہیں منفی بناتا ہے مثلاً دیلَس (dēlas) سے ایدِلَس (eédilas) اور ایدِل (eédil) وغیرہ۔

ایپَٹَر (eépaṭar) [مُ۔نہی] یہ دراصل ایپھَٹَر (eéphaṭar) ہے، کثرتِ استعمال سے "ھ" حذف ہو گیا ہے (۲) دیکھیے ایپَٹَرَس (eépaṭaras)۔

ایپَٹَرَس/ایپھَٹَرَس (eépaṭaras/eéphaṭaras) [مُ۔مع] چھلکا نہ اُتارنا، کھال نہ اُتارنا، اے یہاں حرفِ انکار ہے۔

ایپُس/ایپُھس (eépus/eéphus) [مُ۔نہی] دیکھیے ایپُسَس (eépusas)۔

ایپُسَس/ایپُھسَس (eépusas/eéphusas) [مُ۔مع] بند نہ کرنا، قید نہ کرنا، نہ باندھنا، اے یہاں حرفِ انکار ہے۔

ایپَلت/ایپھَلت (eépalt/eéphalt) [مُ۔نہی] دیکھیے ایپَلتَس (eépaltas)۔

ایپَلتَس/ایپھَلتَس (eépaltas/eéphaltas) [مُ۔مع] نہ کھولنا، نہ چیرنا، نہ پھاڑنا، اس میں اے (eé) حرفِ نفی ہے۔

ایتَسک (eétask) [مُ۔نہی] دیکھیے ایتَسکَس (eétaskas)۔

ایتَسکَس (eétaskas) [مُ۔مع] نہ کھینچنا، نہ گھسیٹنا، زبردستی نہ لے آنا، کشاں کشاں نہ لانا، اس میں اے حرفِ نفی ہے۔

ایجَل (eéjal) [مُ۔نہی] دیکھیے ایجَلِیَس (eéjaliyas)۔

ایجَلِیَس (eéjaliyas) [مُ۔مع] نہ بکھیرنا، نہ پھیلانا، منتشر نہ کرنا، پراگندہ نہ کرنا، اس میں اے حرفِ نفی ہے۔

ایچھغَلتَس (eéćhaġaltas) [مُ۔مع] نہ مارنا، نہ پیٹنا (۲) اختہ نہ کرنا، نر کے خصیے نہ نکالنا، نہ دُھننا (اون وغیرہ کو)۔

ایچھمُر (eéćhamur) [مُ۔نہی] دیکھیے ایچھمُرَس (eéćhamuras)۔

ایچھمُرَس (eéćhamuras) [مُ۔مع] پامال نہ کرنا، کچل نہ ڈالنا، نہ روندنا۔

ایدِلَس (eédilas) [مُ۔مع] نہ پیٹنا، زد و کوب نہ کرنا، نہ مارنا۔

ایڈَپَن (eéċapan) [مُ۔نہی] دیکھیے ایڈَپَنَس (eéċapanas)۔

ایڈَپَنَس (eéċapanas) [مُ۔مع] نہ سینا، ٹانکے نہ لگانا، بخیہ نہ کرنا۔

ایڈُڈُر (eéċuċur) [مُ۔نہی] دیکھیے ایڈُڈُرَس (eéċuċuras)۔

ایڈُڈُرَس (eéċuċuras) [مُ۔مع] نہ کترنا، دھجیاں نہ بنانا، نہ کاٹنا، نہ تراشنا، نہ بیونتنا (۲) پرندے کے پروں کو نہ نوچنا۔

ایڈِم (eéčim) [بُر] دیکھیے ایڈِیَس (eéčiyas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ایڈَن (eéčan) [بُر۔نہی] دیکھیے ایڈَنس (eéčanas)۔

ایڈَنس (eéčanas) [بُر۔مص] نہ گننا، شمار نہ کرنا، (محاورۃً) نظر میں نہ لانا۔

ایڈَنسکُس (eéčanaskus) [بُر۔محاورہ] نظرانداز کرنا، نظر میں نہ لانا، بے قدر کرنا، کسی میں شمار نہ کرنا۔

ایڈَنُم (eéčanum) [بُر] دیکھیے ایڈَنس (eéčanas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ایڈُو (eéčo) [بُر۔نہی] دیکھیے ایڈُوَس (eéčuwas)۔

ایڈُوَس (eéčuwas) [بُر۔محاورہ] بیوی کا شوہر کو پسند نہ کرنا، بیوی کا شوہر سے جدائی اختیار کرنا، لڑکی کا منگنی کے بعد لڑکے کو پسند نہ کرنا یا شادی سے انکار کرنا (۲) اُس (مرد) کو ساتھ نہ لے جانا۔

ایڈِی (eéči) [بُر۔نہی] دیکھیے ایڈِیَس (eéčiyas)۔

ایڈِیَس (eéčiyas) [ب۔مص] قدرے زیادتی کرنا، ذرا سا تجاوز کرنا، تھوڑا ظلم کرنا۔

ایسَرک (eésark) [بُر۔نہی] دیکھیے ایسَرکَس (eésarkas)۔

ایسَرکَس (eésarkas) [بُر۔مص] اجازت نہ دینا، نہ چھوڑنا، آنے یا جانے نہ دینا (۲) مال مویشی کو چرنے کے لیے آزاد نہ کرنا (۳) ضرب یا چوٹ نہ لگانا۔

ایسَرکُم (eésarkum) [بُر] دیکھیے ایسَرکَس (eésarkas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ایشِر (eéšir) [بُر۔نہی] دیکھیے ایشِرَس (eéširas)۔

ایشِرَس (eéširas) [بر۔مص] دیکھیے اِشِیرَس (išílras) جس کی یہ ضد ہے۔

ایٹِم (eéṣim) [بُر] دیکھیے ایٹِیَس (eéṣiyas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ایٹِیَس (eéṣiyas) [بُر۔مص] نہ کھانا، تناول نہ کرنا، غذا نہ لینا۔

ایغَرک (eéġark) [بُر۔نہی] دیکھیے ایغَرکَس (eéġarkas)۔

ایغَرکَس (eéġarkas) [بُر۔مص] کسی چیز کو اچھال کر ہوا میں نہ پکڑنا، گیند، بال وغیرہ کو ہوا میں اچھال کر نہ پکڑنا (۲) نہ پہننا، بدن پر نہ اوڑھنا (۳) بیل سے ہل نہ جوتنا۔

ایغَسَس (eéġasas) [بُر۔مص] نہ سڑنا، بوسیدہ نہ ہونا، سڑ کر خراب نہ ہونا۔

ایغُلتُر (eéġultur) [بُر۔نہی] دیکھیے ایغُلتُرَس (eéġulturas)۔

ایغُلتُرَس (eéġulturas) [بُر۔مص] الٹا کر کے نہ رکھنا، اوندھا کر کے نہ رکھنا۔

ایغَنَس (eéġanas) [بُر۔مص] شمار نہ کرنا، نہ گننا، نظر میں نہ لانا (۲) حیوان کا اپنے بچے کو دودھ نہ دینا۔

ایغَنُم (eéġanum) [بُر] دیکھیے ایغَنَس (eéġanas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ایقَر (eéqar) [بُر۔نہی] دیکھیے ایقَرَس (eéqaras)۔

ایقَرَس (eéqaras) [بُر۔مص] نہ توڑنا، شکستہ نہ کرنا، پاش پاش نہ کرنا۔

ایقَرُم (eéqarum) [بُر] دیکھیے ایقَرَس (eéqaras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ایکَچی (eékači) [بُر] دیکھیے ایکَچِیَس (eékačiyas) جس کا یہ امر ہے۔

ایکَچِیَس (eékačiyas) [بُر۔مص] قید نہ کرنا (۲) بند نہ کرنا۔

ایکُکُر (eékukur) [بُر۔نہی] دیکھیے ایکُکُرَس (eékukuras)۔

ایکَکَرَس/ایکھکَرَس (eékakaras) [بُر۔مص] کسی کے گرد/اوپر نہ لپیٹنا، نہ باندھنا۔

ایکُکُرَس (eékukuras) [بُر۔مص] نہ کھرچنا، ہڈی سے گوشت

نہ اُتارنا۔

ایلتاَ (eélta) [بُر۔نہی] دیکھیے ایلتیَس (eéltayas)۔

ایلتیَس (eéltayas) [بُر۔مص] نہ پہننا (جوتا وغیرہ)۔

ایلتُر (eéltur) [بُر۔نہی] دیکھیے ایلتُرَس (eélturas)۔

ایلتُرَس (eélturas) [بُر۔مص] نہ کھولنا (۲) نہ گرانا (۳) ویران نہ کرنا۔

ایلتُرُم (eélturum) [بُر] دیکھیے ایلتُرَس (eélturas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ایلتغاي (eéltaġaŷ) [بُر۔نہی] دیکھیے ایلتغاہَس (eéltaġaŷas)۔

ایلتغاہَس (eéltaġaŷas) [بُر۔مص] لپائی نہ کرنا، پلستر نہ کرنا، استرکاری نہ کرنا۔

ایلتَلی (eéltali) [بُر۔نہی] دیکھیے اِلتَلی (iltáli)۔

ایلتَم (eéltam) [بُر] دیکھیے ایلتیَس (eéltayas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ایلتَن (eéltan) [بُر۔نہی] دیکھیے ایلتَنَس (eéltanas)۔

ایلتَنَس (eéltanas) [بُر۔مص] نہ پیٹنا، نہ کوٹنا، نہ مارنا۔

ایلتَنُم (eéltanum) [بُر] دیکھیے ایلتَنَس (eéltanas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ایلتیَس (eéltayas) [بُر۔مص] نہ پہننا۔

ایمُت (eémut) [بُر] دیکھیے ایمُتَس (eémutas) جس کا یہ امر ہے۔

ایمُتَس (eémutas) [بُر۔مص] روٹی کے ٹکڑے بنا کر سالن میں نہ ڈالنا۔

ایمُقَس (eémuqas) [بُر۔مص] دیکھیے ایڈُڈَرَس (eéċaċaras)۔

ایمَلتَر (eémaltar) [بُر۔نہی] دیکھیے ایمَلتَرَس (eémaltaras)۔

ایمَلتَرَس (eémaltaras) [بُر۔مص] کسی چیز پر لپائی نہ کرنا، نہ لگانا۔

ایمَلڈ (eémalċ) [بُر] دیکھیے ایمَلڈَس (eémalċas) جس کا یہ امر ہے۔

ایمَلڈَس (eémalċas) [بُر۔مص] گالی نہ دینا، بُرا بھلا نہ کہنا، دشنام نہ دینا۔

ایمَلڈِن (eémalċin) [بُر۔نہی] دیکھیے ایمَلڈَس (eémalċas)۔

ایمَنَس (eémanas) [بُر۔مص] نہ ہونا، موجود نہ ہونا، حاضر نہ ہونا، (محاورۃً) آباد یا سرخرو نہ ہونا، نیک نہ ہونا، خوش نصیب نہ ہونا۔

ایمَنُم (eémanum) [بُر] دیکھیے ایمَنَس (eémanas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ایں (eéṇ) [بُر۔اسم] کراہنا، شدت درد سے کراہنا۔

ایں ایتَس (eéṇ étas) [بُر۔مص] کراہنا، شدت درد سے کراہنا۔

ایں ایں ایتَس (eéṇ eéṇ étas) [بُر۔محاورہ] کراہنا، آہ و بکا کرنا۔

ایں پیں (eéṇ peéṇ) [بُر۔محاورہ] کراہنا، آہ و بکا کرنا۔

ایں پیں ایتَس (eéṇ peéṇ étas) [بُر۔محاورہ] کراہنا، آہ و بکا کرنا۔

ایو (eéw) [بُر۔نہی] مت دیدو، نہ دے۔

ایوَرَس (eéwaras) [بُر۔مص] تھک نہ جانا، تھکاوٹ نہ ہونا۔

ایوَرُم (eéwarum) [بُر] دیکھیے ایوَرَس (eéwaras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ایوَشِیَس (eéwaśiyas) [بُر۔مص] نہ ڈالنا، نہ گرانا۔

ایوَلَس (eéwalas) [بُر۔مص] نہ گرنا، نہ ہارنا۔

ایئساَ (eéysa) [بُر] حیوان (خاص طور پر بکری) کا وہ بچہ جو وقت سے پہلے پیدا ہوا اور مر جائے، حیوان کا حمل ساقط ہونا۔

ایٔنناَ (*eéyna*) [بُر۔اسم] منھ دیکھنے کا شیشہ، صاف صاف بتانے والا، (فارسی لفظ آئینہ کا بگاڑ)۔

ایَیٹمُرَس (*eéyaṭamuras*) [بُر۔مص] نہ روندنا، نہ لتاڑنا، پاؤں کے نیچے نہ ملنا، پامال نہ کرنا، نہ کچلنا۔

ایَیرَس (*eéyaras*) [بُر۔مص] نہ چرانا، بیچھا نہ کرنا، حفاظت نہ کرنا۔

ایَیشِیَس (*eéyaśiyas*) [بُر۔مص] نہ بُننا۔

ایَیگوَس (*eéyaguwas*) [بُر۔مص] چن چن کر نہ اٹھانا، نہ چننا۔

ایَیلَس (*eéyalas*) [بُر۔مص] نہ توڑنا (۲) کھیت میں آب پاشی نہ کرنا۔

ایَیمِیَس (*eéyamiyas*) [بُر۔مص] ادا نہ کرنا، بے باق نہ کرنا، نہ چکانا۔

ایَیَن (*eéyan*) [بُر۔نہی] دیکھیے ایَیَنَس (*eéyanas*)۔

ایَیَنَس (*eéyanas*) [بُر۔مص] نہ لینا، نہ اٹھانا (۲) نہ پہچاننا، نہ جاننا۔

ایَیَنُم (*eéyanum*) دیکھیے ایَیَنَس (*eéyanas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ایَیَبا (*eéyayabaa*) [بُر۔کلمۂ نہی] نہیں لیتا ہوں، نہیں اٹھاتا ہوں (۲) نہیں پہچانتا ہوں، نہیں جانتا ہوں۔

آ

آ (*áa*) الف ممدودہ، یہ فارسی اور اردو کی طرح بُروشَسکی میں بھی دو الفوں کا مجموعہ یعنی "ا ا" ہے جس میں پہلا الف متحرک اور دوسرا ساکن ہے۔ ساکن کو مد کی صورت میں ظاہر کیا جاتا ہے اور کھینچ کر بولا جاتا ہے۔ عربی میں اسے "ءا" کی صورت میں لکھا جاتا ہے۔ اردو اور فارسی کی طرح بُروشَسکی میں بھی مد صرف الف سے مخصوص ہے۔
(۲) واحدِ متکلم کی طرف سے کوئی کام کرانے کی درخواست یا تقاضا یا امر کے معنی دینے کے لیے آتا ہے، مثلاً آبِل (*áabil*) (مجھے پہناؤ)، آسِر (*áasir*) (مجھے کھلاؤ)، آمِن (*áamin*) (مجھے پلاؤ) وغیرہ (۳) آ بعض الفاظ کے آخر میں آ کر بھی یہی معنی پیدا کر دیتا ہے، مثلاً زَپ آ (*zap áa*) (مجھے یاد کراؤ۔ اَس گَرَس آ (*as garás áa*) (میرے دل کو سدھار) وغیرہ (۴) بچے کے رونے کی آواز۔

آ آ (*áa áa*) [ار۔اسمِ صوت] پالتو پرندوں کو بلانے کی آواز۔

آ ایَتَس (*áa étas*) [بر۔مص] منہ کھولنا، آ کرنا (۲) بچے کا (منہ کھول کر) رونا۔

آ۔ب

آبِ بَقا (*áabe baqáa*) [ف۔اسم] دیکھیے آبِ حَیات (*áabe hayáat*)۔

آبِ حَیات (*áabe hayáat*) [ف۔اسم] زندگی بخش پانی، ایک چشمہ اور اس کا پانی جس کے بارے میں مشہور ہے کہ اس کے پینے سے موت نہیں آتی، حضرت خضرؑ کے بارے میں مشہور ہے کہ انہوں نے آبِ حیات پیا ہے اس لیے قیامت تک زندہ رہیں گے۔

آب خُورا (*áab qhuurá*) [ف، بُر۔اسم] پانی کا چھوٹا سا برتن جس میں قدیم زمانے میں لسی، دودھ وغیرہ بھی رکھا جاتا تھا۔

آب دانا/آب و دانا (*áab daaná/áabu daaná*) [ف، بُر۔اسم] دانہ پانی، رزق، خوراک۔

آب دوز (*áab dóoz*) [ف۔اسم] ڈُبکی کشتی۔ submarine

آبِ زَم زَم (*áabe zam zam*) [ف۔اسم] مکہ کے اس چشمہ کا پانی جو حضرت اسماعیلؑ کے ایڑیاں رگڑنے سے جاری ہوا تھا اور اب بھی کنویں کی شکل میں موجود ہے (۲) متبرک پانی۔

آبِ کوثر (*áabe koosár*) [ف۔اسم] جنت کی ایک نہر یا حوض کوثر کا پانی، شرابِ طہور۔

آب وہوا/آب ہوا (*áabu hawáa/áab hawáa*) [ف۔اسم] پانی اور ہوا کی کیفیت، موسم۔

آب و ہوا/آب ہوا اَتُماَیَس (*áabu hawáa/áab hawáa atúmayas*) [بر۔محاورہ] آب وہوا کا راس نہ آنا، آب وہوا کا موافق نہ آنا۔

آب و ہوا/آب ہوا دُماَیَس (*áabu hawáa/áab hawáa dumáayas*) [بر۔محاورہ] آب وہوا کا موافق آنا، کسی جگہ کا موسم طبیعت کے موافق ہونا۔

آبا وأجداد (*aabáau ajdáad*) [ع۔اسم] باپ دادے،

مونث۔

آباد (*aabáad*) [ف۔صف] بَسا ہوا، نیز دیکھیے **آبات** (*abáat*) جو اس کا بُروشسکی تلفظ ہے۔

آباد اِمَنَس (*aabáad imánas*) [بر۔محاورہ] آباد ہونا، بَس جانا، خوشحال ہونا۔

آباد ایَتَس (*aabáad étas*) [بر۔محاورہ] بسانا، بارونق بنانا، سرسبز و شاداب کرنا، سرسبز، مالا مال کرنا۔

آباد مَناس (*aabáad manáas*) [بر۔محاورہ] بَس جانا، بارونق ہونا، غیر آباد علاقے کا آباد ہونا، کسی ایک جگہ کے باشندوں کا معاشی مقاصد کے لیے کہیں اور جا کر بسنا، مالا مال کرنا۔

آبادیٔ (*aabaadí*) [ف۔اسم] کسی جگہ یا علاقے میں بسنے والے افراد کی تعداد (۲) فراوانی، زیبائش، رونق، آبادکی ہوئی جگہ (۳) فصل وغیرہ، ویرانی کی ضد۔

آبادیٔ ایَتَس (*aabaadí étas*) [بر۔محاورہ] آبادی کرنا، بسانا، بارونق بنانا، کھیتی باڑی کرنا۔

آبادیٔ مَناس (*aabaadí manáas*) [بر۔محاورہ] آبادی ہونا، کھیتی باڑی ہونا، بارونق ہونا۔

آبتابا (*aabtaabá*) [ف۔اسم] ایک خاص برتن جس میں پانی گرم کیا جاتا ہے، اسے آفتابہ بھی کہتے ہیں۔

آبرُو (*aaburúu*) [ف۔اسم] عزت، نیک نامی، شہرت، اعتبار (۲) عصمت (۳) قدر و منزلت۔

آبرُو اوسَس (*aaburúu óosas*) [بر۔محاورہ] لاج رکھنا، عزت بچانا، آبرو بگڑنے نہ دینا، آبرو برقرار رکھنا۔

آبرُو ایَتَس (*aaburúu étas*) [بر۔محاورہ] عزت بڑھانا، کامیابی حاصل کرنا (۲) بے عزت ہونا، ذلیل ہونا، شرمندہ ہونا۔

آبرُو ایرَس (*aaburúu éeras*) [بر۔محاورہ] عزت گنوانا، بے عزت کرنا، ذلیل کرنا۔

آبرُو تِکَر بَلاس (*aaburúu tíkar baláas*) [بر۔محاورہ] ذلیل و خوار ہونا، مٹی پلید ہونا، عزت خاک میں مل جانا۔

آبرُو دُواسَس (*aaburúu duwáasas*) [بر۔محاورہ] عزت برقرار رہنا، عزت بچ جانا (۲) عصمت محفوظ رہنا۔

آبرُو دیغُرکَس (*aaburúu déeğurkas*) [بر۔محاورہ] عزت پانا، نیک نامی حاصل ہونا، شہرت پانا، نیز دیکھیے **آبرُو یَیَس** (*aaburúu yáyas*)۔

آبرُو سُوَس (*aaburúu súwas*) [بر۔محاورہ] عزت بنانا یا حاصل کرنا (۲) ساکھ بنانا (۳) نیکنامی حاصل کرنا (۴) شرمندگی کا باعث بننا، ذلت دینا۔

آبرُو مَناس (*aaburúu manáas*) [بر۔محاورہ] عزت ہونا، باعثِ عزت ہونا، باعثِ فخر ہونا۔

آبرُو نِیَس (*aaburúu níyas*) [بر۔محاورہ] ذلیل و خوار ہونا، بے عزت ہونا، ناموس میں دھبہ لگنا/ پڑنا۔

آبرُو یَیَس (*aaburúu yáyas*) [بر۔محاورہ] عزت پانا، کامیابی حاصل ہونا (۲) ذلیل ہونا، برا انجام ہونا۔

آبرُوے کا (*aaburúwe káa*) [بر۔محاورہ] عزت کے ساتھ، سرخرو ہوکر۔

آپُس (*áapus*) [بر] دیکھیے **اِپُھسَس** (*iphúsas*) جس کا یہ فعل امر ہے۔

آ۔پ

آپَلت (*áapalt*) [بر] دیکھیے **اِپَھلتَس** (*ipháltas*) جس کا یہ فعل امر ہے۔

آپَنَس (*áapanas*) [بر۔مص] دیکھیے **پھانَس** (*pháanas*) آ علامت متکلم ہے۔

آ۔ٹ

آٹوگراف (*aaṭugráaf*) [انگ۔اسم] اپنے دستخط،اپنی تحریر،خود نوشت۔ autograph

آٹو میٹک (*aaṭumeeṭic*) [انگ۔صف] خودکار،خودبخود چلنے والی۔ automatic

آ۔ث

آثار (*aasáar*) [ع۔اسم] نشان،نقش،علامت،اثر کی جمع ہے۔

آثارِ قَدِیماً (*aasáare qadiimá*) [ع] پرانی نشانیاں،پرانی عمارتیں۔

آثارِکْ (*aasáariṅ*) [بر۔اسم] دیکھیے اَثَر (*asár*) جس کی یہ بطرزِ بُروشسکی جمع ہے۔

آثارِکْ غَناس (*aasáariṅ ġanáas*) [بر۔محاورہ] علامات نظر آنا،آثار نمایاں ہونا،امید کی کرن نظر آنا۔

آثارِکْ مَناس (*aasáariṅ manáas*) [بر۔محاورہ] علامات کا ہونا،اُمید باقی ہونا۔

آ۔خ

آخِر (*aaqhír*) [ع۔اسم صف] پچھلا،انتہا،انجام (۲) تمام،ختم (۳) ختم ہونے کے قریب (۴) انجام کار۔

آخِر زمان/ زمانا (*aaqhir zamáan/zamaaná*) [ع۔صف] آخری زمانہ (۲) قیامت کے قریب کا زمانہ۔

آخِر/ آخریٔ وَقت (*aaqhír/aaqhiri waqt*) [ع،بر۔متعلق فعل] نزع کا وقت،موت کا وقت (۲) سب سے آخر میں۔

آخِرکار (*aaqhír káar*) [ف۔متعلق فعل] انجام کار،نتیجتاً،الغرض۔

آخِر آخِر (*aaqhir aaqhír*) [ع۔متعلق فعل] آخرکار،انجام کار،سب سے پچھلا۔

آخِرَت (*aaqhirát*) [ع۔اسم] عاقبت،قیامت،حشر،نشر۔

آخِرت اَیسقُلَس (*aaqhirát ésqulas*) [بر۔محاورہ] عاقبت برباد کرنا،گناہ کا کام کرنا مثلاً تہمت لگانا،جھوٹ بولنا وغیرہ۔

آخِرَتَر بَرِیْنَس (*aaqhirátar barēnas*) [بر۔محاورہ] آخرت سنوارنا، دیانت داری سے کام لینا،انجام سے ڈرتے رہنا۔

آخِرَتُلوٗ یارےٗ ژَکُن اِمَنَس
(*aaqhirátulo yáare żakún imánas*)
[بر۔محاورہ] قیامت کے دن روسیاہ ہونا،اعمال کا نتیجہ سامنے آنا۔

آخِرَتُلوٗ یَر ژُوَس (*aaqhirátulo yar żúwas*) [بر۔محاورہ] قیامت کے دن جزا و سزا ملنا،(نتیجہ) سامنے آنا۔

آخِرَتےٗ گَٹُو (*aaqhiráte gaṭú*) [بر۔محاورہ] کفن۔

آخِرَتےٗ ہاٗ (*aaqhiráte ha*) [بر۔محاورہ] قبر (۲) عالمِ روحانی۔

آخِریٔ (*aaqhirí*) [ع۔صف] آخر سے منسوب،بعد کا،نہایت،انتہا۔

آخِریٔ بَر (*aaqhirí bar*) [بر۔اسم] نتیجہ کے طور پر،خلاصہ کے طور پر (۲) فیصلہ کن بات (۳) وصیت۔

آخِریٔ دَم خا (*aaqhiri dam qháa*) [بر] تا دمِ مرگ، تا قیامت،آخری وقت تک،آخری دم تک۔

آخِریٔ دیدار (*aaqhiri diidáar*) [ف۔اسم] مریض کے مرتے وقت کسی کا منہ دیکھنا،آخری دفعہ کسی کو دیکھنا،مرتے وقت کی ملاقات (۲) دفنانے سے قبل مرنے والے شخص کو دیکھنا۔

آخِریٔ کھِین (*aaqhiri khéen*) [بر] آخری وقت،موت کا وقت۔

آخِریٔ گنڈ (*aaqhiri gúnć*) [بر۔اسم] آخری دن (محاورۃً)

موت کا دن، قیامت کا دن۔

آخِریٔ موٗ/آخِریوٗلُم (*aaqhirimo/aaqhiriwlum*) [بر] سب سے آخر کا، سب سے آخر میں۔

آ۔د

آداب (*aadáab*) [ع] ادب کی جمع، اطوار، سلام، احترام کے الفاظ، طور طریقے (۲) اصول، قاعدے، نیز دیکھیے اَدَپ (*adáp*) جو اس کا بروشسکی لہجہ ہے۔

آدَم (*aadám*) [ع۔اسم] پہلا انسان اور پہلا پیغمبر حضرت آدم علیہ السّلام، انسان۔

آدَمِ خاکیٔ (*aadáme qhaaki*) [ف۔اسم] خاک سے بنا ہوا انسان، انسان۔

آدَم خور (*aadám qhóor*) [ف۔صف] آدمی کو کھانے والا، درندہ، دہشتناک، درندہ صفت۔

آدَم ذات (*aadám záat*) [ف۔اسم] یہ اصل میں فارسی لفظ آدم زاد ہے، بروشسکی لہجے کے مطابق "د" "ت" میں بدل گیا ہے، آدم کی نسل، آدم کی اولاد۔

آدَم ذاتِشوٗ (*aadám záatiśo*) [بر۔اسم] دیکھیے آدم ذات جس کی یہ جمع ہے۔

آدَمِ سَرَاَندِیبیٔ (*aadáme sarandiibi*) [ع۔اسم] وہ آدم جسے روایات کے مطابق سری لنکا (سراندیپ) میں اتارا گیا تھا۔

آدَمِشوٗ (*aadámiśo*) [بُر۔اسم] آدم کی جمع، بہت سے آدم۔

آدَمے اولاد (*aadáme ooláad*) [بر۔اسم] آدم کی اولاد، بنی نوع انسان، بنی آدم۔

آدَمے اولاد مَناس (*aadáme ooláad manáas*) [بر۔محاورہ] آدم زاد ہونا، آدم کی اولاد ہونا (۲) اچھا انسان بننا۔

آدُروٗ (*áaduro*) [بُر] دیکھیے دُرُووَس (*duróowas*) جس کا یہ امر ہے، نیز دیکھیے آ (معنی نمبر ۱)۔

آ۔ڈ

آڈِٹ (*aaḍit*) [انگ] حساب کی جانچ پڑتال، تحقیق/تفتیش۔ audit

آڈِٹَر (*aaḍitar*) [انگ۔اسم] حساب کی جانچ پڑتال کرنے والا، محاسب، حساب کی تحقیق و تفتیش کرنے والا۔ auditor

آڈیر (*aaḍér*) [انگ] حکم، فرمان، فرمائش۔ order

آ۔ذ

آذان/اَذان (*aazáan/azáan*) [ع۔اسم] کان میں خبر یا آواز پہنچانا، (۲) نماز کے واسطے بلانے کی صدا (۳) مرغ کا بولنا، بانگ (۴) آگاہی، اطلاع۔

آذان دیلَس (*aazáan délas*) [بر۔محاورہ] نماز کے لیے بلانا (۲) مسلمان بچے کی پیدائش کے بعد اس کے دائیں کان میں اذان کہنا (۳) طوفان، آندھی وغیرہ کے لیے اذان کے الفاظ پکار کر کہنا (۴) مرغ کے صبح کے وقت بولنا۔

آ۔ڎ

آڎوٗ (*áaćo*) [بر۔امر] اِس کا مصدر چُوَس (*chúwas*) ہے (لے جانا، مثلاً خط یا کوئی چیز وغیرہ) میرے ذریعے بھجوا دو، (بروشسکی لہجے کے قاعدہ کے مطابق ج (*ch*) ڎ (*ć*) میں بدل گیا ہے) دیکھیے آ۔

آڎیٔ (*áaći*) [بر] (اَڎی آڎی) (*aći áaći*) نیز دیکھیے چیَس (*chiyas*) (لگ جانا، مثلاً آگ یا تہمت وغیرہ) جس کا یہ

امر ہے، بُروشسکی قاعدہ کے مطابق ج (ch) ڈ (c) میں بدل گیا ہے، اس سے واحد متکلم کی درخواست یا امر مراد ہے۔ دیکھیے آ (معنی نمبرا) مجھ پر (بہتان/الزام، آگ) لگا دے (۲) مجھ پر تھوپ دو۔

آ ـ ر

آر (*áar*) [بر۔ کلمۂ ضمیر] مجھ کو، میری ذات کو، میرے لیے، میرے واسطے، مجھے، نیز دیکھیے آ (معنی نمبرا) (۲) مجھے بھیج دو (۳) (محاورۃً) مجھے طلاق دو۔

آرام (*aarâam*) [ف۔ اسم] سکون، چین، راحت، صحت، شفا، افاقہ، نیند، نیز دیکھیے اَرام (*aráam*) جو اس کا بروشسکی لہجہ ہے۔

آرام ایتَس (*aaráam étas*) [بُر۔ محاورہ] ستانا، تکان دور کرنا، تازہ دم ہونا۔

آرام مَناس (*aaráam manáas*) [بُر۔ محاورہ] افاقہ ہونا، تندرست ہونا (۲) سکون و امن ہونا۔

آرٹ (*áart*) [انگ۔ اسم] فن، ہنر، شاعری، مصوری، صفائی، کمال۔ art

آرٹِسٹ (*aartist*) [انگ۔ اسم] فنکار، ہنرمند، شاعر، ادیب، مصور۔ artist

آرٹِکل (*aartikál*) [انگ۔ اسم] مضمون، مقالہ، قانون کی دفعہ، معاہدے کی شرط۔ article

آرجی بُوُرجی (*aarji buúrji*) [بر۔ اسم] زمین و آسمان، آرجی (*aarji*) دراصل عربی لفظ "ارض" زمین اور بُوُرجی (*buúrji*) "برج" بمعنی آسمان ہے، (محاورۃً) **آرجی بُوُرجی نے دیمِیَس** (*aarji buúrji ne déemiyas*) (۲) انتہائی کثرت سے کمانا (۳) جائز و ناجائز طریقے سے کمانا، لوٹ مار کر کے کمانا۔

آرڈِنیَنس (*aardinéns*) [انگ۔ اسم] قانونی یا مذہبی ضابطہ یا وہ حکم جو حکومت وقتی ضروریات کے پیش نظر نافذ کرتی ہے۔ ordinance

آرَس (*áaras*) [بر۔ مص] مجھے بھیجنا، مجھے روانہ کرنا، (محاورۃً) مجھے طلاق دینا۔

آرکِٹیکٹ (*aarkiték*t) [انگ۔ اسم] معمار، انجینئر، ماہر تعمیرات۔ architect.

آرمی (*aarmí*) [انگ، بُر۔ اسم] فوج، لشکر۔ army

آرِن (*áarin*) [بُر۔ امر] آری (*áari*) کی جمع تم سب مجھے بھیج دو، (محاورۃً) مجھے تم سب گھر سے نکال دو، مجھے طلاق دو۔

آری (*áari*) [بر۔ امر] مجھے بھیج دو، مجھے طلاق دو، دیکھیے آ (معنی نمبرا)، (یہ آر ہی ہے ی اس میں اضافی ہے)۔

آ ـ ز

آزادی (*aazaadi*) [ف۔ اسم] غلامی سے نجات (۲) بے فکری، بے پروائی (۳) فراغت، خود مختاری، (آزاد سے اسم کیفیت)۔

آزادی دیغُرکَس (*aazaadi déeğurkas*) [بر۔ محاورہ] خود مختار ہونا، نجات ملنا، آزادی پانا۔

آزادی گَنَس (*aazaadi gánas*) [بر۔ محاورہ] نجات حاصل کرنا، خود مختاری حاصل کرنا۔

آزار (*aazáar*) [ف۔ اسم] دکھ، رنج، تکلیف، بیماری، اذیت (۲) ناراضگی۔

آزار ایتَس (*aazáar étas*) [بر۔ محاورہ] دکھ دینا، ناراض کرنا (۲) اذیت دینا (۳) زخم کو چھیڑنا۔

آزار اِمَنس (*aazáar imánas*) [بر۔ محاورہ] ناراض ہونا، دکھ پہنچنا، رنجیدہ ہونا۔

آزار مَناس (aazáar manáas)[بر۔محاورہ] ناراض ہونا، رنجیدہ ہونا، تکلیف پہنچنا (۲) زخم وغیرہ میں بے احتیاطی کی وجہ سے یا چھیڑنے کی وجہ سے درد ہونا۔

آزاریٔ (aazaarí)[ف۔صف] ناراضگی، رنجیدگی۔

آزَر جَمشِید (aazár jamšíid) [ف۔اسم] ایران کا ایک جلاوطن شہزادہ جس کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ گلگت آیا تھا، اور اس وقت کے راجہ شری بدت کا تختہ اُلٹنے کے بعد گلگت کا حکمران بنا، بُروشسکی میں اس کا نام اَزُر شَمشیر (azúr šamšíir) ہے۔

آزمائِش (aazmaayíš)[ف۔اسم] مصدر آزمودن کا حاصلِ مصدر، جانچ پرکھ، امتحان۔

آزمائِش ایَتَس (aazmaayíš étas) [بر۔محاورہ] جانچ پرکھ کرنا، امتحان لینا۔

آزمائِشَر وَشِیَس (aazmaayíšar wášiyas)[بر۔محاورہ] امتحان میں ڈالنا، جانچ پرکھ کرنا۔

آ۔س

آس! (áas) [بر۔ندا] اے میرے دل، دیکھیے آ۔

آستقَاً (áastaqa) [بر۔امر] مجھ کو چھپا لے۔

آستَقَیَس (áastaqayas) [بر۔مص] مجھ کو چھپا لینا، اس کا مصدر دَغَیَس (dağáyas)(چھپ جانا) ہے بروشسکی قاعدہ کے مطابق "د" ت میں اور "غ" ق میں بدل گیا ہے، دیکھیے آ۔

آستِنگ(áastiń) [بر۔اسم] میرا سُسرال، دیکھیے آ۔

آستِنگۓ (áastińe) [بر] میرے سُسرال کا/کی۔

آستِنگۓ چَل خَنداڈۓ مُل

(áastińe čal qhandáa če mul)

[بر۔کہاوت] میرے سُسرال میں لڑائی معمول کی چیز ہے۔

آسِر(áasir) [بر۔امر] مجھے کھِلا، اس کا مصدر یِشِیَس (şíyas) ہے، دیکھیے آ۔

آسراً (aasrá) [و۔اسم] یہ دراصل آسرا (سہارا، مدد، وسیلہ، جائے پناہ، اعتبار) ہے جس کے آخر میں الف بروشسکی تلفظ میں مختصر ہو گیا ہے۔

آسراً مَناس (aasrá manáas) [بُر۔محاورہ] مددگار ہونا، سہارا ہونا، امید ہونا۔

آسِرَس (áasiras) [بُر۔مص] مجھے کھِلانا، دیکھیے آ۔

آسکِر (áaskir) [بُر۔اسم] میرا سُسُر، دیکھیے آ۔

آسکِرَس (áaskiras) [بُر۔مص] میری کسی چیز کو رنگین بنانا۔ مثلاً لباس، ہاتھ وغیرہ۔ اس کا مصدر ایسکِرَس (éskiras) ہے۔

آسکُس (áaskus) [بُر۔اسم] میری ساس، دیکھیے آ۔

آ۔ش

آش (áaš) [ف۔اسم] پتلی غذا، شوربا، بروشسکی میں اسے ڈوڈو (ḍáwḍo) کہتے ہیں۔

آشِکار (aašikáar) [ف۔صف] ظاہر، عیاں، نمایاں، واضح۔

آشِکار ایَتَس (aašikáar étas) [بر۔محاورہ] ظاہر کرنا، نمایاں کرنا، فاش کرنا۔

آشِکار اِمَنَس (aašikáar imánas) [بر۔محاورہ] (واحد غائب کے لیے) مشہور ہونا۔

آشِکار مَناس (aašikáar manáas) [بر۔محاورہ] مشہور ہونا، واضح ہونا، ظاہر ہونا۔

آ۔ݜ

آݜکیٔ (áaşki) [بر۔اسم] میرا سرہانہ، میرا تکیہ، نیز دیکھیے آ۔

آ۔غ

آغا خان (*aaġáa qhâan*) [ت۔اسم] جدید زمانے کے نزاری اسماعیلی اماموں کا لقب، آغا کی اصلی صورت آقا ہے، جو فارسی لہجہ کے مطابق "آغا" لکھا گیا ہے، یہ لقب سب سے پہلے شاہ ایران فتح علی شاہ قاچار کی طرف سے اسماعیلیوں کے چھیالیسویں امام حسن علی شاہ کو ملا تھا، آغا کے معنی بزرگ، سردار اور خان کے معنی رئیس یا امیر کے ہوتے ہیں، لفظ کے دونوں حصے ترکی ہیں۔

آغَتَنَس (*áaġatanas*) [بر۔مص] مجھے پڑھانا، دیکھیے آ، اس کا مصدر غَتَنَس (*ġatánas*) (پڑھنا) ہے۔

آغَرَس (*áaġaras*) [بر۔مص] اس کا مصدر غَراس (*ġaráas*) (بولنا یا کہنا) ہے، مجھ سے کہلانا، (محاورۃً) مجھے دھوکہ دینا، مجھ سے مذاق کرنا، دیکھیے آ۔

آغَرکَس (*áaġarkas*) [بر۔مص] دیکھیے اِغَرکَس (*igárkas*) جس کا یہ متعدی ہے۔

آغَسَس (*áaġasas*) [بر۔مص] اس کا مصدر غَساس (*ġasáas*) (ہنسنا) ہے، مجھے ہنسانا، دیکھیے آ۔

آغَنَس (*áaġanas*) [بر۔مص] اس کا مصدر غَناس (*ġanáas*) (نظر آنا) ہے۔ مجھے نظر آنا یا دکھائی دینا، مجھے نمایاں کیا جانا، مجھے سامنے لانا، مجھے نظر میں لانا، (محاورۃً) میرے اندازے کے مطابق، میرے خیال میں، دیکھیے آ۔

آ۔ف

آفاق (*aafáaq*) [ع۔اسم] اُفق کی جمع، آسمان کے کنارے، اردو میں بطور واحد دنیا، جہان۔

آفاقی (*aafaaqí*) [ع۔صف] ہمہ گیر، پوری دنیا سے تعلق رکھنے والا، عالم گیر، بہت وسیع۔

آفَت (*aafát*) [ع۔اسم] مصیبت، بَلا، قہر، مُشکل، وبا، عذاب، (محاورۃً) چالاکی، عیاری، تیز وطرار۔

آفَت دال مَناس (*aafát dáal manáas*) [بر۔محاورہ] بَلا کا ٹل جانا، مصیبت ختم ہونا۔

آفَت زُوَس (*aafát żúwas*) [بر۔محاورہ] مصیبت آنا، بلا نازل ہونا، مشکل میں مبتلا ہونا۔

آفَت مَناس (*aafát manáas*) [بر۔محاورہ] بَلا بَن جانا، مصیبت بَن جانا۔

آفَتِنْ (*aafátiṅ*) [بر۔اسم] آفت کی جمع، بلائیں، مصیبتیں۔

آفتاباً (*aaftaabá*) [ف۔اسم] آب تابہ کا بگاڑ دیکھیے آب تابہ۔

آفَرِین (*aafariin*)[ف] کلمہ تحسین، شاباش، واہ واہ، مرحبا۔

آفَرِین اِیتَس (*aafariin étas*)[بر۔محاورہ] شاباش دینا، تعریف کرنا، تحسین کرنا، سراہنا، مرحبا کہنا۔

آفَرِین مَناس (*aafariin manáas*) [بر۔محاورۃ] تعریف ہونا، تحسین ہونا، واہ واہ ہونا۔

آفِس (*aafis*)[انگ۔اسم] دفتر، ملازمت کی جگہ، کام کی جگہ۔ office

آفِس بیرَر (*aafis beerár*) [انگ۔اسم] کسی دفتر کا عہدہ دار، مثلاً صدر، سیکریٹری وغیرہ۔ office bearer

آفِسَر (*aafisár*) [انگ۔اسم] حاکم، افسر، عہدیدار۔officer

آفِسَرِشُو (*aafisárišo*)[انگ۔اسم] آفیسر کی جمع۔officers

آفِسِکْ (*aafisiṅ*)[انگ۔اسم] آفِس کی جمع۔offices

آفِشَل (*aafišal*)[انگ۔صف] سرکاری، دفتری، باضابطہ، مستند، عہدیدار یا مصدار۔official

آفِیُون (*aafiyúun*) [ف۔اسم] افیون، تریاک۔

آفِیُونی (*aafiyuuni*) [بر۔صف] افیون استعمال کرنے والا، تریاک کا عادی۔

آفِیُونیَ مَناس (*aafiyuuni manáas*) [بر۔محاورہ] افیون کا

عادی بننا، نشہ کا عادی بننا۔

آ۔ق

آقات (aaqáat) [ع، بر۔اسم] عربی لفظ اوقات کی بگاڑ۔

آقات اوؤمَنَس (aaqâat oómanas) [بر۔محاورہ] غریب ہونا، مال و دولت نہ ہونا، حیثیت کم ہونا۔

آقات شُوأ مَناس (aaqâat śuwá manáas) [بر۔محاورہ] مالی حالت بہتر ہونا، مالدار ہونا۔

آقات کَم مَناس (aaqâat kam manáas) [بر۔محاورہ] مالی حالت کمزور ہونا، نادار ہونا۔

آقات مَناس (aaqâat manáas) [بر۔محاورہ] مالی حالت بہتر ہونا، مالدار ہونا۔

آقَر (áaqar) [بر۔امر] دیکھیے اِخرَس (iqháras) جسکا یہ متکلم کا اپنی ذات کے لیے امر ہے۔ اس کے تلفظ میں 'خ' 'ق' میں تبدیل ہو کر آقَر (áaqar) ہوا ہے، مثال: کَپَل آقَر (kapál áaqar) (آ میرا سر توڑ یا پھوڑ)۔

آ۔ک

آکا (aakáa) [بر] کا (káa) بمعنی ساتھ۔ آکا (aakáa) میرے ساتھ، دیکھیے آ۔

آکاٹُم (aakáaṭum) [بر] کاٹُم (káaṭum) بمعنی ساتھی، آکاٹُم (aakáaṭum) میرا ساتھی، دیکھیے آ۔

آکاٹُمِشو (aakáaṭumiśo) [بر] آکاٹُم (aakáaṭum) کی جمع۔

آکسیجَن (aaksiiján) [انگ۔اسم] ایک بے رنگ بے بو اور بے ذائقہ گیس جو پانی اور ہوا کا لازمی جزو ہے، یہ جلنے اور زندگی کے لیے لازمی ہے۔ oxygen۔

آ۔گ

آگَسَس (áagusas) [بر۔مص] اس کا مصدر یُوسَس (yuúsas) سے چھیدنا (۲) کسی گڑھے یا کنویں سے مٹی نکالنا (۳) بیزار ہونا، اکتا جانا)، دیکھیے آ۔

آگی (áagi) [بر] دیکھیے آگِیَس (áagiyas) جس کا یہ امر ہے۔

آگِیَس (áagiyas) [بر] مجھے داخل کرنا، مجھے گھسا دینا، شَروٗن آگی (şarúṅ áagi) (مجھے مہندی لگاؤ)، گَروٗنی اوگِیَس (garoóni óogiyas) (دلہا دلہن کو گھر میں رواجی طور پر ایک ساتھ داخل کرنا)، پَھلو آگی (phaló áagi) (مجھے غلہ ڈالنے دو)۔

آ۔ل

آل (áal) [ع۔اسم] بیٹا، بیٹی، اولاد، خاندان، نسل (۲) [بر۔ متکلم کا اپنی ذات کے لیے امر] مجھے چبھ جا، اَسُلو آل (ásulo áal) (میرے دل میں چبھ جا)۔

آلِ رَسولؐ (áali rasúul) [ع۔اسم] دیکھیے آل محمدؐ۔

آلِ محمدؐ (áali Muhammád) [ع۔اسم] محمدؐ کی اولاد۔ آنحضورؐ کی بیٹی حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کی اولاد، شیعوں کے نزدیک اس سے علی و فاطمہ کی نسل سے ہونے والے ائمہ طاہرین علیہم السلام مراد ہیں۔

آلِ نبیؐ (áali nabíi) [ع۔اسم] دیکھیے آل محمدؐ۔

آلتِر (áaltir) [بر۔امر] مجھے دکھا، مجھے دکھا دو، دیکھیے آ۔

آلتِرَس (*áaltiras*) [بُر۔مں] مجھے دکھانا۔

آلتُرَس (*áalturas*) [بُر] اس کا مصدر تُراس (*turáas*) ہے جس کا مطلب ہے کھل جانا یا کھولنا، میرے گھر یا دیوار کو اکھاڑنا (۲) میری سلائی کو کھولنا (۳) میرے ذریعے سے گرانے یا کھلوانے کا عمل کرنا (۴) میرے دل کی بھڑاس کا نکلنا۔

آلُوٗ (*aalú*) [و۔اسم] مشہور ترکاری، یہ جڑ ہے، تاثیر اس کی بادی ہے۔

آلُوٗبُخاراٗ (*aalubuqhaará*) [ف، بُر۔اسم] ایک مشہور پھل جو مزہ میں کھٹا میٹھا ہوتا ہے اس کا رنگ زرد یا کشمشی ہوتا ہے تاثیر اس کی سرد ہے، بخارا سے منسوب ہے۔

آلُوچاٗ (*aaluucá*) [ف۔اسم] آلو بخارے سے ملتا جلتا ایک ترش پھل۔

آ۔م

آم (*áam*) [ار۔اسم] مشہور پھل جو برسات کے موسم میں ہوتا ہے۔

آمِشوٗ (*áamiśo*) [ار۔اسم] دیکھیے آم (*áam*) جس کی یہ جمع ہے۔

آمِک (*áamik*) [بر] چند آم، ک علامتِ تبعیض ہے۔

آمِکٗ (*áamiń*) [بر۔اسم] آم کے درخت (جمع)۔

آمِنڈ (*áaminc*) [ار۔اسم] دیکھیے آمِشوٗ (*áamiśo*) جس کی یہ بطرز بُروشسکی جمع کی ایک اور صورت ہے۔

آمِین (*aamíin*) [ع۔کلمہ تائید] کوئی دعا کرے تو اس کی تائید میں کہتے ہیں، ایسا ہی ہو۔

آمِین ایٔتَس (*aamíin étas*) [بر] آمین کہنا، تائید کرنا۔

آمِن (*áamin*) [بر۔امر] مجھے پلاؤ، اس کا مصدر آمِنَس (*áaminas*) (مجھے پلانا) ہے، دیکھیے آ۔

آملیٹ (*aamléet*) [انگ۔اسم] انڈوں کا چلا، پیاز ملے ہوئے نمکین انڈے۔ omelette

آ۔ن

آن (*áan*) [انگ۔فعل] کھول دینا، چلانا۔ on

آناٗ (*aaná*) [ار۔اسم] ایک سکہ، روپے کا سولھواں حصہ، جب سے اعشاری سکہ چلا ہے تب سے یہ سکہ متروک ہو چکا ہے۔

آنریری (*aanreerí*) [انگ۔صف] اعزازی، امتیازی، بغیر تنخواہ کے کام کرنے والا۔ honorary

آ۔و

آوٗ (*áaw*) [بر۔جواب ندا] کسی کی پکار کا جواب دینا، لبیک، حاضر ہوں، جی۔

آوَر (*áawar*) [بر۔امر] اووَرَس (*ówaras*) سے اپنی ذات کے لیے اور میرے ذریعے گانے کا عمل انجام دلا، گانے کے لیے مجھے موقع دے، دیکھیے آ (۲) آوَرَس (*áawaras*) کا امر۔

آ۔ہ

آہ (*áah*) [ف۔کلمہ تاسف] حیف، افسوس، ہائے۔

آ۔ء

آئِنداٗ (*aayindá*) [ف۔اسم فاعل] آنے والا، آنے والا زمانہ، دوبارہ، پھر کبھی۔

آ۔ی

آیات (*aayáat*) [ع۔اسم] آیہ کی جمع۔

آیاتِکؕ (aayáatiṅ) [بُر۔اسم] آیت کی جمع الجمع۔

آیت (aayát)[ع۔اسم] دیکھیے آیہ۔

آیِتکؕ (aayátiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے آیات (aayáat) بروشسکی میں یہ جمع کی ایک اور صورت ہے۔

آیتَن/آیان (aayátan/aayáan) [بر۔اسم] ایک آیت، کوئی بھی آیت، 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

آیر (áayar) [بر۔متکلم کا اپنی ذات کے لیے امر] مجھے گلہ چرانے کا موقع دے۔

آیکؕ (aayáṅ) [بر۔اسم] دیکھیے آیاتِکؕ(aayáatiṅ)۔

آیَن (áayan)[بر۔امر] مجھ پر لاد دو، بوجھ مجھ پر رکھو، دیکھیے آ، اس کا مصدر یَنَس (yánas) ہے جس کا مطلب ہے لینا، اٹھانا۔

آیَنَس (áayanas)[بر۔مص] مجھ پر لادنا، بوجھ مجھ پر ڈالنا۔

آیاٗ (aayā) [ع، بُر۔اسم] قرآن مجید کا پورا جملہ(۲) علامت، نشانی۔

آ

آ (aá) اس کوالفِ ذوالحسین کہا گیا ہے کیونکہ اس کی آواز کے دو ٹکڑے ہیں، جیسے جھاںٔ (čhaán) کو جھاءںٔ (čhaa-án) کی طرح بولتے ہیں، مگر ہمزہ کو الگ نہیں بلکہ اُوپر ملا کر جھاںٔ کہا جاتا ہے۔ یہ الف صرف بُرُوشسکی لہجے کے ساتھ مخصوص ہے۔

آپوٗ (aápo) [بر] کم، تھوڑا، قلیل۔

آپوٗ آپوٗ کےٗ تَھڑآپوٗ (aápo aápo ke thadaápo) [بر۔کہاوت] لالچ بری بلا ہے۔

آپُوَر تھڑآپوٗ (aápuwar thadaápo) [بر۔کہاوت] لالچ بری بلا ہے۔

آجیٗ (aáji) [تی۔اسم] (مّا) امی جان۔

آجوٗ (aájo) [بر۔کلمۂ تاسف] افسوس، آہ، ہائے۔

آجوٗ اَغُلاٗ (aájo agúla) [بر۔اسم] آہ و بکا، واویلا۔

آجوٗ اَغُلاٗ ایتَس (aájo agúla étas) [بر۔محاورہ] آہ و بکا کرنا۔

آجوٗ ایتَس (aájo étas) [بر۔محاورہ] افسوس کرنا، ہائے ہائے کرنا۔

آجوٗ پاآجوٗ (aájo paájo) [بر۔کلمۂ تاسف] آہ و بکا، ہائے ہائے۔

آجوٗ پاآجوٗ ایتَس (aájo paájo étas) [بر۔محاورہ] آہ و بکا کرنا، ہائے ہائے کرنا، کراہنا۔

آفَر (aáfar) [انگ۔اسم] پیش کش، کسی کی خدمت میں کوئی چیز پیش کرنا۔ offer

آفَر ایتَس (aáfar étas) [بر] پیش کرنا، پیشکش کرنا۔ to offer

آںٔ ایتَس (aán étas) [بر] یہ دراصل اَںٔ (an) (مجبوری کی حالت میں کسی سے تقاضا یا فریاد کرنا) ہے، آںٔ (aán) اس تقاضے کی شدت میں کمی پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے یعنی آںٔ ایتَس (aán étas) ذرا سا فریاد یا تقاضا کرنا۔

آم (aám) [بر۔فعل] کھانا، لقمہ لینا، (بچگانہ لہجہ)، آم ایتَس (aám étas) کھانا، بُروشو ماں بچے/ بچی کو "سِی (si)" نہیں کہتی جو "سِیَس (siyas)" کا امر ہے۔ بلکہ "آم ایتی (aám éti)" کہتی ہے جو بچوں کا لہجہ ہے۔

آو (aáw) [بر۔جوابِ ندا] کسی کی پکار کا جواب، لبیک، حاضر ہوں، جی۔

آو اِے (aáw eh) [بر۔امر] پکار کا جواب دو۔

آو ایتَس (aáw étas) [بر۔محاورہ] پکار کا جواب دینا۔

آو ایتَس (aáw éetas) [بر۔محاورہ] پکار کا جواب دلوانا۔

آوں کاآوں (aáwn kaáwn) [بر۔اسم] چیخ و پکار، واویلا (خاص طور پر بیماری کی حالت میں)۔

آئی/آں ئی (aáy/aányi) [بر۔محاورہ] زور زور سے رونے کی آواز، بہت زیادہ رونے کی آواز۔

آئیں ایتَس (aáyn étas) [بر۔محاورہ] بہت زیادہ رونے کی آواز نکالنا۔

آئیں ایتَس (aáyn éetas) [بر۔محاورہ] رُلانا، ظلم کرنا، زبردستی کرنا، نقصان پہنچانا، دھوکہ دینا، ماتم کرانا۔

ب

ب (ba) [ع] عربی میں اسے "با" کہتے ہیں اور بروشسکی میں اسے "با" (ba) کہتے ہیں، یہ عربی، فارسی اور اردو حروفِ تہجی کے لحاظ سے دوسرا حرف ہے اور بابائے بروشسکی نے بھی اسے دوسرے نمبر پر رکھا ہے، قاعدۂ جمل کے مطابق اس کے عدد دو ہیں، بروشسکی میں 'ب' بعض اوقات 'پ' سے بدل جاتا ہے مثلاً غضب سے غضپ، گلاب سے غلاپ اور کاتب سے کاتپ وغیرہ۔

ب ـ آ

باَ (ba) [بر۔اسم] بوسہ۔

باَ ایتَس (ba étas) [بر۔محاورہ] بوسہ دینا، چومنا۔

بائ (bái) [بر۔فعل ناقص] وہ (مرد) ہے، وہ (مرد) موجود ہے۔

بائ (bay) [بر۔اسم] موسم سرما، زمستان، سرما کا موسم، جاڑے کا موسم۔

بائ مو (báymo) [بر] موسم سرما کے دوران، زمستان کے وقت۔

بائ مو اَیَش ہیری کے شِنی مو بردی دیغشی

(báymo ayáš héri ke šinimo birdi déegaši) [بر۔کہاوت] اگر موسم سرما کے دوران خوب برف باری ہوئی تو موسم گرما کے دوران زمین سرسبز و شاداب ہوگی۔

بائ مو دِشکی گرُومو غساغسپی

(báymo dišáki garúmo gaşágaşapi) [بر۔کہاوت] موسم سرما کی دِشکی جلدی ختم ہوگی، نیز دیکھیے دِشکی (dišáki)۔

بائ مو سا (báymo sa) [بر۔محاورہ] بے اثر، اوپر اوپر سے (۲) نایاب (۳) محبوب۔

بائ مومَنر بُسائ ایتُم جُوَن

(báymo mánar buşáy étum juwán) [بر۔تلمیح] کہتے ہیں کہ مَن (man) ایک ذہنی لحاظ سے کمزور شخص تھا، وہ اپنی سادگی کی وجہ سے ہمیشہ باپ سے اپنے حصے کی زمین کا تقاضا کرتا تھا، باپ اسے بہلانے کے لیے کہتا تھا کہ "موسم سرما کے دوران میری پوری زمین میرے مَن کے نام" چنانچہ مَن خوش ہوتا تھا اور یہ کہاوت مشہور ہوئی۔

بائ (baẏ) [بر۔اسم] باجرا، ایک قسم کا غلہ جو خریف میں پیدا ہوتا ہے جس کے دانے بہت چھوٹے چھوٹے اور گول ہوتے ہیں (۲) وہ گہرا شگاف جو گلیشیر میں پڑ جاتا ہے، گلیشیر کا شگاف (۳) بُروک (buróoṅ) قبیلے کی ایک چراگاہ کا نام۔

بائ چن (baẏ çhin) [بر۔اسم] ایک قسم کی چڑیا جو زیادہ تر باجرا کھاتی ہے۔

بائ گل (baẏ gal) [بر۔اسم] درختِ صنوبر کی ایک قسم جس کی لکڑی نرم ہوتی ہے۔

بائے پھقو (báẏe pháqo) [بر] ایک مخصوص روٹی جو باجرے کے آٹے سے بنائی جاتی ہے۔

بائے پھلنے (báẏe phálane) [بر۔محاورہ] قلیل مقدار میں، ذرہ برابر، باجرے کے ایک دانے کے برابر۔

بائے تھوٹی (báẏe thóṭi) [بر] باجرے کی روٹی۔

باۓ گیلے اِیمو ایشِک دیستَیس اَیمائبی کَیَر بے تَلیئمی (bâye giyâle iimo éşçiṅ déstaŷas ayéemaybi káyar be taléymi) [بُر۔کہاوت] کمزور شخص کسی اور کا سہارا نہیں بن سکتا، کمزور اگر خود کو سنبھالے تو کافی ہے۔

باۓ یُور (bâye yuúr) [بُر۔اسم] بُروک (buróoṅ) قبیلے کی چراگاہ کا نام۔

باۓ یُورَر نُکون غَنڈیر گپھغُوَن دِڈُماَ (bâye yuúrar nukóon ġandér guphâġuwan dicuma) [بُر۔کہاوت] کھودا پہاڑ نکلا چوہا۔

ب ۔ ا

با (bâa) [بُر۔فعلِ ناقص] ضمیرِ واحد متکلم اور حاضر کے بعد آ کر موجود ہونے کے معنی دیتا ہے، مثلاً جے با (میں ہوں)، اُن با (تُو ہے) (۲) بھیڑ کی آواز، بھیڑ کا بولنا۔

با ایتَس (bâa étas) [بُر۔محاورہ] بھیڑ کا آواز نکالنا، بھیڑ کا بولنا۔

باباَ (baabá) [ف۔اسم] باپ، والد (۲) فقیر، بوڑھا۔

بابُسَر (baabusár) [بُر۔اسم] وہ گزرگاہ جو چلاس اور کاغان کے درمیان واقع ہے۔

بابُو (baabú) [ہ، بُر] عام پڑھے لکھے شخص کا لقب (۲) دفتر کا کلرک یا منشی۔

بات (bâat) [بُر۔اسم] وبا، وہ بیماری جو وبائی شکل اختیار کرے۔

بات رُوم (baatrúum) [انگ، بُر۔اسم] حمام، غسل خانہ، نہانے کی جگہ، باتھ روم کا بگاڑ۔ bathroom

باتو (bâato) [بُر۔صف] کھلا ہوا، کشادہ، باز۔

باتو ایتَس (bâato étas) [بُر۔محاورہ] کھولنا، باز کرنا (۲) کشادہ کرنا۔

باتو مَناس (bâato manáas) [بُر۔محاورہ] کھلا ہونا، کھل جانا، کشادہ ہونا۔

باتے بیاۓ (bâate biyáy) [بُر۔اسم] وبائی بیماری، وہ بیماری جو وبائی خاصیت رکھے۔

باج (bâaj) [ف۔اسم] خراج، محصول، زمین کا محصول جو حکومت کو دیا جاتا ہے۔

باجاَ (baajá) [ف۔اسم] بجنے والی چیز، ساز، آلۂ موسیقی، مزمار۔

باجان (baajáan) [بُر۔اسم] کوئی ایک باجا، 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

باجِری (baajirí) [ہ، بُر۔اسم] بجری، سنگریزہ، کنکر، یہ ہندی لفظ بجری کا بروشسکی تلفظ ہے۔

باجَک (baajáṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے باجاَ (baajá) جس کی یہ جمع ہے۔

باجِمک (baajámiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے باجَک (baajáṅ) یہ جمع کی ایک اور صورت ہے۔

بادُر (baadúr) [بُر۔صف] جوانمرد، شجاع، نڈر، دلیر، (لفظ بہادر کا بُروشسکی تلفظ)۔

بادُرِشو (baadúrišo) [بُر] دیکھیے بادُرتِک (baadúrtiṅ) یہ جمع کی ایک اور صورت ہے۔

بادُرتِک (baadúrtiṅ) [بُر] دیکھیے بادُر (baadúr) جس کی یہ جمع ہے۔

بادُری (baaduri) [بُر۔اسم] جوانمردی، شجاعت، دلیری، (بہادری کا بُروشسکی تلفظ)۔

بادُری ایتَس (baaduri étas) [بُر۔محاورہ] جوانمردی دکھانا، شجاعت کا مظاہرہ کرنا، دلیری سے کام لینا۔

بادشا (baadšaa) [ف۔اسم] سلطان، شاہ، راجا، حاکم۔

بادشا جوٹ ایئڈ سِندا کم ایئڈ (*baadśáa joṭ éeyċ sinda kam éeyċ*) [بُر۔کہاوت] بادشاہ کو چھوٹا مت سمجھو اور دریا کو کم مت سمجھو۔

بادشا سَوے گشک اوتُم جُوَن (*baadśáa sáwe gaśk óotum juwán*) [بُر۔کہاوت] ناممکن کام کے لیے حکم جاری کرنا، اس وقت بولا جاتا ہے جب بادشاہوں کے ظلم و جبر کی مثال پیش کرنی ہو، یعنی سلاطین کے ظلم کی حد یہ ہوتی ہے کہ وہ کبھی کبھی ناممکن کاموں کے لیے بھی حکم دیتے ہیں۔

بادشا کھن یَنَسُلو بیریڑے غُرَس دِیم جُوَن (*baadśáa khan yánasulo bériċe ğuráṣ diim juwán*) [بُر۔کہاوت] اس وقت بولا جاتا ہے جب کسی نہایت اہم کام کے موقع پر متعلقہ شخص کسی غیر ضروری یا معمولی کام میں مصروف ہو۔

بادشاتِک (*baadśáatiṅ*) [بُر۔اسم] دیکھیے بادشا (*baadśáa*) جس کی یہ جمع ہے۔

بادشاہانتِک (*baadśaaháantiṅ*) [بُر] دیکھیے بادشا (*baadśáa*) یہ جمع الجمع ہے۔

بادشاہت (*baadśaahát*) [ف] سلطنت، حکومت، راج۔

بادشاہَتِک (*baadśaahátiṅ*) [بُر] دیکھیے بادشاہت (*baadśaahát*) جس کی یہ جمع ہے۔

بادشاہی (*baadśaahí*) [ف۔صف] دیکھیے بادشا (*baadśáa*) جس سے یہ منسوب ہے۔

بادی (*baadí*) [ف۔اسم] ریحی، نفاخ، وجع المفاصل، بواسیر کی ایک قسم، ریاح پیدا کرنے والا مادہ، ہوا پیدا کرنے والا، جسم پھلا دینے والا۔

بادِیان (*baadiyáan*) [ف۔اسم] ایک پودا جسے کیاریوں میں اُگایا جاتا ہے جو بادی امراض کے لیے دوا کی خاصیت رکھتا ہے۔

بادِیانِک (*baadiyáaniṅ*) [بر۔اسم] دیکھیے بادِیان (*baadiyáan*) جس کی یہ جمع ہے۔

باڈی (*baaḍi*) [انگ۔اسم] بدن، جسم، دھڑ (۲) کسی چیز کا مرکزی حصہ۔ body

باڈی گاڈ (*baaḍi gáaḍ*) [انگ۔اسم] باڈی گارڈ، محافظ۔ body guard

باڈیر (*baaḍér*) [انگ۔اسم] سرحد، حصار، کنارہ، حاشیہ۔ border

بار (*báar*) [بُر،ف۔اسم] اکابرین، پہلے درجے کی رعیت، بزرگ (۲) بوجھ (۳) برابر کا، ہم عصر، ہم رتبہ۔

باراَ (*baará*) [ف۔اسم] قسمت، نصیب (۲) حصہ (۳) زمینی فصل، نفع، آمدن (۴) فائدہ، فارسی لفظ بہرہ کا بگاڑ۔

باراَ دیغُرکس (*baará déeğurkas*) [بُر۔محاورہ] نصیب پانا (۲) حصہ پانا (۳) زمین سے فصل ملنا (۴) نفع حاصل ہونا، آمدنی میں اضافہ ہونا۔

باراَ شَلاس (*baará śaláas*) [بُر۔محاورہ] درختوں سے میوہ حاصل ہونا، نیز دیکھیے باراَ دیغُرکس (*baará déeğurkas*)۔

باراَ کِس (*baará kiṣ*) [بُر۔صف] بارآور، زرخیز۔

باراَ یَیَس (*baará yáyas*) [بُر۔محاورہ] دیکھیے باراَ دیغُرکس (*baará déeğurkas*)۔

باران (*baaráan*) [بُر۔اسم] قسمت، نصیب (۲) حصہ (۳) کوئی فائدہ، یہاں 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

باربار (*báar báar*) [ف۔متعلق فعل] گھڑی گھڑی، مکرر، کئی مرتبہ۔

بارُچکو (*báarċuko*) [بُر۔صف] لال چیزیں، سرخ چیزیں۔

بارُچکو بائے (*báarċuko bay*) [بُر۔اسم] باجرے کی ایک

تسم، لال یا جرہ۔

بارُدُم (*bâardum*) [بُر۔صف] سُرخ، لال۔

بارُدُم بَلدَن (*bâardum báldan*) [بُر۔اسم] سُرخ نشان۔

بارُدُم کھوَن (*bâardum khon*) [بُر۔اسم] سُرخ چیونٹی۔

بارُدُم گورو (*bâardum gúuro*) [بُر۔صف] بھورا رنگ جس میں سرخی غالب ہو۔

بارُدُم گومُسے مَتُم گیاٹِسَٹے ڈِکَر

(*bâardum guûmuse matûm guyâṭisaṭe dìňar*) [بُر۔کہاوت] زبان دراز ہونے کا نتیجہ سزا ہے۔

بارُدُم مَرِچو (*bâardum mârićo*) [بُر۔اسم] لال مرچ۔

بارِش (*bâariṣ*) [بُر۔اسم] سامان، یہ لفظ دُسڈک (*dusćâk*) کے ساتھ لاحقہ کے طور پر آتا ہے مثلاً دُسڈک بارِش (*dusćâk bâariṣ*) گھریلو ساز و سامان، اسباب۔

بارکَ اللہ (*bâarikallaa*) [ع۔دعا] اللہ برکت دے۔

بارگا (*baargâa*) [ف۔اسم] اجلاس کی جگہ، دربار، کچہری، خیمۂ شاہی۔

بارَن (*bâaran*) [بُر۔اسم] ایک مرتبہ (۲) کوئی ایک دوست (۳) کوئی ایک بوجھ، یہاں 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

بارھا (*baarháa*) [ف۔متعلق فعل] اکثر، کئی بار، بار کی جمع۔

باری (*baarî*) [ف۔اسم] مرتبہ، دفعہ۔

بارے (*bâare*) [بُر۔اسم] یہ اعداد سے پہلے آ کر دفعہ یا نوبت کے معنی دیتا ہے مثلاً ہِک بارے (*hik bâare*): ایک دفعہ، اَلتو بارے (*altô bâare*): دو دفعہ (۲) بار (*bâar*) سے منسوب۔

بارے دَن (*bâare dan*) [بُر۔اسم] گوجال کے گاؤں خیبر میں نالے کے اُس پار کا علاقہ جس کا جدید نام امام آباد ہے۔

بارے سِس (*bâare sis*) [بُر۔اسم] اکابرین، بزرگ، ہونزا کے طبقاتی نظام میں درجۂ اوّل کی رعیت۔

باز (*bâaz*) [ف۔اسم] ایک شکاری پرندہ۔

بازار (*baazâar*) [ف۔اسم] وہ عام راستہ جس پر دکانیں ہوں، منڈی، مارکیٹ، خرید و فروخت کی جگہ۔

بازاری (*baazaarî*) [ف۔صف] بازار سے نسبت رکھنے والی چیز، عام، معمولی (۲) اوباش، فاحشہ۔

بازُوبَن (*baazûban*) [ف۔اسم] بازو میں پہنا جانے والا زیور، ایک قسم کا زیور جو بازو میں پہنا جاتا ہے۔

بازُوبَنگ (*baazubâyň*) [بُر] دیکھیے بازُبَن (*baazû ban*) جس کی یہ جمع ہے۔

بازی (*baazî*) [بُر۔اسم] مکر، فریب، جھوٹ، دھوکا۔

بازی ایتَس (*baazî étas*) [بُر۔محاورہ] مکر سے کام لینا، فریب دینا، کام چور ہونا، جھوٹ بولنا، دھوکا دینا۔

بازی کِش (*baazîkiṣ*) [بُر۔صف] مکار، کام چور، فریب کار، جھوٹا۔

بازی کِینڈ (*baazîkiyanć*) [بُر۔صف] دیکھیے بازی کِش (*baazîkiṣ*) جس کی یہ جمع ہے۔

بازی گر (*baazigár*) [ف۔فاعل] شعبدہ کرنے والا، تماشا کرنے والا۔

بازی گری (*baazigarî*) [ف۔اسم] شعبدہ بازی، چالاکی، فریب۔

بازی بَنیش (*baażî baneéś*) [بُر۔اسم] بہانہ جوئی، حیلہ گری، کام چوری، فریب، مکر۔

بازی بَنیش ایتَس (*baażî baneéś étas*) [بُر۔محاورہ] بہانہ جوئی کرنا، حیلے سے کام لینا، کام چوری کرنا، فریب دینا۔

باس (*bâas*) [بُر۔اسم] ایک شکاری پرندہ (باز کا بگاڑ) دیکھیے باز (*bâaz*) (معنی نمبر ۱)۔

باس خاس (bâas qhâas) [بُر۔اسم] تعلق، مراسم (۲) باز پرس۔

باس خاس اَیوسَس (bâas qhâas ayôosas) [بُر۔محاورہ] تعلق نہ رکھنا، مراسم توڑنا۔

باسِشو (bâasiśo) [بُر۔اسم] دیکھیے باس (bâas) جس کی یہ جمع ہے۔

باسُکٹ (baaskâṭ) [بُر۔اسم] بے آستینوں کا فتوحی، انگریزی وضع کا انگرکھا، انگریزی لفظ waist coat کا بگاڑ۔

باسُکِٹ بال (baaskîṭ bâal) [انگ۔اسم] باسکٹ بال۔ basket ball

باسُکیٹ (baaskêṭ) [انگ۔اسم] ٹوکری، ردی کی ٹوکری۔ basket

باشاً (baaśá) [ف۔اسم] ایک شکاری پرندہ۔

باشاً مُڈ (baaśámuc) [بُر۔اسم] دیکھیے باشاً (baaśá) جس کی یہ جمع ہے۔

باش (bâaṣ) [بُر۔اسم] زبان، لسان، بول چال، نطق، محاورہ، بولی، بات، یہ ہندی لفظ 'باشا' کا بگاڑ ہے ش ش سے بدل گیا ہے (اُنٹقُر کُٹِ بَسی ص:۷۰،۷۹)۔

باش اِمَنَس (bâaṣ imânas) [بُر۔محاورہ] انتہائی سخت حالات سے گزرنا، مشکل حالات سے گزرنا، عذاب دیکھنا، مصیبت کا سامنا کرنا۔

باش اِیتَس (bâaṣ étas) [بُر۔محاورہ] کوئی زبان بولنا یا سمجھنا (۲) یاد کرنا، بار بار یاد کرنا، بار بار ذکر کرنا، کسی کا نام بار بار زبان پر لانا۔

باش دُوسَس (bâaṣ duúsas) [بُر۔محاورہ] بات کرنا (۲) آواز نکلنا، زبان کُھل جانا (۳) بے ہوش شخص کا افاقے کے بعد بولنا۔

باش کَڑَک اوُمَنَس (bâaṣ kaṛák oômanas) [بُر۔محاورہ] ایک دم خاموش ہونا، خاموشی چھا جانا (۲) اناپ شناپ ہونا۔

باش ھینَس (bâaṣ hênas) [بُر۔محاورہ] زبان دانی، زبان سیکھنا، زبان سے واقف ہونا۔

باشِںک (bâaṣiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے باش (bâaṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

باشِںک اِیتَس (bâaṣiṅ éetas) [بُر۔محاورہ] کسی موسیقی کے آلے کو اتنی نفاست سے بجانا کہ الفاظ کی طرح سنائی دے۔

باطِل (baatíl) [ع۔صف] جھوٹ، غلط، بے کار، لغو، بیہودہ، ناحق۔

باطِل ایتَس (baatíl étas) [بُر۔مص مرکب] رد کرنا، جُھٹلانا، منسوخ کرنا، غلط ٹھہرانا۔

باطِل مَناس (baatíl manáas) [بُر۔مص مرکب] باطل ہونا، رد ہونا، منسوخ ہونا، غلط ثابت ہونا۔

باطِن (baatín) [ع۔اسم] ظاہر کی ضد، پوشیدہ، پنہاں، اندرونی (۲) دل، خیال (۳) اللہ تعالیٰ کا نام۔

باطِنُ لوَ (baatínulo) [بُر] باطن میں، باطن کے اندر، باطن کے لحاظ سے۔

باطِنیِ (baatiní) [ع۔صف] ظاہری کی ضد، پوشیدہ، پنہاں، اسلام کے باطن پر ایمان رکھنے والا۔

باغبان (baaġbâan) [ف۔اسم] باغ کی حفاظت کرنے والا۔

باغبانَن (baaġbâanan) [بُر۔اسم] دیکھیے باغبان (baaġbâan) یہاں 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

باغبانیِ (baaġbaaní) [ف۔اسم] باغبان کا منصب یا کام، باغ کی محافظت۔

باغیِ (baaġí) [ع۔صف] بغاوت کرنے والا، سرکش، نافرمان، منحرف، فسادی۔

باغیِ مَناس (baaġi manáas) [بُر۔مص مرکب] بغاوت

کرنا، سرکش ہونا، نافرمان ہونا۔

باقیؔ (baaqí) [ع۔صف] بچا ہوا، رہا ہوا (۲) واجب الادا، واجب الوصول (۳) ہمیشہ رہنے والا، غیر فانی، زندہ، موجود (۴) اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔

باکؔ (báak) [ھ۔اسم] بات، بات، کلمہ، بولی۔ (اسقر کٹے بسی مں: ۷۰،۷۹)

باکؔ ایتَس (báak étas) [بُر۔محاورہ] بہت زیادہ یاد کرنا، بار بار یاد کرنا، بار بار ذکر کرنا۔

باکؔ اِیتَس (báak éetas) [بُر۔محاورہ] عذاب میں مبتلا کرنا، تنگ کرنا، عقوبت میں ڈالنا۔

باکؔ اِمَنَس (báak imánas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے باسؔ اِمَنَس (báas imánas)۔

باکِچِکؔ (báakičiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے باکؔ (báak) جس کی یہ جمع ہے۔

باگم (báagum) [بُر] حصے کا (۲) کے بدلے۔

باگوٗ (báago) [بُر۔اسم] حصہ، تقسیم میں ملنے والی چیز (۲) قسمت، نصیب (۳) بدلے، (ہندی لفظ بھاگ کا بگاڑ)۔

باگوٗ ایتَس (báago étas) [بُر۔محاورہ] تقسیم کرنا، حصہ بنانا، ہر شخص کو اپنا حصہ دینا۔

باگوٗ جوٗکَر (báago joókar) [بُر۔محاورہ] برائے نام، صرف کہنے کو، نام دکھانے کو، فرضی۔

باگوٗ مَناس (báago manáas) [بُر۔محاورہ] حصہ بنا (۲) کسی اور کا حصہ بننا، کسی دوسرے کی قسمت میں ہونا۔

باگوٗچِکؔ (báagočiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے باگوٗ (báago) جس کی یہ جمع ہے۔

باگوٗچِکؔ اُغُنَس (báagočiṅ ugúnas) [بُر۔محاورہ] ہر شخص کو اپنا حصہ دینا۔

باگوٗچِکؔ ایتَس (báagočiṅ étas) [بُر۔محاورہ] بانٹنا، تقسیم کرنا (۲) حصے بنانا۔

بال (báal) [انگ۔اسم] گیند۔ ball

بالت (báalt) [بُر۔اسم] سیب (۲) سیب کا درخت/پودا (۳) دیکھیے بالتَس (báaltas) جس کا یہ امر ہے۔

بالتَس (báaltas) [بُر۔مص] دھونا، صاف کرنا، پاک کرنا (۲) بے قصور ثابت کرنا۔

بالتِک (báaltik) [بُر۔اسم] کچھ سیب، چند سیب، بعض سیب، ک علامتِ تبعیض ہے۔

بالتِکؔ (báaltiṅ) [بُر] دیکھیے بالت (báalt) (معنی نمبر ۲) جس کی یہ جمع ہے۔

بالتِکؔک (báaltiṅik) [بُر۔تبعیض] سیب کے کچھ درخت، ک علامتِ تبعیض ہے۔

بالتُم (báaltum) [بُر] دیکھیے بالتَس (báaltas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

بالتَن (báaltan) [بُر۔اسم] ایک سیب، کوئی ایک سیب، 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

بالتِن (báaltin) [بُر] دیکھیے بالتَس (báaltas) جس کا یہ امر ہے جو جمع کے لیے ہے۔

بالتِنڈ (báaltinć) [بُر۔اسم] دیکھیے بالت (báalt) (معنی نمبر ۱) جس کی یہ جمع ہے۔

بالتے بَٹیرِکؔ (báalte baṭériṅ) [بُر۔اسم] وہ سیب جو کاٹ کر سکھائے گئے ہوں، سکھائے ہوئے سیب۔

بالتے بَستَوٗ (báalte bastáw) [بُر۔اسم] شربت یا سیرپ جو سکھائے ہوئے سیب کو پیس کر اس کے پاؤڈر سے بنایا جاتا ہے (۲) سکھائے ہوئے سیب کا پاؤڈر۔

بالِغیؔ (baaliġí) [بُر۔صف] بلوغت، بالغ ہونا (۲) اٹھارہ برس سے

اوپر ہونا۔

بالِق (*baaliq*) [ع، بُر۔صف] سن بلوغت کو پہنچا ہوا (۲) سمجھدار (۳) جوان، اٹھارہ سال سے زیادہ عمر کا، عربی لفظ بالغ کا بگاڑ۔

بالکونی (*baalkooní*) [انگ۔اسم] چھجا، گیلری، شہ نشین۔ balcony

بالی (*baalí*) [ہ۔اسم] کان میں پہننے کا زیور۔

بام (*bâam*) [انگ۔اسم] خوشبودار مرہم جو بالسان کے درخت سے حاصل کیا جاتا ہے۔ balm

بان (*bâan*) [بُر۔اسم] بوسہ، چوما (۲) وہ (انسان) ہیں 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

بان ایتَس (*bâan étas*) [بُر۔محاورہ] چومنا، بوسہ لینا (۲) پیار کرنا۔

بانا (*baanâa*) [بُر۔اسم] عذر، حیلہ، ظاہرداری، ٹال مٹول، دھوکا، فریب (۲) وسیلہ، فارسی لفظ بہانہ کا مخفف۔

بانا ایتَس (*baanâa étas*) [بُر۔محاورہ] عذر کرنا (۲) حیلہ بنانا (۳) ظاہرداری کرنا (۴) ٹال مٹول کرنا، لیت ولعل کرنا (۵) دھوکا دینا، فریب دینا۔

بانامِک (*baanáamiṅ*) [بُر۔اسم] دیکھیے بانا (*baanâa*) جس کی یہ جمع ہے۔

بانیٹ (*baanēt*) [انگ۔اسم] بے چھجے کی ڈوری والی ٹوپی (۲) موٹر کے انجن کا ڈھکنا۔ bonnet

باں (*bâaṇ*) [بُر۔صوت] بھیڑے کی آواز، مینڈھے کی آواز، میش نر کی آواز۔

باں ایتَس (*bâaṇ étas*) [بُر۔محاورہ] بھیڑ کا آواز نکالنا۔

باوَر (*baawár*) [ت۔اسم] یقین، بھروسا، اعتماد۔

باوَر اِمَنَس (*baawár ímánas*) [بُر۔محاورہ] یقین کرنا، بھروسا کرنا، اعتماد کرنا۔

باوَر ایتَس (*baawár étas*) [بُر۔محاورہ] دیکھیے باوَر اِمَنَس (*baawár ímánas*)۔

باوَر ژُوَس (*baawár żúwas*) [بُر۔محاورہ] یقین آنا، بھروسا کرنا، اعتماد کرنا۔

باوَر سُوَس (*baawár súwas*) [بُر۔محاورہ] دیکھیے باوَر اِمَنَس (*baawár ímánas*)۔

باوَرچی (*baawarĉí*) [ف۔اسم] کھانا پکانے والا، طباخ، خانساماں۔

باوَرچی خاناً (*baawarĉí qhaaná*) [ف۔اسم] کھانا پکانے کا کمرہ، مطبخ۔

بائکاٹ (*baaykâaṭ*) [انگ۔اسم] قطع تعلق، مقاطعہ، ترک موالات، عدم تعاون۔ boycott

بائکاٹ ایتَس (*baaykâaṭ étas*) [بُر] قطع تعلق کرنا، ترک موالات کرنا، عدم تعاون کرنا۔

ب۔آ

باآبو (*baábo*) [ش۔اسم] باپ، والد۔

باآبو کُو (*baábo ku*) [بُر۔اسم] والد، 'کُو' یہاں علامتِ جمع ہے جو احترام کے طور پر آتا ہے۔

باآت (*baát*) [بُر۔اسم] نرم غذا (۲) پکے ہوئے قدرے نرم چاول۔

باآت مَناس (*baát manáas*) [بُر۔محاورہ] چاول یا دال زیادہ پک کر نرم ہو جانا۔

باآت وازیر/وَزیر (*baát waaziír/waziír*) [بُر۔اسم] ایسا شخص جو اپنی باتوں سے خود کو زیادہ عقلمند اور دانا ظاہر کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

باآخ (*baáç*) [بُر۔اسم] گلیشیر کا شگاف، وہ گہرا شگاف جو گلیشیر میں پڑ

جاتے ہیں۔

باآچِن (baáçiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے باآچ (baáç) جس کی یہ جمع ہے۔

باآچَن (baáçan) [بُر۔اسم] دیکھیے باآچ (baáç) 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

باآرگو (baárgo) [بُر۔اسم] پنیال کا ایک گاؤں۔

باآرگو بِچِل (baárgo bićíl) [بُر۔اسم] انار کی ایک مشہور قسم، جو پنیال کے ایک گاؤں باآرگو (baárgo) میں ہوتے ہیں۔

باآسک (baásk) [بُر] قدرے اضافہ، نیز دیکھیے بَسک (bask)۔

باآسک مَناس (baásk manáas) [بُر۔محاورہ] قدرے اضافہ ہونا، قدرے بڑھ جانا۔

باآش (baáṣ) [بُر] آہستہ آہستہ نظروں کے سامنے آجانا، دھیرے دھیرے نمودار ہونا، نیز دیکھیے پھاآش (phaáṣ)۔

باآش مَناس (baáṣ manáas) [بُر] آہستہ آہستہ نظروں کے سامنے آجانا، نیز دیکھیے پھاآش مَناس (phaáṣ manáas)۔

باآق (baáq) [بُر۔محاورہ] فراوانی، کثرت، بہتات (۲) دودھ وغیرہ میں آہستہ سے جوش آنا (۳) گوندھے ہوئے آٹے میں خمیر آکر ابھار پیدا ہونا (۴) بکثرت نچھاور کرنا، اسراف۔

باآق ایتَس (baáq étas) [بُر۔محاورہ] فراوانی کے ساتھ دینا، بکثرت دینا، داد ودہش سے کام لینا (۲) کثرت سے نچھاور کرنا۔

باآنگ (baáṅ) [ف، بُر۔اسم] آواز، صدا (۲) اذان، مرغ کا بولنا (لفظ بانگ کا بُروشسکی تلفظ) (۳) [بُر] کسی چیز میں آہستہ سے جوش آنا۔

باآنگ اِمَنَس (baáṅ imánas) [بُر۔محاورہ] کسی چیز میں آہستہ سے جوش آنا (۲) کسی گاڑھے مائع کا بننا۔

باآنگ ھانَس (baáṅ háanas) [بُر] اذان دینا، نماز کے لیے بلانا۔

باآل (baál) [بُر] قدرے لٹکا ہوا، تھوڑا سا لٹکا ہوا۔

باآل ایتَس (baál étas) [بُر۔محاورہ] قدرے لٹکانا، تھوڑا سا لٹکانا۔

باآل ایتَس (baál éetas) [بُر] کسی اور کے ذریعے لٹکانا، کسی اور کی معرفت لٹکانا، آویزاں کرانا۔

باآل مَناس (baál manáas) [بُر] قدرے لٹکنا، قدرے آویزاں ہونا۔

باآن (baán) [بُر] قدرے بند، ذرا سا بند، قدرے بستہ۔

باآن ایتَس (baán étas) [بُر۔محاورہ] قدرے باندھنا، ذرا سا بند کرنا، قدرے بستہ رکھنا۔

باآؤ (baáw) [بُر] برف کا گرنا، اوپر سے نیچے گرنا۔

باآؤ ایتَس (baáw étas) [بُر۔محاورہ] اوپر سے نیچے گرانا، مٹی، آٹا وغیرہ کو آہستہ آہستہ گرانا۔

باآؤ مَناس (baáw manáas) [بُر۔محاورہ] برف وغیرہ کا اوپر سے نیچے آہستہ آہستہ گرنا۔

باآي (baáy) [بُر۔اسم] دیکھیے بای (bay) (معنی نمبر۲)۔

ب ـ ب

بَباآ (babá) [بُر۔اسم] باپ، والد، پدر، بابا کا مخفف۔

بَباآڈَرو (babáćaro) [بُر] دیکھیے بَباآ (babá) جس کی یہ جمع ہے۔

بَباؤ (bábaw) [بُر] برف، مٹی، غلہ وغیرہ کا مسلسل گرنا۔

بُبارَک (bubaarák) [ع] برکت دیا گیا، باعثِ برکت، خوش

قسمت، خوش نصیب، نیک، سعید (۲) تہنیت، مژدہ، (مُبارک کا بگاڑ)۔

بُبارک مَناس (bubaarák manáas) [ع۔محاورہ] باعثِ برکت ہونا، خوش نصیب ہونا، سعادت مند ہونا۔

بَبَٹ (bábaṭ) [بُر۔اسم] بک بک، بکواس، یاوہ گوئی۔

بَبَٹ مَناس (bábaṭ manáas) [بُر۔محاورہ] بہت باتیں کرنا (۲) فضول باتیں کرنا۔

بَبَر (babár) [ف۔صف] سینہ بہ سینہ (۲) ہموار، سیدھا، یکساں (۳) ہم رتبہ (۴) پہلو بہ پہلو، ایک ہی قطار میں، ترتیب وار، نصف نصف (۵) ہم عمر، مثل (۶) مقابل، حریف، مساوی، مانند، (فارسی لفظ برابر کا بگاڑ)۔

بَبَر ایتَس (babár étas) [بُر۔محاورہ] برابر کرنا، ہموار کرنا، یکساں کرنا (۲) ہم رتبہ بنانا (۳) مثل بنانا (۴) تقسیم کرنا، بانٹنا، سخاوت کا مظاہرہ کرنا۔

بَبَر مَناس (babár manáas) [بُر۔محاورہ] برابر ہونا، مساوی ہونا، ہم رتبہ ہونا، ہم مرتبہ ہونا۔

بَبُر (bábur) [بُر۔اسم] ایک بڑا اور غضبناک شیر جس کی گردن پر لمبے بال ہوتے ہیں۔

ببر (bibir) [بُر۔صف] لبالب، لبریز، بھرپور۔

بَبَرچُکو (babárčuko) [بُر۔صف] برابر، ہمرتبہ، ہم عمر، مساوی۔

بَبَرِس (babáris) [بُر۔صف] ہم عمر، ہم رتبہ۔

بَبَرِشو (babárišo) [بُر۔صف] دیکھیے بَبَرِس (babáris) جس کی یہ جمع ہے، جمع میں 'س' 'ش' سے بدل گیا ہے۔

بُبَرکی (bubaraki) [بُر۔اسم] مبارکبادی، تہنیت۔

بَبَرُم (babárum) [بُر۔صفت] کسیلا، چٹ پٹا (۲) مرچ کا جلن (۳) مرچ کا ذائقہ، (محاورۃً) تندمزاج، تلخ زبان۔

بَبَرُم ایتَس (babárum étas) [بُر۔محاورہ] مرچ ملا کر ذائقہ کو کسیلا بنانا۔

بِل بِل (bil bil) [بُر] لبالب ہونا، لبریز ہونا (۲) کسی ہلکی یا چھوٹی چیز کا لٹکتے رہنا۔

بِل ژُوَس (bil żúwas) [بُر] بجلی یا گیس وغیرہ کا بل آنا۔

بِل مَناس (bil manáas) [بُر] لٹکنا، آویزاں ہونا (۲) مکمل بھر جانا۔

بُل (bul) [بُر۔اسم] چشمہ۔

بُل چِل (bul ćhil) [بُر۔اسم] چشمے کا پانی۔

بُل دس (bul das) [بُر۔اسم] ہونزا گنِیش (gánis̃) میں ایک چھوٹی سی جگہ۔

بُل دُوٗسَس (bul duúsas) [بُر] چشمہ پھوٹنا۔

بُل ڈوزَر (bulḍoozár) [انگ۔اسم] کچل دینے والی مشین۔ bulldozer

بُل مَل (búlmal) [بُر۔اسم] کریم آباد ہونزا میں ایک جگہ کا نام۔

بَلاٗ (balá) [بُر۔محاورہ] نتیجہ خیز، مفید (۲) زندہ (۳) سعادت مند۔

بَلاٗ اوٗنِیس (balá oóniyas) [بُر۔محاورہ] بارآور نہ ہونا، نفع بخش نہ ہونا (۲) بچے کا پیدائش کے بعد مر جانا۔

بَلاٗ نِیَس (balá níyas) [بُر۔محاورہ] نتیجہ خیز ہونا (۲) سود مند ہونا، مفید ہونا (۳) زندہ رہنا۔

بِلاٗ (bilá) [بُر۔فعل ناقص] ہے، حاضر، موجود (مائع اور دیگر بعض چیزوں کے لیے)۔

بُلاٗ (bulá) [بُر۔اسم] تیتر جو کہ ایک خوبصورت پرندہ ہے جو شمالی علاقہ جات کے پہاڑوں میں پایا جاتا ہے، دُراج (۲) پولو کا کھیل، چوگان بازی (۳) پولو کی گیند۔

بُلاٗ دوٗلَس (bulá dôlas) [بُر۔محاورہ] ٹھوکر مارنا (۲) بُلاٗ (bulá) کا شکار کرنا۔

بُلاٗ دیلَس (bulá dēlas) [بُر] پولو کھیلنا (محاورۃً) کسی کو ٹھوکر مارنا۔

بَلاٗ بَلَن (balábalan) [بُر] کسی موٹی چیز کا لڑھکنا (۲) کسی موٹے شخص کا تیز تیز چلنا۔

بُلاٗ پَھرِش (bulá phárişฺ) [بُر۔اسم] مرغابی کی ایک قسم۔

بُلاٗ ڈَس (bulâḍas) [بُر۔اسم] چھلت نالے میں ایک جگہ کا نام۔

بُلاٗ کُوٗین (bulákuyn) [بُر۔اسم] پولو کا کھلاڑی، چوگان باز۔

بَلا (baláa) [ع۔اسم] تکلیف، مصیبت، آفت، قہر، دکھ (۲) آسیب، جن بھوت (۳) چالاک۔

بَلاس (baláas) [بُر۔مص] جلنا، سلگنا۔

بَلاک (baláak) [انگ۔اسم] وہ اینٹ جس میں سیمنٹ ملائی ہو (۲) راستہ روکنا، سڑک پر رکی ہوئی گاڑیاں۔

بَلاکُڈ (bláakuć) [بُر۔اسم] دیکھیے **بَلاک** (baláak) جس کی یہ جمع ہے۔

بُلا گُٹی (buláa guṭi) [بُر] تیتر کا ڈربہ، تیتر کا دام۔

بُلا ہَریپ (buláa haríip) [بُر۔اسم] ایک مخصوص دُھن جو پولو کھیلتے وقت بجاتے ہیں۔

بُلا ہَغُر (buláa hağúr) [بُر۔اسم] وہ گھوڑا جو پولو کھیلنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

بَلامُڈ (baláamuć) [بُر] دیکھیے **بَلا** (baláa) (معنی نمبر۳) جس کی یہ جمع ہے۔

بَلان (baláan) [بُر۔اسم] ایک بلا، ایک آفت، ایک مصیبت، یہاں "ن" نونِ وحدت ہے۔

بَلانِموٗ ژُوٗ (baláanimo żuú) [بُر۔اسم] خوبانی کی ایک مشہور قسم۔

بَلانِموٗ لوٗق (*baláanimo loq*) [بُر] بلانی نامی خاتون کے پھٹے پرانے کپڑے، (محاورۃً) یہ اس وقت بولتے ہیں جب بچے کھیلنے کے بعد اپنے کپڑے پھاڑ کر گھر واپس آتے ہیں۔

بَلاآخ (*balaáç*) [بُر۔اسم] چھوٹے بچوں کی ایک بیماری جس کے بارے میں بروشو قوم کا خیال ہے کہ یہ بچوں کو سردی لگنے سے لاحق ہوتی ہے، اس وقت سینے پر گرم کپڑا رکھ کر گرم کرنے یا خوبانی کا کڑوا تیل قدرے گرم کرکے مالش کرنے سے افاقہ ہوجاتا ہے۔

بَلاآخ دُسُوَس (*balaáç dusúwas*) [بُر۔محاورہ] بَلاآخ کی بیماری لاحق ہونا، نیز دیکھیے بَلاآخ (*balaáç*)۔

بَلاآخرے (*balaáçe*) [بُر] بَلاآخ کے بارے میں بَلاآخ کا/کی۔

بَلاآن (*balaán*) [بُر] کسی بھاری چیز کا آہستگی سے لڑھکنا/لڑھکانا۔

بَلاآن ایتَس (*balaán étas*) [بُر۔محاورہ] کسی بھاری چیز کو آہستہ آہستہ لڑھکانا۔

بَلاآن مَناس (*balaán manáas*) [بُر۔محاورہ] کسی بھاری چیز کا آہستگی سے لڑھکنا (محاورۃً) دھرنا مار کر بیٹھنا (۲) کسی پر بوجھ بن کر بیٹھنا۔

بَلب (*balb*) [انگ۔اسم] بجلی کا قمقمہ، بلب۔ bulb

بَلبَل (*balbál*) [بُر] زمین کا ایسا کٹا ہوا حصہ یا پہاڑ جو سامنے کی طرف جھکا ہوا ہو، پہاڑ یا کٹی ہوئی زمین کی عمودی ڈھلان، پہاڑ کی ایسی ڈھلان کہ اگر کوئی شخص وہاں سے گر جائے تو وہ درمیان میں پہاڑ سے ٹکرائے بغیر سیدھا زمین پر جا گرے۔

بِلبِل (*bilbil*) [بُر] دیکھیے بِبِل (*bibil*)۔

بِلبِل مَناس (*bilbil manáas*) [بُر۔محاورہ] دیکھیے بِبِل مناس (*bibil manáas*)۔

بُلبُل (*bulbúl*) [بُر۔اسم] ایک خوش آواز چھوٹا سا خاکستری رنگ کا پرندہ (محاورۃً) دوست، حبیب، معشوق، عزیز۔

بُلبُلِشوٗ (*bulbúlišo*) [بُر۔اسم] دیکھیے بُلبُل (*bulbúl*) جس کی یہ جمع ہے۔

بَلبَلِنگ (*balbálin*) [بُر] دیکھیے بَلبَل (*balbál*) جس کی یہ جمع ہے۔

بِلبِن (*bilbín*) [بُر] دیکھیے بِلبِنَس (*bilbínas*) جس کا یہ امر ہے۔

بِلبِنس (*bilbínas*) [بُر۔مص] بھر جانا، لبالب ہونا، لبریز ہونا۔

بِلبِنم (*bilbínum*) [بُر] دیکھیے بِلبِنَس (*bilbínas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

بُلبوٗلِکِش (*bulbólikiṣ*) [بُر۔اسم] بیر کی دو قسمیں ہوتی ہیں بُلبوٗلِکِش (*bulbólikiṣ*) اور هُک گِنڈوَر (*huk gindáwar*)، بُلبوٗلِکِش اعلیٰ قسم کو کہتے ہیں اور هُک گِنڈوَر ناقص قسم کو، بیر کا پھل (۲) سنجد کا درخت (۳) نیلے رنگ کا ایک پھول جو ہنزا کے پہاڑوں میں پایا جاتا ہے۔

بُلبوٗلِکِینک (*bulbólikiyan*) [بُر] سنجد کے درخت، دیکھیے بُلبوٗلِکِش (*bulbólikiṣ*) (معنی نمبر ۲) جس کی یہ جمع ہے۔

بُلبوٗلِکِینڈ (*bulbólikiyanc*) [بُر] گل سنجد کے بیر، نیز دیکھیے بُلبوٗلِکِش (*bulbólikiṣ*) (معنی نمبر ۱) جس کی یہ جمع ہے۔

بُلبُوٗلوٗ (*bulbuúlo*) [بُر۔صف] نیم گرم، قدرے گرم۔

بُلبُوٗلوٗ ایتَس (*bulbuúlo étas*) [بُر۔محاورہ] نیم گرم کرنا، قدرے گرم کرنا۔

بُلبُوٗلوٗ مَناس (*bulbuúlo manáas*) [بُر۔محاورہ] نیم گرم ہونا، قدرے گرم ہونا۔

بَلتانَس (*baltáanas*) [بُر۔مص] روٹھنا، ناراض ہونا۔

بَلتانَشوٗ (*baltáanašo*) [بُر۔اسم] دیکھیے بَلتانَس (*baltáanas*) جس کی یہ جمع ہے۔

بَلتانُم (baltáanum) [بُر] دیکھیے بَلتانَس (baltáanas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

بَلتِت (báltit) [بُر۔اسم] ہونزا کا صدر مقام، موجودہ کریم آباد۔

بَلتَر (báltar) [بُر] نثار، قربان۔

بَلتَر مَناس (báltar manáas) [بُر] نثار ہونا، قربان ہونا۔

بَلتِستان (baltistáan) [بُر۔اسم] شمالی علاقہ جات کا ایک مشہور علاقہ جو گلگت کے جنوب مشرق میں واقع ہے، اسے بَلوٗرِ یعنی بَلوڈ کا وطن بھی کہتے ہیں۔

بَلتَنیسوٗ (baltanéso) [بُر۔اسم] روٹھنے والا، ناراض ہونے والا۔

بَلتیِ (baltí) [بُر۔اسم] بلتستان سے تعلق رکھنے والا، بلتستان کا باشندہ۔

بَلتیِ (bálti) [بُر۔اسم] بلتت کا مخفف۔

بَلتیِ اِل (bálti il) [بُر] حیدرآباد نالے میں وہ جگہ جہاں سے بلتت (موجودہ کریم آباد) کو پانی جاتا ہے۔

بَلجاٰ (baljá) [بُر] ہنگامی، اتفاقیہ (۲) معمول سے ہٹ کر۔

بَلجاٰ گَلت (baljá galt) [بُر] پانی کی وہ نوبت جو ہنگامی یا اتفاق یا معمول سے ہٹ کر مل جائے، ہونزا میں آب پاشی کے لیے پانی کی نوبت ہوتی ہے، اس نوبت سے ہٹ کر پانی مل جائے تو اسے ہنگامی طور پر قبیلہ کے درمیان تقسیم کر کے استعمال کیا جاتا ہے اور یہی بَلجاٰ گَلت (baljá galt) کہلاتا ہے۔

بَلجَیَس (baljáyas) [بُر۔مص] تیز ہوائیں چلنا، ہواؤں کا طوفان آنا (۲) ندی نالے میں پانی کا طوفانی شکل میں آنا۔

بَلجَم (baljám) [بُر] دیکھیے بَلجَیَس (baljáyas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

بِلچاٰ (bilćá) [ف۔اسم] پھاوڑے کی قسم کا ایک اوزار، بیلچہ کا بگاڑ۔

بِلچَک (bilćáń) [بُر۔اسم] دیکھیے بِلچاٰ (bilćá) جس کی یہ جمع ہے۔

بِلِچِک پوڈَر (bilićiń pawḍár) [انگ۔اسم] سفید کرنے والا پوڈر، رنگ اُڑانے والا پوڈر، رنگ اُڑانے والی دوا۔ bleaching powder

بِلِچَنڈے (biliĉanĉe) [بُر] ہوتے ہوئے، کی موجودگی میں، ہونے کے باوجود۔

بُلچِی (búlĉi) [بُر] چشمے والی جگہ، چشمہ پھوٹنے کی جگہ۔

بُلچِی تھوٗ کوٗ (búlĉi thóko) [بُر۔اسم] گلگت کے حکمران آذر جمشید کی بیوہ نور بخت کے زمانے کی ایک دیومالائی شخصیت جس کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ جانوروں کی زبان جانتا تھا۔

بُلچِی خاناٰ (búlĉi qhaaná) [بُر۔اسم] کھانا پکانے کا کمرہ، مطبخ، (فارسی اور ترکی لفظ باورچی خانہ کا بگاڑ)۔

بُلچِی دَس (búlĉi das) [بُر۔اسم] ایک جگہ جو گلمت اور ششکَٹ کے درمیان واقع ہے۔

بَلداٰ (baldá) [بُر۔اسم] بوجھ، بار (۲) ذمہ داری۔

بَلداٰ ایتَس (baldá étas) [بُر۔محاورہ] پیٹھ پر اٹھانا (۲) ہر جگہ ساتھ رکھنا، اپنے سے جدا نہ کرنا۔

بَلداٰ اییَنَس (baldá éeyanas) [بُر] بوجھ لادنا، باربردار بنانا۔

بَلداٰ بیے چِدِن یَیَم سینُم جُوَن (baldá bée ĉidín yáyam sénum juwán) [بُر۔کہاوت] یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب ایک ہی نوعیت کے دو کاموں میں سے ایک کی غیر ضروری طور پر حمایت کی جاتی ہے جبکہ اس کی حمایت کی کوئی وجہ نہ ہو۔

بَلداٰ سارُمُڈ (baldá sáarumuć) [بُر] دیکھیے بَلداٰ سارو (balda sáaro) جس کی یہ جمع ہے۔

بَلداٰ سارو (baldá sáaro) [بُر۔فاعل] ہونزا کے معاشرتی طبقات میں عوام کا سب سے نچلا درجہ، وہ شخص جو کئی پشتوں سے میر کا باربردار رہا ہو۔

بَلداٰ کِش (baldákiṣ) [بُر۔اسم] بوجھ والا، باردار۔

بَلداَکُوین (baldákuyn) [بُر۔اسم] بوجھ اُٹھانے والا، باربردار، نیز دیکھیے بَلداَ ساارُ (balda sáaro)۔

بَلداَ گنَس (baldā gānas) [بُر۔مص] بوجھ اٹھانا، باربرداری کرنا۔

بَلدَکْ (baldāṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے بَلداَ (baldá) جس کی یہ جمع ہے۔

بَلدَن (báldan) [بُر۔اسم] سان، وہ پتھر جس سے رگڑ کر لوہے کے اوزار کو تیز کیا جاتا ہے۔

بَلدَن دیَلَس (báldan dēlas) [بُر۔محاورہ] سان کے ساتھ رگڑ کر چھری وغیرہ کو تیز کرنا۔

بَلدَن مَناس (báldan manáas) [بُر۔محاورہ] پانی جم کر برف بننا، یخ بستہ ہونا، گیلی زمین کا یخ بستہ ہونا۔

بَلدیَ (baldi) [بُر۔اسم] برآمدہ، پیشگاہ ایوان، سائبان۔

بَلدیَنڈ (baldénc) [بُر۔اسم] دیکھیے بَلدیَ (baldí) جس کی یہ جمع ہے۔

بَلدَیوَ (báldayo) [بُر] دیکھیے بَلدَن (báldan) جس کی یہ جمع ہے۔

بَلڈ پریشَر (blaḍ préeśar) [انگ] خون کا دباؤ، فشارِ خون۔ blood pressure

بِلڈِکْ (bildiṅ) [انگ۔اسم] عمارت، مکان۔ building

بَلَس (balás) [بُر۔اسم] پرندہ۔

بَلَس تَلیَنَس (balás talénas) [بُر۔محاورہ] تیز رفتار بننا (۲) بہت شریر بننا۔

بَلَس دیَلَس (balás délas) [بُر۔محاورہ] پرندے کا شکار کرنا (۲) فصلوں سے پرندوں کو اڑانا۔

بِلَس (bilás) [بُر۔اسم] چڑیل، ڈائن۔

بِلَس کُس (biláskus) [بُر۔اسم] مؤنث چڑیل، ڈائن، یہ دراصل بِلَس گس (bilás gus) ہے تلفظ میں گ ک سے بدل گیا ہے۔

بِلَس گس (bilás gus) [بُر] دیکھیے بِلَس کُس (biláskus)۔

بِلَس مَناس (bilás manáas) [بُر۔محاورہ] بدخو بننا، بدمزاج بننا (۲) شریر بننا (۳) لڑائی جھگڑا کرنا۔

بِلَس موَگِلیَ (bilásmo gíli) [بُر۔اسم] پھوڑے کی ایک قسم (۲) ایک خشک اور سخت مسہ جو عموماً پیر میں نکلتا ہے جسے کھرچ کر نکالا جاتا ہے۔

بِلِس (bilis) [بُر۔اسم] فالتو گھاس یا جڑی بوٹیاں جو فصل کے کھیتوں میں ہوتی ہیں۔

بِلِس ایَتَس (bilis étas) [بُر۔محاورہ] کھیت سے فالتو گھاس یا جڑی بوٹیاں نکالنا۔

بِلِس دِوسَس (bilis diwsas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے بِلِس ایَتَس (bilis étas)۔

بِلِس شِقاَ (bilis śiqá) [بُر۔اسم] وہ فالتو گھاس یا بوٹیاں جو فصل کے کھیتوں میں ہوتی ہیں جو مویشیوں کے لیے چارہ کے طور پر استعمال ہوتی ہیں۔

بِلِس مَناس (bilis manáas) [بُر۔محاورہ] کھیت میں فالتو گھاس اُگ آنا۔

بَلَسَر غیَنِسیَ قَفَس دُم کُلیَ جَنگَلیَ چھَس یَر (balásar ĝēnise qafás čum kúli jaṅgále čhaṣ yar) [بُر۔کہاوت] آزادی ہر چیز پر مقدم ہے، آزادی کا کوئی متبادل نہیں۔

بِلِسیَ گِلیَ (bilise gíli) [بُر۔اسم] کھرپا، گھاس کھودنے کا آلہ۔

بِلِشِکْ (biliśiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے بِلِس (bilis) جس کی یہ

جمع ہے۔

بِلَشوَ (biláŝo) [بُر۔اسم] دیکھیے بِلَس (bilás) جس کی یہ جمع ہے۔

بَلِسٌ (baliṣ) [بُر] آگ لگ جائے، جل جائے، روشن ہو جائے (۲) گرے۔

بِلِسٌ (biliṣ) [بُر۔تمنا] باقی رہے، باقی رہ جائے۔

بِلِسٌ ایتَس (biliṣ étas) [بُر] باقی رہنے دینا۔

بِلِسٌ اے (biliṣ e) [بُر] دیکھیے بِلِسٌ ایتَس (biliṣ étas) جس کا یہ امر ہے۔

بُلَسٌ (bulás̩) [بُر] حیوان کے پستان سے ابتدائی دودھ نکالنا، پستان کا بند کھولنا (۲) ایک قسم کی گھاس۔

بَلِسَن (baliṣan) [بُر] لکڑی کی تھوڑی سی مقدار جو ایک وقت کا کھانا پکانے کے لیے کافی ہو، 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

بِلَغُر (biláġur) [بُر۔اسم] ایک جڑی بوٹی۔

بِلَغُرشوَ (biláġurŝo) [بُر۔اسم] دیکھیے بِلَغُر (biláġur) جس کی یہ جمع ہے۔

بَلغَم (balġám) [ع۔اسم] انسانی جسم کے چار خلطوں میں سے ایک خلط۔

بَلغَن (balġán) [بُر۔صف] گھوڑے یا گدھے کی پیٹھ کا زخم۔

بَلغَن توَپوَ (balġán tópo) [بُر۔اسم] شلوکا، کپڑے کا وہ ٹکڑا جو بچوں کی ٹھوڑی کے نیچے لٹکاتے ہیں۔

بَلغَن ہَغُر (balġán haġúr) [بُر] وہ گھوڑا جس کی پیٹھ زخمی ہو۔

بِلَغوَ (biláġo) [بُر] دیکھیے بِرَغوَ (biráġo)

بِلَغوَمُڈ (biláġomuc) [بُر] دیکھیے بِلَغوَ (biláġo) جس کی یہ جمع ہے۔

بَلغیوَ (balġáyo) [بُر] وہ گھوڑے یا گدھے جن کی پیٹھ زخمی ہو۔

بُلقاَ (bulqá) [ع، بُر۔اسم] پردہ (۲) نقاب (۳) لباس، (برقع کا بگاڑ) (۴) ایک چھوٹا سا ہتھوڑا جس سے گھوڑے کی بغل باندھتے ہیں۔

بُلقاَ پَھٹَکٹ مَناس (bulqá phaṭáṅ manáas) [بُر۔محاورہ] پردہ ہٹنا، راز فاش ہونا۔

بُلقاَمِکٹ (bulqámiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے بُلقاَ (bulqá) جس کی یہ جمع ہے۔

بُلقَکٹ (bulqáṅ) [بُر] دیکھیے بُلقاَ (bulqá) یہ اسی کی جمع کی ایک اور صورت ہے۔

بَلُک (balk) [بُر۔اسم] لکڑی کا تختہ۔

بِلکُل (bilkúl) [ع۔متعلق فعل] پوری طرح، ہو بہو، بہ تمام و کمال۔

بَلکوَکٹ (balkóṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے بَلک (balk) جس کی یہ جمع ہے۔

بَلِکیِ (báliki) [بُر۔حرف اضراب] پھر بھی (۲) سوا، علاوہ (۳) اس سے بھی بڑھ کر، (عربی و فارسی لفظ بلکہ کا بگاڑ)۔

بَلَگاَیِ (balagáy) [بُر۔محاورہ] پیچھے پڑنا، اصرار کرنا (۲) بار بار تقاضا کرنا، بے جا تقاضا کرنا۔

بَلَگٹوَ (balagutoó) [بُر۔اسم] رکاوٹ، آڑ۔

بَلَگٹوَ ایتَس (balaguṭoó étas) [بُر۔محاورہ] حائل کرنا، رکاوٹ بننا۔

بَلَگٹوَ مَناس (balaguṭoó manáas) [بُر۔محاورہ] حائل بننا، رکاوٹ بننا (۲) مہمانوں کی بھیڑ، مہمان پر مہمان کا آنا۔

بَلُگِچکٹ (bálgiciṅ) [بُر۔اسم] شانے، شانوں کا درمیانی حصہ۔

بَلُگل (balgál) [بُر۔اسم] ڈھیلا، جو کسا ہوا نہ ہو، جو تنا ہوا نہ ہو (۲) ایسا حیوان خاص طور پر بیل یا گائے جس کا پیٹ پہلوؤں کی بجائے نیچے کی طرف زیادہ لٹکا ہوا ہو۔

بَلُگلِکٹ (balgáliṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے بَلُگل (balgál) جس کی یہ جمع ہے۔

بَلُگنیاَر (balgunyaár) [بُر] کنبے میں افراد کی کثرت، خاص طور پر

مردوں کی تعداد زیادہ ہونا، کنبے کا مردوں کی تعداد زیادہ ہونے کی وجہ سے طاقتور ہونا۔

بِلگو (bilâgo) [مُ۔اسم] دیکھیے بِرَغو (birâgo)۔

بَلگوین (balgúyn) [مُ] خاندان کے افراد کی زیادہ تعداد، بڑا خاندان۔

بَلگوین تَرَق بایٔ کُلیٔ جیندو دَولَت بایٔ (balgúyn taráq bay kúli jíindo dawlát bay) [مُ۔کہاوت] خاندان کے لیے مالی قوت سے افرادی قوت زیادہ اہم ہے۔

بَلگیو (balgúyo) [مُ] دیکھیے بَلگوین (balgúyn) جس کی یہ جمع ہے۔

بَلَک (balán̈) [مُ۔اسم] انگلی۔

بَلِک (bálin̈) [مُ۔اسم] دیکھیے بَل (bal) (معنی نمبر ۳) جس کی یہ جمع ہے۔

بَلَک چیک (balan̈čék) [مُ] ہنڈولا، پالنا، جھولا۔

بَلَکچِک (balán̈ičin̈) [مُ۔اسم] دیکھیے بَلَک (balán̈) جس کی یہ جمع ہے۔

بَلِکِک (bálin̈ik) [مُ] دیکھیے بَلِک (bálin̈) یہاں "ک" علامتِ تخصیص ہے۔

بَلِکے دیل (bálin̈e del) [مُ] وہ تیل جو اخروٹ کے مغز سے حاصل کیا جاتا ہے۔

بَلِکے ڈِمک (bálin̈e camík) [مُ۔اسم] ایک خاص غذا جو اخروٹ کا مغز پیس کر پانی میں ملا کر بنائی جاتی ہے۔

بَلِکے مِنا (bálin̈e miná) [مُ۔اسم] اخروٹ کے مغز کے چھلکے جو تیل نکالنے کے بعد باقی رہ جاتے ہیں۔

بُللو (búlulo) [مُ۔اسم] وہ پہاڑ جو بلتت اور حیدرآباد کے درمیانی نالے کے اوپر واقع ہے۔

بَلُم (balúm) [مُ] دیکھیے بَلاس (baláas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

بِلُم (bilúm) [مُ۔فعلِ ناقص] تھا/تھی بِلا[۲] (bilá) (دیکھیے بِلا[۲]) کا ماضی، ماضی بعید کی علامت۔

بَلَن (bâlan) [مُ۔اسم] کوئی سی دیوار (۲) کوئی ایک مغز یا گودا، کسی ایک اخروٹ کا مغز، "ن" علامتِ وحدت ہے۔

بَلَن (balán) [مُ] دیکھیے بَلَن مَناس (balán manáas)۔

بَلَن مَناس (balán manáas) [مُ] کسی موٹی چیز کا لڑھکنا، (۲) الٹ پلٹنا (۳) بے قراری سے لوٹنا (۴) بلکنا۔

اَسقرکئے بَسیک تَقُل نُھیر بَلَن مَابا
اَمُلُم لئے اِکے سَیل قِیامتے گون ڈُوَرِس خا

ترجمہ: پھولوں کے باغات کی یاد شیرین کے ستانے کی وجہ سے میں بے چین و بے قرار ہوتا ہوں، جب تک صبح قیامت نہ ہو تب تک یہ خوش نصیبی کہاں کہ میں ان کے درمیان سیر کروں۔

بَلَن بَلَن (balán balán) [مُ] دیکھیے بَلا[۲] بَلن (balábalan)۔

بَلَندو (balándo) [مُ] کافی، پورا، بہت۔

بَلَندُوَن (balánduwan) [مُ] کافی وافی، بہت، پورا۔

بِلَنِس (bilanís) [مُ۔اسم] ایک غذا جس میں ذبح شدہ جانور کی آنت اور اوجڑی کو صاف کر کے ایک مخصوص انداز میں باندھ کر پکایا جاتا ہے۔

بِلَنِشو (bilaníšo) [مُ۔اسم] دیکھیے بِلَنِس (bilanís) جس کی یہ جمع ہے۔

بَلَنیش (balaneéš) [مُ] بے قراری، اضطراب۔

بَلَنیش مَناس (balaneéš manáas) [مُ۔محاورہ] مضطرب ہونا، بلکنا۔

بَلوڈ (balóoc) [مُ۔اسم] بلتستان کا باشندہ، بلتستان کا رہنے والا۔

بَلوڈِسکی (balóočiski) [مُ] بطرز بَلوڈ، بَلوڈ کی طرح

کا۔

بَلوڈِسکی گلی (balóočiski gulí) [بُر۔اسم] وہ خوبانی جن کے اندر خوبانی کا بیج ڈال کر سُکھایا جاتا ہے، یہ طریقہ پرانے زمانے میں بلتستان سے ہونزا آیا تھا۔

بَلوش (balóoṣ) [بُر۔اسم] سالن پکانے کا ایک خاص برتن جو ایک نرم پتھر سے بنایا جاتا تھا، لوہا یا پیتل کے دیگچے آنے سے پہلے ہونزا میں سالن اسی میں پکایا جاتا تھا نیز یہ شراب رکھنے کے لیے بھی استعمال ہوتا تھا۔

بَلوش دَن (balóoṣ dan) [بُر۔اسم] ایک نرم پتھر جس سے ہونزا میں سالن پکانے کا برتن، بَلوش (balóoṣ) اور تیل کشید کرنے کا برتن، یعنی کُرکوَن / گُرکوَن (kurkón/gurkón) وغیرہ بناتے تھے۔

بَلوشے جا گمُن غینِشے بی سینَس کے شِیے جے اَم لوَ بَیَم نی سینُم جُوَن

(balóoṣe jáa gamún ĝéniṣe bi sénas ke šíye je ámulo báyam nií sénum juwán)

[بُر۔کہاوت] یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کوئی شخص خود ستائی کرتے وقت صاف صاف جھوٹ بولتا ہے اور اس کا جھوٹ سب پر واضح ہوتا ہے۔

بَلوشے جَک (balóoṣe jak) [بُر۔اسم] بَلوش دَن (balóoṣ dan) کا ایک ایسا برتن جو جگ کا کام دیتا تھا۔

بَلوشے گمُن شِیَر/شُتِنَر لیِل

(balóoṣe gamún šiyar/šútinar leél)

[بُر۔کہاوت] گھر کے بھید گھر والے ہی جانتے ہیں۔

بُلو (búlo) [بُر۔اسم] علاقے کے دو روایتی ناموں بلبل اور زیبل کی تصغیر و تخفیف۔

بُلوکی (bulúki) [بُر۔اسم] قبیلہ ہَمَچاٹِک (hamačáṭiṅ) کی ایک لڑکی جسے قبیلہ دِرَمِتِک (dirámitiṅ) کے مورث اعلیٰ دِرَم ٹھُرَم نے اغوا کر کے ہون پہاڑ کے ایک غار میں مخفی رکھا تھا موجودہ قبیلہ دِرَمِتِک انہی کی نسل سے ہیں۔

بَلوگن (balógan) [بُر۔اسم] ٹماٹر۔

بَلوگیو (balógayo) [بُر۔اسم] دیکھیے بَلوگن (balógan) جس کی یہ جمع ہے۔

بُلونو (bulóno) [بُر۔صف] شریف بچہ۔

بُلونی (bulóni) [بُر۔صف] دیکھیے بُلونو (bulóno) جس کی یہ تانیث ہے۔

بَلووَنڈ (balówanč) [بُر۔اسم] دیکھیے بَلوش (balóoṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

بَلوی (balóy) [بُر۔اسم] بلتستان بَلوڈ (balóoč) کا وطن۔

بَلوَیَر نان دایَم سوَرِیے موَس اَپَلِمی

(balóyar náan dáayam sóoriye mos apálimi) [بُر۔کہاوت] یہ اُس وقت بولا جاتا ہے جب کوئی مسئلہ، جھگڑا یا مشکل غیر ضروری طور پر طول پکڑتی ہے۔

بُلُول (bulúul) [بُر۔اسم] شیشہ، آئینہ۔

بُلُولے اِینا (bulúule eéyna) [بُر۔اسم] شیشے کا آئینہ۔

بَلُوم (balúum) [بُر] دیکھیے بَلُووَس (balúuwas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

بَلُووَس (balúuwas) [بُر۔مص] کھو جانا، گم جانا۔

بَلُویَس (balúuyas) [بُر۔مص] دیکھیے بَلُووَس (balúuwas)۔

بَلی (báli) [بُر۔اسم] مٹکا، صراحی۔

بِلی مَناس (bíli manáas) [بُر۔محاورہ] لڑھکنا، جھولنا، آویزاں ہونا۔

بُلی (búli) [بُر۔اسم] کچھ روایتی ناموں کا بگاڑ مثلاً بلبل، زیبل وغیرہ۔

بَلی (balii) [بُر] جلنے والا ہے، سلگنے والا ہے، آگ لگنے والی ہے۔

بَلیِ (balií) [بُر] ایک دوسرے پر رکھنا، ڈھیر لگانا۔

بَلیِ ایتَس (balií étas) [بُر۔محاورہ] ایک دوسرے پر رکھ کر ڈھیر بنانا۔

بَلیِ مَناس (balií manáas) [بُر۔محاورہ] ہجوم کرنا، بھیڑ کرنا۔

بَلےِ (bâle) [بُر] دیوار کا، دیوار کے متعلق (۲) مغز کا، مغز کے متعلق۔

بُلےِ چل (búle chil) [بُر۔محاورہ] چشمے کا پانی (۲) جاری آمدنی، تنخواہ۔

بُلےِ چل جُوَن سِسِنُم

(búle chil juwán sisínum) [بُر۔محاورہ] صاف، شفاف، پاکیزہ، ملاوٹ سے پاک۔

بُلےِ غَش (búlegas) [بُر۔اسم] ہوزا حیدرآباد میں ایک جگہ کا نام۔

بُلیٹَن (buletán) [انگ۔اسم] اعلامیہ، نشری خبرنامہ، سرکاری خبرنامہ، خبرنامہ۔ bulletin

بَلیَنگ (balén) [بُر۔اسم] دیکھیے بَل (bal) جس کی یہ جمع ہے۔

بُلیَنگ (bulyán) [بُر۔اسم] دیکھیے بُل (bul) جس کی یہ جمع ہے۔

بِلیک بوڈ (bilék bóod) [انگ۔اسم] تختہ سیاہ۔ black board

بَلیِنگِک (baléñik) [بُر۔اسم] کچھ دیواریں، چند دیواریں، بعض دیواریں، "ک" علامتِ تبعیض ہے۔

بَلیی (baléy) [بُر۔اسم] ماش دال۔

بِلیڈ (biléed) [انگ۔اسم] ریزر بلیڈ کی پتی (۲) (چاقو وغیرہ کا) پھل، بلیڈ جس سے شیو بناتے ہیں۔ *blade*

بِلیڈَر (bileedár) [انگ۔اسم] مثانہ (۲) ربڑ کا تھیلا جو فٹ بال میں ہوتا ہے، جس میں ہوا بھرتے ہیں۔ bladder

بِلیک مارکِٹِنگ (biléek maarkítin) [انگ] چور بازاری کرنا۔ black marketing

بِلیک میلِنگ (biléek meélin) [انگ] افشائے راز کی دھمکی دے کر رشوت لینا یا غیر قانونی کام کرانا۔ black mailing

بِلیلیِ (biléeli) [بُر۔اسم] عورتوں کا ایک روایتی نام۔

ب۔م

بَم (bam) [بُر۔فعلِ ناقص] (مرد) تھا / لوگ تھے / (خواتین تھیں) (۲) [اسم] وجود (۳) [اسم] ساز میں سب سے دھیما سُر۔

بَم اَپَم (bam apám) [بُر] ہست ونیست، وجود وعدم، سب کے سب، کُلُّهُم (صرف انسان کے لیے مستعمل ہے)

بَم ایتَس (bam étas) [بُر۔محاورہ] وجود میں لانا، ہستی بخشنا (۲) سُر کو اُونچا کرنا۔

بِم (bim) [بُر] تھا/تھی (چیز اور حیوان)۔

بِم اَپِم (bim apím) [بُر] سب کے سب، یہ غیر انسان کے لیے مستعمل ہے۔

بُم (bum) [بُر۔صف] خشک (۲) ایک پہاڑی جنگلی بکری / بکری جو مارخور کی طرح ہوتی ہے۔

بُم بَت دییَس (bum bat déyas) [بُر۔محاورہ] کارنامہ انجام دینا، کوئی بڑا کام کرنا۔

بُم بیپایِ (bum bépay) [بُر۔اسم] ایک موٹا کیڑا جو نمناک مٹی یا درختوں کے کھوہ میں رہتا ہے (۲) ایک پہاڑی بکرا جس کے سینگ اوپر کی طرف ہوتے ہیں۔

بُم کےِ هَغُم کا ایتَس

(bum ke hagúm káa étas) [بُر۔محاورہ] بھلے بُرے کی تمیز نہ کرنا، خشک وتر کو ملانا۔

بُم هَغُم (bum hagúm) [بُر۔محاورہ] خشک وتر، بھلے بُرے، نیک وبد۔

بُم ہَغُم کا (bum hagŭm kåa) [بُر۔محاورہ] خشک وتر کو ملانا (۲) نیک وبد میں تمیز نہ کرنا (۳) ایک لاٹھی سے ہانکنا۔

بَمباَ (bambă) [بُر۔اسم] دھات یا لوہے کی بڑی موٹی گول ٹین یا ڈبہ وغیرہ۔

بَمباَمُڈْ (bambámuc̣) [بُر۔اسم] دیکھیے بَمباَ (bambă) جس کی یہ جمع ہے۔

بَمباریْ (bambaarí) [انگ] بم برسانا/گرانا۔
bombardment

بُمبَرَکیْ (bumbaráki) [بُر] دیکھیے بُبَرَکیْ (bubarakí)۔

بَمپ (bamp) [انگ،بُر۔اسم] آتش گیر مادے کا بنایا ہوا گولہ جو گرنے سے پھٹ جاتا ہے اور جب پھٹ جاتا ہے تو تباہی پھیلاتا ہے۔
bomb

بَمپھر (bamphár) [انگ،بُر۔اسم] کوئی سلاخ یا ڈنڈا جو گاڑیوں کی ممکنہ حفاظت کے لیے لگاتے ہیں۔ bumper

بَمپھوُ (bamphú) [بُر۔اسم] غبارہ، ایسی چیز جس میں ہوا بھرنے سے وہ پھول جائے۔

بِمتھک (bimithák) [بُر] بے مزہ، بے لطف، بد مزہ۔

بُمَر بَیُوْ (bumâr bayú) [بُر۔اسم] کان کا نمک، وہ نمک جو کان سے نکالا ہو۔

بَمکُش (bámkuṣ) [بُر۔اسم] موجودگی، ہستی، وجود (انسان کے لیے مستعمل ہے)۔

بِمکُش (bîmkuṣ) [بُر۔اسم] موجودگی، ہستی، وجود (حیوان اور دیگر اشیاء کے لیے مستعمل ہے)

بُمکُش (bûmkuṣ) [بُر۔اسم] خشکی، سوکھا پن، نمی نہ ہونا۔

بَمَن (båman) [بُر] موجود لوگ، موجود افراد، جتنے موجود ہوں، جتنے حاضر ہوں۔

بَمَن اَپَمَن (båman apåman) [بُر] وہ جو موجود ہوں اور وہ بھی جو موجود نہ ہوں، سب کے سب۔

بَمَنے (båmane) [بُر] منسوب بہ موجود افراد (۲) موجود افراد کا/کی/کے۔

بَمَنے بَٹ (båmane bat̤) [بُر] یہ ایک کلمہ ہے جو بطور گالی یا سرزنش اس وقت بولا جاتا ہے جب کسی لباس یا اس قسم کی کسی اور چیز کو خراب یا غلط استعمال کیا جاتا ہے۔

بُمے دَرُوْ (bûme darú) [بُر] بُم (bum) (دیکھیے بُم) (معنی نمبر۲) کا شکار کرنا۔

بَمَنے کا (båmane kåa) [بُر] یہ ایک کلمہ ہے جو تنبیہ یا خبردار یا سرزنش یا تعجب کے اظہار کے لیے دوسرے الفاظ کے ساتھ آتا ہے، مثلاً بَمَنے کا گوالُم (båmane kåa guwåalum) یعنی تو اپنے اہل وعیال یا خاندان سمیت گم ہو جا وغیرہ۔

ب۔ن

بَن (ban) [بُر] بند۔

بَن اِیتَس (ban étas) [بُر] باندھنا، بند کرنا، قید کرنا، روکنا۔

بَن کَپَن اِمَنَس (ban kapån imánas) [بُر۔محاورہ] زبان بستہ ہونا، ہکا بکا رہ جانا (۲) عقل پر پردے پڑنا، کچھ سمجھ میں نہ آنا۔

بَن گوبیْ (ban goobi) [بُر۔اسم] بند گوبھی، گوبھی کی ایک قسم۔

بَن مَناس (ban manåas) [بُر] بند ہونا، رک جانا، بستہ ہونا۔

بُن (bun) [بُر۔اسم] بہت بڑا پتھر (۲) چراگاہ۔

بُن اِیتَس (bun étas) [بُر۔محاورہ] ہٹا دینا، دور کرنا، دفع کرنا۔

بُن بیپایْ (bun bépay) [بُر] جنگلی خرگوش (دیکھیے: ص ۵۲)، نیز دیکھیے بُم بیپایْ (bum bépay)۔

بُن تَلینَس (bun talénas) [بُر۔محاورہ] ہٹ نہ جانا، اپنی جگہ سے نہ ہلنا (۲) بہت بھاری ہونا۔

بُن جُوَن چُوَم (bun juwán chuúm) [بُر۔تشبیہ] بہت بھاری، وزنی۔

بُن دَدوٗ دِوسَس (bun dádo diwsas) [بُر۔محاورہ] بنجر بنانا، غیر آباد چھوڑنا، گھاس کا نام ونشان تک نہ ہونا۔

بُن دِوسَس (bun diwsas) [بُر۔محاورہ] بنجر بنانا، غیر آباد چھوڑنا، مویشیوں کا گھاس چر کر ختم کرنا۔

بُن مَناس (bun manáas) [بُر۔محاورہ] بھاری بن جانا (۲) اپنی جگہ سے نہ ہلنا، بہت بھاری ہونا (۳) دور ہونا، دفع ہونا۔

بَناً (baná) [بُر۔اسم] حد، کنارہ، افق (۲) انتہا، باڑا۔

بَناَمُڈْ (banámuc) [بُر۔اسم] دیکھیے بَناً (baná) جس کی یہ جمع ہے۔

بَنات (banaat) [بُر۔اسم] ایک قسم کا کپڑا۔

بَنپوٗ (banápo) [بُر۔اسم] ایک مشہور بوٹی جو دواؤں میں کام آتی ہے اور ہونزا میں بہت سی خواتین کا نام بَنپوٗ بھی ہے۔ بنفشہ کا بگاڑ۔

بَنداً (bandá) [بُر۔اسم] بندہ، غلام، نوکر (۲) فرمانبردار، تابع (۳) بشر، انسان۔

بَندا مَزاً اِلجیِ میوا مَزاً گُغَتکےِ (bandáa mazá ílji miiwáa mazá guqhátañe) [بُر۔کہاوت] یعنی انسان کے اوصاف کے اثرات دیرپا ہوتے ہیں (۲) نیک انسان بعد میں یاد آتا ہے۔

بَندِش (bandiś) [ف] بندھن، گرہ، پیش بندی، روک ٹوک۔

بَندَگی (bandagi) [ف۔اسم] غلامی (۲) عبادت (۳) عجز وانکساری (۴) خدمت (۵) شکریہ۔

بَندَگی ایتَس (bandagi étas) [بُر۔محاورہ] غلامی کرنا (۲) عبادت کرنا (۳) عجز وانکساری کرنا (۴) خدمت کرنا (۵) شکریہ ادا کرنا۔

بُندوٗ (bundó) [بُر۔اسم] دیکھیے بُن (bun) (معنی نمبرا) جس کی یہ جمع ہے۔

بَندُبَس (bandubás) [ف۔اسم] انتظام، ترتیب (۲) ضابطہ (۳) سلیقہ (۴) تدبیر (۵) زمین کی حد بندی اور مال گزاری کا انتظام، (لفظ بندوبست کا بگاڑ)۔

بُندوٗک (bundók) [بُر۔اسم] سنگباری، پتھراؤ۔

بُندوٗک ایتَس (bundók étas) [بُر۔محاورہ] سنگ باری کرنا، پتھراؤ کرنا، پتھر مارنا۔

بَندیِ (bandí) [ف۔صف] قیدی، زندانی۔

بَندیِ اِوَلَس (bandí iwálas) [بُر۔محاورہ] اسیر بننا، قیدی بننا، بندی بننا۔

بَندیِ خاناً (bandí qhaaná) [ف۔اسم] قید خانہ، زندان، جیل۔

بَندیش (bandeéś) [بُر۔اسم] قید میں رکھنا، بند کرنا، پابندی لگانا۔

بَندیش اِمَنَس (bandeéś imánas) [بُر۔محاورہ] پابندی لگ جانا، جیل جانا، قید ہونا۔

بَندیش ایتَس (bandeéś étas) [بُر۔محاورہ] پابندی لگانا، جیل بھیجنا، قید کرنا۔

بَندیِی (bandeéy) [بُر] انسانیت کے نام پر، انسان کی خاطر۔

بَنڈَل (bandál) [انگ۔اسم] گٹھڑی، پلندہ، پیکیٹ۔ bundle

بَنڈلِشوٗ (bandáliśo) [بُر۔اسم] دیکھیے بَنڈَل (bandál) جس کی یہ جمع ہے۔

بِنڈیِ (bindí) [ہ۔اسم] سبزی کی ایک قسم۔

بِنَفَس (binafás) [بُر] بددعا، ایسا شخص جو بزرگوں کی دعا سے محروم ہو (۲) شریر (۳) بدمعاش، بےنفس کا بگاڑ۔

بَنَفشاً موغَر رُلیِ اَمُچی

(banafšá móoğar rúli amúči) [بُر۔کہاوت] بے وقوف کی باتیں ضرور سنو مگر کام اپنے مرضی سے کرو۔

بَنوٗ (banó) [ف،بُر۔اسم] خاتونِ خانہ،بیگم،بی بی،عزت دار عورت،(لفظ بانو کا مخفف)۔

بَنوٗ کُوٗ (banóňo) [بُر۔اسم] دیکھیے بَن (ban) جس کی یہ جمع ہے۔

بَنولاٗ (banoolá) [ھ۔اسم] بنولا،کپاس کا بیج،پنبہ دانہ۔

بَنوٗ (banoó) [بُر۔اسم] حصہ،قسمت۔

بَنوٗمُڈ (banoómuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے بَنوٗ(banoó) جس کی یہ جمع ہے۔

بَنیٖ (baní) [بُر۔اسم] ایک جنگلی درخت جس کی لکڑی نہایت سخت اور بھاری ہوتی ہے جس سے رندہ کے دستے بناتے ہیں۔

بَنیٖ آدَم (baní aadám) [ع۔اسم] آدم کی اولاد،اولادِ آدم، انسان۔

بَنیٖ ھاشِم (báni haaším) [ع] ہاشم کی اولاد،آنحضورؐ کا خاندان۔

بُنیٖ (buní) [بُر] چترال کے ایک گاؤں کا نام جو تحصیل مستوج کا مرکز ہے۔

بَنیٖ (baníi) [بُر۔اسم] ڈھیر،ایک دوسرے پر رکھی ہوئی چیزوں کا ڈھیر۔

بَنیٖ مِکٗ (baníimiň) [بُر] دیکھیے بَنیٖ (baníi) جس کی یہ جمع ہے۔

بُنیات (bunyáat) [ف] جڑ،اصل،ابتدا،آغاز،شروع،(بنیاد کا بگاڑ)۔

بَنین (banéen) [بُر۔اسم] چھوٹی قمیص جو کپڑوں کے نیچے پہنی جاتی ہے،بنیان (۲) اُون سے بنی ہوئی پوشش جو قمیص کے اوپر پہنی جاتی ہے،سوئیٹر۔

بَنینےٖ سَر (banéene sar) [بُر۔اسم] وہ دھاگہ یا اُون جس سے سوئیٹر بنایا جاتا ہے۔

بَنینےٖ غَیٗس (banéene ğays) [بُر۔اسم] لوہے کی پتلی سلاخ جس سے سوئیٹر بنتے ہیں۔

ب۔و baw,biw,buw

بَو (baw) [بُر] برف،غلہ وغیرہ کا گرنا (۲) کتے کی آواز۔

بَو مَناس (baw manáas) [بُر۔محاورہ] برف، غلہ یا اس نوعیت کی کسی اور چیز کا اوپر سے گرنا (۲) کتے کے بھونکنے کی آواز آنا۔

بَوبَو (baw baw) [بُر] برف وغیرہ کا مسلسل برسنا یا اوپر سے گرنا، دیکھیے بَبَو (bábaw)۔

بَوبَو ایتَس (baw baw étas) [بُر۔محاورہ] غلہ وغیرہ کا گرانا،بکھیرنا۔

بَوبَو ایتَس (baw baw éetas) [بُر۔محاورہ] غلہ وغیرہ کا مسلسل گرانا۔

بَوبَو مَناس (baw baw manáas) [بُر۔محاورہ] غلہ وغیرہ کا مسلسل گرنا۔

بِو (biw) [بُر] دیکھیے بَو (baw) یہ اس میں کمی یا تخفیف کے معنی پیدا کرتا ہے یعنی غلہ وغیرہ کا بالکل معمولی مقدار میں گرنا،تھوڑا تھوڑا گرنا۔

بِو بَو (biw baw) [بُر] برف وغیرہ کا ادھر ادھر گرنا،اِکّا دُکّا برف باری، آہستہ آہستہ برف باری۔

بِو بَو مَناس (biw baw manáas) [بُر] برف وغیرہ کا اِکّا دُکّا اِدھر اُدھر گرنا یا برسنا،آہستہ آہستہ برف باری ہونا۔

بُواٗ (buwá) [بُر۔اسم] گائے، (محاورۃً) بے وقوف شخص۔

بُواٗ اُپُھسَس (buwá uphúsas) [بُر۔محاورہ] گاہنے کے لیے مویشیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ باندھنا۔

بُواٗ ایَپچیٖ پِسوٗک (buwá épaċi pisók) [بُر] گائے کے سامنے پِسوٗک (pisók) رکھنا (جب بچھڑا مر جاتا

ہے تو عام طور پر گائے دودھ دینے سے انکار کرتی ہے اس وقت دھوکا دینے کے لیے بچھڑا کے چمڑے میں بھوسی بھر کر گائے کے سامنے رکھ دیتے ہیں، یہ ہوا گائے کے سامنے پسوک رکھنا۔

بُوآ ایتَس (buwá étas) [بُر۔محاورہ] بے وقوف بنانا، الو بنانا۔

بُوآ ایوَلکَس (buwá éwalkas) [بُر۔محاورہ] گائے کا بچہ پیدا کرانا (۲) مویشی خانہ میں مویشیوں کی بول و براز کی وجہ سے کیچڑ کی حالت پیدا ہونا۔

بُوآ ڇِن (buwá çhin) [بُر۔اسم] ایک ابلق چڑیا جو زیادہ تر وہاں ہوتی ہے جہاں گایوں کے لیے بھوسی چارہ ڈالتے ہیں تا کہ اس میں سے نکلنے والے دانے چُنے۔

بُوآ غُرَش (buwá ġurás̩) [بُر۔اسم] وہ برتن جو گا بتے وقت ہاتھ میں لیا جاتا ہے تا کہ مویشوں کی پیشاب اور گوبر کو اوپر سے اٹھایا جائے اور دانوں پر نہ گرے۔

بُوآ دَلینُم دِلتَر چِلغُوم
(buwá dalénum díltar čhilġúum) [بُر۔کہاوت]
یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کام کرنے والے زیادہ ہوں مگر کام خاطر خواہ نہ بنے۔

بُوآ نِپَٹَر اِسُمَلُلو ڇُر یَلُم جُوَن
(buwá nípaṭar isúmalulo čhur yálum juwán) [بُر۔کہاوت] یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کوئی کام خوش اسلوبی سے انجام دیے جانے کے بعد کسی معمولی مسئلے کی وجہ سے خراب ہو جائے۔

بُوآ بُوآ مَناس (buwá buwá manáas) [بُر] پرانے زمانے کا ایک کھیل جو اب متروک ہو چکا ہے۔

بُوآکِسکُم (buwákiskum) [بُر] گائے کا سا، گائے کی طرح، گائے کی مانند، (محاورۃً) احمقانہ طور پر، بے وقوفی سے، نادانی سے۔

بُوآکِسکی (buwákiski) [بُر] دیکھیے بُوآکِسکُم (buwákiskum)۔

بُوآکُم (buwákum) [بُر] گائے کا/کی، گائے سے منسوب۔

بُوآؤکُم (buwáwkum) [بُر] گائے سے یا گائے کے ذریعے حاصل شدہ پیداوار، مثلاً دودھ، گوشت وغیرہ۔

بُوآئِک (buwáyik) [بُر] کچھ گائے (جمع چند گائے ("ک" علامتِ تبعیض ہے)۔

بُوا اِسک لَش ایتُم جُوَن
(buwáa isk las̩ étum juwán) [بُر۔کہاوت]
غیر ضروری لگاؤ رکھنا، بے جا پیار کرنا۔

بُوا اِلڇ ھَرَٹے پھاَل (buwáa ilç hárate phaál) [بُر۔کہاوت] ایک کی ذمہ داری ناحق دوسرے پر ڈالنا (۲) ناحق الزام لگانا، تہمت لگانا۔

بُوا بِرے (buwáa biré) [بُر۔اسم] لکڑی کا ایک بڑا برتن جس میں گائے کے لیے چارہ وغیرہ رکھتے ہیں۔

بُوا گپ (buwáa gap) [بُر۔اسم] گائے کا چمڑا۔

بُوا ھُماَ دُوس مُشَٹے اِسُمَل ٹِنْ ایتُم جُوَن
(buwáa humá duús múšate isúmal ṭiṅ étum juwán) [بُر۔کہاوت] موقع گزرنے کے بعد اپنی صلاحیت دکھانا، وقت گزرنے کے بعد ہنر دکھانا۔

بُوار تَھلےکُڇَر نَلاَ خُرک گِم جُوَن
(buwáar thalékučar nalaá qhurk gim juwán) [بُر۔کہاوت] کام کو سر سے ہٹانا، بغیر ذمہ داری کے احساس کے کام کرنا، کام چوری کرنا۔

بُوان (buwáan) [بُر] کوئی سی گائے، ایک گائے، یہاں 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

بُوَٹَر (buwáṭar) [بُر۔اسم] گائے کا مادہ بچہ جس کی عمر ایک سال سے

زیادہ ہو۔

بُوَٹَرِشوَ (buwáṭariśo) [بُر۔اسم] دیکھیے **بُوَٹَر** (buwáṭar) جس کی یہ جمع ہے۔

بُوَر (buwár) [بُر۔اسم] خربوزہ۔

بُوَرِشوَ (buwáriśo) [بُر۔اسم] دیکھیے **بُوَر** (buwár) جس کی یہ جمع ہے۔

بُوَس (búwas) [بُر۔مص] سوکھ جانا، خشک ہونا۔

بُوَلتَرڈ (buwáltarc) [بُر۔اسم] گوالا، گایوں کو پالنے اور چرانے والا۔

بُوَینٗڈ (buweéync) [بُر] دیکھیے **بُوا** (buwá) جس کی یہ جمع الجمع ہے۔

ب۔وٗ bo

بوٗ (bo) [بُر۔فعلِ ناقص] وہ ہے (عورت/لڑکی) (۲) [اسم] تخم، بیج (۳) مادۂ تولید۔

بوٗ ایتَس (bo étas) [بُر] تخم بنانا، بطور تخم استعمال کرنا۔

بوٗبوٗٹ (bóboṭ) [بُر] کسی بھی گاڑھی چیز مثلاً آش وغیرہ کے اُبلنے کی آواز۔

بوٗبوٗٹ مَناس (bóboṭ manáas) [بُر۔محاورہ] کسی گاڑھی چیز مثلاً آش وغیرہ کا اُبلنا اور اس میں سے آواز آنا، کسی مائع چیز کے اُبلتے وقت بُلبلے بننے کی آواز آنا۔

بوٗپوٗ (bópo) [بُر] موٹا بچہ۔

بوٗپھو (bo phaw) [بُر۔اسم] ہونزا کا ایک تہوار جس میں تخم ریزی کی رسم ادا کی جاتی ہے۔

بوٗپھو ایتَس (bo phaw étas) [بُر] رسم تخم ریزی ادا کرنا، بوٗپھو (bo phaw) کا تہوار منانا۔

بوٗت (bot) [ف، بُر۔اسم] مورت، پتلا، صنم، (لفظ بُت کا بگاڑ)۔

بوٗت پھَرَست (bot pharást) [ف، بُر] بتوں کی پوجا کرنے والا، بت پرست۔

بوٗت پھَرَستی (bot pharastí) [ف] بتوں کی پوجا (بت پرست کا اسم کیفیت)۔

بوٗت مَت (bot mat) [بُر] بدھ مت، بدھ مذھب۔

بوٗت مَناس (bot manáas) [بُر۔محاورہ] منھ بنا کر بیٹھنا (۲) ناراض ہو کر خاموش رہنا۔

بوٗتُروٗ (bóturo) [بُر] بوٗپھو کے موقع پر **ساَت گوئن** (saát gúyin) کے منھ پر آٹا ملنا، دیکھیے بوٗپھو (bo phaw)۔

بوٗتُروٗ ایتَس (bóturo étas) [بُر۔محاورہ] کسی کے منھ پر کوئی چیز مل کر بالوں کو بکھیر کر شکل بگاڑنا۔

بوٗتُروٗ مَناس (bóturo manáas) [بُر۔محاورہ] چہرے پر کوئی چیز مل کر شکل بگاڑنا۔

بوٗتَنٗڈ (botánc) [بُر] دیکھیے **بوٗت** (bot) جس کی یہ جمع ہے۔

بوٗٹ (boṭ) [بُر] جوش، ابال، نیز دیکھیے **بوٗبوٗٹ** (bóboṭ)۔

بوٗٹ بوٗٹ (boṭ boṭ) [بُر] دیکھیے **بوٗبوٗٹ** (bóboṭ)۔

بوٗٹ بوٗٹ ایتَس (boṭ boṭ éetas) [بُر۔محاورہ] کسی چیز کا اُبلنا، جوش آنا (۲) کسی شخص کو پانی میں ڈبونے سے بلبلے بننا۔

بوٗٹ بوٗٹ مَناس (boṭ boṭ manáas) [بُر۔محاورہ] جوش آنا، اُبلنے کا آغاز ہونا (۲) بلبلے بننا۔

بوٗٹوٗ (bóṭo) [بُر۔اسم] بُلبلہ (۲) ایک پرانا نام۔

بوٗچی (bóči) [بُر] دیکھیے **بوٗ** (bo) **چی** (či) لاحقہ ہے۔

بوٗدوٗ (bódo) [بُر] بدھ کا دن، چہارشنبہ۔

بوٗرِت (bórit) [بُر] ہونزا کی واحد جھیل جو گوجال میں **حُسینی** (huséni) اور **پھَسوٗ** (pháso) کے درمیان واقع ہے۔

بوَس (bos) [بُر] کافی وافی، پورا، بھرپور۔

بوَس ایَتَس (bos étas) [بُر۔محاورہ] کافی وافی کرنا، پورا کرنا، بخوبی کرنا۔

بوَس مَناس (bos manáas) [بُر۔محاورہ] کافی ہونا، پورا ہونا۔

بوَس بوَس (bos bos) [بُر] کافی وافی، بھرپور، بخوبی۔

بوَسِٹ (bósiṅ) [بُر۔اسم] ہونزا میں ایک پرانا نام۔

بوَسِٹے بَسِت (bósiṅe basít) [بُر] وہ بَسِت (basít) جو بوَسِٹ (bósiṅ) کے نام سے منسوب ہو۔

بوَسَن (bósan) [بُر] کافی وافی حد تک، بھرپور انداز میں، بخوبی طور پر، کافی مقدار میں، ''ن'' علامتِ وحدت ہے۔

بوَشوَ (bóšo) [بُر۔اسم] بچھڑا، گائے کا بچہ۔

بوَشوَ اَتِمَنِش خا جَٹی
(bóšo atímaniṣ qháa jaṭí) [بُر۔کہاوت] بچہ دَرشکم ناش مظفر، یعنی نتیجہ معلوم ہونے سے قبل خوشیاں منانا۔

بوَش (boṣ) [بُر] رہے، رہنے دیا جائے، رہنا چاہیے، رہنے دے (یہ لفظ صرف تانیث کے لیے مخصوص ہے)۔

بوَش موَتَس (boṣ mótas) [بُر] (عورت/لڑکی) کو رہنے دینا، رہنے کی اجازت دینا۔

بوَشُمُڈ (bóṣumuc̀) [بُر] دیکھیے بوَشوَ (bóṣo) جس کی یہ جمع ہے۔

بوَشوَ (bóṣo) [بُر۔اسم] بچھڑا، گائے کا بچہ۔

بوَق (boq) [بُر] نر حیوان کا جفتی کے لیے مادہ کو آمادہ کرنے کا طریقہ۔

بوَق ایَتَس (boq étas) [بُر۔محاورہ] نر حیوان کا جفتی کے لیے مادہ کو آمادہ کرنا۔

بوَق چِگَن (boq ćikán) [بُر۔اسم] ایک چھوٹا سا پرس جس پر دستکاری کی جاتی تھی اور عمر رسیدہ افراد اس میں توتیا (ڈُل dul وغیرہ) رکھتے تھے (۲) صندوقچہ۔

بُوَقُپاَ (boqpá) [بُر۔اسم] لہسن، دیکھیے بُقپاَ (buqpá)۔

بوَقُچاَ (boqćá) [بُر، ف۔اسم] بُقچہ، کپڑوں کی گٹھڑی۔

بوَقُچاَمُڈ (boqćámuc̀) [بُر] دیکھیے بوَقچاَ (boqćá) جس کی یہ جمع ہے۔

بوَکَل (bókal) [بُر۔اسم] تخم، وہ پودا یا جڑ وغیرہ جو بطور تخم استعمال ہو۔

بوَکَلِشوَ (bókališo) [بُر۔اسم] دیکھیے بوَکَل (bókal) جس کی یہ جمع ہے۔

بوَکِش (bókiṣ) [بُر۔اسم] دیکھیے بوَکَل (bókal)۔

بوَکیِ (bóki) [بُر۔اسم] تھوڑا سا بوجھ، چھوٹی سی گٹھڑی۔

بوَکِینڈ (bókiyanc̀) [بُر۔اسم] دیکھیے بوَکِش (bókiṣ) یہ اس کی جمع ہے۔

بوَگارڈَس (bo gáarćas) [بُر۔محاورہ] ذات ذرّیت ختم ہونا، کچھ بھی باقی نہ رہنا، تخم کھو جانا، نام و نشان مٹ جانا۔

بوَگیِ (bó gi) [بُر] دیکھیے بوَگِیَس (bo gíyas) جس کا یہ امر ہے۔

بوَ گِیَس (bo gíyas) [بُر۔محاورہ] تخم بٹھانا، تخم ریزی کرنا، بیج بونا، پودے کو بطور تخم بٹھانا۔

بوَگِہَس (bo gíyas) [بُر۔مص] دیکھیے بوَگِیَس (bo gíyas)۔

بوَٹ (boṅ) [بُر۔اسم] نچلہ حصہ (۲) مقعد، سوراخ۔

بوَٹ پَھت نے اِخَت ڈے دُوَنُم جُوَن
(boṅ phát ne iqhát će duúnum juwán) [بُر۔کہاوت] اصل وجہ معلوم کیے بغیر غلط چارہ جوئی کرنا۔

بوَٹ نِیَس (boṅ níyas) [بُر۔محاورہ] مشک، تھیلا وغیرہ کے نچلے حصے میں سوراخ ہونا۔

بوَل (bol) [بُر] لٹک جانا، (بَل (bal) کی تصغیر)۔

بوَلٹ (bolṭ) [انگ۔اسم] کھٹکا (۲) پیچ، بولٹ، چٹخنی، لوہے کی سلاخ

جسے لکڑی میں کس دیا جاتا ہے تاکہ اس سے باندھی جانے والی لکڑی کو سنبھال سکے۔ bolt

بوَم (*bom*) [بُر۔فعلِ ناقص برائے تانیث] تھی، بوَ (*bo*) کا ماضی، ماضی بعید کی علامت۔

بوَنِس (*bónis*) [بُر۔اسم] پیڑا (دیکرَن، ص۴۴)، (محاورۃً) پست قد موٹا شخص۔

بوَنِس اِیتَس (*bónis étas*) [بُر۔محاورہ] پیڑا بنانا۔

بوَنِشوٗ (*bóniso*) [بُر۔اسم] دیکھیے بوَنِس (*bónis*) جس کی یہ جمع ہے۔

بوَین (*boyn*) [بُر۔اسم] زمانۂ بُت پرستی کا ایک جانور (دیکرَن، ص۶۸)، کُتے کے بچے کی شکل کا ایک جانور جو پرانے زمانے میں ہونزا میں ہوتا تھا جو چنار کے درختوں کی جڑوں میں سوراخیں بنا کر وہاں رہتا تھا اور لوگ اسلام آنے سے قبل اس کی پرستش بھی کرتے تھے اور نذر و نیاز کر کے ان سے حاجات بھی طلب کرتے تھے، اسلام آنے کے بعد یہ رسم بھی ختم ہوئی ہے اور جانور بھی ناپید ہو چکے ہیں۔

بوَیوٗ (*bóyo*) [بُر۔اسم] دیکھیے بوَین (*boyn*) جس کی یہ جمع ہے۔

بوَیوٗمُڈ (*bóyomuc*) [بُر۔اسم] دیکھیے بوَیوٗ (*bóyo*) یہ اس کی جمع کی ایک اور صورت ہے۔

ب۔و boo

بو (*bóo*) [بُر۔صوت] بچھڑے کی آواز۔

بو اِیتَس (*bóo étas*) [بُر۔محاورہ] بچھڑے کا آواز نکالنا۔

بوت (*bóot*) [بُر۔محاورہ] آسمان کا بادلوں سے صاف ہونا (۲) عزت، آبرو، نیکنامی (۳) جیت/کامیابی (دیکرَن، ص ۴۲)۔

بوت اِیتَس (*bóot étas*) [بُر۔محاورہ] نیکنامی لانا، آبرو پیدا کرنا، (کنایۃً) شرمندگی لانا، بدنامی لانا۔

بوت کَشی (*bóot kaši*) [بُر] یہ قرغز اور ازبکوں کا کھیل ہے جس میں ایک بکری کو ذبح کر کے میدان میں رکھ دیتے ہیں پھر گھوڑوں پر سوار ہو کر اسے اٹھا لیتے ہیں اور ایک دوسرے سے چھیننے کی کوشش کرتے ہیں، (لفظ بُزکَشی کا بگاڑ)۔

بوت نَماٗ (*bóot namá*) [بُر] بادوباران کے لیے تعویز لکھنا، بارش کے لیے منتر وغیرہ پڑھنا، (لفظ بادنامہ کا بگاڑ)۔

بوت نِیَس (*bóot niyas*) [بُر] آسمان کا بادلوں سے صاف ہونا، (محاورۃً) ناراضگی ختم ہونا، کدورت دُور ہونا۔

بوت ہَرَلْت (*bóot harált*) [بُر] آسمان صاف ہونا یا بارش برسنا، بادوباران۔

بوتَل (*bootál*) [انگ۔اسم] بوتل۔ bottle

بوترِ ہَرِیپ (*bóote hariip*) [بُر۔اسم] ایک خاص سُر یا راگ جو نیکنامی کی علامت کے طور پر بجایا جاتا ہے۔

بوچی (*bóoči*) [بُر] آسمان بادلوں سے صاف ہونے کی حالت، دھوپ کی حالت، وہ وقت جب آسمان پر بادل نہ ہوں، دھوپ میں (دیکرَن، ص۶۷)۔

بوڈ (*bóod*) [انگ۔اسم] تختہ (۲) مجلس، مجلس کے ارکان۔ board

بورِک (*boorín*) [انگ] سوراخ بنانا۔

بونڈِری (*boondiri*) [انگ۔اسم] حد، سرحد۔ boundary

بونَس (*boonás*) [انگ] مزدوروں یا حصہ داروں کا سالانہ انعام یا اضافی ادائیگی۔ bonus

بونوٗ (*bóono*) [بُر۔اسم] زیبون کا مخفف، ہونزا کی خواتین کے ناموں میں سے ایک نام۔

ب۔وٗ boó

بوٗ (*boó*) [بُر] دیکھیے بوٗوَس (*boówas*) جس کا یہ امر ہے۔

بوَٹ (booṭ) [بُر۔محاورہ] شرم کا احساس، حیا کا احساس (۲) غیرت کا احساس۔

بوَٹ ایَتَس (booṭ étas) [بُر۔محاورہ] شرم کا احساس دلانا، حیا کا احساس دلانا (۲) غیرت کا احساس دلانا۔

بوَر (boór) [بُر۔اسم] نمکین زمین، شورہ دار زمین۔

بوَر دُوَنَس (boór duúnas) [بُر۔محاورہ] زمین کا شورہ زدہ ہونا (۲) بنجر بننا (۳) زرخیزی ختم ہونا۔

بوَر دوَقَس (boór doóqas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے بوَر دُوَنَس (boór duúnas)۔

بوَرکِش (boórkiṣ) [بُر۔اسم] شورہ زدہ زمین، نمکین زمین (۲) علی آباد میں ایک جگہ کا نام۔

بوَس (boós) [بُر] قدرے کافی، قدرے پورا۔

بوَش (boóṣ) [بُر] زرخیزی کا فقدان، عدم زرخیزی (۲) کھیت میں پانی زیادہ ہونے کی وجہ سے کیچڑ بننا (۳) پرندہ/جہاز زمین پر بیٹھے۔

بوَش بوَش (boóṣ boóṣ) [بُر۔محاورہ] کھیت میں زرخیزی ختم ہونا۔

بوَش نِیَس (boóṣ níyas) [بُر۔محاورہ] کھیت میں پانی زیادہ ہونے کی وجہ سے زرخیزی ختم ہونا۔

بوَق (boóq) [بُر] تھوڑا سا ابھار، قدرے ابھار۔

بوَم (boóm) [بُر] دیکھیے بوَوَس (boówas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

بوَنوَ (boóno) [بُر۔اسم] گندھے ہوئے بالوں کا گولا۔

بوَنوَ ایَتَس (boóno étas) [بُر۔محاورہ] گندھے ہوئے بالوں کو لپیٹ کر گولا بنانا۔

بوَنوَمُڈ (boónomuc) [بُر۔اسم] دیکھیے بوَنوَ (boóno) جس کی یہ جمع ہے۔

بوَوَس (boówas) [بُر۔مص] پرندے کا زمین پر اترنا۔

بُ۔وَ bu

بُوَئکی (búyki) [بُر] موت کے بعد ادا کی جانے والی رسم میں بطور خیرات دی جانے والی روٹی۔

بُ۔و buu

بُو (búu) [بُر] پانی (بچگانہ زبان میں)۔

بُوتُراب (buuturáab) [بُر۔اسم] مٹی کا باپ، زمین کا باپ، یہ حضرت علیؑ کا لقب ہے جو آنحضورؐ نے آپ کو عطا فرمایا تھا۔

بُوٹ (búuṭ) [انگ] ٹخنے سے اونچا جوتا، انگریزی جوتے۔ boot

بُوٹ کَش (búuṭ kaś) [ف۔اسم] لوہا یا پلاسٹک کا ایک آلہ جو بوٹ پہننے میں کام آتا ہے۔

بُوٹ لیس (búuṭ lées) [انگ۔اسم] بوٹ کے تسمے، فیتے۔

بُوڈاَ بوڈی (buuḍabúuḍi) [بُر۔اسم] ایک قسم کی گھاس۔

بُوڈاَ بُوڈِموَ شَنیَک (búuḍa búuḍimo śanéṅ) [بُر] ایک کھیل جو عام طور پر لڑکیاں کھیلتی ہیں جس میں انگلیوں میں دھاگے ڈال کر مثلث اور مربع شکلیں بنائی جاتی ہیں جو کیاریوں سے ملتی جلتی ہیں۔

بُوڈِموَ شَنیَک ایَتَس (búuḍimo śanéṅ étas) [بُر] دیکھیے بُوڈاَ بُوڈِموَ شَنیَک (búuḍa búuḍimo śanéṅ)۔

بُوراَ (buurá) [ہ۔اسم] برادہ، سفوف، چورا۔

بُوری (buurí) [ہ۔اسم] بڑا تھیلا جو پٹ سن سے بنایا جاتا ہے۔

بُورِیولوَ گارڈَس (buuríwlo gáarċas) [بُر] ایک کھیل جس میں دونوں پاؤں بوری میں ڈال کر بھاگنے کا مقابلہ کرتے ہیں۔

بُویُمُڈ (búuẏumuc) [بُر۔اسم] دیکھیے بُویوَ (búuẏo) جس

کی اپنی جمع ہے۔

بُویوٗ (*búuyo*) [بُر۔اسم] گھاس، گندم یا جو کے گٹھوں کا اس طرح رکھا ہوا انبار جس کی جڑیں زمین پر ہوں اور خوشے اوپر کی طرف ہوں۔

بُ۔وٗ buú

بُوٹ (*buúṭ*) [بُر] ذرا زیادہ، قدرے زیادہ۔

بُوٹ مَناس (*buúṭ manáas*) [بُر۔محاورہ] قدرے زیادہ ہونا، ذرا زیادہ ہونا۔

بُوٹَن (*buúṭan*) [بُر] قدرے زیادہ، ذرا زیادہ۔

بُور (*buúr*) [بُر] غروب۔

بُورمَناس (*buúr manáas*) [بُر۔مص] غروب ہونا (۲) آنکھ لگ جانا۔

بُوری (*buúri*) [بُر۔اسم] چوٹی، پہاڑ کا سب سے اونچا سِرا۔

بُوشی (*buúśi*) [بُر] وہ گوری عورت جس کی آنکھیں قدرے نیلی ہوں۔

بُولوٗ (*buúlo*) [بُر۔صف] نیم گرم، ہلکا سا گرم۔

بُوم (*buúm*) [بُر۔صف] گاڑھا (۲) قدرے خشک، ذرا سوکھا ہوا۔

بُوم ایتَس (*buúm étas*) [بُر] قدرے گاڑھا بنانا، قدرے کثیف بنانا۔

بُوم مَناس (*buúm manáas*) [بُر] گاڑھا ہونا، کثیف ہونا۔

بُوناَ (*buúna*) [بُر] نوآباد۔

ب۔ہ

بَہار (*bahâar*) [ف۔اسم] پھول کھلنے اور شگوفے نکلنے کا موسم، خزاں کی ضد۔

بَہاری (*bahaari*) [بُر] دیکھیے بہار (*bahâar*) جس سے یہ منسوب ہے۔

بِہِشت (*bihiśt*) [ف۔اسم] جنّت، فردوس (۲) فضا کا مقام، عیش کی جگہ۔

بِہِشت مَناس (*bihiśt manáas*) [بُر۔محاورہ] جنّت بن جانا، سرسبز ہونا، عیش و آرام کی جگہ بننا۔

بِہِشتَر نِیَس (*bihiśtar níyas*) [بُر۔محاورہ] فوت ہونا، جنّت میں جانا، مرنا۔

بِہِشتی (*bihiśti*) [ف] بہشت کا رہنے والا، جنّتی۔

بِہِشتے مِیواَ (*bihiśte miiwá*) [بُر] جنّت کا پھل، میوۂ جنّت۔

بِہِشتے ہَوا (*bihiśte hawáa*) [بُر۔محاورہ] جنّت کی ہوا، خوشگوار ہوا، موسمِ بہار کی ہوا۔

بِہیل (*bihél*) [بُر۔کلمۂ تحسین] شاباش، آفرین، نیک دعا۔

بِہیل ایتَس (*bihél étas*) [بُر۔محاورہ] شاباش دینا، آفرین کرنا، نیک دعا دینا۔

بِہیلی (*biheli*) [بُر] وہ شخص جسے شاباش و آفرین ملے، وہ شخص جسے نیک دعائیں ملیں (۲) نیکنام۔

بِہیلی سُوَس (*biheli súwas*) [بُر۔محاورہ] تحسین و آفرین ملنا، نیک دعائیں حاصل کرنا۔

ب۔ء

بَئپَس (*baypas*) [بُر۔اسم] محل، قصر۔

دِینے بَئپَسے بِگَڈے تِک مَنے وآ نصیر
تاکہ یِتشُمآ دِینے آقا سِر کُیَک

ترجمہ: اے نصیر! قصرِ دین کے دروازے کی خاک بن جا تاکہ تُو دین کے مالک کے اسرار کا مشاہدہ کر سکے گا۔

ب۔ی bay, biy, buy

بَی (bay) [بُر۔فعل ناقص] وہ (ایک مرد) ہے (۲) [س] سردی، سرما۔
بَی تِن (bâytin) [بُر۔اسم] وہ ہڈی جو سینے سے شانے کی طرف جاتی ہے، سینے اور شانے کو ملانے والی ہڈی۔
بَی کُس (báykus) [بُر۔اسم] سرما، سرما کا موسم، جاڑے کا موسم۔
بَی کُسے (báykuse) [بُر] موسم سرما کے دوران، جاڑے کے موسم میں۔
بَی کُش (báykuş) [بُر] موسم سرما کی خاصیت، سردی کی خاصیت۔
بَی کُشے (báykuşe) [بُر] موسم سرما کے دوران، جاڑے کے موسم میں۔
بَیاَ (báya) [بُر] کیا وہ (مرد) موجود ہے؟۔
بَیاَ (bayá) [بُر] رفو کرنا، جراب کا نچلا حصہ بنانا۔
بَیاَ ایَتَس (bayá étas) [بُر۔محاورہ] رفو کرنا، جراب کے سوراخ کو دھاگے بُن کر بھرنا، جراب کا نچلا حصہ بنانا۔
بَیاَ نِیَس (bayá níyas) [بُر۔محاورہ] جراب میں سوراخ پڑنا، جراب کے نچلے حصے میں سوراخ پڑنا۔
بیائی (biyây) [بُر۔اسم] بیماری۔
بیاَئکِش (biyâykiş) [بُر۔محاورہ] بیمار رہنے والا (۲) حاملہ عورت۔
بِیاَیے غَلِیسے شَپِک ایَشْخاَی ضَمے غَلِیس اَتُلجَچاَی (biyâye ğalíise şapík eéşçay çháme ğalíis atúljaçay) [بُر۔کہاوت] بیمار شخص کے منہ کا ذائقہ خراب ہونے کی وجہ سے کھانا نہیں کھاتا ہے جب کہ بھوک کے بیمار کا پیٹ نہیں بھرتا ہے۔
بِیاَیے گمُن خُرڈُمُش چَلے گمُن تَمَشاَ (biyâye gamún qhurčumúş čále gamún tamaśá) [بُر۔کہاوت] بیماری کی جڑ زکام ہے لڑائی کی جڑ مذاق

ب

بیابان (biyaabáan) [ف۔اسم] غیر آباد علاقہ۔
بیابُرُو (biyaaburúu) [ف۔صف] بے حیا، بے عزت، بے حرمت، (بے آبرو کا بگاڑ)۔
بیابُرُو اِمَنَس (biyaaburúu imánas) [بُر۔محاورہ] بے حیا ہونا، بے عزت ہونا، بے حرمت ہونا۔
بیابُرُو ایَتَس (biyaaburúu étas) [بُر۔محاورہ] بے حیا کرنا، بے عزت کرنا، بے حرمت کرنا۔
بیاک (biyáak) [بُر۔اسم] محلے میں ایک ایسی جگہ جہاں لوگ مل بیٹھتے ہیں، جلسہ گاہ۔
بَیان (bayáan) [ع۔اسم] قول، مقولہ، گفتگو (۲) ذکر (۳) اظہار، شہادت (۴) مضمون۔
بَیان ایَتَس (bayáan étas) [بُر۔محاورہ] بیان کرنا۔
بَیانِنگ (bayáaniń) [ع، بُر] دیکھیے بیان (bayáan) جس کی یہ جمع ہے۔
بُیَت (buyát) [بُر۔اسم] دعا، استدعا، التجا، خواہش۔
بُیَت ایَتَس (buyát étas) [بُر۔محاورہ] دعا کرنا، التجا کرنا۔
بُیَت دُچَنَس (buyát duchánas) [بُر۔محاورہ] دعا قبول ہونا، التجا مستجاب ہونا، خواہش پوری ہونا۔
بَیَر (báyar) [بُر] موسم سرما کے لیے، سردیوں کے وقت کو۔
بیَرام (biyaráam) [بُر] بے چین، بے کل، بے صبر، (بے آرام کا بُرُوشسکی تلفظ)۔
بُیَس (búyas) [بُر۔مص] دیکھیے بُیَیَس (buyâyas)۔
بیقوپ (biiqúup) [بُر۔صف] دیکھیے بی قوپ (biiqúup)۔
بَیَنگ (bayáń) [بُر] دیکھیے بیاَ (bayá) جس کی یہ جمع ہے۔
بُیَل (buyál) [بُر۔اسم] زلزلہ۔
بیُلتُر (bayúltur) [بُر۔اسم] نمک کی کان۔

بَیُلتُرَکْ (bayûlturan̈) [بُر۔اسم] دیکھیے بَیُلتُر (bayûltur) جس کی یہ جمع ہے۔

بُیَم (buyâm) [بُر] سوکھی ہوئی/سوکھا ہوا۔

بُیَم ھوی (buyâm hoy) [بُر۔اسم] سوکھی ہوئی ساگ۔

بُیَمِکْ (buyâmin̈) [بُر] دیکھیے بُیَم (buyâm) جس کی یہ جمع ہے۔

بَیُو (bayû) [بُر۔اسم] نمک۔

بَیُو ایتَس (bayû étas) [بُر] طعام میں نمک ملانا۔

بَیُو چِل (bayû chil) [بُر۔اسم] نمکین پانی۔

بَیُو شَو مَناس (bayû ṣaw manâas) [بُر۔محاورہ] طعام میں نمک کی مقدار زیادہ ہونا۔

بَیُو مَناس (bayû manâas) [بُر۔محاورہ] طعام میں نمک ہونا (۲) کسی بات کا با اثر ہونا۔

بِییِن (biyén) [بُر] دیکھیے بِیٔ (bi) جس کی یہ جمع ہے۔

بِیینَم (biyénum) [بُر۔صف] باریک، پتلا۔

بِیینَم پا (biyênum pa) [بُر] باریک سرے کی جانب۔

بِیینَم کُش (biyénum kuṣ) [بُر۔صف] باریکی، پتلا پن۔

بِییٔکو (biyêyko) [بُر] باریک، پتلے/پتلی، تیز دیکھیے بِیینَم (biyênum) جس کی یہ جمع ہے۔

بُیَیَس (buyâyas) [بُر۔مص] سوکھ جانا، خشک ہونا۔

بُیی (buyii) [بُر۔اسم] شانہ (۲) لکڑی کا بیلچہ نما اوزار جو چکی میں آٹا اٹھانے میں کام آتا ہے۔

bi ب۔یٔ

بیٔ اَدَپ (biadâp) [ف،بُر۔صف] گستاخ، شریر، دوسرے کا لحاظ نہ کرنے والا۔ (بے ادب کا بگاڑ)۔

بیٔ دَم اِمَنَس (bidâm imánas) [بُر۔محاورہ] بے جان ہونا، تھکا ماندہ ہونا۔

بیٔ دَم ایتَس (bidâm étas) [بُر۔محاورہ] بے جان کرنا، تھکا دینا، ختم کرنا، ست کرنا۔

بیٔ عَقَل (biâqal) [ف،بُر۔صف] ناسمجھ، کم فہم، احمق، نادان، بے وقوف۔

بیٔ مَزا (bimazâ) [ف،بُر۔صف] بے ذائقہ، بے لطف، خراب، ناساز، علیل۔

bii ب۔ی

بی اَندازا (biiandaazá) [ف۔صف] حد سے زیادہ، بے حساب، بے شمار۔

بی باپو (biibáayo) [بُر۔صف] نالائق، نکما، بے کار، سست، ناکارہ۔

بی باپو مُڈ (biibáayomuc) [بُر] دیکھیے بی باپو (biibáayo) جس کی یہ جمع ہے۔

بی بُوچ (biibúuc) [بُر] بے اجازت، بغیر دریافت کیے (۲) ضائع کرنا، (بے پوچھ کا بگاڑ)۔

بی بوچ مَناس (biibûuc manâas) [بُر۔محاورہ] مرضی کے مالک بننا، کسی چیز کے بارے میں کسی سے نہ پوچھنا۔

بی پَردا (biipardâ) [ف،بُر۔صف] بے نقاب۔

بی پَردا ایتَس (biipardá étas) [بُر۔محاورہ] بے نقاب کرنا۔

بی پَروا (biiparwâa) [ف۔صف] بے نیاز، بے خوف، غافل، بے فکر۔

بی پَروائی (biiparwaayí) [ف] آزادی، بے فکری، غفلت۔

بی پَھیص (biiphâys) [ف۔صف] شوم، بخیل، کنجوس (۲) جس

سے کوئی فائدہ نہ پہنچے، بے برکت، (بے فیض کا بگاڑ)۔

بی تاپ (biitáap) [ف، بُر۔صف] بے چین، بے کل، مضطرب، (لفظ بے تاب کا بگاڑ)۔

بی تَحاشاً (biitahaaśá) [ف۔متعلق فعل] مضطربانہ، بے تابانہ (۲) بے اطمینانی سے۔

بی تَھمِیس (biithamíis) [بُر۔صف] بدتمیز، بے سلیقہ، بدلحاظ، بے ادب، (لفظ بدتمیز کا بگاڑ)۔

بی جان (biijáan) [ف۔صف] مردہ، مرا ہوا (۲) جمادات۔

بی حِساپ (biihisáap) [ف، بُر۔صف] لاانتہا، بے شمار، بے اندازہ۔

بی حَد (biihád) [ف۔صف] بے حد، حد سے بڑھ کر۔

بی حَیا (biihayáa) [ف۔صف] بے حیا، بے شرم، بے ادب، گستاخ۔

بی حَیائی (biihayaayí) [ف، بُر۔اسم] بے حیائی، بے شرمی۔

بی خَبَر (biiqhabár) [ف۔صف] لاعلم، ناواقف، غافل (۲) بے وقوف، بے عقل، بے خبر، بے حوش۔

بی خَوف (biiqhawf) [ف۔صف] بے خوف، بے خطر۔

بی دَرَک (biidarák) [ف۔صف] نامعلوم، جس کا اتا پتا نہ ہو۔

بی دِل (biidíl) [ف۔صف] ڈرپوک (۲) رنجیدہ، دل گیر (۳) ناخوش، افسردہ، مغموم (۴) عاشق۔

بی دِین (biidíin) [ف۔صف] بے دین، کافر، بے مذہب۔

بی رام (biiráam) [ف، بُر۔صف] ظالم، بے درد، سفاک، (لفظ بے رحم کا بگاڑ)۔

بی رَحم (biiráham) [ف] دیکھیے بی رام (biiráam)۔

بی رَنگ (biirán̂) [ف، بُر۔صف] بغیر رنگ کے (۲) وہ خط یا لفافہ جس پر ڈاک کا ٹکٹ نہ ہو۔

بی رُوزگار (biiruuzgáar) [ف۔صف] جس کی آمدنی کا کوئی ذریعہ نہ ہو، نوکری سے موقوف شدہ۔

بی رونَق (biiroonáq) [ف۔صف] بے لطف، بغیر چہل پہل کے ہونا۔

بی زبان (biizabáan) [ف۔صف] خاموش، کم سخن، کم بولنے والا (۲) گونگا (۳) حیوان (۴) جو اپنا حالِ دل بیان نہ کر سکے (۵) مسکین۔

بی زَت (biizát) [ف، بر۔صف] ذلیل، خوار، رسوا، بدنام، بے آبرو، بے قدر۔

بی زَتی (biizatí) [بُر۔اسم] دیکھیے بی زَت (biizát) جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔

بی سُوت (biisúut) [ف، بُر۔صف] بے فائدہ، بے نتیجہ، عبث، (بے سود کا بگاڑ)۔

بی شَرُم (biiśárum) [ف۔صف] بے حیا (۲) بے ادب، گستاخ۔

بی شُمار (biiśumáar) [ف۔صف] بے حساب، ان گنت، بے اندازہ۔

بی شیک (biiśék) [ف۔صف] بلاشبہ، یقینی، لازمی، صحیح، درست (بے شک کا بگاڑ)۔

بی صَبُر (biisábur) [ف۔صف] بے صبر۔

بی عَقَل (biiáqal) [ف۔صف] ناسمجھ، کم فہم، احمق، نادان، بے وقوف۔

بی غَریَت (biiğaryát) [ف۔صف] بے غیرت، بے حمیت، بے شرم، بزدل، بے حیا۔

بی غَریَتی (biiğaryatí) [ف۔صف] بے غیرتی۔

بی غَم (biiğám) [ف۔صف] بے غم، بے پرواہ، آزاد خیال۔

بی غَم مَناس (biiğam manáas) [بُر۔محاورہ] بے غم ہونا، بے پرواہ ہونا، بے فکر بننا۔

بی قابوٗ (biiqaabú) [ف۔صف] قابو سے باہر، اپنے بس سے باہر، خودمختار، آزاد۔

بی قابوٗ مَناس (biiqaabú manáas) [بُر۔صف] بے قابو ہونا۔

بی قاقَرُم (biiqáaqarum) [بُر۔صف] بے ادب، گستاخ، شریر، بے شرم۔

بی قائداَ (biiqaaydá) [ف،بُر۔صف] اصول کے خلاف، دستور کے خلاف، بے ترتیب، بے موقع۔

بی قَدَر (biiqádar) [ف۔صف] بے عزت، بے رتبہ، ناچیز۔

بی قَرار (biiqaráar) [ف۔صف] بے قرار۔

بی قُصُور (biiqusúur) [ف۔صف] بے خطا، بے جرم، بے گناہ، پاک۔

بی قُوپ (biiqúup) [ف،بُر۔صف] کم عقل، احمق، نادان، (بے وقوف کا بگاڑ)۔

بی کار (biikáar) [ف۔صف] نکما، ناکارہ (۲) ناقص، خراب (۳) بے روزگار (۴) فضول، خالی۔

بی کاریٔ (biikaarí) [ف۔اسم] بے کاری۔

بی گنا (biigunáa) [ف۔صف] بے گناہ، ناحق، بے قصور، بے جرم۔

بی لِحاس (biiliháas) [ف،بُر۔صف] بے شرم، بے حیا (۲) گستاخ، بے ادب، بے مروت، (بے لحاظ کا بگاڑ)۔

بی لُوم (biilúum) [بُر۔صف] کمزور، ضعیف، ناتوان، لاغر۔

بی مان (biimáan) [ف،بُر] دیکھیے بیئمان (beymáan)۔

بی مَانیٔ (biimaaní) [ف،بُر۔صف] بے ایمانی (۲) مہمل، لغو، بیہودہ۔

بی مِثال (biimisáal) [ف۔صف] بے نظیر، لاجواب۔

بی مَزاَ (biimazá) [ف۔صف] دیکھیے بیٔ مزاَ (bimazá)۔

بی نِیاز (biiniyáaz) [ف۔صف] مُستغنی (۲) بے پروا، بے طمع، بے غرض، جو کسی کا محتاج نہ ہو۔

بی وَجاَ (biiwája) [ف۔صف] بغیر کسی سبب کے۔

بی وَطَن (biiwatán) [ف۔صف] ملک سے نکالا ہوا، پردیسی۔

بی وَفا (biiwafáa) [ف۔صف] وہ شخص جو دوستی کا حق ادا نہ کرے، بدعہد، (بے وفا کا بگاڑ)۔

بی وَفائی (biiwafaayí) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے بی وَفا (biiwafáa) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بی ہِمَّت (biihimmát) [ف۔صف] کم حوصلہ، پست ارادہ (۲) سُست، کاہل، بزدل۔

بی ہُنَر (biihunár) [ف۔صف] وہ شخص جسے کچھ نہ آتا ہو، نکما اور پھوہڑ۔

بی ہُودَا (biihudá) [ف۔صف] ناحق، لغو، واہیات، بے فائدہ، (بیہودہ کا بگاڑ)۔

بی ہُوش (biihúuś) [ف۔صف] بے خبر، ناواقف، غافل (۲) بدحواس، فریفتہ (۳) کم سن۔

بی ہُوش اِمَنَس (biihúuś imánas) [بُر۔محاورہ] ہوش کھو جانا، بدحواس ہونا، بے خبر ہونا، ناواقف ہونا۔

بی ھیَر (biihér) [بُر۔صف] بے ہوش، نادان، ناواقف، غافل، بے عقل۔

بی ھیَر مَناس (biihér manáas) [بُر۔محاورہ] نادان بننا، ناواقف رہنا، غافل رہنا، بے ہوش رہنا، بے عقل رہنا۔

بی ھیَرِشوٗ (biihériśo) [بُر۔صف] دیکھیے بی ہیَر (biihér) جس کی یہ جمع ہے۔

بی ھیَری (biiherí) [بُر۔اسم] دیکھیے بی ہیَر (biihér) جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔

بی ھیَری ایَتَس (biiherí étas) [بُر۔محاورہ] نادانی کرنا، ناواقف رہنا، غافل رہنا، بے خبر رہنا۔

بیروٗ (bíiro) [بُر۔اسم] مرغا/پرندہ (۲) [صف] دلیر (۳) زوردار۔

بیروٗباتوٗ (biirobáato) [بُر۔صف] ایک دم ویران، برباد، نیز دیکھیے بَرباتوٗ (barbáato)۔

بیروٗمُڈ (bíiromuć) [بُر] دیکھیے بیروٗ (bíiro) جس کی یہ جمع ہے۔

بیک (bíik) [بُر۔اسم] سردار، امیر، ایک باعزت لقب، یہ (یائے مجہول) فارسی لفظ بیگ ہے۔

بیگانا (biigaaná) [ف۔صف] غیر، پرایا، دوسرے کا، اجنبی، پردیسی۔

بیݣ (bíiṅ) [بُر۔اسم] توت کا پوڈر، سکھائے ہوئے توت کو کوٹ کر بنایا ہوا سفوف۔

بیݣ ایَتَس (bíiṅ étas) [بُر۔محاورہ] سکھائے ہوئے توت کو کوٹ کر سفوف بنانا۔

بیݣ دَغوٗوَکُرے ایَتَس (bíiṅ dağówaṅe étas) [بُر۔محاورہ] گرم جوشی کے ساتھ رخصت کرنا (۲) گرم جوشی کے ساتھ خوش آمدید کہنا (۳) ہونزا کی رسم کے مطابق نیک شگونی کے لیے سر اور کندھے پر آٹا ڈال کر رخصت کرنا یا خوش آمدید کہنا (۴) سر سے ہٹانا، سر سے بوجھ اتارنا۔

بیم (bíim) [ف۔اسم] خوف (۲) شہتیر، کڑی۔

بیم دیَسمَنَس (bíim désmanás) [بُر۔محاورہ] شہتیر بنانا، کڑی بنانا۔

بیم وَشِیَس (bíim wášiyas) [بُر۔محاورہ] شہتیر ڈالنا، کڑی رکھنا۔

بِیمار (biimáar) [ف۔صف] مریض، علیل (۲) عاشق (۳) خستہ (۴) دکھی۔

بِیمارِشوٗ (biimáarišo) [بُر۔صف] دیکھیے بیمار (biimáar) جس کی یہ جمع ہے۔

بِیماری (biimaarí) [ف۔اسم] مرض، علالت، علت۔

ب ۔ یِ bií

بِیچ (bííç) [بُر۔اسم] کنارہ، آخری حد۔

بِیچِے اِیَل ڈُم (bííçe iil ćum) [بُر۔محاورہ] کنارے سے، آخری حد سے۔

بِیَر (biír) [بُر] تھوڑا سا لبالب، قدرے لبالب نیز دیکھیے بِر (bir) جس میں بِیَر (biír) تھوڑی سی کمی/قدرے کے معنی پیدا کرتا ہے۔

بِیَک (biík) [بُر۔اسم] بید مجنوں، بید کا درخت (۲) تھوڑا سا خوفزدہ، ذرا سا خوفزدہ۔

بِیَکِچِݣ (biikićiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے بِیَک (biík) (معنی نمبر ۱) جس کی یہ جمع ہے۔

بِیَل (biíl) [بُر] کسی چھوٹی یا پتلی چیز کو قدرے لٹکانا، ذرا سا لٹکانا (۲) تھوڑا سا لبالب کرنا، قدرے بھرنا نیز دیکھیے بِیَر (biír)۔

ب ۔ يِ

بِيِ (biẏ) [بُر] دیکھیے بِيِ مَناس (biẏ manáas) یہ اس عمل کا نام ہے۔

بِيِ مَناس (biẏ manáas) [بُر] سردی کی وجہ سے دودھ کا جم جانا۔

نخ بستہ ہو جانا۔

بُیَس (búyas) [بُر۔مص] سوکھنا، خشک ہونا۔

ب۔ بے be

بے (be) [بُر۔حرف استفہام] کیا (۲) کیسا (۳) کس کا/کی (۴) جو کہ، جیسا کہ (۵) کا ہے کے/کی، کہاں۔

بے اُچوٗک دَغائکوے سِس شُچانا
(be uchôn dagâykuwe sis şúçáana)
[بُر۔کہاوت] ضروری نہیں کہ جن کے پاؤں موٹے ہوں (شکل میں خوف ناک ہوں) وہ انسانوں کو کھاتے بھی ہوں۔

بے چَغا (be çága) [بُر۔کلمۂ تحسین] کیا کہنا، کیا بات ہے، اسے طنزاً بھی استعمال کرتے ہیں۔

بے دِیا (be díya) [بُر۔محاورہ] کیا ذمہ داری ہے (۲) کیا کام ہے۔

بے دیسی (be dési) [بُر۔محاورہ] کیا نصیب، کیا قسمت۔

بے رای (be ray) [بُر۔محاورہ] کس کا دل چاہے گا، کون چاہے گا۔

بے زَیلَٹے کے (be záylaṭe ke) [بُر۔مف] کسی بھی طرح سے (۲) کسی بھی انداز پر (۳) کسی بھی حال میں۔

بے زَیلے (be záyle) [بُر۔مف] کیسے، کس طرح (۲) کس انداز پر (۳) کس حال میں۔

بے شِمی (be şími) [بُر۔محاورہ] کیا بگاڑا، کیا نقصان کیا۔

بے گآر (be gaár) [بُر۔محاورہ] کیا پرواہ، کیا فکر، کیا غم۔

بے نِچی (be níĉi) [بُر۔محاورہ] کیا بگڑے گا، کیا ہوگی/ہوگا، کیا نقصان ہوگا۔

بے نِمی (be nimi) [بُر۔محاورہ] دیکھیے بے نِچی (be níĉi) جس کی یہ ماضی ہے۔

بے یُوٗرُش (be yuúruş) [بُر۔محاورہ] اس کی کیا ذمہ داری ہے/

تھی۔

بیپائ (bépay) [بُر۔اسم] خوش گاؤ۔

بیپائیشوٗ (bépayíšo) [بُر۔اسم] دیکھیے بیپائ (bépay) جس کی یہ جمع ہے۔

بیپائے پَلوٗس (bépaye palós) [بُر۔اسم] وہ پَلاس (ٹاٹ) جو خوش گاؤ کے بالوں سے بنا ہو، بروشسکی میں پَلوٗس (palós) اس ٹاٹ کے جوڑے کو کہا جاتا ہے، اگر ایک ٹاٹ ہو تو اسے بَر (bar) کہا جاتا ہے، پَلوٗس فارسی لفظ پلاس کا وخی تلفظ ہے، بروشسکی میں اسے شَرما (šarmá) بھی کہا جاتا ہے۔

بیپائے شَرما (bépaye šarmá) [بُر۔اسم] دیکھیے بیپائے پَلوٗس (bépaye palós)۔

بیپائے ھُچوٗ (bépaye húĉo) [بُر۔اسم] وہ موزے جو خوش گاؤ کے چمڑے سے بنائے جاتے تھے۔

بیچوٗق (béĉoq) [بُر۔کلمۂ استفہام] کیا خیال ہے، کیا رائے ہے (۲) آیا، کیا۔

بیرِچوٗ (béričo) [بُر۔اسم] دیکھیے بیرِڈ (béric) جس کی یہ جمع ہے۔

بیرِچوٗ مَن (bériĉo man) [بُر۔اسم] بروشو گھر کے بنیادی طور پر چھ حصے ہوتے ہیں: مثلاً کُھنجی (khúnji) (۲) یوٗرچی (yórĉi) (۳) شِیتی (šiti) (۴) اُیم مَن (uyúm man) (۵) جوٹ مَن (jot man) (۶) بیرِچوٗ مَن (bériĉo man)۔ سب سے پائینی حصے کو بیرِچوٗ مَن کہا جاتا ہے جو بیرِچوٗ (bériĉo) کے بیٹھنے کی جگہ ہے، وخی گھر میں ان چھ بنیادی حصوں کے ساتھ دُلدوٗک (duldón) کا اضافہ ہوتا ہے۔

بیرِڈ (béric) [بُر۔اسم] ہونزا میں لوہار اور موسیقار جیسے ہنرمندوں پر مشتمل ایک قوم کا نام۔

بیِرسکی (bériski) [بُر۔اسم] بیرِڈ (béric) کی طرح، بیرِڈ کی زبان۔

بیِرسکی مَن (bériski man) [بُر] دیکھیے بیرِچو مَن (bérićo man)۔

بیِرشَل (bérišal) [بُر۔اسم] وہ جگہ جہاں بیرِچو (bēríčo) کی قوم آباد ہے، موجودہ مومن آباد۔

بیِرکُڈ (bérikuç) [بُر۔اسم] ہونزا کی غذاؤں میں سے ایک مشہور غذا۔

بیَس (bes) [بُر۔کلمۂ استفہام] کیوں، کس لیے، کس وجہ سے۔

بیَس کے (bes ke) [بُر] کچھ بھی (۲) کیونکہ۔

بیَس کے بے (bes ke bée) [بُر] کچھ بھی نہیں۔

بیَسِک (bésik) [بُر۔کلمۂ استفہام] کیا چیزیں، کونسی چیزیں (یہ لفظ غیر انسان یعنی حیوان یا اشیا کے لیے استعمال ہوتا ہے)۔

بیَسکی (béski) [بُر] جیسا بھی، جو بھی۔

بیَسَن (bésan) [بُر۔کلمۂ استفہام] کیا، کیا (چیز)، کیا (بات)، کیا (کام) وغیرہ۔

بیَسَنے (bésane) [بُر] کس چیز کا/کی، کس کام کا/کی، کس بات کا/کی، کس چیز نے۔

بیَسَنے ایئکِنَس (bésane éykinas) [بُر۔محاورہ] (نیکی یا بدی کا) القا ہونا، الہام ہونا، ادراک ہونا، کسی مؤکل کا سکھانا۔

بیَسے (bése) [بُر۔کلمۂ استفہام] کیوں، کس لیے، کس واسطے۔

بیَسے کے (béseke) [بُر] کیونکہ، اس لیے کہ، اس لحاظ سے کہ۔

بیَشکی (béški) [بُر] کیا خیال ہے، کیا رائے ہے، کس حال میں، کس طرح، کیسا۔

بیَشکِیَن (béškiyan) [بُر۔کلمۂ استفہام] کیسا، کس قسم کا/کی، کس نوعیت کا/کی۔

بیَشَل (béšal) [بُر۔کلمۂ استفہام] کب، کس وقت۔

بیَشَل پُرمو (béšal púrmo) [بُر] کب کا، کب سے، مدتوں پہلے، کسی زمانے میں۔

بیَشَل پُورمے (béšal púrme) [بُر] کب سے، مدتوں پہلے، کسی زمانے میں۔

بیَشَل کُلی (béšal kúli) [بُر] کبھی بھی، ہرگز، کسی وقت بھی، زندگی بھر۔

بیَشَل مو (béšalmo) [بُر] مدتوں پہلے کا/کی، کسی زمانے کا/کی (۲) کس زمانے کا/کی، کب کا/کی۔

بیَشَل مِیَرن کُلی ہِک مِیَرچَبان

(béšal miíran kúli hik miírčbaan)

[بُر۔کہاوت] موت صرف ایک بار آتی ہے، موت بار بار نہیں آتی۔

بیَشَل بیَشَل (béšal béšal) [بُر] کبھی کبھی، گاہ بگاہ، وقتاً فوقتاً۔

بیَشَلَر (béšalar) [بُر۔کلمۂ استفہام] کب، کس وقت، کب تک۔

بیَل (bel) [بُر۔اسم] نسل، ذریت، اولاد (۲) دیکھیے بیلَس (bélas) جس کا یہ امر ہے (۳) گھنٹی (bell)۔

بیَل گارڈس (bel gáarčas) [بُر۔محاورہ] دم بریدہ ہونا، نسل ختم ہونا، ذریت کٹ جانا۔

بیَل نِیَس (bel níyas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے بیَل گارڈس (bel gáarčas)۔

بیَل نِم (bel nim) [بُر۔مفعول] لاولد، دُم بریدہ، وہ جس کی ذریت باقی نہ رہی ہو۔

بیلتُرُم (bélturum) [بُر] کتنا، کس حد تک، کہاں تک۔

بیلتُرُمَن (bélturuman) [بُر] دیکھیے بیلتُرُم (bélturum)، یہاں "ن" علامتِ وحدت ہے۔

بیلٹ (belṭ) [انگ۔اسم] پٹی، کمر بند (۲) خطہ، قطعہ زمین۔

بیلَٹُم (bélaṭum) [بُر] دیکھیے بیلَٹے (bélaṭe)۔

بیلَٹے (bélaṭe) [بُر] کس طرح، کیسے، کس لحاظ سے۔

بیلَٹے کے (bélaṭe ke) [بُر] جیسا بھی ہو، ہر حالت میں، ہر لحاظ سے۔

بیلُجکن (bêljikan) [بُر] کیسا، کس قماش کا، کس قسم کا/کی۔
بیلُجکُو (bêljuko) [بُر] کس قسم کے/کی، کس قماش کے/کی، کس نوعیت کے/کی۔
بیلُجکُئک (bêljukuyk) [بُر] کس قسم کے/کی، کیسی، کس نوعیت کے/کی۔
بیلُچ (belç) [بُر۔اسم] زرہ۔
بیلُچ بیلا کے دَن ایشی اَکی
(belç bêla ke dan êši aki) [بُر۔کہاوت] تخت یا تابوت، ہرچہ بادا باد۔
بیلُچ بیلَس (belç bêlas) [بُر۔محاورہ] زرہ پہننا (۲) بہت سخت ثابت ہونا، ٹَس سے مَس نہ ہونا، اثر نہ ہونا۔
بیلَس (bêlas) [بُر۔مص] پہننا (۲) ایک ساتھ کسی کام میں لگ جانا (۳) ہجوم کی صورت میں پھیل جانا (۴) یلغار کرنا، مویشوں کا چرنے کے لیے ہجوم کرنا۔
بیلِس (bêlis) [بُر۔اسم] بھیڑ، گوسفند۔
بیلَشو (bêlašo) [بُر] دیکھیے بیلَس (bêlas) جس کی یہ جمع اور فاعل ہے۔
بیلِشو (bêlišo) [بُر۔اسم] دیکھیے بیلِس (bêlis) جس کی یہ جمع ہے۔
بیلُلُم (bêlulum) [بُر] جوار اور باجرہ وغیرہ کی وہ فصل جس کی کاشت موسم بہار میں کی جاتی ہے۔
بیلُم (bêlum) [بُر] دیکھیے بیلَس (bêlas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔
بینجُو (benjû) [انگ۔اسم] بجتارا، موسیقی کا آلہ۔ banjo
بینچ (benĉ) [انگ۔اسم] بنچ، میز (۲) عدالت جج کی کرسی۔ bench
بینچِشو (bênĉišo) [بُر] دیکھیے بینچ (benĉ) (معنی نمبرا) جس کی یہ جمع ہے۔

بینک (beṅk) [انگ۔اسم] وہ دکان یا کمیٹی جو روپیہ کا لین دین کرتی ہے اور جہاں لوگ روپیہ امانت رکھتے ہیں۔ bank
بیئمان (bêymaan) [بُر۔صف] بے دین، دغاباز، جھوٹ، مکار، ناانصاف، (بے ایمان کا بگاڑ)۔
بییَسکی (bêyaski) [بُر۔کلمۂ استفہام] ہم اقراری ہم انکاری (۲) آیا، کیا، کیوں (۳) آپ کے خیال میں، آپ کی رائے میں، یہ کسی جملے میں شکوہ کا مفہوم پیدا کرنے کے لیے بھی آتا ہے مثلاً
بییَسکی گور لیَل اَپِما
(bêyaski góor leél apíma) کیا آپ کو معلوم نہیں تھا (بلکہ معلوم تھا)۔

بییَسکی جا شُل اُیام تِھی کے اَیاوَر مُدام
قو دُکوِیَل صُبحُ و شام جوَر ژُو لے جا جی فدا

دیوانِ نصیری (بُروشسکی)، ص ۲۷۔
ترجمہ: کیوں! اے میرے معشوق تیری محبت بہت شیرین ہے مجھے بلاسبب مت رُلا اے معشوق جلدی آ میری جان تجھ سے قربان ہو میری فریاد کو صبح وشام سن لے۔
بییَکے (bêyake) [بُر] جیسا کہ (۲) ایسا کہ، اس حال میں کہ، گویا کہ۔
بییَم (bêyam) [بُر۔کلمۂ تعجب] نہ معلوم، معلوم نہیں (۲) آیا، کیا۔
بییَما (bêyama) [بُر۔کلمۂ تعجب] دیکھیے بییَم (bêyam)۔

ب - ے bee

بے (bée) [بُر۔کلمۂ نفی] نہیں، جی نہیں (نفی کے معنوں میں اکثر لفظوں کے پہلے آتا ہے)
بے آبات (bée abâat) [ف، بُر۔صف] غیر آباد، بنجر۔
بے اَثَر (bée asăr) [ف۔صف] جس کا اثر نہ ہو، بے کار، بے فائدہ۔

بے بَس (bée bas) [اُر۔صف] بے اختیار، بے چارہ، مجبور، بے یارو مددگار۔

بے بَس اِمَنَس (bée bas imánas) [بُر۔محاورہ] بے اختیار ہونا، بے چارہ ہونا، مجبور ہونا، بے یارو مددگار ہونا۔

بے بی (beebí) [انگ۔اسم] شیر خوار، ننھا، دودھ پیتا بچہ۔ baby

بے چا (béečaa) [بُر۔کلمۂ استفہام] کیا کرتے ہو۔

بے چُماَ (béečuma) [بُر۔کلمۂ استفہام] تو کیا کرے گا، تو کیا کر سکتا ہے۔ یہ دراصل بیسَن ایچُماَ (bésan éčuma) کا مخفف ہے۔ یہ لفظ دو حالتوں میں استعمال ہوتا ہے (الف) کسی کو چیلنج کرنے یا للکارنے کے لیے (ب) کسی کی بے بسی میں ہمدردی اور خیر خواہی کے اظہار کے لیے۔

بے چَناَ (béečana) [بُر] ہم کیا کریں، ہمارا کیا تعلق ہے، کوئی بات نہیں۔ یہ دراصل بیسَن ایچَن (bésan éčan) کا مخفف ہے اور کسی کام یا ذمہ داری سے لاتعلقی کے اظہار کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

بے حال (bée háal) [ف۔صف] بیمار (۲) جاں بلب، مرنے کے قریب (۳) برباد، تباہ (۴) ضعیف، شکستہ۔

بے حَت (bée hat) [ف، بُر۔صف] دیکھیے بی حد (bíi had) (یہ اس کا بگاڑ ہے)۔

بے کے بُش دِشَم بے کے بُش بِرَقِچَم

(bée ke buś díśam bée ke buś biráqičam)

[بُر۔کہاوت] یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب دوسرا فریق ہر قیمت پر اپنی بات منوانے کی کوشش کرے اور ضد سے باز نہیں آئے۔

بے گر (beegár) [بُر] وہ شخص جس کا گھر نہ ہو، (بے گھر کا بگاڑ)، بروشسکی تلفظ میں "ھ" ساقط ہوا ہے۔

بے مَعنی (bée maaní) [ف۔صف] مہمل، لغو، بیہودہ، بے سروپا۔

بے یاَ (bée ya) [بُر۔کلمۂ نفی] نہیں، انکار۔

بیٹ (bet) [انگ۔اسم] بلا، کرکٹ کا بیٹ۔ bat

بیٹری (beetrí) [انگ۔اسم] برقی مورچہ، برقی سیل۔ battery

بیج (béej) [انگ۔اسم] بلا، نشان، علامت جو پولیس اور فوج کی وردی پر ہوتی ہے۔ badge

بیڈ مینٹَن (bedmentán) [انگ۔اسم] ٹینس کی طرح کا ایک کھیل۔ badminton

بیر (béer) [اُر۔اسم] بیری، بیر کا درخت۔

بیر چُکو (béerčuko) [بُر] کتنے بڑے/بڑی، کس قدر بڑے/بڑا (۲) کتنے چھوٹے/چھوٹی، کس قدر چھوٹے/چھوٹی۔

بیر چُکُیک (béerčukuyk) [بُر] دیکھیے بیر چکو (béerčuko) یہ یہاں آخری حرف "ک" علامتِ تبعیض ہے۔

بیرُس (béerus) [بُر۔کلمۂ استفہام] کس عمر کا/کی، کتنے سال کا/کی (۲) کتنا بڑا/چھوٹا۔

بیرِسٹَر (beeristár) [انگ۔اسم] بیرسٹر، اعلیٰ درجے کا وکیل۔ barrister

بیرُسَن (béerusan) [بُر] دیکھیے بیرُس (béerus)، یہاں "ن" علامتِ وحدت ہے۔

بیساَ (béesa) [بُر۔کلمۂ استفہام] ٹھیک ہے۔

بیرُکُڈ (béerukuč) [بُر] کتنے دن، کتنے دن تک، یہ دراصل بیرُم گنڈِک (béerum gunčiŋ) کا مخفف ہے۔

بیرَل (beerál) [انگ۔اسم] پیپا (۲) بندوق کی نلی۔ barrel

بیرُم (béerum) [بُر۔کلمۂ استفہام] کتنا/کتنے/کتنی، کس قدر۔

بیرُم کُم (béerum kum) [بُر] کتنے جوڑے۔

بیرُمَن (béeruman) [بُر] دیکھیے بیرُم (béerum)۔

بیرُمَن شَکَر گِماَ کے تیرُمَن اُیم میئمی

(béeruman śákar gima ke teéruman

uyám meéymi) [بُر۔کہاوت] جتنا گُڑ ڈالوگے اُتنا میٹھا ہوگا۔

بیکِری (beekiri) [انگ۔اسم] بیکری، تنور، روٹی، کیک وغیرہ پکانے کی جگہ۔ bakery

بیگ (béeg) [ت۔اسم] آدمی کا نام (۲) [انگ] تھیلا، بورا۔ bag

بیگ پائپ (béeg páyp) [انگ۔اسم] مشک بین، بیگ پائپ۔ bagpipe

بیلینس (beeléns) [انگ۔اسم] ترازو، توازن۔ balance

بینڈ (béend) [انگ۔اسم] پٹی (۲) بینڈ باجہ۔ band

بینڈ ماسٹر (béend maastér) [انگ۔اسم] بینڈ کا استاد۔ bandmaster

ب۔ے beé

بیَس (beés) [بُر۔کلمۂ استفہام] کیوں۔

بیَسَن (beésan) [بُر۔کلمۂ استفہام] دیکھیے بیَسَن (bésan) یہ اس کی ایک شکل ہے، عموماً غصّے یا جھنجلاہٹ کے وقت اس طرح کہا جاتا ہے۔

بیَس (beéṣ) [بُر۔اسم] ناچ، رقص (۲) ناز وانداز۔

بیَسِنگ (beéṣiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے بیَس (beéṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

بیَسِنگ ایتَس (beéṣiṅ étas) [بُر۔محاورہ] ناچنا، رقص کرنا (۲) ناز وانداز دکھانا۔

پ

پ ۔ اَ

پاَ (*pa*) [مُر] یہ لفظ بطور لاحقہ ایسے کلمات کے آخر میں آتا ہے جو کسی جہت یا مقدار وغیرہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں مثلاً کھِتپاَ (*khítpa*) (اس طرف) اِتپاَ (*itpa*) (اُس طرف) ہَنپاَ (*hanpá*) (ایک طرف) یارپاَ (*yáarpa*) (نیچے کی طرف) وغیرہ۔

پائپ (*payp*) [انگ ۔اسم] نالی، نَل، ایک نلکی والا ساز۔ pipe

پائپَر (*paypár*) [انگ ۔اسم] نلکی والا ساز بجانے والا سازندہ۔ piper

پائنٹ (*paynṭ*) [انگ ۔اسم] نوک، نقطہ (۲) جگہ، مقام، درجہ، درجے کا نشان۔ point

پائیِ (*páyi*) [وخی ۔اسم] دہی، دوغ۔

پ ۔ ا

پابُوسی (*páa buusí*) [ف ۔اسم] پاؤں چومنا، تعظیم، تواضع، آداب۔

پاپَل (*páapal*) [مُر ۔اسم] دور ہونا، ہٹ جانا، سامنے سے چلے جانا (یہ لفظ ہمیشہ عتاب کی صورت میں استعمال ہوتا ہے)۔

پاپَل اِمَنَس (*páapal imánas*) [مُر ۔محاورہ] دور ہونا، ہٹ جانا، سامنے سے دور ہونا یا چلے جانا (۲) دیر کرنا۔

پاپَل ایٹَس (*páapal étas*) [مُر ۔محاورہ] دور کرنا، ہٹالینا، سامنے سے دور کرنا، غائب کرنا، گھمانا۔

پاپلین (*paapléen*) [انگ ۔اسم] کپڑے کی ایک قسم ۔ *poplin*

پاٹ ٹائم (*páaṭ ṭaym*) [انگ] اضافی وقت، مقررہ وقت سے زیادہ وقت پر part time

پاٹی (*paaṭí*) [انگ ۔اسم] جماعت (۲) حزب (۳) فریق، فرقہ۔ party

پاٹی بازی (*paaṭí baazí*) [انگ+ف ۔اسم] فرقہ واریت (۲) گروہ بندی، تفرقہ۔

پادشا (*paadśáa*) [ف ۔اسم] بادشاہ، سلطان (بروشسکی تلفظ میں آخری حرف "ہ" ساقط ہوا ہے)۔

پادشا کُیوُ چٹے بَل گٹِشَٹے
(*paadśáa kuyoóċaṭe bal gaṭiṣaṭe*)
[مُر ۔کہاوت] بادشاہ کا دارومدار رعیّت پر ہوتا ہے اور دیوار ان چھوٹے چھوٹے پتھر کے ٹکڑوں کے سہارے قائم رہتی ہے جو سوراخوں میں لگاتے ہیں۔

پادشا گدا گدا پادشا اِمَنَس
(*paadśáa gadáa, gadáa paadśáa imánas*)
[مُر ۔کہاوت] یعنی دنیا کی حالت یکساں نہیں رہتی، امیری اور غریبی عارضی حالتیں ہیں۔

پادشاتِنگ (*paadśáatiṅ*) [مُر ۔اسم] دیکھیے پادشا (*paadśáa*) جس کی یہ جمع ہے۔

پادشان (*paadśáan*) [مُر ۔اسم] کوئی ایک بادشاہ (نون علامتِ وحدت ہے)۔

پادشاہانتِنگ (*paadśaahaántiṅ*) [مُر ۔اسم] دیکھیے پادشا (*paadśáa*) جس کی یہ بطرزِ بروشسکی جمع الجمع ہے۔

پادشیی ایتَس (*paadśeéy étas*) [بُر۔محاورہ] حکومت کرنا، عیش وعشرت کرنا، من مانی کرنا۔

پاراً (*paará*) [ہ۔اسم] سیماب، نہایت بھاری سیال سفید اور شفاف دھات جو ہر وقت متحرک رہتی ہے۔

پارسَل (*paarsál*) [انگ۔اسم] پلندہ، بستہ، وہ چیز جس پر کاغذ یا کپڑا لپیٹ کر ڈاک، ریل یا کسی اور ذریعے سے کہیں بھیجیں (۲) تحفہ۔ parcel

پارسَل ایتَس (*paarsál étas*) [انگ+بُر] پارسل کے ذریعے بھیجنا۔

پارسَلِشو (*paarsáliśo*) [بُر۔اسم] دیکھیے پارسَل (*paarsál*) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

پارک (*páark*) [انگ۔اسم] احاطہ، گھرا ہوا مقام (۲) باغ، سبزہ گاہ، شکارگاہ۔ park

پاس (*páas*) [انگ۔اسم] کامیابی (۲) اجازت نامہ (۳) درّہ۔ pass

پاس اِمَنَس (*páas imánas*) [بُر۔محاورہ] کامیاب ہونا، امتحان پاس کرنا۔

پاس ایتَس (*páas étas*) [بُر۔محاورہ] امتحان پاس کرنا، کامیابی حاصل کرنا۔

پاس بُک (*paasbúk*) [انگ۔اسم] بنک کے حساب کی کاپی، پاس بک۔ passbook

پاسبان (*paasbáan*) [ف۔اسم] نگہبانی کرنے والا، چوکیدار، دربان، گڈریا۔

پاسبانی (*paasbaaní*) [ف۔اسم] دیکھیے پاسبان (*paasbáan*) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پاسپوٹ (*paaspóot*) [انگ۔اسم] سفر کا اجازت نامہ، ملک سے باہر جانے کی اجازت۔ passport

پاک (*páak*) [ف۔صف] صاف، ستھرا (۲) بے گناہ، حلال، مقدس۔

پاک اِمَنَس (*páak imánas*) [بُر۔محاورہ] صاف ستھرا ہونا، بے گناہ ہونا، حلال ہونا۔

پاک ایتَس (*páak étas*) [بُر۔محاورہ] صاف کرنا، دھونا (۲) حلال کرنا (۳) گناہ سے پاک کرنا۔

پاک مَناس (*páak manáas*) [بُر۔محاورہ] صاف ستھرا ہونا (۲) بے گناہ ہونا (۳) حلال ہونا۔

پاکِزاً (*paakizá*) [ف، بُر۔صف] دیکھیے پاکِیزاً (*paakiizá*)۔

پاکِزاً ایتَس (*paakizá étas*) [بُر۔محاورہ] صاف کرنا، دھونا، خوبصورت بنانا/کرنا۔

پاکِزاً مَناس (*paakizá manáas*) [بُر۔محاورہ] صاف ستھرا ہونا، گناہ سے بچنا۔

پاکِزَگی (*paakizagí*) [ف، بُر۔اسم] دیکھیے پاکِزاً (*paakizá*) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پاکِیزاً (*paakiizá*) [ف۔صف] پاکیزہ، پاک کا مزید علیہ، صاف، ستھرا، خوبصورت، بے عیب۔

پاکیٹ (*paakét*) [انگ۔اسم] جیب، کیسہ (۲) پیکٹ۔ pocket

پاگل (*paagál*) [ہ۔صف] دیوانہ، مجنون، احمق، پریشان حال۔

پاگل اِمَنَس (*paagál imánas*) [بُر۔محاورہ] دیوانہ بن جانا، سودائی ہونا، ہوش میں نہ ہونا۔

پاگل ایتَس (*paagál étas*) [بُر۔محاورہ] دیوانہ بنانا، سودائی بنانا، پریشان حال کرنا۔

پاگل پَن (*paagalpán*) [ار۔اسم] دیوانگی، دیکھیے پاگل (*paagál*) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پاگل خاناً (*paagál qhaaná*) [ہ+ف۔اسم] پاگلوں کو رکھنے کی جگہ، وہ عمارت جہاں پاگلوں کو رکھ کر علاج کیا جاتا ہے۔

پالِش (paalíṡ) [انگ۔اسم] صفائی، صیقل، جلا، روغن جو کسی چیز کو موسمیاتی اثرات سے بچانے اور چمکانے کے لیے کیا جاتا ہے۔ polish

پالِش ایتَس (paalíṡ étas) [بُر۔محاورہ] صیقل کرنا، روغن کرنا، چمکانا۔

پالوَن (paalwán) [ف، بُر۔اسم] توانا (۲) دلاور (۳) کشتی کا فن جاننے والا (۴) جری (۵) جنگجو، (پہلوان کا بگاڑ)۔

پالوَن دَروٗ (paalwándaro) [بُر] دیکھیے پالوَن (paalwán) جس کی یہ جمع ہے۔

پالوَنیٔ ایتَس (paalwani étas) [بُر۔محاورہ] زورآوری کرنا، طاقت کا مظاہرہ کرنا، کشتی لڑنا۔

پالوَیوٗ (paalwáyo) [بُر۔اسم] دیکھیے پالوَن (paalwán) جس کی جمع کی یہ ایک اور صورت ہے۔

پالیٔک (paalék) [و۔اسم] ایک قسم کا ساگ اور اس کا بیج، اسفناخ، اسپاناخ۔

پان (páan) [و۔اسم] لپ سٹک، نیل پالش (۲) ایک بیل کا پتہ جس پر کتھا چونا اور چھالیا وغیرہ لگا کر چباتے ہیں۔

پاناَ (paaná) [ار۔اسم] ایک اوزار جس سے پیچ وغیرہ کس لیتے ہیں۔

پاوَر (paawár) [انگ۔اسم] طاقت، قوت، اقتدار۔ power

پاوَر ہاؤس (paawár haws) [انگ۔اسم] بجلی گھر۔ power house

پائلیٹ (paaylét) [انگ۔اسم] ہواباز، جہازران، رہنما، رہبر۔ pilot

پائنداَ (paayindá) [ف۔صف فاعل] قائم، استوار۔

پائیٔ (paayí) [و۔اسم] پائی، پیسہ، ایک سکہ جو اب متروک ہو چکا ہے۔

پایاَ (paayá) [ف۔اسم] پایہ، قدر، منزلت، زینہ، سیڑھی، پاؤں، ستون، بنیاد۔

پایاَ دِوسَس (paayá díwsas) [بُر۔محاورہ] ستون بنانا، بنیاد رکھنا۔

پایاَمُڈ (paayámuc) [بُر۔اسم] دیکھیے پایاَ (paayá) جس کی یہ جمع ہے۔

پاہیوٗ (páayo) [بُر۔اسم] لکڑی کی چھینی جو لکڑی چیرنے میں کام آتی ہے (۲) چھینی کی شکل میں لکڑی کا ٹکڑا جو ہل جوتتے وقت کسنے کے لیے ہل میں لگایا جاتا ہے۔

پاہیوٗ دیلَس (páayo délas) [بُر۔محاورہ] چھینی لگانا، چھینی کی مدد سے کسنا۔

پ۔آ

پآخ (paáç) [بُر۔اسم] صحیح وقت، مناسب وقت، موزوں موسم۔

پآخیٔ (paáçi) [بُر] دیکھیے پآخ (paáç)۔

پ۔ب

پَبلِک (pablík) [انگ۔اسم] عوامی، عوام۔ public

پَبلِک سِکول (pablík sikúul) [انگ۔اسم] عوامی مدرسہ۔ public school

پ۔پ

پُپ (pup) [بُر] بچوں کے بادِ شکم کی آواز۔

پُپ پُوٗپ (pup puúp) [بُر۔صوت] ہُد ہُد کی آواز۔

پَپاَ (pápa) [بُر۔اسم] روٹی (بچوں کی زبان میں)۔

پَپُچ (pápuc) [بُر۔اسم] موزہ، جوراب، پاپوش، اِسے بَپُڈ (bápuc) بھی کہا جاتا ہے۔

پَپَن (pápan) [بُر] عین دوپہر کا وقت، تیز دھوپ، سورج کی تپش۔

پَپَن مَناس (pápan manáas) [بُر۔محاورہ] سخت گرمی ہونا۔

پُپوٗ (púpo) [بُر۔اسم] ہُدہُد (۲) لباس، قمیض (بچگانہ زبان)۔

پُپوٗ مُڈ (púpomuć) [بُر۔اسم] دیکھیے پُپوٗ (púpo) جس کی یہ جمع ہے۔

پُپُوے دیلُم (púpuwe délum) [بُر۔محاورہ] وہ خوبانی یا سیب جو پکنے سے قبل ہی پیلے ہو کر درخت سے گر جاتے ہیں۔

پُپُوے دیلُم جُروٗٹی (púpuwe délum juroóṭi) [بُر۔محاورہ] وہ کچے خوبانی جو پکنے سے قبل بیماری کی وجہ سے سوکھ جائے۔

پُپُوے دیلُم جُوَن اِمَنس (púpuwe délum juwán imánas) [بُر۔محاورہ] دیر تک سونے کی وجہ سے چہرہ بے رونق ہونا۔

پَپیتاؔ (papiitá) [اُر۔اسم] خربوزے کی شکل کا ایک پھل (۲) پپیتے کا درخت۔

پ ـ ت

-پَت (-pat) [بُر۔اسم] پہلو، یہ عام طور پر مختلف ضمائر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

پِت (pit) [بُر۔اسم] پروا، توجہ (۲) گری دانے (۳) پتا۔

پِت ایتَس (pit étas) [بُر۔محاورہ] پروا کرنا۔

پِت دُوٗسَس (pit duúsas) [بُر۔محاورہ] گری دانے نکلنا۔

پِت ڈے یَیَس (pit će yáyas) [بُر۔محاورہ] شدید بھوک لگنا، بھوک سے نڈھال ہونا، پیٹ خالی ہونا۔

پَتاؔ (páta) [اُر، بُر۔اسم] پتہ، سرنامہ۔

پَتاؔ ایتَس (páta étas) [بُر۔محاورہ] کھوج لگانا، معلوم کرنا۔

پَتاقی (pataaqí) [اُر، بُر۔اسم] پٹاخا، ایک آتشگیر مادہ۔

پَتاواؔ (pataawá) [اُر۔اسم] چمڑے کا وہ ٹکڑا جو جوتے کی شکل میں کاٹ کر جوتے کے اندر رکھا جاتا ہے۔

پَتاوَک (pataawáń) [بُر۔اسم] دیکھیے پَتاواؔ (pataawá) جس کی جمع کی یہ ایک اور صورت ہے۔

پَتاوَمِک (pataawámiń) [بُر۔اسم] دیکھیے پَتاواؔ (pataawá) جس کی یہ جمع ہے۔

پَتَری (patari) [بُر۔اسم] بلیڈ۔

پَتَری (patári) [بُر] پھٹ جانا، ٹکڑے ہونا، ٹوٹ جانا (۲) ٹکڑا، آدھا۔

پَتَری اِمَنس (patári imánas) [بُر۔محاورہ] پھٹ جانا، ٹوٹ جانا، ٹکڑے ہونا (۲) غم سے چکنا چور ہونا، آپے سے باہر ہونا۔

پِتِری (pitiri) [بُر۔اسم] صدقہ، خیرات، نچھاور، نثار۔

پِتِری ایتَس (pitiri étas) [بُر۔محاورہ] صدقہ کرنا، خیرات کرنا، نچھاور کرنا، نثار کرنا۔

پِتکِش (pitkiṣ) [بُر۔اسم] پِتا، صفرا، پِتا (اسقُرِ کُٹے بَسی ۷۵)۔

پَتَک (patáń) [ہ۔اسم] کنکوا (۲) پروانہ (۳) پتنگ۔

پَتلُون (patlúun) [اُر۔اسم] انگریزی وضع کا پاجامہ۔

پِتوٗ (píto) [بُر۔صف] بہت چھوٹا، ننھا۔

پَتھری (pathari) [ہ۔اسم] پتھری۔

پ ـ ٹ

پِٹرول (piṭróol) [انگ۔اسم] وہ معدنی تیل جو موٹر وغیرہ چلانے کا کام آتا ہے۔ petrol

پَٹِمِک (paṭimiń) [بُر۔اسم] دیکھیے پَٹی (paṭi) جس کی یہ جمع ہے۔

پَٹوٗ (páṭo) [بُر۔اسم] ہونزا کے چوغے کا ایک حصہ۔

پَٹوٗ مُڈ (páṭomuc) [بُر۔اسم] دیکھیے پَٹوٗ (páṭo) جس کی یہ جمع ہے۔

پَٹواَ (paṭwá) [بُر۔اسم] دیکھیے بَٹوا (baṭwá) (۲) چیری ہوئی لکڑی، کڑی۔

پَٹواری (paṭwaarí) [ہ۔اسم] وہ عہدہ دار جو زمین کی پیائش کرے اور زمین اور مال گزاری کا حساب کتاب رکھے۔

پَٹوَک (paṭwáṇ) [بُر۔اسم] دیکھیے پَٹواَ (paṭwá) (معنی نمبر۲) جس کی یہ جمع ہے۔

پَٹی (paṭí) [ہ۔اسم] حصہ، ٹکڑا، کپڑے کی لمبی دھجی، کسی بھی پارچے کا لمبا ٹکڑا۔

پُٹین (puṭíin) [ار۔اسم] کھڑیا مٹی میں تیل کا میل ڈال کر گھولا جاتا ہے جس سے لکڑی کی درزوں یا سوراخوں کو بھر کر رنگ روغن وارنش وغیرہ کرتے ہیں اور شیشوں کھڑکیوں وغیرہ میں لگاتے ہیں (۲) ایک قسم کی فرنی یا حلوے کی قسم کا میٹھا کھانا جو کھانے کے بعد کھاتے ہیں۔

پ ۔ ج

پَجاماَ (pajaamá) [ف۔اسم] ازار، شلوار، زیر جامہ۔

پَجاماَمِک (pajaamámiṅ) [ف۔اسم] دیکھیے پَجاماَ (pajaamá) جس کی یہ جمع ہے۔

پَجامَک (pajaamáṅ) [ف، بُر۔اسم] دیکھیے پَجاماَ (pajaamá) جس کی یہ جمع ہے۔

پ ۔ چ

پِچال ایَتَس (picáal étas) [بُر۔محاورہ] تباہ کرنا، ویران کرنا، گھر میں جھاڑو پھیرنا۔

پِچکاری (pičkaarí) [ہ۔اسم] حقنہ، کسی دوا کو پاخانے کے مقام میں چڑھانا تاکہ پاخانہ آجائے، یہ کان کی صفائی کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔

پِچوٗ (píčo) [بُر] آگ کی جلن، گرمی کی جلن کا احساس۔

پَچی (páči) [بُر۔اسم] کپڑا، پارچہ (۲) زنانہ قمیص۔

پَچی مِک (páčimiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے پَچی (páči) جس کی یہ جمع ہے۔

پِچیل (pičél) [بُر] برباد، ویران (۲) بہت زیادہ باتیں کرنے والا/والی، بہت شریر۔

پُچیل (pučél) [بُر] دیکھیے پِچیل (pičél) (معنی نمبر۲)۔

پ ۔ د

پَداچِک (padáaçiṅ) [بُر] دیکھیے پَداي (padáaẏ) جس کی یہ جمع ہے۔

پَداچِک ایَتَس (padáaçiṅ étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے پَداي ایَتَس (padáaẏ étas) جس کی یہ جمع ہے۔

پَداچِکَر گِیَس (padáaçiṅar gíyas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے پداي ایَتَس (padáaẏ étas) (معنی نمبر۲)۔

پَدام (padáam) [بُر۔اسم] لکڑی کے کناروں پر رندہ سے دامن بنانا۔

پَدام رَنداَ (padáam randá) [بُر۔اسم] ایک چھوٹا سا رندہ جس کے ذریعے لکڑی کے کناروں پر دامن بنایا جاتا ہے۔

پَداي (padáaẏ) [بُر۔محاورہ] انکار، سستی، پس و پیش، حیلہ بہانہ (۲) پشت کو زمین کے ساتھ لگا کر پیروں کے دباؤ سے کسی بھاری چیز کو سرکانا۔

پَداي ایَتَس (padáaẏ étas) [بُر۔محاورہ] انکار کرنا، پس و پیش کرنا، حیلہ بہانہ کرنا (۲) پشت کو زمین کے ساتھ لگا کر پیروں کے دباؤ

سے کسی بھاری چیز کو سرکانا۔

پَدیَر (padér) [وخی، بُر۔اسم] لکڑی کا ایک آلہ جس کے ذریعے سَغُوْ (sagū́) میں لسی بنائی جاتی ہے (دیکھیے سَغُوْ)۔

پُدِینَا (pudiiná) [ف، بُر۔اسم] ایک قسم کی تیز خوشبودار بوٹی، (پودینہ کا بگاڑ)۔

پ۔ڈ

۔پِڈَروْ (-pičaro) [بُر] دیکھیے ۔پِی(-pi) جس کی یہ جمع ہے۔

پ۔ر

پراپِھٹ (praaphiṭ) [انگ۔اسم] فائدہ، نفع، نفع کمانا۔ profit

پراجیَکٹ (praajékṭ) [انگ۔اسم] منصوبہ، منصوبہ بندی۔ project

پرائز (prayz) [انگ۔اسم] انعام۔ prize

پرائیویٹ (praaywéṭ) [انگ، بُر۔صف] نجی، ذاتی انفرادی (۲) نہانی، پوشیدہ (۳) غیر سرکاری۔ private

پْرآق (praáq) [بُر۔اسم] چاشت، سورج نکلنے اور دوپہر کے درمیان کا وقت (۲) کسی چیز کے آہستہ آہستہ ٹوٹ جانے کی آواز۔

پْرآق مَناس (praáq manáas) [بُر۔محاورہ] وقت چاشت ہونا (۲) کسی چیز کے آہستہ آہستہ ٹوٹ جانے کی آواز آنا (۳) ٹوٹ جانا۔

پْرَت (prat) [بُر۔صف] دوڑ میں مقابلہ، بالمقابل (۲) برابر۔

پْرَت اوَتَس (prat ótas) [بُر۔محاورہ] مقابلہ کرانا، بالمقابل رکھنا، دوڑ میں مقابلہ کرانا، ایک صف میں کھڑا کرنا۔

پْرَت مَناس (prat manáas) [بُر۔محاورہ] مقابلہ کرنا، بالمقابل ہونا۔

پْرَت نے ہَل دیَلَس (prat ne hal délas) [بُر۔محاورہ] دونوں پیر ایک ساتھ اٹھا کر چھلانگ لگانا۔

پْرَتا پْرَت (práta prat) [بُر] بالمقابل، برابر، ساتھ ساتھ۔

پْرَتَر وَشِیَس (prátar wáśiyas) [بُر۔محاورہ] مقابلے میں شامل کرنا، مقابلے پر لانا۔

پْرَٹ (praṭ) [بُر] پھول کر پھٹ جانا، ہوا بھر کر پھٹ جانا، پھول کر پھٹنے کی آواز۔

پْرَٹ اِمَنَس (praṭ imánas) [بُر۔محاورہ] پھول کر یا ہوا بھر جانے کی وجہ سے پھٹ جانا (۲) بہت سیر ہونا (۳) پھولے نہ سمانا۔

پْرَٹ ایَتَس (praṭ étas) [بُر۔محاورہ] ہوا بھر کر پھاڑ ڈالنا۔

پْرِٹ (priṭ) [بُر] دیکھیے پْرَٹ (praṭ) یہ اسی میں تصغیر و تخفیف کے معنی پیدا کرتا ہے۔

پْرَش (praṣ) [بُر] بازو یا جسم کے کسی اور حصے کے جوڑ کا اپنی جگہ سے نکل جانا، پھوڑنا۔

پْرَش ایَتَس (praṣ étas) [بُر۔محاورہ] پھوڑ دینا۔

پْرَش مَناس (praṣ manáas) [بُر۔محاورہ] پھٹ جانا (۲)۔ عضو کا اپنی جگہ سے نکل جانا۔

پْرَق (praq) [بُر۔اسم] ٹوٹ جانے کی آواز (۲) انگلیاں چٹخانے کی آواز۔

پْرَق ایَتَس (praq étas) [بُر۔محاورہ] توڑ دینا (۲) انگلی کا چٹخانا، چٹکی بجانا۔

پْرَق مَناس (praq manáas) [بُر۔محاورہ] ٹوٹ جانا۔

پْرِق (priq) [بُر] دیکھیے پْرَق (praq) یہ اسی میں تصغیر اور تخفیف کے معنی پیدا کرتا ہے۔

پْرِق اوَتَس (priq ótas) [بُر۔محاورہ] چھوٹی چھوٹی چیزوں کو توڑ دینا۔

پِرِک (*prik*) [بُر۔اسم] اُچھل کود، چھلانگ۔

پِرِک دیلَس (*prik délas*) [بُر۔محاورہ] کودنا، چھلانگ لگانا، (۲) آگے بڑھنا۔

پِرَن (*pran*) [بُر۔اسم] دھماکہ کے ساتھ پھٹ جانے کی آواز۔

پِرَن اِمَنَس (*pran imánas*) [بُر۔محاورہ] دھماکہ کے ساتھ پھٹ جانا (۲) پیٹ بہت زیادہ بھرنا (۳) گرمی یا دھواں وغیرہ سے دم گھٹنا (۴) غم و غصّے کی وجہ سے دم گھٹنا۔

پِرَن ایتَس (*pran étas*) [بُر۔محاورہ] دھماکہ کے ساتھ پھاڑ دینا (۲) مارنا (۳) کسی کو غم و غصّے میں مبتلا کرنا۔

پِرَن مَناس (*pran manáas*) [بُر۔محاورہ] دھماکہ کے ساتھ پھٹ جانا۔

پِرِن (*prin*) [بُر۔اسم] پیٹنا، مارنا، کوٹنا۔

پِرِن ایتَس (*prin étas*) [بُر۔محاورہ] پیٹنا، بُری طرح مارنا، کوٹنا۔

پِرِنس (*prins*) [انگ۔اسم] شہزادہ، نواب، راجا۔ prince

پِرِنسِپَل (*prinsipal*) [انگ۔اسم] رئیس الاساتذہ، صدر مدرّس۔ principal

پِروپیگنڈاَ (*proopegandá*) [انگ۔اسم] مشتہری، پھیلانا، مشہور کرنا، پرچار۔ propaganda

پِرُوف (*prúuf*) [انگ۔اسم] ثبوت (۲) چھپنے والے پرچے کی اصلاح کے لیے دکھایا جانا، مسودہ، خاکہ۔ proof

پِروفیشنَل (*proofésnal*) [انگ۔صف] پیشہ ورانہ۔ professional

پرئمَری (*preymari*) [انگ۔صف] ابتدائی، پہلا، ابتدائی سکول۔ primary

پرئمَری سِکول (*preymari sikúul*) [انگ+بُر۔اسم] ابتدائی مدرسہ۔ primary school

پرِیمِیَم (*priimiyam*) [انگ۔اسم] بیمہ کی قسط (قیمت حصص میں)۔ premium

پریزِڈینٹ (*preezidént*) [انگ۔اسم] میرِ مجلس، صدر، سربراہ، مملکت۔ president

پریکٹِکَل (*préktikal*) [انگ] عملی کام۔ practical

پرینٹ (*prent*) [انگ۔اسم] چھپائی، اشاعت، طباعت۔ print

پرینٹِنگ پِریس (*préntiń pres*) [انگ۔اسم] چھاپہ خانہ، مطبع۔ printing press

پریڈ گرون (*préed gróon*) [انگ۔اسم] فوجی یا پولیس کی قواعد کا میدان، وہ میدان جہاں قواعد ہوتی ہیں۔ parade ground

پریزینٹ (*preezént*) [انگ] زمانِ حال (۲) فعل حال (۳) تحفہ، ہدیہ (۴) موجود، موجودہ۔ present

پُراَ (*purá*) [ار، بُر۔صف] تمام، کامل، کل، سب، پکا (۲) درست، (پورا کابگاڑ)۔

پُراَ ایتَس (*purá étas*) [بُر۔محاورہ] تمام کرنا، مکمل کرنا (۲) درست کرنا۔

پُراَ مَناس (*purá manáas*) [بُر۔محاورہ] خود کفیل ہونا، گنجائش ہونا، متحمل ہونے کے قابل ہونا۔

پَراَٹھا (*paraathá*) [ہ۔اسم] توے پر گھی میں تلی ہوئی پرت دار روٹی۔

پِرپِٹ چھاَ (*pirpít ćha*) [بُر۔اسم] جوار کی ایک قسم جو پینے میں بہت سخت ہے۔

پِرپِردَراَ (*pirpirdará*) [بُر۔اسم] مرچ کی ایک قسم۔

پِرپِردَروغوَ (*pirpirdarógo*) [بُر۔اسم] لوک کہانیوں میں بیان کی جانے والی ایک لاٹھی جو شریر لوگوں کو از خود مارتی ہے۔

پَرپوُل (*parpoól*) [بُر۔اسم] تدبیر، منصوبہ، ارادہ (۲) تگ و دو۔

پَرپوُل ایتَس (*parpoól étas*) [بُر۔محاورہ] تدبیر کرنا، منصوبہ بنانا، ارادہ کرنا (۲) تگ و دو کرنا۔

پَرپوٗلِکْ (parpoólin) [بُر۔اسم] دیکھیے پَرپوٗل (parpoól) جس کی یہ جمع ہے۔

پِرپِیْ (pirpi) [بُر۔اسم] اکسیر، کسی مرض کے لیے نہایت مجرب اور زود اثر دوا۔

پِرپِیْ تَلینَس (pirpí talênas) [بُر۔محاورہ] نایاب ہونا۔

پَرِتِکْ (paritin) [بُر۔اسم] دیکھیے پَرِیْ (pari) جس کی یہ جمع ہے۔

پِرِٹِس (pirțis) [انگ، بُر۔اسم] مشق، مہارت، وکیل یا ڈاکٹر کا کام۔ practice

پِرُچ (piré) [ار۔اسم] چھوٹی رکابی، طشتری، پیالہ۔

پِرُچ پیالاً (piré piyaalá) [اُر۔اسم] چھوٹی رکابی اور پیالہ۔

پَرچاً (parćá) [ف، بُر۔اسم] پرچہ، کاغذ کا ٹکڑا (۲) امتحان کا سوالنامہ۔

پِرچانوٗ (pirćaáno) [بُر۔اسم] وہ خمدار لکڑی جو ڈھول بجانے میں استعمال ہوتی ہے (۲) کسی بھی موسیقی کے آلے پر ضرب لگانے والی چھڑی۔

پَرچَکْ (parćán) [بُر۔اسم] دیکھیے پَرچاً (parćá) جس کی یہ جمع ہے۔

پَرچَم (parćám) [ف، بُر۔اسم] وہ کپڑا جو جھنڈے پر باندھتے ہیں (۲) خواتین کے بال۔

پَرچَمِکْ (parćámin) [بُر۔اسم] دیکھیے پَرچَم (parćám) اور پرچاً (parćá)، یہ ان دونوں اسماء کی جمع ہے۔

پَرچُون (parćúun) [ہ۔اسم] متفرق سودا، آٹا، نمک، دال وغیرہ، تھوک کے برعکس۔

پَرداً (pardá) [ف۔اسم] پردہ، نقاب، حجاب (۲) اوٹ، اوجھل (۳) کپڑا جو دروازوں اور کھڑکیوں وغیرہ میں لٹکاتے ہے (۴) کان کا پردہ۔

پَرداً ایتَس (pardá étas) [بُر۔محاورہ] حجاب میں رہنا، برقع پہننا۔

پَردَکْ (pardán) [بُر۔اسم] دیکھیے پَرداً (pardá) جس کی یہ جمع ہے۔

پَردیس (pardées) [ہ۔اسم] غیر وطن، دوسرا ملک، بدیس، غربت۔

پَردیسی (pardeesí) [ہ۔صف] غیر ملک کا، باہر کا، مسافر۔

پَرڈَن (parćán) [بُر] سرک جانا، پاؤں کے نیچے سے سرک جانا، الٹ جانا، پھر جانا۔

پَرڈَن مَناس (parćán manáas) [بُر۔محاورہ] سرک جانا، الٹ جانا، پھر جانا۔

پَرس (pars) [انگ۔اسم] روپیہ پیسہ رکھنے کا چھوٹا سا بیگ۔ purse

پَرِستان (paristáan) [ف۔اسم] پریوں کے رہنے کی جگہ، پریوں کا مقام۔

پَرسنالِٹی (parsnaaliți) [انگ۔اسم] شخصیت۔ personality

پَرشَٹ (parśát) [بُر] اچانک نکل آنا، اچانک چڑھنا، اچانک نمودار ہونا۔

پَرشَٹ مَناس (parśáț manáas) [بُر۔محاورہ] اچانک نکل آنا، اچانک نمودار ہونا، اچانک چڑھنا۔

پِرغِت (pirğít) [بُر۔صف] خالص، محض، صرف، فقط (دیگر لوازمات کے بغیر صرف چائے وغیرہ)۔

پِرغَٹی (pirğáți) [بُر۔اسم] پتلی آش، پتلی غذا۔

پَرکار (parkáar) [ف۔اسم] دائرہ کھینچنے کا آلہ۔

پَرگاۓ (paragaáy) [بُر۔اسم] کسی گول چیز کا کنارہ یا فریم۔

پُرُگرام (purugráam) [انگ۔اسم] پروگرام، ترتیب، سلسلہ، ڈھنگ، نظامِ عمل، لائحۂ عمل۔ programme

پَرمِٹ (parmiț) [انگ۔اسم] اجازت نامہ (۲) مال درآمد برآمد کرنے یا خرید و فروخت کرنے کی تحریری اجازت۔ permit

پَرمِشَن (parmíšan) [انگ-اسم] اجازت۔
permission

پَرمِشَن گنَس (parmíšan gánas) [بُر] اجازت لینا۔

پُرموَ (púrmo) [بُر] کبھی کے، کسی زمانے سے، جلد ہی، پہلے ہی، فوراً۔

پُرموَ کرِ [بُر] دیکھیے پُرموَ (púrmo)۔

اُن پُرموَ کرِ تِل گولُماُ بیچارا نَصیر دُم
جا اَسُ لو گُمَنَس زندگی ضا اَسُ لو ہم اُکگو
(دیوانِ نصیری، بُروشسکی، ص ۲۰۲)۔

ترجمہ: تو نے بیچارے نصیر کو فوراً ہی فراموش کر دیا، میرے دل کے مکین، میری تمنا ہے کہ تُو زندگی بھر ہمیشہ میرے دل میں ہی مقیم رہے۔

پَرموٹ (paramoóṭ) [انگ] ترقی دینا، آگے بڑھانا، اگلے درجے تک لے جانا۔ promote

پَرِنداُ (parindá) [ف-اسم] پرندہ، ہوا میں اُڑنے والا جانور۔

پَرِنداس (parindáas) [ف-اسم] وہ کپڑا/ قالین وغیرہ جو کسی معزز مہمان کے راستے میں بچھاتے ہیں، فرشِ راہ، پای انداز کا بگاڑ۔

اِنَر پَرِنداس مَنام عِشقِے تغُل باس مَنام
اِنِے چِھسُ لَم باس مَنام شُکرِ مَنِس یاخدا
(دیوانِ نصیری، بروشسکی، ص ۳۴۷)۔

ترجمہ: میں تیرے فرشِ راہ بن گیا عشق کی آگ میں جل کر انگارا بن گیا، وہ باز بن گیا جو اس کی معرفت کے پہاڑ پر پرواز کرتا ہے، اے اللہ تیرے حضور شکر ہو۔

پَرِنداس بِشَیَش (parindáas bišáyas) [بُر-محاورہ] کسی معزز مہمان کے راستے میں کپڑا، قالین وغیرہ کا فرش بچھانا۔

پَروا (parwáa) [ف-اسم] خواہش، چاہت، محبت (۲) فکر، خیال (۳) ضرورت۔

پَروا ایتَس (parwáa étas) [بُر-محاورہ] خواہش کرنا، فکر کرنا، چاہت رکھنا۔

پَرواناُ (parwaaná) [ف-اسم] حکم، فرمان، تحریری اجازت نامہ (۲) پتنگا، چھوٹا پردار کیڑا (۳) عاشق، شیفتہ۔

پَروَردِگار (parwardigáar) [ف-اسم] پالنے والا، ربّ، اللہ تعالیٰ۔

پَروَرِش (parwaríš) [ف-اسم] تعلیم و تربیت، پالنا۔

پَروِیٹ (parwéṭ) [انگ-صف] دیکھیے پرائیویٹ (praaywéṭ)۔ private

پَرَویس (parawées) [بُر-اسم] ادنی چوغہ کے کنارے کے اندرونی حصہ پر کپڑا لگانا، نیز دیکھیے پھَرَویس (pharawées)۔

پَرَویس دیلَس (parawées délas) [بُر-محاورہ] پَرَویس لگانا، دیکھیے پَرَویس (parawées)۔

پَرہیزگار (parhiizgáar) [ف-صف] صالح، متقی، زاہد، عابد۔

پَریَ (parí) [ف، ع-اسم] اُڑنے والی افسانوی عورت، حسین عورت، پری۔

پَریَ ذات (parizáat) [ف+ع-اسم] پریوں کی قوم، نوع پری۔

پَریَ ذاتِشوَ (parizáatišo) [بُر-اسم] دیکھیے پَریَ ذات (parizáat) جس کی یہ جمع ہے۔

پَریَ زَقُم (parizáqum) [بُر] پری کا آسیب، پری کا سایہ۔

پَریز (pariiz) [ف، بُر-اسم] پرہیز کا بُروشسکی تلفظ۔

پَریزیَ (pariizi) [بُر-صف] وہ غذا جو بیمار کے موافق ہو (۲) پرہیز کرنا، (پرہیزی کا بگاڑ)۔

پَریس (pariis) [بُر] دیکھیے پَریز (pariiz)۔

پَریس ایتَس (pariis étas) [بُر-محاورہ] پرہیز کرنا، احتیاط کرنا۔

پَریشان (pariišáan) [ف-صف] حیران، سرگردان، مضطرب۔

پَریشان اِمَنَس (pariišáan imánas) [بُر-محاورہ] حیران ہونا، سرگردان ہونا، مضطرب ہونا۔

پَریشان ایتَس (pariišáan étas) [بُر-محاورہ] حیران کرنا،

سرگردان کرنا، مضطرب کرنا۔

پَرِیشان مَناس (pariišáan manáas) [بُر۔محاورہ] حیران ہونا، سرگردان ہونا، مضطرب ہونا۔

پَرِیْشانیٔ (pariišaaní) [ف۔اسم] حیرانی، فکر، تردد۔

پُرِیلُ مُڈ (puréelumuc) [بُر۔اسم] دیکھیے پُریلو (puréelo) جس کی یہ جمع ہے۔

پُریلوٗ (puréelo) [بُر۔اسم] نے، بانسری۔

پُریلُوے (puréeluwe) [بُر] بانسری کا/کی/کے۔

پُرَیَیش (purayeéś) [بُر۔اسم] آبادکاری، سجاوٹ، زینت، رونق۔ پورا کرنا، تکمیل کرنا۔

پ۔س

پَس (pas) [بُر۔اسم] دانتوں کے درمیان یا اوپر جمنے والی میل کی تہہ۔

پُساس (pusáas) [بُر۔مص] باندھنا (۲) عہد باندھنا (۳) جادو کرنا۔

پَسْت (past) [ف۔صف] نشیبی (۲) کمینہ، نیچ (۳) بیوقوف، سفلا (۴) چھوٹا۔

پِستاٗ (pistá) [ف۔اسم] سبز رنگ کا ایک گری دار میوہ۔

پِسْتول (pistóol) [انگ۔اسم] ایک چھوٹا سا ہتھیار۔ pistol

پَسْتیٔ (pastí) [ف۔اسم] دیکھیے پَسْت (past) جس کا یہ اسم صفت ہے، (محاورۃً) عاجزی، حلیمی۔

پُسُم (pusúm) [بُر] دیکھیے پُساس (pusáas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

پَسَن (pasán) [ف، بُر۔اسم] انتخاب، چناؤ، مرغوب، مقبول، (پسند کا بگاڑ)۔

پَسَن ایتَس (pasán étas) [بُر۔محاورہ] پسند کرنا، منتخب کرنا، چننا۔

پَسَن مَناس (pasán manáas) [بُر۔محاورہ] پسند ہونا، مقبول ہونا، مرغوب ہونا۔

پَسِنْجیر (pasinjér) [انگ۔اسم] ہر قسم کی گاڑی یا جہاز کا مسافر۔ passenger

پَسِنْجیر گاڑی (pasinjér gaarí) [انگ+اُر۔اسم] وہ گاڑی جو مسافروں کی سواری کے لیے استعمال ہو۔

پِسوٗک (pisók) [بُر۔اسم] جلد، چمڑا (۲) مرے ہوئے بچھڑے کا سالم چمڑا جس میں گھاس پھوس بھر کر گائے کے سامنے رکھا جاتا ہے تاکہ وہ فریب کھائے اور اسے بچھڑا سمجھ کر دودھ دے۔

پِسوٗک ایتَس (pisók étas) [بُر] پِسوٗک (pisók) بنانا نیز دیکھیے پِسوٗک (pisók) (معنی نمبر ۲)۔

پِسوٗک پَھت مَناس (pisók phat manáas) [بُر۔محاورہ] سخت تھک جانا، چور چور ہونا، بہت تکلیف اُٹھانا (۲) ڈر جانا، خوف طاری ہونا۔

پُسُوَس (pusúwas) [بُر۔مص] دیکھیے پُساس (pusáas)۔

پَسوم (pasóom) [بُر۔اسم] دریغ، رحم، ترس۔

پَسوم اِمَنَس (pasóom imánas) [بُر۔محاورہ] دریغ رکھنا، ترس کھانا۔

پَسوم اَییتَس (pasóom ayétas) [بُر۔محاورہ] دریغ نہ کرنا، تامل نہ کرنا، نہ روکنا، باز نہ رکھنا۔

پُسُویَس (pusúyas) [بُر۔مص] دیکھیے پُساس (pusáas)۔

پ۔ش

پُشْت پَنا (pušt panáa) [ف۔اسم] حامی، مددگار، معاون۔

پُشْتَنیٔ (puštáni) [بُر۔اسم] ایک قسم کی بندوق کا نام (۲) موروثی۔

پُشورِمُڈ (pušóorimuc) [بُر] دیکھیے پُشوری

(puśóori) جس کی یہ جمع ہے۔

پُشورِمُڈ اوَتَس (puśóorimuc ótas) [بُر] بچوں کا کھیلتے وقت گیلی مٹی سے پُشوری (puśóori) کی شکلیں بنانا۔

پُشوری (puśóori) [بُر۔اسم] مکھن یا دیسی گھی کی ایک مقدار جو کم از کم تقریباً پانچ کلو اور زیادہ سے زیادہ تقریباً بیس کلو ہوتی ہے۔ (محاورۃً) موٹا تازہ بچہ۔

پُشوری اِخَرَس (puśóori iqháras) [بُر] پشوری کو بانٹنا، تقسیم کرنا، نیز دیکھیے پُشوری (puśóori)۔

پَشوٗ (paśoó) [بُر۔اسم] کاہن کی ایک قسم۔

پُسُکوٗر (puṣuṅór) [بُر۔اسم] ڈھانچہ جو اندر سے خالی ہو، کھوکھلا ڈھانچہ، کوئی بھی چیز جو اندر سے خالی ہو، (ریشم کا) کویا۔

پُسُکوٗرمُڈ (puṣuṅórumuc) [بُر] دیکھیے پُسُکوٗر (puṣuṅór) جس کی یہ جمع ہے۔

پُسُکوٗرو (puṣuṅóro) [بُر] دیکھیے پُسُکوٗر (puṣuṅór)۔

پ ـ ق

پُقتاَ (puqtá) [ف، بُر۔صف] پکا، قوی، محکم، مضبوط، پائیدار، بھنا ہوا، خام کی ضد، (پختہ کا بگاڑ)۔

پُقتاَ ایتَس (puqtá étas) [بُر۔محاورہ] مضبوط بنانا، مُستحکم بنانا، پکا بنانا۔

پُقتاَ مَناس (puqtá manáas) [بُر۔محاورہ] مضبوط ہونا، مستحکم ہونا، پکا ہونا۔

پ ـ ک

پَکاَ (páka) [اُر، بُر۔صف] کچا کی ضد، پختہ (۲) مضبوط، پائیدار، مُستحکم۔

پَکاَ ایتَس (páka étas) [بُر۔محاورہ] مضبوط بنانا، پائیدار بنانا، مستحکم کرنا، یقین کرنا، سڑک وغیرہ کو تارکول یا سیمنٹ سے بنانا۔

پَکاَ مَناس (páka manáas) [بُر۔محاورہ] مضبوط ہونا، پائیدار ہونا، مُستحکم ہونا، یقینی ہونا، سڑک وغیرہ کا تارکول یا سیمنٹ سے بنایا جانا۔

پِکنِک (piknik) [انگ۔اسم] وہ دعوت جس میں یار دوست کسی پُر فضا مقام پر جمع ہو کر تفریح کی جائے۔

پِکنِک ایتَس (piknik étas) [بُر۔محاورہ] پکنک منانا، دیکھیے پِکنِک (piknik)۔

پَکوڑاَ (pakoorá) [ہ۔اسم] گھی یا تیل میں تلی ہوئی بیسن آلو اور پیاز کی پھلکی (۲) کوئی چیز جو گول اور پھولی ہوئی ہو۔

پُکھراج (pukhráaj) [ہ۔اسم] ایک قسم کا زرد رنگ کا قیمتی پتھر۔

پِکیٹ (pikéṭ) [انگ۔اسم] مورچہ جہاں سے دشمن کی نقل و حرکت پر نظر رکھتے ہیں۔ picket

پ ـ ل

پَل (pal) [بُر۔اسم] مست، مدہوش، گہری نیند۔

پَل اِمَنَس (pal imánas) [بُر۔محاورہ] مست ہونا، مدہوش ہونا، گہری نیند میں سونا۔

پَلاَ (palá) [بُر] دو حصوں میں کھلنے والے دروازے کا ایک حصہ۔

پَلاَ پَلَک ایتَس (paláplaṅ étas) [بُر۔محاورہ] ڈھول بجانا، ڈھول سُرنائی اور طبلہ بجانا (۲) زور سے بجانا۔

پَلاَ پَھتاَ (pála pháta) [بُر۔اسم] مکھن کا ایک خاص پیمانہ جس میں پانچ پاؤ مکھن آتا ہے (۲) مکھن جمع کرنے کا برتن، لسی بنانے کے بعد اس میں مکھن جمع کیا جاتا ہے۔

پَلاَ پُھل (pála phul) [بُر۔اسم] دیکھیے پَلاَ پَھتاَ (pála phát̤a)۔

پَلاٹ (paláat̤) [انگ۔اسم] زمین کا ٹکڑا، قطعۂ زمین۔ plot

پَلاس (paláas) [ار۔اسم] زنبور کی قسم کا ایک اوزار۔

پَلان (paláan) [انگ۔اسم] منصوبہ، نقشہ، رقبے کا نقشہ۔ plan

پَلاچِکْ (paláačiṅ) [بُر] حیف، دریغ، افسوس، بربادی، مصیبت۔

پَلاچِکْ مَناس (paláačiṅ manáas) [بُر۔محاورہ] حیف ہونا، دریغ ہونا، افسوس ہونا، بربادی ہونا، مصیبت میں پڑنا۔

پَلاچِکُر نِیَس (paláačiṅar niyas) [بُر۔محاورہ] بہت دور جانا، کھو جانا۔

پَلاچِکْرے شُکْ (paláačiṅe ṣuṅ) [بُر۔اسم] کریم آباد بلتت میں ایک تنگ گلی کا نام۔

پُلاَؤ (pulaáw) [ف۔اسم] گوشت کی یخنی میں پکے ہوئے چاول۔

پِلپِلیِ (pilpíli) [بُر۔اسم] معمولی سی روشنی (۲) آگ کی چنگاری کو گھما گھما کر معمولی سی روشنی پیدا کرنا۔ (محاورۃً) ایک ہی فرزند، اکلوتا بیٹا۔

پِلپِلیِ جُوَن (pilpíli juwán) [بُر۔تشبیہ] پِلپِلیِ (pilpíli) کی مانند، دیکھیے پِلپِلیِ (pilpíli)۔

پِلپِلیِ مِکْ (pilpílimiṅ) [بُر] دیکھیے پِلپِلیِ (pilpíli) جس کی یہ جمع ہے۔

پِلِتوَ (pilíto) [بُر۔اسم] ہنزا میں پائی جانے والی سب سے چھوٹی چڑیا جسے کِرچِن (kírçhin) بھی کہا جاتا ہے۔

پَلٹُون (palat̤úun) [انگ۔اسم] کمپنی کے چار یونٹوں میں سے ایک جو ساٹھ (۶۰) جوانوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ platoon

پَلَجوٹ (palajóot̤) [بُر۔اسم] اجاڑ، تباہ، برباد، زیروزبر۔

پَلَجوٹ ایتَس (palajóot̤ étas) [بُر۔محاورہ] اجاڑ دینا، تباہ کرنا، برباد کرنا، زیروزبر کرنا۔

پَلَجوٹ مَناس (palajóot̤ manáas) [بُر۔محاورہ] اجڑ جانا، تباہ ہونا، برباد ہونا، زیروزبر ہونا۔

پِلر (pílar) [انگ۔اسم] ستون۔ pillar

پَلَستر (palastár) [انگ۔اسم] استرکاری (۲) لیپ۔ plaster

پَلَستَر ایتَس (palastár étas) [بُر۔محاورہ] استرکاری کرنا (۲) لیپ کرنا۔

پَلَک (palák) [انگ، بُر۔اسم] بجلی کا پلگ۔ plug

پَلَکْ (paláṅ) [اُ، بُر۔اسم] چارپائی، دیکھیے پَلاَ (palá)۔

پَلَکْ پوش (paláṅ póoś) [اُ+ف۔اسم] وہ بڑی چادر جو چارپائی پر ڈالی جاتی ہے۔

پَلَکْ شوَ (paláṅiśo) [بُر] دیکھیے پَلَکْ (paláṅ) جس کی یہ جمع ہے۔

پَلَمبَر (palambár) [انگ۔اسم] نلساز، نل کا کام کرنے والا۔

پَلَمَت (palámat) [بُر۔اسم] ایک پھول جو نہر کے کناروں پر اُگتا ہے، یہ بنفشہ سے ملتا جلتا ہے۔

پَلَمَتِکْ (palámatiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے پَلَمَت (palámat) جس کی یہ جمع ہے۔

پَلوَس (palós) [ف۔اسم] بکری یا خش گاؤ کے بالوں سے بنایا ہوا قالین، (پلاس کا وخی تلفظ)۔

پَلوَشوَ (palóśo) [بُر۔اسم] دیکھیے پَلوَس (palós) جس کی یہ جمع ہے بروشسکی لہجہ میں س ش میں بدل گیا ہے۔

پِلیِ مَناس (píli manáas) [بُر۔محاورہ] چمٹ جانا (۲) مضبوطی سے پکڑنا، پوری قوت سے پکڑنا (۳) نہ چھوڑنا۔

پَلِیاآل (paliyaál) [بُر۔اسم] موزہ بند یا جرابوں پر رنگین دھاگوں سے بنایا ہوا گچھا۔

پَلِیاآلِکْ (paliyaáliṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے پَلِیاآل

(paliyaál) جس کی یہ جمع ہے۔
پَلِیت (paliit) [ف، بُر۔صف] ناپاک نجس، گندہ غلیظ، (پلید کا بگاڑ)۔
پَلے پَھتا (pále phâta) [بُر۔اسم] دیکھیے پَلا پَھتا (pála pháta)۔
پَلے پُھل (pále phul) [بُر۔اسم] دیکھیے پَلا پُھل (pála phul)۔
پلیٹ (piléeṭ) [انگ۔اسم] بڑی رکابی۔ plate
پلیٹ فارَم (pléeṭ faarám) [انگ۔اسم] چبوترہ، سطح (۲) وہ چبوترا جس کے آگے ریل گاڑی کھڑی ہوتی ہے اور مسافر اترتے اور سوار ہوتے ہیں (۳) چبوترہ جس پر کھڑے ہو کر مقرر تقریر کرتا ہے۔ platform
پَلِیدی (paliidí) [ف۔اسم] ناپاکی، نجاست، غلیظی۔
پُلِیس (pulíis) [انگ۔اسم] شُرطہ، پولیس۔ police
پُلِیس اَپْسَر (pulíis apsár) [انگ، بُر۔اسم] پولیس کا آفیسر یا عہدہ دار۔ police officer
پُلِیس اِنْسپِکٹیر (pulíis inspikṭér) [انگ، بُر۔اسم] پولیس کا نگران آفیسر۔ police inspector

پ ـ ن

پَنْجا (panjá) [ف۔اسم] پنجہ، پانچ سے منسوب (۲) ہاتھ پاؤں کی پانچ انگلیاں (۳) مٹھی (۴) قبضہ، گرفت۔
پَنْجُتَن (panjután) [ف۔اسم] پنج تن، شیعوں کے نزدیک مسلمانوں کی پانچ متبرک شخصیات جن میں آنحضورؐ، حضرت علیؓ، حضرت فاطمہؓ، حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ شامل ہیں۔
پِنْجِرا (pinjirá) [ف۔اسم] پنجرا، قفس جو پرندوں کو رکھنے کے لیے بنایا جاتا ہے۔
پَنْجَنْک (panjáń) [بُر] دیکھیے پَنْجا (panjá) جس کی یہ جمع ہے۔
پَنْجامِنک (panjámiń) [بُر] دیکھیے پَنْجا (panjá) جس کی یہ جمع ہے۔
پَنْجی (panjí) [بُر۔اسم] مقبرہ، قبر کے اردگرد چار دیواری۔
پَنْچ (panć) [انگ۔اسم] گھونسا، مکا، چھیدنے کا آلہ۔ punch
پَنْچائیَت (pancaayát) [ہ۔اسم] پنچوں کی مجلس، جھگڑے مٹانے کا جلسہ (۲) صلاح، مشورہ، ثالثی۔
پِنْچیر (pincér) [انگ، بُر۔اسم] سوراخ، ٹائر وغیرہ میں سوراخ یا چھید۔ puncture
پِنْچیر مَناس (pincér manáas) [بُر۔مص مر] ٹیوب میں سوراخ ہونا، چھید ہونا۔
پَنْدُرا (pandúra) [بُر۔صف] نیک نام، آبرومند۔
پِنْڈال (pinḍaal) [ہ۔اسم] بڑا شامیانہ جس کے نیچے چاروں طرف قناتیں لگا کر گھیر دیتے ہیں تاکہ لوگ بیٹھ سکیں، جلسہ کے لیے بنائے جانے والا عارضی مکان۔
پُنَر (punár) [بُر۔اسم] ایک خوبصورت پھول جو ہونزا کے پہاڑوں میں پایا جاتا ہے۔
پُنَرِنک (punáriń) [بُر۔اسم] دیکھیے پُنَر (punár) جس کی یہ جمع ہے۔
پِنْسیل (pinsél) [انگ، بُر۔اسم] سرمے یا سیسے کا قلم، لکڑی یا دھات کا قلم، جس کے اندر سیسے کی سلاخ ہوتی ہے۔ pencil
پِنْشین (pinśén) [انگ، بُر۔اسم] وظیفہ، امداد، وہ رقم جو ملازمت ختم ہونے کے بعد خدمات کے صلے میں ملے۔ pension
پِنْشینَر (pinśenár) [انگ۔اسم] وظیفہ پانے والا، پنشن پانے والا۔ pensioner
پُنَکی (punáki) [بُر۔اسم] ایک قدیم بُروشسکی زنانہ نام۔

پُنُو (púno) [بُر۔صف] شریف النفس، حلیم، خاموش طبع، پُن (pun) کا اسم تصغیر۔

پِنہان (pinháan) [ف۔صف] چھپا ہوا، پوشیدہ۔

پِنیِ (píni) [بُر۔اسم] پنڈلی، ٹخنہ اور گھٹنے کا درمیانی حصّہ۔

پِنیِ مِکْ (pínimiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے پِنیِ (píni) جس کی یہ جمع ہے۔

پُنیِ (púni) [بُر۔صف] پُنُو (púno) کی تانیث۔

پَنیِ مَلَق (páni maláq) [بُر] پیٹھ کے بل گر جانا۔

پَنیِ مَلَق مَناس (páni maláq manáas) [بُر۔محاورہ] پیٹھ کے بل گر جانا یا خود کو گرانا۔

پُنیے لوٹُمُڈْ (púne lóoṭumuc) [بُر] دیکھیے پُنیے لوٹو (púne lóoṭo) جس کی یہ جمع ہے۔

پُنیے لوٹو (púne lóoṭo) [بُر۔محاورہ] انتہائی شریف، خاموش طبع۔

پ۔و piw

پِوَن (piwán) [ف۔اسم] قلم، پیوند، پیوند کا بگاڑ۔

پِوَن دیلَس (piwán délas) [بُر۔محاورہ] پیوند کاری کرنا۔

پِوَنیے (piwáne) [بُر] پیوند کا/کی۔

پِوَنیے توَم (piwáne tom) [بُر] وہ درخت جس میں پیوند لگایا گیا ہو۔

پِوَنیے غُلاپ (piwáne ġuláap) [بُر] وہ گلاب جس میں پیوند کاری کی گئی ہو (۲) پیارا، محبوب۔

پ۔وٗ po

پوٗٹ (poṭ) [بُر۔اسم] چھلکا، پوست۔

پوٗٹ پھاؤ مَناس (poṭ phaw manáas) [بُر۔محاورہ] نقصان ہونا، کام بے نتیجہ ثابت ہونا۔

پوٗرُمُڈْ (pórumuc) [بُر] دیکھیے پوٗرو (póro) جس کی یہ جمع ہے۔

پوٗرو (póro) [بُر۔اسم] کسی چیز کا ایک بڑا ٹکڑا، بڑا حصّہ، گوشت کا ایک بڑا ٹکڑا۔

پُوزِیشَن (puziišán) [انگ۔اسم] درجہ، مقام، منصب، ٹھیک جگہ۔ position

پوٗق (poq) [بُر۔اسم] ہونٹوں کی آواز کے ذریعے چھوٹے بچوں کو بہلانا (۲) کسی جانور کو ہونٹوں کی آواز کے ذریعے بلانا۔

پوٗق ایتَس (poq étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے پوق (poq)۔

پوٗقَر دِڈَس (póqar dićas) [بُر۔محاورہ] بہلانا پھسلانا، قابو میں لانا، ہم خیال بنانا۔

پوٗقَر ژُوَس (póqar żúwas) [بُر۔محاورہ] بہل جانا، تابع ہونا، ہم خیال بننا۔

پوٗکْ (poṅ) [بُر۔اسم] ایک پودا جسے کیاریوں میں اُگایا جاتا ہے، اس کے پھول زرد ہوتے ہیں اور بعض غذاؤں میں مصالحہ کے طور پر استعمال ہوتے ہیں، یہ پھول سکھا کر غذا کو رنگین بنانے کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔

پوٗکْ اَسقُر (poṅ asqúr) [بُر۔اسم] پوکْ (poṅ) دیکھیے پوکْ (poṅ) کا پھول۔

پوٗکْ جُوَن اِمَنَس (poṅ juwán imánas) [بُر۔محاورہ] پیلا پڑ جانا، رنگ زرد ہونا، بیماری یا خوف کی وجہ سے رنگ زرد ہونا۔

پوٗکْ جُوَن شِکَرکْ (poṅ juwán şikárk) [بُر۔تشبیہ] پوکْ (poṅ) کی طرح پیلا۔

پُوَلِٹِکَل ایجینٹ (puliṭikal eejént) [انگ۔اسم] سیاسی نمائندہ۔ political agent

پوٚن (pon) [بُر-اسم] پوٚک (poṅ) ہی کا ایک دوسرا تلفظ۔

poo پ-و

پو (póo) [وخی] جالی، وہ جالی جو بید کی پتلی شاخوں سے بناتے ہیں جسے بُروشسکی میں ژوٚلی (żoóli) کہا جاتا ہے۔

پوٹَر (pooṭár) [انگ-اسم] قلی، دربان۔ porter

پوڈَر (pooḍár) [انگ-اسم] چورا، سفوف۔ powder

پوز (póoz) [انگ-اسم] تصویر کھینچنے کے لیے خاص انداز سے بیٹھنا یا بٹھانا (۲) تصویر۔

پوس ماٹَم (poosmaaṭám) [انگ،بُر] مرنے کے بعد موت کی وجہ معلوم کرنے کے لیے لاش کا طبی معائنہ کرنا۔ post mortem

پوسٹ (póosṭ) [انگ-اسم] چوکی، ادائے فرض کا مقام، ڈاک۔ post

پوسٹ آفس (póosṭ aafís) [انگ-اسم] ڈاک خانہ۔ post office

پوسٹ کاڈ (póosṭ kááḍ) [انگ-اسم] وہ کھلا کارڈ جو بطور خط استعمال ہوتا ہے اور جس کا ٹکٹ عام ڈاک سے کم ہوتا ہے، ڈاک کارڈ۔ post card

پوسٹ ماسٹیر (póosṭ maasṭér) [انگ،بُر-اسم] ڈاک خانے کا مہتمم، ڈاک خانے کا انچارج۔ postmaster

پول (póol) [انگ-اسم] ڈنڈا۔ pole

پولٹی فارَم (poolṭí faarám) [انگ-اسم] مرغی خانہ۔ poultry farm

پولِک سِٹیشین (poolíṅ siṭiisén) [انگ-اسم] مرکزِ رائے شماری۔ polling station

پومُڈ (póomuc) [بُر+وخی] دیکھیے پو (póo) جس کی یہ جمع ہے۔

پونڈ (póonḍ) [انگ-اسم] وزن کی ایک اکائی۔ pound

poó پ-وٗ

پوٗن (poón) [بُر-اسم] صدی، قرن، نسل۔

پوٗنے پَرا (poóne pará) [بُر-اسم] بہت دور کا رشتہ دار، دُور کی نسبت۔

pu پُ-و

پُوروٗ (púuro) [بُر-صف] کامل، مکمل، تمام۔

پُوروٗ اِیتَس (púuro étas) [بُر-محاورہ] تمام کرنا، کامل کرنا، مکمل کرنا، کافی کرنا۔

پُوروٗ مَناس (púuro manáas) [بُر-محاورہ] تمام ہونا، کامل ہونا، کافی وافی ہونا۔

پُون (púun) [بُر-ندائیہ] اے شریف انسان۔

پُویوٗ (púuyo) [بُر-اسم] قلم وغیرہ کا ڈھکنا (۲) درختوں کے پیوند کی ایک قسم۔

پُویوٗمُڈ (púuyumuc) [بُر] دیکھیے پُویوٗ (púuyo) (معنی نمبر۱) جس کی یہ جمع ہے۔

puú پُ-وٗ

پُوٗپ (puúp) [بر-اسم] ہُد ہُد کی آواز۔

پُوٗرکُم (puúrkum) [بُر-صف] مکمل طور پر، بطور کامل۔

پُوٗن (puún) [بُر] شراب کی چھوٹی سی صراحی جو بوتل کے طور پر استعمال

ہوتی تھی (۲) باپ کے قبیلے کے کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی کے موقع پر اس خاندان کی خواتین کا ان کے استقبال کے لیے کھانا لے جانا جس میں پرانے زمانے میں شراب کے چند پُوّن (puún) بھی شامل ہوتے تھے۔

پُوّن دِوسَس (puún diwsas) [مُ۔محاورہ] دیکھیے پُوّن (puún) (معنی نمبر۲)۔

پُوّنےٖ نَخراٖ اٖیچَم نُسیَن ایَش غَنڈیٖر مَناس
(puúne naqhará éčam nusén eş ġanḍér manáas) [مُ۔کہاوت] غرور کا سر نیچا۔

پُوّیو (puúyo) [مُ] دیکھیے پُوّن (puún) جس کی یہ جمع ہے۔

پ ۔ ھ

پھاٹ (pháat) [مُ۔اسم] حصہ، وہ حصہ جو لکڑی چیر کر الگ کرتے ہیں۔

پھاٹِنْ (pháaṭiṅ) [مُ] دیکھیے پَھاٹ (pháaṭ) جس کی یہ جمع ہے۔

پھاٹِنْ دِوسَس (pháaṭiṅ diwsas) [مُ۔محاورہ] حصے الگ کرنا، لکڑی کو چیر کر حصے الگ کرنا۔

پھاٹیک (phaaṭék) [ار، مُ۔اسم] بیرونی دروازہ، کسی چار دیواری کا دروازہ (۲) باڑا (۳) آڑ، روک۔

پھانَس (pháanas) [مُ۔مص] بڑھنا، نشو و نما پانا (۲) چھلک جانا، پانی کا نہر کے کناروں سے باہر آنا۔

پھانسیٖ (phaansí) [ہ۔اسم] کمند، پھندا، بند (۲) موت کی سزا جو پھندے کے ذریعے دی جاتی ہے۔

پھانسیٖ ایتَس (phaansí étas) [مُ۔محاورہ] سولی پر لٹکانا، موت کی پھندے کے ذریعے موت کی سزا دینا۔

پھانسیٖ دیلَس (phaansí délas) [مُ۔محاورہ] دیکھیے پَھانسیٖ ایتَس (phaansí étas)۔

پھانسیٖ یَیَس (phaansí yáyas) [مُ۔محاورہ] موت کی سزا پانا، سولی کی سزا پانا۔

پھانُم (pháanum) [مُ] دیکھیے پھانَس (pháanas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

پھاآت (phaát) [مُ] آہستہ آہستہ چھوڑ دینا، آہستہ آہستہ زمین پر رکھنا، آہستگی سے آزاد کرنا۔

پھاآت ایتَس (phaát étas) [مُ۔محاورہ] آہستہ آہستہ رکھ دینا، قدرے چھوڑ دینا، ذرا آزاد کرنا۔

پھاآت مَناس (phaát manáas) [مُ۔محاورہ] قدرے چھٹنا، قدرے رہ جانا (۲) قدرے آزاد ہونا (۳) بیٹھ جانا۔

پھاآٹ (phaáṭ) [مُ۔صف] قدرے کند۔

پھاآٹ مَناس (phaáṭ manáas) [مُ۔محاورہ] قدرے کند ہونا، ذرا کند ہونا۔

پھاآر (phaár) [مُ۔اسم] قدرے پھر جانا، ذرا منہ اس طرف کرنا۔

پھاآر ایتَس (phaár étas) [مُ۔محاورہ] تھوڑا سا تبدیل کرنا، قدرے گھمانا، ذرا گردش دینا۔

پھاآر پھاآر (phaár phaár) [مُ۔محاورہ] آہستہ آہستہ گردش کرنا، آہستہ آہستہ گھومنا، (۲) رقص۔

پھاآر دیلَس (phaár délas) [مُ۔محاورہ] ذرا تبدیل ہونا (۲) قدرے گردش کرنا۔

پھاآر مَناس (phaár manáas) [مُ۔محاورہ] ذرا بدل جانا، تھوڑا سا مڑنا، تھوڑا سا گردش کرنا (۲) ذرا ناچنا (۳) دماغ پھرنا، دماغی توازن بگڑنا۔

پھاآش (phaáṣ) [مُ۔صف] نمودار، ظاہر، آشکار (۲) قدرے ختم ہونا۔

پھاٰش کرے اوٗمَنَس (phaáş ke oómanas) [بُر۔محاورہ] نہ ملنا، ملاقات نہ کر (۲) نظر نہ آنا۔

پھاٰش مَناس (phaáş manáas) [بُر۔محاورہ] نمودار ہونا، نظر آنا، حاضر ہونا (۲) قدرے ختم ہونا۔

پھاٰک (phaák) [بُر۔اسم] انجیر، ایک مشہور پھل (۲) انجیر کا درخت۔

پھاٰکِچِنگ (phaákičiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے پھاٰک (phaák) (معنی نمبر۲) جس کی یہ جمع ہے۔

پھاٰکِنڈ (phaákinc) [بُر۔اسم] دیکھیے پھاٰک (phaák) (معنی نمبر۱) جس کی یہ جمع ہے، انجیر کے پھل۔

پھاٰلِس (phaális) [بُر۔اسم] ذمہ داری۔

پھاٰلِساٰ (phaálisa) [بُر] دیکھیے پھاٰلِس (phaális) جس میں یہ استفہام کے معنی پیدا کرتا ہے۔

پُھپ (phup) [بُر] منھ سے کسی مائع چیز کے ہوا کے دباؤ کے ساتھ نکلنے کی آواز۔

پُھپھاٰ ایتَس (phuphá étas) [بُر۔محاورہ] اڑا دینا، ختم کرنا۔

پُھپھاٰ مَناس (phuphá manáas) [بُر۔محاورہ] ختم ہونا، کچھ نہ بچنا۔

پَھپَھت (pháphat) [بُر۔اسم] چھوٹ جانا، گر جانا، ایک ایک ہو کر گرنا۔

پَھپَھت مَناس (pháphat manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے پَھپَھت (pháphat)۔

پَھپَھر (pháphar) [بُر۔اسم] گردش (۲) تگ ودو، چکر۔

پَھپَھر دیلَس (pháphar délas) [بُر۔محاورہ] گردش کرنا، گھومنا (۲) تگ ودو کرنا۔

پَھپَھر مَناس (pháphar manáas) [بُر۔محاورہ] گردش کرنا، گھومنا (۲) بھاگ دوڑ کرنا، تگ ودو کرنا۔

پِھپِھر (phíphir) [بُر] کسی چھوٹی چیز کا گھومنا، گردش کرنا۔

پُھپُھر ایتَس (phúphur éetas) [بُر۔محاورہ] گھمانا، خاص طور پر ہوا میں گھمانا۔

پُھپُھر مَناس (phúphur manáas) [بُر۔محاورہ] بھاگ دوڑ کرنا، گھومنا۔

پِھپِرِش (phípiriş) [بُر۔اسم] درختِ صنوبر کی سوکھی ہوئی شاخ جس کو فوراً آگ لگ جاتی ہے۔

پِھپِھرکِش (phíphirkiş) [بُر۔اسم] پھرکی، لٹو، شریر۔

پَھپَھس (pháphas) [بُر۔اسم] تیز چال، وقار سے خالی چال، اس طرح چلنا جو وقار سے خالی ہو۔

پَھپَھس مَناس (pháphas manáas) [بُر۔محاورہ] جلدی جلدی چلنا، بے وقار طریقے سے چلنا۔

پَھپَھس نِیَس (pháphas níyas) [بُر۔محاورہ] گھس کر یا پرانا ہونے کی وجہ سے نرم ہونا، ملائم ہونا، سڑ جانا۔

پِھپِھس (phíphis) [بُر۔اسم] کسی دبلے پتلے شخص کا جلدی جلدی چلنا، چھوٹے بچوں کا جلدی جلدی چلنا۔

پِھپِھس مَناس (phíphis manáas) [بُر۔محاورہ] کسی دبلے یا کمزور شخص کا جلدی جلدی چلنا، چھوٹے بچوں کا جلدی جلدی چلنا۔

پِھپِھش (phiphiś) [بُر۔محاورہ] تھوڑا سا دودھ دھونا۔

پِھپِھش ایتَس (phiphiś étas) [بُر۔محاورہ] کسی جانور کا دودھ دوہنا، قلیل مقدار میں دودھ دوہنا۔

پِھپِھش (phíphiś) [بُر۔محاورہ] پِھپِھش مَناس (phiphiś manáas)۔

پِھپِھش مَناس (phíphiś manáas) [بُر۔محاورہ] چھوٹے چھوٹے قطروں میں ٹپکنا، معمولی مقدار میں رسنا (۲) کسی کمزور شخص یا کم عمر کا تیز تیز قدموں چلنا۔

پَھپَھق اِمَنَس (pháphaq imánas) [بُر۔محاورہ] جھٹکے کھانا،

بچکولے کھانا۔

پُھپُھک (phúphuk) [بُر] ذرّہ ذرّہ، تھوڑا تھوڑا۔

پُھپُھک نِیَس (phúphuk níyas) [بُر۔محاورہ] ریزہ ریزہ ہونا، ٹکڑے ٹکڑے ہو کر بکھر جانا۔

پَھپَھل (phaphál) [بُر۔محاورہ] جلدی جلدی سے پھینکنا۔

پَھپَھل ایتَس (phaphál étas) [بُر۔محاورہ] جلدی جلدی پھینکنا۔

پَھپَھل (pháphal) [بُر۔محاورہ] لہرانا، جنبش دینا، ہلانا۔

پَھپَھل ایتَس (pháphal eétas) [بُر۔محاورہ] کسی چیز مثلاً جھنڈا، رومال وغیرہ کو لہرانا (۲) کسی بھاری چیز کو آسانی سے اٹھالینا۔

پَھپَھؤ ایتَس (phapháw étas) [بُر۔محاورہ] جلدی جلدی سے ہوا میں اُچھالنا (۲) جلدی جلدی بکھیرنا۔

پَھپَھؤ ایتَس (pháphaw éetas) [بُر۔محاورہ] گرانا، مسلسل گرانا۔

پھِپھِؤ ایتَس (phiphíw étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے **پَھپَھؤ ایتَس** (phapháw étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

پھِپھِؤ ایتَس (phíphiw éetas) [بُر۔محاورہ] کسی بھی چیز کو جو قلیل مقدار میں ہو صاف کرنے کے لیے اچھال اچھال کر ہوا دینا۔

پُھپُھو (phúphuu) [بُر] بدبو آنے پر کہے جانے والے کلمات۔

پُھپُھو ایتَس (phúphuu étas) [بُر۔محاورہ] بدبو آنے پر منھ سے پُھپُھو (phúphuu) کے کلمات نکالنا۔

پَھت (phat) [بُر۔اسم] ترک (۲) رہا، آزاد (۳) پیچھے رہ جانا (۴) گم ہونا (۵) خوبانی کا آدھا حصہ۔

پَھت اِمَنَس (phat imánas) [بُر۔محاورہ] رہ جانا (۲) ماندہ ہونا (۳) گم ہونا، پیچھے رہ جانا (۴) گر جانا۔

پَھت ایتَس (phat étas) [بُر۔محاورہ] چھوڑ دینا، آزاد کرنا، دست بردار ہونا (۳) رکھ دینا۔

پَھت مَناس (phat manáas) [بُر۔محاورہ] چُھٹنا، آزاد ہونا، رہا ہونا، رہ جانا (۳) بھول جانا۔

پَھت مَنُم (phat manúm) [بُر] دیکھیے **پَھت مَناس** (phat manáas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

پَھت پَھت (phat phat) [بُر۔محاورہ] دیکھیے **پَھت پَھت** (phat phat)۔

پَھت پَھت مَناس (phat phat manáas) [بُر۔محاورہ] مسلسل چھٹنا، لگاتار رہ جانا، مسلسل گرنا۔

پُھت (phut) [بُر۔اسم] بھوت۔

پُھت بِلَس (phut bilás) [بُر۔اسم] بھوت و چڑیل، جن بھوت، بھوت پریت۔

پُھت بِلَس مَناس (phut bilás manáas) [بُر۔محاورہ] شکل بگاڑنا، حلیہ بگاڑنا (۲) سخت بحث کرنا، آگ بگولہ ہونا۔

پُھت بِلَسے باٹس کے ہینَس

(phut bilúse báaṣ ke hénas) [بُر۔محاورہ] بہت دانا ہونا، عقلمند ہونا۔

پُھت بِلَسے باگو (phut bilúse báago) [بُر۔محاورہ] دیکھ بھال نہ کرنا، بغیر دیکھ بھال کے رہ جانا۔

چُپ چُپ (ćup ćup) [اُر۔اسم] خاموش، نہ بولنے والا، کم گو، (فعل امر) خاموش رہو۔

چُپ مَناس (ćup manáas) [بُر۔محاورہ] خاموش رہنا، سکوت طاری ہونا (۲) مرنا۔

چپآي (ćapaáy) [بُر۔اسم] کنکریاں، بجری (۲) پتھریلی زمین۔

چپآي دیلَس (ćapaáy délas) [بُر۔محاورہ] بجری لگا کر بند کرنا۔

چپآي مَناس (ćapaáy manáas) [بُر۔محاورہ] زمین کی مٹی ڈھل کر کنکریاں نکل آنا۔

چپآینڈ (ćapaáyinć) [بُر۔اسم] دیکھیے چپآي (ćapaáy) جس کی یہ جمع ہے۔

چِپُپُس (cipupuṣ) [بُر۔اسم] گرد باد، پھرنے والی ہوا، بگولا، گرد وغبار۔

چِپُپُیَک (cipupuyaṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے چِپُپُس (cipupuṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

چَپْراسی (capraasi) [ہ۔اسم] وہ شخص جو چپراس پہنے، اردلی، پیادہ، سپاہی۔

چَپْراسی تِک (capraasitiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے چپراسی (capraasi) جس کی یہ جمع ہے۔

چُپُرسَن (cupûrsan) [بُر۔اسم] ہونزا کی آخری سرحد پر ایک علاقہ جو تقریباً آٹھ گاؤں پر مشتمل ہے یہ بابا غُندی کے آستانے کی وجہ سے مشہور ہے۔

چَپْروٹ (capróot) [بُر۔اسم] چھلت کے نالے میں ایک جگہ کا نام، جہاں تین سلسلہ ھای کوہ کا سنگم ہے۔

چَپَس (capás) [بُر۔اسم] کچلنا، روندنا۔

چَپِسْکُم (câpiskum) [بُر] خفیہ طور پر، چھپے چھپائے، درپردہ۔

چُپِسْکُم (cúpiskum) [بُر۔صف] خاموشی سے، چپکے سے۔

چُپسکم عِشقےِ بُرغُوےِ غر دیَلجَم
کِرامٗ کاتِبین دُم بَر دیَلجَم
دیوانِ نصیری (بروشسکی)، ص ۲۲۳۔

ترجمہ: وہ خاموشی سے صورِ اسرافیل کے نغمے سن رہا تھا، اور کرامٗ کاتبین سے روحانی گفتگو سن رہا تھا۔

چَپِسْکِی (câpiski) [بُر۔صف] مخفی طور پر، بطورِ مخفی، پوشیدہ طریقے سے۔

چُپِسْکِی (cúpiski) [بُر] ہونزا میں پرانے زمانے میں یہ دستور تھا کہ بعض دفعہ موسم خزاں میں کسی بھیڑ یا بکری کو چپکے سے گھر میں ذبح کرتے تھے اور اس کا گوشت گھر والے ہی کھا کر ختم کرتے تھے، اس جانور کا گوشت کسی مہمان یا ہمسایہ یا رشتہ دار کو نہیں دیا جاتا تھا، اور اس جانور کو چپسکی کہا جاتا تھا۔

چُپْکِس (cúpkiṣ) [بُر۔صف] خاموش، خاموش رہنے والا۔

چَپَل (capál) [ہ۔اسم] ایک قسم کی سلیپر، جُوتی۔

چَپَلشُو (capálišo) [بُر۔اسم] دیکھیے چَپَل (capál) جس کی یہ جمع ہے۔

چَپَلی (capali) [ف۔اسم] دیکھیے چَپَل (capál)۔

چَپَلی مُڈ (capalimuc) [بُر۔اسم] دیکھیے چَپَلی (capali) جس کی یہ جمع ہے۔

چَپَن (capán) [بُر۔اسم] قبا، جبہ، ایک لباس جو بطور خلعت دیا جاتا ہے۔

چَپَن بَشا (capán baṣá) [بُر۔اسم] شاہی خلعت، خصوصی خلعت مع دستار۔

چَپَن بَشا ایتَس (capán baṣá éetas) [بُر۔محاورہ] شاہی خلعت پہنانا، عزت دینا۔

چ۔ت

چِت کرےِ اوٗمَنَس (cit ke oómanas) [بُر۔محاورہ] خاموشی چھا جانا، سکوت طاری ہونا (۲) کوئی اتا پتا نہ ہونا۔

چَتَر (câtar) [ف۔اسم] ایک قسم کی بڑی چھتری جو بادشاہوں یا سادھوؤں کے سر پر رہتی ہے۔

چِتَرَس (citaras) [بُر۔اسم] ابابیل۔

چِتَرَشُو (citarašo) [بُر۔اسم] دیکھیے چِتَرَس (citaras) جس کی یہ جمع ہے۔

چَتَری (catari) [بُر۔اسم] چھتری (۲) پیراشوٹ۔

چِتو (cito) [بُر۔صف] بہت چھوٹا، ننھا منا۔

چَتورُمُڈ (catóorumuc) [بُر۔اسم] دیکھیے چَتورو (catóoro) جس کی یہ جمع ہے۔

چَتورو (catóoro) [بُر۔اسم] ایسا جانور جس کے کھر کے سرے اوپر کی

طرف یا اندر کی جانب مڑے ہوئے ہوں، اور چلتے وقت قدرے لنگڑاتے چلے، بعض اوقات اس کا اطلاق انسانوں پر بھی کرتے ہیں جن کے پاؤں یا ٹخنوں میں کوئی نقص ہو۔

چَتوری (*ĉatôori*) [بُر۔اسم] دیکھیے چَتورو (*ĉatôoro*) جس کی یہ تانیث ہے۔

چِتی (*ĉiti*) [بُر۔صف] دیکھیے چِتو (*ĉito*) جس کی یہ تانیث ہے۔

چ ۔ ٹ

چِٹ (*ĉiṭ*) [انگ۔اسم] کاغذ جو کتابوں یا دوا کی بوتلوں پر لگاتے ہیں (۲) چٹھی یا سرٹیفکیٹ۔ chit

چَٹائی (*ĉaṭaayi*) [اُر۔اسم] بوریا، گھاس یا کھجور کے پتوں کا فرش۔

چِٹراسان (*ĉiṭraasáan*) [ف، بُر۔اسم] چٹھی رساں، ڈاکیا، ڈاک بانٹنے والا سرکاری ملازم، (چٹھی رسان کا بگاڑ)۔

چِٹریس (*ĉiṭiríis*) [بُر۔اسم] چنگاری، شرارہ، (محاورۃً) بہت تیز دوڑنا۔

چِٹِریشو (*ĉiṭiriiso*) [بُر۔اسم] دیکھیے چِٹریس (*ĉiṭiríis*) جس کی یہ جمع ہے۔

اَمُ لُم لے اَچھر دُم بُھوے چِٹِریشو شَلاسَن
اِلے عِشقِے مَرمَن جا اَسِے پَردار اَپَلِس خا
دیوان نصیری (بروشسکی)، ص ۶۸۔

ترجمہ: ایسی خوش قسمتی کہاں کہ میری آواز سے آتشِ عشق کی چنگاریاں نکلیں، جب تک کہ معشوقِ جان کی نارِ عشق کے انگارے میرے دل کے پردے میں نہ پڑ جائیں۔

چَٹَک (*ĉaṭák*) [بُر۔صف] پھرتیلا، تیز۔

چَٹَنی (*ĉaṭaní*) [بُر۔اسم] سلاد (۲) وہ ہاضم چٹ پٹی چیز جس میں دھنیا، انار دانہ، پودینہ، نمک، مرچ وغیرہ ڈال کر بناتے ہیں اور کھانے کے بعد یا ساتھ کھاتے ہیں۔

چَٹَنی بِشاَیس (*ĉaṭani bišáyas*) [بُر۔محاورہ] چٹنی برتن میں ڈالنا۔

چَٹوڑ (*ĉaṭór*) [بُر۔اسم] لکڑی کا جال جو دیوار کو مضبوط بنانے کے لیے بچھایا جاتا ہے۔

چَٹوڑِکی (*ĉaṭóriki*) [بُر۔اسم] وہ خیرات جو موت کے بعد متوفی کے ایصالِ ثواب کی خاطر دی جاتی ہے۔

چِٹی (*ĉiṭi*) [بُر۔اسم] چھٹی، رخصت، تعطیل، اجازت، موقوفی، برطرفی۔

چِٹی ایتَس (*ĉiṭi étas*) [بُر۔محاورہ] چھٹی کرنا۔

چِٹی ایتَس (*ĉiṭi éetas*) [بُر۔محاورہ] برطرف کرنا۔

چِٹی مَناس (*ĉiṭi manáas*) [بُر۔محاورہ] چھٹی ہونا۔

چِٹھی (*ĉiṭhi*) [ار۔اسم] دیکھیے چِٹ (*ĉiṭ*)۔

چ ۔ ج

چَجُوس (*ĉajúus*) [ف، بُر۔اسم] وہ جگ نما برتن جس میں چائے ابالی جاتی ہے، (فارسی لفظ چائی جوش کا بگاڑ)۔

چَجُوَنڈ (*ĉajúwanc*) [بُر۔اسم] دیکھیے چَجُوس (*ĉajúus*) جس کی یہ جمع ہے۔

چ ۔ چ

چَچا (*ĉáca*) [بُر۔اسم] گوشت (بچگانہ لہجہ)۔

چَچَر (*ĉáĉar*) [بُر۔اسم] کسی بھی مائع چیز کا بڑی مقدار میں گرنے کی آواز۔

چَچَر مَناس (*ĉáĉar manáas*) [بُر۔محاورہ] کسی مائع چیز کا بڑی مقدار میں گرنا، گرنے کی آواز آنا۔

چِچِر (čičir) [بُر۔اسم] گردش، چکر، چر چر (čir čir) کا مخفف۔

چِچِر ایتَس (čičir éetas) [بُر] گردش دینا، گھمانا۔

چِچِر دیِلَس (čičir délas) [بُر۔محاورہ] گھومنا، گردش کرنا، چکر لگانا (۲) کسی کام کے لیے زیادہ فعّال ہونا۔

چُچُر (čúčur) [بُر۔اسم] دیکھیے چَچَر (čáčar) جس کی یہ تصغیر اور تقلیل ہے۔

چُچُر مَناس (čúčur manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے چَچَر مَناس (čáčar manáas) جس کی یہ تصغیر اور تقلیل ہے۔

چَچَریَش (čačareéš) [بُر۔اسم] کسی مائع چیز کا اِدھر اُدھر بکثرت گرنا۔

چَچَریَش ایتَس (čačareéš éetas) [بُر۔محاورہ] کسی مائع چیز کو اِدھر اُدھر بکثرت گرانا۔

چَچَس ایتَس (čačás étas) [بُر۔محاورہ] اکھاڑنا، فوراً اکھاڑنا، جلدی جلدی اکھاڑنا۔

چَچَس مَناس (čačás manáas) [بُر۔محاورہ] جگہ جگہ اکھڑ جانا۔

چُچُس (čučúṣ) [بُر۔اسم] دیکھیے چُس (čuṣ) جس کی یہ تکرار ہے۔

چُچُس ایتَس (čučúṣ étas) [بُر۔محاورہ] بچے کا ماں کا دودھ پینا۔

چَچَق (čačáq) [بُر۔اسم] چبانا، چَق چَق (čaq čáq) کا مخفف۔

چَچَق ایتَس (čačáq étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے چَچَق (čačáq)۔

چِچِق ایتَس (čičiq éetas) [بُر۔محاورہ] ضرورت سے زیادہ دینا، ضرورت سے زیادہ فراہم کرنا۔

چَچَک (čačák) [بُر۔اسم] دیکھیے چَک چَک (čak čak) جس کا یہ مخفف ہے۔

چَچَک ایتَس (čačák étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے چَک ایتَس (čak étas) جس کی یہ تکرار ہے۔

چِچِکو (čičiko) [بُر۔صف] ایسا چوپایہ جس کے بدن پر سیاہ و سفید دھبے ہوں۔

چُچو (čúčo) [بُر۔اسم] پستان (بچوں کی زبان)۔

چُچومِک (čúčomiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے چُچو (čúčo) جس کی یہ جمع ہے۔

چ ـ د

چَدَن (čádan) [بُر۔اسم] صندل، ایک قسم کی خوشبودار لکڑی جو دواؤں میں کام آتی ہے۔

چِدِن (čidín) [بُر۔اسم] خام لوہے کی ایک بہت بڑی دیگ جو پیالے کی شکل کی ہوتی ہے اور پرانے زمانے میں بدخشان یا کاشغر سے ہونزا لاتے تھے۔

چِدِنے شَربَت (čidíne šarbát) [بُر۔اسم] دیکھیے چِدِن (čidín)، اس دیگ میں پکائی جانے والی ایک دیسی غذا۔

چِدِیو (čidíyo) [بُر۔اسم] دیکھیے چِدِن (čidín) جس کی یہ جمع ہے۔

چ ـ ڈ

چِڈِک (čiḍiṅ) [بُر۔صف] بنجر زمین، وہ زمین جو سخت اور گھاس سے خالی ہو۔

چُڈُ بُڈُک (čúḍu buḍúk) [بُر۔متعلق فعل] بالکل برابر، بالکل ماپ کے مطابق (۲) ٹھیک انصاف کرنا۔

چُڈُ بُڈُک ایتَس (čúḍu buḍúk éetas) [بُر۔محاورہ] بالکل برابر کرنا (۲) ٹھیک ٹھیک انصاف کرنا، درست اور بروقت فیصلہ کرنا (۳) لبالب کر دینا، بھر دینا۔

چِڈِبِڈِو ایتَس (čiḍibiḍiw étas) [بُر۔محاورہ] پانی کا لبالب

پھرنا، بالکل بند کرنا۔

چِڈِ چِڈِو ایتَس (ĉiḍi ĉiḍiw étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے چِڈِؤ چِڈِؤ (ĉiḍiw ĉiḍiw) جس کا یہ مخفف ہے۔

چَڈَؤ (ĉaḍáw) [بُر۔اسم] شوروغل (۲) پانی بند کر دینا / ہونا۔

چَڈَؤ ایتَس (ĉaḍáw éetas) [بُر۔محاورہ] رسنے والے پانی کو مکمل طور پر بند کرنا۔

چَڈَؤ پَڈَؤ (ĉaḍáw paḍáw) [بُر۔اسم] شوروغل۔

چَڈَؤ پَڈَؤ ایتَس (ĉaḍáw paḍáw étas) [بُر۔محاورہ] شوروغل کرنا۔

چِڈِؤ (ĉiḍiw) [بُر۔اسم] دیکھیے چَڈَؤ (ĉaḍáw) جس کی یہ تصغیر ہے (۲) پانی کا بند کر دینا۔

چِڈِؤ ایتَس (ĉiḍiw étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے چَڈَؤ ایتَس (ĉaḍáw étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

چِڈِؤ چِڈِؤ (ĉiḍiw ĉiḍiw) [بُر۔اسم] دیکھیے چَڈَؤ (ĉaḍáw) (معنی نمبر۱) جس کی یہ تکرار ہے۔

چ۔ر

چَر (ĉar) [بُر۔اسم] کسی مائع چیز کا گرنا/ گرانا، انڈیلنا۔

چِر (ĉir) [بُر۔اسم] گردش، چکر۔

چِر ایتَس (ĉir étas) [بُر۔محاورہ] کتائی کرنا۔

چِر پُپُس (ĉir pupúṣ) [بُر۔اسم] دیکھیے چِپُپُس (ĉipupuṣ)۔

چِر دیلَس (ĉir délas) [بُر۔محاورہ] ناچنا (۲) خوشیاں منانا۔

چِر مَناس (ĉir manáas) [بُر۔محاورہ] گردش کرنا، گھومنا (۲) ناچنا (۳) فصل وغیرہ کی نشوونما کا رک جانا۔

چِرچِر (ĉir ĉir) [بُر۔اسم] گھوم کر ناچنا، دیکھیے چِر (ĉir) (معنی نمبر۱) جس کی یہ تکرار ہے۔

چِرچِر ایتَس (ĉir ĉir étas) [بُر۔محاورہ] کتائی کرنا، گردش دینا، چِر ایتَس (ĉir étas) کی تکرار۔

چِرچِر ایتَس (ĉir ĉir éetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے چِرچِر ایتَس (ĉirĉir éetas) جس کی یہ تکرار ہے۔

چُر (ĉur) [بُر۔اسم] دیکھیے چَر (ĉar) جس کی یہ تصغیر اور تقلیل ہے۔

چُر ایتَس (ĉur étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے چَر ایتَس (ĉar étas) جس کی یہ تقلیل ہے۔

چُرچُر (ĉur ĉur) [بُر۔اسم] دیکھیے چُر (ĉur) جس کی یہ تکرار ہے۔

چُرآ (ĉurá) [بُر۔اسم] بید کی شاخوں سے بنا ہوا ایک بہت بڑا ٹوکرا جو بھوسا اور درخت کے گرے ہوئے پتے (ہُمول (humól)) اٹھانے کا کام آتا ہے۔

چُرآ گِرَن (ĉurá girán) [بُر۔اسم] بید کی شاخوں سے بنا ہوا ایک ٹوکرا جو چُرآ (ĉurá) سے قدرے چھوٹا ہوتا ہے، یہ بھی بھوسا اور درخت کے گرے ہوئے پتے (ہُمول) (humól) اٹھانے کا کام آتا ہے۔

چُرآمُڈ (ĉurámuc) [بُر۔اسم] دیکھیے چُرآ (ĉurá) جس کی یہ جمع ہے۔

چَراٹِے (ĉaráaṭi) [بُر۔صف] الگ، جدا، علیحدہ، تنہا۔

چَراٹِے اِمَنَس (ĉaráaṭi imánas) [بُر۔محاورہ] الگ ہونا، جدا ہونا، علیحدہ ہونا، تنہا ہونا۔

چَراٹِے ایتَس (ĉaráaṭi étas) [بُر۔محاورہ] الگ کرنا، جدا کرنا، علیحدہ کرنا، تنہا کرنا۔

چَراٹِے کُس (ĉaráaṭikuṣ) [بُر۔اسم] جدائی، علیحدگی، تنہائی۔

چَراٹِے مَناس (ĉaráaṭi manáas) [بُر۔محاورہ] جدا ہونا، علیحدہ ہونا، الگ ہونا، تنہا ہونا۔

چِراغ (ĉiráag) [ف۔اسم] وہ برتن جس میں تیل اور بتی ڈال کر روشن

کریں، دیا (۲) روشنی، ضیا، رونق۔

چراغان (ĉiraaĝáan) [ف۔اسم] چراغ کی جمع، روشنی، بہت سے چراغوں کا اکٹھا جلنا، خوشی کے موقع پر جلائی جانے والی آگ یا آتشی سجاوٹ۔

چراق (ĉiráaq) [بُر۔اسم] دیکھیے چراغ (ĉiráaĝ) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

چراق ایسپلَس (ĉiráaq éspalas) [بُر۔محاورہ] چراغ جلانا، موت کے تیسرے دن چراغ جلانے کی ایک رسم جس کا رواج سنٹرل ایشیاء کی اسماعیلی جماعت کے درمیان ہے جسے "چراغ روشن" کہا جاتا ہے۔

چراق ایتَس (ĉiráaq éetas) [بُر۔محاورہ] مار ڈالنا، مار ڈالنے کے بعد چراغ جلانے کے باعث بننا۔

چراق پایاَ (ĉiráaq paayá) [بُر۔اسم] چراغ پایہ، وہ چھوٹی سی سہ پایہ میز جس پر چراغ رکھا جاتا ہے۔

چراق ناماَ (ĉiráaq naamá) [بُر۔اسم] چراغ نامہ، قرآنی آیات، دعاؤں اور مناجاتوں کا ایک مجموعہ جو چراغ روشن کی مجلس میں پڑھا جاتا ہے۔

چِربِتو (ĉirbíto) [بُر۔اسم] چڑیا کی مانند ایک چھوٹا سا پرندہ (۲) کمزور اور لاغر بچہ (۳) بہت زیادہ شور کرنے والا بچہ۔

چَربُو (ĉarbú) [بُر۔اسم] منادی کرنے والا، ہونزا کے میری نظام میں ایک عہدہ جو ہر قلعہ کے ترنگفہ اور نمبردار کے ماتحت ہوتا تھا اور متعلقہ گاؤں یا قلعہ کے لوگوں کو جب کوئی اجتماعی اطلاع دینی ہو تو وہ منادی کرتا تھا۔

چَربُوتِنک (ĉarbútiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے چَربُو (ĉarbú) جس کی یہ جمع ہے۔

چَربُوگی (ĉarbugí) [بُر۔اسم] چربُو (ĉarbú) کا عہدہ۔

چَرَپ (ĉaráp) [بُر۔اسم] کاٹ، بُرش، گھاؤ، قطع۔

چَرَپ ایتَس (ĉaráp étas) [بُر۔محاورہ] کاٹنا، قطع کرنا۔

چِرِپ (ĉirip) [بُر] دیکھیے چَرَپ (ĉaráp) جس کی یہ تصغیر ہے، نیز یہ چَرَپ (ĉaráp) کے سابقہ کے طور پر بھی آتا ہے۔

چِرِپو (ĉirípo) [بُر۔اسم] کپڑے کا ٹکڑا، پیوند۔

چِرِپو دیلَس (ĉirípo délas) [بُر۔محاورہ] کپڑے پر پیوند لگانا۔

چِرِپومُڈ (ĉirípomuĉ) [بُر۔اسم] دیکھیے چِرِپو (ĉirípo) جس کی یہ جمع ہے۔

چَرَپیش (ĉarapeéś) [بُر۔اسم] کاٹنے کا عمل، جگہ جگہ کاٹ کوٹ، قطع برید۔

چَرَپیش ایتَس (ĉarapeéś étas) [بُر۔محاورہ] جگہ جگہ کاٹنا، قطع برید کرنا۔

چُرتَک (ĉurták) [بُر۔صف] برابر، ٹھیک ٹھیک (۲) قطع۔

چُرتَک مَناس (ĉurták manáas) [بُر۔محاورہ] برابر آنا (۲) درمیان سے کٹ جانا۔

چَرَٹ (ĉaráṭ) [بُر۔اسم] کٹاؤ، گھاؤ، نوچ، چٹکی۔

چَرَٹ ایتَس (ĉaráṭ étas) [بُر۔محاورہ] کاٹنا، نوچنا۔

چَرَٹ مَناس (ĉaráṭ manáas) [بُر۔محاورہ] کٹ جانا۔

چِرِٹ کرے ایمَنَس (ĉiriṭ ke eémanas) [بُر۔محاورہ] سخت بخالت کرنا، سخت کنجوسی کرنا (۲) کچھ بھی اثر نہ ہونا (۳) صحت برقرار رہنا۔

چُرُٹ ایتَس (ĉurúṭ étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے چَرَٹ ایتَس (ĉaráṭ étas) جس کی یہ تصغیر ہے (۲) بے آرام کرنا، ستانا۔

چَرخاَ (ĉarqhá) [ف۔اسم] سوت کاتنے کا آلہ۔

چَرخامِنک (ĉarqhámiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے چَرخاَ (ĉarqhá) جس کی یہ جمع ہے۔

چَرس (ĉars) [ہ۔اسم] ایک قسم کا نشہ جو بھنگ کے پتوں سے تیار ہوتا ہے۔

چَرسیٔ (ćarsí) [ہ۔اسم] چرس پینے والا، چرس کا نشہ باز۔

چَرُق (ćarq) [بُر۔اسم] سوت کاتنے کا آلہ (۲) سلائی کی مشین (۳) چھری وغیرہ تیز کرنے کی مشین۔

چَرُق دیلَس (ćarq délas) [بُر۔محاورہ] چھری وغیرہ کو مشین سے تیز کرنا۔

چَرق پَھلَق (ćárqi phaláq) [ف،بُر۔اسم] کہکشاں، (چرخ فلک کا بگاڑ)۔

چَرقِ فَلَک (ćárqi falák) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے چَرقِ پَھلَق (ćárqi phláq)۔

چِرَق (ćiráq) [بُر۔اسم] دیکھیے چِراق (ćiráaq) جس کا یہ مخفف ہے۔

چِرَق پایاَ (ćiráq paayá) [بُر۔اسم] دیکھیے چِراق پایاَ (ćiráaq paayá)۔

چَرُقِچِک (ćárqićiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے چَرُق (ćarq) جس کی یہ جمع ہے۔

چِرَقُڈ (ćiráquć) [بُر۔اسم] دیکھیے چِرَق (ćiráq) جس کی یہ جمع ہے۔

چِرَقَن (ćiráqan) [بُر۔اسم] کوئی سا چراغ، ایک چراغ، 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

چَرُقۓ سَر (ćárqe sar) [بُر۔اسم] مشینی دھاگہ، سلائی کی مشین کا دھاگہ۔

چَرَک (ćarák) [بُر۔اسم] کولہا۔

چَرَک اِسَرکَس (ćarák isárkas) [بُر۔محاورہ] مستی کرنا، (۲) ناشکری کرنا، احسان فراموشی کرنا (۳) چوپائے بالخصوص گدھے کا دولتی مارنا۔

چَرَک ٹِک ایتَس (ćarák ṭiṅ étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے چَرَک اِسَرکس (ćarák isárkas)۔

چِرِک چُرُک (ćirík ćurúk) [بُر۔اسم] قطع وبُرید، اِدھر اُدھر سے کاٹ دینا۔

چُرُک (ćurúk) [" "] قطع، کاٹ۔

چُرُک ایتَس (ćurúk étas) [بُر۔محاورہ] کاٹنا، قطع کرنا۔

چَرکَٹ (ćarkáṭ) [بُر۔محاورہ] دو پتھر وغیرہ کے درمیان آکر کٹ/کچل جانا۔

چَرکَٹ ایتَس (ćarkáṭ étas) [بُر۔محاورہ] دو پتھر وغیرہ کے درمیان کچل دینا/کاٹ دینا۔

چَرکَٹ مَناس (ćarkáṭ manáas) [بُر۔محاورہ] دو پتھر وغیرہ کے بیچ میں آکر کٹ جانا، دو سخت چیزوں کے بیچ میں آکر کچل جانا۔

چَرکُٹ (ćarkúṭ) [بُر۔اسم] شور کر کے کانوں کو متاثر کرنا۔

چُرکُٹ (ćurkúṭ) [بُر۔اسم] دیکھیے چَرکُٹ (ćarkúṭ) جس کی یہ تصغیر ہے۔

چَرکَٹیش (ćarkaṭeéś) [بُر۔اسم] چَرکَٹ (ćarkáṭ) کرنے کا عمل، جگہ جگہ سے کاٹنا (شمول بوق، ص ۳۱)۔

چَرکَٹیش ایتَس (ćarkaṭeéś étas) [بُر۔محاورہ] جگہ جگہ سے کاٹ/کچل دینا۔

چَرَکُڈ (ćarákuć) [بُر۔اسم] دیکھیے چَرَک (ćarák) جس کی یہ جمع ہے۔

چُرُکُم چُرُک (ćurúkum ćurúk) [بُر۔اسم] قطع قطع، قطع وبُرید، جگہ جگہ سے کاٹنا/کٹنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

چِرکَن (ćirkán) [بُر] دیکھیے چِرکَنَس (ćirkánas) جس کا یہ امر ہے۔

چُرُکَن (ćurúkan) [بُر۔اسم] چھوٹا ٹکڑا، تھوڑا سا حصہ، 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

چِرکَنَس (ćirkánas) [بُر۔محاورہ] بہت تیز دوڑنا (۲) کسی جانور کا زمین پر تیزی سے اچھلتے ہوئے چلنا (۳) گیند وغیرہ کا اچھلتے جانا۔

چَرکرِ پھِس ایچِی اُسکِل اِسقَرچِی
(caráke phiṣ éci úskil iṣqarci) [بُر۔کہاوت] مطلب یہ ہے کہ جب قوم کا کوئی فرد غلطی کرتا ہے تو شرمندگی ذمہ دار لوگوں پر ہی آتی ہے۔

چِروٗ (ĉiro) [بُر۔اسم] پھرکی، لٹو، چکر کھانے والی چیز۔

چُروٗ (ĉúro) [بُر۔اسم] پیشاب (بچگانہ)۔

چُرُوِیو (ĉurúuyo) [بُر۔اسم] چوٹی، سب سے اونچا سرا۔

چُرُوِیو مُڈ (ĉurúuyomuc) [بُر۔اسم] بکرے/گائے وغیرہ کے دم سے ران تک کا حصہ، نیز دیکھیے چُرُوِیو (ĉurúuyo) جس کی یہ جمع ہے۔

چُرُوٹ (ĉuruúṭ) [بُر۔اسم] چٹکی۔

چُرُوٹ اوتَس (ĉuruúṭ óotas) [بُر۔محاورہ] چٹکی بھرنا۔

چَری (ĉari) [بُر۔اسم] جھینگر کی مانند ایک چھوٹا سا کیڑا۔

چَری رَنْداٗ (ĉari randá) [بُر۔اسم] رندہ کی ایک قسم جو لکڑی پر نالیاں یا موریاں بنانے کا کام آتا ہے۔

چِرِیٹ اِمَنَس (ĉiriiṭ imánas) [بُر۔محاورہ] کنجوس شخص سے کچھ ملنا (۲) فربہ جانور کا قدرے کمزور ہونا (۳) اثر کرنا۔

چِرِیٹ کرِ ایَمَنَس (ĉiriiṭ ke eémanás) [بُر۔اسم] دیکھیے چِرِٹ کرِ ایَمَنَس (ĉiriṭ ke eémanas)۔

چ۔ڑ

چِڑی مار (ĉiṛimáar) [اُر۔اسم] ایک چھوٹی گولی والی انگریزی بندوق۔

چِڑیا گر (ĉiṛyaagár) [ہ۔اسم] وہ جگہ جہاں طرح طرح کے پرندے اور جانور رکھے جاتے ہیں۔

چ۔س

چَس (ĉas) [بُر۔اسم] اکھاڑ، بیخ کنی۔

چَس ایتَس (ĉas étas) [بُر۔محاورہ] اکھاڑنا، اپنی جگہ سے جدا کرنا۔

چَس پَس ایتَس (ĉas pas étas) [بُر۔محاورہ] جگہ جگہ سے اکھاڑنا، خراب کرنا، برباد کرنا۔

چَس چَس (ĉas ĉas) [بُر۔اسم] مسلسل اکھاڑنا، زمین سے درخت وغیرہ کو نکالنا وغیرہ۔

چَس مَناس (ĉas manáas) [بُر۔محاورہ] اکھڑ جانا، اپنی جگہ سے جدا ہونا (۲) مجلس سے برخاست ہونا۔

چِس (ĉis) [بُر۔اسم] دیکھیے چَس (ĉas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

چِس چَس (ĉis ĉas) [بُر] اِدھر اُدھر سے قدرے اکھاڑ دینا۔

چِس چَس ایتَس (ĉis ĉas étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے چِس چَس (ĉis ĉas)۔

چِس چِس (ĉis ĉis) [بُر۔اسم] دیکھیے چَس چَس (ĉas ĉas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

چُس (ĉus) [بُر۔اسم] دیکھیے چَس (ĉas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

چُس ایتَس (ĉus étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے چَس ایتَس (ĉas étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

چُس مَناس (ĉus manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے چَس مَناس (ĉas manáas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

چُسْت (ĉust) [ف۔صف] پھرتیلا، چالاک، تیز، ہوشیار (۲) موزوں۔

چُسْت مَناس (ĉust manáas) [ف+بُر۔محاورہ] پھرتیلا بننا، تیز اور چالاک بننا۔

چَسقاٗ (ĉasqá) [ہ،بُر۔اسم] مزہ، ذائقہ، لذت، (ہندی لفظ چسکا کا بگاڑ)۔

چسُقِراٗمِکٗ (čisqiramiṅ) [بُر۔اسم] چکنی چپڑی باتیں، خوشامدی۔

چسُقِراٗمِکٗ ایتَس (čisqiramiṅ étas) [بُر۔محاورہ] چکنی چپڑی باتیں کرنا، خوشامدی کرنا۔

چَسُکاٗ (časkâ) [ہ۔اسم] دیکھیے چَسُقاٗ (časqá)۔

چَسُم چَس (čásum čas) [بُر] دیکھیے چَس پَس (čas pas)۔

چُسنیٖ (čusní) [ار۔اسم] بچوں کی چوسنی، دودھ پلانے والی شیشی۔

چ۔ش

چُشایِ بوٹُو (čušáaŷ bóṭo) [بُر۔اسم] قبیلہ بُروکٗ (buróoṅ) کے ایک وزیر کا نام جسے "چُسِکٗ (čúsiṅ)" بھی کہا جاتا ہے۔

چَشمِ بَددُور (čášmi baddúur) [ف۔دعا] بُری نظر دور رہے، نظر بد نہ لگے، (محاورۃً) کسی کی مذمت میں بھی بولتے ہیں۔

چَشمِ بُلبُل (čášmi bulbúl) [ف۔اسم] ایک قسم کا کپڑا (۲) کشیدہ کاری کی ایک قسم۔

چَشم دِید گوا (čašumdiid gawáa) [ف۔صف] وہ گواہ جس نے وقوعہ کو آنکھوں سے دیکھا ہو۔

چَشماٗ (čašmá) [ف۔اسم] پانی کا سوتا (۲) عینک۔

چَشماٗمُڈ (čašmámuc) [بُر۔اسم] دیکھیے چَشماٗ (čašmá) (معنی نمبر۲) جس کی یہ جمع ہے۔

چَشمۂ آبِ حَیات (čašmáyi áabi hayáat) [ف۔اسم] آب حیات کا چشمہ۔

چَشمۂ سَلسَبِیل (čašmáyi salsabíil) [ف۔اسم] بہشت میں ایک نہر۔

چ۔ٹس

چَٹس (čaṣ) [بُر۔اسم] چوسنا۔

چَٹس ایتَس (čaṣ étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے چَٹس (čaṣ)۔

چُٹس (čuṣ) [بُر۔اسم] چَٹس (čaṣ) کی تصغیر، چوسنا، (انسان یا حیوان کے بچے کا) ماں کا دودھ پینا۔

چُٹس ایتَس (čuṣ étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے چُٹس (čuṣ)۔

چُٹس ایتَس (čuṣ éetas) [بُر۔محاورہ] کسی مادہ کا اپنے بچے کو دودھ پلانا۔

چ۔غ

چَغاٗ (čáġa) [بُر۔اسم] بات، گفتگو، نطق، کلام۔

چَغاٗ اَتُکَٹس (čáġa atúkaṭas) [بُر۔محاورہ] بات دل میں نہ رہنا، فوراً بول دینا، راز فاش کرنا۔

چَغاٗ اِلتُمَل چیٖ بَلاس (čáġa iltúmalči baláas) [بُر۔محاورہ] سننا، راز سے واقف ہونا، اطلاع پانا۔

چَغاٗ ایتَس (čáġa étas) [بُر۔محاورہ] بولنا، گفتگو کرنا، بات چیت کرنا۔

چَغاٗ ایسُ لوٗ بَلاس (čáġa ésulo baláas) [بُر۔صف] سمجھدار، عقلمند، دانا، بات کی تہہ تک پہنچنے والا، (محاورۃً) بات سمجھ میں آنا۔

چَغاٗ ایتَس (čáġa éetas) [بُر۔محاورہ] بولنے کا موقع دینا، بولنے دینا۔

چَغاٗ ایسپَلَس (čáġa éespalas) [بُر۔محاورہ] بات ختم کرنا، بحث کرنے سے گریز کرنا۔

چَغاٗ بَر (čáġa bar) [بُر۔اسم] گفتگو، بات چیت۔

چَغاٗ بَر ایتَس (čáġa bar étas) [بُر۔محاورہ] بات چیت کرنا گفتگو کرنا۔

چَغاٗ بَر مَناس (čáġa bar manáas) [بُر۔محاورہ] بات

چیت ہونا، مشورہ ہونا۔

چَغاَ بِشاَیَش (*ĉâġa biŝâyas*) [بُر۔محاورہ] بات چھیڑنا، کسی نئی بات کو سامنے لانا۔

چَغاَ پَکاَ ایتَس (*ĉâġa páka étas*) [بُر۔محاورہ] بات پکی کرنا، کسی معاملے کو یقینی بنانا (۲) نسبت طے کرنا۔

چَغاَ پَکاَ مَناس (*ĉâġa páka manáas*) [بُر۔محاورہ] بات پکی ہونا، معاملہ یقینی ہو جانا۔

چَغاَ پَھر ایتَس (*ĉâġa phar étas*) [بُر۔محاورہ] اپنی بات سے پھر جانا، بیان تبدیل کرنا۔

چَغاَ پَھر مَناس (*ĉâġa phar manáas*) [بُر۔محاورہ] بات تبدیل ہونا، بیان میں فرق آنا۔

چَغاَ پَھش ایتَس (*ĉâġa phaṣ étas*) [بُر۔محاورہ] بات ختم کرنا (۲) معاملہ طے کرنا۔

چَغاَ پَھش مَناس (*ĉâġa phaṣ manáas*) [بُر۔محاورہ] بات ختم ہونا۔

چَغاَ تِل ایلَس (*ĉâġa til éelas*) [بُر۔محاورہ] بات بھول جانا۔

چَغاَ تھانُم ایتَس (*ĉâġa tháanum étas*) [بُر۔محاورہ] زور سے بولنا، اونچی آواز سے بولنا۔

چَغاَ ٹوک ایتَس (*ĉâġa ṭok étas*) [بُر۔محاورہ] بات بنانا، جھوٹ موٹ بات بنانا (۲) بات مکمل کرنا، بات سمجھ میں آنا۔

چَغاَ ٹِھس ایتَس (*ĉâġa ṭhis étas*) [بُر۔محاورہ] بولتے وقت غلطی کرنا، بیان کرنے میں غلطی کرنا۔

چَغاَ چَغَولوَ (*ĉâġa ĉâġawlo*) [بُر۔محاورہ] بات بات میں، گفتگو کے دوران۔

چَغاَ دِوسَس (*ĉâġa díwsas*) [بُر۔محاورہ] بات ظاہر کرنا، راز فاش کرنا۔

چَغاَ دُوسَس (*ĉâġa duúsas*) [بُر۔محاورہ] بھید کھل جانا، راز فاش ہونا (۲) ایک لمبے عرصے کی بیماری یا بے ہوشی کے بعد منہ سے بات نکلنا (۳) کسی گونگے کا اچانک بول اٹھنا۔

چَغاَ دیلتَلَنَس (*ĉâġa déltalanas*) [بُر۔محاورہ] بات بنانا، بات کو آخری شکل دینا۔

چَغاَ دییَلَس (*ĉâġa déyalas*) [بُر۔محاورہ] بات سننا، اطلاع پانا، بات کو سمجھنا۔

چَغاَ دیشُلَس (*ĉâġa déeŝulas*) [بُر۔محاورہ] راز اگلوانا، منہ سے نکلوانا۔

چَغاَ ڈُم پَھر مَناس (*ĉâġa ċum phar manáas*) [بُر۔محاورہ] مکر جانا، قول سے پھر جانا، منکر ہونا۔

چَغاَ زُوَس (*ĉâġa żúwas*) [بُر۔محاورہ] بات کرنا، سمجھنا، بات کرنے کا سلیقہ آنا۔

چَغاَ شَغَن مَناس (*ĉâġa ŝaġán manáas*) [بُر۔محاورہ] بات چیت منقطع ہونا، بات کٹ جانا، بات میں مداخلت ہونا۔

چَغاَ سَو ایتَس (*ĉâġa ṣaw étas*) [بُر۔محاورہ] اشارہ کرنا۔

چَغاَ غُسَنُم ایتَس (*ĉâġa ġusánum étas*) [بُر۔محاورہ] بات کو طول دینا۔

چَغاَ غَقَیُم مَناس (*ĉâġa ġaqáyum manáas*) [بُر۔محاورہ] بدخوئی کا مظاہرہ ہونا، تلخ باتیں کرنا۔

چَغاَ غُنِکِش مَناس (*ĉâġa ġunikiṣ manáas*) [بُر۔محاورہ] بات کڑوی ہونا، بات بُری ہونا، بات ناگوار ہونا۔

چَغاَ غُنِکِش یَیَس (*ĉâġa ġunikiṣ yáyas*) [بُر۔محاورہ] بات کڑوی لگنا، بات بُری لگنا، بات ناگوار لگنا۔

چَغاَ کُھٹ ایتَس (*ĉâġa khuṭ étas*) [بُر۔محاورہ] بات کو مختصر کرنا۔

چَغاَ گَنَس (*ĉâġa gánas*) [بُر۔محاورہ] بات ماننا، فرمانبرداری کرنا، اطاعت کرنا، بات یاد رکھنا۔

چَغاٗ گچرَس (*cáġa guchâras*) [بُر-محاورہ] بات چیت چانا، بات پھیل جانا۔

چَغاٗمِنٗ (*cáġamiṅ*) [بُر-اسم] دیکھیے چَغاٗ (*cáġa*) جس کی یہ جمع ہے۔

چَغاٗ مَناس (*cáġa manáas*) [بُر-محاورہ] بات چیت ہونا، معاملہ طے ہونا۔

چَغاٗ ہینَس (*cáġa hénas*) [بُر-محاورہ] بات سمجھنا، بات کرنے کا سلیقہ آنا۔

چَغاٗٹرِ چَغاٗ ژُوس (*cáġa ṭe cáġa żúwas*) [بُر-محاورہ] بات سے بات نکلنا۔

چَغاٗٹرِ غُوس (*cáġa ṭe gúwas*) [بُر-محاورہ] بیچ میں بولنا، بات کاٹنا، بات چیت میں مداخلت کرنا۔

چَغاٗٹرِ وَشِیَس (*cáġa ṭe wáśiyas*) [بُر-محاورہ] بات چیت میں مصروف رکھنا۔

چَغَر اِلتُمَل ایرَس (*cáġar iltúmal éeras*) [بُر-محاورہ] بات سننا، توجہ دینا، غور سے سننا۔

چُغلیِ (*cuġulí*) [ف-اسم] غیبت، غمازی۔

چُغلیِ ایتَس (*cuġulí étas*) [ف+بُر-محاورہ] غیبت کرنا، چغلی کھانا۔

چُغلیِ مِنٗ (*cuġulímiṅ*) [بُر-اسم] دیکھیے چُغلیِ (*cuġulí*) جس کی یہ جمع ہے۔

چَغَن پَھل ایتَس (*cáġan phal étas*) [بُر-محاورہ] نکتہ اٹھانا، گفتگو کے دوران کوئی اہم نکتہ سامنے لانا۔

چ-ق

چَق (*caq*) [بُر-اسم] چبانا، دانتوں سے کچلنا۔

چَق ایتَس (*caq étas*) [بُر-محاورہ] چبانا (۲) کسی کو بہت تنگ کرنا۔

چَق چَق (*caq caq*) [بُر-اسم] دیکھیے چَق (*caq*) جس کی یہ تکرار ہے۔

چَق ہَغُم (*caq haġúm*) [بُر-صف] بالکل گیلا، (یہاں چَق (*caq*) بطور سابقہ آیا ہے)۔

چِق (*ciq*) [بُر-اسم] دیکھیے چَق (*caq*) جس کی یہ تصغیر ہے۔

چِق ایتَس (*ciq étas*) [بُر-محاورہ] دیکھیے چَق ایتَس (*caq étas*) جس کی یہ تصغیر ہے۔

چِق چَق (*ciq caq*) [بُر-اسم] تھوڑا تھوڑا چبالینا، قدرے چبالینا۔

چِق چَق ایتَس (*ciq caq étas*) [بُر-محاورہ] دیکھیے چِق چَق (*ciq caq*) جس کی یہ تصغیر ہے۔

چِق چِق (*ciq ciq*) [بُر-اسم] دیکھیے چَق چَق (*caq caq*) جس کی یہ تصغیر ہے۔

-چُق (*cuq-*) [بُر-اسم] پرانے زمانے میں غلہ تولنے کا ایک پیمانہ (واضح رہے کہ یہ لفظ علامتِ مقدار یعنی 'ہِی' (*hi*) 'اَلتوٗ' (*alto*) وغیرہ کے ساتھ آتا ہے اکیلا مستعمل نہیں ہے)۔

چَقاٗس (*caqaás*) [بُر-اسم] قدرے پامال، قدرے روندا ہوا۔

چَقدَر (*caqdár*) [بُر-اسم] فرائی پین، وہ توا جس میں چیزیں بھونی جاتی ہیں۔

چَقدَرِشوٗ (*caqdáriśo*) [بُر-اسم] دیکھیے چَقدَر (*caqdár*) جس کی یہ جمع ہے۔

چَقَر (*caqár*) [بُر-اسم] نیز دیکھیے جَقَر (*jaqár*)۔

چَقَر توٗل (*caqár tol*) [بُر-اسم] نیز دیکھیے جَقَر توٗل (*jaqár tol*)۔

چِقِر (*ciqir*) [بُر-صف] ایسا شخص جس کی آنکھ میں موتیا یا کسی اور وجہ سے سفیدی نظر آئے۔

چَقَراآٹو (ĉaqaraâṭo) [بُر۔صف] چپکنے والی، چسپاں ہونے والی۔

چِقِرِیٹ (ĉiqiriiṭ) [بُر۔صف] مٹر وغیرہ کی نامکمل پھلی۔

چِقِرِیٹو (ĉiqiriiṭo) [بُر۔صف] دیکھیے چِقِرِیٹ (ĉiqiriiṭ)۔

چَقَس (ĉaqás) [بُر۔اسم] پامال، روندا ہوا۔

چَقَس ایتَس (ĉaqás étas) [بُر۔محاورہ] پامال کرنا، روندنا، کچلنا۔

چَقِس (ĉaqis) [بُر۔اسم] دیکھیے چَقَس (ĉaqás)۔

چَقِس ایتَس (ĉaqis étas) [بُرمحاورہ] دیکھیے چَقَس ایتَس (ĉaqás étas)۔

چَقُم چَق (ĉâqum ĉaq) [بُر۔اسم] بہت زیادہ چبانا، چبا چبا کر ختم کرنا۔

چُقَندَر (ĉuqandár) [ف۔اسم] ایک ترکاری جو گول شلجم/شلغم کی شکل کی ہوتی ہے اور ابالنے سے نہایت سرخ رنگ نکلتا ہے، اس سے کھانڈ بھی بناتے ہیں۔

چُقَندَرِشو (ĉuqandárišo) [ف۔اسم] دیکھیے چُقَندَر (ĉuqandár) جس کی یہ جمع ہے۔

چَقوٹی (ĉaqóoṭi) [بُر۔اسم] رکاوٹ، مشکل، مانع۔

چَقوٹی مَناس (ĉaqóoṭi manáas) [بُر۔محاورہ] رکاوٹ ہونا، مشکل سامنے آنا، مانع ہونا۔

چَقے (ĉáqe) [بُر] کھانے کے متعلق، کھانے کا/کی۔

چ-ک

چَک (ĉak) [بُر۔اسم] کلہاڑی یا تیشے کی ضرب (۲) ظلم۔

چَک ایتَس (ĉak étas) [بُر۔محاورہ] کلہاڑی یا تیشے سے ضرب لگانا (۲) بہت نقصان پہنچانا (۳) ظلم کرنا۔

چَک بیل (ĉak bel) [بُر۔اسم] پھاوڑا یا بیلچے کی ایک قسم۔

چَک چَک (ĉak ĉak) [بُر۔اسم] دیکھیے چَک (ĉak) جس کی یہ تکرار ہے۔

چَک چَک ایتَس (ĉak ĉak étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے چَک ایتَس (ĉak étas) جس کی یہ تکرار ہے۔

چَک ڈَک (ĉakḍák) [بُر۔اسم] لڑائی جھگڑا، فساد، خون خرابہ۔

چَک ڈَک مَناس (ĉak-ḍák manáas) [بُر۔محاورہ] لڑائی جھگڑا ہونا، فساد ہونا، خون خرابہ ہونا۔

چِک (ĉik) [بُر] دیکھیے چَک (ĉak) جس کی یہ تصغیر ہے۔

چِک چِک (ĉik ĉik) [بُر] دیکھیے چَک چَک (ĉak ĉak) جس کی یہ تصغیر ہے۔

چُک (ĉuk) [بُر] یہ لِپ (lip) کے ساتھ بطور لاحقہ آتا ہے، بمعنی برباد، خراب، بےکار (یہ لفظ اکیلا استعمال نہیں ہوتا ہے)۔

چَکا بُرُس (ĉaká burús) [بُر۔اسم] بُرُس (burús) کی ایک قسم۔

چَکاآلُمُڈ (ĉakaálumuc) [بُر۔اسم] دیکھیے چَکاآلو (ĉakaálo) جس کی یہ جمع ہے۔

چَکاآلو (ĉakaálo) [بُر۔اسم] بڑھئی، ترکھان۔

چَکاآلوتِنگ (ĉakaálotiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے چَکاآلو (ĉakaálo) جس کی یہ جمع ہے۔

چَکَر (ĉakár) [اُر۔اسم] دائرہ، حلقہ، گھیرا (۲) گردش، سر گھومنا۔

چَکَر ایتَس (ĉakár étas) [اُر+بُر۔محاورہ] گھومنا، پھرنا، سیر کرنا۔

چَکَر دیڈَس (ĉakár déeĉas) [اُر+بُر۔محاورہ] چکر میں ڈالنا، مصیبت میں ڈالنا، حیران کرنا۔

چَکَر ژُوَس (ĉakár żúwas) [اُر+بُر۔محاورہ] سر گھومنا، غش آنا۔

چِکَرَس (ĉikaras) [بُر۔اسم] پرانده۔

چَکَرِنگ (ĉakáriṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے چَکَر (ĉakár) جس کی یہ جمع ہے۔

چِکرَنَس (*ĉikaranas*) [بُر۔اسم] دیکھیے چِکرَس (*ĉikaras*)۔

چَکَس (*ĉakâs*) [بُر۔اسم] کوڑی، سیپ۔

چَکَشو (*ĉakâŝo*) [بُر۔اسم] دیکھیے چَکَس (*ĉakâs*) جس کی یہ جمع ہے۔

چِکِش (*ĉikiṣ*) [بُر۔اسم] بُرُشو گودام، سٹور۔

چُکَنگ (*ĉukâṅ*) [بُر۔اسم] دیسی لیٹرین، رفع حاجت کی جگہ، بیت الخلا۔

چُکَنٹے دیورُتَس رُزی

(*ĉukâṅaṭe déwruṭas ruzí*) [بُر۔کہاوت] یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کسی نااہل کو مال و دولت ملتی ہے:

بہ نادان آنچنان روزی رساند

کہ دانا اندر آن حیران بماند (سعدی)

ترجمہ: خدا نادان کو اس طرح روزی پہنچاتا ہے کہ دانا حیران و ششدر رہ جاتا ہے۔

چَکَلاایو (*ĉakalâayo*) [بُر۔صف] جس کی ایک آنکھ ناقص ہو (۲) ایک آنکھ کا اندھا، کانا۔

چَکَلاایی (*ĉakalâayi*) [بُر۔صف] دیکھیے چَکَلاایو (*ĉakalâayo*) جس کی یہ تانیث ہے۔

چَکَل دَنو (*ĉakaldâno*) [بُر۔صف] اندھا۔

چَکَل دَنی (*ĉakaldâni*) [بُر۔صف] دیکھیے چَکَل دَنو (*ĉakaldâno*) جس کی یہ تانیث ہے۔

چَکَل یاایو (*ĉakâlyâayo*) [بُر۔صف] اندھا۔

چَکَل یاایی (*ĉakalyâayi*) [بُر] دیکھیے چَکَل یاایو (*ĉakalyâayo*) جس کی یہ تانیث ہے۔

چَکَلو (*ĉakâlo*) [بُر۔صف] دیکھیے چَکَل یاایو (*ĉakalyâayo*) جس کا یہ مخفف ہے۔

چَکَلی (*ĉakâli*) [بُر۔اسم] پھٹ جانا، دو حصے ہو جانا، آدھا حصہ، نیز دیکھیے چَکَلو (*ĉakâlo*) جس کی یہ تانیث ہے۔

چُکُلی (*ĉukúli*) [بُر۔اسم] ٹکڑا، ریزہ۔

چُکُلی چِک (*ĉukúliĉiṅ*) [بُر۔اسم] ٹکڑے، ریزے۔

چِکمین (*ĉikmên*) [بُر۔اسم] ایک قسم کا کپڑا جو پرانے زمانے میں کاشغر سے آتا تھا جس سے چپن بناتے تھے۔

چِکَن (*ĉikân*) [بُر۔اسم] بوسہ، بطور تبرک بوسہ لینا۔

چِکَن ایتَس (*ĉikân étas*) [بُر۔محاورہ] بوسہ (احتراماً چوم لینا، بطور تبرک بوسہ دینا)، کسی چیز کو ہاتھ لگا کر بوسہ دینا۔

چِکنا ہُک (*ĉikná huk*) [بُر۔اسم] کتوں کی ایک نسل۔

چِکو (*ĉiko*) [بُر۔اسم] داغ، دھبہ۔

چُکوتُم (*ĉukútum*) [بُر۔اسم] وہ غلہ جو دِشَکی (*diŝâki*) (دیکھیے دِشَکی) کے دوران بیچ میں پینے کے لیے لاتے ہیں۔

چِکی (*ĉiki*) [بُر۔اسم] مشک۔

چَکھَس (*ĉakhâs*) [بُر۔اسم] ٹوٹنا، توڑنا، قطع ہونا۔

چَکھَس اِمَنَس (*ĉakhâs lmânas*) [بُر۔محاورہ] ہاتھ ٹوٹ جانا، اپاہج ہونا (۲) فوراً ٹوٹ جانا۔

چَکھَس ایتَس (*ĉakhâs étas*) [بُر۔محاورہ] توڑ دینا، قطع کرنا۔

چِکیے رَنگ (*ĉikiye raṅ*) [بُر۔اسم] مشک کا رنگ۔

چِکیے سیل (*ĉikiye sel*) [بُر۔اسم] ہرن، ایک چھوٹی سی ہرن۔

چِکیے چُر (*ĉikiye çhur*) [بُر۔اسم] ایک قسم کی چھوٹی چھری۔

چِکیے مُجُر (*ĉikiye mujúr*) [بُر۔اسم] بید مجنون کی ایک قسم۔

چِکیے نَس (*ĉikiye nas*) [بُر۔اسم] مشک کی خوشبو۔

چ۔گ

چُگدَر (*ĉúgudar*) [بُر۔اسم] آڑو (۲) آڑو کا درخت۔

چُگدَرِکْ (ĉúgudariṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے **چُگدَر** (ĉúgudar) معنی نمبر۲ جس کی یہ جمع ہے۔

چ۔ک

چَکْ (ĉaṅ) [بُر۔اسم] دل کو ٹھیس پہنچنا/پہنچانا (۲) کوئی مرغن چیز کھانے کی وجہ سے اشتہا ختم ہونا، بھوک ختم ہونا (۳) موسیقی کا ایک آلہ۔

چُکْ اِمَنَس (ĉaṅ imánas) [بُر۔محاورہ] دل کو ٹھیس پہنچنا، دل آزار ہونا۔

چَکْ ایتَس (ĉaṅ étas) [بُر۔محاورہ] دل کو ٹھیس پہنچانا، آزار کرنا۔

چَکْ چھغُرُم (ĉaṅ ĉhaġúrum) [بُر۔صف] بالکل سرد، سخت ٹھنڈا **چَکْ** (ĉaṅ) سابقہ ہے۔

چَکِچَکْ (ĉaṅíĉaṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے **چَکْ** (ĉaṅ) جس کی یہ جمع ہے۔

چِنگَم (ĉiṅgám) [انگ، بُر۔اسم] چیونگ گوند، میٹھی گوند جسے چوسا اور چبایا جاتا ہے۔ chewing gum

چُنگی (ĉuṅgi) [ہ۔اسم] ایک محصول جو میونسپل کمیٹی کی حدود کے اندر مال لے جانے پر لیتے ہیں۔

چَکے دولَس (ĉáṅe dólas) [بُر۔محاورہ] باز، عقاب وغیرہ کا اچانک حملہ کر کے مارنا۔

چ۔ل

چَل (ĉal) [بُر۔اسم] لڑائی، جھگڑا، جنگ۔

چَل اَپی کے چھیر ایورُٹ (ĉal apí ke ĉhiir éwruṭ) [بُر۔کہاوت] غم نہ داری بز بخر، جان بوجھ کر اپنے لیے مسائل پیدا کرنا۔

چَل ایتَس (ĉal étas) [بُر۔محاورہ] لڑنا، جھگڑنا۔

چَل بَم سِسے بِرَنچَٹُم تَل کے ایدِلی (ĉal bam síse biránĉaṭum tal ke éedili) [بُر۔کہاوت] "صحبت کہ موافق نہ بود دوری بہ" یعنی دشمن سے دُور رہنا ہی بہتر ہے۔

چَل دو گنَس (ĉal dóogunas) [بُر۔محاورہ] لڑانا، آپس میں لڑوانا۔

چَل دُؤنَس (ĉal duúnas) [بُر۔محاورہ] لڑنا، مقابلہ کرنا۔

چَل کھرَس (ĉal kharás) [بُر۔اسم] لڑائی جھگڑا، ناراضگی۔

چَل کھرَس ایتَس (ĉal kharás étas) [بُر۔محاورہ] لڑنا جھگڑنا، فساد کرنا۔

چَل مِکْ (ĉalmíṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے **چَل** (ĉal) جس کی یہ جمع ہے۔

چَل مَناس (ĉal manáas) [بُر۔محاورہ] لڑائی چھڑ جانا، جھگڑا ہونا۔

چَل کِس (ĉálkis) [بُر۔اسم] لڑاکو، جھگڑالو۔

چِلاٗ (ĉilá) [ف۔اسم] چلّہ، چالیس دن کا زمانہ (۲) چالیس روز کی گوشہ نشینی و وظیفہ خوانی (۳) چالیس دن کا جاڑا جس کا آغاز دسمبر کی پندرہویں تاریخ سے ہوتا ہے۔

چِلاٗ گلَس (ĉilá gálas) [ف+بُر۔محاورہ] جاڑے کے چالیس دن کا عرصہ ختم ہونا۔

چِلاٗ گی (ĉilagí) [ف+بُر۔اسم] چلّہ باندھنا، چلّہ کی حالت۔

چِلاٗ ہُرُٹَس (ĉilá hurúṭas) [ف+بُر۔محاورہ] چالیس دن تک گوشہ نشین ہو کر وظیفہ خوانی کرنا۔

چِلاٗ یَلَس (ĉilá yálas) [ف+بُر۔محاورہ] چالیس دن کی وظیفہ خوانی مکمل کرنا۔

چلاک (*čalâak*) [بُر۔صف] چالاک کا مخفف بمعنی چست، تیز، ذہین، ہوشیار۔

چلاکی (*čalaakí*) [بُر۔اسم] چالاکی کا مخفف، چالاک کا اسم کیفیت۔

چلاکی ایتَس (*čalaakí étas*) [بُر۔محاورہ] چالاکی کرنا۔

چِلپچی (*čilipči*) [بُر۔اسم] ہاتھ دھلانے والا برتن جس کے سرپوش میں چھید ہوتے ہیں، (فارسی لفظ چِلمُچی (*čilimči*) کا بگاڑ)۔

چِلکی (*čilikí*) [ہ،بُر۔اسم] پرانے زمانے کا ایک سکہ جو روپے کا نصف ہوتا تھا، موجودہ حساب سے پچاس پیسے کا سکہ (۲) جلد کی ایک بیماری جس میں چھوٹے بچوں کے جلد پر چھوٹے چھوٹے سرخ دانے نکلتے ہیں۔

چِلکی مُڈ (*čilikimuc*) [بُر۔اسم] دیکھیے چِلکی (*čilikí*) جس کی یہ جمع ہے۔

چِلِک (*čalin*) [بُر۔اسم] دیکھیے چَل (*čal*) جس کی یہ جمع ہے۔

چِلم (*čilim*) [ف۔اسم] آگ اور تمباکو رکھنے کا ظرف جسے حقّے پر رکھ کر دم لگاتے ہیں۔

چِلم مِناس (*čilim minâas*) [ف+بُر۔محاورہ] حقّہ پینا، حقّہ کے ذریعے تمباکو نوشی کرنا۔

چِلمُچی (*čilimči*) [بُر۔اسم] دیکھیے چِلپچی (*čilipči*)۔

چِلمُچی مُڈ (*čilimčimuc*) [بُر۔اسم] دیکھیے چِلمُچی (*čilimči*) جس کی یہ جمع ہے۔

چِلی بُبُک (*čili bubúk*) [وخی۔اسم] بُدبُد۔

چَلے گمُن تَمَشاٗ (*čále gamún tamašá*) [بُر۔کہاوت] مذاق لڑائی کی بنیاد ہے۔

چِلینج (*čilénj*) [انگ۔اسم] مقابلہ، مقابلے کے لیے بلانا، دعوت مبارزہ۔ challenge

چِلینجی پاس (*čilénji pâas*) [بُر۔اسم] پاکستان کے شمالی علاقہ میں ایک پہاڑی گزرگاہ، ایک پہاڑی درّہ۔

چ۔م

چَم (*čam*) [بُر۔اسم] تاک، گھات، قصد۔

چَم ایتَس (*čam étas*) [بُر۔محاورہ] گھات میں لگے رہنا، تاک میں بیٹھنا۔

چَم چوکو (*čam čóko*) [بُر۔اسم] سخت چڑھائی، ایسی چڑھائی جو اوپر کی طرف بالکل سیدھی ہو، چَم (*čam*) سابقہ ہے۔

چَم مَناس (*čam manâas*) [بُر۔محاورہ] سوءارادہ ہونا (۲) انتقام کی نیت ہونا۔

چِم (*čim*) [بُر۔اسم] چَم کی تصغیر (۲) نشوونما کا فقدان، نباتات اور حیوان میں نشوونما کا فقدان ہونا۔

چِم نِیَس (*čim níyas*) [بُر۔محاورہ] نشوونما نہ پانا، نشوونما رک جانا، نشوونما کا فقدان ہونا، مرجھا جانا۔

چَماٗ (*čamá*) [بُر۔اسم] چھلا، حلقہ۔

چَماٗمُڈ (*čamámuc*) [بُر۔اسم] دیکھیے چَماٗ (*čamá*) جس کی یہ جمع ہے۔

چَماٹ (*čamâat*) [بُر۔اسم] سعی، کوشش، جدوجہد۔

چَماٹ ایتَس (*čamâat étas*) [بُر۔محاورہ] سعی کرنا، کوشش کرنا، جدوجہد کرنا۔

چَمبیلی (*čambiili*) [ار۔اسم] چنبیلی، یاسمن (۲) یہ عورتوں کا نام بھی ہوتا ہے۔

چَمپیَن (*čámpiyan*) [انگ۔اسم] مقابلے میں پہلے درجے پر آنے والا۔ champion

چُمُٹ کیر (*čumúț ker*) [وخی] بالغ کنواری لڑکی، غیر شادی شدہ بالغ لڑکی۔

چمچاٗ (*čamčá*) [ف۔اسم] چمچہ، ڈوئی، پتلی غذا پینے کا آلہ۔

چَمداٗ (*čamdá*) [بُر۔اسم] جیب، کیسہ۔

چَمداَؤلو شَکر اَپی کرے گُغچی کرے شَکر اَپیا (ĉamdáw lo ŝákar apí ke guqháĉi ke ŝákar apíya) [بُر-کہاوت] نانِ گندم گر نباشد سخن گندم، یعنی اگر دینے کے لیے کچھ نہیں ہے تو زبان میٹھی کرو۔

چَمدَمُڈ (ĉamdámuc) [بُر-اسم] دیکھیے چَمداَ (ĉamdá) جس کی یہ جمع ہے۔

چِمَر (ĉímar) [بُر-اسم] لوہا۔

چَمَرآٹو (ĉamraáṭo) [بُر-صف] ایسا پودا وغیرہ جس کی نشو ونما صحیح طور پر نہ ہوئی ہو۔

چَمَرُوٹو (ĉamarúuṭo) [بُر-صف] دیکھیے چَمَرآٹو (ĉamaraáṭo)۔

چَمَق (ĉamáq) [بُر-اسم] چقماق۔

چَمَقِشو (ĉamáqiŝo) [بُر-اسم] دیکھیے چَمَق (ĉamáq) جس کی یہ جمع ہے۔

چِمِقو (ĉimíqo) [بُر-صف] بہت چھوٹا، ننھا منا۔

چَمَقی (ĉamaqí) [بُر-اسم] جلد کی ایک بیماری جس میں بچوں کی جلد پر چھوٹے چھوٹے سرخ دانے نکل آتے ہیں نیز دیکھیے چِلکی (ĉiliki) (معنی نمبر ۲)۔

چَمَقی مُڈ (ĉamaqíimuc) [بُر-اسم] دیکھیے چَمَقی (ĉamaqí) جس کی یہ جمع ہے۔

چُم کُٹ (ĉumkúṭ) [بُر-صف] دم بریدہ (۲) کوئی بھی چیز جو ضرورت سے زیادہ کاٹی گئی ہو۔

چَمَن گل (ĉamangúl) [ف-اسم] گوجال میں ایک جگہ کا نام جو گلمت نالے سے نیچے کے حصے پر مشتمل ہے۔

چِمنی (ĉimini) [انگ-اسم] شیشے کی نالی جو لیمپ پر لگاتے ہیں (۲) لوہے کی نالی یا مینار جو کارخانوں میں دھواں نکلنے کے لیے لگا ہوتا ہے جو آج کل پختہ اینٹوں سے بنایا جاتا ہے (۳) دیوار میں وہ سوراخ جس میں سے چولہے میں سے آگ جلتے وقت دھواں نکلتا ہے۔ chimney

چ-ن

چَناَ (ĉaná) [ار-اسم] نخود، ایک اناج جو فصل ربیع میں پکتا ہے، دال کی ایک قسم۔

چِنار (ĉináar) [ف-اسم] ایک بہت بڑے درخت کا نام جس کے پتے انسانی پنجہ کے مشابہ ہوتے ہیں۔

چَنبیلی (ĉanbiilí) [ار-اسم] دیکھیے چَمبیلی (ĉambiilí)۔

چِنتاَ (ĉintá) [بُر-صف] تیز طرار، چست، چالاک۔

چَنداَ (ĉandá) [ف-اسم] چندہ، وہ روپیہ جو مختلف آدمیوں سے لے کر کسی کام کے لیے جمع کیا جائے (۲) اخبار یا رسالہ کی ماہانہ یا سالانہ قیمت۔

چِندَقُوری (ĉindaqúuri) [بُر-اسم] کسی کو کندھے پر اُٹھانا، خاص طور پر چھوٹے بچوں کو ناز برداری کے لیے کندھے پر اُٹھا لینا۔

چِندَقُوری یَنَس (ĉindaqúuri yánas) [بُر] دیکھیے چِندَقُوری (ĉindaqúuri)۔

چِندِق (ĉindiq) [بُر] دیکھیے چِنڈِق (ĉinḍiq)۔

چِندِق دیلَس (ĉindiq délas) [بُر-محاورہ] دیکھیے چِنڈِق دیلَس (ĉinḍiq délas)۔

چِنڈِق (ĉinḍiq) [بُر-محاورہ] چھلانگیں لگانا، نخرے کرنا، مستی کرنا۔

چِنڈِق دیلَس (ĉinḍiq délas) [بُر-محاورہ] دیکھیے چِنڈِق (ĉinḍiq)۔

چَنَق (ĉanáq) [بُر-صف] بنجر، بے آب و گیاہ۔

چَنگی ہِرپَل (ĉangi hirpal) [بُر-اسم] کسر کا گھوڑا، بُروشو

کہانیوں کا ایک افسانوی کردار۔

چُنوٗ چُکتوٗ (ćúno ćukúto) [شنا+بُر۔اسم] چھوٹی چھوٹی باتیں (۲) چھوٹی چھوٹی چیزیں۔

ćaw, ćiw چ۔و

چَو (ćaw) [بُر۔اسم] پانی وغیرہ کو مکمل طور پر بند کرنا (۲) پرندوں کے شور کی آواز۔

چَوپَو ایتَس (ćaw paw étas) [بُر۔محاورہ] شور مچانا، غل کرنا۔

چِو (ćiw) [بُر۔اسم] دیکھیے چَو (ćaw) جس کی یہ تصغیر ہے (۲) چڑیوں چوزوں وغیرہ کی آواز۔

چِو ایتَس (ćiw éetas) [بُر۔محاورہ] پانی کو مکمل طور پر بند کرنا۔

چِو چِو (ćiw ćiw) [بُر۔اسم] چڑیوں اور مرغی کے چوزوں وغیرہ کی آواز۔

چِو کِرے اوٗمَنَس (ćiw ke oómanas) [بُر۔محاورہ] اٹا پانہ چلنا، بالکل خاموشی ہونا، سکوت طاری ہونا۔

ćo چ۔وٗ

چوٗپ (ćop) [بُر۔اسم] ڈھیر، تودہ، ذخیرہ۔

چوٗپ ایتَس (ćop étas) [بُر۔محاورہ] ڈھیر لگانا، ذخیرہ کرنا۔

چوٗپُری (ćópuri) [بُر۔اسم] اندرائن کا پھل اور اس کا پودا، حنظل۔

چوٗپُری مُڈ (ćópurimuć) [بُر۔اسم] دیکھیے چوٗپُری (ćópuri) جس کی یہ جمع ہے۔

چوٗٹ (ćot) [بُر۔اسم] چوٹ، ضرب۔

چوٗٹ سِیَس (ćoṭ ṣíyas) [بُر۔محاورہ] مار کھانا، ضرب کھانا (۲) ضرر یا نقصان پہنچنا۔

چوٗٹ یَیَس (ćoṭ yáyas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے چوٗٹ سِیَس (ćoṭ ṣíyas)۔

چوٗٹِسکُم (ćóṭiskum) [بُر۔صف] دیکھیے چوٗٹِسکی (ćóṭiski) (۲) اوندھا، الٹا۔

چوٗٹِسکی (ćóṭiski) [بُر۔صف] وہ بوجھ جو دائیں بائیں کی بجائے اوپر نیچے کی طرف لمبا ہو۔

چوٗٹِسکی بَلْدا (ćóṭiski baldá) [بُر۔اسم] دیکھیے چوٗٹِسکی (ćóṭiski)۔

چوٗٹُکم (ćóṭkum) [بُر۔صف] اُلٹنا، اُلٹ کر چوٹ لگنا، اوندھا گرنا۔

چوٗٹَنے اِوانَس (ćóṭane iwáanas) [بُر۔محاورہ] یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب ایک شخص جان بوجھ کر مار کھانا چاہتا ہے، آ بیل مجھے مار۔

چوٗٹے جاآک دُوٗشی بَرے جاآک اَتوٗشی
(ćóṭe jaák duúši báre jaák atúuši)
[بُر۔کہاوت] جسمانی اذیت سے ذہنی اذیت زیادہ دیرپا ہوتی ہے۔

چوٗچوٗک (ćóćok) [بُر۔متعلق فعل] ابھی ابھی، تازہ تازہ۔

چوٗدوٗ (ćódo) [بُر۔اسم] طعنہ، طنز۔

چوٗدوٗ اِچھیَس (ćódo ićhíyas) [بُر۔محاورہ] طعنہ دینا۔

چوٗدوٗ گاآروٗ (ćódo gaáro) [بُر۔اسم] ایسا شخص جو کسی کام کی وجہ سے طعنہ کا مستحق بنے۔

چوٗدوٗ مَناس (ćódo manáas) [بُر۔محاورہ] طعنہ کا مستحق بننا۔

چوٗدوٗمِک (ćódomiń) [بُر۔اسم] دیکھیے چوٗدوٗ (ćódo) جس کی یہ جمع ہے۔

چوٗر (ćor) [بُر۔اسم] کان کھڑے کرنا۔

چوٗر ایتَس (ćor étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے چوٗر (ćor)۔

چوٗس (ćos) [بُر۔اسم] دیکھیے چَس (ćas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

چوٗش (ćoṣ) [بُر۔اسم] اُبھرا ہوا، سطح سے اُونچا۔

چوٗش مَناس (ćoṣ manáas) [بُر۔محاورہ] اُبھرنا، اُبھرا ہوا ہونا،

عام سطح سے بلند ہونا۔

چۆشو (ćóṣo) [بُر۔اسم] کوئی چیز جو ابھری ہوئی ہو (۲) جس شخص کے دانت باہر کی طرف نکلے ہوئے ہوں۔

چۆق (ćoq) [بُر۔اسم] وقت، لمحہ (۲) دیکھیے چَق (ćaq) جس کی یہ تصغیر ہے۔

چۆک (ćok) [بُر۔متعلق فعل] اب، اس وقت، نیز دیکھیے چَک (ćak) جس کی یہ تصغیر ہے۔

چۆک چۆک (ćok ćok) [بُر۔متعلق فعل] ابھی ابھی، اس وقت، فی الحال۔

چۆک چۆک ایَتس (ćok ćok étas) [بُر۔محاورہ] ابھی ابھی کام انجام دینا، ہاتھوں ہاتھ مکمل کرنا۔

چۆک چۆک (ćok ćok) [بُر۔اسم] دیکھیے چۆک چۆک ایَتس (ćok ćok étas)۔

چۆک چۆک ایَتس (ćokćók étas) [بُر۔محاورہ] تیشے یا کلہاڑی سے آہستہ آہستہ ضرب لگانا۔

چۆک مۆ چۆکر (ćok mo ćókar) [بُر۔متعلق فعل] پل بھر میں، فوراً ہی۔

چۆکُٹیِ (ćókuṭi) [بُر۔اسم] جھونپڑی۔

چۆکُٹیِمُڈ (ćókuṭimuć) [بُر۔اسم] دیکھیے چۆکُٹیِ (ćókuṭi) جس کی یہ جمع ہے۔

چۆکۆ (ćóko) [بُر۔اسم] چڑھائی، فراز۔

چۆکۆ ایَتس (ćóko étas) [بُر۔محاورہ] ایک سرے کو بلند کرنا، ایک سرے کو اونچا کرنا۔

چۆکۆ پُھل (ćóko phul) [بُر۔اسم] مگ کی شکل کا ایک کٹورا جو لکڑی سے بناتے تھے۔

چۆکۆ چَکورۆ (ćóko ćakóoro) [بُر۔صف] چوکس، چوکنا کسی صورت حال سے نمٹنے کے لیے تیار رہنا۔

چۆکۆ چَکورۆ مَناس (ćóko ćakóoro manáas) [بُر۔محاورہ] چوکس ہونا، چوکنا ہونا، کسی صورت حال سے نمٹنے کے لیے تیار رہنا۔

چۆکۆ مَناس (ćóko manáas) [بُر۔محاورہ] بکریوں کا درختوں سے پتے کھانے کے لیے پچھلے پیروں پر کھڑا ہونا۔

چۆل (ćol) [بُر۔اسم] چوری۔

چۆل ایَتس (ćol étas) [بُر۔محاورہ] چوری یا بدکاری کرنا۔

چۆل مَناس (ćol manáas) [بُر۔محاورہ] چوری ہونا۔

چۆلۆ (ćólo) [بُر۔اسم] چور، بدکار۔

چۆلیِ (ćóli) [بُر۔اسم] دیکھیے چۆلۆ (ćólo) جس کی یہ تانیث ہے۔

چ - و ćoo

چوٹَل (ćóoṭal) [بُر۔اسم] تُرشک، ایک کھٹا پودا جو پہاڑوں میں ہوتا ہے، اس کے بڑے بڑے گول پتے ہوتے ہیں جو گوبھی کے پتوں سے ملتے جلتے ہیں۔

چوٹَلِنگ (ćóoṭaliṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے چوٹَل (ćóoṭal) جس کی یہ جمع ہے۔

چوٹَلِنگ پھو مَناس (ćóoṭaliṅ phaw manáas) [بُر۔محاورہ] بری طرح سے لڑائی جھگڑا ہونا، کچھ نہ بچنا۔

چودِرِیِ (ćoodiri) [اُر۔اسم] کسی قوم یا فرقہ کا سردار، نمبردار، (چودھری کا بگاڑ)۔

چوغاٗ (ćoogá) [ف۔اسم] چوغہ، جُبّہ، لبادہ، عبا۔

چوغاٗمُڈ (ćoogámuć) [ف+بُر۔اسم] دیکھیے چُوغاٗ (ćoogá) جس کی یہ جمع ہے۔

چوک (ćóok) [اُر۔اسم] چوراہا (۲) مربع (۳) وہ بڑا بازار جس کے چار راستے ہوں۔

چوکِدار (ćookidáar) [اُر، ف۔اسم] چوکیدار، پاسبان۔

چوکوٗ (cóoko) [مُ۔اسم] لکڑی کا گلاس، نیز دیکھیے چوکیٖ (cóoki)۔

چوکوٗ ھَلدیٖن (cóoko haldén) [مُ۔اسم] ایسا بکرا جس کے سینگ سیدھے اوپر کی طرف کھڑے ہوں۔

چوکیٖ (cóoki) [مُ۔اسم] وہ بکرا یا بکری جس کے سینگ سیدھا اوپر کی طرف کھڑے ہوں، نیز دیکھیے چوکوٗ (cóoko)۔

چویوٗ (cóoyo) [مُ۔اسم] خصیہ، فوطہ، خایہ، بیضہ۔

cóó چ۔وٗ

چوٗپ (cóop) [مُ۔اسم] دیکھیے چوپ (cop) جس کی یہ تصغیر اور تقلیل ہے اور اس عمل میں آہستگی کا مفہوم بھی پیدا کرتا ہے۔

چوٗپ ایٹَس (cóop étas) [مُ۔محاورہ] دیکھیے چوٗپ (cóop)

چوٗر مَناس (cóor manáas) [مُ۔محاورہ] قدرے بڑھ جانا، قدرے نشو ونما پانا (فصل وغیرہ)۔

چوٗروٗ نُورشا (cóoro nuurśáa) [مُ۔اسم] وہ آدمی جس نے نگر غُلمیت سے سید شاہ ولی کو ہونزا اعلیٰ آباد تک پہنچایا تھا۔

چوٗق (cóoq) [مُ۔اسم] کچھ دیر میں۔

cuu چُ۔و

چُو (cúu) [مُ۔اسم] آنکھ مچولی کھیلتے وقت حریف یا مخصوص ہدف کو چُھونا۔

چُو ایٹَس (cúu étas) [مُ۔محاورہ] دیکھیے چُو (cúu) (۲) صرف مل کر واپس آنا۔

چُوچُو (cúu cúu) [مُ۔اسم] آنکھ مچولی کا کھیل۔

چُوچُو مَناس (cúu cúu manáas) [مُ۔محاورہ] آنکھ مچولی کھیلنا۔

چُوتیٖ ماتیٖ (cuutimaati) [مُ۔اسم] چٹنی جیسی ایک تُرشی جو کچے خوبانیوں کو کسی کُھر درے پتھر پر رگڑ کر بناتے ہیں۔

چُولِنگ لَم مَناس (cúuliṅ lam mamáas) [مُ۔محاورہ] لکڑی کا پہاڑے سے گرتے وقت ٹکڑے ٹکڑے ہونا، تراشے بکھرنا۔

چُوناٗ (cuuná) [اُ۔اسم] وہ سفید پاوڈر جو چونے کا پتھر جلا کر تیار کرتے ہیں۔

چُونا گُلیٖ (cuunáa guli) [مُ۔اسم] وہ جھونپڑی نما کمرہ جس میں چونے کا پتھر جلاتے ہیں۔

cuú چُ۔وٗ

چُوٗپ (cuúp) [مُ۔اسم] قدرے خاموش، ذرا سی خاموشی۔

چُوٗپ چُوٗپ (cuúp cuúp) [مُ۔اسم] چُپ رہنا، قدرے خاموشی اختیار کرنا (۲) معنی خیز انداز میں خاموشی اختیار کرنا۔

چُوٗر بَت (cuúr bat) [مُ۔اسم] ایک کھیل جس میں پتھر استعمال ہوتے تھے۔

چُوٗر بَتیٖنگ دیٖیَس (cuúr batéṅ déyas) [مُ۔محاورہ] چُوٗر بَت (cuúr bat) کے کھیل میں سات پتھر ایک دوسرے کے اوپر رکھنا۔

چُوٗروٗ (cuúro) [مُ۔اسم] ڈولی (۲) وہ برتن جو کسی مائع کو انڈیلنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے (۳) بستر میں عادتاً پیشاب کرنے والا۔

چُوٗست (cuúst) [مُ۔صف] قدرے تیز، قدرے چالاک (۲) قدرے بڑا۔

چُوٗش (cuúṣ) [مُ۔اسم] آہستہ آہستہ چوسنا (۲) لاغر ہونا، دبلا پتلا ہونا۔

چُوٗش اِمَنَس (cuúṣ imánas) [مُ۔محاورہ] لاغر ہونا، دُبلا پتلا

ہونا۔

چُوَس ایَتَس (cuúṣ étas) [بُر۔محاورہ] چوسنا۔

چُوَلی (cuúli) [بُر۔اسم] آنکھ کے کونے پر جمنے والا میل جس کی وجہ آنکھوں کی کوئی بیماری ہوتی ہے۔

چُوَلیَکٗ (cuúliyaṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے چُوَلی (cuúli) جس کی یہ جمع ہے۔

چُوَلیَکٗ لَم مَناس (cuúliyaṅ lam mamáas) [بُر۔محاورہ] آنکھوں میں زیادہ میل جمنا (۲) بے عزتی ہونا، رسوائی ہونا۔

چ ـ ھ

چھاَ (ĉha) [بُر۔اسم] باجرا، ایک قسم کا غلہ جو خریف میں پیدا ہوتا ہے۔

چھاَباَیِ (ĉha baý) [بُر۔اسم] باجرا اور جوار۔

چھاَباَیِے بوَ گمَنِش (ĉha báye bo gumániṣ) [بُر۔دعائیہ کلمہ] آباد ہو جاؤ، زیادہ اولاد ہو۔

چھا پھقوَ (ĉháa pháqo) [بُر۔اسم] باجرے کی روٹی۔

چھاٹُم پھقوَ (ĉháaṭum pháqo) [بُر۔اسم] ایک پرندہ جو ہونزا میں خزاں کے موسم میں نظر آتا ہے۔

چھا چُھوَ (ĉháa ĉhu) [بُر۔اسم] باجرہ کا خوشہ۔

چھا قِستاَ (ĉháa qistá) [بُر۔اسم] وہ خمیری روٹی جو باجرے کے آٹے سے بنائی جاتی ہے۔

چھاپ (ĉháap) [ار۔اسم] ٹھپا، عدالت کی مہر، اشاعت، طباعت۔

چھاپ ایَتَس (ĉháap étas) [ار+بُر۔محاورہ] چھاپنا، نقش کرنا (۲) مہر لگانا (۳) طبع کرنا، شائع کرنا۔

چھاپاَ خاناَ (ĉhaapá qhaaná) [ار، بُر۔اسم] مطبع، وہ کارخانہ جہاں کتابیں وغیرہ چھاپی جاتی ہیں۔

چھارے کورے (ĉháare kóore) [بُر۔متعلق فعل] دربدر، گمراہ، جو راہِ راست پر نہ ہو۔

چھاکٗ (ĉháaṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے چھس (ĉaṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

چھاکٗ اویَگوَس (ĉháaṅ óoyaguwas) [بُر۔محاورہ] کانٹے اٹھوانا یا جمع کروانا (۲) مشکل میں ڈالنا (۳) جاسوسی کروانا۔

چھاکٗ گوَوَس (ĉháaṅ goówas) [بُر۔محاورہ] مخبری کرنا۔

چھاکٗٹِے اِمَنَس (ĉháaṅaṭe imánas) [بُر۔محاورہ] بے چین ہونا، بے قرار ہونا (۲) بیماری میں شدت کی وجہ سے نیند نہ آنا یا بے سکون ہونا۔

چھاکٗرِ بَسی (ĉháaṅe basí) [بُر۔اسم] دیکھیے چھسِے بَسی (ĉháṣe basí) جس کی یہ جمع ہے۔

چھاکٗرِ بَلداَ (ĉháaṅe baldá) [بُر۔اسم] دیکھیے چھسِے بَلداَ (ĉháṣe baldá) جس کی یہ جمع ہے۔

چھاکٗرِ پُھک گوَوَس (ĉháaṅe phuk goówas) [بُر۔محاورہ] کانٹے چننا (۲) جاسوسی کرنا، چغلخوری کرنا۔

چھاکٗرِ جَیوَمُڈ (ĉháaṅe jayóomuc) [بُر۔اسم] دیکھیے چھسِے جوَوَ (ĉháṣe jawoó) جس کی یہ جمع ہے۔

چھانی (ĉhaaní) [بُر۔اسم] چھلنی، چھاننے کا آلہ۔

چھانی مِکٗ (ĉhaanímiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے چھانی (ĉaaní) جس کی یہ جمع ہے۔

چھاَٹ (ĉhaáṭ) [بُر۔صف] ذرا پست، قدرے پست قد، قدرے نیچے۔

چھاَٹ چھاَٹ (ĉhaáṭ ĉhaáṭ) [بُر] دیکھیے چھاَٹ (ĉhaáṭ) جس کی یہ تکرار ہے۔

چھاَٹ مَناس (ĉhaáṭ manáas) [بُر۔محاورہ] ذرا پست ہونا، قدرے نیچے ہونا۔

چھاَکٗ (ĉhaáṅ) [بُر۔اسم] آہستہ آہستہ ٹپکنا۔

چھآن گوآن (ćhaán guwaán) [بُر-متعلق فعل] آوارہ، دربدر، بےراہ، گمراہ (۲) پاگل۔

چھآن گوآن اِمَنَس (ćhaán guwaán imánas) [بُر-محاورہ] آوارہ ہونا، دربدر ہونا، بےراہ ہونا، گمراہ ہونا، الٹی سیدھی باتیں کرنا (۲) پاگل ہونا۔

چھآن گوآن غَراس (ćhaán guwaán ġaráas) [بُر-محاورہ] الٹی سیدھی باتیں کرنا، بکواس کرنا۔

چھآن گوآن مَناس (ćhaán gwaán manáas) [بُر-محاورہ] آوارہ بننا، دربدر ہونا، گمراہ ہونا۔

چَھپ (ćhap) [بُر-اسم] گوشت۔

چَھپ چھمَنی (ćhap ćhamaní) [بُر-اسم] اعلیٰ قسم کا طعام، شاہی طعام۔

چَھپ ڈے اِمے اوَتَس (ćhap ċe imé ótas) [بُر-محاورہ] بڑی مشکل سے بُرداشت کرنا، سختی بُرداشت کرنا۔

چَھپ ڈے ڈَوڈو (ćhap ċe ḍáwḍo) [بُر-اسم] وہ آش جس میں گوشت شامل ہو۔

چَھپ شُروَ (ćhap śuró) [بُر-اسم] وہ موٹی روٹی جس کے اندر گوشت ڈال کر پکایا جاتا ہے۔

چَھپ شُروَمُڈ (ćhap śurómuc) [بُر-اسم] دیکھیے چَھپ شُروَ (ćhap śuró) جس کی یہ جمع ہے۔

چَھپ کھآش کرے تِن خآش

(ćhap khaáś ke tin qhaáś) [بُر، کہاوت] مطلب یہ ہے کہ انسان ایک دوسرے کی دکھ درد سے بےنیاز نہیں ہو سکتے، بنی آدم اعضائے یک دیگر اند (سعدی)۔

چَھپُلُم آک جُوَن (ćhápulum ak juwán) [بُر-کہاوت] ناپسندیدہ شخص (۲) کسی اچھی جماعت یا خاندان کا ناپسندیدہ رکن۔

چَھپ مُلتَن (ćhap multán) [بُر-اسم] خونی رشتہ، اولاد۔

چَھپَر (ćhapár) [ار-اسم] بھوس کا سائبان، بھوس کی چھت۔

چَھپَکرے تِن اُیَم پُھوَکرے تَھس اُیَم

(ćhápaṅe tin uyám phúwaṅe thas uyám) [بُر-کہاوت] پھول اور کانٹے باہم اچھے لگتے ہیں، سکھ کا مزا دُکھ کی وجہ سے ہے۔

چِھت (ćhit) [بُر-کلمۂ صوت] پرندوں کو اڑانے کے لیے دی جانے والی آواز۔

چِھت ایتَس (ćhit étas) [بُر-محاورہ] پرندوں کو اڑانے کے لیے چِھت (ćhits) کہہ کر آواز دینا۔

چِھت سینَس (ćhit sénas) [بُر-محاورہ] دیکھیے چِھت ایتَس (ćhit étas)۔

چُھت (ćhut) [بُر-اسم] ایک مختصر کھیل جو انگلیوں اور مٹھی کے ذریعے کھیلا جاتا ہے اس کھیل کو بطور شرط بھی کھیلا جاتا ہے۔

چُھت دیلَس (ćhut délas) [بُر-محاورہ] دیکھیے چُھت (ćhut)۔

چَھتا (ćhatá) [و-اسم] شہد کی مکھیوں کا چھتا (۲) جھنڈ، گچھا۔

چَھتری (ćhatarí) [و-اسم] چھوٹا چھاتا، دستی چھاتا، ایک آلہ جسے دھوپ یا بارش سے بچنے کے لئے کھول کر سر پر لگاتے ہیں۔

چَھتَک (ćhatáṅ) [بُر-اسم] دیکھیے چَھتا (ćhatá) جس کی یہ جمع ہے۔

چَھتَن (ćhatán) [بُر-اسم] لکڑی یا سیمنٹ کا وہ ٹکڑا جو دروازوں اور کھڑکیوں کے چوکاٹ کے اوپر ڈالا جاتا ہے۔

چَھتوَ (ćháto) [بُر-اسم] بکری کا بچہ جو بِتَن (biṭán) کو نچاتے وقت ذبح کیا جاتا ہے (۲) بھیڑ یا بکری کا تنہا بچہ۔

چَھتوَمُڈ (ćhátomuc) [بُر-اسم] دیکھیے چَھتوَ (ćháto) جس کی یہ جمع ہے۔

چھتیو (ĉhatáyo) [بُر۔اسم] دیکھیے چھتَن (ĉhatán) جس کی یہ جمع ہے۔

چھت (ĉhat) [بُر۔صف] پست، پست قد۔

چھت چھت (ĉhat ĉhat) [بُر۔صف] دیکھیے چھت (ĉhat) جس کی یہ تکرار ہے۔

چھت سِس فِتناَ سینان (ĉhat sis fitná senáan) [بُر۔کہاوت] پست قد شخص فتنہ ہوتا ہے۔

چھت مَناس (ĉhat manáas) [بُر۔محاورہ] پست ہونا، جھک جانا (۲) تواضع اختیار کرنا۔

چھٹکُس (ĉhátkus) [بُر۔اسم] پستی، چھت (ĉhat) کا اسم کیفیت۔

چُھٹ (ĉhut) [بُر۔اسم] ٹپکنا۔

چُھٹ اِمَنس (ĉhut imánas) [بُر۔محاورہ] خوشی کے بعد دکھ پہنچنا، تکلیف سے دوچار ہونا۔

چُھٹ ایتَس (ĉhut étas) [بُر۔محاورہ] دودھ دوھنا، کسی مائع چیز کی تھوڑی سی مقدار کسی اور برتن میں ڈالنا۔

چُھٹ چُھٹ (ĉhut ĉhut) [بُر۔اسم] قطرہ قطرہ ہوکر ٹپکنا۔

چُھٹ کُس (ĉhútkus) [بُر۔اسم] بید کی شاخوں سے بنی ہوئی ٹوکری جس میں نمکین مٹی بھر کر اوپر سے گھڑا بنا کر اس میں پانی بھر لیا جاتا تھا اور چُھٹ کُس (ĉhutkus) کے نیچے برتن رکھتے تھے، پانی نمکین مٹی سے گزر کر برتن میں جمع ہوتا تھا، جسے پرانے زمانے میں بطور نمک استعمال کیا جاتا تھا۔

چُھٹ مَناس (ĉhut manáas) [بُر۔محاورہ] ٹپکنا۔

چھٹاَک (ĉhataák) [ار، بُر۔اسم] ایک سیر کا سولہواں حصہ، پانچ تولے کے برابر وزن۔

چھٹاَکؔ (ĉhataáṅ) [بُر] دیکھیے چھٹاَک (ĉhataák)۔

چُھٹکُشو (ĉhútkuśo) [بُر۔اسم] دیکھیے چُھٹ کُس (ĉhútkus) جس کی یہ جمع ہے۔

چُھٹَن (ĉhútan) [بُر۔اسم] ایک قطرہ (۲) کچھ مقدار میں، تھوڑا سا، (پانی وغیرہ)، یہاں 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

چُھٹَن اَپی (ĉhútan api) [بُر۔] کچھ کم نہیں، بہت ہے، (کوئی بھی مائع چیز)۔

چھٹو (ĉháto) [بُر۔کلمۂ طنز] پست قد، کوتاہ قد۔

چھٹو کو (ĉhatóṅo) [بُر۔صف] دیکھیے چھت (ĉhat) جس کی یہ جمع ہے۔

چُھٹو (ĉhutoó) [بُر۔اسم] قطرہ، بوند۔

چُھٹومُڅ (ĉhutoómuc) [بُر۔اسم] دیکھیے چُھٹو (ĉhutoó) جس کی یہ جمع ہے۔

چھٹی (ĉháti) [بُر] دیکھیے چھٹو (ĉháto) جس کی یہ تانیث ہے۔

چُھٹی (ĉhuti) [ار۔اسم] رخصت، تعطیل (۲) اجازت (۳) چھٹکارا۔

چھجاَ (ĉhajá) [ار۔اسم] چھت کا آگے بڑھا ہوا حصہ، برآمدہ یا کھڑکیوں اور دروازوں کے اوپر کا حصہ جو دیوار سے آگے بڑھا کر بنایا جاتا ہے۔

-چھچَرس (-ĉháĉaras) [بُر۔مص] کترنا، بیونتا، (محاورۃً) شکار کرنا، مارنا۔

چُھچُھٹ (ĉhúĉhut) [بُر۔اسم] دیکھیے چُھٹ چُھٹ (ĉhut ĉhut) جس کا یہ مخفف ہے۔

چُھچُھٹ مَناس (ĉhúĉhut manáas) [بُر۔محاورہ] ٹپکنا، ٹپکتے رہنا۔

چھچھکؔ (ĉháĉhaṅ) [بُر۔اسم] کسی مائع چیز کو گرانا، ٹپکانا، گرنا، ٹپکنا۔

چھچھکؔ مَناس (ĉháĉhaṅ manáas) [بُر۔محاورہ] کسی مائع چیز کا گرنا، ٹپکنا۔

-چھر (-ĉhar) [بُر۔اسم] آواز، صدا، یہ صرف ضمائر متصلہ کے ساتھ

استعمال ہوتا ہے۔

چَھر (*ĉhar*) [بُر۔اسم] پہاڑ (۲) قاش، گوشت یا پھل کا ایک بڑا ٹکڑا۔

چَھر اَسیِر دُوٗ ایَسَرک مُمیِ اَسیِر موٗی اَمُسَرُک (*ĉhar asiír du eésark múmi asiír moy amúsark*) [بُر۔کہاوت] یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب ماں کے اکسانے کی وجہ سے بیٹی سے کوئی غلطی سرزد ہوتی ہے، مثلاً شوہر یا سسرال کے ساتھ تعلقات خراب کرتی ہے وغیرہ۔

چُوٗم مَناس (ċhuûm manáas) [بُر۔محاورہ] بھاری ہونا، وزن زیادہ ہونا، سستی ہونا۔

چُوٗمِکٗ (ċhuûmiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے چُوٗم (ċhuûm) جس کی یہ جمع ہے۔

ċhiy, ċhay, ċhuy چ۔ی

چیٹَر (ċhiyáṭar) [بُر۔اسم] دیکھیے چیَر (ċhiyár)۔

چیٹَرِشوٗ (ċhiyáṭariṡo) [بُر۔اسم] دیکھیے چیَرِشوٗ (ċhiyáriṡo)۔

چیَر (ċhiyár) [بُر۔اسم] گائے کا نر جو ابھی بیل کی حد تک نہ پہنچا ہو اور جس کی عمر تقریباً ایک سال اور تین سال کے درمیان ہو۔

چیَرِشوٗ (ċhiyáriṡo) [بُر۔اسم] دیکھیے چیَر (ċhiyár) جس کی یہ جمع ہے۔

چَیَس (ċhâyas) [بُر۔مص] دیوار یا کسی گزرگاہ میں کانٹے لگانا۔

چیَس (ċhîyas) [بُر۔مص] آگ لگ جانا (۲) زمین، چھت وغیرہ کا نیچے دب جانا (۳) ایک جگہ جم کر بیٹھ جانا۔

چُیَس (ċhúyas) [بُر۔مص] دیکھیے چُوٗس (ċhûwas)۔

ċhi ج-ی

چی (ċhi) [بُر] دیکھیے چیَس (ċhiyas) جس کا یہ امر ہے۔

ċhii ج-ی

چیرے بارے (ċhiire báare) [بُر-اسم] ہم عمر، ہم رتبہ، برابر کے لوگ۔

ċhií ج-ی

چیِر (ċhiír) [بُر-اسم] بکری، بز۔
چیِرِنڈ (ċhiírinċ) [بُر] دیکھیے چیِر (ċhiír) جس کی یہ جمع ہے۔
چیِر ڈے مَناس (ċhiír ċe manáas) [بُر-اسم] وہ پانچ پاؤ گھی جو ہر دودھ دینے والی بکری کے پیچھے چراوا ہے کی طرف سے مالک کو دینا ہوتا تھا۔

ċheé ج-ے

چیئی (ċheéy) [بُر-اسم] ہلال، پہلی رات سے تیسری رات تک کا چاند۔
چیئی ڈے (ċheéy ċe) [بُر-متعلق فعل] وہ وقت جب ہلال نظر آتا ہو۔
چیئی مُڈ (ċheéy muċ) [بُر] دیکھیے چیئی (ċheéy) جس کی یہ جمع ہے۔
چیئی غُوَپَل مَناس (ċheéy ġuwápal manáas) [بُر-محاورہ] دیکھیے چِل غُوَپَل مَناس (ċhil ġuwápal manáas)۔

ح

ح-ا

حاتَم (haatâm) [ع-اسم] قبیلہ طے کا سردار جو شجاعت اور سخاوت کے لیے مشہور تھا، (محاورۃً) سخی (۲) فیصلہ کرنے والا۔

حاجَت (haajât) [ع-اسم] ضرورت، غرض (۲) خواہش (۳) ضرورت کی چیز (۴) پاخانہ۔

حاجَت مَن (haajât man) [ع+بُر-صف] حاجت مند، محتاج، ضرورت والا۔

حاجی (haajī) [ع-اسم] حج کرنے والا، وہ شخص جو مقررہ شرائط کے مطابق کعبۃ اللہ کا حج کر چکا ہو۔

حاشِیاً (haaśiyâ) [ع-اسم] حاشیہ، کنارہ، کونا، لب (۲) سیدھی لکیر۔

حاصِل (haasil) [ع-اسم] پیداوار، محاصل (۲) بقایا (۳) ثمر (۴) خلاصہ (۵) فائدہ۔

حاضِر (haazir) [ع-صف] موجود، سامنے (۲) تیار، آمادہ (۳) صیغۂ مخاطب۔

حاضِر ایٹَس (haazir étas) [ع+بُر-محاورہ] لانا، پیش کرنا (۲) مہیا کرنا (۳) بُلا کر لانا۔

حاضِر جواب (haazir jawâab) [ع+ف-محاورہ] وہ شخص جو فوراً جواب دے۔

حاضِر مَناس (haazir manâas) [ع+بُر] دیکھیے حاضِر ایٹَس (haazir étas) جس کا یہ لازم ہے۔

حاضِرات (haaziráat) [ع-اسم] جن بھوت وغیرہ بلانے کا عمل۔

حاضِری (haaziri) [ع-اسم] موجودگی۔

حاضِری دیٹلس (haaziri délas) [ع+بُر-محاورہ] کچہری یا دفتر یا سکول میں حاضری دینا۔

حاضِری گَنَس (haaziri gânas) [ع+بُر-محاورہ] نام پکار کر گنتی کرنا۔

حاطاً (haatâ) [ع،بُر-اسم] چار دیواری، (احاطہ کا بگاڑ)۔

حاکِم (haakim) [ع-اسم] حکم کرنے والا، بادشاہ۔

حال احوال (hâal ahwâal) [ع] حال کے معنی حالت، کیفیت (۲) سرگزشت (۳) صحت و طاقت۔

حالات (haaláat) [ع-اسم] حالت کی جمع۔

حالاتِنٛ (haaláatiṅ) [بُر-اسم] حالات کی جمع الجمع بطرز بُروشسکی۔

حالَت (haalát) [ع-اسم] واردات جو انسان پر گزرے (۲) کیفیت (۳) طاقت (۴) وجد۔

حالیاتِنٛ (haaliyáatiṅ) [بُر-محاورہ] بہانہ جوئی کرنا، بہانے بنانا۔

ح-ب

حَبِیب (habilb) [ع-اسم] پیارا (۲) معشوق، محبوب۔

حَبِیے ژُو (habiye żuú) [بُر-اسم] خوبانی کی ایک قسم جو کسی نامی کسی شخص سے منسوب ہے۔

ح-ت

حَت (hat) [ع،بُر-اسم] کنارہ، افق (۲) انتہا (۳) احاطہ، (لفظ حد کا بگاڑ)۔

حَت ڈُم دُوسَس (hat ćum duúsas) [بُر-محاورہ] حد سے آگے بڑھنا، تجاوز کرنا، حَت (hat) (لفظ حد کا بگاڑ)۔

حَتُ لوٗ مَناس (hâtulo manâas) [بُر-محاورہ] اعتدال پر رہنا، حد سے تجاوز نہ کرنا، حد کے اندر رہنا۔

ح-ج

حَج (haj) [ع-اسم] وقتِ مقررہ پر بیت اللہ کی زیارت کرنا، اور مقررہ ارکان بجالانا۔

حِجاب (hijáab) [ع-اسم] پردہ، نقاب، بُرقع (۲) شرم وحیا۔

حَجاآٹِنگ (hajaáṭiń) [بُر-اسم] ہونزا میں ایک قبیلے کا نام۔

حَجاآیِ (hajaáý) [بُر-صف] حَجاآیِ (hajaáý) قبیلے سے تعلق رکھنے والا، حَجاآیِ قبیلے سے منسوب۔

حَجَرِ اسود (hajâri aswát) [ع-اسم] (بترکیب فارسی) وہ سیاہ پتھر جو خانۂ کعبہ کی دیوار میں نصب ہے اور حاجی اس کو بوسہ دیتے ہیں۔

حَجیِ (hâji) [بُر-اسم] حج، مقررہ وقت پر خانۂ کعبہ کی زیارت کرنا اور ارکان بجالانا۔

حَجیِ (haji) [بُر-اسم] حج کرنے والا، حاجی کا بُروشسکی لہجہ۔

حَجیِ تِنگ (hajitiń) [بُر] دیکھیے حَجیِ (haji) جس کی یہ جمع ہے۔

ح-د

حَد (had) [ع-اسم] دیکھیے حَت (hat)۔

حَدِرس (hadirás) [ع-اسم] قدیم زمانے کا ایک کپڑا، اطلس۔

حَدِیث (hadiis) [ع-اسم] سنّی نقطۂ نگاہ سے قول وفعل اور تقریرِ رسول اور شیعہ نقطۂ نگاہ کے مطابق قول وفعل اور تقریرِ معصوم جسے خبر بھی کہتے ہیں۔

ح-ر

حَرام (harâam) [ع-صف] ناجائز (۲) ممنوع، خلافِ شرع (۳) ناپاک۔

حَرام اِمَنس (harâam imánas) [بُر-محاورہ] کسی بھی آمدنی کا خلافِ شرع ہونا (۲) کسی حلال جانور کا ذبح کے بغیر مرنا۔

حَرام ایتَس (harâam étas) [بُر-محاورہ] حرام کرنا (۲) جانور کو غلط طریقے سے ذبح کرنا یا مرنے سے قبل ذبح نہ کرنا۔

حَرام حَلال (harâam haláal) [ع-صف] حرام اور حلال کو آپس میں مخلوط کرنا (۲) کسی چیز کو غلط طریقے سے استعمال کرنا۔

حَرام خور (harâam qhóor) [ف-صف] حرام کھانے والا (۲) مردار کھانے والا (۳) وہ آمدنی کھانے والا جو خلافِ شریعت ہو۔

حَرام خوری (harâam qhoori) [ع+ف-اسم] حرام کھانے کی عادت، دیکھیے حَرام خور (harâam qhóor) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

حَرام زاداٗ (harâam zaadá) [ع+ف-صف] ولد الزنا، جس کے باپ کا نکاح ماں سے نہ ہوا ہو۔

حَرام مَناس (harâam manâas) [بُر-محاورہ] حرام ہونا۔

حَرام مَنِس (harâam manís) [بُر] یہ کلمۂ قسم ہے، بمعنی "حرام ہو"۔

حَرام نِمیک (harâam nimék) [بُر-صف] نمک حرام،

کورنمک (۲) بے وفا، بے مروّت، بذات۔

حَرامِشوٗ (haráamiśo) [ع،بُر۔اسم] دیکھیے حَرام (haráami) جس کی یہ جمع ہے۔

حَرامیٗ (haraamí) [ع،بُر۔اسم] حرام زادہ (۲) بذات، شریر۔

حَرامیٗ تِکٹ (haraamitiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے حرامیٗ (haraamí) جس کی یہ جمع ہے۔

حَرامےٗ ذات (haráame záat) [ع،بُر۔اسم] وہ جس کی نسل حرام ہو۔

حَرامےٗ گَرَٹ (haráame gárat) [بُر۔اسم] ایسا شخص جس کا ہر عمل حرام ہو (۲) شریر، بذات (۳) مُردار جسے درندے کھائیں، کسی مرے ہوئے جانور کا ڈھانچہ۔

حَرامےٗ مال (haráame máal) [بُر۔اسم] حرام کا مال، رشوت وغیرہ سے حاصل کیا ہوا مال۔

حَرامےٗ مال حَرامٹےٗ نِچی

(haráame máal haráamaṭe níci)

[بُر۔کہاوت] مال حرام بود بجای حرام رفت، پاپی کا مال پرایت جائے ڈنڈا پڑے یا چور لے جائے۔

حَرانڈ (haráanc) [بُر] دیکھیے حَرِش (hariṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

حَرپُڈ (hárpuc) [بُر۔اسم] دیکھیے حَرف/حَرپ (harf/harp) جس کی یہ جمع ہے۔

حَرج (harj) [ع۔اسم] تنگی، سختی (۲) نقصان، کمی، ضرر۔

حَرِش (hariṣ) [ع۔اسم] قدیم لکڑی کا بیلچہ۔

حِرص (hirs) [ع۔اسم] لالچ، طمع، ہوس۔

حَرف (harf) [ع۔اسم] وہ نشان جو آواز کو ظاہر کرے، حروف تہجی (۲) بات (۳) نقص۔

حَرکات (harkáat) [ع۔اسم] دیکھیے حَرکت (harkát) جس کی یہ جمع ہے۔

حَرکاتِک (harkáatiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے حَرکت (harkát) یہ اس کی بطرز بُروشسکی جمع الجمع ہے۔

حَرکَت (harkát) [ع۔اسم] جنبش، ہلنا (۲) سفر (۳) جرم، شرارت۔

حَرَم زاداٗ (harám zaadá) [ع،بُر۔صف] ولدالزنا، حرام زادہ کا مخفف۔

حَرَنْچ (haránç) [بُر۔اسم] ایک چار شاخہ یا پانچ شاخہ آلہ جس کے ذریعے بھوسے کو ہوا میں اچھال کر کھلیاں صاف کرتے ہیں۔

ح۔س

حَس (has) [بُر۔اسم] مرتبہ۔

حَسبِ توفِیق (hásbe toofiiq) [ع۔متعلق فعل] بترکیب فارسی، توفیق کے مطابق، حیثیت کے مطابق۔

حَسبِ مامُول (hásbe maamúul) [ع،بُر۔متعلق فعل] بترکیب فارسی، دستور کے مطابق، معمول کے مطابق عین بُروشو تلفظ میں ساقط ہوا۔

حَسپِ توفِیق (háspe toofiiq) [ع۔متعلق فعل] دیکھیے حَسبِ توفِیق (hasbe toofiiq)۔

حَسَت (hasát) [ع،بُر۔اسم] دیکھیے حَسَد (hasád)۔

حَسَد (hasád) [ع۔اسم] جلن (۲) کسی کا زوال چاہنا (۳) عداوت، بغض، کینہ۔

حَسَن (hasán) [ع۔صف] خوبصورت، نیک (۲) حضرت علیؓ کے بڑے فرزند کا اسم مبارک۔

حَسَن اَبات (hasán abáat) [ع۔اسم] ایک گاؤں جو ہونزا میں علی آباد اور مرتضیٰ آباد کے درمیان واقع ہے۔

حَسَن اَبادیِ (hasán abaadí) [ع۔صف] منسوب بہ حسن آباد، حسن آباد کا باشندہ۔

حَسَن بَساس (hásan basáas) [بُر۔محاورہ] بامرتبہ بننا، بارونق ہونا، اقبال مندی کے آثار نمایاں ہونا۔

حَسِیناً (hasiinā) [ع] دیکھیے حَسِین (hasiin) جس کی یہ تانیث ہے۔

ح۔ض

حَضرات (hazráat) [ع۔اسم] دیکھیے حَضرَت (hazrát) (معنی نمبرا) جس کی یہ جمع ہے۔

حَضرَت (hazrát) [ع۔اسم] حضور، قبلہ، جناب (۲) عزت کا خطاب (۳) پیغمبروں کا خطاب (۴) نزدیکی، درگاہ، (محاورۃً) رسول مقبول (طنزاً) شریر، بدذات، چالاک۔

ح۔ف

حِفاظَت (hifaazát) [ع۔اسم] بچاؤ (۲) سلامتی (۳) نگرانی، محافظت (۴) پاسبانی۔

حِفاظَت ایَتَس (hifaazát étas) [بُر۔محاورہ] بچاؤ کرنا، نگرانی کرنا (۲) محافظت کرنا (۳) پاسبانی کرنا۔

حِفاظَت مَناس (hifaazát manáas) [بُر۔محاورہ] بچاؤ ہونا، نگرانی ہونا (۲) محافظت ہونا، پاسبانی ہونا۔

حِفظ (hifz) [ع۔اسم] حفاظت (۲) زبانی یاد (قرآن کے لیے)۔

ح۔ق

حَق (haq) [ع۔اسم] سچائی، راستی (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام (۳) فرض (۴) ذمہ داری (۵) دعویٰ (۶) انصاف (۷) بدلہ، صلہ (۸) اختیار (صف) درست، ٹھیک (۹) واجب، لائق (۱۰) بابت (۱۱) واسطے۔

حَق ایَتَس (haq étas) [بُر۔محاورہ] خدا کا نام لیتے ہوئے ذکر جلی کرنا۔

حَق تعالیٰ (haq taaláa) [ع۔اسم] خدائے بزرگ و برتر۔

حَق حَلال (haq haláal) [ع۔اسم] اپنا حق اور مال حلال۔

حَق دال ایَتَس (haq dáal étas) [بُر۔محاورہ] قرض ادا کرنا (۲) ذمہ داری پوری کرنا۔

حَق دال مَناس (haq dáal manáas) [بُر۔محاورہ] قرض ادا ہونا (۲) ذمہ داری پوری ہونا۔

حَق گَنَس (haq gánas) [بُر۔محاورہ] فوت ہونا، انتقال کرنا، مرنا۔

حَق مَناس (haq manáas) [بُر۔محاورہ] فرض عائد ہونا، ذمہ داری عائد ہونا۔

حَقائِق (haqaayiq) [ع۔اسم] دیکھیے حَقِیقَت (haqiiqát) جس کی یہ جمع ہے۔

حَقَٹے (háqaṭe) [بُر۔صف] سچائی پر، صداقت پر، درستی پر۔

حَقدار (haqdáar) [ف۔صف] حق رکھنے والا، مستحق۔

حَقدار مَناس (haqdáar manáas) [بُر۔محاورہ] مستحق ہونا۔

حَقَر نُپرَن بَخت (háqar nupáran baqht) [بُر۔کہاوت] جیسی روح ویسا فرشتہ۔

حَقِیر (haqiir) [ع۔صف] چھوٹا، ادنیٰ (۲) ذلیل، خوار۔

حَقِیقَت (haqiiqát) [ع۔اسم] اصل، جڑ، بنیاد (۲) حال (۳) سچائی، صداقت (۴) ماجرا (۵) مجاز کی ضد۔

حَقِے پِیر (háqe piir) [بُر۔اسم] سنٹرل ایشیا کی اسماعیلی جماعت کی ایک مذہبی رسم جس کے مطابق وہ ہر سال موسم خزاں میں چند کلو غلہ اپنے امام کے نمائندے یعنی پیر کو اس کی دینی خدمت کے عوض دیتے تھے،

اس کے علاوہ جہاں جہاں پیر کے نمائندے یعنی خلیفہ مقرر ہیں ان کو بھی دیا جاتا ہے مگر اب یہ رسم کم ہوگئی ہے۔

ح۔ک

حِکایَت (hikaayát) [ع۔اسم] کہانی، قصہ، داستان، بات، بیان۔

حِکمَت (hikmát) [ع۔اسم] دانائی، عقل (۲) ہر چیز کی حقیقت دریافت کرنے کا علم (۳) تدبیر، ترکیب، غرض، ڈھنگ۔

حَکیم (hakiim) [ع۔صف] عقلمند، دانا، زیرک (۲) عالم، فاضل، فلسفہ دان (۳) طبیب، ڈاکٹر۔

حَکیم تِنْ (hakiimtiṅ) [بُر] دیکھیے حَکیم (hakiim) جس کی یہ جمع ہے۔

حَکیمِشو (hakiimiso) [بُر] دیکھیے حَکیم (hakiim) یہ اسی کی جمع کی ایک صورت ہے۔

ح۔ل

حَل (hal) [ع۔اسم] کھولنا، انکشاف (۲) مشکل کام کو آسان بنانا، سلجھانا (۳) تحلیل ہونا (۴) حساب کے سوال کا عمل (۵) عقدہ کشائی۔

حَل ایتَس (hal étas) [بُر۔محاورہ] حل کرنا، سلجھانا۔

حَل مَناس (hal manáas) [بُر۔محاورہ] حل ہونا۔

حَلال (haláal) [ع۔صف] حرام کی ضد، مباح، جائز، درست (۲) ذبح کیا ہوا (۳) ہر چیز اور کام جو شرع کے مطابق ہو۔

حَلال اِمَنَس (haláal imánas) [بُر۔محاورہ] حلال ہونا (۲) ذبح ہونا۔

حَلال ایتَس (haláal étas) [بُر۔محاورہ] ذبح کرنا۔

حَلالِکی (haláaliki) [بُر۔اسم] حلال مال، حلال چیز۔

حَلواٗ (halwá) [ع۔اسم] وہ میٹھا کھانا جو گھی، شکر، میدہ یا سوجی سے بنتا ہے۔

حَلوان (halwáan) [بُر] ایک قسم کا کپڑا جو پرانے زمانے میں ہونزا میں عام تھا (۲) کوئی حلوا، 'ن' علامت وحدت ہے۔

حَلوائی (halwaayí) [ار۔اسم] مٹھائی بنانے یا بیچنے والا۔

حَلیم (haliim) [ع۔صف] بُردبار، متحمل [اسم] ایک کھانا جو مختلف اناج دالیں اور گوشت وغیرہ ڈال کر پکاتے ہیں۔

ح۔م

حَمّام (hamáam) [ع۔اسم] نہانے کی جگہ، غسلخانہ۔

حِمایَت (himaayát) [ع۔اسم] طرفداری، مدد (۲) حفاظت، بچاؤ۔

حِمایَت ایتَس (himaayát étas) [بُر۔محاورہ] طرفداری کرنا، مدد کرنا (۲) حفاظت کرنا، بچاؤ کرنا۔

حَمد (hamd) [ع۔اسم] خدا کی تعریف۔

حَمَل (hamál) [ع۔اسم] آسمان کا پہلا برج جس کی شکل مینڈھے کی ہے۔

حَمَلاٗ ایتَس (hamalá étas) [بُر۔محاورہ] حملہ کرنا، دھاوا بولنا، یورش کرنا۔

حَمَلاٗ مَناس (hamalá manáas) [بُر۔محاورہ] حملہ ہونا، یورش ہونا۔

حَمیِل (hameél) [ع۔اسم] تلوار، شمشیر، (حمائل کا بگاڑ) (۲) گلے میں ڈالنے یا پہلو میں لٹکانے کی چیز۔

شَہِ دُلدُل سَوار دِیمی حمیِل نیۓ ذوالفقار دِیمی
جماعَتیۓ جنیۓ یار دِیمی مُجبان شُکرِ مولانا

دیوانِ نصیری (بروشسکی)، ص ۸۵۔

ترجمہ: وہ شاہِ دلدل سوار بن کر آئے اور ذوالفقار کو گلے میں لٹکا کر آئے، جماعت کے یار جانی آئے، اے محبان شکرِ مولانا۔

حَمیِلِس کُم (hameéliskum) [بُر] حمائل کرکے، گلے میں ڈال کر، پہلو میں لٹکا کر۔

حَمیِل کُم (hameélkum) [بُر] دیکھیے حَمیِلِس کُم (hameéliskum)۔

ح ۔ و

حَوال (hawáal) [بُر۔اسم] یہ لفظ بُروشسکی میں حال کے ساتھ ہی آتا ہے بمعنی احوال۔

حَوصِلاً (hawsilá) [ع۔اسم] جرأت، دلیری، ہمت۔

حَوضِ کوثَر (háwze koosár) [ع۔اسم] (بترکیب فارسی) جنت کا حوض، بہشت کی ایک نہر۔

حَولاً (hawlá) [بُر۔اسم] دیکھیے حَلواً (halwá)، (حلوا کا بگاڑ)۔

حَوَلدار (hawaldáar) [ف۔اسم] ایک فوجی عہدہ، پولیس میں ہیڈ کانسٹیبل کہلاتا ہے۔

ح ۔ ے

حَیا (hayáa) [ع۔اسم] شرم، غیرت، حجاب۔

حَیا اوسَس (hayáa óosas) [بُر۔محاورہ] عزت بچانا، لاج رکھنا۔

حَیا اوٗمَنَس (hayáa oómanas) [بُر۔محاورہ] بے شرمی کی انتہا کرنا، شرم نہ ہونا۔

حَیا ایرَس (hayáa éeras) [بُر۔محاورہ] شرمندہ کرنا، بے عزت کرنا (۲) حیا کھو دینا، بے حیا ہونا۔

حَیا پَھل ایتَس (hayáa phal étas) [بُر۔محاورہ] بے شرمی کا مظاہرہ کرنا، بے غیرتی کا مظاہرہ کرنا۔

حَیا دار (hayáa dáar) [ع+ف۔صف] شرم و حیا کا لحاظ رکھنے والا۔

حَیا ڈُم نِیَس (hayáa ćum niyas) [ع،بُر۔محاورہ] بے شرم ہو جانا۔

حَیا نِیَس (hayáa niyas) [ع+بُر۔محاورہ] شرمندہ ہونا، ذلیل ہونا، خوار ہونا۔

حَیات (hayáat) [ع۔اسم] زندگی، عمر، زیست۔

حیدَر آبات (heydár abáat) [ف،بُر۔اسم] حیدرآباد، یہاں وہ گاؤں مراد ہے جو ہونزا میں کریم آباد اور علی آباد کے درمیان واقع ہے۔

حیران (heyráan) [ع۔صف] گھبرایا ہوا، سرگشتہ، پریشان۔

حیران اِمَنَس (heyráan imánas) [ع+بُر۔محاورہ] حیران ہونا۔

حیران ایتَس (heyráan étas) [ع+بُر۔محاورہ] حیران کرنا۔

حیرت (heyrát) [ع۔اسم] گھبراہٹ، پریشانی۔

حَیض (hayz/ hays) [ع۔اسم] عورتوں کا ماہواری خون۔

حیوان (heywáan) [ع۔اسم] جانور، ذی روح، مویشی، چوپایہ۔

حیوانِسکُم (heywáaniskum) [بُر] حیوان کی طرح، حیوان کی مانند، حیوان کے انداز پر۔

حیوانِسکیٖ (hewáaniski) [بُر] دیکھیے حیوانِسکم (heywáaniskum)۔

حیوانیٖ (heywaaní) [ع،بُر۔صف] حیوان سے منسوب (۲) نفسانی، شہوانی۔

حیوایوٗ (heywáayo) [ع،بُر۔اسم] دیکھیے حیوان (heywáan) جس کی یہ جمع ہے۔

حَیّ وقائِم (háyu qaayím) [ع۔صف] زندہ اور دائم و قائم۔

خ

خ۔اٗ

خاٗ (*qha*) [بُر۔اسم] نیچے،نشیب کی جانب (۲) جب لیٹے ہوئے ہوں تو پیروں کی جانب۔

خاٗ ایلےٗ (*qha ēle*) [بُر۔متعلق فعل] نیچے، وہاں،نشیب کی جانب۔

خاٗ ایلیٖی (*qha eleéy*) [بُر۔متعلق فعل] نیچے، وہاں،نشیب کی جانب (نگر کا لہجہ)۔

خاٗ پَھر (*qha phar*) [بُر۔صف] اوپر کے حصّے کو نیچے کی جانب کرنا (۲) نشیب کی جانب رخ کرنا۔

خاٗپَھر ایَتَس (*qha phar étas*) [بُر۔محاورہ] اوپر کے حصّے کو نیچے کی جانب کرنا، رخ کو نشیب کی جانب پھیر دینا۔

خاٗ پَھر مَناس (*qha phar manáas*) [بُر۔محاورہ] نیچے کی جانب رخ کرنا،نشیب کی جانب رخ کرنا۔

خاٗ دیلَس (*qha dēlas*) [بُر۔محاورہ] نشیب کی جانب روانہ کرنا۔

خاٗ گارُڈْ (*qha gáarċ*) [بُر] دیکھیے خاٗ گارڈس (*qha gáarċas*) جس کا یہ امر ہے۔

خاٗ گارڈس (*qha gâarċas*) [بُر۔محاورہ] کسی پہاڑ یا ڈانگ سے خودکشی کی خاطر چھلانگ لگانا یا خود کو گرانا۔

خاٗ گارڈُم (*qha gâarċum*) [بُر] دیکھیے خاٗ گارڈس (*qha gáarċas*) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

خاٗوَشِیَس (*qha wāśiyas*) [بُر۔محاورہ] کسی چیز کو اونچائی سے نیچے گرا دینا،نشیب کی جانب گرانا (۲) کسی کو اس کے مرتبے سے اتارنا۔

خاٗوَلَس (*qha wâlas*) [بُر۔مص۔محاورہ] گرنا، اونچائی سے گرنا (۲) مرتبہ یا مقام سے گرنا۔

خاٗ وَلَس کرےٗ جیٖی ہَل دیلَبا سینمُ جُوَن (*qha wâlas ke jey hal delabâa sēnum juwân*) [بُر۔کہاوت] یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کوئی شخص اپنی کمزوری چھپانے کی کوشش کرتا ہے۔

خاٗ ہُرُٹْ (*qha hurúṭ*) [بُر۔مص] دیکھیے خاٗ ہُرُٹَس (*qha hurúṭas*) جس کا یہ امر ہے۔

خاٗ ہُرُٹَس (*qha hurúṭas*) [بُر۔مص] بیٹھ جانا۔

خاٗيِ (*qhaŷ*) [بُر۔اسم] مکھن، گھی جو دودھ سے نکالا جاتا ہے۔

خاٗيِ کِسٛ (*qhaŷ kiṣ*) [بُر۔محاورہ] ایسی گائے جس کے دودھ سے مکھن زیادہ بنتا ہو۔

خاٗ یَکل (*qha yákal*) [بُر۔صف] نیچے کی جانب،نشیب کی جانب۔

خ۔ا

خا (*qháa*) [بُر۔اسم] جھکنا، سر جھکانا (۲) تک۔

خا ایَتَس (*qháa étas*) [بُر] جھکانا۔

خا مَناس (*qháa manáas*) [بُر۔محاورہ] جھک جانا (۲) سونا۔

خابِ غَفلَت (*qháabi ġaflát*) [ف،بُر] لفظ خوابِ غفلت کا بگاڑ بمعنی غفلت کی نیند۔

خاخا (*qháa qháa*) [بُر] دیکھیے خا (*qháa*) جس کی یہ تکرار ہے۔

خادِم (*qhaadim*) [ع۔اسم] خدمت کرنے والا، نوکر، ملازم۔

خادِم تِک (qhaadimtiṅ) [بُر] دیکھیے خادِم (qhaadim) جس کی یہ جمع ہے۔

خادِمِشوٗ (qhaadimiso)[بُر] دیکھیے خادِم (qhaadim) یہ بھی بطرزِ بُروشسکی اسی کی جمع کی ایک صورت ہے۔

خار (qhâar) [ف، بُر۔صف] لفظ خوار کا بگاڑ بمعنی ذلیل، بے عزت، رسوا۔

خار اِمَنَس (qhâar imánas)[بُر۔محاورہ] خوار ہونا، ذلیل ہونا، بے عزّت ہونا، رسوا ہونا۔

خار ایتَس (qhâar étas)[بُر۔محاورہ] ذلیل کرنا، بے عزّت کرنا، رسوا کرنا۔

خارِج (qhaarij) [ع۔صف] نکلا ہوا، باہر، بیرون، الگ، علیحدہ۔

خاریٖ (qhaari) [ف+بُر۔اسم] ذلّت، رسوائی، پریشانی، نیز دیکھیے خار (qhâar) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خاس باس (qhâas bâas) [بُر۔اسم] سازباز، میل ملاپ، سازش۔

خاس باس اوسَس (qhâas bâas óosas) [بُر۔محاورہ] سازباز کرنا، میل ملاپ رکھنا، سازش کرنا۔

خاسِنگر (qhâasiṅar) [بُر۔حرفِ جار] جب تک، تک۔

خاص (qhâas) [ع۔صف] عام کی ضد، نجی، ذاتی (۲) صرف، فقط (۳) عمدہ، منتخب۔

خاص خاص (qhâas qhâas) [ع۔صف] چیدہ چیدہ، عمدہ، نادر۔

خاصِیَت (qhaasiyát) [ع۔اسم] طبیعت، عادت، خصلت (۲) وصف، صفت۔

خاطِر ایتَس (qhaatir étas) [بُر۔محاورہ] پاسداری کرنا، طرفداری کرنا، تعزیت کرنا، ماتم پرسی کرنا۔

خاطِر ایتس (qhaatir éetas) [بُر۔محاورہ] لاڈ پیار دینا۔

خاطِر مَناس (qhaatir manáas) [بُر۔محاورہ] پاسداری ہونا، طرفداری ہونا۔

خاقان (qhaaqâan) [ت۔اسم] سلطان، بڑا بادشاہ (۲) چین اور ترکستان کے سابقہ بادشاہوں کا لقب۔

خاکِ پا (qhâaki pâa) [ف۔صف] پاؤں کی مٹی، (محاورۃً) عاجز، مسکین۔

خاکا (qhaakâ) [ف۔اسم] وہ نقشہ جو صرف حدود کی لکیریں کھینچ کر بنایا جائے، کسی چیز کا ابتدائی نقشہ (۲) مسودہ یا منصوبہ جو ذہن میں بنایا جائے، (خاکہ کا بگاڑ)۔

خاکِسار (qhaakisâar) [ف۔صف] عاجز، حقیر۔

خاکِسار اِمَنَس (qhaakisâar imánas) [بُر۔محاورہ] عاجز ہونا، حقیر ہونا، ذلیل ہونا۔

خاکِسار ایتَس (qhaakisâar étas) [بُر۔محاورہ] عاجز کرنا، حقیر بنا دینا، ذلیل کرنا۔

خاکیٖ (qhaaki) [ف۔صف] خاک کے رنگ کا، کپڑے کی ایک قسم (۲) خاک سے بنی ہوئی چیز۔

خالِص (qhaalis) [ع۔صف] بے میل، کھرا، صاف۔

خالِص مَناس (qhaalis manáas) [بُر۔محاورہ] بے میل ہونا، کھرا ہونا، صاف ہونا۔

خالِق (qhaaliq) [ع۔اسم] پیدا کرنے والا، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

خالیٖ (qhaali) [ع۔صف] کھوکھلا (۲) صرف (۳) بیکار (۴) فارغ (۵) بے روزگار (٦) غیر مقبوضہ۔

خالیٖ ایتَس (qhaali étas) [بُر۔محاورہ] خالی کرنا۔

خالیٖ مَناس (qhaali manáas) [بُر۔محاورہ] خالی ہونا۔

خام (qhâam) [ف۔صف] کچا، ناپختہ۔

خامُخا (qhâamuqhaa) [ف۔متعلق فعل] (لفظ خواہ مخواہ کا

بگاڑ)، بے وجہ۔

خاموش (qhaamóoś) [ف۔صف] چُپ، ساکت۔

خاموش مَناس (qhaamóoś manáas) [بُر۔محاورہ] چُپ رہنا۔

خاناَ (qhaaná) [ف۔اسم] خانہ (۲) مستطیل یا مربع ڈبہ یا نقشہ، شکل، خانہ کا بگاڑ۔

خاناَ شُماریَ (qhaaná śumaari) [ف۔اسم] مکانوں کی گنتی۔

خاندان (qhaanadáan) [ف۔اسم] گھرانہ، نسل، قبیلہ، کنبہ۔

خاندانیَ (qhaanadaani) [ف۔صف] عمدہ نسل کا، شریف نسلی۔

خاندانیَ مَناس (qhaanadaani manáas) [بُر۔محاورہ] عمدہ نسل سے تعلق ہونا، شریف خاندان کا ہونا۔

خانےِ نِعمَت (qháane niyamát) [ف۔اسم] لذیذ کھانوں کا خوان، خوانِ نعمت۔

خاہِش (qhaahíś) [ف۔اسم] آرزو، تمنا، چاہ، ارمان، حسرت۔

خ۔آ

خآپ (qhaáp) [بُر۔صف] مرجھانا، پژمردہ (۲) کسی خشک غذا کو بڑی مقدار میں منہ میں ڈالنا۔

خآپ ایتَس (qhaáp étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے خآپ (qhaáp) (معنی نمبر۲)۔

خآپ مَناس (qhaáp manáas) [بُر۔محاورہ] مرجھانا، پژمردہ ہونا۔

خآت (qhaát) [بُر۔اسم] جم کر بیٹھنا، نہ ہلنا

خآٹ (qhaáṭ) [بُر۔متعلق فعل] قدرے نیچے کی جانب۔

خآٹ پاَ (qhaáṭpa) [بُر۔متعلق فعل] قدرے نیچے کی جانب۔

خآٹ کِس (qhaáṭkiṣ) [بُر۔امر] قدرے نیچے کی جانب ہوجا۔

خآٹ کِس ایتَس (qhaáṭkis étas) [بُر۔محاورہ] قدرے نیچے کی جانب کرنا/سرکانا۔

خآٹ کِس مَناس (qhaáṭkiṣ manáas) [بُر۔محاورہ] قدرے نیچے کی جانب حرکت کرنا، ذرا نشیب کی جانب سرکنا۔

خآر (qhaár) [بُر۔صف] قدرے بھوننا، ذرا بریاں کرنا۔

خآر اوُتم ہَنیَ (qhaár ótum hani) [بُر۔اسم] خوبانی کی ایسی گری جو بھونی گئی ہوں۔

خآر ایتَس (qhaár étas) [بُر] دیکھیے خآر (khaár)۔

خآر خآر (qhaár qhaár) [بُر۔صف] بھوننا، بریاں کرنا، کباب کرنا۔

خآر مَناس (qhaár manáas) [بُر۔محاورہ] بریاں ہونا، کباب ہونا۔

خآرنےِ دَغووَٹ (qhaár ne dağówaṅ) [بُر۔اسم] بھونا ہوا آٹا۔

خآرنےِ ڈَوڈوَ (qhaár ne dáwḍo) [بُر۔اسم] وہ آش جو بھونے ہوئے آٹے سے بنائی جائے۔

خآش (qhaáś) [بُر۔اسم] ٹھیس، درد (۲) گیلی لکڑی میں لگی ہوئی آگ جو صحیح طرح نہیں جلتی ہے۔

خآش ایتَس (qhaáś éetas) [بُر۔محاورہ] کسی عضو میں درد کی ٹھیس اٹھنا۔

خآس (qhaáṣ) [بُر۔اسم] ہاتھ پھیرنا، ملنا، مس کرنا۔

خآس ایتَس (qhaáṣ étas) [بُر۔محاورہ] مَلنا، ہاتھ پھیرنا۔

خآس، خآس (qhaáṣ qhaáṣ) [بُر] کسی چیز کے اوپر ہاتھ پھیرنا/ملنا۔

خآس دیلَس (qhaáṣ délas) [بُر] خود کو زمین پر گھسیٹنا۔

خآش مَناس (qhaâṣ manáas) [بُر۔اسم] چھوٹے بچوں کا چلنے سے قبل زمین پر خود کو گھسیٹتے جانا (۲) زمین پر خود کو گھسیٹتے جانا۔

خآق (qhaáq) [بُر۔اسم] آخ، کھنکھارنے کی آواز۔

خآل (qhaál) [بُر۔اسم] دور، دفع (۲) لباس کا زمین کو چھونا۔

خآل ایتَس (qhaál étas) [بُر۔محاورہ] دور کرنا، دفع کرنا۔

خآل ایتس (qhaál éetas) [بُر۔محاورہ] چلتے وقت دوپٹے یا لباس کا زمین کو چھونا۔

خآل مَناس (qhaál manaás) [بُر۔محاورہ] دور ہونا، دفع ہونا (۲) لباس کا زمین کو چھونا۔

خآم (qhaám) [بُر۔اسم] ایک سوتی کپڑا جو پرانے زمانے میں کاشغر سے لاتے تھے (۲) نیز دیکھیے خآپ (qhaáp) (معنی نمبر ۲)۔

خآم ایتَس (qhaám étas) [بُر۔محاورہ] کسی خشک غذا کو بڑی مقدار میں منھ میں ڈالنا۔

خآم خآم ایتَس (qhaám qhaám étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے خآم ایتَس (qhaám étas) جس کی یہ تکرار ہے۔

خآو (qhaáw) [بُر۔اسم] بالکل سوکھ جانا، مکمل طور پر جل جانا۔

خآو ایتَس (qhaáw étas) [بُر۔محاورہ] بالکل سکھانا، جلا ڈالنا۔

خآو مَناس (qhaáw manáas) [بُر۔محاورہ] سوکھ جانا، جل جانا۔

خ۔ب

خَبَر (qhabár) [ع۔اسم] واقفیت، آگاہی (۲) اطلاع، پیغام۔

خَبَر ایتَس (qhabár étas) [بُر۔محاورہ] آگاہ کرنا، اطلاع دینا۔

خَبَر ایرَس (qhabár éeras) [بُر۔محاورہ] آگاہ کرنا، اطلاع دینا (۲) بیدار کرنا، ہوش میں لانا۔

خَبَر دُجَلِیَس (qhabár dujáliyas) [بُر۔محاورہ] خبر پھیلنا، افواہ پھیل جانا۔

خَبَر گَنَس (qhabár gánas) [بُر۔محاورہ] اطلاع حاصل کرنا، آگاہی حاصل کرنا، دیکھ بھال کرنا۔

خَبَر مَناس (qhabár manáas) [بُر۔محاورہ] اطلاع ہونا، معلوم کرنا۔

خَبَر مِنَس (qhabár minás) [بُر۔اسم] قصہ، حکایت، کہانی۔

خَبَر ناماَ (qhabár naamá) [ف۔اسم] اطلاع نامہ، میڈیا پر نشر کرنے والی خبر۔

خَبَر نِیَس (qhabár niyas) [بُر۔محاورہ] معلوم ہونا (۲) اطلاع پہنچ جانا (۳) خیال رکھنا، غفلت دور ہونا، عقل آنا۔

خَبَر وَلَس (qhabár wálas) [بُر۔محاورہ] آگاہی ملنا، اطلاع ملنا۔

خَبَردار (qhabardáar) [ف۔صف] واقف، آگاہ (۲) ہوشیار، چوکنا (۳) یہ کلمہ تنبیہ کے لیے بھی آتا ہے۔

خَبَردار مَناس (qhabardáar manáas) [بُر] واقف رہنا، آگاہ رہنا، ہوشیار رہنا۔

خَبَر کُوِین (qhabárkuyn) [بُر] خبر رساں، اطلاع دینے والا۔

خَبَرِک (qhabáriṅ) [بُر] دیکھیے خَبَر (qhabár) جس کی یہ بطرز بُروشسکی جمع ہے۔

خَبَن (qhabán) [بُر۔اسم] پھپھولہ، آبلہ، چھالہ۔

خَبِیث (qhabíis) [ع] گندہ، ناپاک (۲) شریر، بدباطن۔

خَبَیو (qhabáyo) [بُر۔اسم] دیکھیے خَبَن (qhabán) جس کی یہ جمع ہے۔

خ۔پ

خَپ (qhap) [بُر۔اسم] کوئی سفوف یا اسی نوعیت کی کسی دوسری چیز کو

ایک ہی دفعہ منہ میں ڈالنا (۲) خَپکِنَس (qhâpkinas) کے ڈنٹھل کو راکھ میں نیم سوختہ کرنے کے بعد اس کی چھال اتاری جاتی ہے جسے خَپ (qhap) کہتے ہیں، جو چقماق اور پتھر کی رگڑ سے نکلنے والی چنگاریوں سے فوراً مشتعل ہوتی ہے، ماچس کے ایجاد ہونے سے قبل ہونزا میں آگ حاصل کرنے کا ذریعہ یہی تھا۔ اور شمالی علاقہ جات میں اس کا استعمال بیسویں صدی کے نصف اول تک رہا ہے، نیز دیکھیے خَپکِنَس (qhâpkinas)۔

خَپ ایتَس (qhap étas) [بُر۔محاورہ] کسی سفوف وغیرہ کو تماماً منہ میں ڈالنا۔

خَپ چَمَق (qhap čamáq) [بُر+ف۔اسم] دیکھیے خَپ (qhap) (معنی نمبر۲) اور چقماق۔

خَپ چَمَق مَناس (qhap čamáq manáas) [بُر۔محاورہ] کسی عمل کو فوراً انجام دینا (۲) فوراً اثر قبول کرنا۔

خَپ دِوسَس (qhap diwsas) [بُر۔محاورہ] خَپ تیار کرنا، نیز دیکھیے خَپ (qhap) (معنی نمبر۲)۔

خَپا (qhapáa) [بُر۔اسم] برہم، ناراض، آزردہ، تنگ، (خفا کا بگاڑ)۔

خَپا ایتَس (qhapáa étas) [بُر۔محاورہ] ناراض کرنا، آزردہ کرنا، تنگ کرنا۔

خَپا اِمَنَس (qhapáa imánas) [بُر۔محاورہ] ناراض ہونا، آزردہ ہونا، تنگ ہونا۔

خَپا مَناس (qhapáa manáas) [بُر۔محاورہ] ناراض ہونا، آزردہ ہونا، تنگ ہونا۔

خَپچَک (qhapičaṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے خَپ (khap) (معنی نمبر۲) جس کی یہ جمع ہے۔

خَپَس (qhapás) [بُر۔اسم] پنجرا، پھندا، جال (۲) بدن، قالب خاکی، (قفس کا بگاڑ)۔

خَپکِش (qhâpkiṣ) [بُر۔صف] خپ دار، نیز دیکھیے خَپ (qhap) (معنی نمبر۲)۔

خَپکِنَس (qhâpkinas) [بُر۔اسم] ایک بوٹی ہے جو کھیتوں میں اُگتی ہے اس کا ڈنٹھل تقریباً دو سے چار فٹ تک لمبا ہوتا ہے اس ڈنٹھل کو گرم راکھ میں نیم سوختہ کر کے اس کی چھال اتاری جاتی ہے جو روئی کی طرح نرم ہوتی ہے اور چقماق کی چنگاریوں سے فوراً مشتعل ہو کر آگ لگتی ہے اس نرم چھال کو خَپ کہا جاتا ہے نیز دیکھیے خَپ (qhap) (معنی نمبر۲)۔

خَپکِنَشو (qhâpkinaśo) [بُر] دیکھیے خَپکِنَس (qhâpkinas) یہ بھی جمع کی ایک صورت ہے۔

خَپکِیَنڈ (qhâpkiyanč) [بُر] دیکھیے خپکِش (qhâpkiṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

خَپگی (qhapgí) [بُر۔اسم] ناراضگی، آزردگی، برہمی، (خفگی کا بگاڑ)۔

خ۔ت

خَت (qhat) [بُر۔اسم] دودھ کی تہہ جو چُھرکَس (čhúrkas) (دیکھیے چُھرکَس) کی اندرونی سطح پر جم جاتی ہے۔

۔خَت (-qhat) [بُر۔اسم] منہ، دہن، یہ لفظ علامتِ ضمیر کے ساتھ آتا ہے جیسے اُخَت (uqhát) اُن کا منہ۔

خَت دُوْنَس (qhat duúnas) [بُر۔محاورہ] چُھرکَس (čhúrkas) (دیکھیے چُھرکَس) کی اندرونی سطح پر دودھ کی تہہ جم جانا۔

خِتائی (qhitáay) [ت، بُر۔اسم] چین کی ایک مشہور قوم۔

۔خَتِک (-qhátiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے ۔خَت (-qhat) جس کی یہ جمع ہے۔

خِتمیت (qhitmét) [بُر، ع۔اسم] نوکری چاکری، کام (۲) سامنے (۳) درگاہ، خدمت کا بگاڑ۔

خَتُن بَن (qhatún ban) [بُر۔اسم] حاشیہ سازی، حاشیہ بنانا۔
خَتُوٗ (qhatuú) [بُر۔اسم] جھولا جھولنا (۲) جھولا جھولتے وقت منھ سے بولتے ہیں۔
خَتُوٗ ایتَس (qhatuú étas) [بُر۔محاورہ] جھولے میں بٹھا کر ہلانا۔
خَتُوٗ مَناس (qhatuú manáas) [بُر۔محاورہ] جھولا جھولنا۔
خَتیٖک (qhatéṅ) [بُر] اُردو لفظ خط کی بطرزِ بُروشسکی جمع۔

خ۔ٹ

خَٹ (qhaṭ) [بُر] دیکھیے خا (qha)۔
خَٹ پاَ (qhâṭpa) [بُر] نشیب میں، ذرا فاصلے پر۔
خَٹ پاَموٗ (qhâṭpamo) [بُر] ذرا نیچے سے، قدرے نشیب سے۔
خَٹ ہُرُٹَس (qhaṭ hurúṭas) [بُر] دیکھیے خا ہُرُٹَس (qha hurúṭas)۔
خٹاَ خَٹ (qhâṭa qhaṭ) [بُر] نیچے کے سرے پر، نشیب کے سرے پر۔
خَٹِسکُم (qhâṭiskum) [بُر] نیچے کی جانب سے۔
خَٹکُم (qhâṭkum) [بُر] دیکھیے خَٹِسکُم (qhâṭiskum)۔
خُٹُل (qhuṭúl) [بُر۔اسم] بید کی شاخوں سے بنایا ہوا بہت بڑا ٹوکرا۔
خَٹُم (qhâṭum) [بُر] نیچے سے، نشیب کی جانب سے۔
خَٹُم پاَموٗ (qhâṭumpamo) [بُر] دیکھیے خَٹپاَمو (qhâṭpamo)۔
خَٹُم خَٹ (qhâṭum qhaṭ) [بُر] نیچے سے، نیچے کی جانب سے۔
خَٹُم کھن (qhâṭum khan) [بُر] قلعۂ پائین، قلعۂ زیرین۔
خَٹنِے (qhâṭne) [بُر] نیچے کی جانب، نشیب کی جانب۔
-خُٹوٗ (-qhúṭo) [بُر] بُروشو ٹوپی کے اوپر کا حصہ جو گول ہوتا (۲) بُروشو گھر کی چھت کا درمیانی حصہ جس میں سَغَم (sağám) ہوتا ہے۔
خَٹیٖ مُش (qhâṭimuś) [بُر] سب سے نچلا سرا، سب سے پائینی کونا۔

خ۔ج

خَجَل اِمَنَس (qhajál imánas) [ف، بُر۔محاورہ] شرمندہ ہونا۔

خ۔چ

خَچِر (qhaćír) [ار، بُر۔اسم] وہ دوغلہ جانور جو گدھے اور گھوڑی کے ملاپ سے پیدا ہوتا ہے۔
خَچِرِشوٗ (qhaćíriśo) [بُر۔اسم] دیکھیے خَچِر (qhaćír) جس کی یہ جمع ہے۔
خَچِرِنڈ (qhaćírinć) [بُر۔اسم] دیکھیے خَچِر (qhaćír)۔
-خَچِم (-qhâćim) [بُر] مُنھ کے اندر کا، مُنھ میں سے۔
-خَچِی (-qhâći) [بُر] منھ میں، منھ کے اندر۔

خ۔خ

خَخاَ (qhâqha) [بُر] زیریں کی طرف، پائیں کی طرف۔
خَخاَش (qhaqhâṣ) [بُر۔اسم] مانجھنا، ملنا، سہلانا، صاف کرنا۔
خَخاَش ایتَس (qhaqhâṣ étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے خَخاَش (qhaqhâṣ)۔
خَخاَش نِیَس (qhaqhâṣ níyas) [بُر۔محاورہ] رگڑ رگڑ کر سطح خراب ہونا۔

خَخَت (qhâqhat) [بُر۔اسم] قہقہہ، اونچی آواز میں ہنسنا (۲) بے ڈھنگی سے چلنے کا ایک انداز۔

خَخَر (qhaqhár) [بُر۔اسم] دیکھیے خَر (qhar) (معنی نمبر ۳) جس کی یہ تکرار ہے۔

خَخَر ایتَس (qhaqhár étas) [بُر۔محاورہ] بھونا، بُریاں کرنا۔

خَخَر مَناس (qhaqhár manáas) [بُر۔محاورہ] خرخرانا، خراٹے کی آواز نکلنا۔

خِخِر (qhiqhír) [بُر] دیکھیے خَخَر (qhaqhár) جس کی یہ تقلیل و تصغیر ہے۔

خِخِر ایتَس (qhiqír étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے خَخَر ایتَس (qhaqhár ētas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

خِخِرش (qhíqhirş) [بُر۔اسم] صنوبر وغیرہ کی سوکھی ٹہنیاں جن کو فوراً آگ لگ جاتی ہے۔

خِخِرَک (qhíqhiraṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے خِخِرش (qhíqhirş) جس کی یہ جمع ہے۔

خِخِرِک (qhíqhiriṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے خِخِرَک (qhíqhiraṅ)۔

خَخَس (qhâqhaş) [بُر۔اسم] رگڑنا (۲) گھسیٹنا (۲) دل لگی۔

خَخَس اِمَنَس (qhâqhaş imánas) [بُر۔محاورہ] کسی چیز میں دل لگنا، دلچسپی پیدا ہونا۔

خَخَس مَناس (qháqhaş manáaş) [بُر۔محاورہ] دلچسپی لینا، حریص بننا (۲) جسم کو زمین پر گھسیٹنا۔

خِخِک (qhíqhiṅ) [بُر۔صوت] گھوڑے کے ہنہنانے کی آواز۔

خِخِک ایتَس (qhíqhiṅ étas) [بُر] ہنہنانا۔

خَخَل (qhâqhal) [بُر۔اسم] کھلے لباس یا دوپٹے وغیرہ کا پیروں تک لٹکنا، زمین کو چھونا۔

خَخَل ایتَس (qhâqhal éetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے خَخَل (qhâqhal)۔

خَخَل مَناس (qhâqhal manâas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے خَخَل (qhâqhal)۔

خَخَل (qhaqhál) [بُر۔اسم] اردگرد لپیٹنا۔

خَخَل ایتَس (qhaqhál êetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے خَخَل (qhâqhal)۔

خَخَم (qhâqham) [بُر۔اسم] وافر مقدار میں خوشبو آنا (واضح ہو کہ یہ لفظ خوشبو کے لئے مخصوص ہے بدبو کے لئے ٹَٹَک (ṭâṭaṅ) کا لفظ مستعمل ہے گو کہ ٹَٹَک بعض اوقات خوشبو کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے)۔

خَخوتی (qhaqhoóti) [بُر۔اسم] دیکھیے خَخوٹی (qhaqhoóṭi)۔

خَخوتی مَناس (qhaqhoóti manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے خَخوٹی مَناس (qhaqhoóṭi manáas)۔

خَخوٹی (qhaqhoóṭi) [بُر۔اسم] ہجوم، جمگھٹا (۲) چمٹ جانا۔

خَخوٹی مَناس (qhaqhoóṭi manáas) [بُر۔محاورہ] ہجوم کرنا، جمگھٹا کرنا (۲) چمٹ جانا۔

خ۔د

خُدا (qhudáa) [ف۔اسم] اللہ (۲) مالک، آقا، حاکم، مرکبات کے آخر میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسے ناخدا وغیرہ۔

خُدا حافِظ (qhudáa haafiz) [ف+ع۔متعلق فعل] اللہ نگہبان، رخصت کے وقت کہا جاتا ہے۔

خُدا ڈُم اَر اَکُمَن بَغَرک بَندا ڈُم اَر گُمَن (qhudáa ċum ar akúman bağárk bandáa ċum ar gumán) [بُر۔کہاوت] مطلب یہ

ہے کہ خدا کسی کو ناحق سزا نہیں دیتا اور نہ نقصان پہنچاتا ہے جبکہ بُرا انسان ناحق بھی نقصان پہنچاتا ہے، اس لیے اس سے زیادہ ڈرنے کی ضرورت ہے۔

خُدا ڈُم تیش (*qhudáa ćum teṣ*) [ف+بُر۔کلمۂ قسم] خدا کی قسم، قسم بخدا۔

خُدا رِضا (*qhudáa rizáa*) [ف+ع۔کلمۂ دعا] اللہ راضی ہو۔

خُدا رِضا، پیغَمبُر رِضا، پیر رِضا، اَروا رِضا (*qhudáa rizáa, peyġambâr rizáa, píir rizáa, arwáa rizáa*) [بُر۔دعا] اللہ راضی ہو، پیغمبر راضی ہو، پیر راضی ہو، ارواح راضی ہوں۔

خُدا گوُا بایَ (*qhudáa guwáa bay*) [ف، بُر۔کلمۂ قسم] خدا گواہ ہے۔

خُداموٗ (*qhudáa mo*) [بُر] خدا کا/کی (واضح ہو کہ اسلام کے آنے سے قبل بُروشسکی میں خدا کے لیے مونث کا صیغہ موٗ (mo) استعمال ہوتا تھا، بعداً مذکر کا صیغہ یعنی یےِ (ye) استعمال ہونے لگا ہے)۔

خُداموٗ خُدیِی (*qhudáa mo qhudeéy*) [بُر۔متعلق فعل] فی سبیل اللہ، مفت میں، خدا کے نام پر وقف۔

خُداموٗلےِ کھرُو نِم جُوَن (*qhudáamule kharúu nim juwán*) [بُر۔کہاوت] یہ ایک تلمیح ہے جس سے کوئی فرضی قصہ وابستہ تھا، مگر اب بُروشو کے ذہن میں اصل قصہ تو موجود نہیں ہے، صرف کہاوت باقی رہی ہے جس کا لفظی ترجمہ یہ ہوتا ہے کہ "ایسا جیسا کی خدا کے پاس جوں گئی تھی" مطلب منزل یا ہدف کی جانب نہایت آہستہ آہستہ قدم اٹھانا۔

خُداموٗ نَذیر (*qhudáa mo nâzer*) [بُر۔دعا] خدا سے واری (۲) خدا سے نثار، خدا سے قربان۔

خُداموٗ ہَر جُوَن (*qhudáa mo har juwán*) [بُر۔کہاوت] بھولا بھالا، سادہ لوح (۲) اللہ میاں کی گائے۔

خُداموٗ ہَروٗوےِ چَل دُوٗنَس (*qhudáa mo harówe ćal duúnas*) [بُر۔کہاوت] آسمان میں بادلوں کا گرجنا۔

خُداوَند (*qhudaawánd*) [ف۔اسم] مالک، آقا، صاحب، اللہ۔

خُداوَندا (*qhudaawándaa*) [ف+بُر۔کلمۂ دعا] دیکھیے خُداوَند (*qhudaawánd*) آخری الف علامت ندا اور دعا ہے۔

خُداوَندیِ (*qhudaawandi*) [ف۔اسم] ملکیت، امیری، بادشاہت (۲) خدائی، خدا کی طاقت، مالک کی خاصیت، مہربانی۔

خُدایار (*qhudáa yáar*) [ف۔کلمۂ دعا] خدا مددگار رہو، خدا کی یاری حاصل ہو۔

خُدایَر لیِل (*qhudáayar leél*) [ف، بُر۔کلمۂ قسم] خدا جانتا ہے، خدا کو معلوم ہے، خدا شاہد۔

خُدایےِ بَٹار یوٗرِمُڈ ایوٗش (*qhudáaye baṭáar yuúrimuć eéwṣ*) [بُر۔کہاوت] خدا گنجے کو ناخن نہ دے۔

خُدایےِ عُمُر گچھِش (*qhudáaye úmur guchiṣ*) [بُر۔کلمۂ دعا] خدا آپ کو عمر دے، یہ بُروشسکی کہانیوں کے آغاز میں کی جاتے والی دعا ہے، بُروشو کہانیاں سنانے کا آغاز اسی دعا سے کرتے تھے۔

خدایےِ گنےِ (*qhudáaye gáne*) [بُر۔متعلق فعل] خدا کے لیے، خدا کے واسطے، خدا کی راہ میں۔

خُدایےِ گور شُوا ایتِش (*khudáaye góor śuwá étiṣ*) [بُر۔دعا] خدا تیرا بھلا کرے۔

خُدائیے گوٗساٗ گوٗتِش (qhudâaye gósa gôotiș) [بُر۔دعا] خدا تجھے (نیکی اور بھلائی کا) امیدوار بنائے۔

خِدمیٔت ایتَس (qhidmēt étas) [بُر۔محاورہ] خدمت کرنا، چاکری کرنا۔

خِدمیٔت گار (qhidmēt gáar) [ف۔اسم] خدمت کرنے والا، خادم، نوکر چاکر۔

خُدییٔ (qhudeéy) [بُر۔اسم] خدا کے نام پر دینے والا کھانا وغیرہ، نیاز، خیرات۔

خُدییٔ ایتَس (qhudeéy étas) [بُر۔محاورہ] خدا کے نام پر نذر کرنا، خیرات کرنا، خدا کے نام پر کھانا دینا۔

خُدییٔ بَندییٔ (qhudeéy bandeéy) [بُر۔متعلق فعل] کسی کے سامنے اپنی محتاجی کا اظہار کرنا (۲) خدا اور انسانیت کے نام پر کسی سے کچھ مانگنا۔

خُدییٔ کُلی (qhudeéykuli) [بُر۔متعلق فعل] خدا کے نام پر، خدا کے واسطے۔

خ۔ڈ

خَڈَپ (qhaḍâp) [بُر۔اسم] ٹھوکر لگنے کی وجہ سے آگے کو گرنا (۲) ٹانگوں میں دم خم نہ ہونے کی وجہ سے آگے کو گرنا یا جھکنا۔

خَڈَپ اِمَنَس (qhaḍâp imânas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے خَڈَپ (qhaḍâp)۔

خ۔ر

خَر (qhar) [بُر۔اسم] بُروشو پیمانے کے مطابق نو ماشہ وزن کا سونا (۲) دریا کا دو یا دو سے زیادہ شاخوں میں تقسیم ہونا (۳) بھونا، بریاں کرنا (۴) دو شادیاں کر کے دونوں سے اولاد پیدا ہونا۔

-خَر (-qhar) [بُر] دیکھیے خَرَس (qhăras) جس کا یہ امر ہے۔

خَر ایتَس (qhar étas) [بُر۔محاورہ] بھونا، بریاں کرنا۔

خَر خَر (qhar qhar) [بُر] دیکھیے خَر (qhar) (معنی نمبر۳) جس کی یہ تکرار ہے۔

خَر خَر ایتَس (qhar qhar étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے خَر ایتَس (qhar étas) جس کی یہ تکرار ہے۔

خَر مَناس (qhar manáas) [بُر۔محاورہ] پانی کا دو یا دو سے زیادہ شاخوں میں تقسیم ہونا (۲) بریاں ہونا۔

خِر (qhir) [بُر] دیکھیے خَر (qhar) (معنی نمبر۳) جس کی یہ تقلیل اور تصغیر ہے (۲) خوف (۳) نفرت (۴) گلے میں پھنسی ہوئی آواز۔

خِر ایتَس (qhir étas) [بُر۔محاورہ] خوف کھانا (۲) نفرت کرنا (۳) سانس یا آواز کا گلے میں پھنس جانا۔

خِر خَر (qhir qhar) [بُر۔اسم] قدرے بھونا، قدرے بریاں کرنا۔

خِر خِر (qhir qhir) [بُر] دیکھیے خِر (qhir) (معنی نمبر۴) جس کی یہ تکرار ہے۔

خِر گنَس (qhir gănas) [بُر۔محاورہ] خوف کھانا، نفرت کرنا۔

خَرابی (qharaabī) [ع، بُر۔اسم] ویرانی، تباہی، بربادی (۲) بُرائی، بدی، بگاڑ۔

خَراپ (qharáap) [ع، بُر۔صف] ویران، اجاڑ (۲) تباہ، برباد (۳) آوارہ (۴) ضائع، (خراب کا بگاڑ)۔

خَراپ ایتَس (qharáap étas) [بُر۔محاورہ] ویراں کرنا، اجاڑ کرنا، تباہ کرنا، برباد کرنا (۲) آوارہ کرنا، ضائع کرنا۔

خَراپ مَناس (qharáap manáas) [بُر۔محاورہ] ویران ہونا، تباہ ہونا، برباد ہونا، ضائع ہونا۔

خُراپ گوٗین (qhuráap guyn) [بُر۔اسم] ہونزا کے طبقاتی

نظام میں طبقۂ ششم کا آدمی، یہ رتبہ بَلداَ کُیوٗ (baldákuyo) اور تھاَکُمِشوٗ (tháanumišo) کے بیچ کا درجہ تھا اور ان کا کام میر کے لیے دریا کی ریت سے سونا نکالنا ہوتا تھا۔

خُراپوٗ (qhuráapo) [بُر۔اسم] لکڑی کا وہ آلہ جس کے ذریعے خُراپ گوٗین (qhuráap guyn) ریت صاف کر کے سونا الگ کرتا ہے۔

خَرات (qharáat) [ع،ف۔اسم] عربی "خراط" اور اس کا مفرس "خراد" کا بگاڑ بمعنی وہ آلہ جس سے لوہے یا لکڑی کو چھیل کر صاف کرتے ہیں اور گول بناتے ہیں۔

خَرات گَنَس (qharáat gánas) [بُر۔محاورہ] خراد کے ذریعے لوہا یا لکڑی کو چھیلنا یا صاف کرنا۔

خَراج (qharáaj) [ع۔اسم] زمین کا محصول، مال گزاری، باج۔

خَرانڈ (qharáanć) [بُر۔اسم] لمبے لمبے ریشوں کے ساتھ ایک خاردار بوٹی جو کھیتوں میں اگتی ہے۔

خَرانڈشوٗ (qharáanćišo) [بُر۔اسم] دیکھیے خَرانڈ (qharáanć) جس کی جمع کی یہ ایک صورت ہے۔

خَراَوٗ (qharaáw) [بُر۔صف] سوکھا ہوا، بالکل خشک۔

خَراَوٗ ایتَس (qharaáw étas) [بُر۔محاورہ] فوراً سکھانا، بالکل خشک کرنا، پیاسا کرنا۔

خَراَوٗ اِمَنَس (qharaáw imánas) [بُر۔محاورہ] شدید پیاس لگنا۔

خَراَوٗ مَناس (qharaáw manáas) [بُر۔محاورہ] فوراً سوکھ جانا، بالکل خشک ہونا۔

خُربان (qhurbáan) [بُر،ع۔اسم] کسی کے گرد پھر کر اس کی بلا اپنے سر لینا، صدقے جانا، واری جانا، (قربان کا بگاڑ)۔

خُربان اِمَنَس (qhurbáan imánas) [بُر۔محاورہ] قربان ہونا، نثار ہونا، واری جانا۔

خُربان اَمَنُم (qhurbáan amánum) [بُر۔دعا] میں قربان ہو جاؤں، میں واری جاؤں۔

خَربانڈ (qharbáanć) [بُر۔اسم] غار، سوراخ، یہ دراصل غِربانڈ (ǵirbáanć) ہوتا ہے۔

خُربانیٔ (qhurbaaní) [بُر۔اسم] قربانی (۲) مسلمانوں کا بقرہ عید/عیدالاضحیٰ کے موقع پر جانوروں کو راہ خدا میں ذبح کرنا (۳) نثار۔

خُربانیٔ ایتَس (qhurbaaní étas) [بُر۔محاورہ] قربانی کرنا، نثار کرنا۔

-خُرپَت (-qhúrpat) [بُر۔اسم] پھیپھڑا، سانس لینے کا عضو، یہ علامت ضمائر کے ساتھ مستعمل ہے۔

خَرَٹ (qharát) [بُر] دیکھیے خَرَٹَس (qharáṭas) جس کا یہ فعلِ امر ہے۔

خَرَٹَس (qharáṭas) [بُر۔مص] چپکنا (۲) دوسروں کے ساتھ میل جھول سے رکھنا (۳) آواز کا بیٹھ جانا۔

خَرَٹُم (qharáṭum) [بُر] دیکھیے خَرَٹَس (qharáṭas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

خُرجِن (qhurjín) [ف،بُر۔اسم] وہ تھیلا جو گھوڑے کی زین پر ڈال کر دونوں پہلوؤں پر لٹکایا جاتا ہے، (خرجین کا بگاڑ)۔

خُرجیٖو (qhurjíyo) [بُر] خُرجِن (qhurjín) کی جمع بطرز بُروشسکی۔

خَرچ (qharć) [ار۔اسم] صرف، لاگت (۲) روپیہ، زر (۳) آمد کی ضد۔

خرچ اِمَنَس (qharć imánas) [ار+بُر۔محاورہ] خرچ ہونا، خرچ پڑنا، صرف ہونا، خرچ عائد ہونا۔

خَرچ ایتَس (qharć étas) [بُر۔محاورہ] صرف کرنا۔

خَرچ مَناس (qharć manáas) [بُر۔محاورہ] صرف ہونا۔

خَرچاَ (qharćá) [ار،بُر۔اسم] لاگت، صرف۔

خُرداَ (qhurdá) [بُر-صف] تالے کا خراب ہونا، خراب تالا۔

خَرِدماغ (qhar dimáag̊) [ف-صف] بدخصلت، بدخو، احمق، بے وقوف۔

خَرِدماغی (qhar dimaag̊í) [بُر-اسم] بدخصلتی، بدخوئی، حماقت، بے وقوفی۔

خَرڈ (qharċ) [بُر-اسم] تالی، ہتھیلی کو ہتھیلی پر مارنے کی آواز۔

خَرڈ ایتَس (qharċ étas) [بُر-محاورہ] تالی بجانا۔

خُرڈ (qhurċ) [بُر-اسم] گرد، غبار۔

خُرڈ ایتَس (qhurċ étas) [بُر-محاورہ] گرد پیدا کرنا، غبار اُڑانا۔

خُرڈ پھؤ ایتَس (qhurċ phaw éetas) [بُر-محاورہ] گرد و غبار اڑانا، نقصان پہنچانا، خسارے میں ڈالنا۔

خُرڈ خَمَش (qhurċ qhamáṣ) [بُر-اسم] گرد و غبار (۲) کوڑا کرکٹ (۳) بے قدر، بے مقدار۔

خُرڈ خَندَل (qhurċ qhandál) [بُر-اسم] گرد و غبار۔

خُرڈ دُوَسَس (qhurċ duúsas) [بُر-محاورہ] گرد اٹھنا (۲) نقصان ہونا، خسارا آنا۔

خُرڈ مَناس (qhurċ manáas) [بُر-محاورہ] گرد ہونا۔

خُرڈمَٹ (qhurċamáṭ) [بُر-اسم] گرد و غبار اڑانا، (محاورۃً) بہت بڑا ہجوم/بھیڑ۔

خُرڈمَٹ ایتَس (qhurċamáṭ étas) [بُر-محاورہ] دیکھیے خُرڈمَٹ (qhurċamáṭ)۔

خُرڈُمُش (qhurċumúṣ) [بُر-اسم] زکام، نزلہ۔

خُرڈُمُش اِمَنَس (qhurċumúṣ imánas) [بُر-محاورہ] نزلہ ہونا، زکام ہونا۔

خُرڈے خُرڈ (qhúrċe qhurċ) [بُر-صف] گرد آلود۔

خُرڈے خُرڈ مَناس (qhúrċe qhurċ manáas) [بُر-محاورہ] گرد آلود ہونا۔

خَرَس (qháras) [بُر-مص] ٹوٹ جانا، دو حصے ہونا۔

-خَرَس (-qháras) [بُر-مص] توڑنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، چیرنا۔

خُرَس (qhurás) [بُر-اسم] ڈلا (۲) چھوٹی چھوٹی چیزوں کا ایک بڑا مجموعہ، گانٹھ، گرہ۔

خُرَشو (qhuráṣo) [بُر-اسم] دیکھیے خُرَس (qhuráṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

خِرِش (qhiríṣ) [بُر-اسم] بلغم۔

خِرِش ژُوَس (qhiriṣ żúwas) [بُر-محاورہ] بلغم آنا۔

خَرقَشاَ (qharqaṡá) [ف-اسم] جھگڑا، بکھیڑا (۲) پریشانی، جنجال (۳) فضول بحث۔

خَرقَشاَ ایتَس (qharqaṡá étas) [بُر-محاورہ] جھگڑا کرنا (۲) جنجال کرنا (۳) فضول بحث کرنا۔

خُرک (qhurk) [بُر-اسم] بھُس، چوکھر، بھوسی۔

خُرک چھوٹ ایتَس (qhurk ĉhoóṭ étas) [بُر-محاورہ] بھوسا کا ڈھیر لگانا/گرانا (۲) بے وقوف بنانا۔

خُرک سِقاَ (qhurk ṣiqá) [بُر-اسم] چارا، مویشیوں کی غذا۔

خُرک گِیَس (qhur gíyas) [بُر-محاورہ] مویشیوں کو چارا/بھوسا ڈالنا۔

خُرکِک (qhurkiṅ) [بُر-اسم] دیکھیے خُرک (qhurk) جس کی یہ جمع ہے۔

خُرکے پُھک (qhúrke phuk) [بُر-اسم] بھُس کا تنکا۔

خِرگو (qhirgó) [بُر-اسم] خرگاہ/خرگہ، خیمہ، امیروں کا خیمہ۔

خِرگومِک (qhirgómiṅ) [بُر،ف] دیکھیے خِرگو (qhirgó) جس کی یہ جمع ہے۔

خَرُم (qhárum) [بُر] دیکھیے خَرَس (qháras) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

-خَرُم (-qhárum) [بُر] دیکھیے -خَرَس (qháras) جس کی یہ

صفت مفعولی ہے۔

خُرماَ (qhurmá) [بُر،ف۔اسم] چھوہارا، کھجور۔

خَرمَستی (qharmastí) [ف۔اسم] مست ہونا، کسی کو نظر میں نہ لانا۔

خَرمَغز (qhar maġz) [ف۔صف] دیکھیے خَر دِماغ (qhar dimáaġ)۔

خُرمَکْ (qhurmáṅ) [بُر۔اسم] خرما کے درخت (جمع بطرز بُروشسکی)۔

خِرمَن بَرکت (qhirmân barkát) [ف۔دعا] جب باہر سے کوئی شخص کھلیاں میں داخل ہوتا ہے تو وہ برکت کی دعا کے طور پر یہی کلمہ کہتا ہے اور سننے والے "بخت دولت" کہہ کر جواب دیتے ہیں، اس کا رواج گوجال میں بھی ہے۔

خِرمیزیؔ (qhirmiizi) [ع،بُر۔صف] منسوب بہ قرمز، لال سرخ، (قرمزی کا بگاڑ)۔

خِرمیزیؔ رَکْ (qhirmiizi raṅ) [ع+بُر۔اسم] سرخ رنگ، لال رنگ۔

خِرمیزیؔ شِپیٹ (qhirmiizi śipét) [ع،بُر۔اسم] لال رنگ جس میں سرمئی رنگ کی آمیزش ہو۔

خُروٗ (qhúro) [بُر۔اسم] ہونزا کا مشہور قبیلہ خُرو کُڈ (khúrokuc) کا نام گزار بانی (۲) ہونزا کا ایک قبیلہ خُروٗٹِکْ (qhuroóṭiṅ) کا نام گزار بانی جو قبیلہ دَتُوسِکْ کُڈ (datúsiṅkuc) کی ایک ذیلی شاخ ہے۔

خَروار (qharwáar) [ف۔اسم] اتنا وزن جتنا کہ ایک گدھا اٹھا سکے (۲) وزن کا ایک پیمانہ۔

خُروٗنخ (qhurónç) [بُر۔اسم] ابر، بادل۔

خُروٗنخ مَناس (qhurónç manáas) [بُر۔محاورہ] ابر آنا، بادل چھا جانا۔

خِریؔ (qhirií) [بُر۔اسم] ڈنٹھل، کسی بھی پودے کی سوکھی ہوئی شاخ یا ٹہنی۔

خَرِید (qhariid) [ف۔اسم] خریدی ہوئی، مول لی ہوئی (۲) خریداری، قیمت۔

خَرِیدار (qhariidáar) [ف۔اسم] گاہک، مول لینے والا، خواہاں، طلب گار۔

خَرِیداریؔ (qhariidaarí) [ف۔اسم] دیکھیے خَرِیدار (qhariidáar) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خَرِیداریؔ ایتَس (qhariidaari étas) [ف+بُر۔محاورہ] چیزیں خریدنا۔

خَریک (qharék) [بُر۔اسم] لکڑی کا وہ دندانہ دار ٹکڑا جس پر رباب، چھردہ، وغیرہ کے تار ڈالے جاتے ہیں تاکہ وہ سطح سے اونچے ہوں اور ان سے آواز نکلے، یہ دراصل فارسی لفظ خَر کی تصغیر ہے۔

خِریک (qhirék) [بُر] دیکھیے خَریک (qharék)۔

خَرےٗ بَسکَرَٹ (qháre baskâraṭ) [بُر۔اسم] وہ بھیڑ جو ہونزا کے عوام کو بیٹوں کی شادی کے وقت زرعروسی کے عوض میر کو دینا ہوتا تھا، یہ زرعروسی پہلے دو "خَر (qhar)" [بُروشو پیمانے کے مطابق ڈیڑھ تولہ یا اٹھارہ ماشہ] سونا ہوتا تھا، میر غضنفر نے ۱۸۵۰ء میں تاراج نگر کی خوشی میں ایک خَر معاف کیا تھا اور ایک خَر باقی تھا، میر غزنخانِ اول نے سونے کی پابندی اٹھالی اور ایک شاخ بھیڑ وصول لیا، یہی بھیڑ و خَرےٗ بسکَرَٹ (qháre baskâraṭ) کہلاتا ہے۔

خِریمُڈ (qhiriimuc) [بُر۔اسم] دیکھیے خِریؔ (qhirii) جس کی یہ جمع ہے۔

خ۔ز

خَزاناَ (qhazaaná) [ع۔اسم] وہ جگہ جہاں روپیہ پیسہ جمع رہتا ہے،

پینک (۲) ذخیرہ، گودام، کسی بھی چیز کو جمع کر کے رکھنے کی جگہ۔
خَزانچی (qhazaanĉi) [ف۔اسم] خزانہ رکھنے والا، تحویلدار، خزانہ کا نگران۔
خَزِیناٗ (qhaziinâ) [ع۔اسم] دیکھیے خَزاناٗ (qhazaanâ)۔

خ۔س

خَس (qhas) [بُر۔حرف شرط] اگر (۲) بالکل، قطعاً، ہرگز۔
خَس کُلی (qhas kúli) [بُر۔کلمۂ تاکید] ہرگز، بالکل۔
خَس کُلی بیے (qhas kúli bée) [بُر۔نفی تاکیدی] کبھی نہیں، بالکل نہیں۔
خَس کِے (qhas ke) [بُر۔کلمۂ تاکید] ہرگز، بالکل۔
خَس خَس (qhas qhas) [بُر۔اسم] کسی چیز کو زمین پر گھسیٹنا (۲) پیروں کو زمین کے ساتھ رگڑتے ہوئے چلنا۔
خَس مَناس (qhas manáas) [بُر۔محاورہ] آہٹ کی آواز آنا، کسی چیز کو زمین پر گھسیٹنے کی آواز آنا۔
-خِس (-qhis) [بُر] دیکھیے خِسَس (-qhisas) جس کا یہ امر ہے۔
خِس خِس (qhis qhis) [بُر۔اسم] دمہ کی بیماری۔
خِس خِسے وَلَس (qhis qhise wálas) [بُر۔محاورہ] دمہ کی بیماری میں مبتلا ہونا۔
خُس (qhus) [بُر۔اسم] کھانسی۔
خُس ایتَس (qhus étas) [بُر۔محاورہ] کھانسی کرنا، کھانسنا (۲) کسی کو کچھ کہنا۔
خُس خُس (qhus qhus) [بُر] دیکھیے خُس (qhus) جس کی یہ تکرار ہے۔
خُس خُس ایتَس (qhus qhus étas) [بُر۔محاورہ] باربار کھانسنا (۲) مصنوعی کھانسی کے ذریعے کسی کو آگاہ کرنا۔
خُس مَناس (qhus manáas) [بُر۔محاورہ] آواز نکالنا یا سنائی دینا، اطلاع ملنا، معلوم ہونا۔
خُس کِے اوٗمَنَس (khus ke oómanas) [بُر۔محاورہ] اَتا پتا نہ چلنا، کچھ بھی معلوم نہ ہونا (۲) خاموشی چھا جانا۔
خُسپَٹ (qhúspaṭ) [بُر۔اسم] پھپھوندی۔
خُسپَٹ دوٗقَس (qhúspaṭ doóqas) [بُر۔محاورہ] پھپھوندی لگنا/ جمنا۔
خُسپَٹ دُوٗنَس (qhúspaṭ duúnas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے خُسپَٹ دوٗقَس (qhúspaṭ doóqas)۔
-خِسَس (-qhisas) [بُر۔مص] پھاڑ ڈالنا، چیرنا، پارہ کرنا۔
خَس مول (qhas móol) [ف، بُر۔اسم] کفش مال۔
خِس نَغے (qhis nagé) [بُر۔اسم] انسان یا حیوان کے نوزائیدہ بچوں کا فضلہ جو وہ دودھ پینے کے ابتدائی عرصے میں خارج کرتے ہیں۔

خ۔ش

خَش پَھت (qhaś phat) [بُر۔محاورہ] ناراضگی، غصہ۔
خَش پَھت ایتَس (qhaś phat étas) [بُر۔محاورہ] منھ لٹکانا، ناراضگی یا غصہ کی وجہ سے شکل بگاڑ کر بیٹھنا۔
-خَشِک (-qháśin) [بُر۔اسم] مقعد، کون، دُبُر (۲) نر و مادہ دونوں کی شرمگاہ (۳) بیٹھنے کی جگہ، نچلا حصہ۔

خ۔ںں

خَشں (qhaṣ) [بُر۔اسم] خارش کی ایک بیماری جو حُھدِّی ہے (۲) مَس کرنا/ ہونا (۳) بچوں کا چلنے سے قبل زمین پر خود کو گھسیٹنا (۴) چاپ کا

لاحقہ بمعنی مخفی، پوشیدہ۔

خَسْ اِمَنَس (qhaṣ imânas) [بُر۔محاورہ] کسی سے ہمدردی پیدا ہونا، دل جلنا (۲) کسی چیز میں دلچسپی پیدا ہونا، حرص پیدا ہونا (۳) مس ہونا۔

خَسْ ایتَس (qhaṣ étas) [بُر۔محاورہ] ہاتھ ملنا، صاف کرنا (۲) مٹانا۔

خَسْ خَسْ (qhaṣ qhaṣ) [بُر] دیکھیے خَسْ (qhaṣ) (معنی نمبر ۳، ۴) جس کی یہ تکرار ہے۔

خَسْ دُوَسَس (qhaṣ duúsas) [بُر۔محاورہ] خَسْ (qhaṣ) (معنی نمبر ۱) کی بیماری لگنا۔

خَسْ دیلَس (qhaṣ délas) [بُر۔محاورہ] چھوٹے بچوں کا چلنے سے قبل خود کو زمین پر گھسیٹنا۔

خَسْ مَناس (qhaṣ mamáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے خَسْ دیلَس (qhaṣ délas)۔

خِسْ (qhiṣ) [بُر۔اسم] دیکھیے خِسْ ایتَس (qhiṣ étas)۔

خِسْ ایتَس (qhiṣ étas) [بُر۔محاورہ] بہلانا، راضی کرنا، قائل کرنا۔

خِسْ پِسْ (qhiṣ piṣ) [بُر۔اسم] دیکھیے خِسْ (qhiṣ) پِسْ تابع مہمل ہے۔

خِسْ پِسْ ایتَس (qhiṣ piṣ étas) [بُر۔محاورہ] بہلانا، راضی کرنا، منوانے کی کوشش کرنا۔

خِسْ خَسْ (qhiṣ qhaṣ) [بُر۔اسم] آہٹ، پیروں کی چاپ (۲) تدرے صاف کرنا (۳) تدرے مٹا دینا۔

خِسْ خَسْ مَناس (qhiṣ qhaṣ manáas) [بُر۔محاورہ] پیروں کی چاپ سنائی دینا (۲) بچوں کا زمین پر خود کو گھسیٹنا۔

خُسْ (qhuṣ) [بُر۔صف] خالی، کھوکھلا (۲) فضول، بے مقصد۔

خُسْ ایتَس (qhuṣ étas) [بُر۔محاورہ] خالی کرنا۔

خُسْ خَمَسْ (qhus qhamáṣ) [بُر۔اسم] دیکھیے خُرڈ خَمَسْ (qhurḍ qhamáṣ)۔

خُسْ مَناس (qhuṣ mamáas) [بُر۔محاورہ] خالی ہونا۔

خ ـ ص

خَصلَت (qhaslát) [ع۔اسم] عادت، خو (۲) خاصیت، تاثیر (۳) طبیعت، سیرت، مزاج (۴) خوبی، لیاقت، قابلیت۔

خُصوصاً (qhusúusan) [ع] خاص کر، خاص طور پر۔

خُصوصِیَّت (qhusuusiyát) [ع۔اسم] خاص بات، خاص صفت۔

خ ـ ض

خِضاب (qhizáap) [ع۔اسم] بالوں کو سیاہ کرنے کا رنگ (۲) وسمہ (۳) کوئی سفوف یا تیل جو بالوں کو سیاہ کرے، یہاں ب پ میں بدل گیا ہے۔

خِضاپ دیلَس (qhizáap délas) [ع+بُر۔محاورہ] بالوں کو سفوف یا تیل کے ذریعے سیاہ کرنا، وسمہ لگانا۔

خِضِر (qhizir) [ع۔اسم] مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق ایک پیغمبر کا نام جنھوں نے آبِ حیات پیا ہے اور قیامت تک زندہ رہیں گے جو بھولے بھٹکوں کو راستہ دکھلاتے ہیں (۲) کنایۃً رہنما، رہبر۔

خ ـ ط

خَط (qhat) [ع۔اسم] لکیر، نشان (۲) نامہ، مکتوب، چٹھی، تحریر (۳) وہ لکیر جس میں صرف طول ہوتا ہے عرض نہیں ہوتا (۴) ہاتھ کا لکھا ہوا، انداز تحریر (۵) حجامت۔

خَط بَر (qhatbár) [ع+ف۔اسم] وہ کاغذ کا نوکدار ٹکڑا جس کے ذریعے مبتدیوں اور نوآموزوں کو حروف اور ان کی شکلوں کی نشاندہی کی جاتی ہے۔

خَط و کِتابت (qhatu kitaabát) [ع۔اسم] بترکیب فارسی مراسلت۔

خَطا (qhatáa) [ع۔اسم] قصور، گناہ، جرم، تقصیر (۲) غلطی، سہو، بھول، چوک۔

خَطا ایتَس (qhatáa étas) [ع+بُر۔محاورہ] غلطی کرنا، جرم کرنا۔

خَطا مَناس (qhatáa manáas) [ع+بُر۔محاورہ] غلطی ہونا، قصور سرزد ہونا۔

خِطاپ (qhitáap) [ع۔اسم] کلام، گفتگو، بات چیت (۲) توصیفی لقب جو حکومت کی طرف سے ملتا ہے، عزت کا نام۔

خَطّاط (qhatáat) [ع۔اسم] خوش نویس، کاتب۔

خَطّاطیٖ (qhataatí) [ع۔اسم] خوش نویسی، کتابت کا فن۔

خَطا کار (qhatáa káar) [ع+ف۔صف] قصوروار، گنہگار، مجرم۔

خُطباٗ (quutbá) [ع۔اسم] حمد و ثنا جو لوگوں کو مخاطب کر کے سنائی جاتی ہے (۲) وعظ (۳) تقریر۔

خَطَر (qhatár) [ع۔اسم] خوف، اندیشہ، آفت، ضرر، مشکل۔

خَطراٗ (qhatará) [ع۔اسم] دیکھیے **خطر** (qhatár)

خَطراٗ ایتَس (qhatará étas) [ع+بُر۔محاورہ] خوف پیدا کرنا، ضرر پیدا کرنا۔

خَطراٗ مَناس (qhatará manáas) [ع+بُر۔محاورہ] خوف کا احتمال ہونا، ضرر کا اندیشہ ہونا۔

خَطرناک (qhatarnáak) [ع+ف۔صف] ڈراؤنا، جس سے نقصان کا ڈر ہو۔

خَطیٖک (qhatéń) [ع،بُر۔اسم] خط کی جمع بطرز بُروشسکی۔

خ۔ف

خَفا (qhafáa) [ف+صف] برہم، ناراض، آزردہ، تنگ۔

خَفی (qhafíi) [ع+صف] پوشیدہ، چھپا ہوا (جلی کی ضد)۔

خُفیاٗ (qhufiyá) [ع۔صف] پوشیدہ، در پردہ، چھپا ہوا، (خفیہ کا بگاڑ)۔

خُفیاٗ اوسَس (qhufiyá óosas) [بُر۔محاورہ] پوشیدہ رکھنا، چھپانا، راز میں رکھنا۔

خُفیاٗ بَر (qhufiyá bar) [بُر۔اسم] پوشیدہ بات، چھپی چھپائی ہوئی بات، راز کی بات۔

خُفیاٗ پُلیس (qhufiyá púlis) [ع،انگ،بُر۔اسم] پولیس کا وہ شعبہ جس کا کام در پردہ خبر لگانا ہے، محکمۂ سراغ رسانی۔

خ۔ق

خَقَرَس (qháqaras) [بُر۔مص] ہاتھ پیر یا چہرے کی جلد سردی کی وجہ سے پھٹ جانا (۲) درخت کے چھلکے اُترنا۔

خَقَرُم (qháqarum) [بُر] دیکھیے **خَقَرَس** (qháqaras) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

خَقَس (qháqas) [بُر۔اسم] ایک بوٹی جس کی بو نہایت تیز ہوتی ہے اور بعض بیماریوں، خاص طور پر جلدی امراض کے لیے بطور دوا استعمال ہوتی ہے، ہونزا میں یہ بوٹی مچھروں کو دور کرنے کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے، یہ جراثیم کش ہے۔

خَقَشوٗ (qháqaśo) [بُر۔اسم] دیکھیے **خَقَس** (qháqas) جس کی یہ جمع ہے۔

خَقَشوٗ غُنوٗ (qháqaśo ġunó) [بُر۔اسم] **خَقَس** (qháqas) کی بیج/تخم۔

خ-ک

-خکِن (-qhákin) [بُر-اسم] بہو، بیٹے کی بیوی، یہ علامتِ ضمائر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

-خکِندَرو (-qhákindaro) [بُر-اسم] دیکھیے -خکِن (-qhákin) جس کی یہ جمع ہے۔

خ-ڭ

خَڭ (qhaṅ) [بُر-اسم] شدید کھانسی۔

خَڭ ایَتَس (qhaṅ étas) [بُر-محاورہ] کھانسنا، اونچی آواز سے کھانسنا۔

خَڭ خَڭ (qhaṅ qhaṅ) [بُر] دیکھیے خَڭ (qhaṅ) جس کی یہ تکرار ہے۔

خِڭ (qhiṅ) [بُر-اسم] گھوڑے کی آواز، ہنہنانا۔

